جدید کمپوزنگ۔ خوبصورت ایڈیشن

القاموس الجدید

عربی۔ اردو لغت

پینتالیس (۴۵٫۰۰۰) ہزار سے زائد قدیم و جدید عربی الفاظ اور اُن کے مترادفات و معانی، مروجہ تعبیرات، محاورات، ضرب الامثال اور جدید علمی، ادبی، فنی اصطلاحات پر مشتمل مشہور و معروف لُغت۔

تالیف

مولانا وحید الزماں قاسمی کیرانوی

استاذ ادب عربی، دارالعلوم دیوبند

القاموس الجدید

عربی۔اُردو لغت

پینتالیس ۴۵ ہزار سے زائد قدیم وجدید عربی الفاظ اور اُن کے مترادفات ومعانی، مروجہ تعبیرات، محاورات، ضرب الامثال اور جدید علمی، اَدبی، فنی اصطلاحات پر مشتمل مشہور ومعروف لُغت۔

تالیف

مولانا وحید الزماں قاسمی کیرانوی
استاذِ ادب عربی، دار العلوم دیو بند

ادارۂ اسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز
لاہور — کراچی

فہرست

القاموس الجدید عربی۔اردو

بسم الله الرحمن الرحیم

مقدمہ طبع جدید اضافہ شدہ

حمدا وصلاة.

القاموس الجدید عربی اردو کے متوسط وخورد سائز پر ہندو پاکستان میں بیس سے زائد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں، عربی زبان وادب کی خدمت کے لیے جو حقیر کوشش کی گئی تھی اسے اللہ تعالیٰ نے مقبولیت عطا فرمائی اور اس کی افادیت وضرورت مختصر ہونے کے باوجود عربی داں حلقوں میں محسوس کی گئی، عرصہ سے ارادہ تھا کہ اس قاموس میں جدید الفاظ کا مزید اضافہ کر کے اس کی افادیت کو دو چند کیا جائے، لیکن عدیم الفرصتی کی بنا پر یہ کام ٹلتا رہا، خدا کا شکر ہے کہ اب اس قاموس کو جدید الفاظ کے معقول اضافہ اور آفسیٹ کی کتابت وطباعت کے ساتھ ہدیۂ ناظرین کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ خدا تعالیٰ اس مزید کوشش کو بار آور بنائے۔

واللہ الموفق وھو المستعان

وحید الزماں کیرانوی
استاذ دار العلوم دیوبند
12 شوال 1409ھ

بسم الله الرحمن الرحيم

مقدمہ طبع قدیم

حامدا ومصليا.

موجودہ ترقی یافتہ دور میں جس طرح زندگی کے ہر شعبہ اور گوشۂ عمل میں نمایاں تغیرات ہو رہے ہیں، اسی طرح زبان وادب، اسلوبِ نگارش اور طرزِ تعبیر میں بھی اہم تغیرات رونما ہوئے ہیں اور صنعتی، سائنسی، علمی، طبی، سیاسی وصحافتی میدانوں میں ہزار ہا نئی اصطلاحات وتعبیرات وجود پذیر ہو رہی ہیں، زندہ زبان خواہ کوئی بھی کیوں نہ ہو وہ اپنی وسعت داماں کا ثبوت اسی وقت دیتی ہے جب کہ اس کے دامن اشتقاق میں ان نئی ضروریات کی تکمیل کے لیے بسہولت وبلا تکلف اصطلاحات وتعبیرات کو نمایاں جگہ مل جائے۔

انگریزی زبان، تو ان ممالک کی مادری زبان ہے جو زیادہ تر نئی ترقیات کا مرکز ومنبع ہیں، اس لیے اس زبان میں نئے دور کی ضروریات کے لیے اصطلاحات اور تعبیرات کا وضع ہونا قابل تعجب نہیں، بلکہ سہل بھی ہے اور ناگزیر بھی، لیکن عربی زبان چونکہ اپنی وسعت اور آفاقیت کے لحاظ سے دنیا کی زندہ اور وسیع تر علمی زبانوں میں ممتاز حیثیت رکھتی ہے، اس لیے اس نے بھی اپنے دامن اشتقاق کو اس طرح پھیلایا کہ آج اس میں مختلف النوع اصطلاحات وتعبیرات خوبی اور بے تکلفی کے ساتھ سماتی جا رہی ہیں، جن کا اندازہ جدید لٹریچر اور جدید عربی معاجم کے مطالعہ سے کیا جا سکتا ہے۔

ہندوستان میں عربی اخبارات ومجلات اور جدید تالیفات کے سمجھنے کے لیے عربی داں طبقہ کو عرصہ سے ایک ایسی ڈکشنری کی شدید ضرورت محسوس ہو رہی تھی، جس میں خاص طور پر نئی عربی اصطلاحات یا قدیم الفاظ کے نئے معانی کی وضاحت اردو میں کی جائے۔

کاتب الحروف کی چونکہ اسی قسم کی طالب علمانہ کاوش "القاموس الجديد" (اردو عربی ڈکشنری) کے نام سے عربی داں حلقوں میں قدر کی نگاہوں سے دیکھی گئی تھی اور اسے بے حد سراہا گیا تھا، اس لیے خود بھی جرأت ہوئی اور ان حلقوں کی طرف سے بھی تقاضا کیا گیا کہ ایسی ایک مختصر ڈکشنری عربی سے اردو بھی تیار کی جائے، چنانچہ ایک عرصہ گزر جانے کے بعد آج یہ مختصر ڈکشنری ہدیۂ نظر کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے، توقع ہے کہ اس سے کم از کم طلبۂ مدارس جدید عربی لٹریچر سمجھنے میں بڑی حد تک استفادہ کر سکیں گے۔

اس کی ترتیب میں "القاموس العصری" (عربی انگریزی ڈکشنری) کو اساس بنایا گیا ہے، بلکہ

اگر یہ کہا جائے کہ ضروری اضافوں اور تغیرات کے ساتھ اس کا ملخص تیار کیا گیا ہے، تو بیجا نہ ہوگا۔ الفاظ و اصطلاحات کے ترجمہ وتعیین مراد کے لیے ڈاکٹر عبدالحق کی انگلش اردو ڈکشنری سے اور صلات وابواب اور وُحدان وجموع کی وضاحت کے لیے المنجد جدید سے بڑی حد تک مدد لی گئی ہے، اس طرح اس مختصر معجم میں نئی اصطلاحات کا معتدبہ ذخیرہ شامل ہوگیا ہے، اسی کے ساتھ ایسے الفاظ جو بظاہر عام مروجہ کتب عربیہ میں بکثرت استعمال ہوتے ہیں، لیکن ذہنوں میں ان کے ایک خاص معنی اور اشتقاقی ترجمے رچ بس گئے ہیں، وہ بھی معنی اور ترجمہ کے جدید لباس میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے، الفاظ کے معنی اگرچہ قدیم وجدید کی صراحت کے بغیر بیان کیے گئے ہیں، لیکن ہر معنی کا علیحدہ نمبر ڈال کر اختلافِ معانی کو واضح کردیا گیا ہے۔

امید ہے کہ ناظرین اس پیش کش کے بارے میں اپنے مفید مشوروں سے آئندہ کے لیے مخلصانہ رہنمائی فرمائیں گے اور احقر کو دعاء خیر میں فراموش نہ فرمائیں گے۔

وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم

وحید الزماں کیرانوی
خادم تدریس دار العلوم دیوبند
6-ذیقعدہ 1385ھ

رموز واشارات

ـــــ	شروع سطر میں سابقہ لفظ کے قائم مقام
(مع)	معرب کا مخفف یعنی غیر عربی الاصل
(د)	دارجہ کا مخفف یعنی عامی زبان کا لفظ
ـــُـــ	علامت باب نصر و کرم (مضارع کا عین مضموم)
ـــَـــ	علامت باب سمع و فتح (مضارع کا عین مفتوح)
ـــِـــ	علامت باب ضرب (مضارع کا عین مکسور)
ج:	علامت جمع
و:	علامت واحد
الشیء اور کذا:	فاعل اور مفعول اور مضاف الیہ کی وضاحت کے لیے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أ: کیا، ہمزۂ استفہام۔

أقرأتَ كِتاباً: کیا تونے کتاب پڑھی؟

ا........ب

آبُ: ماہِ اگست

أَبٌّ: گھاس

أبَّ إلَيهِ ـُـ أبًّا و أبابًا: مشتاق ہونا۔

أبابَةٌ: شوقِ وطن۔

أبْجَدِيٌّ: حروفِ تہجی والا، حروفِ تہجی کے متعلق، ابجدی۔

أبَدَ بِالْمَكانِ ـُـ أبُودًا: قیام کرنا۔

__ الحَيَوانُ ـُـ أبُودًا و أبَدًا: وحشی ہونا، جنگلی ہونا۔

أبَّدَ الشيءَ تأبِيدًا: دوام عطا کرنا، دوامی بنا دینا، ہمیشہ قائم رکھنا۔

أبَدٌ: ہمیشگی

أبَدِيٌّ: لازوال، ہمیشہ رہنے والا، ازلی۔

إلَى الأبَدِ: ہمیشہ، ہمیشہ کے لئے۔

إلَى أبَدِ الآبِدِينَ: ہمیشہ ہمیشہ۔

مُؤَبَّدٌ: ہمیشہ، تازیست، تازندگی۔

أبَدًا: (۱) ہمیشہ

(۲) زمانہ ماضی میں فعل کی نفی کے لئے، نہیں، کبھی نہیں، بالکل نہیں ما رأيتهُ أبدًا

(۳) مستقبل میں نفی کی تائید کے لئے کبھی نہیں، ہرگز نہیں (لا آخذُهُ أبدًا)

(۴) مستقبل میں اثبات کی تاکید کے لئے، ضرور، یقیناً (آكُلُهُ أبدًا).

أبَدِيَّةٌ: دوام، ہمیشگی، دوامیت

أبَرَه ـِـ أبْرًا و إبارًا و إبارَةً: (۱) ڈنک مارنا، (۲) بچھو کا کاٹنا (۳) غیبت کرنا (۴) انجکشن لگانا (۵) ہلاک کرنا (۶) تہمت لگانا۔

إبْرَةٌ: (۱) سوئی (۲) ڈنک (۳) چغلخوری (۴) انجکشن ج: إبَرٌ، إبارٌ، إبَراتٌ.

إبْرَةُ الحِياكَةِ: بننے کی سوئی۔

إبْرَةُ المَلّاحِينَ: (حُقٌّ). قطب نما، سمت نما

إبْرَةٌ مَغْنَطِيسِيَّةٌ: مقناطیسی سوئی۔

أبّارٌ: سوئی ساز، سوئی فروش۔

مِئْبَر، مِئْبار: سوئی دان، فلیتہ ج: مَآبِرُ۔

شُغْلُ الإبْرَةِ: کڑھائی، ایمبرائڈری، پھول نکالنے کا کام۔

إِبْرِيْزٌ: خالص سونا۔
إِبْرَيْسَم: ریشم، سلک۔
إِبْرِيْقٌ: لوٹا، پانی کا جگ ج: أَبَارِيْقُ.
إِبْرِيْقُ الشَّاي: چائے دان، کیتلی، ٹی پوٹ
ج: أَبَارِيْقُ الشَّاي.
إِبْرِيْلِ: ماہِ اپریل (اپریل کا معرب)۔
أَوَّلُ إِبْرِيْل (يَوْمُ الكَذِب) اپریل فول
إِبْزِيْمٌ (بکسوا) ھُک ج: أَبَازِيْمُ:
أَبَشَه ـ أَبْشاً، وأَبَّشَ: جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔
إِبْطٌ: بغل ج: آباط۔
تَأَبَّط: بغل میں لینا
أَبَقَ، أَبَقٌ و إِبَاقٌ (س ، ن، ض): فرار ہونا،
غلام کا آقا کے پاس سے بھاگ جانا۔
إِبِلٌ: اونٹوں کی جماعت، اونٹ۔
إِبَالَةٌ: سیاست، پالیسی، حکمت عملی (۲) گانٹھ۔
إِبَّــالَةٌ: گانٹھ، بنڈل، لکڑی اور گھاس وغیرہ کی
بڑی گٹھڑی۔
ضِغْثٌ عَــلٰى إِبَّالَةٍ: بوجھ در بوجھ،
مصیبت پر مصیبت۔
أَبَنَهٗ ـُـِ أَبْناً: عیب لگانا، الزام لگانا۔
أَبَّنَ الْمَيِّتَ تَأْبِيْناً: نوحہ کرنا، ماتم کرنا۔
تَأْبِيْن : تعزیت۔
اِبْنُ بَطْنِه: پیٹ کا بندہ۔
أُبْنَة: لکڑی کی گرہ، گانٹھ ج: أُبَن۔
إِبَّان: وقت، موسم، إِبَّانَ كذا ، فلاں وقت۔
أُبْهَةٌ، أُبَّهَةٌ: شان و شوکت، کروفر، عظمت،
بڑائی۔
أَبٌ: باپ ج: آباء ، أَبُوْنٌ.
أَبَوِيٌّ: پدری، پدرانہ، باپ کا، باپ سے متعلق
أُبُوَّةٌ: پدری رشتہ، باپ ہونا۔
أَبَوَانِ: والدین۔
أَبٰى ـَـِ إِبَاءً و إِبَاءَةً: رد کرنا، ناپسند کرنا، حقیر
سمجھ کر رد کر دینا، انکار کرنا، نہ ماننا،
آبٍ: منکر، رد کنندہ، متنفر ج: آبُوْنَ.
إِبَاءٌ و إِبَاءَةٌ: خودداری، بڑائی، ترفع۔
إِبَاءُ الضَّيْم: ظلم بیزاری۔
أَبِيٌّ: خوددار، ناک والا۔

ا............ت

إِتَاوَة: مالگذاری، ٹیکس، تاوان، معاوضہ،
ا۔ملکیت (۲) رائلٹی، حق تالیف
(۳) رشوت۔
أُتْرُجٌّ: ترنج، لیموں، لیموں کا درخت
أَتَمَ ـُ أَتْماً: دو چیزوں کو ملانا۔
أَتَمَ بالْمَكَان: قیام کرنا۔
مَأْتَم: محفلِ سوگ ج: مآتم.
أُتُمْبِيْل: موٹر کار (معرب)
أَتَانٌ: گدھی ج: أُتُنٌ و أُتْنٌ.
أَتُّوْنٌ: تنور، بھٹی، اینٹ پکانے کا بھٹہ
ج: أُتُن و أَتَاتِيْنُ
أَتٰى ـِ إِتْيَاناً و أَتْياً و مَأْتَاةً: آنا۔
__ الى الحُكْم على أَسِنَّةِ الحِرَاب:
بزورِ شمشیر کرسیِ اقتدار پر آنا۔
__ به: لانا۔
__ الأَمْرَ: کرنا۔
__ الجُرْمَ: ارتکاب جرم کرنا۔
__ علَى العَمَلِ: کام مکمل کرنا۔
تَأَتّٰى (منه و عنه): نتیجہ برآمد ہونا۔
آتَاه مُؤَاتَاةً: موافق آنا، موافقت کرنا۔

آتٍ: آئندہ، اگلا، آنے والا۔
اَلْجُمْلَةُ الآتِيَةُ: حسب ذیل جملہ
مُؤاتٍ: موافق، سازگار

ا............ث

أثــاثٌ: فرنیچر، گھر کا آرائشی سامان، سامانِ زینت۔
أثاثُ البَيْت: اسباب، گھریلو سامان۔
أثاثُ المكتَبِ: آفس فرنیچر۔
أثّثَ الحُجْرةَ تأثِيثاً: (۱) آراستہ کرنا (۲) فرنیچر لگانا، سامان لگانا، بچھانا۔
مُؤثَّث: فرنیچر لگا ہوا، سامان سے آراستہ، فرش وغیرہ سے آراستہ۔
أثَرَ (ن، ض) أثْراً و أثارَةً و أُثْرَةً: (۱) عزت و احترام کرنا (۲) بات نقل کرنا۔
مُتأثِّر: اثر پذیر، احساس مند، باشعور
أثّرَ عليه تأثِيراً: اثر کرنا، دباؤ ڈالنا۔
أثّرَ فِي النَّفْسِ: تاثر پیدا کرنا، دل میں نقش چھوڑنا، اثر قائم کرنا۔
مُؤثِّر: اثر انگیز
مُؤثِّر أجْنبِيّ: غیر ملکی اثر و رسوخ۔
آثَرَه علىٰ كذا إيثاراً: ترجیح دینا۔
تأثّرَ واسْتأثَرَ بكذا: اثر قبول کرنا، اثر لینا، متاثر ہونا۔
الإسْتِئثارُ: ترجیحِ نفس، خودغرضی، خودفضیلت۔
أثَرٌ: نشان، نقش، دیرپا نشان، پرانی یادگار، قدیم عمارت، اثر ج: آثار
فی أثَرِ وَ إثْرِ: پیچھے، بعد۔
إثْرَ شيءٍ: کسی چیز کے نتیجے میں۔
علىٰ إثْرِ شيءٍ: بعد میں

علىٰ أثَرِ: فوراً بعد، پیچھے پیچھے، فوراً
آثارٌ: نشانات، پرانی یادگاریں، تاریخی عمارت، اثرات، نتائج، نقوش۔
ألآثارُ الأدَبِيَّةُ: لٹریچر۔
آثارٌ مَلْمُوسَةٌ: نمایاں اثرات، زندہ نقوش۔
دارُ الآثارِ: میوزیم، عجائب گھر۔
أثَرِيٌّ: قدیم، ماہر آثار قدیمہ۔
أثَرَةٌ وَ اسْتِئثارٌ: ترجیحِ نفس، خودفضیلت، خود غرضی۔
إيْثار: ترجیح، ایثار
أثِيرٌ: ایتھر، ایک بے وزن لطیف مادہ۔
تأثُّر: انفعالی کیفیت، احساس۔
سَرِيعُ التأثُّرِ: ذکی الحس، اعصابی انسان، جلد متاثر ہونے والا۔
سُرْعَةُ التأثُّرِ: ذکاوتِ حس۔
قَابِلِيَّةُ التأثُّرِ: اثر پذیری
التأثِيرُ المُباشِر علىٰ: بلاواسطہ اثر اندازی۔
مَدُّ التأثِيرِ: اثر و رسوخ بڑھانا۔
لايُؤثِّرُ عليه الماءُ: واٹر پروف۔
تأثِيرٌ: اثر، رسوخ، قوتِ نفوذ، دباؤ، کنٹرول، پاور، اقتدار، نفع۔
تأثِيرُ البِيئَة: ماحول کا اثر۔
التأثِيرُ الهَدّام: مہلک اثر، تباہ کن تاثیر۔
ذُوتأثِيرٍ: نفع بخش، اثر انگیز، بااثر، بارسوخ، بااقتدار ج: تأثِيرات.
عَدَمُ التأثِيرِ: بے اثری
مَأثُرَة: قابلِ تحسین عمل، کارنامہ، ج: مآثِر
مَأثُرَة باهِرة: حیرت انگیز کارنامہ

مُتَأثِر: اثر پذیر، احساس مند، باشعور
غَيرُ مُتَأثِرٍ: بے حس، بے شعور۔
أُثفِيَّةٌ: چولہے کی بڑھان ج: أثافِيُّ و أثافٍ
أثَلَ ـُـ أُثولاً و أثَلَ ـُـ أثالَةً: زمین میں جڑ پکڑنا۔
أثَّـلَ تـأثِيلاً: بچت کرنا، مال حاصل کرنا، مال کو بارآور بنانا، کاروبار کے ذریعہ روپے میں اضافہ کرنا۔
أثِـمَ ـَـ أثمًا و إثمًا و إثاماً و مَأثماً: گناہ کرنا، جرم کرنا۔
أثِيمٌ: مجرم، گنہگار، فسادی (۲) مجرمانہ۔
إثمٌ: گناہ، جرم، فساد، شر: ج: آثام۔
مَأثمَةٌ: بمعنی إثمٌ ج: مَآثِمُ
إثمِدٌ: سرمہ

ا.........ج

أجَّ ـُـ أجاً وأجِيجاً، و أجَّةً: آگ بھڑکنا، دہکنا، آگ کا شعلہ دینا۔
أجَّ المَاءُ ـُـ أُجوجاً: پانی کا تلخ ہونا۔
أجَّجَ النَّـارَ تأجيجاً: آگ بھڑکانا، دہکانا، آگ پر تیل چھڑکنا۔
أجَّجَ على العَدُوِّ: حملہ کرنا۔
أُجاجٌ: کھارا، تلخ، کڑوا زہر، تیز۔
مَاءٌ أُجاجٌ: کھارا پانی، کڑوا پانی۔
أجَّاجٌ وَمُتَأجِّجٌ: دہکتا ہوا، بھڑکتا ہوا۔
أجِيجُ النَّارِ: آگ کی لپٹ۔
أجَرَ ـِـ ـُـ أجراً و أجوراً و آجرَ إيجاراً: کرایہ پر دینا۔
قِيمَةُ الإيجار: کرایہ
عَامِلٌ بالأجرِ: تنخواہ پر کام کرنے والا۔

أجَّرَهُ تأجيراً: (۱) کرایہ پر لینا، مکان یا زمین کرایہ پر لینا (۲) کرایہ دینا۔
المُؤَجَّرُلَه: کرایہ پر جس کو دیا جائے۔
تَـأجِيرُ الـخزَائِن: الماریوں کو کرایہ پر دینا۔
إيجَارٌ: کرایہ پر دینا۔
إيجارٌ مَدْفُوعٌ مُقدَّماً: پیشگی ادا کیا ہوا کرایہ۔
إستِئجَارٌ: کرایہ پر لینا۔
مُؤاجَرَةٌ: مزدور بنانا، کرایہ پر لینا، کرایہ داری کا معاملہ کرنا۔
أجرٌ: (۱) ثواب، بدلہ (۲) کرایہ، تنخواہ مشاہرہ، روزینہ، مزدوری ج: أجُورٌ و آجارٌ
الأجرُ الأساسِيّ: بنیادی تنخواہ
أجرٌ إضَافِيّ: اضافی اجرت، زائد اجرت۔
الأجرُ بالقِطعَة: بالقطع تنخواہ۔
أُجرَة: کرایہ، مزدوری، حق محنت، ج: أُجَرٌ
الأُجرَةُ الكَامِلَة: پوری قیمت، فل ریٹ
أُجرَةُ البَرِيد: پوسٹیج
__ التَّعلِيم: ٹیوشن فیس، تعلیمی فیس۔
__ الطَّبِيب: ڈاکٹر کی فیس
__ المُحَامِي: وکیل کی فیس اور وکیل کا محنتانہ
أُجرَةُ المَدرَسَة: اسکول فیس۔
__ السَّفَر: کرایہ
__ النَّقلِ: فصول ٹرانسپورٹ۔
أجِيرٌ: مزدور، نوکر، ملازم ج: أُجَراءُ
مَأجُورٌ مُستَأجَرٌ: کرایہ کا، وہ شخص جس سے کچھ مال کے بدلہ اپنی حسب منشا کام لیا جائے یا سیاسی اغراض کے لئے اسے

حسب منشا استعمال کیا جائے۔
مُؤَجِر: کرایہ پر دینے والا۔
مُؤَجَّرٌ لَهٗ مُستَاجِرٌ مُوَاجِرٌ: کرایہ دار، کرایہ پر لینے والا۔
آجُرٌ: پختہ اینٹ، ٹائل و: آجُرَّةٌ.
آجِرٌ: ملازم، نوکر۔
إِجْرَاءٌ: (دیکھئے جری)
إِجَّاصٌ: آلو بخارا (PLUM)
و: إِجَّاصَةٌ
أَجِلَ ـَ أَجَلاً: ملتوی ہونا، مؤخر ہونا، ٹل جانا
تَأْجِيلٌ: موخر کرنا، ملتوی کرنا، دوسرے وقت پر ٹلانا، التواء۔
تَأْجِيلٌ إِلَى أَجَلٍ غَيْرِ مُسَمًّى: مدتِ غیر معینہ کے لئے ملتوی کرنا۔
تَأْجِيلُ إِجْتِمَاعٍ: میٹنگ ملتوی کرنا۔
مُؤَجَّل: میعادی، ملتوی شدہ۔
أَجَلٌ: وقت مقرر، مدت، عرصہ، ٹرم (۲) موت کا وقت، موت ج: آجَالٌ
لِأَجَلٍ: کچھ عرصہ کے لئے، عارضی۔
قَصِيرُ الأَجَلِ: مختصر المیعاد۔
مَدُّ أَجَلِ شَيْءٍ: مدت میں توسیع کرنا۔
لِأَجَلٍ غَيْرِ مُسَمًّى: نامعلوم عرصہ کے لئے۔
لِأَجَلٍ غَيْرِ مَعْلُومٍ: نامعلوم عرصہ کے لئے۔
بِالأَجَلِ: علی الحساب
آجِلٌ: آخرت، موخر
آجِلاً أَمْ عَاجِلاً: جلد یا بدیر، نقد یا ادھار۔
أَجْلٌ: سبب (فَعَلْتُ ذٰلِکَ لِأَجْلِ فُلَانٍ)

أَجَمَةٌ: جھاڑی، گھنا درخت، ج: أَجَمَاتٌ وأَجَمٌ، وأُجُمٌ، وإِجَامٌ وآجَامٌ
أَجْنَبِيٌّ: غیر، غیر ملکی، پردیسی، پرایا، اوپرا، ج: أَجَانِبُ.

ا.........ح

أَحَدٌ ج: آحَادٌ: ایک، اکائی، اکیلا، یکتا، پہلا، کوئی۔
أَحَدِيَّةٌ: اکائی سے متعلق۔
أَحَدًا: کوئی بھی، کسے باشد۔
يَوْمُ الأَحَدِ: سنیچر، ہفتہ کا دن۔

ا.........خ

أَخَذَ ـُ أَخْذاً و تَأْخَاذاً و مَأْخَذاً: لینا، پانا، حاصل کرنا۔
أَخَذَ فِي ـُ أَخْذاً: شروع کرنا۔
__ بِهٖ: پکڑنا، تھامنا، گرفت میں لینا۔
__ عَلَى نَفْسِهٖ: ذمہ داری لینا
__ نَفَسَهٗ: سانس لینا۔
__ عَلَى غِرَّةٍ: دھوکہ سے پکڑنا، غفلت میں پکڑنا۔
__ عَلَى عَادَةٍ: عادی بن جانا۔
__ عَلَيْهِ: عادی ہو جانا
__ إِسْماً: شہرت پانا، نام پانا۔
__ بِالتَّلَابِيبِ: گریبان پکڑنا۔
__ حِذْرَهٗ: چوکنا ہونا، محتاط ہو جانا۔
__ بِالخَاطِرِ: تسلی دینا، دل جمعی کرنا۔
__ الشَّيْءَ مَأْخَذَ الجِدِّ: واقعیت پر محمول کرنا، سنجیدگی پر محمول کرنا، اہمیت دینا، حقیقت پر محمول کرنا۔
أَخَذَ الشَّيْءَ عَلَى العَاتِقِ: ذمہ داری لینا، ذمہ

لینا۔
__ الشئ بعَینِ الإعْتبار: اہمیت دینا۔
__ بالطَّرِیْقَة: راستہ اختیار کرنا، طریقہ اپنانا۔
__ القرار: تجویز پاس کرنا۔
__ الأقوال: بیانات لینا۔
__ مَسارَہ: اپنا راستہ لینا۔
__ مَکانَ الصَدَارَۃ: مرکزی حیثیت اختیار کرنا۔
__ بالوَصِیَّۃ: مشورہ ماننا۔
اِتّخاذُ الإجْرَاءِ: کارروائی کرنا۔
اِتّخاذُ التَّرْتِیبات: تیاریاں کرنا۔
اِتّخاذُ تَوْصِیات: سفارشات کرنا۔
اِتّخاذُ قَرار: فیصلہ کرنا، تجویز پاس کرنا، قرارداد پاس کرنا۔
اِتّخاذُ مُبادَرَۃ: اقدام کرنا، پہل کرنا۔
اِتّخاذُ مَوْقِف: اقدام کرنا، روش اختیار کرنا۔
أَخْذٌ و عَطاءٌ: لین دین۔
أخَّاذٌ: مسحور کن، دل گیر، جاذب نظر، دل کش
أخذَہُ العُجبُ: شیخی آ جانا، تکبر ہو جانا،
أخذَہُ، و آخذَہُ بِذَنْبِہٖ مُؤاخذَۃً: گرفت کرنا، سزا دینا۔
لاتُؤاخِذْنِی: معاف کیجئے۔
اِتّـخـاذٌ: اختیار کرنا، ایک چیز کی صفت دوسری کے لئے ثابت کرنا۔
مَأخذٌ: اصل، طریقہ، معنی ج: مَآخِذُ
الـمَـأخَـذُ: (أدَاۃٌ للتَّوصِیل الکَهْرَبائیّ): پلگ
مَأخُوذٌ: حاصل شدہ، گرفتار۔
مَأخُوذٌ بِہٖ: معمول بہ

أَخَّـرَہٗ تَأخِیراً: پیچھے کرنا، روکنا، رکاوٹ ڈالنا، ملتوی کرنا، موخر کرنا، گھڑی کو پیچھے کرنا، لیٹ کر دینا۔
تَأخِیرٌ: التواء، دیر
تَأخِیرُ الوَقْت سَاعَۃً: وقت کو ایک گھنٹہ موخر کرنا۔
مُؤَخَّرٌ: پیچھے، سست، پچھلا حصہ۔
مُـؤَخَّـراً: کچھ عرصہ پہلے، ابھی کچھ روز ہوئے، گذشتہ دنوں۔
مُؤَخَّرَۃُ الجَیْشِ: فوج کا پچھلا دستہ
تَـأخَّرَ: لیٹ ہو جانا، پیچھے ہو جانا، پیچھے رہ جانا، سست ہونا، پس ماندگی۔
التَّـأخُّرُ عن التَّسْلِیم: حوالگی سے گریز۔
مُؤْخِرُ العَیْن: گوشۂ چشم۔
مُتَأخِّرٌ: لیٹ، پیچھے، سست، پس ماندہ
مُتَأخِّر فی الآراءِ: قدیم طرز فکر کا، قدامت پسند، پرانے خیال کا۔
مُتَـأخِّر فی الـمَجِیْ: لیٹ، دیر سے آنے والا۔
مُتَأخِّرَاتٌ: بقایا جات حساب۔
آخِـر: آخری، آخری حصہ، آخر، انتہاء، اخیر، پچھلا حصہ، لاسٹ، انتہائی۔
بَلاغ أخِیر: الٹی میٹم
إلیٰ آخِرِ الشَّیئ: تا انتہا۔
آخِرُ الأنْبَاءِ: چھپتے چھپتے، اسٹاپ پریس
آخِرُ خَبَرٍ: چھپتے چھپتے۔
آخِرُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا آخری حصہ۔
آخَرُ: دوسرا، غیر، اور کوئی۔

الآخَرُ ،هُوَ الآخَرُ: اس نے بھی، وہ بھی۔
أخِير: لاسٹ، آخری
اَخِيراً: (۱) اخیر میں، سب کے بعد (۲) کچھ عرصہ پہلے، کچھ روز ہوئے، پچھلے دنوں، حال ہی میں۔
المَثْوىٰ الأَخِيرُ: قبر۔
أَخٌ: بھائی ج: إِخْوَةٌ، إِخْوَانٌ.
__ شَقِيقٌ: سگا بھائی، ایک ماں باپ سے۔
__ مِن اَحَدِ الوَالِدَيْنِ: سوتیلا بھائی۔
__ مِنَ الأُمِّ: ماں شریک بھائی۔
__ مِنَ الأَبِ: باپ شریک بھائی۔
__ فِي الرَّضَاعَةِ: دودھ شریک بھائی۔
إِخْوَةٌ لعَلَّات: علاتی بھائی (باپ ایک مائیں مختلف)
أُخْتٌ: بہن ج: أَخَوات.
أُخُوَّةٌ إِخَاءٌ و مُؤَاخَاةٌ: بھائی چارہ، رشتہ اخوت، برادرانہ تعلق، دوستی۔
الإِخاءُ المُتَبادِلُ: باہمی دوستی
أَخَوِيٌّ وَأَخِيٌّ: برادرانہ، دوستانہ۔
تَوَخّيٰ وَتَاَخّيٰ: ارادہ کرنا، چاہنا۔
آخاه مُؤَاخَاةً: دوستی کرنا، بھائی چارہ قائم کرنا۔
أَخُورٌ: اصطبل
أَخِيَّةٌ: چھلے دار کیل، رنگ بولٹ۔

ا............د

أَدَبٌ: ج: آداب: تمیز، تہذیب، سلیقہ، طریقہ، شائستگی، قاعدہ، حسنِ عمل، اخلاق (۲) لٹریچر۔
الآدابُ: لٹریچر۔
قليل الأَدب: بے ادب، ناشائستہ۔
أَدَبِيٌّ: لٹریری، اخلاقی، اصلاحی۔
أَدَبِيًّا: اخلاقی طور پر۔
أَدَبَ ـــِ أَدْباً: دعوت کرنا، طعام ضیافت تیار کرنا، کھانے پر مدعو کرنا۔
آدِبٌ: میزبان، ضیافت کرنے والا۔
أَدِيبٌ: انشاء پرداز، ماہر زبان، ذی علم، قادر الکلام ج: أُدَباءُ
أَدَّبَهُ تَأدِيباً: اصلاح کرنا، مہذب بنانا، شائستہ بنانا، سزا دینا۔
تـأْدِيب: آدمی بنانا، فہمائش، اصلاح، ادب سکھانا، سزا۔
تَأدِيبِيٌّ: تادیبی۔
مُتَأَدِّباً و عن طَرِيقِ الأَدَب: ادب سے۔
مَأْدُبَةٌ: ضیافت، دعوت، طعامِ ضیافت ج: مَآدِبُ۔
مأْدُبَةُ إِفْطار: دعوت افطار۔
مـأْدُبَةُ تَـكْرِيمٍ للوَفْد: وفد کے اعزاز میں دعوت۔
مَأدُبَةٌ رَسمِيَّةٌ: سرکاری دعوت۔
مَأدُبَةُ عَشَا: ڈنر، عشائیہ۔
مَأدُبَةٌ فَاخِرَةٌ: شاندار دعوت۔
إِدَامٌ: سالن، ہر وہ چیز جس کے ساتھ روٹی کھائی جائے۔ ج: أُدُمٌ، آدَامٌ
أَدَمَ الخُبْزَ ـِ أَدْماً: روٹی کو سالن میں ملانا۔
أَدَاةٌ: آلہ، حرف
أَدَوات: میٹریل، سامان، مواد، اجزائے ترکیبیہ، متعلقہ سامان، لوازم۔
أَدَواتُ البِنَاءِ: سامانِ تعمیر، تعمیری میٹریل۔
أَدَواتُ التَّرَف: زیب و زینت کا سامان۔

أدَوَاتٌ كِتَابِيَّة: اسٹیشنری۔
أدَوَاتٌ كَهْرَبَائِيَّة: بجلی کا سامان۔
أدَوَاتُ الْمَكْتَبِ: دفتری سامان۔
أدَوَاتٌ مَنْزِلِيَّةٌ: گھریلوضروریات، سامانِ خانہ داری، متعلقاتِ خانہ۔
أدَوَاتٌ مَطْبَخِيَّةٌ: لوازم باورچی خانہ۔
أدَوَاتٌ مَكْتَبِيَّةٌ: اسٹیشنری، لکھنے اور پڑھنے کا سامان۔
أدَّى تَأدِيَةً: پورا کرنا، ادا کرنا، انجام دینا۔
__ إلىٰ: پہنچانا، کسی نتیجہ پر پہنچانا۔
__ الوَاجِبَ: فرض ادا کرنا۔
أدَّى الْوَظِيفَةَ: ڈیوٹی انجام دینا۔
__ الشَّهَادَةَ: گواہی دینا۔
__ التَّحِيَّةَ وَالسَّلَامَ: سلامی دینا۔
__ اليَمِينَ: حلف اٹھانا۔
مِمَّا أدَّى الى: جس کا نتیجہ یہ ہوا۔
مُؤَدِّى الشَّي: ماحصل
مُؤَدِّى الكَلَامَ: حاصل کلام، خلاصہ کلام
أدَاء: ادائیگی، کارکردگی۔
أدَاءُ الإِخْتِبَار: امتحان دینا۔
أدَاءٌ رَائِعٌ: شاندار کارکردگی۔
أدَاءُ رِسَالَةٍ: مشن پورا کرنا۔
أدَاءُ الشَّهَادَةِ: گواہی دینا۔
أدَاءُ مُهِمَّةٍ: مشن پر کام کرنا، ڈیوٹی انجام دینا۔
أدَاءُ الوَاجِب: فرض ادا کرنا۔
أدَاءُ اليَمِينَ: حلف اٹھانا۔
تَأدِيَةٌ: ادائیگی، انجام دہی۔
تَأدِيَةُ رَقْصَةٍ: ڈانس کرنا۔
ا.........ذ

إِذْ: (۱) جب، برائے زمانہ ماضی، اس کے بعد ہمیشہ جملہ ہوتا ہے (جب کہ جس وقت کہ) (۲) کیونکہ (ضَرَبْتُهُ إِذْ أسَاءَ إِلَيَّ) (۳) اچانک (كُنْتُ جَالِساً إِذْ جَاءَ فُلَانٌ.)
إِذْ ذَاكَ: اس وقت۔
إِذْمَا: اگر بمعنی إِنْ و لَوْ (دو فعلوں کو جزم دیتا ہے۔
إِذَا: (۱) اگر، جب، ظرف، برائے زمانہ مستقبل متضمن معنی شرط، فعل ماضی پر داخل ہو کر مستقبل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے إِذَا اجْتَهَدْتَ نَجَحْتَ
(۲) برائے مفاجئت (خَرَجْتُ فَإِذَا زَيْدٌ بِالْبَابِ)
إِذَا مَا: جس وقت
إِلَّا إِذَا: جب تک کہ، مگر جب کہ
عَمَّا إِذَا: اس صورت میں جبکہ
إِذَنْ، إِذاً: تب، اگر ایسا ہے تو، حرفِ جواب یا حرفِ جزاء (مثلاً کوئی شخص کہے) أَنَا أَجْتَهِدُ فِي عَمَلِيْ) جواب میں کہا جائے "إِذَنْ تَنْجَح" تب تم کامیاب ہو گے۔
آذار: ماہ مارچ۔
أذِنَ لَهُ بكذا۔ إِذْناً و أَذِيناً: اجازت دینا، پرمٹ دینا، لائسنس دینا۔
إِسْتَأذَنَهُ فِي الشَّيءِ: اجازت چاہنا۔
آذَنَ إِيْذَاناً: اعلان کرنا، باخبر کرنا۔
إِذْنٌ: اجازت، لائسنس، پرمٹ، اجازت نامہ، پاس، پرمیشن
إِذْنُ اسْتِيْرَاد: امپورٹ لائسنس۔

إِذْنُ بَرِيْد: پوسٹل آرڈر۔
إِذْنُ تَسْلِيْم: ڈلیوری آرڈر D.O
إِذْنُ تَصْدِيْر: ایکسپورٹ لائسنس۔
عَنْ إِذْنٍ: اجازت سے۔
أُذُنٌ ج: آذَان: (۱) کان۔ (۲) ہینڈل، وہ حلقہ جس سے برتن وغیرہ کو اٹھایا جائے۔
آذِنٌ: سگنل، ریلوے سگنل (۲) دربان (۳) بڑے کانوں والا۔
مِيْذَنَة، مِئْذَنَة: مینارج: مَآذِنُ
أَذِيَ ـ أَذًى و تَأَذَّى بِالشَّيِّ: تکلیف اٹھانا، زحمت اٹھانا۔
آذَاه إِيْذَاءً: تکلیف دینا، زحمت دینا۔
لَا يُؤْذِيْ: بے ضرر۔
أَذًى وَ أَذِيَّة: تکلیف، نقصان، کوفت۔
مُـؤْذٍ: ضرر رساں، تکلیف دہ، باعثِ کوفت، خلافِ مصلحت۔
ا............ر
أَرَارُوْط: اراروٹ
أَرَبٌ: مقصد، ضرورت، مہارت۔
مَأْرَب (أَرَبٌ ج مَآرِبُ:
إِرْبًا إِرْبًا: علیحدہ علیحدہ، ٹکڑے ٹکڑے
أُرْبَةٌ: گرہ ج :أُرَبٌ
أَرِبَ فِي شيءٍ و بِه ـ أَرَبًا: ماہر ہونا۔
أَرِبَ إِلَيْهِ: محتاج ہونا۔
أَرْبِعَاء، يَوْمُ الْأَرْبِعَاءِ: چہار شنبہ، بدھ
أَرِجَ ـ أَرَجًا وأَرِيْجًا: خوشبو پھیلنا، مہکنا۔
أَرِيْجٌ: خوشبو
أُرْجُوَانٌ: گہرا لال رنگ۔
أُرْجُوَانِيٌّ: لال رنگ کا

أَرَّخَ تَأْرِيْخًا: تاریخ ڈالنا۔
أَرَّخَ بِتَارِيْخٍ مُتَقَدِّمٍ: واقعہ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا۔
أَرَّخَ بِتَارِيْخٍ مُتَأَخِّرٍ: واقعہ سے بعد کی تاریخ ڈالنا۔
مُؤَرَّخٌ ب: ڈیٹیڈ، مورخہ۔
مُؤَرَّخٌ بِتَارِيْخٍ لَاحِقٍ: جس پر اگلی تاریخ پڑی ہوئی ہو۔
مُؤَرَّخ فِي: بتاریخ......مورخہ......
تَارِيْخ: بیانِ واقعات، زمانہ اور وقت، تاریخ، ڈیٹ ج: تَوَارِيْخُ۔
تَارِيْخُ الْاِنْتِهَاء: مدت گذرنے کی تاریخ۔
تَارِيْخ قَفْلِ الْحِسَاب: حساب بند کرنے کی تاریخ۔
خَتْمُ التَّارِيْخ: ڈیٹر، تاریخ کی مہر۔
أَرْدُوَاز: سلیٹ
لَوْحُ أَرْدُوَازٍ: رائٹنگ سلیٹ
قَلَمُ أَرْدُوَازٍ: سلیٹ کا قلم
أُرْزٌ، رُزٌّ: چاول و: رُزَّة
أَرِسْطُقْرَاطِيٌّ: شاندار، طمطراق کا، شاہانہ۔
أَرِسْطُو، أَرِسْطُوطَالِس: ارسطو۔
أَرَّشَ بَيْنَهُمْ تَأْرِيْشًا: ایک کو دوسرے کے خلاف اکسانا، لڑائی کرانا۔
أَرَشَهُ ـ أَرْشًا: بھڑکانا، دیت دینا۔
أَرْضٌ: ضد: بَحْر، خشکی، زمین، فرش جس پر پاؤں رکھے جاسکیں۔ ج: أَرَاضٍ.
أَرْضٌ بُوْرٌ: بنجر زمین۔
أَرْضٌ زِرَاعِيَّةٌ: زیرِ کاشت یا قابل کاشت زمین۔

أرضٌ غامِرۃٌ: افتادہ زمین۔
أرضٌ فائِضَۃٌ: فالتو زمین۔
أرضٌ قاحِلَۃٌ: اجاڑ زمین۔
أرضٌ مَعْمُورَۃٌ: آباد زمین۔
أرضُ النَّعلِ: جوتے کا تلا، نچلا حصہ۔
الأرْضُ والكُرَۃُ الأرْضِیَّۃُ: دنیا۔
تَحْتَ الأرْضِ: زیر زمین، زمین دوز۔
تَحْرِیرُ الأرْضِ: سرزمین آزاد کرانا۔
قِطْعَۃُ أرْضٍ: پلاٹ
مَسَّاحُ الأرَاضِي: زمین کا سروے، سروے کرنے والا۔
مِسَاحَۃُ الأرَاضِي: زمین کا سروے، پیمائش رقبہ (۲) رقبہ۔
أرْضِيٌّ: زمینی، کرہ زمین سے متعلق، جائداد سے متعلق، دنیوی، زمین دوز۔
طَابِقٌ أرْضِيٌّ: زمین دوز منزل، نچلا حصہ۔
أرْضِیَّۃٌ: فرش، زمین، ہر وہ جگہ جہاں پاؤں رکھے جائیں خواہ وہ حقیقی زمین ہو یا ریل جہاز وغیرہ کا فرش (أرْضِیَّۃُ السَّفِینَۃِ)
أرْضِیَّۃٌ (الصُّورَۃِ): بیک گراؤنڈ، پس منظر۔
أرَضَۃٌ: دیمک۔
أرِضَ الخَشَبُ ـَ أرَضاً وأُرِضَ: دیمک لگنا۔
أرْغُن: ارگن باجا۔
أرْغُون: ارگون (ایک گیس جو ہوا کی ترکیب میں داخل ہے)
أرِقَ ـَ أرَقاً: نیند نہ آنا، بے خوابی طاری ہونا۔
أرَقٌ: بے خوابی۔
أرِیکَۃٌ: صوفہ، آرام کرسی، کاؤچ، تکیہ دار چوکی یا تخت ج: أرَائِکُ و أرِیکٌ
أرْمَۃٌ: سائن بورڈ، سرکاری نشان
أرُو بلان: ایروپلین (مع)
أرُوبَا: یورپ (یورپ کا معرب)
أرُوبِيٌّ: یورپین، یورپ کا رہنے والا۔
آرِيٌّ ج آرِیُّون: آریہ۔

ا............ز

أزَبَ المَاءُ ـُ أزْباً: پانی بہنا، جاری ہونا۔
مِیْزَابٌ ومِئْزَابٌ: پرنالہ، پانی بہنے کا راستہ ج: مَآزِیبُ
إزْبرتو: اسپرٹ۔
أزَّرَ تأزِیراً: ڈھانپنا۔
آزَرَ مُؤازَرَۃً: مدد دینا، تقویت پہنچانا۔
إئْتِزارٌ و تأزُّرٌ: قوت یا مدد حاصل کرنا۔
أزْرٌ: طاقت، پیٹھ۔
شَدَّ أزْرَہُ: مدد کی، پشت پناہی کی، پیٹھ ٹھونکی، ہمت دلائی۔
إزْرٌ و إزَارٌ: تن پوش، لبادہ ج: أُزُرٌ و آزِرَۃٌ.
مِئْزَرٌ: تہبند، ج: مَآزِرُ
أزَّ ـِ أزّاً و أزِیزاً، و أزَازاً: گونجدار آواز ہونا، سانس بولنا، آگ پر پکنے کی آواز ہونا، ہوا چلنے کی آواز ہونا۔
أزِیزٌ: گونج، ہر قسم کی گونجدار آواز، زائیں زائیں، گھوں گھوں، بم کی آواز، ہوائی جہاز کی آواز، مشین کی آواز۔
أزِفَ ـَ أزُوفاً: قریب ہونا، نزدیک ہونا۔
آزِفَۃٌ: قیامت۔
أزِقَ المَکَانُ ـَ أزَقاً: جگہ تنگ ہونا۔
مَأزِقٌ: تنگ نائے، تنگ جگہ۔

مأزِق: دشواریاں و: مأزق
أزَل: دوام، ہمیشگی
مِنَ الأزَل: ازلی، ہمیشہ سے۔
أزَمَ الأمُورَ تَأزِیماً: پیچیدہ بنانا، مشکلات پیدا کرنا، بحران پیدا کرنا۔
التَأزُم: صورتِ حال بگڑنا، پوزیشن خراب ہونا۔
تَأزُمُ العَلاقات: تعلقات بگڑنا۔
تَأزُمُ المَوقِف: صورتِ حال پیچیدہ ہونا۔
تَأزِیم: پیچیدہ بنانا، مصیبت بڑھانا۔
تَأزِیمُ الوَضع: صورت حال کو بگاڑنا، پیچیدہ بنانا۔
أزمَةٌ: کرائسس، بحران، مصیبت، سختی، مسئلہ، پریشانی، تکلیف ج: أزمات۔
تَسوِیَةُ الأزمَة: بحران کا خاتمہ
أزمَةٌ اِقتِصادِیَّة: مالی پریشانی، اقتصادی بحران۔
أزمَةٌ أُم: بنیادی مسئلہ
أزمَةُ السَّکَن: آبادی کا مسئلہ، رہائش کی پریشانی۔
أزمَةٌ مَالِیَة: مالی بحران، مالی پریشانی
أزمِیلٌ: رانپی، موچی کا ایک اوزار
إزاء: مقابلہ، بدلہ۔
إزاءَ کَذَا: فلاں چیز کے مقابلہ میں، بدلہ میں بعوض۔
إزُوت: نائٹروجن۔
أزُتات: نائٹریٹ (ایسڈ)
أزُوتِیک: نائٹروجنی، نائٹرک۔

ا..........س

أسبَان: اسپانوی (اسپینی) لوگ، و: إسبانوِیّ
إسبانِیا: اسپین۔
أُستَاذ: لیکچر (۲) مدرس، استاذ، ماسٹر، (۳) پروفیسر، فن کا ماہر ج: أسَاتِذَة۔
دَفتَرُ أُستَاذ: لیجر، کھاتہ نام دار۔
إسبِتَالِیَة: ہاسپٹل، ہسپتال۔
الإستِنسِل: اسٹینسل
وَرَقُ الإستِنسِل: اسٹینسل پیپر۔
إستِرَاتِیجِیَّة: حکمت عملی، تدبیر، ترکیب، حال، حیلہ گری، انداز فکر، نقطہ نظر۔
أسَرَ۔ أسراً و إساراً: قید کرنا، غلام بنانا۔
أسر: غلامی
أُسرَة: خاندان، فیملی ج: أُسَر
أُسرَةُ التَّحرِیر: ادارہ تحریر۔
الأُسرَةُ المَالِکَة: شاہی خاندان۔
أسَّسَ تَأسِیساً: بنیاد رکھنا، قائم کرنا، ادارہ یا کمپنی وغیرہ قائم کرنا، سنگ بنیاد رکھنا۔
أسَاسٌ: بنیاد، عمارت کی نیو، فاؤنڈیشن، ہر چیز کی اصل، بیس، مبنیٰ، علت ج: أسَاسَاتٌ۔
أسَاسٌ شَرعِیّ: قانونی بنیاد۔
أسَاسٌ مَنطِقِیّ: عقلی بنیاد۔
أسَاسِیٌّ: بنیادی، مین، اصولی، حقیقی، اصلی۔
حَجَرٌ أسَاسِیٌّ: سنگ بنیاد، بنیادی پتھر۔
دُستُورٌ أسَاسِیٌّ: دستور اساسی، بنیادی ضابطہ۔
عَامِلٌ أسَاسِیّ: بنیادی سبب ج: عَوَامِلُ أسَاسِیَّة۔
قَانُونٌ أسَاسِیّ: کانسٹی ٹیوشن، دستورِ اساسی۔
أسَاسِیَات: ضروری چیزیں۔
تَأسِیسِیّ: بنیادی۔
مُؤسِّس: بانی، قائم کنندہ۔
مُؤسِّسُ المَشرُوع: کسی اسکیم یا

منصوبہ کا بانی۔
مُؤَسَّسَة: کارپوریشن، ادارہ، کارخانہ، ایجنسی، انسٹی ٹیوشن، فرم۔
اَلْمُؤَسَّسَةُ الاجْتِمَاعِيَّة: انسٹی ٹیوشن۔
مُؤَسَّسَةٌ تِجَارِيَّة: تجارتی فرم، تجارتی ادارہ۔
مُؤَسَّسَةٌ صُحُفِيَّةٌ: صحافتی ادارہ۔
مُؤَسَّسَةٌ عَامَّة: پبلک ادارہ۔
الْمُؤَسَّسَةُ العَسْكَرِيَّة: فوجی ادارہ، فوجی محکمہ۔
إِسْطَبْل: اصطبل، اسطبل۔
أَسْطُرْلَاب: اسطرلاب۔
أُسْطُوَانَة: (گراموفون کا) ریکارڈ، اخبار کا کالم ج: أُسْطُوَانَاتٌ، سلنڈر، رولر۔
أُسْطُوَانَةُ الغَاز: گیس سلنڈر، گیس کی ٹنکی۔
أُسْطُوَانِيّ: خرطومی شکل کا، لبوتری شکل کا۔
أُسْطُوْل: جہازوں کا بیڑہ (بحری وفضائی) ج: أَسَاطِيْل۔
أَسِفَ ـَـ أَسَفاً و تَأَسَّفَ: افسوس کرنا، رنج کرنا، اظہارِ ندامت کرنا۔
آسِفٌ: رنجیدہ، غمگین، پشیمان، سوری۔
أَنَا آسِفٌ: مجھے افسوس ہے، ندامت۔
مُؤْسِف: افسوس ناک۔
يُؤْسَفُ لَه: قابلِ افسوس
وَا أَسَفَاه: آہ، ہائے افسوس۔
لِلأَسَفِ: افسوس۔
(أَمْر) يُؤْسَفُ لَهُ: قابلِ افسوس۔
(٥) غَيْرُ مَأْسُوْفٍ عَلَيْهِ: ناقابلِ افسوس۔

أَسْفَلْتٌ: ڈامر۔
إِسْفَنْج: اسپنج۔
إِسْفِيْدَاج: سفید سیسہ
إِسْكَاف: موچی، جفت ساز، جوتہ بنانے والا۔
إِسْكُتْلَانْدَا: (معرب) إِسْكُتْلَنْدَة۔ اسکاٹ لینڈ، اسکاچستان۔
إِسْكُمْلَة: اسٹول۔
إِسْكَنْدَرِيَّة: مصر کی ایک مشہور بندرگاہ۔
إِسْكَنْدَرُوْنَة الأَكْبَرْ: سکندرِ اعظم۔
إِسْكَنْدَرُوْنَة: شام کی ایک مشہور بندرگاہ۔
أَسَلَ تَأْسِيْلاً: دھار رکھنا، تیز کرنا۔
مُؤَسَّلٌ: دھاردار۔
إِسْمَنْت و سِمِنْتُو: سمنٹ (معرب)
أُسْوَة: نمونہ ج: أُسىً و إِسىً
أُسْوَةً بِكَذَا: اس کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے۔
أَسِيَ عليه وله ـَـ أَساً و أَسىً: رنجیدہ ہونا، رنج کرنا، غم کرنا۔
مَأْسَاةٌ: ٹریجڈی، المناک حادثہ، دردناک داستان، المیہ ج: مَآسٍ
مَآسٍ: اندوہناک واقعات، داستان ہائے غم۔
آسٍ: طبیب، ڈاکٹر، معالج ج: أُسَاةٌ
المُؤَاسَاةُ: اظہارِ ہمدردی کرنا، تسلی دینا۔
مُؤَاسَاةٌ مُزَيَّفَة: جھوٹی تسلی۔
آسِيَة: براعظم ایشیا۔
آسِيا الصُّغْرٰى: ایشیائے کوچک۔
آسِيَة: ستون، مضبوط عمارت (فرعون کی بیوی کا نام۔ ج: أَوَاسٍ۔
آسِيَوِيّ: ایشیائی۔
المُؤَشِّر: ٹائپ رائٹر کا ڈائل۔

مُؤَشِّر: فہرست، انڈکس، علامت، دلیل نشان، آثار، ثبوت ج: مُؤَشِّرَات۔
مُؤَشِّرُ العَدَّاد: میٹر کی سوئی۔
مُؤَشَّرٌ علیه بالأداء: ادائیگی کا نشان لگا ہوا۔
المُؤَشِّرُ فی الآلَة الكاتِبَة: پائنٹر۔

ا..........ص

آصِرَةٌ ج: أَوَاصِرُ: تعلق، رشتہ
أَوَاصِرُ الصَّدَاقَةِ: دوستی کے رشتے۔
أَوَاصِرُ مُشتَرَكَةٌ: باہمی رشتے
مَأصِرٌ ج: مَآصِرُ: (ٹول گیٹ) چنگی، پھاٹک، چنگی خانہ۔
أَصِيصٌ: گملاج: أُصُصٌ
أَصُلَ ـُ أَصَالَةً: خالص ہونا، عمدہ ہونا۔
بالأَصَالَةِ عن نَفس: ......خود، اپنے آپ
الخَيلُ الأَصَائِلِ: اصیل گھوڑے۔
اِستِئصَال: بیخ کنی۔
أَصل: سرچشمہ، اصل کاپی۔
أَصلِيّ: اوریجنل، اصلی۔
أُصُول: اوریجنل، اصلی۔
أُصُول: سرمایہ، اصول، قواعد۔
أُصُولٌ حَاضِرَةٌ: موجودہ سرمایہ۔
أُصُولٌ مَادِّيَةٌ: ظاہری یا مادی سرمایہ۔
أُصُولٌ مَوقُوفَةٌ: منجمد سرمایہ۔

ا..........ط

إِطَارٌ: فریم، چوکھٹا ج: أُطُرٌ
إِطَارُ النَّظَّارَةِ: چشمہ کا فریم۔
إِطَارُ العَجَلَةِ: پہیہ کا فریم، گھیرا۔
إِطَارُ العَجَلَة الخارِجِيُّ: ٹائر۔

فِی هَذَا الإِطَار: اس ذیل میں، اس دائرہ میں۔
فِي إِطَارِ كذا: ذیل میں، کسی چیز دائرے میں یا سلسلہ میں۔
التَّأطِيرُ: فریم لگانا، دائرہ میں کرنا۔

ا..........غ

أَغُسطُس: ماہ اگست (معرب)

ا..........ف

أَفرَقَة: افریقی بنادینا۔
إِفرَنج: اہل یورپ، انگریز لوگ فرنگی و: إِفرَنجِيٌّ
بِلَادُ الإِفرَنج: یورپ
فَرنَجة: فرنگی بنانا۔
تَفَرنُج: فرنگی بننا۔
خُبزٌ إِفرَنجِيٌّ: ڈبل روٹی۔
أَفرُو آسيَوِيّ: افریقی ایشیائی، افروایشین۔
إِفرِيزٌ: کارنس ج: أَفَارِيز
أَفَقَ ـِ أَفقاً: گھومنا، سیاحت کرنا۔
أَفرِيقِيَا الوُسطَى: وسطی افریقہ
أَفرِيقَانِيّ: افریقن، افریقہ کا باشندہ۔
أَفرِيكَانِيّ: افریقن۔
أُفُقٌ ج: آفَاق: کنارہ، کنارۂ آسمان، گوشہ، دائرہ، میدان، وسعت۔
أُفُقِيٌّ: مُسَطَّح: افقی سمت کا، چپٹا، دائرہ نما۔
أَفَّاقٌ: جہاندیدہ، سیاح۔
أَفَندِي: مسٹر، صاحب، جناب۔
أَفيُون: افیم۔

ا..........ق

أُقحُوَان: گلِ بابونہ ج: أَقَاحِيّ
إِقلِيم ج: أَقَالِيم: ملک، صوبہ، ضلع، علاقہ۔

تَأقْلُمُ مَعَ أحد: کسی کے ساتھ گھل مل جانا، ہم آہنگ ہونا۔

ا.........ک

أُكتُوبَر: اکتوبر۔
أكَّدَ تَأكِيداً: مضبوط بنانا، پختہ کرنا، ثابت کرنا، توثیق کرنا۔
أكَّدَله: یقین دلانا، باور کرانا۔
تَأكَّدَ: پختہ ہونا، یقینی ہونا، محقق ہونا، ثابت ہونا۔
تَأكُّدُ الشُّبهات: شبہات صحیح ہونا۔
التَّأكُّدُ من: تحقیق کرنا، یقین ہوجانا، مطمئن ہونا، یقین کرنا۔
تَأكِيد: یقین دہانی، اصرار، زور (۲) تصدیق، تائید، وثوق ج: تاکیدات۔
تَأكِيدُ بكذا: یقین دلانا، توثیق کرنا،
تَأكِيدُ التَّأيِيد: حمایت کا اعادہ۔
تَأكِيدُ الرَّفْض: مسلسل انکار۔
تَأكِيدُ على: زور دینا۔
تَأكِيدُ من كذا: اطمینان دلانا، اطمینان کرنا۔
أكِيدٌ: پختہ، زبردست، ثابت شدہ۔
أكَادِيمِيّ أكَادِيمِيَّة: اکیڈمی، علمی ادارہ
الأكزِيمَا: اکزیما۔
إكسبرِسّ، إكسبرِيس: ایکسپریس ٹرین۔
أكسِيجِين، مُصْدِئ: آکسیجن۔
أكَلَ ــ أكْلاً: کھانا۔
أُكْلَة: کھانا، خوراک۔
أكِلَة: خارش۔
أكَلَ عليه الدَّهرُ أكْلاً: پرانا بنا دینا۔
أكَّلَ تَأكِيلاً: کھلانا۔
تَأكُّلٌ: زنگ لگ جانا، کیڑا لگ جانا، پرانا اور بوسیدہ ہوجانا۔
تَآكُلُ التُّربَة: ریہ لگنا۔
مَآكِلُ: کھانے۔
مَأكُولٌ: کھانے کے قابل، کھانے کی چیز، کھانے کے لائق ج: مَأكُولاتٌ۔
مَأكُولاتٌ مُنعِشَة: ریفریش منٹ، فرحت بخش کھانے۔
مُؤاكِلٌ: شریک دسترخوان، ہم نوالہ۔
إكْلِينِيك: کلینک۔
أكَمَة: ٹیلہ۔

ا.........ل

ألاوُوظ، قَلاوُوظ: کیل، پیچ دار کیل، اسکرو (۲) اسپرنگ۔
ألاي: رجمنٹ، فوج کی ایک بڑی جماعت۔
ألَبَ ــ ألْباً وَ تَألَّبَ: اکٹھا ہونا، یکجا ہونا۔
ألبُوم: البم، تصویروں کا مجموعہ۔
ألُوبٌ: چست، مستعد۔
ألِفَ الشيئَ ــ إلفاً و ألفاً، وإلافاً: عادی ہونا، مانوس ہونا، پسند کرنا۔
تَآلُفَ: مل جل کر رہنا، باہم مانوس ہونا۔
تَألِيفٌ: (۱) مانوس بنانا، عادی بنانا، جانور کو سدھانا، کتاب لکھنا، (۲) تصنیف (۳) متحد بنانا، جوڑنا، یکجا کرنا۔
إئتِلاف: متحد ہونا، جڑ جانا، مل جانا، عادی و مانوس ہوجانا، وفاق۔
إئتِلاف حُكُومِيّ: سرکاری وفاق۔
وِزَارَةُ إئتِلافِيَّة: وفاقی وزارت، فیڈرل

گورنمنٹ۔
تَألَّف (مِنْ): مرکب ہونا۔
مُؤلِّف: ایڈٹ کنندہ، اڈیٹر، مصنف۔
مُؤلِّفُ الرِّوَایَات: ناولسٹ۔
مُؤلِّفُ القِصَص الطَّوِیْلَة: ناولسٹ
أَلْفٌ: ہزار۔
فِی الأَلْف: فی ہزار۔ ہر ہزار پر۔
خَطُّ المُؤَلِّف: آٹوگراف، مصنف کے دستخط۔
أُلْفَةٌ: دوستی، محبت، اتحاد۔
أَلِیْفٌ: مانوس، پالتو، سدھایا ہوا، وحشی اور جنگلی کی ضد۔
مُؤَلَّفٌ: کتاب، تصنیف ج: مُؤَلَّفات۔
مَألُوْف: مستعمل، رائج، جس کی عادت ہو، مروج، روزمرہ استعمال میں آنے والا
غَیْرُ مَألُوْف: اجنبی۔
أَلَقَ ــ أَلْقاً وَ تَألَّقَ: چمکنا۔
مُتَألِّق: چمکدار۔
قِمَّةُ التَّألُّق: انتہائی چمک۔
إلِکْتُرُوْن، کُھَیْرَب: الکٹرون۔
أَلَمٌ: درد، دکھ، تکلیف۔
أَلَمٌ مُبَرِّح: سخت درد۔
تَألَّمَ: دردمند ہونا، تکلیف میں ہونا، درد یا تکلیف محسوس کرنا۔
إیْلَامٌ و تَألِیْمٌ: تکلیف دینا۔
مُؤْلِم: افسوسناک، تکلیف دہ۔
أَلْمَانِیَا: جرمنی، وسط یورپ کا مشہور ملک۔
أَلُوْبَاثِیَا: ایلوپیتھک۔
أَلْمَاس و مَاس: ہیرا۔

أَلُوْمِنِیُوْم: ایلومینیم۔
أَلَّهَ تَألِیْهاً: خدا بنانا، خدا کا درجہ دینا۔
تَألَّهَ: خدا بننا، خدا کا اعتقاد رکھنا۔
تَألِیْه: خدا ماننا۔
إلیٰ: تک، طرف، نزدیک، میں۔
الیٰ الآنَ: اب تک۔
إلیٰ أنْ: حتی کہ، نوبت بایں جا رسید کہ، جب تک کہ، تاوقتیکہ۔
الیٰ دَرَجَةٍ لایُمکِنُ اِحتِمَالُھَا: نا قابل برداشت حد تک۔
إلیٰ مَتیٰ: کب تک۔
إلَیْکَ: تمہارے لئے، تمہارے نام، تمہاری جانب۔
إلَیْکَ ھٰذَا: یہ لو۔
إلَیْکَ عَنِّی: میرے پاس سے دور ہو، ہٹ جاؤ۔
أَلِیَّة ج: أَلَایَا: قسم۔
الأَلِیُّ: بہت قسمیں کھانے والا۔

ا............م

إمْبَرَاطُوْرٌ: امپائر، والی، شہنشاہ۔
إمْبَرَاطُوْرَةٌ: ملکہ، امپائرس۔
إمْبَرَاطُوْرِیَّة: شہنشاہیت
إمْبَرَاطُوْرِیٌّ: شہنشاہی، امپیریل۔
الإمْبَرَاطُوْرِیَّاتُ الإسْتِعْمَارِیَّة: سامراجی حکومتیں۔
إمْبَرِیَالِیَّة: امپیریل ازم۔
أَمَرَهٗ بِکَذا ــ أَمْراً و آمِرَةً، وإمَارَةً: حکم کرنا، حکم دینا۔
أَمَّرَهٗ تَأمِیْراً: حاکم بنانا، اختیار دینا۔
آمَرَهٗ مُؤَامَرَةً: مشورہ کرنا۔

إِئْتِمَارٌ: باہم مشورہ کرنا۔
تَأَمُرٌ: باہمی مشورہ، باہمی اسکیم، سازش۔
تَآمُرٌ علی: کسی کے خلاف سازش کرنا۔
تآمُرِیّ: سازش پرمبنی۔
أمْرٌ: حکم، آرڈر، وارنٹ، اتھارٹی ج: أوَامِر.
___: اختیار، مسئلہ، معاملہ، مسلک ج: أُمُور.
أمْرٌمَا: کچھ بھی، کوئی چیز بھی، کوئی معاملہ۔
الأمْرُبشيء: آرڈر دینا۔
أمْرٌ إدَارِيٌّ: سرکاری آرڈر، انتظامی معاملہ۔
أمْرٌ بالوَقْف: اسٹے آرڈر۔
أمْرُ حَظْرٍ للتَّجَوُّل: کرفیو آرڈر۔
أمْرُ دَفْع: پیمنٹ آرڈر۔
أمْرٌ شَاذٌ: عجیب بات، غیر معمولی واقعہ۔
أمْرُ شِرَاء: خریداری آرڈر۔
أمْرٌ قَضَائِيٌّ: حکم عدالت۔
أمْرٌ لا يَعْدُوْ كذا: بات اس سے زیادہ نہیں۔
أمْرٌ وَاقِعِيّ: امر واقعہ، حقیقتِ حال۔
أمْرُ تَوْقِيف الإجْرَاء: حکم امتناعی۔
أمْرُ هَدْم: حکم انہدام
أُمُوْرٌ تَافِهَةٌ: معمولی امور۔
الأُمُوْرُ الجَارِيَةُ: موجودہ معاملات۔
أوَامِرُ مُسْتَعْجَلَةٌ: ہنگامی آرڈر
إسْتِمَارَة: فارم
مَلْءُ الإسْتِمَارَة: فارم بھرنا۔
أمْرَكَة: امریکی بنانا۔
آمِرٌ: حکمراں، صاحب اختیار، کمانڈر۔
أمَّارٌ: اکسانے والا، مشتعل کرنے والا محرک
أمَارَةٌ: علامت، نشان، راز، خفیہ بات ج: أمَارَاتٌ.
إمَارَةٌ: اسٹیٹ، ریاست، حکومت، قلم رو، ج: إمَارَات.
أمِيْرٌ: شاہزادہ، حاکم، صدر، ہیڈ، حکمراں، ج: أمَرَاء.
أمِيْرُ الآي: کرنل، فوج کی ایک رجمنٹ کا اعلیٰ افسر، بریگیڈیر جنرل۔
أمِيْرُ البَحْرِ: افسر جہازات، افسر بحریہ، امیر البحر۔
أمِيْرَال: افسر جہازات، افسر بحریہ، امیر البحر۔
أمِيْرُ البِلَاد: سربراہِ مملکت۔
أمِيْرِكَا: امریکہ
أمِيْرِكِيّ، أمِيْرِيْكِيّ: امریکن۔
أمِيْرُ اللِّوَاء: بریگیڈیر جنرل۔
أمِيْرِيٌّ: سرکاری حکومت کے متعلق، شاہی، ریاستی۔
أمِيْرِيَّةٌ: ریاست، حدودِ حکومت۔
أمِيْرَةٌ: شاہزادی، ج: أمِيْرَات
مِنْحَة أمِيْرِيَّة: شاہی عطیہ۔
إسْتِمَارَةٌ: سادہ فارم، سارٹیفکٹ ج: إسْتِمَارَات.
إسْتِمَارَةُ الطَّلَب: آرڈر فارم۔
إسْتِمَارَةُ القَبُوْل: داخلہ فارم۔
مُؤَامَرَة ج مُؤَامَرَات: سازش، ریشہ دوانی، پلاٹ۔
المُؤَامَرَةُ الكُبْرىٰ: زبردست سازش۔
المُتَآمِر: سازشی۔
مَأمُوْر: ملازم، کسی کام کا پابند، محکوم، مکلّف، پابند، سرکاری افسر یا ملازم، نمائندہ
مَأمُوْرُ البَرِيْدِ: پوسٹ ماسٹر۔
مَأمُوْرُ البُوْلِيْسِ: سپرنٹنڈنٹ پولیس، افسر پولیس۔
مَأمُوْرُ بَضَائِعَ: گوڈس منیجر

مَأمُورُ مَرْكَزِ البُولِيس: پولیس آفیسر
مَأمُورُ السِّجن: افسر جیل، جیلر۔
مَأمُورُ الضَّرائب: اکسائز افسر۔
مَأمُورُ الهَاتِف: ۔ٹیلیفون آپریٹر۔
مَأمُورِيَّة: مہم، مشن، کمیشن، ڈیوٹی۔
مُؤتَمَرٌ: کانفرنس، کنونشن، مشاورتی اجتماع ج: مُؤتَمَرات۔
مُؤتَمَرُ التَّضامُن الأَفْرُو ـ آسيَوِى: افریقی ایشیائی اتحاد کی کانفرنس۔
مُؤتَمَرُ السَّلام او الصُّلح: امن کانفرنس، صلح کانفرنس۔
مُؤتَمَرٌ سِيَاسِيٌّ: کانگریس، سیاسی کانفرنس
المُؤتَمَر الشَّعبِيّ: نیشنل کانفرنس۔
مُؤ تَمَر صَحفِيّ: پریس کانفرنس۔
مُؤ تَمَر صُلح: امن کانفرنس
مُؤ تَمَر قِمَّة تَارِيخِيّ: تاریخی چوٹی کانفرنس۔
مُؤتَمَرٌ مُصغَّرٌ: چھوٹی کانفرنس۔منی کانفرنس
مُؤ تَمَر وَطَنِيّ: نیشنل کانگریس ۔
اَلمُؤتمر الوطنى للشبعاب: یوتھ کانگریس
المُؤتَمَرُ لِمُناقَشَةِ مَوضُوع مُعيَّن: سمپوزیم۔
مُؤتَمَرُ المَائِدَة المُستَدِيرَة: گول میز کانفرنس۔
اَلمُؤتَمَرُ المُزمِعُ عَقدُه فى الفَترَة ما بَينَ ۲۲.۲۶ يَنَاير: ۲۲ سے ۲۶ جنوری تک ہونے والی کانفرنس۔
مُؤتَمَرٌ من السُّفَرَاء: سفراء کانفرنس۔
مُؤتَمَر المُنظَّمَات: تنظیمات کی کانفرنس۔
مُؤتَمَر مُوسَّعٌ: بڑی کانفرنس۔
مُؤتَمَر نَزعِ السَّلاح: تخفیفِ اسلحہ کانفرنس۔
أَمسِ: کل گذشتہ
أَمسِ الأَوَّل: پرسوں گذشتہ۔
أَلأَمس: زمانہ گذشتہ، ماضی۔
إِمَّعَة: ابن الوقت۔
أَمَلٌ: امید، توقع، ارمان ج: آمَال۔
خَيبَةُ أَمَل: نامرادی، ناکامی۔
الأَمَلُ الضَّئِيل: معمولی ارمان۔
عَقَدَ الأَمَلَ بِفُلانٍ: فلاں سے اُمید وابستہ کی۔
قَطَعَ الأَمَلَ مِنْ فُلانٍ: فلاں سے امید منقطع کی۔
تَأمَّل: غور کرنا، تردد کرنا۔
آمِلٌ، مُؤَمِّلٌ: امیدوار، توقع کنندہ، آرزومند۔
مَأمَلٌ وَمَأمُولٌ: امید ج: مَآمِلُ
المَأمُولُ فيه: متوقع۔
أُمَّة: قوم، عوام، پبلک، نسل ج: أُمَم۔
مَسِيرَةُ الأُمَّة: قومی تحریک۔
تَأمِيم: نیشنلائز کرنا، قومیانا۔
تَأمِيمُ مِلكِيَّةِ الأَرَاضِي: زمین کو قومی ملکیت میں لینا۔
أَمَّ ـُ أَمًّا: قصد کرنا، قیادت کرنا، امامت کرنا،

امام بننا، راہنما بننا۔
أَمَّ ۔ أُمُوْمَةً: ماں بننا۔
أُمّ: (۱) ماں ج: أُمَّھَاتٌ (۲) سانچہ (جس میں معدنیات ڈھالی جائیں) (۳) جڑ، اصل۔
أُمَمٌ: اقوام و: أُمَّة.
الأُمَمُ المُتَحِدَةُ: اقوام متحدہ۔
عُضْوٌ فی الأُمَم المتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا ممبر۔
مَقَرُّ الأُمَمِ المُتَّحِدَةِ: اقوام متحدہ کا ہیڈ کوارٹر۔
مَبْعُوْثُ الأَمَمِ المُتَّحِدَةِ: اقوامِ متحدہ کا نمائندہ۔
بعْثَةُ الأُمَمِ المتحدة: اقوام متحدہ کا کمیشن۔
الهَيْئَةُ الأُمُّ: اصل باڈی، اصلی ادارہ۔
هَيْئَةُ الأُمَمِ المُتَّحِدَةِ: ادارۂ اقوامِ متحدہ۔
أُمَمٌ مُتَحَضِّرَةٌ: متمدن قومیں۔
أُمَمٌ مُتَخَلِّفَةٌ: پسماندہ ممالک۔
أُمَمِیٌّ: انٹرنیشنل، بین الاقوامی۔
أُمِّیٌّ: ماں کا، ان پڑھ، ناخواندہ۔
أُمِّيَّةٌ: ناخواندگی، جہالت۔
أَمَامَ: سامنے، مقابلہ میں، موجودگی میں، آنکھوں کے سامنے۔
أَمَامِيٌّ: اگلا، سامنے کا۔
إِلَى الأَمَامِ: آگے، سامنے کی طرف۔
إِمَامٌ: قائد، پیشوا، سربراہ ج: أَئِمَّةٌ
إِمَامَةٌ: قیادت، سربراہی، پیشوائی۔
أَمَّا: لیکن

إِمَّا: یا (إِمَّا هٰذَا أَوْ ذَاکَ:
أَمُنَ ۔ أَمَانَةً: دیانت دار ہونا۔
الأَمْنُ الجَمَاعِيُّ: اجتماعی حفاظت۔
الأَمْنُ الشَّخْصِيَّ: ذاتی سلامتی اپنا تحفظ۔
الأَمْنُ علی النَّفْس: جان کا خوف نہ ہونا۔
أَمِنَ ۔ أَمَاناً، وأَمْناً، و أَمَانَةً، و أَمْناً: بے خوف ہونا، محفوظ ہونا، مطمئن ہونا۔
أَمَّنَهُ تَأْمِيناً: امان دینا، اطمینان دلانا۔
أَمَّنَ عَلَى الحَيَاةِ تَأْمِيناً: زندگی کا بیمہ کرنا۔
مُؤَمَّن: بیمہ شدہ، انشورڈ۔
المُؤْمِنُ بالفَوْضَوِيَّة: انارکسٹ۔
المُؤَمَّنُ علی حَيَاتِهِ: جس کا بیمہ کیا گیا ہو۔
مُؤَمَّنٌ عليه: انشورڈ، محفوظ۔
خِطَابٌ مُؤَمَّنٌ عليه: انشورڈ لیٹر۔
المَبْلَغُ المُؤَمَّنُ عليه: انشورڈ رقم، محفوظ رقم۔
إِئْتِمَانٌ وَاسْتِئْمَانٌ: اعتماد کرنا۔
آمَنَ بِهِ إِيْمَاناً: اعتقاد رکھنا، یقین کرنا، مطمئن ہونا، ماننا۔
إِيْمَانٌ بشيءٍ: یقین۔
إِيْمَانٌ خَالِصٌ: مکمل یقین۔
أَمْنٌ وَ أَمَانٌ: امن، سلامتی، حفاظت، سیفٹی۔
أَمْنٌ عَامٌّ: حفاظت عامہ، عوامی تحفظ۔
أَمَانٌ: سیفٹی، حفاظت۔
أَمَانَةٌ: نظامت، سکریٹری شپ۔
أَمَانَةٌ عَامَّةٌ: جنرل سکریٹری کا دفتر۔
أَمَانٍ وَطَنِيَّةٌ: قومی تمنائیں۔
تَأْمِيْنٌ: انشورنس، بیمہ، کسی شے کی حفاظت کا ذمہ دار ہونا اور ضمانت لینا اور بصورت

نقصانات تاوان ادا کرنا۔
عَقْدُ تَأمِينٍ: انشورنس کا معاہدہ۔
عَقْدُ تَأمِينٍ على الحَيَاة: زندگی کا بیمہ کرانا۔
التَّأمِينُ على شيئٍ (ضَمَانٌ بعَقْدٍ يَتعَهَّدُ فيه أَحَدُ الفَرِيقَيْنِ بأنْ يُعَوِّضَ على الآخر: انشورنس، بیمہ، حفاظت کرنا، محفوظ کرنا، ڈپازٹ، امانت۔
تَأمِينٌ إجْتِمَاعِيٌّ: سوشل انشورنس، اجتماعی حفاظت کرانا۔
تَأمِينٌ جَوِّيٌّ: فضائی حفاظت، فضائی انشورنس۔
تَأمِينُ الحُقُوق: حقوق کی حفاظت۔
تَأمِينُ السُّكْنَى: رہائش کا بیمہ کرانا۔
التَّأمِينُ الصِّحِّيُّ: صحت کا بیمہ۔
تَأمِينٌ ضِدَّ البَطَالَة: بے روزگاری کا بیمہ۔
تَأمِينٌ ضِدَّ الحَرِيق: فائر انشورنس
التَّأمِينُ ضِدَّ الحَوادِث: حوادث کا بیمہ
التَّأمِينُ ضِدَّ السَّرِقَة: چوری کا بیمہ۔
التَّأمِينُ ضِدَّ المَرَض: ہیلتھ انشورنس۔
التَّأمِينُ العَامُّ: ہر خطرہ کا انشورنس۔
التَّأمِينُ على البَضَائِع: سامان کا انشورنس۔
• تَأمِينٌ على الحَيَاة: لائف انشورنس، زندگی کا بیمہ۔
تَأمِينٌ مَالِيٌّ: ضمانت مال، نقد ضمانت۔
التَّأمِينُ عن الأَخْطَار: خطرات کا بیمہ
التَّأمِينُ مَدَى الحَيَاة: تمام زندگی کا بیمہ، لائف انشورنس، زندگی بھر کا بیمہ۔

تأمين المرافق: ضروریات زندگی کی حفاظت۔
تَأمِينُ المُسْتَقْبَل: مستقبل کی حفاظت
تَأمِينُ المَصَالِح: مفادات کا تحفظ۔
تَأمِينُ المَعَاشَات: پنشن کا بیمہ۔
تَأمِينُ المُوَاصَلات: ذرائع حمل ونقل کو محفوظ بنانا، گارنٹی دینا۔
تَأمِينٌ نَقْدِيٌّ: مالی حفاظت۔
تَأمِينُ الوَفَاة: موت کا بیمہ۔
تَأمِينَاتُ العَطَاءَات: ٹینڈر ڈپازٹ۔
وُكَلاءُ التَّأمِين: انشورنس ایجنٹس
شَرِكَةُ التَّأمِين: بیمہ کمپنی۔
أَمَنَةٌ: (۱) انتہائی قابل اعتماد (۲) دوسروں پر انتہائی اعتماد کرنے والا۔
آمِنٌ: پرامن، محفوظ، مطمئن، بے خوف، نڈر۔
أَمَانَةٌ: دیانت، امانت، اعتماد۔
آمِين: قبول کر (اسم فعل)
أَمِين: خزانچی، دیانت دار، وفادار، قابل اعتماد، بے ضرر، محفوظ، کسٹوڈین، ناظم، سکریٹری، ج: اُمَنَاءُ
أَمِينُ جَلَسَاتِ المُؤتَمَر: میٹنگ افسر۔
أَمِينُ سِرّ: سکریٹری
أَمِينُ الصُّنْدُوق: خزانچی، کیشئر، تحویلدار۔
أَمِينُ العَاصِمَة: گورنر۔
الأَمِينُ العَامُّ: ناظم عمومی، ناظم اعلیٰ، جنرل سکریٹری۔
نَائِبُ الأَمِينِ العَامّ: نائب ناظم اعلیٰ۔
أَمِينٌ على: محافظ، نگراں
أَمِينٌ على الصُّنْدُوق: کیشیر، خزانچی،

تحویلدار۔
أمِينٌ علي المكْتبَة: لائبریرین، ناظمِ کتبخانہ،
أمِينُ مَحفُوظَات: مہتمم محافظ خانہ، پرانے کاغذات کا محافظ۔
أمِينُ مَخزَن: اسٹور کیپر۔
أمِينُ الْمكتبه: لائبریرین، ناظم کتب خانہ
غَيرُ أمِين: نا قابل اعتماد، خائن
إيمَان: اعتقاد، یقین، عقیدہ۔
مَأمَنٌ: پرامن جگہ ج: مَآمِن
مَأمُون: محفوظ، معتمد علیہ، سیف، قابل اطمینان
مأمُون النتائج: جس کے نتیجے قابل اطمینان ہوں۔
مُؤتَمَن: قابل اعتماد، معتمد علیہ۔
غَيرُ مَأمُون: غیر محفوظ، پر خطر۔
أمِيرِكا: اَمْرِيكا: امریکہ۔
أمْرِيكَا اللَّاتِينِيَّةُ: لاطینی امریکہ۔
أمْرِيكَا الوُسْطَى: وسطی امریکہ۔
أمْرِيكَان و: أمْرِيكِيّ: امریکن باشندے۔
أمْرِيكِيّ: امریکہ کا باشندہ۔
تَأمْرُك: امریکی باشندگی اختیار کرنا۔

ا..........ن

أنَّ: کہ (حرف مشبہ بالفعل، ناصب اسم) اپنے مدخول علیہ کو مصدر موؤل بناتا ہے۔
إنَّ: حرفِ تاکید (مشبہ بالفعل) ناصب اسم ابتدائے کلام میں آتا ہے۔
بِمَا أنَّ: کیونکہ، چونکہ، اس وجہ سے کہ۔
إنْ: حرفِ شرط، دو افعالِ مضارعہ کو جزم دیتا ہے۔ (پہلا شرط دوسرا اجزاء)
إنَّمَا: صرف، لیکن۔

أنَا: میں، ضمیر مرفوع منفصل۔
أنَا بَرِئ منه: میرا اس سے واسطہ نہیں۔
أنْبَة: آم۔
أنْبَج: آم۔
أنَا مَدِينٌ لَكَ: میں آپ کا ممنون ہوں۔
أنَانِيٌّ: خودسر، خود رائے۔
أنَانِيَّة: خودسری۔
أنَانَاس: اناناس (ایک پھل)
أنَّبَهُ تَأنِيبًا: ملامت کرنا، سرزنش کرنا۔
تَأنِيبُ الضَّمِيرِ: ضمیر کا ملامت کرنا۔
أُنْبَاشِي: کارپورل، دس فوجی سپاہیوں کا افسر (ترکی)، دفعدار۔
وكِيل أُنبَاشِي: سیکنڈ کارپورل۔
أُنْبُوبَة: گنے کی پوری، بانس کی دو گرہوں کا درمیانی حصہ، نلکی، پائپ ج: أنَابِيبُ
أُنْبُوب: ٹیوب ج: أنَابِيبُ.
أُنْبُوبٌ فَخَّارِيٌّ: مٹی کا پائپ
أُنْبُوبَة مَعْجُون اَسْنَان: پیسٹ ٹیوب۔
إنْبِيقُ التَّقْطِيرِ: بھبکا۔
أنْتَ: تم، آپ، (ضمیر مرفوع منفصل)
أنْتَ مَسْئُولٌ عَنْ أمْرِكَ: آپ جانیں آپ کا کام۔
أنْتَ وَاهِم: تمہارا خیال غلط ہے۔
أنْتَ و شَأنُكَ: آپ جانیں آپ کا کام۔
أُنْثَى: مادہ
أُنْثَوِيٌّ: زنانہ، نسوانی۔
أُنُوثَة: نسوانیت، زنانہ پن۔
أُنْجَاصٌ، كُمَّثْرَى: آلو بخارا، ناشپاتی۔
إنْجِلِيز: انگریز۔

إنجلیزیّ: انگریزی، انگریز
أَنِسَهٗ ـُ أُنساً: مانوس ہونا، دل لگنا۔
أَنِسَ بہٖ وَ إِلَیْہِ أَنساً وَ أَنسۃً ـَ: مانوس ہونا، دل لگنا، تعلق ہونا، لگاؤ ہونا۔
دَاعٍ إِنْسَانِيٌّ: جذبۂ انسانیت۔
آنَسَهٗ إِینَاساً: جاننا، انسیت بخشنا، محسوس کرنا، (۲) دل بہلانا، تسلی دینا۔
آنِسَۃٌ: مس، نوجوان خاتون ج: آنِسات
أَنِفَ مِنْہُ ـَ أَنَفاً: نفرت کرنا، ناک چڑھانا۔
أَنْفٌ: ناک ج: أُنُوف
أَنْفُ الْجَبَلِ: پہاڑ کا سمندر میں ابھرا ہوا حصہ۔
رَغْمَ أَنْفِ:...... خواستہ ناخواستہ۔
أَنَفَۃٌ: آن، غرور، بڑائی، کراہت، نفرت۔
آنِفاً: ابھی ابھی۔
مَذْکُوْرٌ آنِفاً: جس کا ابھی ذکر ہوا۔
عَرِیْضَۃُ الإِسْتِئْنَافِ: درخواست، اپیل
مَحْکَمَۃُ الإِسْتِئْنَافِ: اپیل کورٹ، عدالت مرافعہ، ہائی کورٹ۔
إِسْتِئْنَاف: اپیل، نئے سرے سے کرنا، اعادہ کرنا، تجدید کرنا، از سرِ نو کرنا۔
إِسْتِئْنَافُ الْحِوَار: نئے سرے سے بات چیت شروع کرنا۔
إِسْتِئْنَافُ الدَّعْوَی: مقدمہ کی اپیل کرنا
اسْتِئْنَافٌ ضِدٌّ: کسی کے خلاف اپیل کرنا۔
إِسْتِئْنَافُ النَّشَاط: از سرِ نو کام شروع کرنا۔
مُسْتَأْنِفٌ: اپیل کنندہ۔
مُسْتَأْنِفُ الدَّعْوَی: اپیل کنندہ۔
مُسْتَأْنِفاً: از سرِ نو۔
الْمُسْتَأْنَفُ علی...... : جس کے خلاف اپیل ہو۔
إِنفلُونَز (النَّزْلَۃُ الوَافِدَۃُ): انفلوئنزا۔
أَنِقَ ـَ أَنَقاً و أَنَاقَۃً: خوبصورت ہونا، خوش منظر ہونا، مرتب و آراستہ ہونا، باسلیقہ ہونا، نستعلیق ہونا، کلام کا شستہ و پاکیزہ ہونا۔
آنَقَهُ الشَّيءُ إِینَاقاً: پسند آنا۔
تَأَنَّقَ فِی الْعَمَلِ: کام کو احتیاط و دانشمندی سے انجام دینا، سلیقہ سے کرنا۔
تَأَنَّقَ فِي اللُّبْسِ وَالأَکْلِ: کھانے پینے میں نازک مزاج ہونا، باریکیاں نکالنا، خوش پوش و خوش خوراک ہونا۔
أَنَّقَ الشَّيءَ: خوبصورت و شستہ بنانا۔
أَنَقَ الشَّيءُ فُلَاناً: پسند آنا، بھانا۔
أَنَاقَۃ: حسن، نزاکت، سلیقہ، شستگی۔
أَنُوقٌ: عقاب، ایک پرندہ۔
أَنِیْقٌ: خوبصورت، شستہ باسلیقہ۔
تَأَنُّقٌ: نازک مزاج ہونا، باریک بیں ہونا، باریکیاں نکالنا۔
تَأَنُّق: نازک مزاجی۔
مُتَأَنِّقٌ: تنک مزاج، باریک بیں محتاط۔
إِنکلترا: انگلستان، انگلینڈ۔
إِنْکلِیزِيٌّ: انگریز، انگلش، انگریزی زبان۔
الإِنْکِیزِیَّۃُ البرِیْطَانِیَّۃُ: برٹش انگلش۔
أُنْمُوْذَجٌ، نَمُوْذَجٌ: نمونہ، ماڈل، طرز، ڈیزائن ج: نَمَاذِج۔
أَنِیْمُوْمِتْر: انیما میٹر، ہوا کی رفتار اور رخ معلوم کرنے کا آلہ، بادپیما (معرب)
أَنَّ ـِ أَنّاً، و أَنِیْناً، و أُنَاناً و أَنَّۃً: آہ بھرنا۔
أَنَّۃٌ و أَنِیْنٌ: آہ وزاری کی آواز۔

أنی ۔ أنیاً و إنیً و أناۃً : قریب ہونا۔
إِسْتَأْنٰی و تَأَنّٰی : توقف کرنا، رُک رُک کر کام کرنا، آہستگی اختیار کرنا۔
تَأَنّٰی عَلَیْہِ: مہلت دینا۔
أَنِیْسُوْن ، یَانِسُوْن: سونف، انیسون۔
أَنِیْطَۃٌ ، طُبْنَۃٌ: جہازی بسکٹ، (ایک قسم کا سخت بسکٹ)
أَنَاۃٌ: صبر، انتظار، توقف۔
طَوِیْلُ الْأَنَاۃِ: انتہائی صابر۔
آنِیَۃ، و: إِنَاء: برتن۔
آنِیَۃٌ خَزَفِیَّۃٌ: مٹی کے برتن۔
آنِیَۃٌ زُجَاجِیَّۃ: شیشے کے برتن۔
أَنّٰی: کہاں، کب، کیسا۔

ا............ہ

أَھَّبَ تَأْھِیْباً : تیار کرنا۔
تَأَھَّبَ (لِ): تیار ہونا۔
أُھْبَۃٌ : تیاری ج: أُھَبٌ.
عَلٰی أُھْبَۃِ السَّفَرِ: پابہ رکاب۔
أَخْذُ الْأُھْبَۃِ: تیاری کرنا۔
أَھِلَ المکانُ ۔ أَھْلاً: آباد ہونا۔
أَھَلَ إِمْرَأَۃً ۔ أَھْلاً و أُھُوْلاً: شادی کرنا۔
أَھَّلَ تَأْھِیْلاً: (لِ) لائق بنانا۔
أَھَّلَہٗ: بسانا، شادی کرانا۔
إِسْتَأْھَلَ: واجب کرلینا، استحقاق حاصل کرنا، سدھانا، ہلانا۔
تَأْھِیْل: قابل بنانا، کام کے قابل بنانا، صلاحیت سازی، قابلیت سازی۔
أَھْلٌ: فیملی، متعلقین، بیوی بچے، بیوی، رشتہ دار۔
أَھْلُ الدَّار: اہل خانہ۔
أَھْلٌ: (لِ) لائق، مستحق، تجربہ کار، فٹ، مناسب۔
أَھْلِیٌّ: خانگی، گھریلو، شہری، ملکی، سول،
حَرْبٌ أَھْلِیَّۃ: خانہ جنگی۔
أَھْلِیَّۃ: لیاقت، صلاحیت، قابلیت، اختیار، استعداد، کالیفکیشن۔
ذُو أَھْلِیَّۃ: لائق، قابل۔
مَدْرَسَۃ أَھْلِیَّۃ: پرائیوٹ اسکول۔
مُؤَھَّلَات: و: مُؤَھِّلَۃ): قابلیت، علمی لیاقت، کالیفکیشن۔
المُؤَھَّلَاتُ السَّامِیَۃ: اعلیٰ صلاحیتیں۔
مُؤَھَّل: لائق، قابل۔
غَیْرُ مُؤَھَّلٍ: اَن فِٹ، نااہل۔
مُؤَھَّل ک: کوالیفائیڈ، مستحق۔
أَھَالٍ: باشندگان، عوام، پبلک۔
آھِلٌ: آباد۔
آھِلٌ بالسُّکَّان: آباد۔
مَأْھُوْل: آباد۔

ا............و

أَوْ: یا، جب تک۔
أَوْب: واپسی (ن)
من کُلِّ أَوْب: ہر طرف سے۔
أُوْبِرَا (دَارُ التَّمْثِیْل): سینما ہاؤس، اوبرا ہاؤس۔
أَوْج: چوٹی، بلندی۔
بَلَغَ الْأَوْجَ ۔ بُلُوْغاً: ترقی کرنا، کمال حاصل کرنا، بامِ عروج پر پہنچنا۔
أَوْجُ المَجْد: نقطۂ عروج۔
أُوتُومَاتِیکِیّ: آٹومیٹک، خودکار۔
أُوتُمْبِیل، أُوتُومُوْبِیْل: موٹر کار۔

أوْدٌ و أوْدَة: بوجھ،لوڈ۔
أوْدَةٌ: کمرہ،بالاخانہ،چیمبر،(ترکی)
أوَارٌ: گرمی،حدت،شدت،پیاس۔
أورطَة: بٹالین،ایک ہزار سپاہیوں کی جماعت
أوْرْطَة، أوْرْطِي: اورطہ(شریان اعظم جو قلب کے بائیں جوف سے نکلتی ہے)
أورنیک: سادہ فارم (کاغذ)
أوْرُبا: یورپ۔
أوْرُبیٌّ: یورپین،یورپ کا۔
إوَزَّةٌ، وَزَّة: بطخ ج: إوَزٌّ، وَزٌّ،
أوْضَة: کمرہ
أوْغندا: یوگنڈا۔
أوْف، آفَةٌ: مصیبت۔
مَؤُوفٌ: مصیبت زدہ،آفت کا مارا۔
أوَّقَ تَأوِيقًا: (۱) تکلیف میں مبتلا کرنا۔(۲) براشگون نکالنا،کسی کے متعلق بری پیش گوئی کرنا۔
أوْقِيَّة: مساوی ۱۲/۱ پونڈ،اونس۔
أوْقِيَانُس: سمندر،ساگر،محیط۔
الأوْقِيَانُوس الأطْلَنطِي (بَحْرُ الظُّلُمات: بحر اٹلانٹک۔
__ البَاسِيفِيكي (المُحِيطُ الهَادِئ): بحر کاہل۔
__ المُتَجَمِّدُ الشِّمَالِيُّ: بحر منجمد شمالی۔
__ الهِنْدِيّ (بَحْرُ الهِنْد): بحر ہند۔
__ المتجمّد الجنوبي: بحر منجمد جنوبی۔
أوْلَمْبِيٌّ، أُلنبيٌّ: اولمپین،اولمپک۔
آلٌ: خاندان،سراب،ماہر،تجربہ کار،
آلَةٌ: مشین، اوزار، ذریعہ عمل، آرگن
ج: آلات.
هَدِيرُ الآلاتِ و أزِيزُها: مشینری کی آواز۔
آلَةُ الاقتِرَاع: ووٹنگ مشین۔
آلَةُ التَّصْوِير: کیمرہ،آلہ تصویر کشی۔
آلَةُ التَّصْوِيرِ الشَّمْسِيّ: کیمرہ۔
آلَةٌ جَهَنَّمِيَّةٌ: مہلک مشین یا ہتھیار۔
آلَةٌ حَاسِبَةٌ: حسابی مشین،شمار کرنے کی مشین، کلکولیٹر،کمپیوٹر۔
آلَةُ الخِيَاطَةِ: سلائی مشین،سینے کی مشین۔
آلَةٌ رَافِعَةٌ: کرین،جیک،گاڑی کے پہیوں کو اوپر اٹھانے کا آلہ۔
آلَةٌ رَافِعَةٌ لِلمِيَاهِ: پمپنگ انجن،پانی نکالنے کی مشین۔
آلَةٌ طَابِعَةٌ: پرنٹنگ پریس۔
آلَةٌ كَاتِبَةٌ: ٹائپ رائٹنگ مشین،ٹائپ رائٹر۔
آلَةٌ كَاتِبَةٌ كَهْرَبَائِيَّةٌ: الیکٹرک ٹائپ رائٹر۔
آلَةٌ مُحَرِّكَةٌ: انجن۔
آلِيٌّ: خودکار،روٹین،مشین سے چلنے والا مشین کا بنا ہوا،کل دار،میکانیکی۔
آلِيًّا: خودبخود
ألآلِيَّة: خودکار آلات سے کام لینا۔
أوَّل: پہلا،ابتداء،آغاز،اہم،بڑا،شروع،فرسٹ۔
أوَّلُ دَرَجَةٍ: نمبر اول،فرسٹ۔
أوَّلُ البَارِحَةِ: پرسوں گذشتہ۔
الأوَّلُ: متقدم،پہل کرنے والا،سبقت لے جانے والا،آگے رہنے والا۔
مِنَ الطِّرَازِ الأوَّل: کلاسیکل،پرانے

طرز کا۔
مُفَتِّشٌ أَوَّلُ: چیف انسپکٹر
الرَّعِيلُ الأَوَّلُ: پہلی جماعت۔
الرَّجُلُ الأَوَّلُ: نمبر ایک آدمی، شخصیت نمبر ایک۔
مُلازِمٌ أَوَّلُ: لیفٹینیٹ (ایک فوجی عہدہ)
أَوَّلِيٌّ: پہلا، پہلے نمبر پر، ابتدائی، پرائمری، اصولی، بنیادی۔
أَوَّلُ العَهْد: ابتدائی دور۔
أَوَّلاً بأَوَّل: سب سے پہلے، فوری طور پر۔
أُولَمْبِيَّة: اولمپک
أَوْلَوِيَّة: اولیت، فوقیت۔
أُولَى: فرسٹ
الدَّرَجَةُ الأُولَى: اپر کلاس، فرسٹ کلاس۔
أَوَّلِيَّة: مقررہ اصول، بنیاد، مسلمہ قضیہ۔
أَوَّلِيَّاتُ العِلْم: مبادیِ علم
المَوَادُّ الأَوَّلِيَّةُ: ابتدائی سامان، بنیادی میٹریل، خام مال۔
أُمْبَاشِي: دفعدار، فوج کا ایک چھوٹا عہدہ دار جس کے ماتحت سپاہی ہوتے ہیں، دس فوجی سپاہیوں کا افسر (ترکی)
أَوْنٌ و آنٌ و أَوَانٌ: سیزن، وقت، موسم ج: آونة.
آونة: اوقات، حالات
آونةٌ مُرَوِّحة: پرسکون حالات، اطمینان بخش احوال۔
آونةٌ مُرَوِّعَة: خوفناک حالات، بھیانک اوقات۔
الآنَ: ابھی اس وقت، اب۔
الآنَ أَيْضاً: اب بھی (مَعَ ذٰلِکَ)
إِلَى الآنَ، لِغَايَةِ الآنَ: تاایں دم، اب تک۔
آنذاک: اسی وقت۔
فِي أَوَانِهِ: بروقت، موسم کا، موسم میں۔
فِي غير أوانه: بے وقت، بے موسم۔
أَوْهِ: (اسم صوت) مرض یا حسرت وغم کی آواز
آهٌ ج: آهات: آہ۔
تَأَوَّهَ: کراہنا (تکلیف سے آہ بھرنا)
أَوَى ــ إِلَى إِوَاءً وَأُوِيّاً: پناہ لینا،
آوَى إِيوَاءً وأَوَّى تَأْوِيَةً: پناہ دینا، چھپانا، آباد کرنا۔
مَأْوًى: پناہ گاہ، ٹھکانا ج: مَآوٍ.

ا.........ی

إِيوَانٌ: ہال، لابی، پبلک ہال، محل، بڑی عمارت۔
أَيّ: کونسا۔
أَيٌّ كَانَ: کوئی بھی ہو۔
أَيُّ شَيْءٍ كَانَ: کچھ بھی ہو، ہرچہ باداباد۔
عَلَى أَيِّ حَالٍ: بہرحال، بہرصورت، کچھ بھی ہو۔
آيَة: نشان، عبرت، پندونصیحت، قرآن کریم کا ایک محدود حصہ۔
آيَةٌ فِي البَرَاعَة: مہارت کا نمونہ، انتہائی کمال۔
تَأْيِيد: حمایت، سپورٹ۔
تَأْيِيدُ الإِقْتِرَاح: تجویز کی حمایت۔
تَأْيِيدٌ قَوِيٌّ: زبردست حمایت۔
المُؤَيِّد: سپورٹر
الأَيْدِيُولُوجِيَّة العَقَائِدِيَّة: خیال پرستی، تصورات کا عالم۔
الأَيْدِيُولُوجِيَّة الشُّيُوعِيَّة: کمیونسٹ۔

آئیڈیالوجی۔
أیَّارُ: ماہِ مئی۔
إِیَّاکَ: تجھ ہی کو، ضمیر منصوب منفصل۔
إِیَّاکَ أَنْ تَفْعَلَ کَذَا: خبردار ایسا نہ کرنا۔
إِیطَالِیَا: ملک اٹلی۔
اَلإِیَّل، الأَیَّل، الأُیَّل: بارہ سنگھا، ج: أَیَایِلُ و أَیَائِلُ
أَیْلُوْلُ: ماہِ ستمبر
إِیَالَة: صوبہ (ترکی)۔

ب

ب...........ا

بِ: (۱) ساتھ (۲) سے (۳) ذریعہ (۴) بدلہ (۵) سبب (۶) میں (۷) تعدیہ (۸) زائدہ

بَاعَ بالجُملَة: تھوک فروخت کیا۔

مَرَّبالسُّوق: بازار سے گذرا

کَتَبَ بالقَلَم: قلم سے لکھا۔

صَعِدَ بالسُّلَّم: سیڑھی کے ذریعہ چڑھا۔

بَاعَ الکِتَابَ برُوْبِیَة: کتاب ایک روپے کی فروخت کی۔

فَشَلَ بالاِهْمَال: لاپرواہی کی وجہ سے ناکام ہوا۔

أخَذَ بالیَد: ہاتھ میں لیا۔

بَاحَ بِسِرّہ: اس کا راز ظاہر کیا۔

لیس بجیّد: عمدہ نہیں ہے۔

بَأبَأَ الولَدُ: بچہ کا بابا کہنا۔

بَابَا: عیسائیوں کا پوپ اعظم

بَابُور: دیکھئے وابور)

بَابُورُ البَحْرِ: سمندری جہاز

بَابُورُ سِکَّةِ الحَدِید: ریلوے انجن۔

بَاتَ (دربیت)

بَاتِیستہ: باریک ململ۔

بَاثَالُوجِیَا: علم العلاج، علم ترکیب ادویہ

بَاحَ: (دربوح) بَاخَ (دربوخ)

بَاخِرَة: (دربخر)

باد (دربید)

بَادِر: (دربدر)

بَاذِنْجَان: بیگن، و بَاذِنْجَانَة

بَأرَ ــ بَأرًا: کنواں کھودنا۔

بِئرٌ: کنواں ج: آبَارٌ، أبْؤُرٌ، و أبْآرٌ. و بِئَارٌ.

بُؤْرة: ج: بُؤَر بھنور (۱) نقطۂ اجتماع (۲) گڑھا

بُؤرَةٌ خَطِیرَة: خطرناک بھنور۔

بَارُ: (۱) شراب خانہ۔

بَارلَمَان: پارلیمنٹ

بَارْنَامَج، بَرْنَامَج: پروگرام، فہرست

بَارُومِتر: (مع) بارومیٹر، بیرومیٹر، آلہ بادپیما

بَارِیس: پیرس

بَارِیسِیٌّ: پیرسی، پیرس کا، پیرس کا باشندہ۔

بَازَار: بازار، مارکیٹ۔

بَأسٌ: طاقت، بہادری، قوت۔

ذُوبَأسٍ: طاقتور، بہادر۔

لابَأسَ بذَلِکَ: کوئی مضائقہ نہیں
لابأسَ بکذا: خاصی، خاصا (خِبرَۃ)
لابَأسَ بِهَا: خاصا تجربہ۔
لابَأسَ عَلَیکَ: تم کوکوئی خوف نہیں۔
شیء لابأسَ به: ناقابلِ اعتراض
بَئِسَ ـَ بُؤساً ، وبَأساً و بَئِیساً: تنگدست ہونا، بدحال ہونا محتاج وفقیر ہونا۔
بَؤُسَ ـُ بَأساً و بَأسَةً و بَآسَةً: طاقتور ہونا، بہادر ہونا۔
بُـؤسٌ بَـأسَـاءُ: بدحالی، تنگدستی، زبوں حالی، مصیبت
بَاسَابُورت، بَاسبُور: پاسپورٹ
بَائِسٌ: تنگدست، خستہ حال، مصیبت زدہ
بَاشَرَ: (دیکھئے بشر)
بَاش: چیف، صدر
بَاشَا: لقب، پاشا
بَاشکِیر: (دا) تولیہ۔
بَاطِسُ الحِذَاء: (دا) جوتے کا تلا
بَاصَةٌ: (مع) بس ج: بَاصَات
بَاقَة: گلدستہ ج: بَاقَات
بَالَةٌ إبَالَةٌ: تجارتی بنڈل، کپڑے کی گانٹھ۔
بَالُوعَةٌ: گندانالہ، گندی نالی
بَالُو: بال کا معرب) (۱) گیند (۲) ڈانس
بَالُون: (مع) غبارہ: (مُنطَاد)
بَامِیَا: (مع) بھنڈی
بَانِیُو: باتھ ٹب
بَاهَ للأمر ـَ بَاهاً: سمجھنا، تاڑنا۔

ب.........ب

بَبرٌ: ہندوستانی شیر، شیر ببر ج: بُبُور
البَبغَاءُ، و البَبَّغَاءُ: طوطا ج: بَبغَاوات.

ب.........ت

بَتَّ ـُ بَتّاً: قطع کرنا، کاٹنا۔
بَتَّ الأمر وفیه: آخری فیصلہ کرنا، فیصلہ کرنا، طے کرنا۔
بَتٌّ: فیصلہ، قطعیت۔
بَتَّةَ البَتَّةَ: یقیناً، قطعاً ہمیشہ۔
بَتَاتاً: قطعی طور پر، آخری طور پر، بالکل
بَتَرَ ـُ بَترًا: کاٹنا، کترنا، حصۂ جسم کاٹنا
بَترٌ: قطع وبرید، نقص
بَتَّار: تیز، قاطع
أَبتَرُ مَبتُور: (۱) دُم بریدہ (۲) ناتمام ناقص، لاولد۔ (جُملَة مَبتُورَة) ناتمام جملہ۔
بترُول: (مع) (۱) (پٹرول) (۲) مٹی کا تیل
بترُولٌ خام: غیر صاف شدہ پٹرول
بترُول مُکرَّرٌ: صاف شدہ پٹرول
بَتَّلَ تبتِیلاً: قطع کرنا، دور کرنا
بَتَّلَ و تَبَتَّلَ: شادی نہ کرنا، بے رغبت ہونا، متوجہ نہ ہونا
مَبتُول: غیر شادی شدہ، کنواری عورت۔
بتنجان: بینگن
بتیَّةٌ: غسل کرنے کا ٹب، باتھ ٹب۔

ب.........ث

بَثَّ ـُ بَثّاً: پھیلانا، شائع کرنا، بکھیرنا، بھیجنا، اشاعت کرنا۔
بَثٌّ: اشاعت، بکھیرنا۔
بَثُّ الألغام: سرنگ بچھانا۔
بَثُّ رُوح الذّعر: دہشت انگیزی پھیلانا

بَثُّ السُّمُوم: زہر افشانی کرنا۔
بَثُّ الفِکْرَة: نظریہ کی اشاعت کرنا
إنْبِثَاث: پھیلنا، شائع ہونا، بکھرنا۔
مُنْبَثٌّ: شائع، منتشر، بکھرا ہوا۔
بَثِرَ ـَ بَثَرَ ـِ بَثَرَ ـُ بَثْراً و بُثُوراً: پھنسیاں نکل آنا، چہرہ پر دانے نکل آنا۔
بَثْرَةٌ: پھنسی ج: بَثْر و بُثُور
بَثَقَ ـُ بَثْقاً و بَثَّقَ: شق کرنا، توڑنا، چاک کرنا، پانی کا نہر کو توڑنا۔
إنْبِثَاق: نکلنا، شق ہونا، طلوع ہونا، پانی کا جاری ہونا، (۲) پنکچر ہونا۔
إنْبِثَاقُ الشيء من کذا: نتیجہ کے طور پر نکلنا۔

ب .... ج

بَجِحَ به ـَ بَجَحًا: خوش ہونا۔
بَجَّحَ تَبْجِيحًا: (ا) بے حیا ہونا، خوش کرنا۔
تَبَجَّحَ: فخر کرنا، اترانا۔
بَجَدَ ـُ بُجُوداً: ب۔ قیام کرنا، مقیم ہونا۔
بَجْدَة: اصل، اصلیت، حقیقت۔
إبْنُ بَجْدَة: باخبر، حقیقت شناس
بَجِرَ ـَ بَجَراً: بڑے پیٹ والا ہونا۔
بُجْرَة: ناف ج: بُجَر
أبْجَرُ: بڑے پیٹ والا۔
بَجَسَ ـُ بَجْسًا: جاری کرنا، بہانا، شق کرنا، چیرنا، پھاڑنا۔
إنْبِجَاس و تَبَجُّس: پھٹنا، جاری ہونا۔
بَجَعَ ـَ بَجْعًا: تلوار سے کاٹنا۔
بَجَعٌ: لمبی چونچ کا ماہی خوراک آبی پرندہ، حواصل و: بَجَعَة
بُجُولٌ: (ن۔س) خوش ہونا، خوشحال ہونا۔
بَجُلَ ـُ بَجَالَةً: معزز ہونا۔
تَبْجِيل: تعظیم کرنا، احترام کرنا۔
مُبَجَّلٌ: لائق احترام، معزز۔
بَجَمَ ـِ بَجْمًا و بُجُوماً: ڈر کر خاموش ہوجانا۔
بَجَنَ المِسْمَا رَتَبْجِينًا: کیل ٹھونکنا۔
البُوجِيَّة (عَرَبَة يَجُرُّها جَوَاد: بگھی۔

ب .... ح

بَحْبَحَة و تَبَحْبُح: باغ باغ ہونا، خوش ہونا۔
بَحْبُوحٌ: شریف الطبع (دا)
مُبَحْبِحٌ: فراخ، آرام دہ۔
بَحُتَ ـُ بُحُوتَة: خالص ہونا۔
بَحْتٌ: خالص
بَحَثَ في المَوْضُوع ـَ بَحْثًا: تحقیق کرنا، غور کرنا، چھان بین کرنا۔
بَحَثَ الأمْرَ: غور کرنا، اسٹڈی کرنا، ریسرچ کرنا۔
بَحَثَ عن: تلاش کرنا، جستجو کرنا۔
بَاحَثَ مَعَه في و تَبَاحَثَ: بحث کرنا، گفتگو کرنا، مباحثہ کرنا۔
بَحْثٌ: تحقیق، ریسرچ، مطالعہ، اسٹڈی، تھیسز، علمی تحقیق، تحقیقی مقالہ، تحقیقی مضمون ج: أبْحَاث و بُحُوث
بَحْثٌ إسْتِقْرَائِيٌّ: تجرباتی ریسرچ۔
البَحْثُ عن البِتْرُول: پٹرول تلاش کرنا۔
بَحْثٌ في الشيء: غور و فکر کرنا۔
بَحْثٌ عِلْمِيٌّ: ریسرچ
بَحْثُ المَسْئَلَة: مسئلہ پر غور کرنا
بَحْثٌ مُقَارِنٌ: تقابلی مطالعہ

بَحثٌ و مُناقَشةٌ: بحث ومباحثہ
بَحّاثة، بَحّاثٌ باحِثٌ: محقق
مَبحَثٌ: موضوع، موضوع تحقیق، موضوع مطالعہ ج: مَباحِث
المَباحِثُ الجِنائِيَّةُ: فوجداری تحقیقات
مُباحَثة: استدلالی گفتگو، مناظرہ، مقابلہ کلام، بات چیت، گفتگو ج: مُباحَثات
مُباحَثات: بات چیت، گفتگو
مُباحَثاتٌ تَمهِيدِيَّة: ابتدائی گفتگو، ابتدائی بحث ومباحثہ۔
مُباحَثات مباشرہ: گفتگو براہ راست۔
مُباحَثاتٌ وَجهًا لِوَجهٍ: روبرو بات چیت
مَوضُوعُ مُباحَثات: بات چیت کا موضوع
بَحثَرَة: بکھیرنا، برباد کرنا
تَبَحثُر: بکھرنا، برباد ہونا
بَحَّ ـَ بَحًّا و بَحاحَةً و بُحُوحَةً و بُحاحًا: آواز بیٹھ جانا، گلا خراب ہوجانا۔
بَحَّحَ تَبحِيحًا و أَبَحَّ إِبحاحًا: گلا پڑنا یا گلا خراب کردینا۔
بُحاح: گلے کی خرابی، آواز کا بھاری پن۔
أَبَحُّ، مَبحُوحٌ: بھاری آواز والا، خراب گلے والا۔
بَحِرَ ـَ بَحَرًا: مبہوت ہونا، حیران ہونا۔
إِبحارٌ: سمندر میں سفر کرنا، جہاز کی روانگی۔
بَحرٌ: سمندر، دریا ج: بِحار
البَحرُ الأَبيَضُ: دریائے روم، بحر روم
البَحرُ الأَحمَرُ: دریائے قلزم
البَحرُ الأَطلانطِيقِيُّ، البَحرُ الأَطلانطِيُّ: بحر اٹلانٹک جو افریقہ اورامریکہ کے درمیان واقع ہے۔
البَحرُ المُحِيطُ: محیط بحر، سمندر، بحر اعظم، ساگر۔
بَحرُ الظُّلُمات: دریائے اٹلانٹک
في بَحرِ كذا: دوران، اثناء، درمیان
بِحارَة: جہازرانی، سمندری سفر کی مہارت، کشتی رانی، ملاحی۔
بَحرِيٌّ: سمندری، دریائی، سمندر سے متعلق، جہازرانی سے متعلق (۲) شمالی۔
بَحّارٌ و بَحّارَة: ملاح، جہازراں
مُلحَقٌ بَحرِيٌّ: بحری اتاچی، اتاچی برائے بحری امور
نَقلٌ بَحرِيٌّ: سمندری ٹرانسپورٹ
بَحرِيَّة: نیوی، بحری طاقت، بحریہ۔
بَحرَةٌ: جوہڑ، کچا برساتی تالاب، گڑھا ج: بُحَرٌ و بِحار
بُحَيرَة: جھیل وتالاب ج: بُحَيرات
بُحرانٌ: ہذیان، سراسیمگی، بے ہوشی، (دیوانگی کی حالت، بیماری کی شدت کا درجہ۔

ب............خ

بَختٌ: قسمت، نصیب
فَتحُ البَختِ: قسمت بتانا
كِتابُ فَتحِ البَختِ: نجومی کی کتاب جس سے وہ لوگوں کا انکا نصیب بتاتا ہے۔
فاتِحُ البَختِ: نجومی، جوتشی، فال بتانے والا۔

قَلِيلُ البَخت: کم نصیب
بَخِيتٌ و مَبْخُوت: صاحب نصیب
بَخْتَرَة ، تَبَخْتَر: اترانا، اترا کر چلنا
بَخَّ ـُـ بَخًّا في النَّوم: خراٹے لینا
بَخّ الماء: پانی ٹپکانا
بُخَيخة: پچکاری، سرنج
بُخَيخةُ الحَدائِق: باغبانی کا آب پاش
بُخَيخة رَشَّاشَة: آب پاش (حجام کا)
بُخَيخةُ العُطور: گلاب پاش
بَخِرَ ـَـ بَخَرًا: گندہ دہن ہونا، منھ کا بدبودار ہونا۔
بَخَرَ المَاءُ ـَـ بَخْراً و بُخاراً و تَبَخَّرَ: بھاپ بننا۔
بَخَّرَ القِدرُ: دیگچی سے بھاپ اٹھنا۔
تَبَخُّر: دھونی لینا، بھاپ بننا۔
تَبْخِير: دھونی دینا، بھاپ بنانا
بَخَرٌ: بوئے دہن، بدبو
بُخَار: بھاپ، اسٹیم گیس، ج أبْخِرَة
بُخَارِيّ: دخانی، بھاپ دار
بُخَارِيَّة: اسٹیمر، بمپر
مَا سُورَةُ البُخَار: اسٹیم پائپ
مِيزَانُ ضَغط البُخَار: دخان پیما، جو بائلر میں لگا ہوتا ہے جس سے بھاپ کے دباؤ کی مقدار معلوم ہوتی ہے۔ ویپرو میٹر، بھاپ پیما، اسٹیم دیکھنے کا آلہ
وَابُور بُخَارِيّ: اسٹیم انجن
سَفِينَةٌ بُخَارِيَّة: دخانی کشتی، اسٹیمر
القُوَّةُ الدُّخَانِيَّة: اسٹیم پاور، دخانی طاقت
بَخُور: دھونی ج: أبْخِرَة و بَخُورَات

بَاخِرَة ج: بَوَاخِر: اسٹیمر، دخانی جہاز
بَاخِرَة ج: بَوَاخِر: اسٹیمر، دخانی جہاز
بَاخِرَةُ البَضَائِع: مال بردار جہاز
بَاخِرَةُ التَّجَسُّس: جاسوسی جہاز
بَاخِرَةُ شَحن: بار برداری کا جہاز
مِبْخَـرَة: (۱) دھونی دان ج: مَبَاخِر (۲) بھاپ کے ذریعہ صفائی کا آلہ
مِبْخَرَة: عوددان
بَخَسَ ـَـ بَخْسًا: قیمت گرانا، کم کرنا
بَخَسه حَقَّه: حق تلفی کرنا، ناانصافی کرنا
بَخَسُ قِيمَةٍ: قیمت کم کرنا
بَخَصَ عَينَه ـَـ بَخْصًا: آنکھ نکالنا
بَخَعَ نَفْسَه ـَـ بَخْعًا: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو گھلانا، ہلاک کرنا۔
بَخَقَ عَينَهُ ـَـ بَخْقًا: آنکھ پھوڑنا
بَخُلَ ـُـ بُخْلاً بَخِلَ ـَـ بَخَلاً و بُخْلاً و بُخُولاً: کنجوس ہونا

ب .... د

بَدَأَ ـَـ بَدْأً و ابْتَدَأَ: شروع کرنا، آغاز کرنا، افتتاح کرنا۔
بَدَّأه تَبْدِئَةً: مقدم کرنا، ترجیح دینا
بَادَأه مُبَادَأة: پہل کرنا
ــــ بالشَّرّ: جھگڑے کی ابتدا کرنا، چڑھائی کرنا۔
ــــ بالكَلام: گفتگو کی ابتدا کرنا، گفتگو میں پہل کرنا۔
بَدْء ، بَدَاءَة، إبْتِدَاء: آغاز، اول، شروع، اسٹارٹنگ، ابتداء۔
بَدَأَ اسْمُه يَخْبُو: اس کا نام مٹنے لگا۔

بَدأ سلسلةً من الإنفِجارات: اس نے برسنا شروع کردیا۔
بَدْءُ نشاط: سرگرمی جاری کرنا
بَدأتِ الجامِعةُ بالإعْدادِ لهذا المؤتمر: جامعہ نے اس کانفرنس کی تیاری شروع کر دی۔
بَدأت اللَّجنةُ عملَها: کمیٹی نے اپنا کام شروع کردیا۔
بَدأتِ المُباحثاتُ برئاسةِ فُلان: فلاں کی صدارت میں بات چیت شروع ہوئی۔
بَادِئٌ: پہل کرنے والا، اول، آغاز کنندہ
بَادِئ ذِی بَدْء: شروع میں
البَادِئ بالشرّ: حملہ آور، چڑھائی کرنے والا
بدَائِیّ: اصلی، بنیادی
اِبتِدَائِی: پرائمری، ابتدائی
شَهادَة اِبتِدَائِیة: پرائمری سارٹیفکٹ
مَدرَسة اِبتِدَائِیَة: پرائمری اسکول
مَبْدَأ: اصول، قاعدہ، بنیاد، اصل، سرچشمہ ج: مَبَادِئ
مَبادِئ: اصول و مَبدأ
مَبادِئ تَوجِیهیَّة: رہنما اصول
مَبَادِئُ الحِزْب: پارٹی کے اصول، جماعتی اصول
مَبادِئُ دِیمُقراطِیَّة: جمہوری اصول
مَبَادِئُ عَدَمِ الإنحِیاز: غیر جانبداری کے اصول
مَبادِئُ للتَّوجِیه والإرْشاد: رہنما خطوط
مَبادِئُ النِّقابَة: یونین کے اصول وضوابط
صَاحِبُ المَبْدَأ: خاص اصول کا مالک، با اصول، صاحب اصول، اصول پسند
سَامِی المَبَادِئ: بلند اصول انسان
مَبادِئُ العُلُوم: علم وفن کے بنیادی اصول
إعْتِناقُ المَبادِئ: اصول اپنانا
إنطِلاقاً مِنَ المَبادِئ: اصول کے تحت
مَبْدَئِی: بنیادی، اصولی، قانونی
مَبْدَئِیاً: اصولی طور پر، بنیادی طور پر
بَدَّدَ تَبدِیداً: بکھیرنا، منتشر کرنا، برباد کرنا
تَبدَّد: بکھر جانا، برباد ہوجانا
تَبدُّدُ النُّفُوذ: اقتدار مٹنا
تَبدِیدُ الإشاعات: افواہوں کی تردید کرنا
تَبدِیدُ الشُّکُوک: شبہات دور کرنا
تَبدِیدُ المَخاوِف: خدشات دور کرنا
تَبدِیدُ النَّوایا: ارادوں پر پانی پھیرنا،
إستِبداد: مطلق العنان ہونا، خودمختار وخود رائے ہونا، مطلق العنانی، اقتدار پسندی، ظلم، ڈکٹیٹرشپ
إستِبدادِیّ: ڈکٹیٹرانہ، ظالمانہ، مستبدانہ (٢) ڈکٹیٹر، ظالم وجابر
مُستَبِدّ: مطلق العنان، ظالم، خودرائے، ڈکٹیٹر، اقتدار پسند، جابرانہ، بے قاعدہ، بے اصول، ظالمانہ
بُدّ: چارۂ کار، چھٹکارا، خلاصی، حصہ
بِدایَةُ الطَّرِیق: ابتدائی مرحلہ
بِدایَةُ مَعالِمِ الشیٔ: آثار نظر آنا
لابُدَّ مِنْ کُلِّ بُدّ: ضرور، یقیناً
لابُدَّ منه: ضروری، لازمی
بَدَرَ ۔ بُدُوراً الی: جلدی کرنا، دوڑنا
بَدَّرَ تَبْدِیراً و بَادَرَ مُبادَرَة: عجلت کرنا،

سبقت کرنا، دوڑنا

بَدْرٌ: مہ کامل ج :بُدُوْر

بَدَارِ: جلدی کر

بَادِرَۃ ج بَوَادِرُ: مظہر، بدیہی چیز علامت

البَادِرَۃ الوُدِّیَّۃ: دوستانہ علامت

مُبَادَرَۃ: پہل، اقدام، نئی کوشش، پیغام، نیا قدم، نیا مشن

مُبَادَرَۃ الی: پیش قدمی کرنا

مُبَادَرَۃ بکذا: تجویز

مُبَادَرَۃ بالهُجُوم: حملہ میں پہل کرنا

مُبَادَرَۃُ رَاجَرْس: راجرس مشن

مُبَادَرَۃُ السَّلَام: امن مہم، امن مشن، امن اقدام۔

مُبَادَرَۃ لازِمَۃ: ضروری اقدام

مُبَادَرَات: شروعات، اقدامات

بَوَادِرُ: آثار، علامات، و بَادِرَۃ

بَوَادِرُ تَمْهِیْدِیَّۃ: ابتدائی آثار

بَوَادِرُ الخِلَاف: مخالفت کی علامتیں، آثارِ مخالفت۔

بَیْدَرُ الحِنْطَۃ: گیہوں کا کھلیان ج: بَیَادِرُ

بَدَعَ ـَ بَدْعًا و إِبْتِدَاع: ایجاد کرنا، گھڑنا، نئی بات پیدا کرنا۔

إِبْدَاع: بنانا، پیدا کرنا، کمال دکھانا ایجاد، اختراع

إِبْدَاعِیٌّ: جدت پسند

بَدْعٌ و إِبْتِدَاعٌ: اختراع، ایجاد

بَدِیْع: عجیب، عمدہ، موجد، خالق، اچھا، اچھوتا ج:بَدَائِع

بَدُعَ ـُ بَدَاعَۃً و بُدُوْعًا: باکمال ہونا

بَدَلَ ـُ بَدْلاً و بَدَّلَ تَبْدِیْلاً و أَبْدَلَ إِبْدَالاً: بدلنا، تبادلہ کرنا، باری باری کرنا

بَادَلَ الشیٔ مُبَادَلَۃً: تبادلہ میں لینا

إِسْتِبْدَال: تبدیل کرانا، ایکسچینج

تَبَادُلُ الآرَاء: تبادلہ خیال کرنا

تَبْدِیْل: تبادلہ کرنا، ادلہ بدلہ کرنا، چینجنگ

تَبْدِیْلُ السُّرْعَۃ: انجن کا گیر لگانا

بَدَلٌ: عوض، متبادل

بَدَل: الاؤنس، معاوضہ، بدلہ، تبدیلی

بَدَلُ الإِشْتِرَاک: خریداری، اخبار یا رسالہ کی قیمت، اخباری چندہ

بَدَلُ إِقَامَۃ: کرایہ قیام، وظیفہ خورد ونوش، الاؤنس جو خورد ونوش کے لئے دیا جائے

بَدَلُ إِنْتِقَال: سفر الاؤنس، ٹی۔اے

بَدَلُ سَفَر: کرایہ سفر، سفر الاؤنس

بَدَلُ سَکَن: رہائشی بھتہ، رہائشی الاؤنس (۲) کرایہ مکان

بَدَلُ مَیْدَان: فیلڈ الاؤنس

بَدَلاً من کذا: بجائے اس کے

بَدَلات و بَدَل: الاؤنس

بَدْلَۃ: یونیفارم، سوٹ

بَدْلَۃُ ثِیَاب: کپڑوں کا جوڑا، سوٹ ج:بَدَلات

بَدْلَۃُ رِجَال: مردانہ سوٹ

البَدْمِنْتُن: بیڈمنٹن

بِدَالٌ (مِدْوَسٌ): پیڈل

بَدَّال: (۱) صراف، سکہ بدلنے والا، (۲) اشیائے خوردنی فروخت کرنے والا۔

بَدِیْلُ شیٔ: متبادل، بدل
بَدِیْلٌ صَالِحٌ: نعم البدل
بَدَّالَةُ التِلِیْفُون: ٹیلیفون ایکسچینج
تَبَادُل و مُبَادَلَة: لین دین، تبادلہ، ادلا بدلا
تَبَادُلُ الآرَاء: خیالات کا تبادلہ
تَبَادُلُ اَرْضٍ: زمین کا تبادلہ
تَبَادُلُ اَسْرَی الحَرْب: جنگی قیدیوں کا تبادلہ
تَبَادُلُ الأَفکار: خیالات کا تبادلہ
تَبَادُلٌ ثَقَافِیٌّ: ثقافتی تبادلہ
تَبَادُلُ التَّمْثِیْلِ الدِبْلُوْمَاسِیّ: سفارتی نمائندگی کا تبادلہ
تَبَادُلُ الخَوَاطِر: تبادلہ خیال کرنا
تَبَادُلُ کَلِمَاتِ التَّرْحِیْب: ایک دوسرے کو خوش آمدید کہنا۔
تَبَادُلُ وُجهات النَّظر: تبادلہ خیالات
تَبَادُلُ مُذَکِّرَات: خطوط کا تبادلہ
تَبَادُلُ النَّظَرَات: آنکھوں آنکھوں میں بات کرنا
تَبَادُلُ نَقْدٍ: مبادلہ زر
مُبَادَلَة: تبادلہ، ایکسچینج، مبادلہ
مُبَادَلَةٌ دَاخِلِیَّةٌ: ملکی ایکسچینج
مُتَبَادَل: مشترک، عام رائج، باہمی
بَدُنَ ـُ بَدَانَةً و بُدْنًا: بھاری جسم ہونا موٹے بدن کا ہونا
بَدَنِیّ: جسمانی
رِیَاضَة بَدَنِیَة: ورزش
عُقُوْبَة بَدَنِیَّة: جسمانی سزا
بَدَانَة: موٹا پن، موٹاپا

بَدِیْن: موٹا، بھاری جسم کا
بَدَهَ ـَ بَدْهاً: اچانک آنا
بَدَهَ ـَ بَدَاهَةً و ابْتَدَهَ: برجستہ بولنا
بَدَاهَة: برجستگی، بے ساختگی
بَدِیْهِیٌّ: ظاہر، واضح محتاجِ بیان نہیں
بَدْوٌ: جنگل، دیہات، دیہاتی پن، گنوار پن
بَدَوِیّ: دیہاتی، غیر متمدن، غیر مہذب
بُدُوٌّ (ن): ظاہر ہونا، روشن ہونا
بَدَا لِلفِکْر ـُ بُدُوًّا: ذہن میں آنا
إِبْدَاء مُبَادَاة: ظاہر کرنا
تَبَدِّی: ظاہر ہونا، دیہاتی زندگی اپنانا
بَادٍ: ظاہر، روشن، واضح
بَدَاوَة: بے تمدنی، ناشائستگی
بادیة: جنگل ج: بادیات، بَوَادٍ

ب .... ذ

بَذَأَ ـَ بَذْءً و بَذَاءً: ناپسند کرنا، مذمت کرنا
بَذِیْ: برا، ناپسندیدہ
بَذِیُّ اللِّسَان: بدزبان، بدکلام
بَذَاءَة: برائی، بدزبانی، بدکلامی
بَذَخَ ـَ بَذَخاً: بلند ہونا، تکبر کرنا
بَاذِخ: بلند
بَذَّ ـُ بَذًّا: غالب ہونا، فوقیت لے جانا
بَذَّ ـَ بَذَاذًا و بَذَاذَةً: (س) بدحال ہونا
بَذَاذَة: پراگندگی، شکستہ حالی، گندگی
بَذَرَ الحَبَّ ـُ بَذْرًا: (۱) بونا، بیج ڈالنا، تخم ریزی کرنا (۲) مال کو فضول خرچ کرنا
بَذْر: بیج ج: بُذُوْر: نسل، گٹھلی
بَذَّرَ تَبْذِیْرًا: فضول خرچ کرنا
بَذَلَ ـُ بَذْلاً: خرچ کرنا

بَذَلَ نَفْسَه: جان کی بازی لگانا، قربانی دینا
بَذَلَ. وُسْعَه: کوشش کرنا، جدوجہد کرنا
بَذَلَ. و اِبْتِذَال: ناجائز استعمال کرنا، غلط طور پر خدمت لینا، حقارت سے کام لینا
بَذْلٌ: خرچ، داودہش، قربانی، قربانی کرنا
بَذْلُ أقْصَى جُهُوْدٍ: آخری سے آخری کوشش کرنا
بَذْلُ التَّضْحِيَات مِنْ أجْلِ تَحْقِيْق الأهْدَاف: مقاصد کی تکمیل کے لئے قربانی دینا۔
بَذْلُ الذَّات: تن دہی، جاں بازی
بِذْلَةُ ثِيَاب: سوٹ، کپڑوں کا جوڑا
بِذْلَةُ السَّهْرَةِ: شام کا لباس
بِذْلَةُ العَمَل او الشُّغْل: اوپری پوشاک جو بوقت کام پہنی جاتی ہے
بِذْلَة رَسْمِيَّة: سرکاری وردی
بِذْلَة حُكُوْمِيَّة: سرکاری یونیفارم
بِذْلَة مَلَكِيَّة: شاہی لباس
بِذْلَة نِظَامِيَّة: یونیفارم
بَذْلُ الدَّم: خون دینا، جان دینا، قربانی دینا
بَذْلُ المُحَاوَلَات: کوشش کرنا
مُبْتَذَل: حقیر، مستعمل، پرانا، ریڈی میڈ

ب .... ر

بَرَأَ ۔ بَرْأً: پیدا کرنا
بَرِئَ المَرِيْضُ ۔ بُرْءً ا: صحت یاب ہونا
بَرِئَ الجُرْحُ: زخم بھرنا، اچھا ہونا
بَرِئَ من كذا: بری الذمہ ہونا سبکدوش ہونا، گناہ یا جرم سے پاک ہونا
بَرَّأه تَبْرِئَة: بری کرنا، بے گناہ قرار دینا

تَبْرِئَة و إبْرَاء: سبکدوش کرنا، بے قصور ٹھیرانا، بیمار کو شفا دینا
تَبَرَّأ من: دست بردار ہونا، نجات پانا، ناپسند کرنا، اظہارِ براءت، بچنا
بُرْءٌ و بُرُوْءٌ: شفا، صحتیابی
بَرَاءَة: معصومیت (۲) سند، ڈپوما، خلاصی، چھٹکارا صفائی، لائسنس
بَرِئ: پاک، سبکدوش، دست بردار، شفایاب، صحت یاب
بَرِئ: معصومانہ
بَرِيْ ج أبْرِيَاءُ: بے گناہ، معصوم،
بَرِيَّة: مخلوق ج: بَرَايَا
بَارِئ: خالق
إبْرَاء و تَبْرِئَة: سبکدوشی، ڈسچارج
بَرْبَرَة: بڑبڑانا، بک بک کرنا، جھک کرنا، فضول باتیں کرنا
بَرْبَرَةٌ: وحشی، مغربی افریقہ کی ایک قوم
بَرْبَرِيَّة: وحشی پن
بُرْتُغَال (مع): پرتگال
بُرْتُقَالٌ: بُرْتُقَان: سنگترا، نارنگی
شَرَابُ البُرْتُقَال: شربتِ سنترہ
عَصَّارَةُ البُرْتُقَال وغيره: رس نکالنے کا آلہ
بُرُتكُول: (مع) پروٹوکول
بُرْثُنٌ: پرندہ کا پنجہ ج: بَرَاثِنُ
بَرَاثِنُ الإسْتِعْمَار: سامراجی پنجے
بُرْجٌ: قلعہ، محل، گنبد ج: بُرُوْج
بُرْجٌ: ٹاور، برج ج: أبْرَاجٌ
بَارِجٌ: ماہر جہاز رانی، ماہر ملاح

بَـارِجَة: مسلح جہاز، جنگی جہاز، میدان جنگ ج: بَوَارِجُ

بَـارِجَةُ أَمِيرِ الْبَحْرِ: جہاز جس پر امیرالبحر کام کر رہا ہو

تَبَرَّج: عورت کا سنگار کرنا

بَرْجَلٌ: (دا) پرکار، دائرہ کش

بُرْجُمَةٌ: انگلی کا جوڑ ج: بَرَاجِمُ

بَرِحَ الْمَكَانَ و منه ـــ بَرَحًا: الگ ہونا

مَابَرِحَ: لگاتار، برابر

بَرَّحَ تَبْرِيحًا: تھکانا، پریشان کرنا

بَرَّحَ به الأَمْرُ: تکلیف میں مبتلا کرنا

بَرَاح: کشادہ زمین، فراخ جگہ

البَارِحَة: روزِ گذشتہ، شب گذشتہ

أَوَّلُ البَارِحَة: پرسوں گذشتہ

مُبَرِّحٌ: اذیت رساں، سخت

أَلَم مُبَرِّح: سخت درد

بَرَدَ ـُـ بُرُوْدَة و بَرَدَ ـُـ بَرْدًا و بُرُوْدًا: ٹھنڈا ہونا، سردی لگنا، زکام ہونا

بَرَدَ ـُـ بَرْدًا و بَرَّدَ و أَبْرَدَ: ٹھنڈا کرنا، حوصلہ پست کرنا

بَرَدَتْ هِمَّتُه: حوصلہ پست ہونا

بَرَّدَهِمَّتَه: حوصلہ پست کرنا

بَرَدَ الحَدِيْدَ ـُـ بَرْدًا: ریتنا، ریتی کرنا

إِبْرَاد: ڈاک بھیجنا، ڈاک سے بھیجنا

بَرْدٌ: سردی

بَرَدٌ: اولہ و: بَرَدَة

بَرَّاد: (دا): فلٹر، ٹھیک ٹھیک بٹھانے والا (آلہ)

بَرَّادُ الشَّاي: چائے دان، ٹی پاٹ

بَرَّاد (وِعَاء لِتَبْرِيْدِ السَّوَائِل): (واٹر) کولر

بَارِد: کولڈ، ٹھنڈا

بَرَّادَة: ریفریجریٹر، ٹھنڈا کرنے کی مشین

بَرَّادِيَّة: (دا) واٹر کولر، پانی ٹھنڈا کرنے کا بکس

بُرَادَة: لوہے کا برادہ

بَرُوْد: پٹاخوں وغیرہ کا بارود

بَرُوْدَة و بَارُوْدَة: رائفل، بندوق

بَرِيْدٌ: (۱) قاصد (۲) ڈاک (۳) پوسٹ مین

بَرِيْدٌ بَحْرِيٌّ: بحری ڈاک

بَرِيْدٌ جَوِّيٌّ: ایرمیل، ہوائی ڈاک

بَرِيْدٌ صَادِرٌ: جانے والی ڈاک

بَرِيْدٌ عَادِيٌّ: معمولی ڈاک

بَرِيْدٌ مُسَجَّلٌ: رجسٹرڈ میل

بَرِيْدٌ وَارِدٌ: آنے والی ڈاک

أُجْرَة البَرِيْد: پوسٹیج، محصول ڈاک

خِدْمَاتُ البَرِيْد: میل سروس

طَابَعُ البَرِيْد: ڈاک ٹکٹ، اسٹامپ

صُنْدُوْقُ البَرِيْد: لیٹر بکس

خَتْمُ البَرِيْد: ڈاک مہر

مَصْلَحَةُ البَرِيْد: محکمہ ڈاک

مَكْتَبُ البَرِيْد: پوسٹ آفس

بَرِيْدِيّ: ڈاک کا، ڈاک خانہ کا

بَـارِدٌ: (۱) ٹھنڈا (۲) سست و کاہل (۳) بے حس (۴) کند

بَارِدُ الطَّبْع: نرم و مزاج، ٹھنڈے مزاج کا

مِبْرَدٌ: ریتی ج: مَبَارِدُ

مِبْرَدُ النَّجَّار: رندا

مِبْرَدٌ أُقْطُش: کند ریتی یا رندا

مِبْرَدٌ مُنكَّث: خم دار رندا

مِبْرَدُ نِصْفِ دَائِرَة: کمان دار رندا

مُبَرِّد: خوشگوار، ٹھنڈا کرنے والا
المُبَرِّد: واٹر کولر، کولر، ریفریجریٹر
بِرْذَوْن: بار برداری کا گھوڑا ج: بَرَاذِیْنُ
بَرَّرَ تَبْرِیْرًا: جائز قرار دینا، سبکدوش کرنا، بری قرار دینا
تَبْرِیْر: صفائی، معصومیت، کسی کی طرف سے صفائی پیش کرنا، بے گناہ، ثابت کرنا، جائز قرار دینا۔
تَبْرِیْرُ العَمَلِیَّةِ الإجْرَامِیَّة: مجرمانہ کارروائی کو جواز کا رنگ دینا۔
تَبْرِیْرٌ مَفْلُوْجٌ: غدر لنگ
یُبَرَّرُ: لائقِ عفو، قابلِ معافی
لَا یُبَرَّرُ: ناقابلِ عفو
مُبَرِّرٌ: عذر، وجہِ جواز، سبب ج: مُبَرِّرَات
المُبَرِّرُ الكَافِي: بڑا جواز
مُبَرِّرَات: بہانے، صفائیاں
بَرَّ ـِ بِرًّا: اطاعت کرنا، حسنِ سلوک کرنا، اچھا برتاؤ۔
بَرَّ فِي قَوْلِهِ: ٹھیک بات کہنا، سچ بولنا
بَرَّ فِي الیَمِیْن: قسم پوری کرنا
بِرٌّ: نیکی، حسنِ سلوک، اطاعت، احسان
بُرٌّ: گیہوں
بَرٌّ: خشکی
نَقْلٌ بَرِّیٌّ: زمینی ٹرانسپورٹ
بَرٌّ وَ بَارٌّ: نیک، فرمانبردار، صالح
بَرًّا: (۱) خشکی کے راستہ سے، (۲) باہر
بَرًّا وَبَحْرًا: بحروبر سے
بَرَّانِي: بیرونی، اجنبی، خارجی
بِلَادُ البَرِّ: بیرونی ممالک

مَبَرَّة: نیکی احسان ج: مَبَرَّات
بَرَزَ ـُ بُرُوْزًا، بَرِزَ ـَ بَرَزًا: ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، ممتاز ہونا، مشہور ہونا، ابھرنا
بَرَزَ علی غیرہ ـُ بَرَازَةً: فوقیت لیجانا
بَارَزَہ مُبَارَزَةً: مقابلہ کرنا
إبْرَاز: ظاہر کرنا، نمایاں کرنا، نکالنا، پیشکش
إبْرَازُ الحَقِیْقَة: اظہارِ حقیقت
تَبَرَّزَ: پاخانہ کرنا
بِرَازُ الإنْسَان: پاخانہ، لید وغیرہ
بُرُوْزٌ (ن): ابھار، نمایاں ہونا
بُرُوْزُ العُرُوْقِ فِي الأَیْدِي النَّحِیْلَةِ: نازک ہاتھوں کی رگیں دکھائی دینا۔
بُرُوْز: ابھار، نمود
مُبَارِز: مقابل، مردِ میدان، جنگلی
مُبَرِّز: نمایاں، ممتاز
مُبَارَزَة: مقابلہ
بَرْزَخ: خاک نائے
بُرْش: پائدان
بَرْشَمَ فیہ بَرْشَمَةً: گھورنا
بَرْشَمَ الشَّيْءَ: سیل لگانا، کیل لگانا، مضبوط بند کرنا
آلَةُ البَرْشَمَة: کیل لگانے کی مشین
بَرَشُوْت: (مع) پیراشوٹ، فوجی چھتری
بَرَشُوْتِي: چھاتہ بردار سپاہی
بَرِصَ ـَ بَرَصًا: برص میں مبتلا ہونا
بَرَص، أبُوبُرَیْص: چھپکلی
بَرْطَلَة: رشوت دینا
تَبَرْطَل: رشوت لینا
بُرْطُلَة: چھتری

مُبَرْطَلٌ: چھت دار
بَرْطَمَة: غصہ سے پھول جانا، غصہ سے ہونٹ نکالنا
بَرْطمان: مرتبان
بَرِيطَانِيَا العُظمىٰ: برطانیہ عظمیٰ
بَرِيطَانِيَة: برٹش، برطانیہ
بَرَعَ ــَـ و بَرِعَ ــَـ و بَرُعَ ــُـ بَرَاعَةً و بُرُوعًا: صاحبِ کمال ہونا، ماہر ہونا
تَبَرَّعَ فِي: کمال حاصل کرنا، مہارت پیدا کرلینا
تَبَرَّعَ بشيء: چندہ دینا، خیرات کرنا
بَارِع: ماہر، باکمال
بَرَاعَة: کمال، مہارت
بَرَاعَةٌ إِدَارِيَّةٌ: انتظامی مہارت
البَرَاعَة العَسْكَرِيَّة: فوجی مہارت
تَبَرُّع ج: تَبَرُّعَات: چندہ، عطیہ، چندہ دینا
تَبَرُّعًا: مفت، بلاقیمت
تَبَرُّعَاتٌ تَطَوُّعِيَّة: رضاکارانہ چندہ
مُتَبَرِّع: چندہ دہندہ، عطیہ دہندہ
بَرْغَثَ المَكَانُ بَرْغَثَةً: کسی جگہ پسو پڑنا
بُرْغُوثٌ: پسو ج: بَرَاغِيثُ
بُرْغِيٌّ: پیچ ج: بَرَاغِيُّ
مِسْمَارٌ بُرْغِيٌّ: پیچ دار کیل
بَرَقَ ــُـ بَرْقًا و بُرُقًا و بَرَقَانًا و بَرِيقًا: چمکنا، ظاہر ہونا
بَرَقَتْ و أَبْرَقَت السَّمَاءُ: آسمان میں بجلی چمکنا
إِبْرَاق إِلَى: تار دینا، برقیہ روانہ کرنا
بَرْقٌ: بجلی، چمک، ٹیلی گراف
البَرْقُ اللَّاسِلْكِيّ: وائرلیس، ٹیلی گراف،
بَرْقِيّ: بجلی سے متعلق، بجلی کا
بَرْقِيًّا: بذریعہ تار
بَرْقِيَّة: ٹیلی گرام، تار ج: بَرْقِيَّات
بَرْقِيَّة بالشِّفْرَة: کوڈ ٹیلی گرام
بَرْقِيَّةٌ جَوَابِيَّة: جوابی تار
بَرْقِيَّةٌ غَيْرُ مُسْتَعْجَلَة: معمولی تار
بَرْقِيَّةٌ لاَسِلْكِيَّة: وائرلیس ٹیلی گرام
بَرْقِيَّةٌ مُسْتَعْجَلَة: ارجنٹ تار
بَرْقِيَّةٌ مُمَاثِلَة: ویسا ہی تار، سابق جیسا
بَرْقِيَّةٌ مُؤَجَّلَة: میعادی تار
بَرْقِيَّاتُ عَزَاء: تعزیتی تار
بَرَّاق: چمکدار، چمکیلا، بھڑکدار
عُيُونٌ بَرَّاقَة: چمکدار آنکھیں
بَارِقَة: بجلی والا بادل، کرن
بَارِقَةُ أَمَلٍ: شعاعِ امید، امید کی کرن
بَرِيق: آب وتاب
إِبْرِيقٌ: لوٹا، جگ ج: أَبَارِيقُ
إِبْرِيقٌ أُسْطُوَانِيُّ الشَّكْلِ: جگ
إِبْرِيقُ الشَّاي: کیتلی، ٹی پوٹ
إِبْرِيقُ القَهْوَة: کافی پوٹ
إِبْرِيق وطَسْتٌ: لوٹا سلفچی
مُبْرِقَة، آلَةُ التِلغرَاف: ٹیلی گراف
المُبْرِقَةُ المُبَاشِرَةُ: ٹیلکس
بَرْقَشَة: رنگنا، رنگوں سے آراستہ کرنا
مُبَرْقَش: رنگین، آراستہ
بُرْقُع: نقاب، برقع، ج: بَرَاقِعُ
بُرْقُوق: آلوچہ، آلو بخارا، شفتالو

بَرَکَ ــُ بُرُوْکاً و تَبْرَاکاً : قیام کرنا، اونٹ کا بیٹھنا
بَرَکَ الماءُ فی الأرض: پانی جمع ہونا
بَرَّکَ و أبرَکَ الجَمَلَ: اونٹ کو بٹھانا
بَارَکَ لہ و فیہ و علیہ مُبارَکَةً: برکت دینا
تَبَرَّکَ و تَبَارَکَ بہ : برکت حاصل کرنا، نیک شگون لینا
تَبَارَکَ: بلندو باعظمت ہونا
بَرَّکَہ تَبْرِیْکاً: مبارکباد دینا، برکت کی دعا کرنا
بُرْکَان ج: بَرَاکِیْنُ: آتش فشاں، کوہ آتش فشاں
بُرْکَانٌ ثَائِرٌ: آتش فشاں پہاڑ جس سے لاوا ابل رہا ہو
بُرْکَانٌ ثَائِرٌ هادِرٌ: زبردست لاوا پھینکنے والا آتش فشاں
بُرْکَانٌ خَامِدٌ: جس کا لاوا نکلنا بند ہو گیا
بُرْکَانٌ سَاکِنٌ: جس سے لاوا نہ نکل رہا ہو
فُوهَةُ البُرْکان: دہانہ آتش فشاں پہاڑ
مَقْذُوفاتُ البُرْکان: لاوا، آتشیں مادہ جو پہاڑ سے نکلتا ہے
بُرْکانِیٌّ: آتش فشاں پہاڑ کا
بِرْکَة ج: بِرَک : حوض، تالاب، گڑھا
مُبَارَک: خوشگوار، بابرکت
مُبَارَکَةُ شیءٍ: سراہنا
بَارَکَ جُهُودَہ مُبَارَکَةً: خراجِ تحسین پیش کرنا، سراہنا
بِرْکَارٌ: پرکار (مع)
بَرْلَمان: پارلیمنٹ

البَرْلَمَانُ السَّلِیْمُ: صاف ستھری پارلیمنٹ
البَرْلَمَانُ المَحَلِّیُّ فی الوِلَایَة: صوبائی پارلیمنٹ
إنتِخَابَات بَرْلَمَانِیَة: پارلیمنٹ کے انتخابات
بَرَمَ ــُ بَرْمًا و أبْرَمَ الحَبْلَ : بٹ دینا
بَرَمَ الأمْرَ: مضبوط و مستحکم کرنا، برقرار رکھنا
بَرِمَ ــَ بَرَمًا و تَبَرَّمَ: تنگ دل ہونا
بَرْمٌ و إبْرَام: پختہ کرنا، مضبوط کرنا، استحکام و مضبوطی
إبْرَامُ إتِّفَاق: معاہدہ کرنا
إبْرَامُ صَفْقَة: سودا کرنا
بَرِیْمَة: برما، سوراخ کرنے کا اوزار، ھیچکیش
بَرِیْمَة لِفَتْحِ الزُّجَاجَات: ڈاٹ کھولنے کا پیچ
إبْرَامُ المُعَاهَدَة و الإتِّفَاق: برقراری معاہدہ، استحکامِ معاہدہ
تَبَرُّم: تنگ دلی، ناگواری
التَّبَرُّمُ بشیءٍ: اکتاہٹ، ناگواری،
مُبْرَمٌ: مضبوط، مستحکم
قَضَاءٌ مُبْرَمٌ: اٹل فیصلہ، تقدیرِ الٰہی
بِرْمِیْل ج : بَرَامِیْلُ: بیرل، ڈرام، تیل کا پیمانہ، پیپا، کنستر
نِصْفُ البِرْمِیْل: ٹب
بَرَامِجُ التَّدْرِیْب: ٹریننگ پروگرام
بَرَامِجُ التَّنْمِیَة: ترقیاتی پروگرام
بَرَامِجُ الدِّرَاسَة بالمُرَاسَلات: مراسلاتی کورس
البَرَانْدِی (شَرَابٌ مُسْکِر): برانڈی

بَرْنَامج: ایجنڈا، پروگرام، فہرست ج: بَرَامِجُ
بَرْنَامِجٌ إِصْلَاحِيٌّ: اصلاحی پروگرام
بَرْنَامَجُ الدِّرَاسَة او التَّعْلِيم: نصابِ تعلیم
بَرْنَامَجٌ ذُو النِّقَاط العِشْرِيْن: بیس نکاتی پروگرام
بَرْنَامَجُ الغِذَاء العَالَمِيّ: عالمی غذائی امداد پروگرام
بَرْنَامَجٌ مَحَلِّيّ: مقامی پروگرام
بَرْنَامَجُ المُرَاجَعَة: آڈٹ پروگرام
بَرْنَامَجُ المُسَاعَدَة الخَارِجِيَّة: بیرونی امداد کا پروگرام
برنس: (مع) پرنس، امیر، شہزادہ
بُرْنَيْطَة ہیٹ (مع)
بُرْنَيْطَةُ اللَّمبَة: لمپ شیڈ
بُرْهَة: وقت، پیریڈ، لمحہ، تھوڑی دیر
بَرْهَنَ الشيءَ وعليه: دلیل قائم کرنا
بَرْهَنَةٌ على الوَطَنِيَّة: شہریت کا ثبوت پیش کرنا
بُرْهِيٌّ: تیز رفتار
بُرُوتُوكُول: دستاویز، معاہدہ، متعینہ طریقہ کار
بَرْوَزَة: (دا) فریم کرنا، چوکٹا لگانا
بِرْوَاز: چوکھٹا، فریم (دا)
بُرُوفَةُ المَطْبُوعَات: پروف
بَرَى القَلَمَ وَغَيْرَه ۔ِ بَرْيًا: تراشنا، چھیلنا، دبلا کرنا، ہڈیاں نکالنا
بَارَاه مُبَارَاةً: مقابلہ کرنا، میچ کرنا
تَبَارٍ: باہم مقابلہ، تسابق
إِنْبِرَاء: سامنے آنا، مقابلہ پر آنا، چیلنج کرنا

بَرِي: مٹی
بَرَّاءَة، مِبْرَاة: قلم تراش، پنسل تراش
مُبَارَاة: میچ، ٹورنامنٹ، مقابلہ
مُبَارَاة: مقابلہ، میچ، میچ کرنا
المُبَارَاة النِهَائِيَّة: فائنل میچ
بَرِيطَانِيَا: برٹش، برطانیہ

ب.........ز

بَزَرَ ۔ُ بَزْرًا: بیج ڈالنا
بِزْرٌ و بِزْرَةٌ: بیج، تخم ج: بُزُوْر
بَزْرَاء: کثیر الاولاد عورت
بَزَّ ۔ُ بَزًّا و بِزَّةً منه: چھیننا، زبردستی لینا
بِزَّةٌ: کپڑوں کا جوڑا، ڈریس، ہیئت، یونیفارم
بِزَّةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی وردی
بَزَّاز: پارچہ فروش، کلاتھ مرچنٹ
بَزَّازَةُ الأَطْفَال: بچے کی دودھ پینے کی شیشی (رَضَّاعَة)
إِبْتِزَاز: لوٹ کھسوٹ
الإِبْتِزَاز التَّهْدِيْدِيّ: بلیک میل
إِبْتِزَازُ المَالِ بتَهْدِيْد: بلیک میل کرنا
بَزَغَ ۔ُ بُزُوْغًا: طلوع ہونا، روشن ہونا
بَزَقَ ۔ُ بَزْقًا و بُزَاقًا: تھوکنا
بُزَاق: تھوک
بَزَّاقَه، مِبْزَقَة: پیکدان، اگالدان ج: مَبَازِق
بَزَلَ ۔ُ بَزْلًا: سوراخ کرنا، برمانا
بَزَلَ الزُّجَاجَة: شیشی کی ڈاٹ کھولنا
بَزَّال: ڈرام یا پیپے کی ٹینٹو
بِزَال: بوتلوں کی ڈاٹ کھولنے کا پیچ
مِبْزَل: ٹروکر، ایک خاص قسم کا طبی آلہ جس کے ذریعہ مریض استسقاء کے جسم

۔ رطوبت نکالی جاتی ہے

بزِیٌّ: ہ شریک بھائی

بَازِیٌّ: باز، شکاری پرندہ

ب .... س

بُسْتَانٌ: باغ ج: بَسَاتِیْنُ

بُسْتَانِیٌّ: باغبان، مالی، گارڈنر

بَسَرَ الخَبَرَ ــُـ بَسْرًا وَابْتَسَرَ: قبل ازوقت خبر دینا۔

بَسَرَ ــُـ بُسُوْرًا: ترش رو ہونا، چہرہ پر شکن پڑنا

بُسْرٌ: ناپختہ کھجور

مُبْتَسَرٌ: قبل ازوقت، بے موسم

بَسَّ ــُـ بَسًّا: اونٹ کو آہستہ چلانا، دھتکارنا

بَسٌّ و بَسَّةٌ: پوسی، بلی

بَسْ: بس، کافی ہے، فقط

بَسَطَ ــُـ بَسْطًا: پھیلانا، کشادہ کرنا، بچھانا، وسعت دینا، ظاہر وواضح کرنا، ہاتھ پھیلانا

بَسَطَ المَائِدَةَ: دسترخوان بچھانا

بَسَطَ یَدَہ: سخاوت کرنا، فراخ دستی کرنا

بَسَطَ الرَّجُلَ: خوش کرنا

بَسَطَ و بَسَّطَ الحَدِیْدَ: لوہے کو کوٹنا

بَسَطَ و بَسَّطَ الأَمْرَ: آسان وسہل کرنا

بَسْطُ النُّفُوْذِ علی ......(ن): اقتدار جمانا، رسوخ پھیلانا

بَسُطَ ــُـ بَسَاطَةً: معمولی ہونا، سادہ ہونا صاف ہونا

إِنْبِسَاط: پھیلنا، کشادہ ہونا، کھلنا، خوش ہونا

بَسْط: کشادگی، وسعت، وضاحت

بِسَاط: فرش، دری، وغیرہ ج: بُسُط

علی بِسَاطِ البَحْثِ: زیر غور، زیر بحث

بَسَاطَة: سادگی، صاف دلی، بے تکلفی

بَسِیْطٌ: سہل، معمولی، سادہ، صحیح النیت، سادہ دل

بَسِیْطُ الکَفِّ: فراخ دست، سخی

مَعْرِفَةٌ بَسِیْطَةٌ: معمولی تعارف

مَبْسُوْط: شائع، فراخ (۲) خوش طبع، بے تکلف

بَسَقَ ــُـ بُسُوْقًا: بلند ودراز ہونا

بَاسِق: بلند ودراز

بَاسِقُ الأَخْلَاقِ: بلند اخلاق

بَسْکُوْت و بَسْکُوِیْت: بسکٹ

بَسُلَ ــُـ بَسَالَةً و بَسَالًا: بہادر ہونا

تَبَسَّلَ: ترش رو ہونا، تیوری چڑھانا

إِسْتِبْسَال: لڑنے کے لئے آمادہ ہونا

بَسَالَة: جرأت، بہادری

بَاسِلٌ: جری، بہادر، ج: بَوَاسِلُ

بَسَمَ ــِـ بَسْمًا، تَبَسَّمَ و إِبْتَسَمَ: مسکرانا

مَبْسِمٌ: منھ ج: مَبَاسِمُ

مَبْسِمُ السِّیْجَارَةِ: سگریٹ ہولڈر

بَسْمَلَةٌ: بسم اللہ پڑھنا

ب .... ش

بَشِرَ ــَـ بِه بِشْرًا: خوش ہونا

بَشَرَ العُوْدَ وَالثَّمَرَ ــُـ بَشْرًا: چھیلنا

بَشَّرَہ تَبْشِیْرًا: خوشخبری دینا

بَاشَرَ الأَمْرَ مُبَاشَرَةً: خود انجام دینا، براہ راست انجام دینا

بَاشَرَ الصِّنَاعَةَ: پیشہ اختیار کرنا، پریکٹس کرنا

بَاشَرَ العَمَلَ: کام پر لگنا، انجام دینا، شروع کرنا
إسْتِبْشَار: خوش ہونا
الإسْتِبْشَار با المُسْتَقْبَل: مستقبل کی بشارت دینا
بِشْرٌ: خوشی
بَشَرَة: کھال، ظاہری سطح
بُشْرٰی و بِشَارَة: خوشخبری، مسرت بخش خبر
بَشَرِیٌّ: (۱) انسانی (۲) جلد انسانی سے متعلق
بَشَرِیَّة: نوعِ انسان، نسل انسان
أعْطَابٌ بَشَرِیَّةٌ: جانی نقصانات
قُوَّة بَشَرِیَّة: افرادی طاقت
بِشَارَة: (۱) خوشخبری (۲) نیک شگون (۳) خیر (۴) انجیل (۵) حسن وجمال ج: بِشَارَات وبَشَائِرُ
بَشِیْرُ الوَجْه: خوب رو
بَشِیْرُ سَلام: امن کا پیغام بر
تَبْشِیْر: مسیحی تبلیغ
تَبْشِیْرِیّ: مشنری
تَبَاشِیْرُ: ابتدائی علامات، علامات، آثار
مُبَشِّر: (۱) خوشخبری دینے والا (۲) امر خیر کی دعوت دینے والا (۳) مذہبی واعظ، مشنری، مبلغ، عیسائی مذہب کا مبلغ
مِبْشَرَة: ج: مباشر: جلد صاف کرنے کا آلہ
مُبَاشِر: ڈائرکٹ، بلاواسطہ، براہ راست
رَئِیْسٌ مُبَاشِرٌ: ڈائرکٹ آفیسر
مُبَاشَرَة: براہِ راست، بلاواسطہ طور پر، ڈائرکٹ
مُبَاشَرَةٌ: آغاز، اتصال، اسٹارٹ کرنا
مُبَاشَرَةُ الحُقُوق البَرلَمَانِیَّة: پارلیمنٹری حقوق لینا
مُبَاشَرَةُ السُّلْطَة البَرلَمَانِیَّة: پارلیمنٹری اختیار حاصل کرنا
بَشِعٌ و بَشِیْع: بدشکل، بدرو
بَشْکِیْر: تولیہ

ب..........ص

بَصْبَص الکَلْبُ بِذَنَبِهِ بَصْبَصَةً: دم ہلانا
بَصْبَصَ الرَّجُلُ: چاپلوسی کرنا، تملق کرنا
بَصْبَصَ بعَیْنِهِ: آنکھ سے اشارہ کرنا
بَصِرَ ـَ و بَصُرَ ـُ الشَّیْءَ و به بَصَرًا و بَصَارَةً: دیکھنا، تہہ تک پہنچنا، جاننا
مَدَی البَصَر: حدِ نگاہ
بَصَرٌ: نگاہ، علم ج: أبْصَار
طَوِیْلُ البَصَرِ: دوربین، وسیع العلم
قَصِیْرُ البَصَر: کوتاہ بین، کوتاہ علم
بَصَرِیٌّ: آپٹیکل، آنکھ کا، نگاہ کا
بَصِیْرَة: ذکاوت، فہم، نورِ قلب، علم، دور اندیشی ج: بَصَائِرُ
فَتْحُ البَصَائِر: آنکھیں کھولنا
بَاصِرَة: آنکھ
تَبَصَّر فی: بصیرت حاصل کرنا
مُبَاصَرَة: ٹیلی ویژن، غائب بینی، مشاہدۂ غائب، لاسلکی کے ذریعہ ان واقعات یا اشیاء کا مشاہدہ کرنا جو فاصلہ یا حجاب کی وجہ سے آنکھوں سے اوجھل ہوں
مِبْصَار: ٹیلی ویژن، آلہ غائب میں ٹیلی ویژن سیٹ
بَصَّ ـِ بَصًّا و بَصِیْصًا: چمکنا، روشن ہونا، پانی برسنا

بَصَّةُ نارٍ ، بَصْوَة: شعلہ، چنگاری
بَصِيصٌ: چمک، روشنی، کرن
بَصِيصٌ من الأمَل: امید کی ایک کرن، امید کی جھلک، شعاعِ امید
بَصَّاصٌ: (دا) جاسوس، خبر رساں
بَصَّاصَةٌ: آنکھ (دا)
بَصَقَ ـُ بَصْقًا: تھوکنا
مِبْصَقَةٌ: اگالدان ج: مباصِق
بَصَلٌ: پیاز و: بَصَلَة
بَصَلٌ طَازَج: تازہ پیاز
بَصَلٌ مُجَفَّف: خشک پیاز
بَصَلٌ مُخَلَّل: پیاز کی چٹنی، سرکہ ملی ہوئی پیاز
بَصَلِيٌّ: پیازی، پیاز والا
بَصْم: سیل
بَصْمَة: ج: بَصَمات: نشانِ انگشت، نشانِ انگوٹھا

ب..........ض

بِضَاعَة: مالِ تجارت ج: بَضَائِعُ
بِضَاعَة تَالِفَة: (ضد: سَلِيمَة) خراب سامان
بِضَاعَةُ التِّجَارَة: سامانِ تجارت
بَضْعُ الجِلْد: نشتر زنی
بِضَاعَة تَحْتَ التَّشْغِيل: سامانِ زیر ترتیب زیر ترتیب سامان
بِضَاعَةٌ تَحْتَ الصُّنع: زیر تیاری سامان
بِضَاعَةٌ حاضِرَة: تیار شدہ سامان
بِضَاعَةٌ سَلِيمَة: (ضد: تَالِفَة): اچھا سامان
البِضَاعَةُ في الطَّرِيق: سامان چل پڑا ہے (یعنی راستہ میں ہے)
البِضَاعَة المُؤَمَّنُ عليها: انشورڈ سامان
بَضَائِعُ بِقَالَةٍ: پرچون کا سامان
بَضَائِعُ بالقَطْعَة: خوردہ سامان، سامان کے پیس
بَضَائِعُ بَلاسْتِيك: پلاسٹک کا سامان
بَضَائِعُ ثَقِيلَة: ہیوی مال، بڑا سامان
بَضَائِعُ جِلْدِيَّة: چمڑے کا سامان
بَضَائِعُ حَدِيدِيَّة: لوہے کا سامان
بَضَائِعُ خَطِرَة: نازک سامان، پرخطر سامان
بَضَائِع رَاكِدَة: نہ بکنے والا مال، کنڈم سامان، کنڈم مال
بَضَائِعُ زُجَاجِيَّة: کانچ کا سامان
بَضَائِعُ غَيْرُ تَامَّةِ الصُّنع: نامکمل اشیاء
بَضَائِعُ قَابِلَةٌ للاِشْتِعَال: آگ پکڑنے والا سامان
بَضَائِع قابلة لِلتَّلَفِ: خراب ہونے والا سامان
بَضَائِعُ قَابِلَةٌ للعَطَب: خراب ہونے والا سامان
بَضَائِعُ قَلِيلَةُ القِيمَة: کم قیمت چیزیں، کم قیمت مال
بَضَائِعُ كَاسِدَة: بے کار سامان
بَضَائِعُ كَبِيرَةُ الحَجم: بڑے عدد، بڑے سامان
بَضَائِعُ مُتَدَاوَلَة: چلنے والا سامان
بَضَائِعُ مُمْتَازَة: اعلیٰ قسم کا سامان
بَضَائِعُ مِنَ الدَّرَجة الأُولَى: اول درجہ کا سامان، ایک نمبر کا سامان
بَضَائِعُ مَنْزِلِيَّة: گھریلو سامان

اَلبَضَائِعُ الْمُهَرَّبَةُ: غیر قانونی درآمد برآمد شدہ مال
بَضَائِعُ هَندَسِيَّة: انجینئرنگ کا سامان
بَضَائِعُ تُدفَع عنها عوَائِدُ جُمرُكِيَّة: سامان جس پر کسٹم دیا جائے۔

ب.........ط

تَبَاطُؤ: تاخیر ڈھیلا پن
تَبَاطُؤ فی الإِنتَاج: پیداوار میں کمی، ڈھیلا پن
تَبَاطُؤٌ مُعَقَّدٌ: دانستہ تاخیر
مُبْطِئ: لیٹ
مُتَبَاطِئ فی الدَّفع: ادائیگی میں ست
بَطَّارِيَة: بیٹری
بَطَّارِيَاتُ سَيَّارَات: موٹر کار بیٹریاں
بَطَّارِيَات الصَّوَارِيخ: راکٹوں کی بیٹریاں
بَطَاطَا ، بَطَاطِس: آلو
بِطَاقَة: لیبل، چٹ، کارڈ ج: بَطَائِقُ بِطَاقَاتٌ
بِطَاقَةُ بَرِيدٍ: پوسٹ کارڈ
بِطَاقَةٌ بَرِيدِيَّة: پوسٹ کارڈ
بِطَاقَةُ تَحقِيقِ الشَّخصِيَّة: شناختی کارڈ
بِطَاقَةُ تَخزِين: مال جمع کرنے کا کارڈ
بِطَاقَة الجِرَايَات: راشن کارڈ
بِطَاقَةُ الدُّخُول إلى حَفلَةٍ أو إجتِمَاعٍ: داخلہ کارڈ، داخلہ پاس
بِطَاقَةُ الزِّيَارَة: وزیٹنگ کارڈ، ملاقاتی کارڈ
البِطَاقَةُ السِّيَاحِيَّةُ: ٹورسٹ کارڈ
بِطَاقَةُ شِرَاءٍ علی الحِسَاب: کریڈٹ کارڈ
بِطَاقَةُ الصِّنفِ: لیبل جس سے سامان کی قسم (کوالٹی) معلوم ہو

بِطَاقَةُ عُلبَة: ڈبے کی چٹ
بِطَاقَةُ العَنَاوِين: ایڈریس بک
بِطَاقَةُ مُخَرَّمَة: سوراخ کیا ہوا بلپ
بِطَاقَةُ الهُوِيَّة: ایڈنٹی کارڈ، شناختی کارڈ
بَطَلَ ـُ بُطلاً و بُطلانًا: فاسد ہونا، بیکار ہونا، باطل ولغو ہونا
بَطَلَ اسْتِعمَالُه: رواج ختم ہونا
بَطَّلَ الشَیْ تَبطِيلاً و أَبطَلَ: (۱) فسخ کرنا، کینسل کرنا، منسوخ، ختم کرنا، (۲) ناقص بنانا
إِبطَالُ صَحِيفَةٍ: اخبار بند کرنا
بَطَلَ ـُ بَطَالَة: دلیر ہونا، ہیرو بننا
بَطَلَ ـُ بُطُولَة: بیکار و بے مشغلہ ہونا
بَطَلٌ ج: أَبطَال . م : بَطَلَة: (۱) بہادر (۲) ہیرو (۳) شہسوار (۴) ممتاز کھلاڑی، مجاہد، ممتاز چیمپین
بَطَلٌ سِينَمَائِيٌّ: فلمی ہیرو
البَطَل المِغوَار: جانباز ہیرو
بَطَلٌ يُؤَلِّهُه قومُه: ہیرو جس کو اس کی قوم خدا مانتی ہے۔
بُطُولَات: بہادرانہ کارنامے
البُطُولَة: اعلیٰ کردار، کارنامہ، شجاعت، چمپین شپ
بُطُولَةُ العَالَم: عالمی چمپین
بُطُولَة عَالَمِيَّة: عالمی چمپین شپ
بُطُولَة مَسرَحِيَّة: ڈرامائی، ہیرو شپ، ڈرامائی کردار
الأَبَاطِيلُ: بے بنیاد باتیں
بَاطِل: (۱) حق کی ضد (۲) جھوٹا، (۳) بے قیمت، لغو، بے تاثیر، بے حقیقت، غلط

بطالَة: (۱) بیکاری، بے روزگاری (۲) چھٹی
بطالَة دَوریَّة: وقفہ جاتی بے روزگاری
بطالَة مُزمِنَة: دائمی بے روزگاری
بطالَة مُفتَعلَة: مصنوعی بے روزگاری
بطالَة موسمِيَّة: سیزنل بے روزگاری
بطُلِيمُوس: اسکندریہ کا عالمِ فلکیات
بَطَنَ ـُ بُطُونًا: چھپنا، پوشیدہ ہونا
بَطَنَ الأمرَ ـُ بَطْنًا و اسْتَبطَنه و تَبطَّنه: معاملہ کی تہ کو پہنچنا، نوعیت واقعہ کو سمجھنا
بَطِنَ ـَ بَطَنًا و بَطُنَ ـُ بَطَانَةً: پیٹ بڑھنا، بڑے پیٹ والا ہونا
بَطِينٌ: (۱) بڑے پیٹ کا (۲) ندیدہ، بسیار خوردہ
شأوٌ بَطِينٌ: مسافتِ بعیدہ
بِطْنَة: بسیار خوری، حرص، زیادتی خوراک سے پیٹ کا پھولنا، ندیدہ پن
إبْطان: چھپانا، پوشیدہ کرنا
بُطِنَ ـَ بَطْنًا: (مجہول): پیٹ میں درد ہونا
مَبْطُون: دردِ پیٹ میں مبتلا
بَطْنٌ ج: بُطُون و أبْطُن: (۱) پیٹ (۲) ہر چیز کا اندرونی حصہ
إنْقِباضُ البَطْن: قبض ہونا
بَطْنُ الرِّجل: پیر کا تلوا
بَطْنُ المِلْعقَة: چمچہ کی گہرائی
إبْنُ بَطْنِه: پیٹ کا بندہ، مطلبی
وَلَدَتْ ثلاثَةً فى بَطْنٍ وَاحِدَةٍ: بیک وقت تین بچے جنے۔
بَاطِنٌ: (۱) اندرونی حصہ (۲) پوشیدہ
بَاطِنًا: دل ہی دل میں، رازدارانہ طور پر
بَوَاطِنُ الأُمُورِ و ظَوَاهِرُها: معاملات کے مختلف پہلو، اسرار وظواہر
بِطَانَة ج: بَطَائِن: (۱) راز (۲) رازدار (۳) خاص آدمی
بِطَانَةُ الثَّوبِ (ضد ظِهارَة): استر، نیچے کا کپڑا
بِطَانَةُ الأمِير: حاشیہ نشین، مقربین، خاص لوگ
بِطَانَة: استر ج: بطانات
بَطَّانِيَّة: (۱) کمبل، بلانکٹ ج: بطَّانِيَّات
بِطِّيخ: (در بطخ) خربوزہ
بَاطِيَة: ج: بَوَاطٍ: بڑا پیالہ

ب.........ظ

بَظَّ ـُ العُودَ بَظًّا: باجے کے تاروں کو بجانے کے لئے درست کرنا
إبْظَاظ: موٹا ہونا (بَظِيظ موٹا)
بَظِرَ ـَ بَظَرًا: غیر مختون ہونا
أبْظَر: غیر مختون ج: بُظْر۔ م: بَظْرَاءُ
تَبْظِير: ختنہ کرنا

ب.........ع

بَعْبَعَة: (ثَرثَرة): بک بک کرنا، جلدی اور لگاتار بولنا
بَعَثَ الشئ وبه ـَ بَعْثًا: (۱) بھیجنا (۲) نکال پھینکنا، مردوں کو اٹھانا
بَعَثَ بالرِّسالَة الى: خط بھیجنا، پیغام بھیجنا
بَعَثَ بالبَرْقِيَة الى: تار بھیجنا
بَعَثَ من النَّوم: بیدار کرنا
بَعَثَ من المَوت: زندہ کرنا، جلانا، اُٹھانا
بَعَثَ على: آمادہ کرنا، مجبور کرنا، برانگیختہ کرنا
بَعَثَ على التَّفكِير: سوچنے پر مجبور کرنا

بَعَث: (۲) وفد بھیجنا، کمیشن روانہ کرنا
إِبتِعَاث: نمائندہ بنا کر بھیجنا
بَـعـث: (۱) قیامت (۲) روانگی (۳) وفد
ج: بُعُوث
بَعثَة: ڈیپوٹیشن، ایجنسی، مشن، وفد جو کسی مقصد سے کہیں بھیجا جائے، نمائندہ، ادارہ، کمیشن، باختیار وفد، ڈیلی گیشن ج: بَعثَات
بَعثَةُ الأُمَم المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا کمیشن
بَعثَةٌ تِجَارِيَّةٌ: تجارتی وفد کاروباری مشن
بَعثَةٌ ثَقَافِيَّةٌ: ثقافتی مشن
البَعثَةُ الجِيُولُوجِيَّة: جیالوجی کمیشن
بَـعثَة دِبـلُـومَـاسِيَّة: ڈپلومیٹک ایجنسی، سفارتخانہ، سفارتی مشن
بَعثَةٌ طُلَّابِيَّةٌ: طلبہ کا وفد، طلبہ کی جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے بھیجی جائے
بَعثَةٌ عِلمِيَّةٌ: تعلیمی وفد
بَعثَةٌ إِكتِشَافِيَّةٌ: تحقیقاتی جماعت، وفد بَاعِث
ج: بَوَاعِث: سبب، وجہ، علت
بَعث ج: بُعُوث: پیغام، مشن (۲) وفد، شام وعراق کی برسر اقتدار پارٹیاں، وہ جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے بھیجی جائے
بَعثِيّ: بعث پارٹی سے تعلق رکھنے والا
مَبعَث: سبب، باعث ج: مَبَاعِث
مَـبـعُـوث: (۱) نمائندہ (۲) پیامبر، بھیجا ہوا، قاصد، ڈیلی گیٹ، نائب، سفیر
مَبـعَـثُ الـذُّهُـول والإِستِغرَاب: باعث حیرت واستعجاب
مَبعُوث او وَزِير مُعتَمَد: معتمد علیہ نمائندہ
مَبعُوثُ الأُمَم المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا نمائندہ
مَبعُوث دِبلُومَاسِيّ: ڈپلومیٹک نمائندہ، سفارتی نمائندہ
مَبعُوث رَسمِيّ: سرکاری نمائندہ
المَبعُوث الشَّخصِيّ: ذاتی نمائندہ
مَبعُوث فَوق العَادَة: نائب قونصل
مَبعُوث فی مُهِمَّة خَاصَّة: سفیر، فرستادہ، کسی اہم کام کے لئے فرستادہ
مَبعُوث قُنصُلِيّ: کونسلر کا نمائندہ
مُبتَعَث: مبعوث
مَـجلِسُ الـمَبعُوثِين: پارلیمنٹ کا بورڈ، ہاؤس، ایوان نمائندگان
إِنبِعَاث: (۱) روانہ ہونا (۲) اٹھنا، پھیلنا
إِنبِعَاثُ الرَّائِحَةِ الكَرِيهَة: بدبو پھیلنا
إِنبِعَاث فی السَّير: تیز چلنا
بَعِث ـ بَعثًا: بیدار ہونا
تَبَعُّث شَيء: کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا
تَبَعُّث الشِّعر منه: شعر کی آمد ہونا
بَعثَرة: بکھیرنا، پھیلانا، منتشر کرنا
مُبَعثَر: پھیلا ہوا، منتشر
تَبَعثَر: منتشر ہونا، بکھرنا، پھیلنا
تَبَعثُرُ النَّفس: طبیعت بے چین ہونا
بَعَجَ البَطنَ ـ بَعجًا: پھاڑنا، چاک کرنا
بَعُدَ ـ بُعدًا: دور ہونا
إِبـعَـاد: (۱) دور کرنا (۲) معزول کرنا (۳) جلا وطن کر دینا (۴) زائل کرنا، برطرف کرنا، باہر نکالنا، پارٹی وغیرہ سے

نکالنا

إبعادُ الشیٔ عن الفِکْر: ذہن سے نکالنا

أبعادُ شیٔ: فاصلے، وسعتیں، گہرائیاں، پہلو، حدود، اثرات

أبعادُ قَضِیَّة: مسئلہ کا نشیب وفراز

أبعادِیَّة: زمین، کھیت، فارم

إستِبعاد: (۱) دور سمجھنا، (۲) ناممکن سمجھنا، خارج از امکان سمجھنا (۳) حذف کرنا، دشوار سمجھنا (۴) دور ہونا

إستِبعادٌ عن: حذف کرنا، نکالنا

إبتِعاد و تَباعُد عن: (۱) دور ہونا (۲) اجتناب کرنا، چھوڑنا

بُعد: (۱) دوری (۲) مسافت (۳) پہلو (۴) فاصلہ ج: أبعاد

بُعدٌ شاسِعٌ: طویل فاصلہ

بُعدُ النَّظَر: دوراندیشی

عن بُعدٍ: دور رہ کر، دور سے

علی بُعدٍ: دور، بہت دور، فاصلہ پر

بَعِیدُ المَدٰی: دوررس، طویل المیعاد، طویل الذیل

المُبْعَدُ: جلاوطن

بَعدُ: بعد، پھر

بَعدَ الآن: آئندہ، اب سے

بَعدَما: جب کہ، اس کے بعد کہ

بَعدُ _ (لِلآن): اب تک، ابھی تک، تا ایں دم

بَعَّرَ الحَیَوانُ تبعیرًا: زیادہ مینگنی کرنا

مَبْعَرٌ: مینگنی نکلنے کی جگہ ج: مَباعِرُ

بَعزَقَةٌ: پراگندہ کرنا، بکھیرنا

بَعْض: حصہ، ٹکڑا ج: أبعاض

بَعضُ التَّبرِیر: کسی حد تک وجہ جواز

بَعضُ الوَقْت: پارٹ ٹائم

بَعُوضٌ: مچھر و: بَعُوضَة

بَعُوضُ المَلارِیَا: ملیریائی مچھر

بَعلٌ: ج: بُعُول: خاوند، شوہر

ب..........غ

بَغتَهٗ ـ بَغتًا و باغتہ مُباغَتَةً: یکا یک آنا، تعجب خیز طریقہ سے آنا

إنبِغات: کسی چیز کے اچانک ظہور سے متاثر ہونا، ٹپٹا جانا

بَغتَةً: اچانک، یکا یک، لاعلمی میں، بلاتوقع، ایک دم، بے خبری میں

مُباغَتَة: اچانک آنا، یکبارگی کوئی کام کرنا

بَغیٰ _ بَغیًا و بغاءً: زنا کرنا

بَغیٰ علیه: ظلم کرنا، زیادتی کرنا، خلاف کرنا

إبتِغاء: پسند کرنا، چاہنا

مُبتَغٍ: آرزومند

یَنبَغِی: مناسب ہے، لازم ہے، چاہئے

بَغْيٌ و بُغاءٌ: (۱) ظلم ستم (۲) زنا

بَغِیٌّ ج بَغایا: عصمت فروش عورت، زانیہ

بُغیَة: مطلوب، مقصد، حاجت

باغٍ ج: بُغاة: (۱) ظالم (۲) نافرمان

ب..........ق

بَقّ: (دربقق)

بَقبَقَة: زیادہ بولنا، جھک کرنا

بَقباق: بسیار گو، جھکی آدمی

بُقجَة: (۱) بقچی، پوٹلی، بنڈل

بُقجَةُ صابُون: صابن کی ٹکیہ

بَقَرَ الشيءَ ــــُــــ بَقْرًا: پھاڑنا، کشادہ کرنا (۲) کھودنا

بَقَرٌ: (اسم جنس) گائے و بقرۃ ج: بقرات

بَقَرُ الوَحْشِ و البَقَرُ الوَحْشِيُّ: نیل گائے۔ جنگلی گائے

بَقَرُ الماءِ: دریائی گائے

بَقَرِيٌّ: گائے کا، گائے کی

بَقَّعَ الثَّوْبَ تَبْقِيعًا: کپڑے پر دھبے ڈالنا، ایک دفعہ رنگ میں ڈبونا

تَبَقَّعَ: کپڑے پر رنگ کے دھبے پڑنا

بُقْعَة ج: بُقَع و بِقَاع: (۱) زمین کا ایک حصہ (۲) دھبہ، نشان، داغ (۳) رتبہ و منزلت (فُلانٌ حَسَنُ البُقْعَةِ عندَ الأَمِيْرِ)

أَبْقَعُ اللَّوْنِ: سیاہ وسفید رنگ والا، داغدار ن: بُقْعٌ

باقِعَة: ج: بواقِعُ: دھوکہ نہ کھانیوالا

بَقَّ الماءَ ــــُــــ بَقًّا: (۱) منہ سے پانی کو آواز کے ساتھ نکالنا

بَقَّقَ البَيْتُ: کثرت سے کھٹمل ہونا

بَقٌّ: کھٹمل، پسو، و: بَقَّة

بَقُّ الفِرَاشِ: کھٹمل

بَقَّاق: بکواسی، بہت بولنے والا

بَقَّال: پرچون فروش

بَقَّالَة: پرچون کی دکان جہاں خشک اشیاء فروخت ہوتی ہیں۔

بَقِيَ ــــ بَقَاءً: (۱) باقی رہنا، باقی بچنا، (۲) دیرپا ہونا بُھُہر جانا

تَبَقَّى: بچایا جانا، باقی رہنا

إِبْقَاء: (۱) باقی رکھنا (۲) رحم کھانا

إِبْقَاءٌ على الحَيَاةِ: امان دینا، جان محفوظ رکھنا

الإِبْقَاءُ عَلَى القَوَاعِدِ الحَرْبِيَّةِ: جنگی اڈے محفوظ رکھنا

إِسْتِبْقَاء: باقی رکھنا، محفوظ رکھنا

إِسْتِبْقَاءٌ على الحَيَاةِ: امان چاہنا

بَقَاءٌ: بقا، وجود

بَقَاءُ الشيءِ عَقَبَةً في الطَّرِيْقِ: رکاوٹ بنا رہنا

بَقَاءُ الأَنْسَبِ: بقائے اصلح

بَاقٍ: (۱) موجود، بچا ہوا (۲) بیلنس (در حساب) (۳) فاضل و متروک (۴) لازوال، دیرپا (۵) ساکن، جامد، غیر متحرک

مُسْتَبْقَى: محفوظ، ریزرو

الباقِي من الطَّلَبِ: بیک آرڈر، باقی ماندہ فرمائش

بَوَاقٍ: بقایاجات، و: باقِيَة

ب..........ک

بَكَالُورِيُوس في العُلُوْمِ التِّجَارِيَّةِ: بیچلر آف کامرس، بی کام (B.Com)

بَكَالُورِيوس في الفُنُوْنِ والآدَابِ: بی، اے (B.A)

بِكْبَاشِي: لفٹنٹ کرنل، (فوجی عہدہ دار)

بَكَّتَ تَبْكِيتًا: ملامت کرنا، سرزنش کرنا

بَكَّتَ الضَّمِيْرُ: ضمیر کو ملامت کرنا

بَكَرَ ــــُــــ بُكُوْرًا و بَكَّرَ تَبْكِيْرًا: صبح سویرے اٹھنا، صبح کے وقت آنا، عجلت سے کرنا

إِنْذَارٌ مُبَكِّرٌ: ابتدائی وارننگ

اِبْتِكَار: جدت، ایجاد کرنا، ابتدائی حصہ حاصل کرنا
مُبْتَكَرَات: نئی چیزیں
بِكْرٌ ج أَبْكَار: اکلوتا بیٹا، پہلا بچہ، کنواری، ہر نئی چیز، اچھوتا
بَكَرَة: ریل، چرخی
بَكَرَةُ البِئر: ج: بَكَرَات) چرخی
بَكَرَةُ الخَيط: دھاگے کی نلکی، تاگے کی ریل
بَكْرَة: جماعت
جَاءُوا على بَكْرَةِ أَبِيهِمْ: سب کے سب آئے۔
بُكْرَةً، بَاكِرًا: (۱) صبح سویرے، صبح کے اول وقت میں (۲) کل آئندہ
بَكَرَة شريط (فى الالة الكابه) دبن اسپون
بِكْرِيٌّ (بِكْرِيَّة): پہلا بچہ، پہلوٹی کا بچہ
بِكْرِيَّةُ الوِلادَة: پہلی بار بچہ جننے والی
بَكِيرٌ: قبل از وقت اپنے وقت سے پہلے ظاہر ہونے والی چیز
بَكْرَجٌ (دا) غَلَّايَةُ المَاء: پانی اُبالنے کا برتن، سماور، کیتلی
بَكَلَ ـُ بَكْلًا و بَكَّلَ: بکسوا لگانا
بَكَلُورِيَّة، بَكَالُورِيَّة: بیکالوریٹ، بی۔اے کی سند
بَكَلُورِيُوس: گریجویٹ
___ عُلُوم: بی ایس، بیچلر آف سائنس
___ فُنُون: بی۔اے، بیچلر آف آرٹس
بَكِمَ ـَ بَكَمًا و بَكَامَةً: گونگا ہونا
بَكُمَ ـُ بَكَامَةً: جان بوجھ کر گونگا بننا
بَكِيمٌ و أَبْكَمُ ج: بُكْمَان و بُكْمٌ: گونگا
التَّبَاكِي على شيء: کسی چیز کا رونا رونا

بُكَاءُ التِّمْسَاح: مگرمچھ کے آنسو

ب.........ل

بَلَاتِين: (مع): پلاٹینم، ایک قسم کی دھات جو سونے سے قیمتی اور بھاری ہوتی ہے۔
بَلْبَلَة: بے چین بنانا، پریشان کرنا، ہنگامہ مچانا (۲) گڑبڑی، افراتفری
تَبَلْبُل: بے چین ہونا، مضطرب ہونا
مُبَلْبَلُ النَّفس او الخَاطِر: پریشان خاطر
بُلْبُلٌ: (دا) لٹو (۲) ایک پرندہ ج: بَلَابِلُ
بَلْبَلَة بَلْبَال: اضطراب، بے چینی، تشویش، اختلاط
بَلْبَلَةُ الأفكار: ذہنوں کو پریشان کرنا
بَلْبَلَةُ الرَّأي العَام: رائے عامہ میں ہیجان پیدا کرنا
مُبَلْبَل: غیر یقینی، تشویشناک
بَلَجَ ـُ بُلُوجًا و إِبْلَاج و إِنْبِلَاج و إِبْتِلَاج وتَبَلُّج: روشن ہونا، طلوع ہونا
بَلِجَ الحَقُّ ـَ بَلَجًا: ظاہر ہونا، واضح ہونا
بَلِجَ صَدْرُه: انشراح ہونا
بَلْجِيكَا: بلجیم
بَلْجِيكِيّ: ملک بلجیم کا باشندہ
بَلَحٌ و بَلَحَة: کچی کھجور
بَلَحُ البَحْر: ایک صدفی کیڑا، بحری صدفیہ
بَلُدَ ـُ بَلَادَة، بَلُدَ و تَبَلَّد: کند ذہن ہونا، ضعیف الرائے ہونا
بَلَّدَ الرَّجُلَ تَبْلِيدًا: شہری آب وہوا کا عادی بنانا
مُتَبَلِّدُ الحِسّ: ڈل
تَبَالُد: بے وقوفی کا مظاہرہ کرنا

بَلَدٌ ج: بَلادو بُلدَان: خطۂ زمین، ملک
الِبلادُ تُواجِهُ أزْمَةً كَبِيرَةً: ملک کو بڑا بحران درپیش ہے
بِلادٌ تَحتَ الإنتِدَاب: عارضی انتظام کے ماتحت ممالک
بِلادُ العَجَم: غیر عربی ممالک
بِلادُ الكُومُنوِيلت: کامن ویلتھ ممالک
بِلادٌ مُستَهلِكَة: کھپت والے ممالک
بِلادٌ مُصنِعَةٌ: صنعتی ممالک
بَلادَة: بے حسی، کم عقلی، جمود، کٹرپن، سخت دلی، مردہ دلی
بَلَدٌ ذُوْ سِيادَة: خودمختار ممالک
بَلَد و بَلْدَة: (۱) قصبہ، (۲) شہر
بَلَدِيٌّ: (۱) ہم وطن (۲) ملکی
بَلَدِيَة: میونسپلٹی ج: بَلَدِيّات
البَلَدُ في مِحَنٍ: ملک آزمائش میں ہے
البَلَدُ المُعْتَدِي: حملہ آور ملک
البُلدانُ المُنتِجة: پیداواری ممالک
مَجلِسٌ بَلَدِيٌّ: میونسپل کونسل
بَلْوَرَة: بلور کے مانند ہونا، واضح کرنا، صاف و شفاف بنانا، وضاحت کرنا، انکشاف حقیقت کرنا
تَبَلوُر: بلور کے مانند ہونا، واضح ہونا
بِلَّور: ایک قسم کا صاف شیشہ
بِلَّوِرِيّ، مُتَبَلِّر مُتَبَلوِر: بلور کی مانند چمکدار، واضح وروشن
بَلْشَفَة: انتہاپسند اشتراکی بنانا
بُلْشُفِيّ: انتہاپسند اشتراکی ج: بَلاشِفَة
بُلشُفِيَّة: بالشوازم (BOLSHEVISM)
شَارَةُ البَلاشِفَة: بالشویک بج
الحِزْبُ البُلشُفِيُّ: بالشویک پارٹی
بَلَصَ ــِ بَلْصًا: بزور لینا، غصب کرنا
بَلَصَ بِالتَّهدِيد: بلیک میل کرنا، کسی کو دھمکی دے کر کوئی کام لینا
بُوْلِيصَة: رسید، ہنڈی، بلٹی
بُوْلِيصَةُ تَأمِين: بیمہ پالیسی، معاہدۂ بیمہ
بُوْلِيصَةُ تأمين على الحَيَاة: لائف انشورنس پالیسی
بُوْلِيصَةُ خُرُوْج: مال کی بلٹی
بُوْلِيصَةُ شَحْنٍ: بلٹی
بَلَطَ ــُ بَلْطًا و بَلَّطَ: پختہ فرش بنانا، پتھر کا فرش بنانا، پلاسٹر کرنا، ٹائل لگانا
تَبْلِيط: (۱) تھکنا، عاجز ہونا
بَلاطٌ و: بَلاطَة: ٹائل، وہ پتھر جو فرش میں استعمال کیا جائے (۲) دربار
لُغَةُ البَلاط: درباری زبان
بَلاطُ المَلِك: قصر شاہی، شاہی محل، دربار شاہی
بَلاطُ إسْمَنت: سمنٹ کا ٹائل
بَلْطُو، مِعْطَف: کوٹ، اورکوٹ
بَلَعَ ــَ بَلْعًا و ابْتَلَعَ: نگلنا
بَلَع الإهَانَة: توہین برداشت کرنا
تَبْلِيع و إبْلاع: نگلوانا
بَلَّعَه رِيْقَه: مہلت دینا، موقع دینا
بَلّاعَةٌ بَالُوعَة ج: بَلالِيع و بَوالِيع: نالی، موری، گندہ آب چک
بَلْعَمٌ. بُلْعُوم: ج: بَلاعِم: حلق

بَلَغَ ۔ بُلُوغًا: (۱) پہنچنا، (۲) پالینا (۳) جاننا، کسی بات کا علم ہونا
بَلَغَ الوَلَدُ: بالغ ہونا
بَلَغَ الأَوْجَ: ٹاپ کرنا
بَلَغَ الثَّمرُ: پک جانا
بَلَغَ الحَضِيضَ: پستی کو پہونچنا
بَلَّغَ الخَبَرَ: اطلاع دینا، خبر بھجوانا، بتلانا
بَلَغَ الذُّرْوَةَ: ٹاپ کرنا
بَلَغَ الرُّشْدَ: بالغ ہونا، سنِ شعور کو پہنچنا
بَلَغَ سِنَّ الرُّشْد: ہوش سنبھالنا، سن شعور کو پہونچنا
بَلَغَ السَّيْلُ الزُّبَى: پانی سر سے گذرنا، معاملہ حد سے بڑھنا
بَلَغَ القِمَّةَ: ٹاپ کرنا
بَلَغَ ما تَمَنَّاه: آرزو بر آنا
بَلَغَ إِرْتِفَاعُه سَبْعَةَ أَمتَار: اس کی بلندی سات میٹر ہوگئی
بَلَغَ مُنْتَهَاه: وہ آخری حد پر پہنچ گیا
بَلَغَتِ السَّاعَةُ ثَمَانِيَةً: آٹھ بجنا
بُلْغَة: بقدرِ کفاف، گذر بسر کے بقدر
بَلَغَ المِقْدَارُ كذا: مقدار کا کسی حد کو پہنچنا
بَلَغَهُ كذا: کسی بات کا علم ہونا
بَلَّغَ الخَبَرَ و أَبْلَغَ ب: (۱) اطلاع دینا، (۲) خبر بھجوانا، بتلانا
بَلَّغَ الخَبَرَ عنه: (۱) رپورٹ دینا، (۲) کسی کے خلاف اطلاعات پہنچانا
إِبْلَاغ: اناؤنس منٹ، نوٹس
بَالَغَ في المُبْلَغ مُبَالَغَة: غلو کرنا، حد سے بڑھنا

تَبَلَّغ: آگاہ ہونا، باخبر ہونا
تَبَلَّغ بالشيء: کسی چیز پر اکتفا کرنا
مَبْلَغ ج: مَبَالِغ: رقم، مقدار، کسی چیز کی حد، منتہا
مَبْلَغٌ إِضَامِيٌّ: الاؤنس
المَبْلَغُ الكُلِّيُّ: مجموعی رقم، ٹوٹل رقم
المَبْلَغُ المَحْسُوم: ڈسکاؤنٹ، وضع کردہ رقم
مَبْلَغ مَدْفُوع مُقَدَّمًا: پیشگی ادا کردہ رقم
المَبْلَغُ المُسْتَحَقّ: مطالبہ کی رقم، واجب مطالبہ
المَبْلَغُ المُوْدَع: امانت کی رقم، (بینک میں) جمع کی ہوئی رقم
المَبْلَغُ المُؤَمَّن عليه: انشورڈ رقم، محفوظ رقم
مُبَالِغٌ في الرَّأى الَّذى يَعْتَنِقُه: اصول پرست، نظریہ پرست
بَلَاغ: خبر، اطلاع، (۲) اعلان (۳) اناؤنس منٹ، پیغام، فرمان (۴) دھمکی، نوٹس ج: بَلَاغَات
بَلَاغ أَخِير أ و نِهَائِي: الٹی میٹم
بَلَاغ رَسْمِيّ: اعلامیہ، پریس نوٹ
بَالِغ: پورا کامل، مراہق، حد نمو اور حد کمال عقل کو پہنچنے والا
بَالِغُ ذُرْوَةٍ: ہائی، انتہائی بلند
البَالِغُ قَدْرُه كذا: جس کی مقدار اتنی ہے۔
قَلَقٌ بَالِغ: زبردست تشویش
بَلَفَ ۔ بَلْفًا: وہم میں ڈالنا، دھوکہ دینا
بَلِقَ: (س، ک) سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا

أَبْلَقُ: سفید وسیاہ داغوں والا
بُلُکٌ: (دا) جماعت، فوج کی ایک کمپنی
بَلْكُون. (شُرْفَة): بالکنی
بَلَّ ـِ بَلًّا و بَلَلًا و بُلُولًا من مَرَضه: صحت یاب ہونا
بَلَّ بُلُولًا: بھیگی بھیگی سرد ہوا چلنا
بَلَّ ـُ بَلًّا و بِلَّةً، و بَلَلًا و بَلَّلَ: بھگونا، تر کرنا
إِبْتِلَال: بھیگنا، تر ہونا
بَالُو: بال کا معرب، کرہ، گیند
بَلِهَ ـَ بَلَهًا و بَلَاهَةً: بے وقوف ہونا، کمزور رائے والا ہونا
أَبْلَهُ م: بَلْهَاءُ ج بُلْه: بے وقوف
بُلُوک: دیکھئے، بُلُک
بُلُوک أَمِين: کوارٹر ماسٹر (ایک فوجی عہدہ)
بَالُون: (مع) غبارہ
بَلُون، مُنْطَاد: غبارہ، غبارہ نما چیز
بَلِيَ ـَ بِلًى وبَلَاءً: پرانا ہونا، بوسیدہ ہونا
بَلَى ـُ بَلْوًا: آزمائش میں ڈالنا، گرفتارِ مصیبت کرنا، پرانا کرنا، ابتداء آزمائش میں ڈالنا
بَالٍ: (۱) پرانا، گلا ہوا، کرم خوردہ، بوسیدہ، (۲) بدبودار، متعفن
بَالَى الأَمْرَ و به مُبَالَاةً: کسی چیز کو اہمیت دینا، پروا کرنا (اس کا اکثر استعمال منفی ہوتا ہے) (لَا يُبَالِي بكذا)
بَلْيُورَا: پھیپھڑے کی جھلی
بَلْيُون، أَلْفُ مِلْيُون: ایک ارب (۱،۰۰،۰۰،۰۰،۰۰۰) (امریکہ میں) (انگلستان میں) مِلْيُون: دس لاکھ
ج: بَلَايِين: ارب

ب..........م

بَمْبَاشِي، بِكْبَاشِي: لفٹنٹ کرنل
بُمْبَة: (معرب) بم (قُنْبُلَة)

ب..........ن

بَنْجٌ: ایک قسم کا زہریلا نبات جو جسم کو بے حس اور سن بنا دیتا ہے (۲) کلوروفارم، نیند آور دوا
بَنَّجَ تَبْنِيجًا: سن کرنا، بے حس کرنا
بَنْدٌ ج: بُنُود: (۱) بڑا جھنڈا (۲) قانون کی دفعہ، فقرہ، آئٹم
بُنُودُ الصَّرْف: مداتِ خرچ
بُنُودُ الإِيْرَاد: مداتِ آمدنی
بَنْدَر: (مع) تجارتی شہر، مرکزِ تجارت، مرکزی شہر
بُنْدُقَة: کارتوس
بُنْدُقِيَّة: بندوق، گن
بُنْدُقِيَّةُ رَشّ: شوٹ گن
بُنْدُقِيَّةُ رَصَاص: رائفل
بُنْدُقِيَّةٌ مَحْشُوَّةٌ: بھری ہوئی بندوق، لوڈ گن
بُنْدُقِيَّةُ هَوَاء: ایر گن
بَنْدُول: (مع) گھڑی کا پنڈولم
بَنْزِين: پٹرول
بَنس (بَنْسِی): پینی (ایک انگریزی سکہ)
بَنْطَغْرَاف: نقل نگار، (ایک آلہ)
بَنْطَلُون ج: بَنْطَلُونَات: پینٹ، پتلون
بَنْطَلُون قَصِير: نیکر
بُنْکٌ: (۱) اصل شے (۲) رات کا ایک حصہ
بَنْکٌ ج: بُنُوک: (۱) بینک، (۲) بینچ، سیٹ

بَنکَ النَّجّار: وہ میز جس پر بڑھئی لکڑی رکھ کر رندہ کرتا ہے
بَنکُ الإِصْدَار: سنٹرل بینک، بینک آف ایشو
بَنکَ أَهْلِيّ: نیشنل بینک
بَنکُ إِيْدَاع: بینک آف ڈپازٹ، ڈپازٹ بینک
بَنکٌ تِجارِيٌّ: کمرشیل بینک
بَنکُ التَّسْلِيْف: لون بینک
بَنکُ التَّسْلِيف الزِّرَاعِيّ: زرعی قرضہ بینک
بَنکُ التَّسْلِيْف الصِّنَاعِيّ: صنعتی قرضوں کا بینک
بَنک الدَّم: بلڈ بینک، خون بینک
بَنکُ الدَّوْلَة: گورنمنٹ بینک، اسٹیٹ بینک
البَنکَ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی بینک، انٹرنیشنل بینک
بَنکٌ عَقارِيٌّ: زمینوں سے متعلق بینک
البَنکُ المَرْكَزِيّ: سنٹرل بینک
البَنکُ الوَطَنِيّ: نیشنل بینک
بَنکُ الوِلَايَة: اسٹیٹ بینک
بَنكِيْرُ: مال دار، دولت مند
اَلْبَنْكنُوت: بینک نوٹ
بَنَّن الشَّاةَ تَبْنِيْنًا: بکری کو فربہ کرنے کے لئے باندھنا
بُنٌّ: کافی، Coffee
بُنِّيٌّ: کتھئی رنگ کا، کافی رنگ کا، براؤن
تَبَنَّى الشَّیْءَ: اپنانا، اختیار کرنا
تَبَنَّى مَشْرُوْعَ القَرَار: تجویز کا مسودہ بنانا
تَبَنَّى القَضِيَّةَ: مسئلہ کو اپنانا
بَنَىٰ ـــِـ بِنَاء وبِنَايَةً: (۱) تعمیر کرنا، عمارت کھڑی کرنا (۲) بنانا
بِنَاءٌ: ج: أَبْنِيَة، بِنَايَة ج: بِنَايَات،
مَبْنِيً ج: مَبَان: عمارت، بلڈنگ، بنیاد
مَبْنَى السِّفَارَة: سفارت خانہ کی عمارت
المَبْنَى العَالِي: ٹاور
مَبْنِيٌّ على التَّعَاقُد: مبنی برمعاہدہ، معاہدانہ
مَبْنَى المَحْكَمَة: کچہری
المَبْنَى المُلَاصِقُ لمكَانَ: متصل عمارت
مَبْنَى الوِزَارَة: منسٹری ہاؤس، وزارتی بلڈنگ
بُنْيَان: عمارت
البُنْيَانُ العَسْكَرِيّ: فوجی طاقت
بِنْيَة الشَّيْء: میک اپ، ساخت کاٹھی، ڈھانچہ
بِنْيَة إِقْتِصَادِيَّة: اقتصادی ڈھانچہ
بِنْيَة جَسَدِيَّة: جسمانی ساخت
بِنْيَةُ الجِسْم جسم کی ساخت، بناوٹ ج: بُنَى و بِنَى
بِنْيَةُ الكَلِمَة: کلمہ کی وضع، صیغہ
صَحِيْحُ البُنْيَة: سلیم الخلقت
بِنْتُ الشَّفَة: کلمہ، لفظ
لَمْ يَنْبِسْ بِبِنْتِ شَفَةٍ: وہ خاموش رہا، اس نے لب کشائی نہ کی
بِنْتُ اليَمَن: قہوہ، کافی
بِنْتُ العَيْن: آنسو
بِنْتُ الكَرْمَة: شراب
بِنْتُ العِنَب: شراب

بَنَاتُ الدَّهْر: سختیاں، مصائب، شدائد ومصائب زمانہ
بَنَاتُ اللَّیلِ او الصَّدْر: افکار، ہموم
بَنَاتُ الصَّدْر: دل کی باتیں، راز
بَنَاتُ الأَرْض: چھوٹی چھوٹی نہریں
بِنْتٌ ج: بَنَات (١) لڑکی، بچی، (٢) گڑیا
بِنْت (فی وَرَق اللَّعِب): ملکہ، رانی، کوئن (تاش کے پتے میں)
بَنَانٌ و: بَنَانَة: انگلیوں کے سرے، پوروے، مجازاً انگلیاں
طَوْعُ بَنَانِه: ہاتھ کے اشارہ پر کام کرنے والا، تابع دار
إِبْنٌ: ج: أَبْنَاء و بَنُوْنَ: لڑکا، بیٹا
__ الشَّرْق: مشرق کا رہنے والا
__ السَّبِیل: مسافر، دربدر پھرنے والا
__ بَطْنِه: پیٹ کا بندہ
__ غَیْرُ شَرْعِیّ: ولدالزنا، حرام زادہ
__ بالتَّبَنِّی: منہ بولا بیٹا
بِنَاءٌ: (١) صنعت تعمیر (٢) عمارت کی ساخت، عمارت، بلڈنگ ج: أَبْنِیَة
بِنَاءً علیه: بنابراین
بِنَاءً علی طَلَبِه: کسی کی فرمائش پر
بَنَّاءٌ: (١) معمار، جس کا پیشہ صنعتِ تعمیر ہو بلڈنگ ساز۔
بِنَاءُ الخُطَّة: منصوبہ سازی
بِنَاءُ الصَّدَاقَات: دوستیاں قائم کرنا
بِنَاءً علی: بر بنا
بِنَاءً علی المَعْرُوْض المُقَدَّم من فُلَان: فلاں کی درخواست پر
بِنَاءُ عِمَارَةٍ سَكَنِیَّة: رہائشی بلڈنگ کی تعمیر
بِنَاءُ القُوَّات: فوجوں کو تیار کرنا، فوج کی تشکیل
بِنَاءُ النَّفْس: خود کو تیار کرنا، خود سازی
بِنَاءُ الوَطَن: ملکی تعمیر
البَانِی: بلڈنگ ساز ج: بُنَاة
بَانٍ: ج: بُنَاةٌ: موسس، اپنے خرچ سے تعمیر کرنے والا
عَمَلٌ بَنَّاءٌ: تعمیر کام، ترقیاتی کام
أَعْمَالٌ بِنَائِیَّة: تعمیری کام
أَنْقَاضُ البِنَاء: تعمیری ملبہ
مَبَانٍ مُتَهَدِّمَة: شکستہ عمارتیں
مَبَانِی المَزْرَعَة: فارم کی عمارتیں
مَبْنِیٌّ: (١) تعمیر شدہ (٢) غیر منصرف

ب .... ھ

بَهِتَ ـَ و بَهُتَ ـُ و بُهِتَ بَهْتًا: ہکا بکارہ جانا، چونک پڑنا، متحیر ہو کر خاموش ہو جانا
بَهَتَ ـَ بَهْتًا: چونکا دینا، اچانک پکڑنا
بَهِتَ اللَّوْنُ: رنگ اڑ جانا، رنگ فق ہو جانا
بَهَّتَ تَبْهِیتًا و بَاهَتَ مُبَاهَتَةً: حیرت و استعجاب میں ڈال دینا
بُهْتٌ و بُهْتَانٌ: کذب، جھوٹ، افتراء
بَاهِتٌ غَامِضٌ: ڈِم، بہت ہلکا
بَهَجَ ـَ بَهْجًا و أَبْهَجَ: خوش کرنا
بَهِجَ بالشیء ـَ بَهَجًا و ابْتَهَجَ بشیء: خوش ہونا
بَهُجَ ـُ بَهَاجَةً و بَهْجَةً و بَهَجَانًا: خوبصورت ہونا، رونق آنا
بَهْجَة: رونق، بہار، جمال، خوبصورتی
___ و إِبْتِهَاج: خوشی، فرحت، سرور
بَهِیجٌ، بَهِجٌ، مُبْهِجٌ: فرحت بخش، روح

پرور
مُبْتَهِجٌ: مسرور، خوش، فرحاں، شاداں
بَهَرَا لنظرَ ـــ بَهرًا: خیرہ کرنا، چکاچوند کرنا
بُهِرَ بَصَرُہ: چکاچوند ہونا، روشنی کی تاب نہ لاکر آنکھیں بند ہوجانا
اِنْبِهَارُ النَّفَس: ڈروغیرہ کی وجہ سے سانس پھولنا
بُهْرٌ: سخت تکان کے نتیجہ میں سانس منقطع ہوجانا
بُهَارٌ: (۱) دھنی ہوئی روئی، (۲) بُت، (۳) ابابیل (۴) ایک قسم کی مچھلی
بَاهِرٌ: خیرہ کن، لاجواب بنانے والا
نَجاحٌ بَاهِرٌ: فائق وممتاز کامیابی
مَبْهُورٌ: ہانپنے والا، بے قابو ہونے والا
مُبْهِر: حیران کن
بَهْرَجَةَ: مزین کرنا، سجانا
بَهْرَجَةُ الدِّرْهَم: کھوٹ ملانا
تَبَهْرُجٌ: آراستہ ہونا، (عورت کا)
ـــ الرَّجُل: تکبر کرنا
بَهْرَجٌ: (۱) باطل (۲) کھوٹا (۳) رفاہی
ـــ و مُبَهْرَجٌ: (۱) خوبصورت، (۲) آراستہ
بَهَظَ ـــ بَهْظًا و أَبْهَظَ: بوجھل بنانا، مشقت میں ڈالنا
بَـاهِـظٌ: (۱) باعثِ مشقت، وزن دار، گراں بار
ثَمنٌ بَاهِظ: غیر معمولی قیمت
بَهَلَ ـــ بَهْلًا: لعنت کرنا، لعنت بھیجنا
بَاهِلٌ: بادیپائی کرنے والا، بیکار پھرنیوالا
بَهْلَوَان: مداری، رسی پر چل کر تماشا دکھانیوالا

بُهْلُولٌ: ج: بَهَالِيلُ: (۱) بہت ہنسنے والا (۲) ہر قسم کی خوبیوں کا جامع سردار
بَهِيمٌ: تیز سیاہ، سیاہ فام، تاریک ترین
حَـائِطٌ بَهِيمٌ: وہ دیوار جس میں کوئی سوراخ یا کھڑکی وغیرہ نہ ہو
مُبْهَمٌ: غیرواضح
بَهَا ـــُ و بَهِيَ ـــَ و بَهُوَ ـــُ بَهَاءً: خوبصورت ہونا، دلکش ہونا
بَهْوٌ: بڑا کمرہ، ہال ج: أَبْهَاء
بَهِيٌّ: خوبصورت، دل فریب، روشن، چمکدار، خوشگوار، خوش منظر، بارونق

ب.........و

بُوءٌ (ن): لوٹ
بَاءَ بِالفَشَل: ناکام ہونا، ناکامی پر ختم ہونا
بَـاءَتِ الـمُـحَـاولَةُ بالفشل: کوشش ناکام ہونا
تَبَوَّأَ: جگہ بنانا، جگہ لینا
ـــ العَرْشَ: تخت نشین ہونا
بِيئَة: ج: بِيئَات ماحول، منزل، مقام، محل وقوع، (۲) حالت، گردوپیش کے حالات
بِيئَةٌ طَبِيْعِيَّةٌ: فطری ماحول
بِيئَةٌ مُسْتَقِرَّةٌ: پرسکون ماحول
تَبَوُّؤُ العَرْشِ: تخت نشینی
بَابٌ: ج: أَبْوَابٌ: دروازہ، گیٹ
أَبْوَابٌ ثَابِتَةٌ فی المَجَلَّة: رسالہ کے مستقل عنوانات
بَابٌ أَرْضِيٌّ: زمین دوز دروازہ
بَابٌ خَلْفِيٌّ: بیک ڈور، پچھلا دروازہ

__ دَوَّارٌ: گھومنے والا دروازہ

بَابٌ ذُومَصَارِيعَ قابِلَةٍ لِلطَّیِّ: فولڈنگ ڈور

البَابُ الرَّئِيسِیُّ: مین گیٹ، صدر دروازہ

بَابٌ سَقفِیٌّ: چھت دار دروازہ

بَابٌ لَفَّاقٌ: خودکار دروازہ، فولڈنگ دروازہ

البَابُ المُصَرَّعُ: کواڑوں والا دروازہ

بَاب و بَابَة: رتبہ، عہدہ

بَابُورُ البَحرِ: سمندری جہاز

بَابُورُ سِكَّةِ الحَدِيدِ: ریلوے انجن

بَوَّابٌ: دربان، گیٹ کیپر

بَوَّابَة: پھاٹک، بڑا دروازہ

بَوَّابَة خَارِجِيَّة: گیٹ

بَوَّابَة لِسِكَّةِ الحَدِيدِ: ریلوے پھاٹک

مُبَوَّب: ابواب وار، قسم وار

بُوتَاسَا: پٹاس، پوٹاس

__ كَاوِيَة: کاسٹک پٹاس

بُوتَاسِيُوم: پوٹاشیم

بُوتَقَة: کٹھالی، وہ برتن جس میں چاندی وغیرہ پگھلائی جائے۔

بَوحٌ: (ن) ظاہر ہونا

بَاحَ بِهِ بَوحًا وأبَاحَ: ظاہر کرنا، آشکارا کرنا، افشائے راز کرنا

إبَاحَة: (۱) عام کرنا، انفرادی ملکیت سے نکال کر پبلک کے لئے عام کر دینا (۲) حلال قرار دینا (۳) اجازت دینا

إبَاحِیٌّ: انتہاپسند اشتراکی (کمیونسٹ)

إبَاحِيَّة: بالشوازم، کمیونزم کی وہ قسم جس کے اصول انتہاپسندی پر مبنی ہیں

إبَاحَة: (۱) رخصت (۲) وجہ جواز پیدا کرنا

إستِبَاحَة: (۱) حلال وجائز سمجھنا (۲) غصب کرنا (۳) حد قانون یا شریعت سے خارج سمجھنا

بَاحَة: کھلی جگہ، میدان

مُبَاح: پیٹنٹ، جائز، حلال، عمومی، پبلک کا

بَوخ: (ن) تھکنا، ست پڑ جانا، دھیما ہونا

__ الغَضَب: غصہ ٹھنڈا پڑ جانا

__ الطَّعَام: ذائقہ خراب ہونا، مزہ بدل جانا

بَائِخ: (۱) تھکا ماندہ (۲) ٹھنڈا، سرد (۳) بجھا ہوا

بُودرَة (مَسحُوقُ الزِّينَة): پاؤڈر

عُلبَةُ البُودرَة: پاؤڈر کا ڈبہ

فُورشَةُ البُودرَة: پاؤڈر برش

بُودقَة: دیکھئے، بُوتقَة

بُوذَا: گوتم بدھ، بدھ مت کا بانی

بُوذِیٌّ: بدھ مذہب کا پیروکار

بُوذِيَّة: بدھ ازم

بَـورٌ: وہ زمین جو قابل کاشت بنانے کی غرض سے بلا کاشت چھوڑ دی جائے

أرضٌ بُورٌ: بنجر زمین

تَبوِير: بنجر بنا دینا، بے کاشت چھوڑ دینا

بَارَ ــ بُورًا وبَوَارًا: ہلاک ہونا

__ العَمَلُ: کام خراب ہو جانا، ضائع جانا

بَارَتِ السُّوقُ: بازار کا مندا ہونا

__ السِّلعَة: ناقابل فروخت ہونا

بَوَارٌ: تباہی، ہلاکت، عذاب

دَارُ البَوَارِ: دوزخ

بَوَاسِيرُ: بواسیر

بُـورصَة: (مع) تجارت گاہ، منڈی، ایکسچینج، محکمہ حسابات

___الأوْرَاقِ المَالِيَة: تبادلہ زر کی تجارت، ذخیرہ، زرِ مبادلہ
بُورصَةُ البِضَاعَة: سامانِ تجارت کی خرید و فروخت
بُورَقٌ أرْمَنِيٌّ: سوڈا
بُوسٌ (ن): بوسہ لینا، پیار کرنا
بُوسَة (مع) قُبلَة: پیار، بوسہ
بُوسْطَة: (مع) ڈاک (۲) ڈاک خانہ
بَوَّشَ القَوْمُ تَبوِيشًا: مل جل کر شور مچانا
بَوْشٌ ج: أوْبَاش: (۱) بے ترتیب مجمع (۲) کمینوں کی ٹولی، رذیل طبقے کے لوگ
بُوصٌ: ریشمی کپڑا، سلک
بَاص: ج: بَاصَات: بس
بُوصَة: انچ (انگریزی ناپ) 1/12 فٹ، 2.54 سینٹی میٹر ج: بُوصَات
بُوصَلَة: قطب نما
بُوطَة: (بُوتَقَة دیکھئے)
بُوعٌ: وہ ہڈی جو ہاتھ پیر کے انگوٹھے نیچے ہوتی ہے۔
بَاعٌ: دو ہاتھ کے پھیلاؤ کے بقدر
طَوِيلُ البَاعِ: توانا، طاقتور
قَصِيرُ البَاعِ: ناتواں، کمزور، عاجز
بُوغَاز: (۱) تنگ نائے، دو سمندروں کے درمیان کی تنگنائی (۲) بندرگاہ، آبنائے، ج: بواغیز
بُوفِيه: (مقْصَف): برتنوں کی الماری (۲) ناشتہ خانہ (اسٹیشنوں وغیرہ پر)
بُوقٌ ج: أبْوَاقٌ و بِيقَانٌ: بگل، ہارن
تَبوِيق: بگل بجانا، ہارن بجانا
بَوَّاقٌ: بگل بجانے والا
بَاقَة ج: بَاقَات: خوشہ، گچھا
___زُهُوْر: گلدستہ
بَائِقَة ج: بَوَائِقُ: مصیبت، ایذاء، شر
بَوْل: (۱) پیشاب (۲) پیشاب کرنا
بَالٌ: (۱) دل (۲) عقل (۳) حالت (۴) اہمیت
مُرتَاحُ البَال، هَادِئُ البَال: مطمئن، پرسکون، غیر متفکر
مُتَشغِلُ البَال: متفکر، مضطرب، پریشان خاطر، فکرمند
أعْطَى بَالَه إلى: توجہ دینا، لحاظ رکھنا
غَابَ عن بَالِه: بھول گیا، یاد نہ رہا
خَطَرَ ببَالِه خُطُورًا: دل میں آنا، ذہن میں آنا
مَابَالُك: تیرا کیا حال ہے، تجھے کیا ہوا
ذُوبَال: اہم، مہتم بالشان
بَالَة: عطر کی شیشی، چھوٹی شیشی
___و إبَالَة: سامان کا گٹھا، گانٹھ
بُوَال: ذیابیطس، بیماری کی ایک قسم جس میں پیشاب کے ساتھ شکر آتی ہے۔
البَوْل السُّكَّرِيّ: ذیابیطس، شوگر کی بیماری
مِبْوَلَة: (۱) پیشاب دان (۲) پیشاب خانہ
مَبْوَلَة: پیشاب لانے والی
بُولَاذ: فولاد، اسٹیل
البُولشفِيَّة (البُلشُفِيَّة): بالشوازم، روسی کمیونسٹوں کی تحریک
بُولِصَة: (مع) پالیسی، طریق عمل، طرز عمل
بُولِصَة، بُولِيصَة ج: بُولِص: رسید،

ہنڈی

بُولِیس: (۱) نظم ملکی قائم کرنے والی جماعت (۲) پولیس (۳) محکمہ پولیس، محکمہ کوتوالی (۴) پولیس مین، کانسٹبل

البُولِیس الحربِیّ: جنگی پولیس

البُولِیس الدُّولِیّ: بین الاقوامی پولیس

بُولِیسٌ سِرّی: خفیہ پولیس

رِوایَة بُولِیسِیَّة: جاسوسی ناول

بُولِیسَة: وثیقہ، دستاویز، ہنڈی، بلٹی

بُولِیسَةُ السَّیکُورتاه (التامین): بیمہ کے ذریعہ محفوظ کرانے کا طریقہ

بُولِیسَةُ الشَّحنِ بالبحر: جہاز کے مال کی بلٹی

___ بِسکَّةِ الحَدِید: ریل کے ذریعہ بھیجنے کا طریقہ

بُویَة (صِباغ): روغن پینٹ، پالش

بُویَجیٌّ (مَسَّاحُ الاَحذِیَة): پالش کرنے والا

ب .... ی

بِیئَة: (دیکھئے بوأ)

بِیادَة: پیدل فوج

بِیادِیّ: پیدل فوج کا سپاہی

بَیان: دیکھئے بین

بَیَّتَ تبییتاً: رات میں کسی کام کو انجام دینا

بَاتَ ___ بَیتُوتَة و بَیتًا و بَیَاتًا و مَبِیتًا: شب گذارنا، بمعنی (صار) ہونا

بَیت ۔ بُیُوت و أبیَات: ہاؤس، ہوم، لاج، رہائش گاہ، اقامت گاہ، (۲) خاندان، (۳) شعر

بُیُوتات: (جمع الجمع و: بیت) گھر

البُیُوتَات التِجارِیَة: بزنس ہاؤس

بَیتُ الأزیاء: فیشن یا ڈیزائن ہاؤس

بَیتُ الإصدَار: مرکز اجراء

بَیتٌ تِجارِیٌّ: کمرشیل ہاؤس، تجارتی گھر

بَیتُ الحِضانَة: نرسری

بَیتُ شَعر: خیمہ

بَیتُ شِعر: نظم کا ایک شعر، بیت، شعر کا جزء

بیت المال، خزانہ عامہ

بَیتُ مَالِ الدَّولَة: ٹریزری، خزانہ حکومت

بَیتٌ یَمُوجُ بالضُیُوف: مہمانوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا مکان

مَبِیت: رہائش شبینہ

بَیتِیٌّ: گھریلو، خانگی، خاندانی، پالتو، گھر کا بنا ہوا۔

بَیَاتٌ ج: بَیاتَات: شب خون، رات کے وقت کا حملہ

البَیجُوم: بیگم

بَادَ ___ بَیدًا و بَیاداً و بَیدُودَةً: ہلاک ہونا

بَادَتِ الشَّمسُ: سورج غروب ہونا

إبادَة: بیخ کنی، قتل عام، بربادی، صفایا کرنا

إبادَةُ الجِنس: نسل کشی

مُبِیدٌ للحَشَرات: کیڑے مار (دوا)

بِیادَة: پیادہ پا فوج

بِیادِیّ: پیدل فوج کا سپاہی

بَیدَ أَنَّ (غیرَ أنَّ): لیکن، مگر یہ کہ، اس کے باوجود، تاہم، پھر بھی (فُلانٌ کثیرُ المَالِ بَیدَ أنَّهُ بَخِیل)

بَیدَرٌ: کھلیان ج: بَیادِرُ

بَیدَق و بَیدَقُ الشِطرَنج: ج: بَیادِقُ شطرنج کا مہرہ جس کو پیادہ کہتے ہیں۔

بَیْرَق: ج: بَیَارِق: جھنڈا، پرچم
بَیْرَقْدَار: علم بردار
بَیَّضَ تَبْیِیْضًا: سفید کرنا
__ البَیْتَ: سفیدی کرنا
__ القُمَاشَ: کپڑا دھونا
__ الکِتَابَ: مسودہ صاف کرنا
__ الآنِیَةَ: قلعی کرنا
__ الوَجْهَ: روشن کرنا، خوش کرنا، عزت بخشنا
بَیْضٌ و: بَیْضَة: انڈا
__ بِرِشْت: نیم برشت کیا ہوا انڈا
__ جَامِدٌ (مَسْلُوق): ابلا ہوا، خوب پکا ہوا انڈا
__ مَقْلِیٌّ: تلا ہوا انڈا، آملیٹ
إِفْرَاخُ البَیْضِ: انڈے کا بچے سے الگ ہونا
بَیْضَةٌ ج: بَیْضَات: (۱) خود (خصیہ)
بَاضَ ـِ بَیْضًا: انڈا دینا
أَبْیَضُ: سفید م: بَیْضَاءُ
اِبْیِضَاض: سفید ہونا
غَازٌ أَبْیَضُ: پٹرولیم
مَوْتٌ أَبْیَضُ: غیر متوقع موت
قِرْطَاسٌ أَبْیَضُ: وہائٹ پیپر
البَیْتُ الأَبْیَض: وہائٹ ہاؤس
بَیَاضٌ: سفیدی (۲) انڈے کی سفیدی
بَیَاضُ البَیْضِ: انڈے کی سفیدی
بَیَاضُ الحَائِطِ: سفیدی، چونا
بَیَاضُ الیَوْمِ: دن کی روشنی، تمام دن
تَبْیِیْضَة، (مُبَیَّضَة): صاف کی ہوئی کاپی
مُبَیِّضُ النُّحَاس: قلعی گر
مُبَیِّضُ الأَقْمِشَة: دھوبی، کپڑا دھونے والا
مُبَیِّضُ الحِیْطَان: چونہ کرنیوالا، قلعی کرنے والا

__ القُمَاش (قَصَّار): دھوبی
بَیْطَار: (دیکھئے بطر)
بَاعَ ـِ بَیْعًا و مَبِیْعًا: بیچنا، فروخت کرنا، سیل کرنا، سپلائی، ڈیل
بَاعَ بالبَخْس: کم قیمت پر فروخت کرنا
بَاعَ با القَطَاعِیَ: خوردہ فروشی کرنا، تھوڑا تھوڑا فروخت کرنا
__ بالمُنَادَاة: آواز لگا کر بیچنا
__ بالمَزَاد: نیلام کرنا
البَیْعُ بَأَسْعَارٍ مُخَفَّفَة: کم داموں پر بیچنا، کم ریٹ پر فروخت کرنا
البَیْعُ بالبَرِید: فروختگی بذریعہ ڈاک
البَیْعُ بالتَّجْزِئَة: ریٹیل، خوردہ فروشی
البَیْعُ بالتَّقْسِیط: قسطوں پر بیچنا
البَیع بالجُمْلَة: ہول سیل، تھوک فروشی
بَیْعُ البِضَاعَةِ إِجْبَارِیًّا: سامان کی جبری فروختگی
البَیْعُ بَطَرِیْقَةِ المُزَایَدَة: نیلامی کے ذریعہ بیچنا
البَیْعُ بالقَطَاعِیَ: ریٹیل، خوردہ فروشی
بَیع بالمُزَایَدَة: نیلامی
بَیْع جَبْرِیٌّ: جبری فروختگی
البَیْع المُبَاشِر: ڈائرکٹ سیل، براہ راست فروختگی
المَبِیْع: برائے فروخت
إِبْتِیَاع: شاپنگ
بَیْعَة: فروختگی کا کام (۲) وفادار (۳) عہد و پیمان
بَیْعَة جدِیْدَةٌ: نیا عہد و پیمان
بِیْعَةُ النَّصَارٰی ج: بِیَع: کنیسہ، چرچ
بِیْعَةُ الیَهُوْد: یہودیوں کا عبادت خانہ

بَائِعٌ بَیَّاع: ڈیلر، سیلز مین، سیلر، تاجر، سوداگر، بزنس مین
بَائِعُ أدَوَاتِ الكِتَابة: اسٹیشنر، لکھائی کا سامان فروخت کرنے والا
بائع بالتجزئه: ریٹیل میں فروخت کرنے والا
بَائِعُ التَّجزِئة: ریٹیل میں فروخت کرنے والا
بَائِعٌ جَائِل: ہاکر، پھیری والا
بَائِعُ الصُّحُف: نیوز بوائے، اخبار فروش
بَائِعُ الكُتُب: بک سیلر
بَائِعٌ مُتَجَوِّل: پھیری لگا کر بیچنے والا
المُبَایَعَة: اظہارِ وفاداری
مُبَایَعَةُ اَحَد: وفاداری کا عہد کرنا
مَبِیْعَات: سامانِ فروخت
مَبِیْعَاتٌ آجِلَة: ادھار فروخت کی جانے والی اشیاء
مَبِیْعَاتٌ بالجُملَة: تھوک فروخت ہونے والی اشیاء
مَبِیْعَاتٌ بالعُمُولَة: کمیشن پر فروخت ہونے والی اشیاء
مَبِیْعَاتٌ نَقْدِیَّة: نقد فروختگیاں
بَیْکٌ، بِک: ایک اعزازی لقب
بیْکَار: پرکار
بیْکَةُ النور الكَهْرَبَائی: بلب، قمقمہ
بَانَ ـــ بَیْنًا: ظاہر ہونا، جدا ہونا
إبَانَة: ظاہر کرنا، جدا کرنا، فصاحت
تَبَیُّن: ظاہر ہونا، پتہ لگانا، معلوم کرنا
تبیین: ظاہر کرنا، بیان کرنا

تَبَایُنٌ: فرق، انتشار، اختلاف، تضاد
تَبَایُنُ الآراءِ و تَصَارُعُهَا: اختلافِ رائے
التَّبَایُن الظَّاهِر: کھلا تضاد
بَیْن: جدائی، فاصلہ
بَیْنَ بَیْنَ: بین بین، (كَانَ هو بَیْنَ بَیْنَ ذلک)
بَیْنَ یَدَیْه: اس کے سامنے، اس کے ساتھ
بَیْنَمَا، بَیْنَا: جب، دوران، درمیان
ذَاتُ البَیْن: دشمنی، عداوت
بَیَان ج: بَیَانَات: تفصیل، وضاحت، رپورٹ لائحہ عمل، پروگرام، اطلاع، اعلان، اشتہار، ریکارڈ، ڈکلریشن، لسٹ
مَلْءُ البَیَانَات: خانہ پری کرنا
بَیَانُ إرْسَالِیَّة: ڈسپیچ لسٹ، روانگی سامان کی فہرست
بَیَانٌ تَوضِیحِیّ: وضاحتی بیان، وضاحتی نوٹ
بَیَانٌ رَسْمِیّ: سرکاری اعلان
حُسْنُ البَیَان: فصاحت
بَیَانُ الشُمُوْل: بیانِ مندرجات
بَیَانٌ صَحُفِیّ: اخباری بیان
بَیَانُ مَوَاعِیدِ القِطَار: ریلوے ٹائم ٹیبل
بَیَانٌ صَادِقٌ: سچا بیان
بَیَانٌ کَاذِبٌ: جھوٹا بیان
بَیَانٌ مُشْتَرَک: مشترکہ بیان
بَیَانُ المَصْرُوفَات: بل
بَیَانٌ من جَانِبٍ وَاحِدٍ: یک طرفہ بیان
بَیَانُ المِیزَانِیَّة: بجٹ کی تفصیل
البَیَانُ الیَدَوِیُّ: ہینڈ بل
بَیَانَات: ریکارڈس، تفصیلات، وضاحتی بیان
بَیَانَاتٌ مُزَیَّفَة: فرضی بیانات

بَيَانيّ: وضاحتی
بَيِّنَة: شہادت، دلیل
عَلَى بِيِّنَةٍ: پوری واقفیت کے ساتھ

ت..........أ

تَابُوت ج: تَوَابِیْتُ: صندوق، بکس، وہ بکس جس میں مردہ جسم محفوظ کیا جائے

تَارَةً ج: تَارَات: (١) ایک دفعہ (٢) کبھی (٣) بعض اوقات

تَاشِیْرَة: ویزا ج: تَاشِیْرَات

تَاشِیْرَةٌ بالاقَامَة: اقامتی ویزا

تَاشِیْرَةُ دُخُولٍ: انٹری ویزا، داخلہ کا ویزا

تَاشِیْرَةُ سَفَر ج: تَاشِیْرَات: ویزا

تَاشِیْرَةٌ عَلٰی جَوَازِ سَفَرٍ: پاسپورٹ پر ویزا لگانا

تَاشِیْرَةُ مُرُوْر: ٹرانزٹ ویزا

تَوْأَم: جڑواں بچہ ج: تَوَائِم

أتأمَتِ المرأةُ إتْآماً: جڑواں بچہ جننا

ت..........ب

تَبَّ ـِ تَبَاباً وِ تَبّاً، و تَبِیْباً: ہلاک ہونا، برباد ہونا

إسْتَتَبَّ لَهُ الأَمْرُ إسْتِبَاباً: کسی چیز کا سازگار ہونا، درست ہونا، فضا ہموار ہو جانا، قائم ہو جانا

إسْتِتْبَابُ الْأَمْنِ: امن قائم کرنا یا ہونا

تِبْرٌ و: تِبْرَة: بے ڈھلا سونے کا ڈلا

تَبِعَ ـَ تَبَعًا، وَ اتَّبَعَ: (١) پیچھے چلنا (٢) ساتھ چلنا (٣) مطیع و فرمانبردار ہونا (٤) کسی کے بعد آنا (٥) ماتحت ہونا

إتِّبَاعُ خُطَّةٍ: پلان پر چلنا

إتِّبَاعُ الطُّرُقِ الحَدِیْثَةِ: نئے طریقے اختیار کرنا

تَابَعَ الشَّیْئَ مُتَابَعَةً: لگاتار کرنا، موافقت کرنا

تَابَعَ قَائِلاً: سلسلہ کلام جاری رکھنا

مُتَابَعَة: جائزہ، تعاقب، توجہ، دھیان، نظر رکھنا، جائزہ لینا، نگاہ رکھنا، تعاقب کرنا، جاری رکھنا، دیکھنا

مُتَابَعَةُ الاتِّصَالَات: رابطہ قائم رکھنا

مُتَابَعَةُ الإجْتِمَاعَات: جلسے جاری رکھنا، ملاقاتیں جاری رکھنا

مُتَابَعَةُ التَّحْقِیْقِ: تحقیق جاری رکھنا

مُتَابَعَةُ الحَدِیْثِ: بات چیت جاری رکھنا، گفتگو جاری رکھنا

مُتَابَعَةُ مَسِیْرَةِ البِنَاء: تعمیری مہم جاری رکھنا

مُتَابَعَةُ المُهِمَّات: فرائض انجام دینا
مُتَابَعَةُ الوَقَائِع: حوادث کا جائزہ لینا
تِبَاعاً: مسلسل، لگاتار
تَابِعٌ ج تَبَعٌ و تُبَّاع: (۱) لاحق، متصل (۲) محکوم وماتحت (۳) شاگرد (۴) خادم
تَابِعٌ لکذا: کسی چیز سے متعلق، ماتحت
تَوَابِعُ و: تَابِعٌ: (۱) خدام، نوکر چاکر (۲) طفیلی (۳) مصاحب (۴) وہ سیارے جو دوسرے سیاروں کے گرد گھومتے ہیں
تَابِعَة ج تَوَابِعُ، تَبِعَة ج تَبِعَات: نتیجہ، انجام، ذمہ داری
تَابِعِيَّة: نیشنلٹی، شہریت
تَبَعِيَّة: دست نگری، غلامی، ماتحتی
بِالتَّتَابُع: مسلسل، پیہم، برابر
مُتَتَابِعًا: آگے پیچھے
يُتْبَعُ (لِلْكَلَامِ بَقِيَّةٌ): باقی آئندہ" کی طرح ناتمام مضمون کے آخر میں لکھتے ہیں
تَتَبُّعُ المَصْدَر: سِرا تلاش کرنا۔
تِبْغٌ، تَبْغٌ، تَبَغ: تمباکو (پینے کا)
تَبَلَ الطَّعَامَ تَبْلاً و تَوْبَلَة: کھانے میں مصالحہ ڈالنا
تَوَابِلُ و تَابَل: مصالحہ
مُتَبَّلٌ: مصالحہ دار
تَبَّالٌ: مصالحہ فروش
تِبْنٌ و تِبْنَة: بھوسہ
تَبَّانٌ: بھوسہ بیچنے والا
تُبَّانٌ: نیکر، جانگیہ، لنگوٹ
تَبَوَّأَ: دیکھئے بوء

ت .... ت

تَتَرٌ و: تَتَرِيٌّ: قوم تاتار جو چین اور بحر قزوین کے درمیان آباد ہے
تَتْرَى: یکے بعد دیگرے، لگاتار
تُتُنٌ: تمباکو (یہ لفظ ترکی الاصل ہے)
تَنِّس: (مع) ٹینس

ت .... ج

تَجَرَ ـُـ تَجْراً و تِجَارَةً: سوداگری کرنا تجارت کرنا۔
مُتَاجَرَةٌ و اِتِّجَارٌ: سوداگری کرنا، تجارت کرنا
اِتِّجَارٌ غَيْرُ شَرْعِيّ: ناجائز خرید و فروخت
تِجَارَةٌ، مَتْجَرٌ: (۱) سوداگری، (۲) سامانِ تجارت
التِّجَارَةُ بالجُمْلَة: ہول سیل
تِجَارَةُ جُمْلَةٍ: ہول سیل، تھوک فروشی
تِجَارَةُ تَجْزِئَة: ریٹیل سیل، خوردہ تجارت
التِّجَارَةُ الخَارِجِيَّة: غیر ملکی تجارت، بیرونی تجارت
تِجَارَةُ الصَّادِرَات: اکسپورٹ تجارت
تِجَارَةُ الغِلَال: غلہ کی تجارت
تِجَارَةٌ مُحَرَّمَةٌ: ناجائز تجارت
تَاجِرٌ: تجارت پیشہ، ڈیلر ج: تُجَّار
تَاجِرُ الجُمْلَة: تھوک فروش، ہول سیلر
تَاجِرُ التَّجْزِئَة: خوردہ فروش
تَاجِرُ الخُرْدَوَات: خوردہ فروش
تَاجِرُ صَادِرَات: بیرونی اشیاء کا تاجر
التَّاجِرُ الفَرْدُ: واحد تاجر، سول ٹریڈر
تَاجِرُ القَطَّاعِي: ریٹیل ڈیلر، خوردہ

فروش، پرچون فروش
تـاجرٌ مُصَدِّرٌ: ایکسپورٹ کرنے والا تاجر
تَاجِرُ المُفرّق: پرچون فروش
مُتـجَـرٌ: مارکیٹ، شاپ، دوکان ج: مَتَاجِرُ
المَتجَرُ التَّنوِیعِیُّ: ڈپارٹمنٹ اسٹور
مَتجَرٌ عامٌّ: جنرل اسٹور
مَتَاجِرُ: اسٹورس، دوکانیں
مَتَاجِرُ الأَقسَام: ڈپارٹمنٹل اسٹورس
مَتَـاجِـرُ الـخِدمَة الـذَّاتِیَّة: سیلف سروس اسٹور
مَتَـاجِرُ ذَاتُ فُرُوُع: شاخوں والے اسٹور
الـمُتَـاجَرَةُ بکذا: خرید وفروخت، بیع وشراء
المُتَاجَرَةُ فی: کسی چیز کا کاروبار کرنا
الـمُتَـاجَـرَةُ فی السُّوق السَّوْدَاء: بلیک مارکٹنگ کرنا
الـعُرْفُ التِّجَارِیُّ: تجارتی اصطلاح، تجارتی طریقہ کار
تِجَارِیّ: تجارتی کمرشیل
مُـلْحَقٌ تِجَارِیٌّ: تجارتی مشیر، کمرشیل اتاچی
شَارِعٌ تِجَارِیٌّ: کمرشیل اسٹریٹ

ت.........ح

تَحتَ: نیچے، فوق کی ضد
تَحتَانِیٌّ: نچلا، زیریں
تَحتَ کذا: کم درجہ
تَحتَ إِشرَافِ: زیرِنگرانی
تَحتَ التَّجرِبة: زیرِتجربہ
تَحتَ التَّحَفُّظ: زیرِحراست
تَحتَ التَّصَرُّف: زیرِاختیار
تَحتَ التَّمرِین: زیرِمشق
تَحتَ التَّنفِیذ: زیرِعمل، زیرِترتیب
تَحتَ جُنحِ الظَّلَام: سخت اندھیرے میں
تَحتَ الحِرَاسة: زیرِحراست
تَحتَ رَحمَةِ فُلَان: اس کے رحم وکرم پر
تَحتَ رِعَایَة: زیرِنگرانی
تَحتَ الرِّئَاسَة: زیرِصدارت، زیرِنگرانی
تَحتَ سَطحِ الارض: انڈرگراونڈ
تَحتَ الطَّلَب: حسبِ آرڈر
تَحتَ العَشر: دس سے کم
تَحتَ الفَحص: زیرِمعائنہ، زیرِجانچ
تَحتَ الوِصَایَة: زیرِنگرانی
تُحفَة ج تُحَف: ہدیہ، تحفہ
أَتحَفَهُ الشَّئَ و به إِتحَافاً: بطورِتحفہ دینا
مُتحَفٌ، مَتحَفَة ج مَتَاحِفُ: عجائب گھر، میوزیم
تَحِیَّة: دیکھئے "ح ی"

ت.........خ

تَخْتٌ ج تُخُوت: بینچ
تَختُ الثِّیَاب: کپڑوں کی الماری
تَختُ الرُّقَاد: پلنگ، مسہری
تَختُ الکِتَابَة: ڈیسک
تَختُ المَلِک: تختِ شاہی
تَختُ الحُکُومَة: دارالحکومت
تَختُ مُوسِیقِیّ: میوزیکل بورڈ

تَخْتَةُ الكِتَابَةِ: ڈیسک

ت............ر

تِرام: ٹراموے

مَرْكَبَةُ تِرَام: ٹرام گاڑی

تَرِبَ ـــ تَرَباً: غبار آلود ہونا، ذلیل ہونا، فقیر محتاج ہونا

تَتَرَّب: غبار آلود ہونا

تُرْبَة ج تُرَبٌ: مٹی (۲) زمین (۳) مقبرہ

تِـرْبٌ ج: أَتْـرَاب: (۱) ہمسر (۲) ساتھی، معاصر

تُرَابٌ: مٹی

تُرَابِيٌّ: مٹیالا

تَرْبَنَة: کھوپڑی کا آپریشن کرنا

تِـرْبَـان ج: تَـرَابِيْنُ: کھوپڑی میں سوراخ کرنے کا آلہ

تَرْبِيزَة، تَرَابِيزَة: (مع) ٹیبل (کھانے کی)

تَرْجَمَة: ٹرانسلیشن، ترجمہ

تَرْجَمَةٌ فَوْرِيَّةٌ: برجستہ ترجمہ

تَرْجَمَةٌ حَرْفِيَّة: لفظ بلفظ ترجمہ

تَرِحَ ـــ تَرَحاً: رنجیدہ ہونا

تَتْرِيح: رنجیدہ کرنا

تَرَحٌ ج: أَتْرَاحٌ: رنج، غم

تَرْزِيّ. طَرْزِيّ (دا): درزی، خیاط

تُرْس ج: أَتْرَاس: ڈھال

تَرْسَانَة ج: تَرْسَانَات: (۱) میگزین اسلحہ خانہ (۲) جہاز سازی کا کارخانہ

تِرْسَة (دا): سمندری کچھوا

تَارِسٌ: ڈھال والا

تَرَّاسٌ: ڈھال بنانے والا

التَّتْرِيسُ: انجن کا گیر لگانا

مِتْرَسٌ، مِتْرَاسٌ ج: مَتَارِيسُ: دشمن سے محفوظ رکھنے والا قلعہ

تَرَسِينَة (شُرْفَة، بَلْكُون): بالکنی

تَرِعَ ـــ تَرَعاً: بھر جانا (پانی سے)

إِتْرَاع: بھرنا، پاٹنا۔

تُرْعَة ج: تُرَعٌ: (۱) نہر (۲) حوض کا دہانہ

تُرْعَةُ إِيْرَاد: آب پاشی کی نہر جو کسی جگہ سے کاٹ کر لائی جائے۔

تُرْعَةُ التَّصْرِيف: پانی نکالنے کی نہر

تَرِفَ ـــ تَرَفاً و تَتَرَّفَ: آسودہ حال ہونا، خوشحال ہونا

تَرَف تُرْفَة: آسودہ حالی، خوشحالی

إِتْرَاف: آسودہ حال بنانا، خوشحال بنانا

مُتْرَف: خوشحال، آسودہ حال

تَرْقُوَة ج تَرَاق: ہنسلی کی ہڈی

تَرَكَ ـــ تُرْكاً و تِرْكاناً و اِتَّرَكَ: (۱) چھوڑنا، (۲) دست بردار ہونا (۳) غفلت برتنا

تَرَكَ إِرْثاً: ترکہ چھوڑنا

تَرْكُ الأَمْرِ لأَحَدٍ: آزاد چھوڑنا

تَرْكُ الأَمْر للزَّمن: حالات کے رحم وکرم پر چھوڑنا

تَرْكُ حُرِيَّةِ العَمَل لأَحَد: کام کی آزادی دینا

تَرْكُ الخِدْمَة: ریٹائرمنٹ

تَـرَكَـهُ و شَأنَهُ: (۱) آزاد چھوڑنا، دخل نہ دینا، وقت پر ساتھ نہ دینا

تَارَكَهُ مُتَارَكَةً: مصالحت کرنا، صلح کرنا

تَرِكَةُ المُتوَفّى: مالِ وراثت۔
تُرْكِيَا: تُرکی (ملک)
تَرِيْكَةٌ: وہ عورت جو اپنے باپ کے گھر چھوڑ دی گئی ہو کوئی اس سے شادی نہ کرتا ہو
مُتارَكة: مصالحت، صلح
مَترُوكات: متروکہ سامان
تَرِهَ ـــ تَرَهاً: لغویات میں پڑنا، باطل چیزوں میں الجھنا
تُرَّهَةٌ: (۱) امر باطل (۲) مصیبت (۳) چھوٹا راستہ ج: تُرَّهات

ت.........ش

تِشْرِيْنُ الأوَّلُ: ماہِ اکتوبر
تِشْرِيْنُ الثَّانِي: ماہ نومبر
تَشِيْكُوْ سْلُوفَاكِيا: چیکوسلواکیہ

ت.........ع

تَعِبَ ـــ تَعَباً: (۱) تھکنا، (۲) محنت کرنا
تَعِبَ مِنه: اکتانا
إتْعَابٌ: تھکانا، گرانبار کرنا
تَعَبٌ: (۱) تھکان، محنت، (۲) اکتاہٹ (۳) محنت فیس، محنتانہ ج: أتْعَاب
أتْعَابُ الْمُحَاسِب: اکاؤنٹنٹ فیس
أتْعَابُ الْمُحَامِي أو الطَّبِيْب: وکیل یا ڈاکٹر کی فیس
أتْعَابُ الْمُرَاجِعَة: آڈٹ فیس، حسابات کی جانچ کی فیس
تَعِبٌ، تَعْبَانٌ، مُتْعَبٌ: (۱) تھکا ہوا (۲) اُکتایا ہوا
مُتْعِبٌ: پریشان کن، تکلیف دہ
مَتَاعِبُ: مشکلات، پریشانیاں
مَتَاعِبُ اِقْتِصَادِيَّة: اقتصادی پریشانیاں
تَعِسَ ـــ تَعَساً: بد بخت ہونا
تَعْسٌ و تَعَاسَةٌ: شقاوت، بدقسمتی
تَعِسٌ و تَعِيْسٌ: (۱) شقی (۲) بدبخت
تَعْوِيْذ: (دیکھئے "عوذ")

ت.........ف

تُفَّاحٌ: سیب ج: تَفَافِيْحُ
تَفَّفَ تَتْفِيْفاً: تھوتھو کرنا، ج: تُف تُف کہنا
تَفَّفَ الأظَافِرَ: ناخنوں کا میل صاف کرنا
تُفٌّ: ناخن کا میل ج: تِفَفَة۔
تَفَلَ ـــ تَفْلاً: تھوکنا
مِتْفَلَة: اُگالدان ج: مَتَافِلُ
تَفِهَ ـــ تَفَهاً: کم ہونا، بے حقیقت ہونا
تَفِهَ الطَّعَامُ: بے مزہ ہونا
تَفَاهَةٌ: بے لطفی، پھیکا پن، گھٹیا پن، معمولی پن، ہلکا پن (۲) بے حقیقت ہونا
تَافِهٌ، تَفِهٌ: (۱) بے مزا (۲) حقیر، گھٹیا
أمُوْرٌ تَافِهَةٌ: معمولی امور
أمُوْرٌ تَافِهَةُ القِيْمَة: معمولی قسم کے معاملات

ت.........ق

تَقَاوِى: بیج (دا)
تَقَنَ ـــ تَقَانَة، و أتْقَن: ماہر ہونا، حاذق و کامل ہونا
إتْقَان: (۱) مضبوط بنانا، (۲) مہارت، پختگی، (۳) مہارت حاصل کرنا
إتْقَانُ القِيَادَة: ڈرائیوری میں ماہر ہونا، مہارت حاصل کرنا

بِاتقَان: (۱) مہارت کے ساتھ (۲) پختگی کے ساتھ (۳) خوبی کے ساتھ

مُتقَنٌ: پختہ، بے عیب، کامل ودرست

تَقِنٌ، تِقْنٌ، مُتقِنٌ: (۱) پختہ کار، (۲) ماہر وحاذق، (۳) کسی علم وفن میں اعلیٰ لیاقت رکھنے والا

ت............ک

تَـکْـتَـکَة: (۱) روندنا (۲) گھڑی کا ٹک ٹک کرنا، کھٹ کھٹ کی آواز

تَکَّ ـُ تَکًا: روند کر کچل دینا

تِکَّةٌ: ازاربند ج: تِکَکٌ

مِتَکٌّ: ازاربند ڈالنے کی سلائی

تکیة: دیکھئے وکأ

ت............ل

تَلِید: دیکھئے: ولد

تِلِسْکُوب (مع) مِقْرَابٌ: دوربین

تلغراف (مع) ٹیلی گراف، ٹیلی گرام

تـلغَراف لاَ سِلکِیٌّ: بے تار کا برقی آلہ، آلہ پیام رسانی، وائرلیس، ٹیلی گراف

عَـامِـلُ التَـلِغرَاف: ٹیلی گراف کارکن، ٹیلیگرافر۔

تَلغَفَة: (۱) تار دینا، (۲) ٹیلی گرام بھیجنا

تَلغَفِیٌّ: ٹیلی گرام یا تار سے متعلق

تِلغَافِیٌّ (عَامِلُ التِلغرَاف): تار بابو

تَلِفَ ـَ تَلَفًا: ہلاک ہونا، برباد ہونا

تَلَف: خرابی، تباہی

تـلفُ الـمحَاصِیل الزِرَاعِیَّة: زرعی پیداوار کی تباہی

إِتلاف: ضائع کرنا، برباد کرنا، ضرر پہنچانا

إِتلافُ الـدَفَـاتِـر او السِجلاَّت: ریکارڈ ضائع کرنا

تَـالِفٌ، مُتـلَفٌ مَتلُوف: ہلاک شدہ، برباد شدہ

مُتـلِفٌ: مفسد، ضرررساں، بربادکن، نقصان دہ

تَلفَزة: ٹیلی ویژن پر لانا

تَلفَزَة: (مع) (مُبَاصَرَة) ٹیلی ویژن

تِلفَاز: (مِبصَار): ٹیلی ویزر (ٹیلی ویژن)

تِلِفُون: (مع) ٹیلی فون ج: تِلِفُونَات

عَامِلُ التِلِفُون: ٹیلی فون آپریٹر

تَلفَنَةٌ: ٹیلی فون کرنا

مُخَابَرَةٌ تِلِفُونِیَّة: بذریعہ ٹیلیفون بات چیت، ٹیلی فون کال

تِلقَاء: دیکھئے: لقی

تِلکَ: (وہ) اسم اشارہ واحد مونث بعید کے لئے

تَلٌّ ج: تِلاَل: ٹیلہ، چھوٹی پہاڑی

تَـلـمَذَة: (۱) شاگرد بنانا (۲) کسی کام کی مشق کرنا (۳) کردار وغیرہ کی آزمائش کرنا (۴) پڑھائی، تعلیم

تِلمِیذٌ ج: تَلاَمِیذُ: (۱) شاگرد (۲) طالب علم

__ فی مَدرَسَةٍ عَالِیَة: انڈر گریجویٹ

__ فـی مَـدرَسَةٍ حَـربِیَّة: فوجی اسکول کا طالب علم، ملٹری اسٹوڈنٹ

__ فی التَمرِین: (۱) مبتدی (۲) ٹریننگ اسٹوڈنٹس

__ دَاخِلِیٌّ: دارالاقامہ میں رہنے والا طالب علم

__ خَـارِجِیٌّ: (۱) بورڈنگ سے باہر رہنے والا طالب علم (غیر ملکی طالب علم)

تَلِهَ ۔ تَلَهاً: حیران ہونا

تَالِهٌ ، مُتَلَّهٌ: حیران، حیرت زدہ

تَالِهُ العَقْلِ: بے عقل، کودن

تَلاهُ ۔ُ تُلُوّاً: (ا) پیچھے چلنا، تابع ہونا (۲) کسی چیز کے نتیجہ میں کوئی بات پیدا ہونا

تَلاَ ۔ُ تِلاوَةً: پڑھنا، پڑھ کر سنانا۔

تِلْوٌ: جو چیز کسی دوسری چیز کے پیچھے ہو

مَرَّةً تِلْوَ المَرَّه: بار بار

بِالتَّالِي: (ا) لہٰذا، نتیجہ یہ ہوا کہ (۲) نتیجہ کے طور پر

ت............م

تَمْتَمَة: بڑبڑانا، منہ ہی منہ میں بولنا

تَمَرْجِيٌّ (دا): تیماردار (مُمَرِّض)

تِمْسَاحٌ: ج: تَمَاسِيحُ: مگرمچھ، گھڑیال

تَمْغَة: (دا) خطاب، اعزاز

تَمَّمَ تَتْمِيماً: پورا کرنا، پایہ تکمیل کو پہنچانا

مُتَمِّم: سپلیمنٹری

تَمَّ ۔ِ تَمَاماً: پورا ہونا، انجام پانا، کام ختم ہو جانا

تَمَاماً : كُلِّيَةً: سب کا سب، کلی طور پر ٹھیک، بالکلیہ، یقیناً

تَمَاماً و بِالتَّمَام: بالکل، یقیناً، سراسر

تَمِيمَة ج تَمَائِمُ: تعویذ

تَمُّوز (يُولِيُو): ماہِ جولائی

ت............ن

تَنَحّي: دیکھئے نحو

تِنْبِل و تَانْبُول: پان

تَنِسٌ (مع) تِنِيسٌ: ٹینس، لان ٹینس

تَنِسُ الرِّيشَة: بیڈمنٹن

تَنِسُ المَائِدَة: ٹیبل ٹینس (پنگ پونگ)

مِضْرَبُ التَّنِس: راکٹ، ٹینس کا بلا

مَلْعَبُ تَنِس: ٹینس کا میدان

تَنكَةٌ : (غَلَّايَة) کیتلی، کنستر

تَنكَة و تَنَكٌ و تِنكَار: ٹین

تَنَكْجِيٌّ: ٹین ساز

تَنُّورَة: (دا) پیٹی کوٹ

تِنِّينٌ ج: تَنَانِينُ: اژدھا، بڑا سانپ

ت............ہ

تَهِمَ ۔َ تَهَماً: بدبو ہونا، تعفن ہو جانا

ت............و

تَوّاً : (ا) فوراً، اسی وقت (۲) براہِ راست

لِتَوِّہِ: حال ہی میں، ابھی ابھی، جیسے

ذَهَبَ لِتَوِّہِ: وہ ابھی ابھی گیا ہے۔

(توب) تَابَ ۔ُ تَوْبَةً و مَتَاباً: نادم ہونا، پشیمان ہونا

تَابَ عن مَعْصِيَةٍ: گناہ سے باز آنا

تَابَ عن عَمَلٍ: چھوڑنا، باز آنا

تُوبُوغرَافِيا : جغرافی مطالعہ

تُوتِيَا: جست

تُوتِيا . زَرْقَاء: نیلا تھوتھا

تَوَّجَ تَتْوِيجاً: تاج پہنانا، تاج پوشی کرنا

تَتَوَّجَ: تاج پہننا، تخت نشین ہونا

تَاجٌ ج: تِيجَان: تاج، سہرا

تَاجُ العَمُود: عمارتی ستون کا بالائی نمایاں حصہ

تَاجُ القَلَنْسُوَة: ٹوپی کا چندوا

مُسْتَعْمَرَة التَّاج: شاہی علاقہ، جو براہِ راست بادشاہ کے کنٹرول میں ہو

تَاجِيُّ الشَّكل: مخروطی

تُولَستُوی: ٹالسٹائی (روسی ناول نگار)
(توح) تَاحَ لہ ـِ تَوحاً و تَیحاً: مہیا ہونا، مقدر ہونا
إتاحه: (۱) مہیا کرنا (۲) مقدر کرنا
إِتَاحَةُ الفُرصَة: موقع دینا
مُتَـاحٌ: (۱) ممکن الحصول (۲) مقدر، حاصل شدہ، میسر
تَورَاة: بائبل
تَورَاتِیّ: بائبل سے متعلق

ت.........ی

تَیَّارٌ ج: تَیَّارَات: کرنٹ، ہوا کا جھونکا، رخ، ندی کا بہاؤ، دھارا، رو، ریلا، طوفان، حالات کا رخ، لہر، رجحان
تَیَّارٌ کَهرَبَائِیّ: برقی لہر، بجلی کا کرنٹ
تَیَّارٌ رَجعِیّ: قدامت پسندانہ رجحان
تَیَّارٌ سِیَاسِیّ: سیاسی دھارا
تَیَّارُ الفِکر: ذہنی یا فکری رجحان
تَیَّارَاتٌ إِقلِیمِیَّة: علاقائی رجحانات
تَیَّارَاتٌ ثَورِیَّة: انقلابی رجحانات
تَیَّارَاتٌ سِیَاسِیَّة: سیاسی رجحانات
تَیَّارَاتٌ المَسَرَّة: خوشی کی لہریں
تَیَّارَاتٌ مُعَادِیَة: مخالف تحریکات
تِیفُود: (مع) ٹائی فائڈ (میعادی بخار)
تِیفُوس: (مع) ٹائفس، ایک قسم کا بخار
تَیَّهَ و تَوَّهَ: گمراہ کرنا، بھٹکانا
تَیَّهَ الفِکرَ: توجہ ہٹانا، خیال بٹانا
تَاهَ ـ تَیهاً و تِیهاً: بھٹکنا، حیران و سرگشتہ پھرنا، گمراہ ہونا، ہلاک و برباد ہونا
تَـاهَ الـفِکرُ: ذہن منتشر ہونا، ذہن کا پراگندہ ہونا، خیال بٹنا
مَتَاهَة: گمراہی ج: مَتَاهَات
تَائِهُ الفِکر: پریشان حال، پراگندہ ذہن۔

ث .... ا

ثَئِبَ — ثَئباً و تَثَاءَبَ: جمائی لینا

ثَأَرَ — القتیل وبه ثَأْراً و ثُؤْرَةً و ثُؤُوراً و أثْأَرَ منه: مقتول کے خون کا بدلہ لینا، انتقام لینا۔

ثَائِرٌ: (۱) انتقام لینے والا (۲) باغی (۳) خون کا پیاسا (۴) انقلابی (۵) مشتعل
ج: ثُوَّار

الثَّائِرُ علی شیٔ: کسی چیز کا باغی، مخالف

ثَأْرِیٌّ: انتقامی

عَاطِفَةٌ ثَأْرِیَّةٌ: انتقامی جذبہ

ثَالِیُوم: (مع) تھیلیم، ایک کمیاب سفید نرم فلزی عنصر

ثَابَ: دیکھئے ثوب

ث .... ب

ثَبُتَ — ثَبَاتَةً و ثُبُوتَةً: بہادر ہونا، صاحب عزم ہونا

ثَبَتَ — ثَبَاتاً و ثُبُوتاً: (۱) ثابت قدم ہونا (۲) قائم رہنا (۳) ثابت وظاہر ہونا

ثَبَتَ علی: کسی چیز کے مقابلہ پر ڈٹنا، مقابلہ کرنا (۲) پابندی کرنا، قائم رہنا

ثَبَّتَ الشَّرِیطَ علی کذا تَثْبِیتاً: ٹیپ لگانا، کیسٹ لگانا

تَثْبِیت: جمانا، ثابت قدم بنانا، دلائل سے ثابت کرنا، مضبوط بنانا، فٹ کرنا، اطمینان دلانا، فکس کرنا، پختہ کرنا

تَثْبِیتُ الأَسْعَار: قیمتوں میں ٹھہراؤ پیدا کرنا

تَثْبِیتُ الحَقّ: حق ثابت کرنا

تَثْبِیتُ شیٔ بالإِسْمَنْت: سمنٹ سے جوڑنا

تَثْبِیتُ المَسِیْرَةِ الأَمْنِیَّة: امن مشن کو مضبوط کرنا

تَثْبِیت و إِثْبَات: توثیق کرنا، تائید کرنا، کسی کے خلاف جرم ثابت کرنا، برقرار رکھنا، عارضی ملازم کو مستقل کرنا، استقلال، منظوری، اندراج، دلیل، ثبوت، تسلیم کرنا، نوٹ کرنا

إِثْبَاتُ البَیَانَات: خانے پر کرنا، تفصیلات درج کرنا

إِثْبَاتُ الذَّاتِیَّة او الشَّخْصِیَّة: شناخت کرانا، شخصیت منوانا، حیثیت عرفی بتانا

الإِثْبَاتُ فی دَفْتَرِ الیَوْمِیَّة: روزنامچہ میں

درج کرنا
إثْبَاتَاتٌ لَازِمَة: ضروری ثبوت
تَثَبُّتٌ: جام ہونا، جم جانا
اَلتَّثَبُّتُ بالمَوْقِفِ: پالیسی پر قائم رہنا
تَثَبَّتَ مِن كذا: وثوق حاصل کرنا، حقیقت معلوم کرنا، پہچاننا
تَثَبَّتَ فی كذا: احتیاط برتنا، غوروفکر سے کام لینا
ثَبَتٌ: حجت، برہان، ثبوت
ثَبَات: (۱) استقلال، صبر (۲) پختگی، دوام
ثَبَاتُ الأَسْعَار: نرخوں کا ٹھہراؤ
ثَبَتٌ: لسٹ، فہرست
ثَابِتٌ: (۱) غیر منقول یا غیر متحرک (۲) جامد (۳) تسلیم شدہ (۴) واضح و ظاہر (۵) قائم، باقی، مستقل مزاج
ثَابِت: قائم، نا قابل منتقلی، ہارڈ، اٹل، پائدار، مستقل، مقررہ، منجمد، فکسڈ
ثَابِتُ الجَأش: حوصلہ مند، بیباک
ثَابِتُ العَزْم: پختہ عزم انسان، ارادہ کا پکا
لَوْنٌ ثَابِتٌ: پختہ رنگ، نہ زائل ہونے والا
أَمْلَاكٌ ثَابِتَة: غیر منقولہ جائداد
القِيمَةُ الثَّابِتَةُ: ٹھہری ہوئی قیمت
بِمَثَابَةِ كذا: بمنزلہ اس کے
شَاهِدُ إِثْبَات: گواہ عینی، عینی گواہ
ثَبَجَ ـُـ ثَبْجًا و ثُبُوجًا الخطَّ: بدخط لکھنا، گھسیٹواں لکھنا
ثَبَجٌ: غیر واضح تحریر
خَطٌّ ثَبِجٌ و مُثَبَّجٌ: گھسیٹواں تحریر، غیر واضح تحریر

ثَبَرَه ـُـ ثَبْرًا و ثُبُورًا: (۱) لعنت کرنا، دھتکارنا، ہلاک کرنا، (۳) ناکام ونامراد بنانا
ثَابَرَ علی، مُثَابَرَةً: پابندی کرنا، قائم رہنا، مداومت کرنا
ثُبُورٌ: ہلاکت، بربادی
ثَبَطَ ـُـ ثَبْطًا و ثَبَّطه عن الأمر: بازرکھنا، روکنا، ہٹانا
ثَبَطَ العَزْمَ: حوصلہ پست کرنا
مُثَبِّطُ العَزْم: حوصلہ شکن، ہمت شکن
مُثَبَّطُ العَزْم: پست ہمت
تَثَبَّطَ عن كذا: رکنا، توقف کرنا، باز آنا
ثُبْنَة: گودبھر
ثِبَانٌ ج: ثُبَنٌ: (کپڑے کا) دامن
مَثْبَنَة ج: مَثَابِنُ: عورتوں کا سنگاری تھیلا، سنگار بٹوا، وینٹی بیگ

ث..........خ

ثَخُنَ ـُـ ثِخَنًا و ثُخُونَةً و ثَخَانَةً: (۱) سخت ہونا، (۲) موٹا ہونا
أَثْخَنَ في الأمر إِثْخَانًا: مبالغہ کرنا
أَثْخَنَ فِي الأَرضِ: خونریزی کرنا، کشتوں کے پشتے لگادینا۔
أَثْخَنَتْهُ الجِرَاحُ: زخموں نے اسے نیم جاں کردیا

ث..........ر

ثَرَبَهُ ـِـ ثَرْبًا و ثَرَّبَه تَثْرِيبًا: ملامت کرنا، فعل کی مذمت کرنا
ثَرْبٌ ج: ثُرُوب و أَثْرُب: باریک جھلی جو آنتوں پر چڑھی ہوتی ہے
ثَرْثَرَة: فضول بولنا، بکواس کرنا
ثَرْثَارٌ: جھکی، بہت بولنے والا

ثِرمُومِتر: (مع) تھرمامیٹر
ثَرْوَة، ثَرَاءٌ: دولت، دولتمندی، مالداری
ثَراءٌ غَیرُ مَشرُوعٍ: ناجائز دولت
الثَّروَةُ المَعدِنِیَّة: معدنی دولت، معدنیاتی ذخائر
الثَّروَةَ السَّمَکِیَّة: مچھلیوں کا ذخیرہ، مچھلیوں کی دولت
ثَرِیَ الرَّجُلُ ثَرَاءً (س، ن) و اَثرٰی إِثرَاءً: مالدار ہونا، دولتمند ہونا، متموّل ہونا
إِثرَاءُ شيءٍ: مالامال کرنا
ثَرِيٌّ (ج) أَثرِیاءَ و مُثرٍ و ثَروَان: دولتمند، مالدار، متموّل
ثُرَیَّا ج: ثُرَیَّاتٌ: (۱) جھاڑ (۲) سات ستاروں کے مجموعہ کا نام
ثَرِیَ التُّرَابُ ـ ثَرىً: (۱) تر ہونا، (۲) نرم وملائم ہونا، (۳) نمناک ہونا
ثَرىً ج: أَثرَاءٌ: (۱) نمناک مٹی (۲) خیر

ث.........ع

ثَعَبَ المَاءَ ـ ثَعباً: پانی بہانا
مَثعَبٌ ج: مَثَاعِبُ: (۱) نالی، پرنالہ، (۲) خم دار نلی
ثَعَبَ عَلَیهِمُ الغَارَةَ ـ ثَعباً: حملہ کرنا
ثُعبَانٌ ج: ثَعَابِینُ: سانپ

ث.........غ

ثَغَرَ ـ ثَغراً: منہ کھولنا، شگاف ڈالنا
ثَغَرَ الإِنَاءَ: سوراخ یا شگاف کرنا (۲) توڑنا
ثَغَرَ الثُّلمَةَ: سوراخ یا شگاف بند کرنا
ثَغَرَ السِّنَّ: دانت نکالنا
أَثغَرَ الغُلَامُ: دانت نکل آنا
ثُغُور: حدود، سرحدیں
ثَغرٌ ج: ثُغُور: (۱) منہ، (۲) اگلے دانت (۳) بندرگاہ (۴) پہاڑ یا وادی کا منفذ، رشتہ وہ جگہ جہاں سے دشمن کے حملہ آور ہونے کا خطرہ ہو (۵) دراڑ، شگاف، سرحد
ثُغرَة ج: ثُغَر: سوراخ، شگاف، آسان راستہ
ثَغَتِ الشَّاةُ أَو الخَرُوفُ ـ ثُغَاءً: ممیانا، بکری یا مینڈھے کا آواز نکالنا

ث.........ف

ثُفلٌ، ثَافِلٌ: تلچھٹ، نیچے بیٹھی ہوئی گاد

ث.........ق

ثَقَبَ ـ ثَقباً: سوراخ کرنا، چھیدنا، برمانا، پنچ کرنا
اِنثِقَاب وَتَثَقُّبٌ: سوراخ ہونا، آرپار ہونا۔
ثَقبٌ و ثُقبَة ج: أَثقُب و ثُقُوبٌ: چھید، آرپار سوراخ، پنکچر
ثَقَبَ البِطَاقَة: کارڈ کو پنچ کرنا، سوراخ کرنا
ثِقَابٌ، ثُقُوبٌ: دیا سلائی
ثَاقِبٌ: تہ کو پہنچا ہو، تہ کو پہنچا ہوا، نافذ، آرپار
ثَاقِبُ الفِکرِ: بیدار مغز، ذہن رسا رکھنے والا
رَأيٌ ثَاقِبٌ: عمدہ رائے
مِثقَبٌ: سوراخ کرنے کا آلہ، برما
ثَقِفَ ـ ثَقفَ ـ ثَقَفاً و ثَقَافَة: دانشمند ہونا، زیرک ہونا
تَثقِیف: (۱) ذہنی تربیت دینا (۲) تعلیم یافتہ بنانا، مہذب بنانا (۳) کجی دور کرنا
مُثَاقَفَة: پٹا کھیلنا، تیغ بازی کرنا
ثَقَافَة، تَثقِیفٌ: تہذیب، کلچر، تعلیم
ثَقَافَةٌ عُمَّالِیَّة: لیبر ایجوکیشن

ثَقافَةُ الغَرْب: مغربی تہذیب
ثَقافَةٌ فَنِيَّة: فنی تعلیم
ثَقافَةٌ عالِيَة: اعلیٰ تعلیم، اعلیٰ تہذیب
ثَقافِيٌّ: ثقافتی، تعلیمی، کلچرل
مُلحَقٌ ثَقافِيّ: کلچرل اتاچی جو سفارت خانہ میں ثقافتی امور کا نگراں ہوتا ہے
مُثَقَّفٌ: تعلیم یافتہ، تہذیب یافتہ
طَبَقَةٌ مُثَقَّفَة: تعلیم یافتہ طبقہ
المُثَقَّفُون: تعلیم یافتہ، تہذیب یافتہ، ایڈوانس لوگ
ثَقُلَ ـُ ثِقَلاً و ثَقالَةً: وزنی ہونا، بھاری ہونا، بوجھل ہونا
ثَقُلَ السَّمْعُ: ثقل سماعت پیدا ہونا، قوت سامعہ میں نقصان آنا
أَثْقَلَ الشيءَ إِثْقالاً: لوڈ پڑنا
تَثْقِيل: بھاری بنانا، بوجھل بنانا
تثقيل علىٰ: مشقت میں ڈالنا، زیر بار کرنا، لادنا، تھکانا
تَثْقِيل و تَثاقُل على: پریشان کرنا، دق کرنا
تَثاقُل: (۱) بھاری ہونا، زیر بار ہونا (۲) سست ہونا
ثِقَلٌ: بھاری پن، ضد خِفَّة
ثِقْلٌ ج: أَثْقال: (۱) وزن، بوجھ، لوڈ (۲) زحمت، تکلیف
الثِقَلُ النَّوعِيُّ: (سائنس میں) کثافت، کثافت نوعی
مِيزانُ الثِقَلِ النَّوعِيِّ: کثافت نوعی کا پیمانہ

أَثْقالُ الأَرْض: زمین کے مخفی ذخیرے
ثَقْلَة و ثَقَلَةٌ: (۱) تعب (۲) مشقت
ثَقِيلٌ ج: ثُقَلاء و ثِقال: (۱) وزنی، بھاری، ہیوی، ضد خفیف (۲) پریشان کن
ثَقِيلُ الحَمْل: وزن دار، تکلیف دہ
ثَقِيلُ السَّمْع: اونچا سننے والا، کم سننے والا
ثَقِيلُ الفَهْم: غبی، کندذہن، کم فہم
ثَقِيلُ الهَضْم: دیر ہضم
بِثِقْل: مشقت کے ساتھ، محنت کے ساتھ
مُثْقَلٌ: (۱) زیر بار، (۲) لدا ہوا، تھکا ہوا
مِثْقال ج: مَثاقِيلُ: (۱) وزن کا پیمانہ، وزن کرنے کا باٹ (۲) تقریباً ڈیڑھ درہم کے برابر
المِثْقَلَة (تُوضَعُ علَى الأَوْراق لِمَنْعِها من التطايُر): پیپرویٹ۔

ث............ک

ثُكْنَة ج: ثُكَنٌ و ثُكُنات: فوجی بارک، پولیس کا مرکز، چھاؤنی۔

ث............ل

ثَلَبَ ـِ ثَلْباً: (۱) عیب لگانا، ملامت کرنا، گالی دینا، سب وشتم کرنا۔
مَثْلَبَة ج: مَثالِبُ: عیب، برائی۔
ثَلَّثَ الشيءَ تَثْلِيثًا: سہ گنا بنانا۔
ثَلَّثَ المَساحَةَ: مثلثوں کی شکل میں تقسیم کرنا۔
ثُلاثاء، يَوْمُ الثُلاثاء: منگل، سہ شنبہ۔
ثُلاثِيٌّ: (تین سے مرکب) سہ نفری، سہ اجزائی، سہ رکنی۔
ثُلاثِيُّ الحُرُوف: سہ حرفی۔

___ الأرجُل: تین پاؤں کا، سہ پایہ۔
___ الأضلاع: سہ پہلو۔
___ الألوان: سہ رنگا۔
___ الألسُن: سہ لسانی۔
تَثلِیث: (۱) عقیدۂ تثلیث (۲) سہ کونہ بنانا، سہ رکنی بنانا۔
مُثلَّث: تین ضلعوں والی شکل، سہ کونہ۔
مَثلُوث: تین سے بنا ہوا۔
ثَلَجتِ السَّمَاءُ ـُـ ثَلجاً و أثلَجتْ: آسمان سے برف گرنا۔
ثَلِجَتِ النَّفسُ بِشَیٍ: دل ٹھنڈا ہونا، مطمئن ہونا، خوش ہونا۔
تَثلِیج: (۱) ٹھنڈا کرنا (۲) برف بنانا، برف سے جمانا۔
أثلَجَ صَدرَہ: دل ٹھنڈا کرنا۔
ثَلج: برف، آئس ج: ثُلُوج۔
ثَلجٌ رَخوٌ: شدتِ سردی سے گری ہوئی برف جو زمین کو ڈھانک لیتی ہے، آسمانی برف۔
ثَلجٌ جَامِدٌ: جمی ہوئی برف جو مشین وغیرہ کے ذریعہ بنائی گئی ہو۔
ثَلجِیٌّ: برفانی، برف سا، برف کا۔
العَصرُ الثَّلجِیُّ او الجَلِیدِیُّ: برفانی دور۔
ثَلِج، مَثلُوج، مُثلَّج: ٹھنڈا کیا ہوا، برف ملایا ہوا۔
ثَلّاج: برف فروش۔
ثَلّاجَة جات: آئس بکس، برف رکھنے کا صندوق، کولر۔
مُثلَجَة ج: مَثَالِج: ریفری جریٹر، ٹھنڈا کرنے کی مشین۔
ثَلَّ عَرشَھُم ـُـ ثَلّاً: سلطنت کا تختہ الٹ دینا۔
ثُلَّ عَرشُھُم: عزت جاتی رہی، سلطنت زائل ہوگئی۔
ثَلَّة ج: ثِلَل: ہلاکت، ویرانی، بربادی۔
ثُلَّة ج: ثُلَل: جماعت، گروہ، جتھا۔
ثَلَمَ الحائطَ ـِـ ثَلماً و ثَلَّم تَثلِیماً: رخنہ ڈالنا، شگاف ڈالنا، کند کرنا۔
ثَلَمَ الصِّیتَ او السُّمعَةَ: شہرت کو داغ دار بنانا، بدنام کرنا۔
ثَلِمَ ـَـ ثَلَماً، تثلَّم و انثَلَمَ: (۱) کند ہونا (۲) بے حس ہونا۔
ثَلم و ثُلمة ج: ثُلَم: رخنہ، شگاف، خلل۔
ثَالِم: بے حس، کند۔
مُنثَلِمُ الصِّیتِ: بدنام، بے عزت۔

ث .... م

ثَمَّرَ مَالَہُ تَثمِیراً: اضافہ کرنا، بڑھانا۔
اِستَثمَرَ الشَّیَٔ اِستِثمَاراً: نفع اٹھانا، بار آور بنانا، نتیجہ نکالنا، کسی کام میں رقم لگا کر اسے بڑھانا۔
الإستِثمَار: سرمایہ کاری۔
المُستَثمِرُون: سرمایہ کار۔
إستِثمَارات: منافع، فائدے۔
ثَمَر ج: ثِمَار: پھل، پیداوار، نتیجہ، نفع، حاصل (۲) فروٹ۔
ثَمَرُ القَلبِ: محبت، مودّت۔
بلا ثَمَر: بے نتیجہ، غیر مفید، بے فائدہ۔
مُثمِر: نفع بخش، بار آور، مفید، نتیجہ خیز۔
ثَمِلَ ـَـ ثَمَلاً: نشہ میں ہونا، مست ہونا، مدہوش

ہونا۔
إثْمال: مدہوش بنانا، نشہ چڑھانا۔
ثَمِلٌ: مدہوشی، نشہ، مستی۔
ثَمِلٌ: مدہوش، مست، نشہ والا۔
ثُمالَة: گاد، تلچھٹ، جھاگ۔
ثَمَّ، ثَمَّة: وہاں۔
مِنْ ثَمَّ: اسی وجہ سے۔
ثُمَّ: پھر، تب، اس کے بعد۔
ثَـمَّنَ الشَّیْئَ تَثْمِیناً: قیمت لگانا (۲) قیمت کا اندازہ کرنا (۳) قدر کرنا۔
تَثْمِین: قدر کی نگاہ سے دیکھنا، سراہنا، خراج تحسین (۲) اسٹیمیٹ (۳) قیمت لگانا۔
تَثْمِینُ الضَّرِیبَة: ٹیکس کی مقدار متعین کرنا۔
لا یُثَـمَّـنُ: گراں قیمت، غیر قیمتی، بے قیمت۔
ثَمَنٌ ج: أثْمانٌ: قیمت، بھاؤ، ریٹ۔
ثَـمَنٌ أساسِیٌ أو أصْلِیٌ: اصلی ریٹ، بنیادی قیمت۔
ثَمَنٌ شامِل: عمومی قیمت۔
ثَمَنٌ باهِظ: حد سے زیادہ قیمت۔
أثْـمَـانُ الـتَّـجزِئَة: ریٹیل قیمت، خُردہ قیمت۔
ثَامِنٌ م: ثَامِنَة: آٹھواں۔
الثَّامِنُ عَشَرَ: اٹھارواں۔
الثَّامِنَةُ عَشَرَ: اٹھارویں۔
مُثَمَّن: آٹھ اٹھ، ہشت پہلودار۔
مُثَمَّنُ الأرْكَان: ہشت پہلو والا۔
مُثَمِّنٌ رَسْمِیٌّ: سرکاری قیمت لگانا والا۔

ث..........ن

ثَنٰی ـَ ثَنیاً: (۱) لپیٹنا، طے کرنا (۲) موڑنا۔
ثَـنٰـی و أثْنٰی (أحَداً) عن كَذَا: ہٹانا، روکنا، باز رکھنا۔
أثْـنٰـی عَلَیْهِ إثْنَاءً: (۱) تعریف کرنا (۲) سراہنا، خراج تحسین ادا کرنا، ادا دینا۔
ثَنّٰی تَثْنِیَةً: ڈبل کرنا، دوگنا کرنا۔
ثَنّٰی العَمَلَ: اعادہ کرنا، لوٹانا۔
ثَـنّـٰی الثَّـوبَ: (۱) زور ڈال کر نچوڑنا (۲) چُنَّٹ ڈالنا، شکن ڈالنا۔
ثَنّٰی علی اسْتِدْعَاءٍ: تائید کرنا، مدد کرنا۔
إنْثِنَاء: مڑ جانا عن: باز رہنا، رکنا، ہٹ جانا۔
إسْتِثْـنَـاء: (۱) عام قاعدہ سے علیحدہ کرنا، کسی کے حکم سے الگ کر دینا (۲) پاک کرنا، بری کرنا۔
الإسْتِثْنَاءُ عن الضَّرِیبَة: ٹیکس معاف کرنا۔
ثِنْیٌ، ثُنْیَةٌ ج: أثْنَاءٌ: تہ، پیچ، شکن۔
فی أثْـنَاءِ العَمَل: اون ڈیوٹی، دوران ڈیوٹی۔
ثَنِیَّة ج: ثَنَایَا: اوپر کے اگلے اور پچھلے دو دانت۔
ثَنَاءٌ: تعریف، مدح، شکریہ۔
ثَنَائِیٌّ: مدحیہ، تعریفی۔
ثُنَائِیٌّ: ڈبل، دوہرا، دورکنی، دونفری۔
ثُنَائِیُّ العُیُوْن: دوچشمی۔
الـعَـقِـیـدَةُ الثُنَائِیَة: (عَقِیدَةُ الإلٰهَیْن) خیر وشر کی دو مستقل قوتوں کا قائل ہونا۔
المُرَاقَبَةُ الثُّنَائِیَة: ڈبل نگرانی۔

ثَنَوِيَّة: دوئی، دو خداؤں کو ماننا۔
ثَانَوِيٌّ: دوسرے درجہ کا، سکنڈری۔
الثَّانَوِيُّ العَالِي: ہائر سکنڈری۔
الثَّانِي: سیکنڈ، دوسرا، دوم۔
ثَانِيَة ج: ثَوَانٍ: سیکنڈ۔
مَدْرَسَة ثَانَوِيَّة: سکنڈری اسکول، ہائی اسکول۔
ثَانِياً، ثَانِيَةً: (۱) دوسرا، دوم، اس کے علاوہ (۲) نیز، اس کے ساتھ ساتھ (۳) دوسرے یہ کہ، دوسری دفعہ۔
الدَّرَجَةُ الثَّانِيَة: سیکنڈ کلاس۔
إِثْنَان: دو۔
يَوْمُ الاِثْنَيْن: پیر، دوشنبہ۔
إِسْتِثْنَائِيّ: خصوصی، غیر معمولی۔
حَالَة إِسْتِثْنَائِيَّة: ہنگامی حالت، مخصوص حالت۔
إِسْتِثْنَائِياً: خصوصی طور پر، خاص طریقہ پر، پرائیویٹ طور پر۔
مُثَنّى: ڈپلی کیٹ۔
مُثَنّىً: طے کیا ہوا، لپٹا ہوا۔

ث.........و

ثَابَ ـُ ثَوْباً، و ثُؤُوْباً، ثَوَبَاناً: لوٹنا، واپس ہونا۔
ثَابَ إِلَيْهِ رُشْدُهُ: ہوش آنا۔
ثَابَ المَرِيْضُ: صحت یاب ہونا، اچھا ہونا۔
ثَابَ المَاءُ: حوض وغیرہ میں پانی جمع ہونا۔
ثَوْبٌ ج: أَثْوَابٌ و ثِيَابٌ: (۱) کپڑا (۲) چادر (۳) خارجی مظہر، ظاہری لباس۔
ثِيَابٌ جَاهِزَة: تیار شدہ کپڑے، سلے ہوئے کپڑے، ریڈی میڈ کپڑے۔
ثَوْبٌ حَرِيْرِيّ: سلک۔
ثَوْبٌ دَاخِلِيٌّ أو تَحْتِيٌّ: انڈر ویر۔
ثَوْبُ السَّهْرَةِ: ایوننگ ڈریس۔
ثَوْبُ الحِدَاد: ماتمی لباس۔
ثَوْبٌ نِسَائِيّ: فراک۔
ثَوَابٌ، مَثُوْبَة: جزاء، بدلہ، جزائے خیر۔
مَثَابٌ، مَثَابَة: مقام اجتماع۔
بِمَثَابَةِ كَذَا: بمنزلہ اس کے۔
(أَنْتَ بِمَثَابَةِ أَخٍ) تم بمنزلہ برادر ہو۔
ثَوْرٌ ج: ثِيْرَان: بیل۔
ثَوْرَة: (۱) گائے (۲) ہیجان، جوش، بغاوت، انقلاب ج: ثَوْرَاتٌ۔
ثَوْرَةُ التَّصْحِيْح: اصلاحی انقلاب۔
ثَوْرَةٌ ثَقَافِيَّة: ثقافتی انقلاب۔
ثَوْرَةٌ لَمْ تُرَقْ فِيْهَا الدِّمَاءُ: پرامن انقلاب، بغیر خوں ریزی کے انقلاب۔
ثَوْرَةٌ لَمْ تَنْجَحْ: ناکام بغاوت، ناکام انقلاب۔
ثَوْرَةٌ مُجْهَضَة: ناکام یا ناتمام بغاوت۔
ثَوْرَةٌ مُسَلَّحَة: مسلح انقلاب۔
الثَّوْرَةُ المُضَادَّة: مخالف یا برعکس انقلاب۔
ثَوَرَان: اشتعال۔
ثَارَ ـُ ثَوْراً و ثَوَرَاناً و ثَوْرَةً: (۱) مشتعل ہونا، چراغ پا ہونا (۲) باغی ہونا۔
ثَارَ الشَّعْبُ: عوام میں ناراضگی پھیلنا۔
ثَارَ الغُبَارُ: گرد اڑنا۔
ثَارَ البُرْكَانُ: کوہ آتش فشاں کا پھٹ پڑنا۔
ثَارَ الخِلَافُ ـُ ثَوْرَةً: اختلاف پیدا ہو جانا۔
ثَارَ غَضَباً: آپے سے باہر ہونا، آگ بگولا

ہونا۔

ثَارَ ثَائِرَہُ: آگ بگولا ہونا، مشتعل ہونا، غضب ناک ہونا، بھڑک اٹھنا۔

ثَارَتْ نَارُ الحَمَاسَة فی کذا: آتشِ جوش بھڑکنا، جوش آنا۔

ثَارَتْ نَفْسُه: اس کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔

ثَوْرِیٌّ، ثَائِرٌ ج: ثُوَّارٌ: (۱) باغی (۲) انقلابی (۳) شورش پسند، انقلاب سے متعلق۔

حُکُومَةٌ ثَوْرِیَّة: انقلابی حکومت۔

ثَائِر ج: ثُوَّار: (۱) سرکش (۲) مشتعل (۳) غضبناک۔

ثَائِرَة ج: ثَوَائِرُ: شور، ہنگامہ، چیخ وپکار۔

إِثَارَة: (۱) جوش دلانا، مشتعل کرنا، اشتعال پیدا کرنا، اکسانا، بھڑکانا (۲) کسی چیز کا سبب بننا۔

إِثَارَةُ الأَزْمَة: بحران پیدا کرنا۔

إِثَارَةُ الإِضْطِرَابَات: ہنگامے برپا کرنا۔

إِثَارَةُ الثَوْرَة: ہیجان پیدا کرنا۔

إِثَارَةُ الدَّهْشَة: تعجب خیز بنانا۔

إِثَارَةُ الرُّعْب فی النُّفُوس: دہشت پیدا کرنا۔

إِثَارَةُ السُّخْط: نفرت پیدا کرنا۔

إِثَارَةُ الشُّبُهَات: شکوک پیدا کرنا۔

إِثَارَةُ الفَوْضَی: انارکی پھیلانا، لاقانونیت پیدا کرنا۔

إِثَارَةُ القَضَایَا: مسائل پیدا کرنا۔

إِثَارَةُ القَلَق: تشویش پیدا کرنا۔

إِثَارَةُ المَسْئَلَة للمُنَاقَشَة: بحث کے لئے مسئلہ اٹھانا۔

إِثَارَةُ النُّقْطَة: نکتہ پیدا کرنا، شوشہ چھوڑنا۔

إِثَارَةُ الوَعْی: شعور پیدا کرنا۔

مُثِیر: ہیجان انگیز، سنسنی خیز، مسئلہ اٹھانے والا، محرک، سبب۔

مُثِیرُ الفِتَن: شرانگیز، فتنہ انگیز، فسادی، فسادانگیز۔

مُثِیرُ الإِضْطِرَاب: فسادانگیز۔

مُثِیرُ الذُّعْر: دہشت انگیز، ہوّچی جو ذرا ذرا سی بات پر شور مچائے۔

مُثِیرُ الفِتْنَة: فتنہ انگیز، شرارت انگیز۔

مُثِیرٌ لِلإِنْتِبَاه: قابل توجہ۔

مُثِیرُ الإِنْزِعَاج: ہوّچی جو ذرا ذرا سی بات پر شور مچائے۔

المُثِیرُ لِلإِنْشِقَاق: افتراق انگیز۔

مُثِیرُ الدَّهْشَة: تعجب انگیز۔

مثیر لِلسُّخْر: مضحکہ خیز

مُثِیرٌ لِلفِتَن: فتنہ انگیز۔

مُثِیرٌ لِلقَلَاقِل: فسادانگیز، پریشان کن۔

مَثَارُ تَعْلِیقَاتٍ: تبصروں کا سبب

مَثَارُ قَلَق: باعث تشویش۔

اِنْثِیَالُ المَعَانِی: مضامین کی آمد۔

ثَوَی المکَانَ ـــ ثَوَاءً و أَثْوَی فیه و به: قیام کرنا، مقیم ہونا (۲) مرنا، موت آنا (۳) دفن کرنا، درگور کرنا۔

أَثْوَی صَاحِبَهُ إِثْوَاءً: ضیافت کرنا، ٹھیرانا، مقیم بنانا۔

أَثْوَی فیه و به: قیام کرنا، مقیم ہونا، مرنا، موت آنا، دفن کرنا، درگور کرنا۔

ثُوَّةٌ ج: ثُوًی: وہ پتھر جو بطور علامت راستہ میں

نصب کیا جاتا ہے۔
الـمَثْوٰی ج: مَثَاوٍ: قیام گاہ، منزل، ٹھکانہ، ہاسٹل، بورڈنگ ہاؤس۔
المَثْوَی الأَخِیرُ: قبر۔

ج .... أ

جَأجَأَةً: اونٹ کو جی جی کہہ کر پکارنا، بلانا۔

تَجَأجَأَ عن: رُکنا، باز رہنا۔

جُؤجُؤُ السَّفِينَة ج: جَآجِئُ: کشتی پیش، جہاز یا کشتی کا اگلا حصہ۔

جَأَرَ ـــ جَأْرًا و جُؤَارًا: گڑگڑانا، تضرع کرنا۔

جأر الى: دستِ دعا بلند کرنا۔

جَأَرَ الى: دست دعا بلند کرنا۔

جَأَرَ الثَّوْرُ: ڈکارنا۔

جَأَرَ: گرجنا، گرجدار آواز نکالنا۔

جَأَشَ ـ جَأْشًا: مضطرب ہونا۔

جَأْشٌ ج: جُؤُوش: (۱) دل (۲) سینہ۔

رَابِط الجَأْش: بہادر، نڈر، بے خوف۔

جَالُوت: دیو۔

جَالُون: گیلن، ارطل (مع)۔

جَالِيَة: (دیکھیے: جلو) جام (دیکھیے: جوم)۔

جَامُوس: (دیکھیے: جمس) جاہ (دیکھیے: جوہ)۔

جَاوِيش: سارجنٹ، ایک فوجی عہدہ۔

ج .... ب

جَبَّ ـُ جَبًّا: کاٹنا، غالب ہونا۔

جُبٌّ ج: أَجْبَابٌ، جِبَابٌ، جِبَبَةٌ: (۱) گڑھا (۲) گہرا کنواں۔

جَبَخَانَة، جَبَخَان: میگزین، اسلحہ خانہ۔

جَبَذَ ـِ جَبْذًا، و اجْتَبَذَ: کھینچنا۔

جَبَرَ العَظْمَ ـُ جَبْرًا و جُبُورًا و جَبَّر تَجْبِيرًا: جوڑنا، ہڈی درست کرنا۔

__ المَكْسُورَ: ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑنا۔

__ الخاطِرَ: دلجمعی کرنا، راضی کرنا، خوش کرنا۔

__ القَلْبَ: غم خواری کرنا، تسلی دینا، دلاسا دینا۔

__ عليه، و أَجْبَرَ: مجبور کرنا، جبر کرنا۔

إِجْبَار: مجبور کرنا، لازم کرنا۔

الإِجْبَارُ عَلَى الإِسْتِسْلَام: گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کرنا۔

إِجْبَارِيّ: لازمی، کمپل سری، جبری۔

إِدِّخَارٌ إِجْبَارِيٌّ: جبری بچت۔

جَبْرٌ: (۱) علم ریاضی کی ایک قسم (۲) اللہ کا فیصلہ۔

جَبْرًا و بالجَبْر: زبردستی، قہراً، مجبوراً۔

جَبْرِيٌّ: علم الجبرا سے متعلق (۲) غیر اختیاری۔

جَبَّارٌ: (١) سرکش (٢) زبردست، عظیم۔
مَجْهُودٌ جَبَّارٌ: زبردست کوشش۔
جَبَّسَ الحَائِطَ تَجْبِيساً: دیوار وغیرہ پر کھریا پھیرنا، لیپنا، پوتنا۔
جَبَّسَ العُضْوَ: حصہ جسم پر پلاسٹر چڑھانا۔
جِبْسٌ: کھریا، مصالحہ جس کا پلاسٹر چڑھایا جائے۔
جَبَلَ ـُ ـِ جَبْلاً: (١) ڈھالنا، صورت بنانا (٢) پیدا کرنا، گوندھنا۔
جَبَلٌ ج: جِبَالٌ: پہاڑ۔
جَبَلُ نَارٍ: کوہِ آتش فشاں۔
جَبَلُ جَلِيْدٍ: برف کی چٹان، برف کا تودہ۔
جَبَلِيٌّ: پہاڑی، پہاڑ، وہ جگہ جہاں کثرت سے پہاڑ ہوں۔
جَبْلَةٌ، جِبِلَّةٌ: خلقت، فطرت۔
جَبُنَ ـُ جُبْناً وَ جَبَانَةً: (١) بزدل ہونا، کمزور ہونا (٢) کم ہمت ہونا۔
تَجْبِينٌ: بزدل بنانا (٢) پنیر بنانا۔
جُبْنٌ، جُبْنَةٌ: پنیر۔
جُبْنٌ و جَبَانَةٌ: بزدلی، ضعفِ ارادہ۔
مَاءُ الجُبْنِ: چھاچھ۔
جَبِينٌ و جَبَانٌ: بزدل، کمزور دل۔
جَبِينٌ ج: أَجْبِنَةٌ و أَجْبُنٌ: پیشانی۔
جَبَّانٌ: پنیر فروش۔
جَبَّانٌ و جَبَّانَةٌ ج: جَبَابِينُ: قبرستان۔
جَبِينٌ: فرنٹ، اگلا حصہ۔
جَبَهَ ـَ جَبْهاً: سامنے آنا، پیش آنا، منھ در منھ ہونا۔
مُجَابَهَةٌ: مقابلہ، مقابلہ آرائی، محاذ آرائی۔
جَبْهَةٌ ج: جِبَاهٌ و جَبَهَاتٌ: پیشانی (٢) محاذ۔
جَبْهَةُ الإِسْتِفْتَاءِ: محاذِ استصواب۔
الجَبْهَةُ الدَّاخِلِيَّةُ: اندرونی محاذ۔
جَبْهَةُ القِتَالِ: محاذِ جنگ۔
جَبْهَةُ المُتَشَدِّدِينَ: تشدد پسندوں کا محاذ۔
جَبْهَةٌ مُعَارِضَةٌ: مخالف محاذ۔
جَبْهَةٌ مُوَسَّعَةٌ: وسیع تر محاذ۔
الجَبْهَةُ الوَطَنِيَّةُ: نیشنل فرنٹ۔
الجَبْهَوِيُّ: محاذ کا، محاذ سے متعلق۔
جَبَا ـُ جَبْواً و جُبَاوَةً، جَبَى ـِ جِبَايَةً: جمع کرنا، وصول کرنا۔
جِبَايَةُ الأَمْوَالِ و الضَّرَائِبِ: ٹیکس وصول کرنا، وصولیٔ مال۔
جَابٍ ج: جُبَاةٌ: محصل، وصول کنندہ، کلکٹر۔
جَابِي الضَّرَائِبِ: ٹیکس افسر۔
مَجْبىً: ٹیکس، خراج۔

ج ..... ث

جَثَّ ـُ جَثّاً و اجْتَثَّ إِجْتِثَاثاً: جڑ سے اکھاڑنا، دور کرنا، ہٹا دینا، مٹا دینا۔
جُثَّةٌ ج جُثَثٌ: (١) جسم (٢) مردہ جسم، لاش، باڈی۔
جَثَمَ ـُ ـِ جَثْماً و جُثُوماً: (١) زمین سے چمٹنا (٢) زمین سے سینہ لگانا۔
جَاثِمٌ فَوْقَ الصَّدْرِ: سینہ پر سوار۔
جُثَامٌ، جَاثُومٌ: کابوس، بھیانک خواب۔
جُثْمَانٌ: جسم، بدن، نعش، جنازہ۔
جُثْمَانُ المَيِّتِ: لاش، بے روح جسم۔
مَجْثَمُ الطَّائِرِ: پرندہ کا آشیانہ۔
جَثَا ـُ جُثُوّاً، جَثَى ـِ جُثِيّاً: گھٹنوں کے بل

بیٹھنا، زانو پر بیٹھنا، انگلیوں کے بل کھڑا ہونا (۲) جھکنا۔

جُثوَة ج: جُثی: (۱) مٹی کا ڈھیر (۲) قبر۔

ج .... ح

جَحَدَ ـــَـ جَحداً و جُحُوداً: انکار کرنا، جھٹلانا، تکذیب کرنا، کفر کرنا، ناشکری کرنا۔

جَحَرَ ـــَـ جَحراً، تَجَحَّرَ و انجَحَرَ: جانور کا اپنے بل میں گھسنا۔

جُحرٌ ج: أجحَارٌ و جِحرَة و أجحِرَةٌ: بل، وہ جگہ جس میں حشرات الارض رہتے ہوں۔

جَحشٌ ج: جِحَاش: گدھے کا بچہ، بچوں کے کھیلنے کا لکڑی کا گھوڑا۔

جَحَظَت عَینُه ـــَـ جُحُوظاً: آنکھ ابھرنا، آنکھ کے ڈھیلے کا ابھرنا۔

جَاحِظُ العَینَینِ: ابھری ہوئی آنکھوں والا۔

جَحَفَ ـــَـ جَحفاً: (۱) چھیلنا (۲) بہالے جانا۔

جَحَفَ الفَرَسُ بِرِجله: لات مارنا۔

جَحَفَ معه و له: مائل ہونا، جانب دار ہونا۔

إجحَاف: بے جا طرفداری، حمایت۔

الاِجحَافُ بِه: ظلم و ستم کرنا، نا قابل برداشت ذمہ داری ڈالنا، حق مارنا۔

أُجحِفَ بِه: ظلم کیا گیا (۲) نا قابل برداشت بوجھ یا ذمہ داری ڈالی گئی۔

أجحَفَ السَّیلُ به إجحَافاً: بہالے جانا۔

جَحفَلٌ ج: جَحَافِلُ: بڑا لشکر۔

رَجُلٌ جَحفَلٌ: بلند مرتبہ آدمی۔

جَحَمَ النَّارَ ـــَـ جَحماً: آگ بھڑکانا، جلانا۔

جَحَمَ العَینَ: آنکھ کھولنا۔

جَحَمَ عن الأمرِ: باز رکھنا، روکنا۔

جَحَّمَ فُلاناً بعَینِه: گھورنا، تیز نظر سے دیکھنا۔

جَحِیمٌ: دوزخ، آگ۔

ج .... د

جَدَبَ المَکَانُ ـــِـ جَدباً و جَدُبَ ـــُـ جُدُوبَةً، تَجَدَّبَ: قحط زدہ ہونا، بارش نہ ہونے سے خشک ہو جانا۔

إجدَابٌ: قحط زدہ ہونا، سختی و تنگی میں مبتلا ہونا۔

جَدبٌ: قحط، سختی، خشک سالی۔

جَدِیبٌ و مُجدِبٌ: قحط زدہ۔

جَدَثٌ ج: أجدَاث: قبر۔

جُدجُدٌ ج: جَدَاجِدُ: جھینگر، ٹڈی کے مانند ایک سیاہ کیڑا جو رات میں آواز کرتا ہے۔

جَدجَد: سخت زمین، سنگلاخ زمین۔

جَدَّدَ تَجدِیداً: کسی چیز کو نیا کرنا، از سر نو کرنا، دوبارہ کرنا، تازہ کرنا۔

___ الشَّبَابَ: جوانی کا اعادہ کرنا۔

___ القَلبَ: ہدایت دینا، اصلاح کرنا۔

___ القُوَی: نئی توانائی عطا کرنا، قوت بحال کرنا۔

تَجدِید: رینیول، تجدید۔

تَجدِیدُ الإتِصَال بفُلَان: کسی سے دوبارہ تعلق قائم کرنا۔

تَجدِیدُ الإقَامَة: اقامہ کی تجدید کرانا۔

تَجدِیدُ صَلَاحِیَّةِ الجَوَاز: پاسپورٹ

کی مدت بڑھوانا، تجدید کرانا۔
تَجدِیدُ عَملِیّةِ المُفاوَضات: بات چیت کا نیا دور چلانا۔
تَجدُّد: ماڈرن ہونا۔
تَجدُّدُ أعمالِ العُنف فی کذا: تشدد کی کارروائیوں کا مکرر ہونا۔
جدَّ ـِ جدّاً: بڑے رتبہ والا ہونا۔
ـــ ـِ جِدَّةً: نیا ہونا، تازہ ہونا۔
ـــ ـُ جَدّاً: کاٹنا۔
ـــ ـُـِ جِدّاً: کوشش کرنا، محنت کرنا۔
جَدَّ فی الأمر: تحقیق و جستجو کرنا۔
جَدٌّ: (۱) قسمت، نصیب (۲) سلف، اکابر (۳) دادا ج: أجداد۔
جِدٌّ: (۱) محنت، کوشش (۲) سنجیدگی۔
جِدِّیّ: ٹھوس، سنجیدگی۔
الجِدِّیَّةُ فی شیٔ: سنجیدگی۔
مِن جِدٍّ: سنجیدگی سے، واقعیت کے ساتھ۔
جَدِید: نیا، تازہ۔
مِن جَدِید: از سر نو، دوبارہ، پھر سے۔
جادٌّ: سنجیدہ، بردبار، واقعیت آمیز۔
جادَّةُ الطریق: (۱) وسط راہ (۲) راہ راست۔
مَجدُود: قسمت والا، خوش نصیب، اقبال مند۔
جَدَرَ ـُ جَدراً و جُدِرَ و جُدِّرَ تَجدِیراً: چیچک نکلنا، چیچک زدہ ہونا۔
جَدَرَ به ـُ جَدراً: اہل بنانا، لائق بنانا۔
جَدُرَ به ـُ جَدارَةً: لائق ہونا، اہل ہونا۔

جُدَرِیٌّ: چیچک۔
مَجدُور: چیچک زدہ۔
جَدِیر: باصلاحیت، لائق۔
جَدِیرٌ بکذا: اہل، لائق، قابل۔
جَدِیرٌ بالذِّکر: قابل ذکر۔
جَدارة: لیاقت، اہلیت، صلاحیت۔
الجَدارةُ الإداریَّةُ: انتظامی صلاحیت۔
الجَدارةُ الجوِّیَّة: فضائی صلاحیت۔
مِجدار: وہ چیز جو چڑیوں وغیرہ کو بھگانے کے لئے کھیت میں کھڑی کی جائے۔
جَدرٌ ج: جُدران، جِدار ج: جُدُر: دیوار۔
جِدارٌ حدِیدِیّ: آہنی دیوار۔
جِدارٌ داخِلِیّ فاصِل: پارٹیشن۔
جِدارٌ مَنِیع: آہنی دیوار۔
جَدَعَ الأنفَ ـَ جدعاً: ناک کاٹنا۔
أجدَعُ، مَجدُوع: مقطوع العضو۔
جَدَفَ الطّائِرُ ـِ جُدُوفاً: پرندہ کا (چھوٹے ہونے کے باعث) پر ہلا کر رہ جانا، نہ اڑنا۔
جَدَّفَ السَّفِینةُ تَجدِیفاً: چپو سے کشتی چلانا۔
جَدَّفَ (عَلی اللهِ): کفر کرنا، گستاخانہ بات کہنا۔
مَرکَبُ التَّجدِیف: چپو سے چلائی جانے والی کشتی۔
تَجدِیفِیّ: کفر آمیز (۲) چپودار۔
مِجداف ج: مَجادِیف: چپو۔
مِجدافُ الطَّیر: پرندہ کا بازو۔
جَدَلٌ: بحث و مباحثہ، لڑائی، جھگڑا، بحث۔

مُجَادَلَة: مباحثہ، بحث۔

مُجَادِلٌ فی المُنَاقَشَة: ماہر بحث۔

مُجَادَلَاتٌ سَفُسطَائِيَّة: مغالطہ آمیز مباحثے، سوفسطائی مناظرے۔

مُجَادَلَاتٌ عَقِيمَة: بے نتیجہ مباحثے۔

جَدَلَ الحَبلَ ـُ جَدلاً: رسی بٹنا۔

جَدَلَ و جَدَّلَ الشَّعرَ: بال گوندھنا۔

يَقبَلُ الجَدَلَ: قابل نزاع، متنازع فیہ۔

لا يَقبَلُ الجَدَلَ: نا قابل نزاع، غیر متنازع فیہ۔

جَدوَلٌ ج: جَدَاوِلُ: (۱) چھوٹی نہر (۲) فہرست، لسٹ (۳) کالم (۴) چارٹ، نقشہ، اسکیل، شیڈول۔

جَدوَلُ أعمالٍ: ایجنڈا۔

جَدوَلُ التَّحوِيلِ: تبدیلی روپیہ کا چارٹ۔

الجَدوَلُ الزَّمَنِيُّ: نقشۂ اوقات، ٹائم ٹیبل۔

جَدوَلُ صَحِيفَةٍ: اخبار کا کالم ج: جَدَاوِلُ۔

جَدوَلُ الطَّلَبِ: ڈیمانڈ چارٹ، تفصیل فرمائش۔

جَدوَلُ النَّاخِبِينَ: ووٹر لسٹ۔

جَدوَلُ مَوَاعِيدِ (القُطُر او الطَّائِرَات): ریل یا جہاز کا ٹائم ٹیبل۔

جَدوَلٌ حِسَابِيٌّ: گوشوارۂ حساب۔

جَدوَلُ الضَّربِ: پہاڑا۔

__ تَحوِيلٍ: شرح مبادلہ کی لسٹ۔

__ القَضَايَا: فہرست مقدمات۔

الجَدَاوِلُ الزَّمَنِيَّةُ: نظام الاوقات۔

جَدوَلَةُ شيءٍ: کسی کام کے اوقات کا نقشہ بنانا، ٹائم ٹیبل بنانا۔

جَدوَلَةُ الدُّيُونِ: قرضوں کی ادائیگی کے اوقات مقرر کرنا۔

قَلَمُ جَدوَلٍ: ڈرائینگ پین۔

جَدِيلَة ج: جَدَائِلُ: (۱) زلف، گیسو، (خصوصاً عورت یا لڑکی کے) (۲) چوٹی۔

جِدَال: جھگڑا، بحث، نزاع، قتل وقتال، قیل و قال۔

جَدَّال: بہت جھگڑالو۔

مَجدُول: بٹی ہوئی رسی، لپٹے ہوئے بال۔

جدون الدَّرَّاجة: (مع) سائیکل کا ہینڈل۔

جَدوَى: (۱) فائدہ (۲) عطیہ، تحفہ۔

بِلا جَدوَى: بے فائدہ، غیر مفید، بے سود۔

جَدَا علیه ـُ جَدواً: تحفہ پیش کرنا۔

إجتِدَاء و استِجدَاء: مانگنا، طلب کرنا، بھیک مانگنا۔

إجدَاء: نفع پہنچانا، فائدہ دینا۔

أجدَى: زیادہ نفع بخش، زیادہ سودمند۔

لا يُجدِي: بے فائدہ، غیر نفع بخش۔

هٰذَا لا يُجدِيكَ: یہ تم کو نفع نہ دے گا، اس سے تم کو فائدہ نہ ہوگا۔

جَدْيٌ ج: جِدَاءٌ: بکری کا بچہ (پہلے سال کا)۔

ج .... ذ

جَذَبَ ـِ جَذباً و اجتَذَبَ: کھینچنا، مائل کرنا۔

جَذَبَ القَلْبَ: دل موہ لینا، فریفتہ بنالینا۔
جَذْبٌ، جَاذِبِيَّة: (۱) کشش (۲) قوت جاذبہ۔
جَاذِبِيَّة: (۱) نیچے کی طرف یا مرکز کی طرف مائل ہونے کی قوت (۲) کسی چیز کی طرف کشش ثقل کی وجہ سے مائل ہونے کی قوت۔
جَاذِبِيَّةُ الثِّقَل: کششِ زمین۔
جَاذِبِيَّةٌ مَغْنَطِيسِيَّة: مقناطیسی کشش۔
جَاذِبِيَّةٌ جِنسيَّة: جنسی میلان۔
جَاذِبٌ، جَذَّاب: کشش والا، پرکشش، دلفریب، دلکش، جاذب نظر۔
شَخْصِيَّةٌ جَذَّابَة: پرکشش شخصیت۔
مَجْذُوب ج: مَجَاذِيبُ: کھنچا ہوا (۲) مجنوں، دیوانہ۔
مُسْتَشْفَى المجاذِيب: پاگل خانہ، دیوانوں کا ہسپتال۔
جَذَّ ـُ جَذًّا: کاٹنا، توڑنا۔
جُذَاذَة: لیبل، چٹ، چٹھی، ریزہ۔
جَذَرَ ـُ جَذْراً و جَذَّر: کاٹنا، جڑ سے اکھاڑنا۔
جَذْرٌ ج: جُذُوْر: اصل، جڑ، بن و بیخ۔
جَذْرِيٌّ: بنیادی۔
جَذَعٌ ج: جِذَاع: نوجوان، کمسن، نوعمر۔
جِذْعٌ ج: جُذُوْع: (۱) تنہ (۲) دھڑ، سر، پیر اور ہاتھ کے علاوہ بقیہ جسم۔
جِذْعِيٌّ: تنہ سے متعلق (شَجَرَةٌ جِذْعِيَّة) تناور درخت۔
جَذَّفَ تَجْذِيفاً: کشتی کھینا، کشتی چلانا۔
مِجْذَافٌ ج: مَجَاذِيفُ: چپو۔

جَذِلَ ـَ جَذَلاً و اجْتَذَلَ: خوش ہونا۔
إِجْذَال: خوش کرنا۔
جَذِلٌ، جَذْلَان ج: جُذْلَانٌ: خوش۔
جَذَمَ ـِ جَذْماً و جَذَّمَ: کاٹنا (۲) تیزی سے کاٹنا۔
جُذِمَ: مرض جذام (کوڑھ) میں گرفتار ہونا۔
جِذْمَةُ الشَّجَرَة: کٹے ہوئے درخت کا باقی ماندہ تنہ۔
أَجْذَمُ: ٹنڈا، کوڑھی۔
مَجْذُوم: کوڑھی۔
جُذْوَة ج: جُذًى: دہکتا ہوا انگارہ۔
جَذْوَةُ النِّضَال: جذبۂ جہاد۔

ج .... ر

جَرُؤَ ـُ جَرَاءَةً و جُرْأَةً و اجْتَرَءَ: دلیر ہونا، جسارت کرنا۔
جُرْأَة، جَرَاءَة: دلیری، بہادری، بے باکی، بے حیائی۔
جُرْأَةٌ نادِرَة: بے مثال بہادری۔
جَرِيٌّ ج: أَجْرِيَاءُ: دلیر، بیباک، بے حیا۔
جِرام: گرام (مع)۔
جِرَامُفُون: (مع) گرامفون۔
جِرَانِيت: (مع) گرانیٹ، ایک قسم کا پتھر جو عمارت میں کام آتا ہے۔
جَرِبَ ـَ جَرَباً: (۱) خارش زدہ ہونا (۲) دا رنگ اڑ جانا یا بدل جانا۔
جَرَّبَه تَجْرِيباً: (۱) آزمانا، آزمائش کرنا (۲) اکسانا، ورغلانا (۳) کوشش کرنا، کسی کام کو کر کے دیکھنا۔
مُجَرَّب: آزمودہ۔

جَرَبٌ: خارش، کھجلی۔

جَربَان: خارش زدہ (۲) بدلے ہوئے رنگ کا۔

جِرَابٌ ج: أجرِبَة و جُرُبٌ: غلاف، کیس، چمڑے کا تھیلا۔

جِرَابُ السَّیف: تلوار کی میان۔

جِرَابُ الفَرْد: پستول دان، ہولسٹر۔

جَورَبٌ قَصِیرٌ ج: جَوَارِبُ: موزہ، پائتابہ۔

جَورَبٌ طَوِیل: لمبا موزہ (پنڈلی تک کا)۔

مُجَرَّبٌ: تجربہ کار، آزمودہ کار۔

تَجرِبَة: آزمائش، ریہرسل۔

تَجرِبَةُ الثَّوب عَلٰی مَقَایِیسِ الجِسم: جسم پر کپڑے کو فٹ کر کے دیکھنا۔

تَجرِبَةٌ ذَرِّیَّةٌ: ایٹمی تجربہ۔

تَجرِبَةٌ رَائِدَةٌ: مفید تجربہ، رہنما تجربہ۔

تَجرِبَةٌ قَاسِیَة: تلخ تجربہ۔

تَجرِبَةٌ مَرِیرَةٌ: تلخ تجربہ۔

تَجرِیبِیّ: تجرباتی، آزمائشی۔

جُرثُومَة ج: جَرَاثِیمُ: بیج، تخم جس سے کسی چیز کا آغاز ہو۔

جَرَّجَ الأُتُمبِیلَ تَجرِیجاً: کار کو گیرج میں رکھنا۔

جَرَاج: (مع) گیرج (موٹر کار کا)۔

جَرجَرَةُ الرَّعد: گرج کی آواز ہونا۔

جَرجَرَةُ المَاءِ فی الحَلق: منہ میں پانی لے کر غرغرہ کرنا۔

الجَرجَار، الجَرجِیر: (صاروخ): راکٹ۔

جَرَحَ ۔ جَرحاً: (۱) زخمی کرنا (۲) کاٹنا۔

__ الإِحسَاسَ: احساس کو ٹھیس لگانا، جذبات کو مجروح کرنا۔

__ بِلِسَانِه: عیب لگانا، توہین کرنا۔

__ الشَّهَادَةَ أو الوَصِیَّةَ: سند یا وصیت کو بے ضابطہ یا ناجائز قرار دینا۔

__ فی الکِبرِیَاء: وقار کو نقصان پہنچانا۔

__ کبریاءَ احدٍ: بڑائی کو ٹھیس پہنچانا۔

__ کِبرِیَاءَ الوَطَن: وطن کا وقار مجروح کرنا۔

جُرحٌ مُمِیتٌ: مہلک زخم۔

اِجتِرَاحُ الإِثم: گناہ کا ارتکاب کرنا۔

جُرحٌ ج: جُرُوحٌ: زخم۔

جَرَّاح، جَرَاحِیٌّ: سرجری کا طبیب، سرجن، آپریشنر۔

جِرَاحٌ خَطِیرَةٌ: خطرناک زخم۔

جِرَاحَة: سرجری، سرجری آپریشن، فن جراحی۔

الجِرَاحَةُ التَّعوِیضِیَّةُ: پلاسٹک سرجری۔

الجِرَاحَةُ التَّقوِیمِیَّةُ: پلاسٹک سرجری۔

جِرَاحِیٌّ: جراح یا جراحی کے متعلق، آپریشن سے متعلق۔

جِرَاحِیَّة: سرجری آپریشن۔

عَمَلِیَّةٌ جِرَاحِیَّة: سرجری آپریشن۔

غُرفَةُ العَمَلِیَّةِ الجِرَاحِیَّةِ: آپریشن روم۔

جَارِحٌ، یَجرَحُ: آزاردہ، تکلیف دہ۔

حَیَوَانٌ جَارِحٌ: درندہ۔

اِنتِقَادٌ جَارِحٌ: سخت تنقید، تعریض، طنزیہ تنقید۔

جَارِحَة ج: جَوَارِحُ: (۱) عضوانسانی (۲) شکاری پرندہ، درندہ۔
جَرَدَ العُودَ ـُ جَرْداً و جَرَّدَ: چھیلنا، برہنہ کرنا، خول اتارنا۔
جَرَدَ البَضَائِعَ: (دا) اسٹاک کرنا۔
جَرَّدَ السَّيْفَ تَجْرِيْداً: تلوار میان سے نکالنا۔
جَرَّدَهُ مِنَ الرُّتَبِ: تنزل کرنا، برطرف کرنا۔
جَرَّدَ الرَّجُلَ من سُلْطَتِهِ تَجْرِيْداً: اختیار چھین لینا۔
جَرَّدَهُ من السِّلَاحِ: اسلحہ چھین لینا، اسلحہ ضبط کرنا، نہتا کردینا۔
جَرَّدَه من المُعَدَّاتِ الحَرْبِيَّة: سامان جنگ سے محروم کردینا، چھین لینا۔
جَرَّدَه من المُلْكِ: (۱) بادشاہت واقتدار سے ہٹانا، معزول کرنا، برطرف کرنا۔
تَجَرَّدَ من كذا: دست بردار ہونا، بے تعلق ہونا، نہتا ہونا، برہنہ ہونا۔
جَرْدٌ، جَرِدٌ: بے گیاہ زمین، چٹیل زمین۔
جَرْدُ الاَشْيَاءِ و البَضَائِعِ: (دا) دوکان کے اسٹاک کا جائزہ، چٹھا تجارتی۔
جَرْدُ النَّقْدِيَّة: کیش اکاؤنٹنگ۔
جَرِيْدَة ج: جَرَائِدُ: (صَحِيْفَة) اخبار، پیپر، نیوز پیپر (۲) گوشوارہ، فہرست۔
الجَرِيْدَةُ الرَّسْمِيَّة: سرکاری گزٹ۔
جَرِيْدَةُ السِّيْنَمَا: نیوزریل۔
جَرِيْدَةٌ غَرَّاءُ: موقر جریدہ۔
جَرِيْدَةٌ وَاسِعَةُ الاِنْتِشَار: کثیر الاشاعت اخبار۔

جَرِيْدَةٌ يَوْمِيَّة: (۱) روزنامہ (۲) روزنامچہ۔
جَرِيْدَةُ النَّخْل: کھجور کی ڈنڈی، شاخ۔
بَائِعُ الجَرَائِد: اخبار فروش۔
لِعْبُ الجَرِيْد: (۱) نیزہ بازی کا مقابلہ (۲) ٹورنامنٹ، ورزشی اور مجلسی کھیلوں کا عام مقابلہ۔
أَجْرَدُ: گنجا، بے بالوں کا، سر منڈا۔
أَرْضٌ جَرْدَاءُ: چٹیل زمین، بے آب و گیاہ زمین۔
تَجَرَّدَ عن الإِنْسَانِيَّة: آدمیت سے دور ہونا۔
تَجَرَّدَ من القُيُوْد: آزاد ہونا۔
تَجْرِيْد: کھال اتارنا، بال اتارنا، برہنہ کرنا (۲) علیحدگی، برطرفی، برہنگی، تخفیف۔
التَّجْرِيْدُ من الجِنْسِيَّة: وطنیت سے محروم کرنا۔
تَجْرِيْدُ مِنْطَقَةٍ من السِّلَاحِ: کسی علاقہ کو ہتھیاروں سے الگ کرنا۔
تَجْرِيْدَة: فوجی دستہ (۲) فوجی حملہ۔
مِجْرَدُ الأَسْنَان: دانتوں کا برش۔
مُجَرَّد: (۱) مزید کی ضد (۲) مرکب کا مقابل (۳) عریاں، برہنہ (۳) غیر مسلح، نہتا (۴) علیحدہ، برطرف (۵) محض، خالص۔
بمُجَرَّدِ......: محض، جونہی، محض اس وجہ سے۔
جُرَذٌ ج: جِرْذَان: بڑا چوہا، چوہے کی ایک قسم۔

جَرَّ ـ جرًا: (۱) کھینچنا (۲) سبب بننا۔
جَرَّ العَالَمَ الی الحَرْب: ساری دنیا کو جنگ میں دھکیلنا۔
جَرَّ علٰی نَفْسِہ جَرِیْرَۃً: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
هَلُمَّ جَرًّا: علی ہذا القیاس، اسی طرح، اسی پر دوسروں کو بھی قیاس کرو۔
جَرَّار: (۱) بڑا، عظیم الشان (۲) بہت کھینچنے والا (۳) گھڑا بیچنے والا۔
جَرَّارَۃ: (۱) کھینچنے کا آلہ، مشین، ٹریکٹر (۲) زرد رنگ کا بچھو۔
جَرَّارَۃُ العَرَبَۃ: رسا، جس سے گھوڑا گاڑی کو کھینچتا ہے۔
جَرَّارَۃُ لِرَفْعِ الاَنْقَاض: بلڈوزر۔
جَرَسٌ ج: أَجْرَاس: گھنٹی، گھنٹا۔
جَرَسُ الاِنْذَار: خطرے کی گھنٹی۔
جَرَسُ الخَطَر: خطرہ کی گھنٹی۔
جَـرَسُ الـمَوْت: ماتمی گھنٹی جس کے ذریعہ موت یا دفن کا اعلان کیا جاتا ہے۔
جَرَسٌ کَهْرَبِیٌّ: بجلی کی گھنٹی۔
الجُرْسِیّ: جرسی۔
جَارُوْشَۃ: چکی۔
جَرَضَ ـ جَرَضًا: گلا گھونٹنا۔
جَرِضَ ـ جَرَضًا: گلا گھٹ جانا۔
جَرِعَ ـ جَرْعًا و اجْتَرَعَ: (۱) گھونٹ بھرنا (۲) نگلنا (۳) پینا۔
جُرْعَۃ ج: جُرَعٌ: گھونٹ۔
جَرَفَ ـ جَرْفًا و جَرَّفَ و اجْتَرَفَ: کھرچنا، صاف کرنا، پانی کا کسی چیز کو بہالے جانا، لے اڑنا۔
جُرُف: ڈرنگ، ڈھلوان چٹان۔
جُـرُفُ النَّهْـرِ او الحُفْرَۃ: مینڈھ، نہر یا تالاب وغیرہ کا کنارہ۔
جَرَّافَۃ: کدال، بیلچہ، پھاوڑا، سراون۔
جَرُوْف و مِجْرَفَۃ: بلی، کفچہ، ڈوئی۔
جَرَمَ ـ جَرِیْمَۃً و اَجْرَمَ و اِجْتَرَمَ: جرم کرنا، گناہ کرنا۔
إجْرَام مُنَظَّم: منظم جرم۔
أَتَی الجُرْمَ: ارتکاب جرم کرنا۔
مُجْرِم: مجرمانہ (فِعْلٌ مُجْرِمٌ) (۲) جرائم پیشہ۔
مُجْرِمُ حَرْبٍ: جنگی مجرم۔
تَجْرِیْم: مجرم بنانا، مجرم ثابت کرنا۔
جَرِیْمَۃ: کرائم، جرم ج: جَرَائِم۔
جَرِیْمَۃٌ کُبْرٰی: بڑا جرم۔
جَرِیْمَۃٌ لا تُغْتَفَرُ: نا قابل معافی جرم۔
الجَرَائِمُ البَشِعَۃُ: گھناؤنے جرائم۔
جَرْمٌ: (۱) چھوٹی کشتی (۲) سائز (۳) حجم۔
جِرْمٌ ج: أَجْرَام: جسم، باڈی، ڈل۔
جَرِیْم: بڑے سائز کا، بڑے جسم والا۔
الجِرَام: گرام۔
جِرَامَات: گرام (جمع)۔
جُـرْمُوْق: موزہ، ساق پوش جو ایڑی سے ٹخنے تک ہو۔
جُرْنٌ: (۱) پانی کا حوض (۲) غلہ کا ڈھیر، کھلیان (۳) کھرل (۴) ہاون دستہ۔
جُرْنُ القَمْح: گیہوں کا کھلیان۔
جَرَّنَ الحَصِیْدَ تَجْرِیْنًا: غلہ کا ڈھیر لگانا۔

جِرْوٌ ج: جِرَاء: کتے یا درندے کا بچہ۔
جَرٰی ـِ جَرْیاً: دوڑنا، بہنا۔
جَرَی الإِنْتِخَابُ هٰذَا الأُسْبُوْعَ ـِ جَرَیَاناً: الیکشن ہونا۔
جَرٰی تَکْرِیْمُ الفَائِزِیْنَ فِی القَاعَة: ہال میں کامیاب ہونے والوں کا اعزاز ہوا۔
جَرَیَانُ الاتِّصَالِ مَعَ فُلان: کسی سے رابطہ قائم ہونا۔
جَرَیَانُ الاِحْتِفَال بِمُنَاسَبَة کذا: کسی موقعہ پر تقریب ہونا۔
جَرَیَانُ الإِسْتِقْبَال لِفُلان فی کذا: کسی کا استقبال ہونا۔
جَرَیَانُ الإِنْتِخَاب بَیْنَ المُرَشَّحِیْنَ: نمائندوں کا الیکشن ہونا۔
جَرَیَانُ التَّحَرِّیَاتِ فِی شَأنِ کذا: کسی سلسلہ میں تحقیقات ہونا۔
جَرَیَانُ مُبَاحَثَاتٍ: بات چیت ہونا۔
جَرَیَانُ بَحْثِ اِمْکَانِ تَعْزِیْزِ العَلَاقَات: تعلقات کے استحکام کے امکانات پر غور و فکر کرنا۔
جَرَتِ العَادَةُ کذا: یہ رواج پڑ گیا ہے۔
جَرَتْ مُنَاقَشَةٌ مَعَ رِجَالِ الشُّرْطَة: پولیس کے ساتھ تو تو میں میں ہوئی۔
اِجْرَاء و تَجْرِیَة: دوڑانا، بہانا، جاری کرنا۔
أَجْرٰی علیه الرِّزْقَ إِجْرَاءً: الاوٴنس دینا، روزینہ دینا۔
اِجْرَاء: نافذ کرنا (۲) کارروائی، اقدام ج: اِجْرَاءَ ات۔
اِجْرَاءُ أَبْحَاث: تحقیقات کرنا۔
اِجْرَاءٌ اِحْتِرَازِیّ: احتیاطی کارروائی۔
اِجْرَاءُ اِخْتِبَارٍ: تجربہ کرنا، ٹیسٹ کرنا۔
الإِجْرَاءُ الإِسْتِثْنَائِیُّ: غیر معمولی کارروائی۔
اِجْرَاءُ التَّحْقِیْق مع اَحَد: کسی سے تفتیش کرنا۔
اِجْرَاءٌ حَازِمٌ: زبردست کارروائی۔
اِجْرَاءٌ حُکُوْمِیٌّ: سرکاری کارروائی۔
اِجْرَاءُ حِوَارٍ مع اَحَد: انٹرویو لینا، گفتگو کرنا۔
اِجْرَاءٌ رَسْمِیٌّ: باضابطہ کارروائی۔
اِجْرَاءٌ قَانُوْنِیٌّ: قانونی کارروائی، قانونی اقدام، ضابطہ کی کارروائی۔
اِجْرَاءٌ قَضَائِیٌّ: عدالتی کارروائی۔
اِجْرَاءُ اللِّقَاء: ملاقات کرنا۔
اِجْرَاءُ المُحَادَثَات: بات چیت کرنا، انٹرویو لینا۔
اِجْرَاءُ مَسْحِ شیء: سروے کرانا۔
اِجْرَاءٌ مُضَادٌّ: جوابی کارروائی۔
اِجْرَاءُ المُفَاوَضَات: بات چیت کرنا۔
اِجْرَاءُ المُقَابَلَة مع اَحَد: انٹرویو لینا، ملاقات کرنا۔
اِجْرَاءُ المُکَالَمَةِ التِلِیفُوْنِیَّة: ٹیلی فون کال کرنا۔
اِجْرَاءٌ نِهَائِیٌّ: آخری کارروائی۔
اِجْرَاءَ ات: کارروائی۔
اِجْرَاءَ اتٌ إِدَارِیَّة: انتظامی کارروائی۔
اِجْرَاءَ اتٌ إِسْتِفْزَازِیَّة: وحشت انگیز

کارروائی۔
إِجْرَاءَاتُ الأَمْن: حفاظتی انتظامات۔
إِجْرَاءَاتٌ أَمْنِيَّة: حفاظتی انتظامات، امن سے متعلق انتظامات۔
إِجْرَاءَاتٌ تَعَسُّفِيَّة: ظالمانہ کارروائی۔
إِجْرَاءَاتٌ تَمْهِيدِيَّة: ابتدائی کارروائی۔
إِجْرَاءَاتٌ طَارِئَة او إِجْرَاءَاتُ الطَّوَارِئ: ہنگامی کارروائی، ایمرجنسی اقدامات۔
إِجْرَاءَاتٌ عَاجِلَة: فوری کارروائی۔
إِجْرَاءَاتٌ مُشَدَّدَة: سخت اقدامات، سخت کارروائی۔
إِجْرَاءَاتٌ مَكْتَبِيَّة: دفتری کارروائی۔
إِجْرَائِيّ: کارروائی سے متعلق۔
مَجْرَى: دوڑ، رفتار، دھارا، گزرگاہ، راستہ۔
مَجْرَى الْبَوْل: پیشاب کی نالی۔
مَجْرَى الحَيَاة: رفتارزندگی، زندگی کا رخ۔
مَجْرَى الْمَاء: پانی کا دھارا، بہاؤ۔
مَجْرَى الْهَوَاء: ہوا کا رخ، سمت۔
مَجْرَى الأَحْوَال: حالات کا رخ، رفتار۔
مَجْرَى الأَحْدَاث: واقعات کا رخ۔
مَجْرَى التَّفْكِير: سوچنے کی لائن۔
مَجْرَى الحَوَادِث: حوادث کی رفتار۔
مَجْرَى الحَيَاة: رفتارزندگی۔
مَجْرَى القَنَاة: نہر کا راستہ۔
مَجْرَى الهَوَاء: ہوا کا رخ۔

مَجْرَيَاتُ المَعْرَكَة: لڑائی کے احوال۔
مَاجَرَيَات: (وا) واقعات، حوادث۔

ج.........ز

جَزَّأَ تَجْزِئَةً: تقسیم کرنا، تجزیہ کرنا، حصے بخرے کرنا۔
جُزْءٌ ج: أَجْزَاء: (۱) حصہ (۲) پرزہ (۳) ٹکڑا (۴) پیس (۵) پارٹ۔
جُزْءٌ مِنْ بَرْنَامَج: پروگرام کا حصہ۔
جُزْئِيّ: مرحلہ وار، جزوی، کلی کی ضد، معمولی، سطحی، فرعی۔
أَجْزَاءٌ بَدِيلَة: فالتو پرزے۔
أَجْزَا خَانَة: فارمیسی دواخانہ۔
أَجْزَائِيّ: کیمسٹ، انگریزی دوا فروش۔
أَجْزَائِيَّة: فارمیسی، دواخانہ۔
أَجْزَائِيّ: (وا) کیمسٹ، انگریزی دوا فروش۔
جُزْدَان: (مع) بٹوا، تھیلی، پرس (ترکی)۔
جَزَرَ ـِ جَزْراً و جُزُراً: ذبح کرنا، سمندر میں جزر ہونا، پانی کا کم ہونا، پیچھے ہٹنا۔
جَزَرٌ و: جَزَرَة: گاجر۔
جَزَرَة: ٹینٹو پیے وغیرہ میں لگی ہوئی۔
جَزَّارٌ: قصاب، گوشت کاٹنے یا فروخت کرنے والا۔
جِزَارَة: گوشت فروشی یا ذبح کا پیشہ۔
مَجْزِرٌ: مذبح، ذبح خانہ ج: مَجَازِرُ۔
مَجْزَرَة: قتل وغارت گری، فساد، خون خرابہ۔
مَجْزَرَةٌ بَشَرِيَّة: انسانی خون خرابہ۔

جَزَّ ـُ جَزّاً: اون وغیرہ کترنا، کاٹنا۔
جَزَّةُ الغَنَم: بھیڑ کی کتری ہوئی اون۔
جَزَّاز: اون کترنے والا۔
جُزَازَة: کترن، تراشہ، ٹکڑا۔
مِجَزٌّ: اون کترنے کی قینچی۔
مَجْزُوز: تراشا ہوا، کترا ہوا، بے اون کا۔
جَزِعَ ـَ جَزَعاً و جُزُوعاً: بے برداشت ہونا، گھبرانا، مایوس ہونا، پریشان ہونا، بیتاب ہونا۔
جَزَعٌ: بے صبری، گھبراہٹ، بے چینی۔
جَزِعٌ و جَازِعٌ و جَزُوع: (ضد صَبُور) بیتاب، پریشان، بے چین۔
جَزْعٌ: سنگ سلیمانی، سلیمانی پتھر۔
جَزَّعَ بالرُّخام تجزیعاً: ماربل لگانا۔
تَجَزَّع بالرُّخَام: ماربلنگ، ماربل والا ہونا۔
تَجْزِیع بالرُّخام: ماربل لگانا، سنگِ مرمر لگانا۔
مُجَزَّع: مرمریں، سنگِ مرمر جیسا چکنا، ماربل دار۔
وَرَقٌ مُجَزَّع: ابری، وہ کاغذ جس پر ابری بنائی گئی ہو۔
جَزَفَ ـِ جَزْفاً و جَازَف: اٹکل و اندازہ سے کام کرنا (۲) خطرہ میں پڑنا۔
ـــ بِنَفْسِهِ مُجَازَفَةً: رسک مول لینا، جان خطرہ میں ڈالنا۔
جُزَاف: بے تک، بے ترتیب، اٹکل پچو۔
جُزَافاً: بے تک پن سے، بے سوچے سمجھے۔
تَکَلَّمَ جُزَافاً: اوٹ پٹانگ بات کرنا، بے سوچے بات کرنا۔
مُجَازِف: ناعاقبت اندیش، مَن چلا۔
مُجَازَفَة: جانبازی، آزمائش، خطرناک کھیل، ناعاقبت اندیشی، خطرہ کا کام، خطرہ مول لینا۔
جَزُلَ ـُ جَزَالَةً: کثرت سے ہونا، بہت ہونا۔
جَزُلَ المَنْطِقُ: گفتگو کا فصیح ہونا، سلیس ہونا۔
أَجْزَلَ لَهُ العَطَاءَ: خوب دینا، بخشش کرنا، دل کھول کر دینا۔
جَزْلٌ و جَزِیلٌ: (۱) بہت (۲) زبردست (۳) سلیس، فصیح۔
جَزِیلُ الاِحْتِرَام: زبردست احترام۔
شُکْرٌ جَزِیلٌ: زبردست شکریہ۔
جَزْلَة: ٹکڑا، پیس، سلائس۔
جَزَالَة: کثرت، فصاحت۔
جَزَالَةُ المَنْطِق: خوش بیانی، فصاحتِ کلام۔
جَوْزَلُ الحَمَام: کبوتر کا بچہ ج: جَوَازِلُ۔
جُزْلَان: بٹوا، پرس۔
جَزَمَ ـِ جَزْماً: (۱) کاٹنا (۲) کسی کام کا قطعی فیصلہ کرنا، تہیہ کرنا، عزم کرنا۔
جزمَ علیه الأَمْرَ: لازم کرنا۔
جَزْمٌ: قطعیت، یقین، عزم۔
جَازِم: قطعی، یقینی، لازم۔
جَزْمَة: بوٹ، جوتا (دا)۔
ـــ بِرِبَاطٍ: تسمہ دار جوتا، فیتے دار جوتا۔
ـــ بِأَزْرَارٍ: بٹنوں دار جوتا، بٹن بوٹ۔
ـــ لَمَّاعَة: پالش دار چمڑے کا جوتا۔

__ مَكْشُوفَة: جوتا جس میں ٹخنا کھلا رہے۔
رِبَاطُ الجَزْمَة: فیتا، تسمہ۔
جَزْمَاتِي: (دا) جوتا بنانے والا، مرمت کرنے والا۔
جَزُوْن: کسی باغ کے لان کی گھاس۔
جَزَاء: بدلہ (مُجازاة) بدلہ دینا۔
جَزَاءٌ نَقْدِيّ: جُرمانہ۔
جَزَاءٌ مَالِيّ: جرمانہ۔
جَزَائِيّ: تعزیری، قابل سزا، سزا کا۔
جِزْيَة: (۱) لگان (۲) باج، مال کی مقررہ مقدار جو ایک ریاست یا حکمراں دوسرے کو ادا کرے۔

ج.........س

جَسَأَ ـَ جَسْأً و جُسُوءاً، و جُسْأَةً: کام کے باعث ہاتھوں کا سخت ہو جانا، کھردرا ہو جانا۔
جَاسِئٌ: کھردرا، سخت موٹا۔
جَسَدٌ: مادی ج: أجْسَادٌ۔
مِجْسَاد (مِشْبَاح): اسٹیر سکوپ، جحم بیں (ایک آلہ جس سے کسی جسم کے دو مختلف منظر ایک ہی تصویر میں اتار لئے جاتے ہیں اور تصویر ٹھوس معلوم ہوتی ہے)۔
جَسَّدَ تَجْسِيداً: مشخص کرنا، عملی جامہ پہنانا۔
تَجْسِيد: نمایاں کرنا، عملی جامہ پہنانا، مشخص کرنا، منطبق کرنا۔
تَجْسِيدُ الإِرَادَة: خواہش کو پورا کرنا۔
تَجْسِيدُ التَّطَلُّعَات الجَمَاهِيرِيَّة: عوام کی توقعات پوری کرنا۔
تَجْسِيدُ التَّطَلُّعَات القَوْمِيَّة: قومی امنگیں پوری کرنا۔
تَجَسُّدٌ: جسم بن جانا، مجسم ہونا۔
تَجَسُّدُ الصِّدَام بِشَكْلِهِ المُبَاشِر: براہ راست ٹکراؤ ہو جانا۔
مُتَجَسِّد: ذی جسم۔
جَسَّرَ تَجْسِيراً: ہمت دلانا، دلیر بنانا۔
جَسَرَ و جَسَرَ ـُ جَسْراً: پل بنانا، پل پار کرنا۔
جَسَرَ ـُ جَسَارَةً و جُسُوراً: اقدام کرنا، ہمت کرنا، جسارت کرنا۔
جِسْرٌ ج: جُسُوْر و أجْسُرٌ: پل، برج۔
جِسْرٌ جَوِّيٌّ: فضائی پل، فضا میں کسی چیز کا سلسلہ۔
جِسْرٌ ذُوْ عَوَارِض: گارڈر برج۔
__ مُتَحَرِّك: اٹھاؤ پل، وہ پل جو بوقتِ ضرورت ہٹایا جا سکے۔
__ عَائِم: پل تختہ، کشتیوں کا بنایا ہوا پل۔
__ مُعَلَّق: جھولا پل، بے ستون پل جو لٹکا رہے۔
جِسْرُ البَنَّاء: مچان جس پر کھڑے ہو کر معمار تعمیر کرتا ہے۔
جِسْرُ البِنَاءِ: گارڈر، شہتیر، چھت کی ڈاٹ۔
جَسَارَة: بیباکی، نڈر پن، شوخی، بے ادبی۔
جَسُوْرٌ: بیباک، نڈر، شوخ، بے ادب۔
الجُسُوْرُ الإِسْتِرَاتِيجِيَّة: جنگی اہمیت کے پل۔
جَسَّ: (ن) ہاتھ لگا کر دیکھنا، ٹٹولنا، سراغ لگانا، جانچنا، تفتیش کرنا۔

جَسَّ الطَّبِيْبُ النَّبْضَ ـُ جَسًّا: نبض دیکھنا۔

جَسَّ النَّبْضَ ـُ: نبض دیکھنا، نبض پر ہاتھ رکھنا۔

التَّجَسُّسُ: جاسوسی، جاسوسی کرنا۔

تَجَسَّسَ علی: سراغ لگانا، تفتیش کرنا۔

جَاسُوْسِيَّة: جاسوسی۔

مِجَسٌّ: کسوٹی۔

جَسَّمَ الشَّیْءَ تَجْسِيْماً: بڑا بنانا، کسی چیز یا بات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا، بڑا بنا کر دکھانا۔

تَجَسَّمَ: بڑا بننا، تناور ہونا، زبردست ہونا۔

جَسُمَ ـُ جَسَامَةً: ڈیل ڈول کا ہونا، بھاری بھرکم ہونا، زبردست ہونا، تناور ہونا۔

جِسْمٌ ج: أَجْسَامٌ و جُسُوْمٌ: بدن، ڈھانچہ، باڈی۔

جَسِيْمٌ: بھاری بھرکم، زبردست، بڑے جسم کا۔

ج.........ش

جَشَأَ تَجْشِئَةً: ڈکار لینا۔

جُشَأَة و جُشَاءَة: ڈکار۔

جَشَّ ـُ جَشًّا و جَشِيْشاً: کوٹنا، دلنا۔

جَشِيْش: موٹا پسا ہوا آٹا، دلیا۔

أَجَشُّ: گلوگرفتہ، بیٹھی ہوئی آواز والا۔

إِجْشَاش: آواز بیٹھ جانا، کرخت ہو جانا۔

جُشَّةُ الصَّوْت: گلوگرفتگی، خرابی آواز۔

جَشِعَ: (س) انتہائی حریص ولالچی ہونا۔

جَشِع: لالچی، حریص، طماع۔

جَشِمَ ـَ جَشْماً و تَجَشَّمَ: مشقت اٹھانا، تکلیف برداشت کرنا۔

ج.........ص

جَصَّصَ تَجْصِيْصاً: پلاسٹر کرنا، چونے کا پلاسٹر کرنا۔

جَصٌّ: چونا، گچ، پلاسٹر۔

جَصَّاصَة: چونے کی بھٹی۔

ج.........ع

جَعْبَة: تھیلا، تیروں کا تھیلا ج: جِعَابٌ۔

جَعْجَعَة: شور، چکی کی آواز، گھر گھراہٹ۔

جَعْجَعَةٌ بلا طِحْنٍ: باتیں ہی باتیں عمل کچھ نہیں۔

جَعْجَاع: شوروغل کرنے والا۔

جَعُدَ ـُ جَعَادَةً و جُعُوْدَةً: بالوں کا مڑنا، گھنگریالا ہونا، کپڑے یا کاغذ میں سلوٹ پڑنا۔

جَعْدَةُ شَعْرٍ: گھونگھریالے بالوں کی لٹ۔

جَعْدَةٌ فی جلْدٍ او ثوْب: کھال کی جھری، کپڑے کی سلوٹ۔

جَعَرَ السَّبُعُ ـَ جَعْراً: درندہ کا پاخانہ کرنا۔

جَعَلَ ـَ جَعْلاً: (۱) بنانا (۲) پیدا کرنا (۳) صفت تبدیل کرنا (۴) رکھنا، ڈالنا (۵) گمان کرنا (۶) مقرر کرنا۔

جَعَلَ له نَعْلاً: سول لگانا۔

جَعَلَهُ آلَةً لِمآرِبِهِ: کسی کو اپنے مقاصد کا ذریعہ بنانا۔

جَعَلَه مُثْلَةً: آنکھ ناک بگاڑنا۔

جَعَلَه مُنْسجماً مَعَ: فٹ کرنا، مطابق کرنا۔

جَعَلَه مُنْطَبِقاً عَلَی: فٹ کرنا۔

جَعَلَ الشئَ سِتاراً للأغْراض: آڑ بنانا۔
جَعَلَ الشئَ عَصْرِيّاً: ماڈرن بنانا۔
جَعَلَ العَلاقَاتِ الدِبْلُوماسِيَّة طَبِيعِيَّةً: سفارتی تعلقات معمول پر لانا۔
جُعْلٌ و جَعَالَة: مزدوری، حق محنت، فیس، انعام، کمیشن، محنتانہ۔

ج..........ف

جَفْرَة و جَفْرٌ: خفیہ رسم الخط، خفیہ رسم الخط میں لکھنا۔
جَفَّ ــِ جَفّاً و جَفافاً: خشک ہونا۔
تَجْفِيف: خشک کرنا، سکھانا۔
جَفَاف: خشکی، روکھا پن، بے مروتی، خشک مزاجی، سوکھا، قحط۔
جافّ: خشک روکھا، خشک مزاج، بے مروت
الجفاف والمجاعة: خشک سالی، فاقہ کشی
جَفَلَ ــُ جُفُولاً: گھوڑے وغیرہ کا بدکنا، شرارت کرنا۔
تَجْفِيل و إِجْفال: بدکانا، بھگانا۔
جَفْوٌ و جَفَاءَة: (ن) بے رخی، نا اتفاقی، سنگ دلی، بے دردی، سختی، کشیدگی، بُعد۔
جَافٍ: بے رحم، سنگدل، بے درد، سخت مزاج، کرخت۔
الأُمُّ الجَافِيَةُ: دماغ کی مضبوط بیرونی جھلی۔
جَفْنَة: آلہ مدافعت، روک جو تصادم سے بچاؤ کے لئے لگائی جائے۔
جَافِي الطَّبِيْعَة: روکھا، خشک مزاج۔
مُجافاةُ الحَقِيقَة: حقیقت کا انکار۔

ج..........ل

جَلَبَ: (ن، ض) (١) لانا، حاصل کرنا (٢) شور کرنا (٣) کسب معاش کرنا (٤) کھینچنا (٥) جاذب نظر ہونا (٦) خون منجمد ہونا (٧) زخم اچھا ہونا۔
جَلْبُ الإنْتِباه الى كذا: توجہ مبذول کرانا۔
جَلْبُ البَضائع من الخارِج: باہر سے مال منگانا۔
جَلَبَ عليه جَلْباً: سبب بننا۔
جَلْبٌ و اِسْتِجْلاب: باہر سے مال منگانا، امپورٹ(IMPORT) کرنا۔
جَلَبٌ و جَلَبَة: شور غل۔
جُلْبَة: زخم کا چھلکا، کھرنڈ۔
جِلْبَة: (عزقة) واشر، (سوراخ دار یا چپٹا چھلا جو ڈھبری وغیرہ کے ساتھ مضبوطی کے لئے لگا دیتے ہیں۔
جِلْبَاب: لمبا کرتا ج: جَلابِيْب۔
جَلّابٌ و جَالِبٌ: تاجر، امپورٹر، باہر سے مال منگانے والا۔
مَجْلَبَة: سبب، ذریعہ ج: مَجالِبُ۔
جَلْجَلَة: گرجدار آواز ہونا۔
جُلْجُلٌ: گھونگرو ج: جَلاجِل۔
جَلْجَلَة: گونج، گرج۔
جُلْجُلان: تل، ہرا دھنیا۔
مُجَلْجِل: گونجدار، جھنکار دار آواز والا۔
جَلِحَ الرَّجُلُ ــَ جَلَحاً: سر کے بال اڑ جانا۔
أَجْلَحُ إِجْلاحاً: گنجے سر والا ہونا۔
جَلَخَ: (ف) استرے وغیرہ کو پتھر یا چمڑے پر تیز کرنا۔
جَلْخ: استرے وغیرہ تیز کرنے کی پتھری، سان۔

جَلُدَ ــُـ جَلادَۃ و جُلُودَۃً: مضبوط وطاقتور ہونا۔
جَلَدَ ــِـ جَلْداً: کوڑا مارنا۔
جَلِدَ ــَـ جَلَداً و أجْلَدَ: سردی کی وجہ سے منجمد ہونا۔
جَلَّدَ تَجْلِیْداً: (۱) برودت کے ذریعہ جمانا (۲) جلد بنانا۔
جَلَّدَ الکِتابَ تَجْلِیْداً: کتاب کی جلد بنانا۔
مُجَلِّدُ الکُتُب: بک بائنڈر، جلد ساز۔
تَجَلَّدَ: ہمت سے کام لینا، سختی برداشت کرنا، ہمت کرنا۔
جَلَدٌ: قوت، برداشت، تحمل، طاقت، ہمت، دلیری۔
جَلْدٌ: باہمت ج: اجلادٌ و جِلادٌ۔
جِلْدٌ ج: جُلُوْد: چمڑا، کھال۔
جِلْدَۃ: چمڑے کا ٹکڑا، پٹی۔
جَلْدٌ و جَلِیْدٌ: باہمت، متحمل، طاقتور۔
جَلْدَۃ: کوڑا، کوڑے کی ایک ضرب۔
جَلّاد: (۱) جلاد، پھانسی دینے والا (۲) تاجرِ چرم۔
جَلِیْد: برف، منجمد پانی۔
جَلَسَ ــِـ جُلُوْساً: بیٹھنا۔
جَلَسَ عَلَی العَرْش: تخت نشین ہونا۔
أجْلَسَہٗ عَلَی العَرْشِ إجْلاساً: تخت پر بٹھانا۔
جَلْسَۃ: نشست (۲) نشست گاہ، میٹنگ۔
جَلْسَۃٌ خَاصَّۃ: پرائیویٹ میٹنگ۔
الجَلْسَۃُ الخِتامِیَّۃُ: اختتامی میٹنگ، اختتامی جلسہ۔

جَلْسَۃٌ رَسْمِیَّۃ أو قَضَائِیَّۃ: سیشن۔
جَلْسَۃٌ عَاجِلَۃ: ہنگامی میٹنگ۔
جَلْسَۃٌ عَلَنِیَّۃ: جلسۂ عام، عمومی اجلاس۔
الجَلْسَۃُ المَشْحُوْنَۃُ ضِدَّ أحَد: دھماکہ خیز اجلاس۔
جَلْسَۃٌ مُغْلَقَۃ: بند میٹنگ۔
جَلْسَۃُ المَحْکَمَۃ: اجلاسِ عدالت۔
جَلْسَۃٌ مُؤَجَّلَۃ: ملتوی شدہ میٹنگ یا اجلاس۔
مَجْلِسٌ: نشست، نشست گاہ، سیٹ، عدالت، ٹریبونل، کچہری، اسمبلی، کمیٹی، کونسل، بورڈ، کمرہ، چیمبر، مجلس، انجمن، محفل خانہ ج: مَجَالِسُ۔
مَجْلِسُ الإدَارَۃ: مجلس انتظامیہ کورٹ بورڈ آف ڈائرکٹرس۔
مَجْلِسُ الأعْیَان: (انگلستان کا) دارالامرا، ہاؤس آف لارڈس۔
مَجْلِسٌ اِقْلِیْمِیٌّ: صوبائی کونسل، صوبائی اسمبلی، علاقائی کونسل۔
مَجْلِسُ الاُمَّۃ: قومی اسمبلی۔
مَجْلِسٌ بَلَدِیٌّ: میونسپل کمیٹی۔
مَجْلِسٌ تَشْرِیْعِیٌّ: قانون ساز اسمبلی، آئین ساز اسمبلی مجلس مقننہ، لیجسلیٹو کونسل۔
مَجْلِسٌ تَنْفِیْذِیٌّ: ورکنگ کمیٹی مجلس عاملہ، گورننگ باڈی، مجلسِ منتظمہ۔
المَجْلِسُ التَّنْفِیْذِیُّ للاِتِّحاد: وفاقی مجلسِ منتظمہ۔
مَجْلِسُ الثَّوْرَۃ: انقلابی کونسل۔
مَجْلِسُ الحُقُوْق: سول کورٹ۔

مَجلِسُ الخِزَانَة: ٹریژری بورڈ۔
مَجلِسُ الدَّائِنِين: قرض خواہوں کا بورڈ۔
مَجلِسُ الدِّفَاع العَرَبِیّ: عرب دفاعی کونسل۔
مَجلِسُ الدَّوْلَة: کونسل آف اسٹیٹ، ریاستی کونسل۔
المَجلِسُ الدُّوَلِیُّ الإستِشَارِیُّ: بین الاقوامی شورائی کونسل۔
مَجلِسُ الرِّئَاسَة: صدارتی کونسل۔
مَجلِسُ السُّلْطَان: دیوانِ سلطانی۔
مَجلِسُ السِّیَادَة: فرماں روا مجلس۔
مَجلِسُ الشَّعْب: عوامی اسمبلی، قومی اسمبلی۔
مَجلِسٌ شَعْبِیٌّ: قومی کونسل، عوامی کونسل۔
مَجلِسُ شُوْرىٰ: مشاورتی مجلس۔
مَجلِسُ إستِشَارِیّ: مجلس مشورہ، مجلسِ شوریٰ۔
المَجلِسُ الإستِشَارِیُّ للحَاکِم: کیبنٹ CABINET۔
المَجلِسُ الإستِشَارِیُّ الإسلَامِیُّ لِعُمُوْمِ الهِنْد: آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت۔
مَجلِسٌ اَعْلىٰ: اپر ہاؤس۔
المَجلِسُ الاَعْلىٰ للبَرْلَمَان: اپر ہاؤس، راجیہ سبھا۔
المَجلِسُ الاَعْلىٰ للقُوَّات: فوجوں کی سپریم کونسل۔

مَجلِسُ الاُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کی اسمبلی۔
مَجلِسُ الاَمْن: سیکورٹی کونسل، سلامتی کونسل۔
مَجلِسُ الاَمْن القَوْمِیّ: نیشنل امن کونسل۔
مَجلِسُ الإنْتَاج: پیداواری بورڈ۔
مَجلِسٌ بَلَدِیّ: میونسپل کمیٹی، میونسپلٹی، کارپوریشن۔
مَجلِسٌ تَادِیبِیٌّ: تادیبی مجلس۔
المَجلِسُ التَأسِیسِیُّ: تاسیسی کمیٹی۔
مَجلِسُ التَّحقِیق: بورڈ آف انکوائری، تحقیقاتی بورڈ۔
مَجلِسُ التَّحقِیق العَسکَرِیّ: کورٹ آف انکوائری۔
مَجلِسُ تَسْوِیَةِ مُنَازَعَات: تصفیۂ نزاعات بورڈ۔
مَجلِسُ تَسْوِیق: مارکیٹ بورڈ۔
المَجلِسُ التَّعلِیمِیُّ و الدِّینِیُّ: دینی تعلیمی بورڈ۔
مَجلِسُ التَّنسِیق: تنظیمی کونسل۔
مَجلِسُ الشُّئُوْنِ الصِّحِّیَّة: بورڈ آف ہیلتھ۔
مَجلِسُ الشُّیُوْخ: امریکی سینٹ، راجیہ سبھا، ایوان بالا۔
مَجلِسٌ عَسکَرِیٌّ: فوجی عدالت، کورٹ مارشل۔
مَجلِسُ العُمُوْم: (برطانوی) دارالعوام، (برطانوی) پارلیمنٹ۔

مَجلِسُ الفَاتِحَةِ عَلَى رُوحِ اَحد: مجلسِ فاتحہ خوانی۔

مَجلِسُ قِيَادَةِ الثَّورَة: انقلابی رہنما کونسل۔

مَجلِسُ اللُّوردَات: (برطانوی) دارالامرا۔

مَجلِسُ مُحكَّمِين: مجلس فیصلہ کنندگان، عدالتی کونسل۔

مَجلِسٌ مَحلِّيٌّ: علاقائی کونسل۔

مَجلِسُ المُدِيرِيَّة: ڈسٹرکٹ بورڈ۔

مَجلِسُ مُرَاقَبة: نگراں بورڈ۔

مَجلِسُ المُمتَحِنِين: بورڈ آف ایگزامنرس، مجلس ممتحنین۔

مَجلِسُ المُوَظَّفِين: اسٹاف کونسل۔

مَجلِسُ النُّوَّاب: پارلیمنٹ، مجلس نمائندگان۔

مَجلِسٌ نِيَابِيٌّ: پارلیمنٹ۔

مَجلِسُ الوِرَاثَة: قائم مقام کونسل۔

اَلمَجلِسُ الوِزَارِيُّ: کیبنٹ، وزارت۔

مَجلِسُ وِصَايَة: حفاظتی کونسل۔

مَجَالِسُ إِدَارِيَّة: انتظامی مجالس یا بورڈس۔

مَجَالِسُ التَّوفِيق: مصالحتی کمیٹیاں۔

تَجَلَّطَ الدَّمُ: خون بستہ ہونا۔

جُلطَة: بستہ خون۔

جَلَعَ ـُ خُلُوعاً: بیہودہ و بے ادب ہونا۔

جُلفٌ: (جَحفَة) گولف، ایک قسم کا کھیل (مع)۔

جَلَّلَ تَجلِيلاً: (١) تعظیم کرنا (٢) بڑا بنادینا (٣) ڈھانکنا۔

جَلَّلَ عن: منزہ قرار دینا۔

جَلَّ ـُ جَلالَةً: عظیم المرتبہ ہونا، بڑا ہونا۔

جَلالَة: عظمت۔

صَاحِبُ الجَلالَة: ہز مجسٹی، بادشاہ کا اعزازی لقب۔

مَجَلَّة ج: مَجَلاَّت: میگزین، ماہنامہ، رسالہ۔

مَجَلَّةٌ اُسبُوعِيَّة: ہفتہ وار رسالہ۔

مَجَلَّةٌ شَهرِيَّة: ماہنامہ۔

مَجَلَّةٌ نِصفُ شَهرِيَّة: پندرہ روزہ پرچہ۔

جَلَمٌ: (ض) اون کترنا، کاٹنا۔

جلم. اون کاٹنے کی قینچی۔

جُلمَدٌ، جُلمُود: چٹان۔

جلنار (مع) گلِ انار۔

جَلاَ ـُ جَلواً: (١) پالش کرنا (٢) واضح کرنا۔

جَلاَهُ عن: نکالنا، بے دخل کرنا، روانہ کرنا، جلاوطن کرنا، دور کرنا۔

تَجلِيَة: اُجاگر کرنا۔

الاِجلاءُ: دیس نکالا، انخلا کرنا۔

إِنجِلاء: (١) روشن و واضح ہونا، چمکنا، (٢) انخلاء (٣) زائل ہونا۔

إِنجِلاء عن: منتج ہونا، نتیجہ برآمد ہونا۔

إِستِجلاء: تحقیق کرنا، تفتیش کرنا۔

جَلاء: (١) وضاحت، انکشاف (٢) انخلا، روانگی (٣) پالش۔

جَلاءُ القُوَّات عن المِنطَقَة: علاقہ سے

فوجوں کو ہٹانا۔
جَالِيَة: کالونی، کسی ملک میں رہائش پذیر غیر ملکی جماعت ج: جَالِيَات۔
جَالِيَةٌ أَجْنَبِيَّةٌ: غیر ملکی برادری، غیر ملکی طبقہ۔
جَلُوكُوز: (معرب) گلوکوز۔

ج.........م

جُمْجُمَة ج: جَمَاجِمُ: کھوپڑی۔
جَمَحَ الحِصَانُ ـَ جُمُوحاً و جَمْحاً و جِمَاحاً: گھوڑے کا شرارت کرنا، ہٹ کرنا، بدکنا، سرکشی کرنا۔
جَمَحَ الرَّجُلُ: سرکش ہونا، خودسر ہونا، بے لگام ہونا۔
جِمَاح: سرکشی، خودسری، خواہش نفس۔
كَبْحُ جِمَاحِه: خواہش نفس پر قابو پانا، سرکشی کو ختم کرنا، ہٹ دور کرنا۔
جُمَّاح: پرواز گیند۔
جَامِحٌ و جَمُوحٌ: سرکش، بے مہار، بے لگام، ہٹی، من چلا۔
جَمَّدَ تَجْمِيداً: جمانا، گاڑھا کرنا، خشک کرنا۔
تَجْمِيد: پابند کرنا، روکنا، منجمد کرنا۔
تَجْمِيدُ الأُجُور: اجرتوں کو منجمد کرنا، تنخواہیں روکنا۔
تَجْمِيدُ الأَرْصِدَة: سرمایہ منجمد کرنا۔
تَجْمِيدُ الاسْتِيرَاد: درآمد روکنا۔
تَجْمِيدُ الأَسْعَار: نرخوں میں ٹھہراؤ پیدا کرنا۔
تَجْمِيدُ أَسْعَارِ النِفْط: پٹرول کی قیمتوں میں ٹھہراؤ پیدا کرنا۔
تَجْمِيدُ العَلاقَات: تعلقات کو منجمد کرنا، ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ العَلاقَات الدِبْلُومَاسِيَة: سفارتی تعلقات ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ القُرُوض للبُنُوک: قرضوں کی ادائیگی روکنا۔
تَجْمِيدُ القَضِيَّة: مسئلہ کو سرد خانے میں ڈالنا۔
تَجْمِيدُ المُشْكِلاَت: مشکلات ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ المَوْقِف: کردار کو روکنا۔
تَجْمِيدُ النَّشَاط: سرگرمی روکنا، بند کر دینا۔
تَجَمُّدُ العَلاقَات: تعلقات میں جمود پیدا ہونا۔
مُتَجَمِّد: منجمد۔
المُجَمِّد: فریزر (FREEZER)۔
جَمَدَ ـُ جُمُوداً و جَمْداً: جم جانا، خشک ہونا۔
جَمَدَتْ يَدُهُ: بخیل ہونا۔
جَمْدٌ: برف، مصنوعی یا آسمانی برف۔
جَمَادٌ: بے جان، بے حس چیز۔
جَامِدٌ: سخت (نرم کی ضد) منجمد (رقیق کی ضد) ٹھوس، بے حس و حرکت۔
جُمُود: بے حسی، کاہلی، تعطل۔
جَمْرٌ و و: جَمْرَةٌ: دہکتی ہوئی آگ، انگارہ۔
جَمَرَ ـُ جَمْراً: آگ جلانا۔
مِجْمَرَة ج: مَجَامِرُ و مَجَامِيرُ: انگیٹھی، آتش دان۔

مِجمَرَةُ البَخُور: عوددان، بخوردان۔
جُمرُک ج: جَمارِک: (مع) چنگی خانہ، کسٹم ہاؤس (۲) کسٹم۔
جَمارِکُ علی الصَّادِرات و الوَارِدات: درآمدات وبرآمدات پر کسٹم۔
جُمرُکِیّ: کسٹم سے متعلق۔
جُمرُکِیَّة: کسٹم ہاؤس۔
رُسُومٌ جُمرُکِیَّةٌ: کسٹم ڈیوٹی، چنگی محصول۔
(جمس) جَامُوس ج. جَوامِیسُ: بھینس۔
جَمَشَ رَاسَهُ ـُ جَمشاً: سر مونڈنا۔
جَمَّشَه تَجمِیشاً: گدگدی کرنا، گدگدانا۔
جَمِیش: بال صفا، بال اڑانے کی دوا۔
جَمَعَ ـَ جَمعاً: سمیٹنا، اکٹھا کرنا، ملانا، ایک کرنا، عام کرنا۔
جمعَ الأَرقَام: حساب جوڑنا، حساب لگانا۔
___ الکِتَاب: تالیف کرنا۔
___ الجَمعِیَّة: میٹنگ بلانا۔
___ الحُرُوف: کمپوز کرنا۔
جَمعٌ: کمپوزنگ، ٹوٹل۔
جَمعُ الاِحصَاءَ ات: اعداد وشمار جمع کرنا۔
جَمعُ بیَانَات: معلومات یا تفصیلات جمع کرنا۔
جَمعُ ثَروَةٍ: دولت کا انبار لگانا۔
جَمعٌ حَاشِدٌ: جم غفیر۔
جَمعُ الحَقَائِب لِلمُغَادَرَة: رخت سفر باندھنا۔
جَمعُ الخُیُوط: تار ملانا۔
جَمعُ الشَّمل: شیرازہ بندی۔
جَمعُ القُوَات: فوجوں کا اجتماع، فوجوں کو اکٹھا کرنا۔
جَمعُ المَجلِس: کونسل کا اجلاس بلانا۔
جَمعُ الوَثَائِق: دستاویزات فراہم کرنا۔
أَجمَعُوا علی ...... إجمَاعاً: متفقہ فیصلہ کرنا۔
إجمَاعُ الآرَاء: اتفاق رائے۔
بالإجمَاع: بالاتفاق۔
بإجمَاعِ الأَصوَات: باتفاق آراء۔
إجتَمَعَ إلی فُلَان: ملاقات کرنا، ملنا۔
إجتَمَعَ به: ملاقات کرنا، ملنا۔
إجتَمَعَ مع فُلَان: ملاقات کرنا، ملنا۔
إستِجمَاعُ القُوَّة: طاقت یکجا کرنا۔
جَمعِیَّة: ایسوسی ایشن، کمیٹی، تنظیم، انجمن، کونسل، کنونشن، کارپوریشن، محفل خانہ، سوسائٹی، اسمبلی ج: جَمعِیَّات۔
جَمعِیَّةُ البِنَاءِ التَّعَاوُنِیَّة: بلڈنگ کوآپریٹو سوسائٹی۔
جَمعِیَّةٌ تأسِیسِیَّة: کانسٹی ٹیوشن اسمبلی، مجلس وضع قوانین، وہ جماعت یا حکومت جسے آئین ملکی میں ردوبدل کا اختیار ہو۔
جَمعِیَّةُ تِجَارَةِ الجُملَة: ہول سیل سوسائٹی۔
جَمعِیَّةٌ تَسوِیقِیَّةٌ: مارکٹنگ ایسوسی ایشن۔
جَمعِیَّةٌ تَشرِیعِیَّة: اسمبلی، قانون ساز اسمبلی۔
جَمعِیَّةُ التَّعَاوُن الزِّرَاعِیَّة: زرعی کوآپریٹو سوسائٹی۔
الجَمعِیَّةُ التَّعَاوُنِیَّة: انجمن امداد باہمی کوآپریٹو سوسائٹی۔
الجَمعِیَّةُ النِّسَائِیَّةُ الخَیرِیَّة: خواتین کی فلاحی انجمن۔

جَمْعِيَّةٌ تَعَاوُنِيَّةٌ اِسْتِهْلَاكِيَّةٌ: امداد باہمی انجمن صارفین۔
جَمْعِيَّةٌ خَيْرِيَّةٌ: ویلفیئر سوسائٹی، فلاحی انجمن۔
جَمْعِيَّةُ الرَّخَاءِ: ویلفیئر سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ رَفَاهِيَةٌ: ویلفیئر سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ لِلْبِنَاءِ: بلڈنگ سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةُ الْمُحَامِيْنَ: انجمن وکلاء۔
جَمْعِيَّةٌ مَدَنِيَّةٌ: سول سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ عَامَّةٌ: جنرل اسمبلی۔
جَمْعِيَّةٌ عُمُوْمِيَّةٌ: جنرل اسمبلی۔
جَمْعِيَّةٌ وَطَنِيَّةٌ: قومی اسمبلی نیشنل اسمبلی۔
جَمْعِيَّاتُ التَّسْلِيْفِ التَّعَاوُنِيَّةِ: قرضہ کوآپریٹو سوسائٹی۔
جَمْعِيَّاتُ الإِنْتَاجِ التَّعَاوُنِيَّةُ: کوآپریٹو پیداواری سوسائٹی۔
جَمَاعَةٌ: گروپ۔
جَمَاعَةٌ فِدَائِيَّةٌ: جانباز جماعت، رضا کارانہ جماعت۔
جَمَاعَةُ الْمُحَامِيْنَ: بار ایٹ لا، انجمن وکلاء۔
جَمَاعِيٌّ: مشترکہ، اجتماعی، جماعتی۔
جَمَّاعَةُ الْكَهْرُبَاءِ: خزانہ بجلی جس میں برقی قوت جمع کی جائے۔
جُمُوْعَاتٌ: گروپ۔
الْجُمُوْعَاتُ الْفِدَائِيَّةُ: جانباز گروپ۔
التَّجَمُّعُ: اتحاد، اجتماعیت، آبادی۔
تَجَمُّعُ الْقُوَّاتِ: فوجوں کا اجتماع۔
التَّجَمُّعُ لِعَمَلٍ: ریلی کرنا۔
التَّجَمُّعُ الْوَطَنِيُّ: قومی اتحاد۔
تَجَمُّعَاتٌ: اجتماعات۔
التَّجَمُّعَاتُ الْبَشَرِيَّةُ: انسانی آبادیاں۔
تَجَمُّعَاتٌ جَمَاهِيْرِيَّةٌ: عوامی اجتماعات۔
التَّجَمُّعَاتُ السُّكَّانِيَّةُ: شہری آبادیاں۔
التَّجَمُّعَاتُ الْعُمَّالِيَّةُ: مزدوروں کی آبادیاں۔
التَّجَمُّعَاتُ الْمَدَنِيَّةُ: شہری ٹھکانے، آبادیاں۔
الْمُتَجَمِّعُ مِنَ الإِجَازَاتِ: جمع شدہ رخصتیں۔
تَجْمِيْعٌ: فٹنگ، جڑائی۔
جَامِعٌ ج: جَوَامِعُ: (۱) بڑی مسجد (۲) وصول کنندہ (۳) وسیع، محیط۔
جَامِعُ الْكِتَابِ: مرتب، مؤلف۔
جَامِعُ الْحُرُوْفِ: کمپوزیٹر۔
الْجَامِعُ: کلکٹر۔
جَامِعَةٌ ج: جَامِعَاتٌ: (۱) یونیورسٹی (۲) لیگ، متحدہ جماعت۔
جَامِعَةُ الأُمَمِ: انجمن اقوام مختلفہ۔
جَامِعَةُ دُوَلٍ: کامن ویلتھ۔
الْجَامِعَةُ الْعَرَبِيَّةُ: عرب لیگ۔
جَامِعِيٌّ: یونیورسٹی کا، یونیورسٹی پیمانہ کا۔
إِجْتِمَاعٌ ج: إِجْتِمَاعَاتٌ: ملاقات، اجلاس، میٹنگ، جلسہ، کنونشن۔
إِجْتِمَاعٌ إِسْتِثْنَائِيٌّ: خصوصی اجلاس، ہنگامی اجلاس۔
إِجْتِمَاعُ الأَنْهُرِ: سنگم، دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔
إِجْتِمَاعُ الْجَمْعِيَّةِ: اسمبلی کا اجلاس۔

إِجْتِمَاعٌ حَاشِدٌ: زبردست اجتماع۔
إِجْتِمَاعٌ سِرِّيٌّ: خفیہ اجلاس۔
إِجْتِمَاعُ الطُّرُق: چوراہا، دو راستوں کے ایک دوسرے کو قطع کرنے کی جگہ۔
إِجْتِمَاعٌ مُغْلَقٌ: بند اجلاس۔
إِجْتِمَاعٌ مُوَسَّعٌ: بڑا اجتماع۔
عِلْمُ الإِجْتِمَاعِ: عمرانیات، علم معاشرت۔
إِجْتِمَاعِياً: اجتماعی طور پر۔
إِجْتِمَاعِيٌّ: معاشرتی، عمرانی، سوشل، اجتماعی، سماجی۔
الشُّؤُوْنُ الإِجْتِمَاعِيَّةُ: معاشرتی معاملات۔
المُسَاوَاةُ الإِجْتِمَاعِيَّةُ: معاشرتی برابری، سماجی مساوات۔
النِّظَامُ الإِجْتِمَاعِيُّ: معاشرتی نظام، اصول معاشرت۔
الهَيْئَةُ الإِجْتِمَاعِيَّةُ: انسانی سوسائٹی۔
مُجْتَمَعٌ ج: مُجْتَمَعَات: سوسائٹی، سماج، معاشرہ، میٹنگ، جلسہ گاہ، [illegible]۔
مُجْتَمَعٌ إِشْتَرَاكِيٌّ: سوشلسٹ سوسائٹی۔
اَلْمُجْتَمَعُ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی معاشرہ، برادری۔
مُجْتَمَعٌ دِيْمُقْرَاطِيّ: ڈیموکریٹک سوسائٹی۔
مُجْتَمَعُ الرَّخَاء: خوشحال معاشرہ۔
المُجْتَمَعُ العَالَمِيُّ: عالمی برادری۔
مُجْتَمَعٌ مُنْحَلٌّ: گراہوا معاشرہ، زوال پذیر معاشرہ، زوال یافتہ معاشرہ۔
مُجْتَمَعٌ يَنْعَمُ بِرَخَاءٍ او بِرَفَاهِيَة: خوشحال معاشرہ۔
مَجْمَعٌ ج: مَجْمَعَات: کنوینشن، مجلس۔
مَجْمَعٌ ج: مَجَامِعُ: اکیڈمی، کونسل، انسٹی ٹیوٹ، تحقیقی ادارہ۔
مَجْمَعٌ عِلْمِيٌّ: اکیڈمی، لٹریری ادارہ۔
مَجْمَعُ البُحُوْث الإِسْلَامِيَّة: مجلس تحقیقات اسلام۔
مَجْمَعُ اللُّغَةِ العَرَبِيَّة: عربی زبان کی اکیڈمی۔
مَجْمَعِيّ: اکیڈمی کا یا اس سے متعلق۔
مُجَمِّعٌ: داعی، جلسہ بلانے والا، کنوینر۔
مُجَمِّعُ الحُرُوْف: کمپوزیٹر۔
مَجْمُوْعٌ: ٹوٹل، میزان، کل، حاصل۔
مَجْمُوْعُ خَرَائِطَ جُغْرَافِيَّة: اٹلس۔
مَجْمُوْعٌ فَرْعِيّ: ذیلی میزان، سب (SUB) ٹوٹل۔
الْمَجْمُوْعُ الكُلِّيُّ: میزان کل، کل میزان۔
مَجْمُوْعَة: ٹیم، بلاک، پینل، گروپ، سیٹ (SET)۔
مَجْمُوْعَةُ أَوْرَاق: فائل۔
مَجْمُوعَةُ الحُرُوْف (فی الآلة الكاتبة): کی بورڈ۔
مَجْمُوعَةُ الدُّوَلِ غَيْرِ المُنْحَازَة: غیر جانبدارانہ ممالک کا گروپ۔
مَجْمُوْعَةٌ صَغِيْرَة: پیکٹ۔
مَجْمُوعَةٌ كَامِلَة: فل سیٹ، مکمل

سیٹ۔
مَجْمُوعَةُ مَنَازِل: کمپاؤنڈ۔
مَجْمُوعَةٌ مِنَ الرَّسَائِل: پیکٹ۔
جَمْكِيَة: (مع) تنخواہیں، الاؤنس۔
جُمْلَة: پیراگراف، ٹوٹل، کُل، تھوک، سب رقم، مقدار۔
جُمْلَةٌ تَامَّة: پیریڈ، فقرہ یا مکمل بات۔
جُمْلَةً: سب کا سب۔
بِجُمْلَةِ: سب کا سب، کل۔
بِالجُمْلَة: خلاصہ یہ کہ (۲) تھوک، ہول سیل (۳) ایک دفعہ، اکٹھا۔
تَاجِرُ الجُمْلَة: تھوک فروش، ہول سیلر۔
جَمَالٌ: حسن۔
جَمَّال: شتربان، اونٹ والا۔
جَمِيل: حسین (۲) حسنِ سلوک (۳) احسان (۴) عمدہ، خوب۔
مَعْرِفَةُ الجَمِيل: احسان شناسی۔
نُكْرَانُ الجَمِيل: احسان فراموش۔
نَاكِرُ الجَمِيل: احسان فراموشی۔
إِجْمَال: خلاصہ، کل، اجمال۔
إِجْمَالاً: مختصر طور پر، خلاصہ کے طور پر۔
إِجْمَالِيُّ النَّاتِج: کل پیداوار۔
بِوَجْهِ الإِجْمَال: عمومی طور پر۔
مُجْمَل: خلاصہ، مختصر۔
مُجْمَلُ الخَسَارَة: کل نقصان، نقصان کا ٹوٹل۔
مُجْمَلاً: اجمالی طور سے۔
مُجَامَلَة: مزاج داری، رکھ رکھاؤ، تواضع، انکساری، خوش خلقی۔
المُجَامَلَةُ بَيْنَ الشُّعُوب: قوموں کا باہمی رکھ رکھاؤ۔
مُجَامَلَةُ دِبْلُومَاسِيَّة: سفارتی رکھ رکھاؤ، سفارتی رعایت۔
جَمَلُكَة: (مع) لاکر، سنہری روغن جو چپڑا لاکھ حل کر کے تیار کیا اور پیتل وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔
جَمَلُون، جَمَل: (معرب) (۱) دورخی ڈھلوان چھت کا بالائی تکونا حصہ، (۲) ڈھلوان دیوار جس کا بالائی حصہ تکونا ہو (۳) کھڑکی یا دروازے کا چھجا۔
جُمَان و: جُمَانَة: (۱) موتی (۲) دونو کی کیل۔
جَمْهَرَة: جمع کرنا۔
تَجَمْهُر: جمع ہونا۔
جُمْهُور ج: جَمَاهِير: پبلک، عوام، ہجوم، مجمع۔
جُمْهُورُ النَّاخِبِين: انتخاب کرنے والوں یا رائے دہندوں کی جماعت۔
الجُمْهُورِيَّةُ البَرْلَمَانِيَّة: پارلیمنٹری جمہوریت۔
الجَمَاهِير: عوام۔
الجَمَاهِيرُ العُمَّالِيَّة: مزدور عوام۔
الجَمَاهِيرُ الغَاضِبَة: مشتعل ہجوم، مشتعل عوام۔
جُمْهُورِيَّة: ری پبلک۔
الجُمْهُورِيَّةُ الرِّئَاسِيَّة: صدارتی جمہوریت۔

ج.........ن

جَنَبَ ـُ جَنْباً و جَنَّبَ: بچانا، علیحدہ رکھنا۔
اِجْتِنَاب: دور رہنا، بچنا۔

تَجانَبَ: پہلوتہی کرنا، گریز کرنا۔
تَجنّبَ: ایک طرف ہونا، پہلوتہی کرنا۔
تَجنُّبُ البِلادِ دَماراً: ملک کا بربادی سے بچنا۔
تَجنُّبُ الصِّدام مَعَ اَحدٍ: ٹکراؤ سے بچنا، تصادم سے بچنا۔
تَجنُّبُ المَخاطِرِ: خطرات سے بچنا۔
تَجنُّبُ المَشاکِلِ: مشکلات سے بچنا۔
تَجنُّباً لِخوضِ المَعارِک: لڑائیوں سے بچنے کے لئے۔
جُنبة: دوسروں سے بچنے والا، بہت پرہیز واحتیاط کرنے والا۔
جُناب، ذَاتُ الجَنْبِ: ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں پانی پڑ جاتا ہے، ذات الجنب۔
جَنْبٌ ج: أجْناب و جُنُوب: پہلو، جانب، جہت، کنارہ، آغوش۔
جَنْباً لِجَنْبٍ: پہلو بہ پہلو۔
عَلى جَنْبٍ: ایک طرف، علیحدہ۔
جَنُوب: ساؤتھ، جنوب۔
جَنُوبُ أفْرِيقِيَا: جنوبی افریقہ۔
جَنُوبُ شَرْقِ آسيَا: جنوب مشرقی ایشیا۔
جَنُوباً: جانبِ جنوب۔
جَنُوبِيّ: جنوب کا، جنوبی۔
جَانِبٌ ج: جَوَانِبُ: پہلو، جسم کا داہنا یا بایاں حصہ، عمارت کا حصہ، رخ، طرف، کنارہ، مقدار، حیثیت، سائڈ۔
جَانِبٌ عَظِيم: بڑی حیثیت، زبردست قدر ومنزلت۔

الجَوانِبُ النَّظَرِيَّة: نظریاتی پہلو۔
جَانَبَ الشئَ مُجَانَبَةً: گریز کرنا، پہلو تہی کرنا۔
الجَانِبُ المُتحارِب: متحارب فریق۔
فِيْ هٰذَا الجَانِبِ: ادھر
فی ذٰلِکَ الجَانِبِ: اُدھر، اُس پہلو پر۔
بِجَانِبِ شَيْءٍ: ساتھ ساتھ۔
رَقِيْقُ الجَانِبِ: نرم مزاج، رحم دل۔
عَظِيْمُ الجَانِبِ: بلند حیثیت، بلند مرتبہ۔
مُتَعَدِّدُ الجَوَانِبِ: متعدد گوشوں والا۔
جَانِبِيٌّ: یک طرفی، بغلی، پہلودار، سائڈ کا۔
جَناب: تعظیمی لقب جو ضمیر کی طرف مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے۔
جَنابُکُمْ: آنجناب، آپ، بڑوں سے خطاب کے لئے۔
جَنَابِيَة: کھاڑی جو راستہ کے دائیں یا بائیں ہوتی ہے۔
أجْنَبِيٌّ ج: أجَانِبُ: پردیسی، غیر ملکی، فارن کا، نامانوس۔
اِجْتِنَاب، تَجنُّب، مُجَانَبَة: کنارہ کشی، پہلو تہی، گریز، احتراز (۲) دور رہنا، گریز کرنا۔
مُجَانِب: کنارہ کش، علیحدہ۔
مُجَنِّبَةُ الجَيْش: فوج کا دایاں یا بایاں بازو۔
مُجَنِّبَتَا الجَيْش: فوج کے دو بازو۔
جُنْبَاز: ورزشِ بدن کا ماہر، جمناسٹک کا ماہر (فارسی "جانباز" کا معرب)۔

جَنَحَ الطَّائِرَ۔جَنحاً: بازو کو زخمی کرنا۔
جَنَحَ الیہ۔جُنوحاً و أَجْنَحَ: مائل ہونا۔
جَنَحَتِ السَّفِینَۃُ: کشتی کا زمین سے لگ جانا۔
جُنُوحُ السَّفِینَۃ: کشتی کا ڈانواڈول ہونا۔
جَنَّحَ الشیئَ تَجْنِیحاً: بازو لگانا۔
جَنَّحَ الرجُلَ: الزام لگانا، گناہ کی طرف نسبت کرنا۔
جَنَاحٌ: کسی بڑی عمارت کا حصہ، بازو، وارڈ، حصہ ج: أَجْنِحَۃ۔
جَنَاحُ الشَّباب: یوتھ ونگ، نوجوان طبقہ۔
جَنَاح و جِنح: حفاظت، حمایت، پناہ۔
جِنْحٌ: جانب، طرف، کنارہ، حصہ۔
جِنْحٌ مِنَ اللَّیل: رات کا ایک حصہ۔
تَحتَ جِنحِ الظَّلام: سخت اندھیرے میں۔
مُفَصَّلَۃٌ بِجَنَاحٍ: لمبا قبضہ جو کواڑ میں لگایا جاتا ہے۔
جُنَاح: جرم، گناہ۔
جُنْحَۃ: مجرمانہ فعل، خفیف جرم۔
جَانِحٌ: پہلو، جانب، طرف، سائڈ۔
جَانِح و جَانِحَۃ: پسلی ج: جَوَانِح۔
مُجَنَّح: بازودار۔
جَنَّدَ تَجْنِیداً: فوج بھرتی کرنا، فوج جمع کرنا۔
تَجَنَّدَ: بھرتی ہونا، سپاہی بننا۔
جُنْدٌ و : جُنْدِیّ: فوجی سپاہی، فوج۔
جُنْدِیٌّ مُرْتَزِق: کرایہ کا سپاہی۔
جُنُود: افواج و: جُنْدٌ۔
جُنُودُ الاِحتِلال: قابض فوج۔
الجُنُودُ الاَشَاوِش: خوددار سپاہی، بہادر سپاہی۔
الجُنُودُ المُسَلَّحَۃ: مسلح افواج۔
جُنُودُ المِظَلَّات: چھاتہ بردار فوج۔
تَجْنِید: تیار کرنا، یکجا کرنا، سمیٹنا، جنگ کے لئے تیار کرنا، بھرتی کرنا۔
تَجْنِیدٌ إِجْبَارِیّ: لازمی بھرتی۔
تَجْنِیدٌ إِلزامیٌّ: لازمی بھرتی۔
تَجْنِیدُ العُمَّال و الصُّنَّاع: کارکنوں اور صنعت کاروں کو تیار کرنا، بھرتی کرنا۔
تَجْنِیدُ الکَفَاءَات: صلاحیتوں سے کام لینا۔
جَنَّزَ المَیِّتَ تَجْنِیزاً: مردہ پر نماز پڑھنا، مردہ کو تابوت میں رکھنا۔
جَنَّازٌ: نماز جنازہ یا جنازہ کا جلوس۔
جَنَازَۃ: جنازہ، نعش۔
جَنَازَۃٌ هِنْدُوکِیَّۃ: ارتھی۔
جَنَّسَہ تَجْنِیساً: (۱) حقوقِ قومیت عطا کرنا، (۲) ملکی بنانا۔
جَانَسَہ مُجَانَسَۃً: ہم جنس ہونا، ہم قوم ہونا، ہم نشین ہونا، مشابہ ہونا۔
جِنْسٌ ج: أَجْنَاسٌ: نوع، قسم، قوم۔
جِنْسِیَّۃ: قومیت، نیشنلٹی، حقوقِ ملکی۔
جِنَاس: لفظی مُشابہت، صنعتِ لفظی کی ایک قسم۔
تَجَنَّسَ بِجِنْسِیَّۃٍ: قومیت اختیار کرنا۔
تَجَانُس: مُشابہت، ہم قومیت، ہم جنس ہونا۔
مُتَجَانِس: ہم شکل، ایک نوع کا۔

جُنفَاص، جُنفَیص: (معرب) کرچ۔
جَنَّنَ و أَجَنَّ إِجنَاناً: دیوانہ بنانا، برہم کرنا، برہمی پیدا کرنا۔
جَنَّ ـــ جَنّاً و جُنُوناً و أَجَنَّ: چھپانا۔
جَنَّ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
جُنَّ ـــ جُنُوناً و تَجَنَّنَ: پاگل ہونا، دیوانہ بننا، آپے سے باہر ہونا۔
اِستَجَنَّ: پاگل سمجھنا، پوشیدہ کرنا۔
جُنَانٌ و جُنَانَة و جُنَّة ج: جُنَنٌ: ڈھال، زرہ۔
جَنَان ج: أَجنَان: دل۔
جِنَّة: مصدر بمعنی: دیوانگی، پاگل پن، آسیب کا اثر (بہ جِنَّة) اسے جنون ہے یا اس پر آسیب کا اثر ہے۔
جُنُون: بے وقوفی، دیوانگی، جوش۔
جُنُونٌ فی أَمرٍ وَاحِدٍ: کسی ایک کام کی لگن، دھن۔
جُنُونِیّ: دیوانہ وار۔
جُنَینَة ج: جُنَینَات: باغیچہ۔
جُنَینَةُ الحَیوَانَات: چڑیا گھر۔
جَنَی ـــ جَنیاً: پھل توڑنا، حاصل کرنا، خوشہ چینی کرنا، نتیجہ پانا۔
جَنَی ـــ جِنَایَةً: ارتکابِ جرم کرنا۔
تَجَنَّی علیه: اس پر الزام لگایا، اُسے مُجرم گردانا۔
جِنَایَة ج: جِنَایَاتٌ: ارتکابِ جرم، قصور، خطاء، گناہ، بدعنوانی، جُرم، کرائم۔
جِنَایَةٌ عَظِیمَة: سنگین جُرم۔
الجِنَایَةُ علی أَحَدٍ: کسی کو نقصان پہونچانا۔
جِنَایَةٌ کُبرَیٰ: بھاری جرم۔
القَانُونُ الجِنَائِیّ: قانونِ تعزیرات، قانونِ سزا۔
جَانٍ ج: جُنَاة: مجرم، گنہگار، حاصل کنندہ۔
مَجنِیٌّ عَلَیه: مظلوم، نقصان رسیدہ، گرفتارِ مصیبت۔
جُنَیه ج: جُنَیهَات: (مع) گنی مساوی ١١ شلنگ، تقریباً بیس روپے، اشرفی، پونڈ، ڈالر۔
جُنَیهٌ اَمرِیکِی: ڈالر مساوی تقریباً ١٢ روپے۔
جُنَیهٌ اِستَرلِینِیّ: اسٹرلنگ پونڈ۔
جُنَیهٌ اِنجِلِیزِیّ: انگلش پونڈ، مساوی تقریباً ١٨ روپے۔
جُنَیهٌ مِصرِیّ: مصری پونڈ، مساوی تقریباً دس روپے۔

ج.........ه

جَهَدَه ـــ جَهداً و أَجهَدَ: لاغر و کمزور بنا دینا، تھکا دینا۔
جَهَدَ فی الأمرِ ـــ جُهداً و اجتَهَدَ: کوشش کرنا، محنت کرنا، طاقت لگانا۔
مُجهَد: تھکا ہوا۔
إِجهَادٌ بَدَنِیّ: جسمانی مشقت۔
إِجهَادٌ نَفسِیّ: ذہنی تکلیف۔
جَهدٌ و جُهدٌ: محنت، مشقت، کوشش۔
ج: جُهُود۔
الجُهدُ الذِهنِیّ: دماغی کوشش۔
الجُهدُ المُکَثَّف: زبردست و انتھک کوشش۔
الجُهدُ المُنَسَّق: منظم جدوجہد۔

الجُهُودُ الخَيرَة: مبارک کوششیں۔
جُهُودٌ غَيرُ عَادِيَّة: غیر معمولی کوششیں۔
جُهُودٌ فعَّالَة: زبردست کوششیں۔
جُهُودٌ جَبَّارَة: غیر معمولی کوششیں۔
الجُهُودُ اليائِسَة: ناکام کوششیں، مایوسانہ کوششیں۔
مَجهُودٌ ج: مَجهُودَات: طاقت، محنت، قوت، کوشش۔
مَجهُودٌ خَارِقٌ: غیر معمولی کوشش۔
مَجهُودٌ فَرْدِيّ: شخصی کوشش۔
جُهدَ طَاقَتِه: بقدر طاقت، بقدر امکان، مقدور بھر۔
جُهدٌ جَهِيدٌ و جَاهِدٌ: زبردست کوشش، انتھک کوشش۔
جِهَادٌ: لڑائی، جدوجہد۔
جِهَادِيّ: جنگی، فوجی: جهادية: (دا) فوجی ملازمت ملٹری سروس
مُجَاهِدٌ: فوجی سپاہی۔
مُجتَهِد: محنتی، جفاکش۔
جَهَرَ الأَمْرَ و بِه ـَ جَهْراً: ظاہر کرنا، اعلان کرنا۔
جَهَرَ الصَّوْتَ و بِه: آواز بلند کرنا۔
مُجَاهَرَة: اظہار۔
جَاهَرَ بِالحَقِّ مُجَاهَرَةً: اعلان حق کرنا۔
جَهُرَ الصَّوْتُ ـُ جُهُورَةً و جَهَارَةً: آواز بلند ہونا۔
جَهْرِيّ: (۱) عام (۲) کھلا ہوا، ظاہر۔
جَهْرِيّاً: اعلانیہ، علی الاعلان۔

جَهْوَرِيّ: بلند آواز شخص۔
جَـوْهَـر: (۱) قائم بالذات ہستی (۲) ماہیت (۳) ست، روح (۴) جزء ترکیبی (۵) اصول، بنیاد، مبدأ۔
جَوهَرُ أو لُبُّ المَسْأَلَة: مسئلہ کا لب لباب، مسئلہ کا خلاصہ، نچوڑ۔
الجَوْهَرُ الفَرْد: ایٹم، ذرہ، جزء، لایتجزیٰ، غیر منقسم چیز، وجود کی اکائی، اکائی۔
جَوْهَرَة: قیمتی پتھر، ہیرا، نگ۔
جَوْهَرِيّ: (۱) اصلی، بنیادی (۲) ضروری (۳) زیورات بیچنے والا، جیولر، زیورات کا تاجر۔
جَوَاهِر و: جَوْهَر: زیورات۔
جَوَاهِرجِيّ: جوہری، زیورات فروخت کرنے والا، جیولر۔
مُجَوْهَرَات و: مُجَوْهَرَة: زیورات۔
أَجْهَر: دن کا اندھا، جسے دن میں نظر نہ آئے۔
تَجَوْهُر: تحلیل ہوجانا، ریزہ ریزہ ہو جانا، جوہر بن جانا۔
مِجْهَرٌ، مِجْهَارٌ: بلند آواز، آواز رساں، بھونپو۔
مِجْهَارٌ ج: مَجَاهِير: لاؤڈاسپیکر، میکروفون، بھونپو (۲) بلند آواز آدمی۔
مِجْهَارٌ كَهْرَبِيّ: میکروفون۔
مُجْهِرٌ ج: مُجْهِرَات: میکرسکوپ، خوردبین۔
مُجْهِرٌ كَهْرَبِيّ: الیکٹرک خوردبین جس

میں چھوٹی سے چھوٹی چیز بجلی کے کرنٹ کے ذریعہ ایک لاکھ گنا سے زیادہ نظر آتی ہے۔
التَّشْرِیحُ المُجْهِرِیَ: خوردبینی تجزیہ۔
جَهَزَ — جَهْزاً و أَجْهَزَ علی الجَرِیحِ: مار ڈالنا۔
تَجْهِیز: تیار کرنا، زادِ راہ دینا، سامان سے لیس کرنا، ساز و سامان کرنا، سامان تیار کرنا، فٹنگ۔
تَجْهِیزُ الجَیْش بِمُخْتَلِفِ الاَسْلِحَة: فوج کو مختلف قسم کے ہتھیاروں سے لیس کرنا۔
تَجْهِیزُ الدِّفَاعِ عَن: دفاع کی تیاری کرنا۔
تَجْهِیزُ الرَّدِّ علی ......: جواب تیار کرنا۔
تَجْهِیزُ السِّلَاحِ اِلَی: ہتھیار سپلائی کرنا۔
تَجْهِیزٌ للانْتِخَابَات: الیکشن کی تیاری کرنا۔
التَّجْهِیزُ النِّهَائِیَ: فنیشنگ، تکمیل کار۔
تَجْهِیزَاتٌ ضَخْمَة: زبردست ساز و سامان، تیاریاں۔
تَجْهِیزَاتُ الهُجُوم: حملہ کی تیاریاں۔
تَجَهَّزَ: تیار ہونا۔
جِهَاز ج. أَجْهِزَة: سامانِ سفر (۲) جہیز جو دولہن کو دیا جاتا ہے (۳) مشین، نظام، سسٹم، نظام ترکیبی، ترکیب۔
أَجْهِزَةُ الاِعْلَام: پروپیگنڈہ مشینری، ذرائع ابلاغ۔
أَجْهِزَةُ الاَمْن: امن مشینری۔
الاَجْهِزَةُ التَّنْفِیذِیَّة: انتظامی ادارے۔
الاَجْهِزَةُ الرَّسْمِیَّة: سرکاری ادارے۔
أَجْهِزَةُ المُخَابَرات: ذرائعِ سراغ رسانی، خفیہ معلومات کے ادارے۔
الجِهَازُ الاِدَارِیَ: انتظامی مشینری، انتظامی عملہ۔
جِهَازُ اِرْسَال: ٹرانسمیٹر۔
الجِهَازُ الائْتِمَانِیَ: کریڈٹ سسٹم۔
جِهَازُ التَّدْرِیب: مشقی مشین، آلۂ مشق۔
جِهَازُ التَّدْفِئَة: ہیٹنگ، آپریٹس، گرم کرنے کا آلہ۔
جِهَازُ التَّدْفِئَةِ الکَهْرَبَائِیَة: ہیٹر، برقی ہیٹنگ مشین۔
جِهَازُ تَسْجِیلَ الصَّوْتِ عَلَی شَرِیط: ٹیپ ریکارڈر۔
جِهَازُ تَعْشِیقِ التُرُوس: موٹر وغیرہ کے انجن کا گیر (GEAR)۔
جِهَازُ التِلْفُون: ٹیلیفون سیٹ۔
جِهَازٌ جَدِیْدٌ: نئی مشین، نیا سسٹم۔
الجِهَازُ الدَّاخِلِیَ: اندرونی مشین، اندرونی ڈھانچہ۔
جِهَازٌ صِحِّیَ: نظام تندرستی۔
جِهَازُ ضَغْطِ الدَّم: بلڈ پریشر دیکھنے کا آلہ۔
جِهَازُ العَدِّ: کاونٹر۔
جِهَازُ قِیَاس: میٹر۔
جِهَازٌ لِلتَّدَاوِی: آلۂ علاج، مشین۔
جِهَازٌ لِلطَّبْخ: کوکر۔

جِهَازٌ مَرْئِيّ: ٹیلیویژن سیٹ۔
جِهَازُ المَعْلُومَات: معلوماتی ذرائع۔
جِهَازُ الهَضْم: نظام ہضم۔
جَاهِزٌ و مُجَهَّز: تیار، آراستہ، لیس، ریڈی میڈ۔
مَلَابِسُ جاهِزَة: تیار شدہ، (سلے ہوئے) کپڑے۔
تَجْهِيزِيّ: تیاری والا، اعدادی۔
مَدْرَسَةٌ تَجْهِيزِيَّة: تیاری کا اسکول، وہ اسکول جو لڑکوں کو کسی بڑے اسکول کے لئے تیار کرے۔
جَهِشَ ـَ جَهشاً و جَهَشَاناً و جُهُوشاً و أَجْهَشَ بالبُكَاء: رونے کے قریب ہونا، رونے کے لئے تیار ہو جانا، رونے کے آثار نمایاں ہونا۔
جِهْضٌ و جَهِيض: نامکمل بچہ، اسقاط شدہ۔
جَهِضَتِ المَرْأَةُ ـَ جَهْضاً و أَجْهَضَتْ: عورت کا حمل ساقط ہو جانا۔
إِجْهَاض: ناکام بنانا، بے اثر بنانا۔
مُجْهِض: مسقطِ حمل، موجبِ اسقاطِ حمل، حمل گرانے والا۔
جَهِلَ ـَ جَهَالَة: ناواقف ہونا۔
جَاهِل: اُجڈ۔
مَجْهَل ج: مَجَاهِل: نامعلوم مقام، گمنام جگہ۔
مَجْهُول: نامعلوم۔
مَجْهُولٌ لَيْسَ به تَوْقِيعٌ: گمنام۔
جَهُمَ ـُ جَهَامَةً و جُهُومَةً: منہ چڑھنا، ناگواری سے شکن پڑ جانا، ترش رو ہونا، ناک بھوں چڑھانا۔
جَهَامَة، و جُهُومَة: ترش روئی، بدمزاجی۔
جَهْمٌ و مُتَجَهِّمٌ: تُرش رو، بدمزاج۔
جَهَنَّمِيٌّ: (۱) مہلک (۲) شیطانی، دھماکہ دار۔

ج..............و

جُوَانْتِيّ: (دا) دستانہ۔
__ جِلْد: چمڑے کا دستانہ۔
__ صُوف: اونی دستانہ۔
جَوْبٌ: تحقیق و تفتیش، کھوج، تلاش۔
جَابَ البِلَادَ ـُ جَوْباً: سیر و سیاحت کرنا۔
جَوَّاب: سیاح، گشت لگانے والا۔
جَوَابٌ ج: أَجْوِبَة: جواب۔
جَوَابٌ: (دا) (۱) خط (۲) پیغام۔
جَوَابٌ مُرَاوِغ: چکر میں ڈالنے والا جواب۔
جَابَ الشيءَ ـُ جَوْباً: قطع کرنا، کاٹنا۔
جَاوَبَ و أَجَابَ عَلَى و عَنْ: جواب دینا۔
اِسْتَجَابَ: لبیک کہا، قبول کیا۔
اِسْتَجْوَبَه: جواب طلب کیا (عدالت میں ملزم یا گواہ کا بیان لیا، پارلیمینٹ میں کسی وزیر سے جواب طلب کیا)۔
الاِسْتِجْوَاب: جواب طلبی، ایگزامنیشن: جواب طلب کرنا۔
اِنْجِيَاب: پھٹنا، ختم ہونا، بادل پھٹنا۔
إِجَابَةٌ ج: إِجَابَات: جواب، جواب دہی۔
إِجَابَة و اسْتِجَابَة: منظوری، قبولیت، آمادگی، پذیرائی۔
الاِسْتِجَابَةُ لِلأَمْر: تعمیل حکم کرنا۔

اِستِجَابَةٌ لِشیءٍ: ماننا، تسلیم کرنا، منظور کرنا، لبیک کہنا۔
اِستِجَابَةً لِكَذا: اس کے نتیجے میں، اسے لبیک کہتے ہوئے، کسی چیز کے تحت۔
الاِجَابَةُ عَلَى و عَنْ: جواب دینا۔
إِجَابَةً عَلَى شَيْءٍ أَو إِلَى شَيْءٍ: کسی چیز کے جواب میں۔
إِجَابَةً لِطَلَبِكُمْ: آپ کی فرمائش کے جواب میں، آپ کی درخواست قبول کرتے ہوئے۔
تَجَاوُبُ الصَّدىٰ فِي الفَضَاءِ: آواز گونجنا۔
تَجَاوُبُ الصَّوتِ فِي الفَضَاءِ: آواز، گونجنا۔
التَّجَاوُبُ الكَامِلُ مَعَ شَيْءٍ: مکمل ہم آہنگی۔
التجاوبُ لِشَيْءٍ: مقبولیت، منظوری، آمادگی۔
التَّجَاوُبُ لِلنِّدَاءِ: اپیل ماننا، منظور کرنا۔
التَّجَاوُبُ مَعَ فُلَانٍ: ہم آہنگ ہونا۔
جُوبَة ج: جُوَبٌ: گڑھا، دو مکانوں کے بیچ کا فاصلہ۔
مِجْوَب ج: مَجَاوِب: (خَرَّامَة): سوراخ کرنے یا چھیدنے کا آلہ، پیچ، برما۔
جُوتٌ: پٹ سن، سن جس کی رسیاں، بوریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں (قِنَّبٌ هِندِيٌّ)۔
جَوَحَ (ن) و اجْتِيَاحٌ: ہلاک کرنا، بیخ کنی کرنا، اصل مٹا دینا، استیصال کرنا، صفایا کرنا، تباہی مچانا، لپیٹ میں لانا۔

اجْتَاحَتِ البِلَادَ مَوْجَةٌ مِنْ كَذا: ملک میں کسی چیز کی لہر آنا، لہر کا لپیٹ میں لینا۔
جَائِحَة ج: جَائِحَات: حادثہ، مصیبت، آفت، ہلاکت۔
جُوخٌ ج: أَجْوَاخٌ: سیاہ رنگ کی نفیس بانات۔
جُودَةً (ن) عمدہ ہونا، بہتر ہونا، عمدگی، اچھائی۔
جُودَةٌ قِيَاسِيَّةٌ: اسٹینڈرڈ کوالٹی۔
جَادَ بِالشَّيْءِ ـُ جُوداً: سخاوت کرنا۔
جَادَ عَلَيْهِ: کرم کرنا، مہربانی کرنا۔
جَادَ بِنَفْسِهِ: جان دینا، جان کی بازی لگانا۔
جَادَتِ العَيْنُ: آنسوؤں کی بارش ہونا، آنسو جاری ہونا۔
جَادَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا، خوب پانی برسنا۔
اِجَادَة: عمدہ اور بہتر بنانا۔
جُود: احسان، سخاوت۔
جَوْدٌ: موسلا دھار بارش۔
جُودَة: (۱) عمدگی، خوبی (۲) صلاحیت۔
جَوَاد: ج: جِيَاد: گھوڑا۔
جَوَاد و جَوَّاد و جَيِّد: سخی، فراخ دل۔
الجِيَادُ الأَصِيلَةُ: اصیل گھوڑے۔
جَيِّدٌ: عمدہ، بہتر، افضل، خوشگوار۔
جَيِّداً: اچھی طرح، بہتر طور پر۔
تَجْوِيد: بہتر بنانا۔
(جور) جَارَ عَلَيْهِ ـُ جَوْراً: ظلم کرنا، ستانا، ناحق پریشان کرنا۔
جَارَ عَنْ: ہٹنا، کنارہ کش ہونا۔
جَارَ عَلَى حَقٍّ: حق تلفی کرنا۔

جَاوَرَه مُجَاوَرَةً: قریب ہونا، پڑوسی ہونا، لگ بھگ ہونا، مشابہ ہونا۔
جَاوَرَ رَبَّه: اپنے خدا سے جاملا، وفات پاگیا۔
اَجَارَهُ إِجَارَةً: مدد کرنا، نجات دلانا، پناہ دینا۔
اِسْتَجَارَ رَبَّهُ: مدد چاہی، پناہ چاہی۔
اسْتَجَارَ مِنه: کسی کے خلاف فریاد کرنا، کسی سے بچنے کے لئے پناہ چاہنا۔
جِوَار: پڑوس، قُرب (۲) مدد۔
جَائِر: (۱) ظالم (۲) بے اصول، من مانی کرنے والا (۳) قانون شکن، غیر منصفانہ۔
مُجَاوِر: چپکا ہوا، لگا ہوا، پڑوسی، قریب، متصل، یونیورسٹی کا طالب علم۔
مُجِير: (۱) مُحافظ (۲) مددگار (۳) نجات دہندہ۔
جَوْرَبٌ ج: جَوَارِب: موزہ، پائتابہ۔
جَوْرَبٌ قَصِير: ہاف موزہ، جراب۔
حَمَّالَةُ الجَوْرَب: موزہ بند، جراب کا تسمہ۔
(جوز) جَازَ المَكَانَ و بهٖ جَوْزاً و اجْتَازَ: گزرنا، پاس کرنا، عبور کرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الامْتِحَانَ: امتحان پاس کیا۔
جَازَ و اجْتَازَ الطَّرِيْقَ: کراس کرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الدَّوْرَ: دور سے گزرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الشِّدَّةَ: سختی و مصیبت سے گزرنا۔
اِسْتَجَازَهُ: اجازت طلب کرنا (۲) رخصت چاہنا، سند مانگنا (۳) جائز سمجھنا۔
جَاوَزَ و تَجَاوَزَ عَنْ: درگزر کرنا (۲) ترک کرنا۔
جَوَّزَ تَجْوِيْزاً: اجازت دینا (۲) مُباح کرنا، جائز قرار دینا۔
جَوْزٌ: اخروٹ و: جَوْزَة۔
جَوْزُ القَزِّ: ابریشم کا کویا، کرم خانہ۔
جَوْزُ الشَّيْءِ: کسی چیز کا اہم حصہ، درمیانی حصہ۔
جَوْزَةُ التَّدْخِيْن: حُقہ، تمباکو پائپ۔
جَوْزِيٌّ: اخروٹ نما، اخروٹ کے رنگ کا۔
جَوَاز ج: أَجْوِزَة و جَوَازَات: (۱) اجازت، جواز (۲) پروانگی، اجازت نامہ (۳) پرمٹ، لائسنس۔
جَوَازُ السَّفَرِ: پاسپورٹ، پروانہ، راہداری، سفر کا پاس۔
جَوَازُ سَفَرٍ دِبْلُومَاسِيّ: ڈپلومیٹک پاسپورٹ۔
جَوَازُ مُرُوْر: پاس۔
جَوَازَات: پاسپورٹ و: جَوَاز۔
إِجَازَة: پرمٹ، لائسنس، پاس، ڈگری، رخصت، پرمیشن، سند ج: إِجَازَات۔
إِجَازَةٌ دِرَاسِيَّة: تعلیمی چھٹی۔
إِجَازَةٌ رَسْمِيَّة: سرکاری چھٹی (۲) لائسنس۔
اِجَازَةٌ عِلْمِيَّة: سند، ڈپلوما، اسکول، سارٹیفکٹ۔
إِجَازَةُ غِيَاب: رخصت، چھٹی، کسی کام سے غیر حاضر رہنے کی اجازت، رخصتِ اتفاقی۔
اِجَازَةُ مَرَضِيَّة: رخصتِ بیماری۔
اِجَازَةُ مُرُوْرٍ: پاسپورٹ۔

غَائِبٌ بِالإِجَازَة: رخصت پر۔
جَازٌ ج: جَازَات: (مع) گیس، مٹی کا تیل، گیس کا تیل۔
لَمبَةُ جَازٍ: گیس کی لالٹین۔
جَائِز: (۱) مباح، اجازت شدہ (۲) پار کنندہ (۳) قابل برداشت۔
جَائِزَة: پرائز، انعام ج: جَوَائِز۔
جَائِزَةُ نُوبِل: نوبل پرائز۔
الجَوَائِز: انعامات و: جَائِزَة۔
الجَوَائِزُ الرَّمزِيَّة: علامتی انعامات۔
تَجَاوُزُ و مُجَاوَزَةُ الحُدُود: بے جا عمل، قانونی خلاف ورزی۔
تَجَاوُزُ التَّعلِيمَات: ہدایات یا احکامات سے تجاوز کرنا۔
تَجَاوُزُ الحُدُود: بے جا عمل، قانونی خلاف ورزی۔
تَجَاوُزُ حُدُودِ السُّلطَة: اختیارات سے تجاوز کرنا۔
تَجَاوُزُ الطَّرِيق: راستہ پاس کرنا۔
تَجَاوُزُ العَثرات: رکاوٹوں پر قابو پانا۔
مَجَاز: گزرگاہ۔
مُجَازٌ: فاضل، فارغ التحصیل، سند یافتہ، ڈگری والا۔
مُجَازٌ في الأدَب: فاضلِ ادب (مثلاً)۔
مُجَاوَزَةُ التَّقدِير: تخمینہ سے بڑھنا۔
جُوسٌ: (ن) کھوج لگانا، چھان مارنا۔
جَاعَ ـُ جُوعاً و جَوعَةً و مَجَاعَةً: بھوک لگنا، بھوکا ہونا، بھوکوں مرنا، فاقہ مست ہونا، فاقے گزرنا۔

تَجوِيع و إِجَاعَة: بھوکا رکھنا، فاقوں میں مبتلا کرنا۔
مَجَاعَة: فاقہ، بھوک، قحط۔
جُوع: بھوک، فاقہ۔
___ قَاتِل: جان لیوا بھوک۔
___ كَلبِيٌّ: جوع البقر، ایک بیماری۔
___ و مَجَاعَة: قحط۔
جَوعَان و جَائِع: بھوکا، فاقہ مست، (ضد شَبعَان) ج: جِيَاعٌ و جُوَّعٌ۔
جوِفَ ـَ جَوَفاً و تَجَوُّف: کھوکھلا ہونا۔
تَجوِيف: کھوکھلا کرنا، خول دار بنانا، جوف دار بنانا۔
تَجوِيف ج: تَجَاوِيف: گڑھا، سوراخ، زمین دوز گڑھا۔
جُوَافَة: امرود، جام، امرود کا درخت۔
جُوق ج: أجوَاق: جماعت۔
(جَول) جَالَ ـُ جَولَاناً و تِجوَالاً: گھومنا، پھرنا، گشت لگانا، چکر لگانا، دورہ کرنا۔
جَالَ في خَاطِرِهِ ـُ جَولَاناً: دل میں آنا۔
جَولَة: گشت، سفر، دورہ، پھیرا، پھیری، ٹور، دور، چکر، راؤنڈ ج: جَولَات۔
جَولَةٌ تَفتِيشِيَّة: تحقیقاتی دورہ۔
جَولَةٌ تَنظِيمِيَّة: تنظیمی دورہ۔
جَولَةٌ مِنَ المُبَاحَثَات: بات چیت کا دور، مرحلہ، راؤنڈ۔
جَولَةٌ مِنَ المُفَاوَضَات: گفتگو کا دور۔
تَجوِيل و تَجَوُّل: گشت لگانا، پھیری لگانا۔

تَجوَّلَ فی: گشت کرنا، چکر لگانا۔
تَجوَّلَ فِی اَجْنِحَةِ المَعْرِض: نمائش گاہ کے مختلف حصوں میں گھومنا۔
جَوَّال، مُجَوِّل: سیاح، کثیر الاسفار، دورہ کرنے والا، ٹور کرنے والا، پھیری والا، شہر در شہر پھرنے والا، ٹور پر رہنے والا۔
جَوَالٌ (غِرَارَةٌ): بڑا تھیلا، بوری (د ا)۔
بَائِعٌ مُتجوِّل: پھیری لگا کر بیچنے والا، پھیری والا۔
جَوَّالَة: موٹر سائیکل۔
جَوَلَانٌ و تِجْوَال: نقل و حرکت، گشت۔
حَظْرُ التَّجْوَالِ: کرفیو۔
مَجَالٌ ج: مَجَالات: (۱) میدانِ کار (۲) گنجائش، دائرہ کار (۳) موقع، فیلڈ۔
مَجَالُ الحَرَكَة و العَمَل: دائرہ عمل، سرگرمیوں کا میدان۔
مَجَالُ التَّطْبِيق: میدان عمل۔
المَجَالُ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی میدان۔
المَجَالُ الصَّحفِيّ: صحافتی میدان۔
مَجَالُ العَمَل: دائرہ کار۔
مَجَالُ النُّفُوذ: دائرہ رسوخ۔
مَجَالَاتُ الحَيَاة: زندگی کے میدان۔
مَجَالَاتُ العَمَل: کام کے مواقع۔
(جوم) جَامٌ ج: جَامَات: گلاس۔
صَبَّ جَامَ غَضَبِه أو نِقْمَتِه علی ــُ: عتاب نازل کرنا، غصہ اتارنا۔
(جوہ) جَاهٌ: مرتبہ، اعزاز، پوزیشن۔
عَرِيضُ الجَاه: بلند مرتبہ، ذی حیثیت۔
(جوو) جَوٌّ ج: أَجْوَاء: (۱) فضا (۲) ماحول، آب و ہوا۔
جَوٌّ وُدِّيّ: دوستانہ فضا، ماحول۔
الجَوُّ المَشْحُون: دھماکہ خیز فضا۔
مُتَحَيِّر، فِي حَيْرَة: حیران، حیران زدہ۔
مُحَيِّرٌ: پریشان کن، حیرت انگیز۔
حَائِرٌ: آشفتہ حال، پریشان حال۔
حَيِّز: (دیکھئے حوز)۔
تَحَيُّز: بے جا طرفداری، جانبداری۔
مُتَحَيِّز من جانبٍ وَاحِدٍ: یک طرفہ، حمایت کنندہ۔
حَازَ ـِ حَيْزًا: ہانکنا، اونٹ کو چلانا۔
مُحَايِزٌ إِلَى: جانبدار۔
حَيْزَبُون: بڈھی عورت۔
حَيْصٌ: (ض) الگ ہونا، فرار ہونا۔
مَحِيصٌ: مفر، جائے فرار، چھٹکارا۔
حَيْفٌ: ظلم و ستم۔
حَافَ عَلَيْه ـِ حَيْفًا: ظلم و زیادتی کرنا۔
حَيْق: انجام، انجام بد۔
حَاقَ ـِ حَيْقًا و حُيُوْقًا، و حَيَقَانًا و أَحَاقَ به إِحَاقَةً: احاطہ کرنا۔
حَيْك: (دیکھئے حوک)۔
حَيَّنَ الأَمْرَ تَحْيِينًا: کسی کام کا وقت مقرر کرنا۔
تَحَيُّنَ سَاعَةِ العَمَل: کام کا موقع ہاتھ لگنا۔
تَحَيُّنُ الفُرْصَة لكذا: موقع کی تلاش، موقع کی تاک میں رہنا، موقع تلاشنا۔
حَانَ الوَقْتُ ـِ حَيْنًا و حَيْنُونَةً: وقت آنا۔
حَانَتِ السَّاعَةُ ـِ حَيْنًا: موقع لگنا۔

حَـانَـاتُ الفِسقِ و الفُجور: بدکاریوں کے اڈے۔
حَانَتِ الفُرصَةُ: موقع ملنا۔
حِينٌ ج: أَحيَانٌ: وقت، زمانہ، موقع۔
إِلٰى حِينٍ: کچھ عرصہ کیلئے، کچھ عرصہ تک۔
فِي حِينِهِ: بروقت۔
حِينًا بَعدَ حِينٍ: موقع بہ موقع۔
أَحيَانًا: کبھی کبھی۔
حِينَمَا: جب۔
حِينَئِذٍ: اس وقت۔
حَانٌ، حَانَةٌ: شراب خانہ۔
حَيِيَ ـ حَيَاةً: زندہ رہنا۔
ـــ منه: شرمانا، شرم کرنا۔
حَيَّاه تَحِيَّةً: خراج تحسین ادا کرنا، سلام کرنا۔
حَيَّاهُ تَحِيَّةَ إِكرَام: آداب بجالانا۔
أَحيَـاهُ إِحيَاءً: زندگی عطا کرنا، زندہ کرنا، جان ڈالنا (۲) تازہ کرنا (۳) متحرک و فعال بنانا۔
إِحيَاءُ حَفلَةٍ: پارٹی دینا۔
إِحيَاءُ الذِّكرِ: یاد منانا۔
إِحيَاءُ اللَّيلِ: شب بیداری کرنا۔
حَيٌّ ج: أَحيَاءٌ: (۱) زندہ (۲) زندہ دل (۳) باقی (۴) فعال، مستعد و متحرک (۵) تازہ۔
حَيٌّ (من مَدِينَةٍ) ج: أَحيَاء: وارڈ، محلہ۔
أَحيَاءٌ سَكَنِيَّة: رہائشی علاقے، کالونیاں۔
حَيَاة: زندگی، لائف، تازگی۔
عِلمُ الحياةِ أو الأَحيَاء: بیالوجی۔
عِلـمُ الـحَيـاةِ الاجتِمَـاعِيَّة: سوشل بیالوجی۔

أَحيَائِيّ: بیالوجیکل۔
أَحيَائِيّ: ماہر بیالوجی ج: أَحيَائِيُّون۔
حَيَاةٌ جَامِعِيَّة: یونیورسٹی لائف۔
حَيَاةٌ زَوجِيَّة: ازدواجی زندگی۔
حَيَاةٌ صَاخِبَة: گہما گہمی کی زندگی۔
الحَيَاةُ العَائِلِيَّة: ازدواجی زندگی۔
حَيَاةٌ فِي السِّلكِ الدِّبلُومَاسِيّ: سفارتی لائن کی زندگی۔
حَيَاةٌ قَاسِيَة: کٹھن زندگی۔
حَيَوَانٌ ج: حَيَوَانَات: جانور۔
حَدِيقَةُ الحَيَوَانَات: زو، چڑیا گھر۔
حَيَوِيٌّ: حیاتی، زندگی کا، زندگی کیلئے ناگزیر، زندگی کے متعلق، صحتمند، حیات بخش۔
حَيَوِيَّة: بالیدگی، زندگی، نشوونما، توانائی، طاقت، تازگی، مستعدی، فعالیت، قوتِ حیات، حیاتی قوت۔
الأَعضَاءُ الحَيَوِيَّة: وہ اعضاء جو زندگی کے لئے ناگزیر ہوں۔
حَيِيٌّ: شرمیلا۔
تَحِيَّة ج: تَحِيَّات: سلام، خراج عقیدت، خراجِ تحسین، خراج عقیدت پیش کرنا۔
تَحِيَّةُ إِكبَار: خراجِ عقیدت۔
تَحِيَّةٌ عَسكَرِيَّة: فوجی سلام۔
تَحِيَّةُ القُرَّاءِ إِلى المَجَلَّة: خراج تحسین، قارئین کا رسالہ کو خراجِ عقیدت۔
تَحِيَّةُ تَقدِير: خراجِ عقیدت۔
مُحَيَّا: چہرہ۔
مُستَحيٍ: شرمیلا۔

خ .... ب

خَبَأ ۔ خَبْأ: چھپانا۔

اِخْتَبَى، تَخَبَّى: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔

إِخْبَاء الْمُسْتَقْبَلِ لِأَحَد: مستقبل کو تاریک بنانا۔

خَبْءٌ، خَبِيئَة: پوشیدہ چیز، راز۔

خَابِيَة ج: خَوَابِي: بڑا مٹکا۔

مَخْبَأ ج: مَخَابِئ: پناہ گاہ۔

مَخَابِئُ الْأَسْلِحَة: اسلحہ کے ناجائز ذخیرے۔

خَبَبُ و خَبِيبُ الحِصَان: گھوڑے کی چال۔

خَبَّ ۔ُ خَبّاً و خَبَباً، و خَبِيباً و اخْتَبَّ الحِصَانُ: دوگامہ چلنا، گھوڑے کا ایک طرف کے دو پیر ساتھ اٹھا کر چلنا۔

خَبُثَ ۔ُ خُبْثاً و خَبَاثَةً و خَبَاثِيَةً: بدباطن ہونا، بدطینت ہونا۔

خُبْثٌ: بدباطنی، کمینہ پن۔

خَبِيث: بدباطن، کمینہ، بدطینت، برا، اذیت رساں۔

خَبِيثُ الرَّائِحَة: بدبودار۔

خَبَّرَ و أَخْبَرَ: بتانا، خبر دینا۔

خَبَرَ الأَمْرَ ۔ُ خُبْراً و خِبْراً: تجربہ سے جاننا، تجربہ کرنا، آزمانا۔

خَبُرَ ۔ُ خُبْراً: تجربہ کار ہونا، تجربہ حاصل کرنا، واقف کار ہونا۔

خَابَرَهُ مُخَابَرَةً: مراسلت کرنا، رابطہ قائم رکھنا، اطلاع بہم پہنچانا، خفیہ اطلاع دینا۔

خَابَرَ و تَخَابَرَ مع: گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔

اخْتَبَرَ الأَمْرَ: جانچنا، آزمانا۔

اخْتِبَار: آزمائش، جانچ، تحقیق، کھوج، امتحان، ٹیسٹ (۲) جانچ پڑتال کرنا ج: اخْتِبَارَات۔

اخْتِبَارُ الطَّائِرَة: ہوائی جہاز کی چیکنگ۔

اخْتِبَارِيّ: آزمائشی، تجرباتی، امتحان سے متعلق۔

اخْتَبَرَ الرَّجُلَ: امتحان لینا، ٹیسٹ کرنا۔

اسْتَخْبَرَهُ و تَخَبَّرَهُ: معلومات کرنا، دریافت کرنا۔

اسْتَخْبَرَ عَنْ: سوال کرنا، تحقیق کرنا۔

اسْتِخْبَار: خبررسانی، سراغ رسانی۔

اسْتِخْبَارَات: اطلاعات۔
خَبَرٌ ج: اَخْبَارٌ: خبر، حادثہ۔
اَخْبَارٌ: انفارمیشن۔
اَخْبَارٌ مَحَلِّيَّة: لوکل خبریں۔
وِكَالَةُ الأخبار: نیوز ایجنسی۔
خُبْرَةٌ و خِبْرَةٌ: تجربہ، مہارت، واقفیت۔
مَخْبِر: باطن، لیبارٹری۔
مُخْبِر: رپورٹر، خبر رساں۔
مُخْبِرُ الشُّرْطَة: پولیس رپورٹر۔
مُخَابِر: جاسوس، سی آئی ڈی۔
المُخَابَرة: سراغرسانی، جاسوسی، انٹیلی جنس ج: مُخَابَرات۔
مُخَابَرَةٌ تِلِيفُونِيَّة: بذریعہ ٹیلیفون اطلاع رسانی۔
المُخَابَرَةُ العَسْكَرِيَّة: فوجی محکمہ سراغرسانی۔
المُخَابَرَةُ المَرْكَزِيَّة: مرکزی انٹیلی جنس۔
المُخَابَرَاتُ الامْرِيكِيَّة: امریکی سراغرسانی۔
المُخَابَرَاتُ الحَرْبِيَّة: جنگی محکمۂ سراغرسانی۔
المُخَابَرَاتُ العَامَّة: جنرل سراغرسانی۔
خِبْرَاتٌ فَنِّيَّة: ٹیکنیکل تجربات یا صلاحیتیں۔
خِبْرَةٌ قِتَالِيَّة: جنگی تجربہ، جنگی مہارت۔
قِسْمُ المُخَابَرَاتِ الحَرْبِيَّة: محکمۂ اطلاعاتِ جنگ۔
مُخْتَبِر: تجربہ کار، ماہر، جانچنے والا، ٹیسٹ کرنے والا۔

مُخْتَبَرٌ: تجربہ خانہ، لیبارٹری ج: مُخْتَبَرَاتٌ۔
خَبِيرٌ (قَادِرٌ عَلَى تَقْدِيمِ المَشُورَة): ماہر، اکسپرٹ ...... باصلاحیت، آزمودہ کار، تجربہ کار، واقف کار، ماہر فن (۲) بصیرت رکھنے والا ج: خُبَرَاءُ۔
خَبِيرٌ إِدَارِيّ: انتظامی امور کا ماہر۔
خَبِيرٌ اسْتِثْمَارَات: سرمایہ کاری کا ماہر۔
خَبِيرٌ فِي شُئُون كذا: معاملات کا ماہر۔
خَبِيرٌ مُثَمِّنٌ بالمَزَاد: نیلامی کا ماہر۔
خَبِيرٌ مُحَاسِب: ماہر حسابات، اکاونٹنٹ۔
خَبِيرٌ مُعَايِن: سرویر، سروے کرنے والا۔
خَبَزَ العَجِينَ ـِ خَبْزاً و اخْتَبَزَ: روٹی پکانا۔
خُبْزٌ ج: اَخْبَازٌ: روٹی، چپاتی، بریڈ۔
خَبَّازٌ: نان بائی، تنور والا۔
مَخْبَزٌ، مَخْبَزَةٌ ج: مَخَابِزُ: روٹی کی دکان، روٹی کا تنور، بیکری، بسکٹوں کا تنور۔
خُبْزٌ إِفْرَنْجِيّ: ڈبل روٹی۔
خُبْزٌ مُضَاعَف: ڈبل روٹی۔
خَبَصَ الشَّيْءَ بالشَّيْءِ ـِ خَبْصاً: ملانا، مخلوط کرنا۔
خَبَطَ ـِ خَبْطاً: زور سے مارنا، دھکے کھانا، بے ہدایت و بصیرت کام کرنا۔
خَبَطَ البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
خَبْطَة: ایک ضرب، ایک جھپک۔
خَبَلَ ـُ خَبْلاً و خَبَّلَ تَخْبِيلاً: (۱) پریشان کرنا، دیوانہ بنا دینا (۲) پیچیدگی پیدا کرنا، رکاوٹ ڈالنا، الجھا دینا۔

خبِلَ ـــ خبلاً: عقل زائل ہونا، دیوانہ ہونا، دماغ میں خرابی آنا۔
خبْلٌ و خبَلٌ: (۱) جنون (۲) پریشانی۔
مُخبَّلٌ: پریشان، پیچیدہ، الجھا ہوا (دھاگا وغیرہ الجھا ہوا)۔
خبُوٌ: (ن) آگ کا ٹھنڈا ہونا، بجھنا۔
خبَّاہ تخبِئةً: آگ کو ٹھنڈا کرنا، بجھانا۔
خِباءٌ ج: أخبِيةٌ: خیمہ۔
خِبـاءُ القـیحةِ و الشَّعِیر: بھوسی، گیہوں کی بالوں کا چھلکا۔

خ .... ت

ختَرہ ـ خَتْراً: بے وفائی کرنا، دغا کرنا۔
خَتْرٌ: بے وفائی، بدعہدی، غداری۔
ختَّار: بڑا بے وفا، بدعہد، غدار۔
ختَلَ ـُـ ختلاً وَ ختلاناً و خاتَلَ مُخاتَلةً: فریب دینا۔
ختْلٌ و مُخاتَلةٌ: دھوکہ دہی، دھوکہ بازی۔
مُخاتِلٌ: دھوکہ باز۔
ختَمَ الشیْءَ و علیہ ـ ختْماً و خِتاماً: مہر لگانا۔
ختَمَ الإِناءَ: برتن کو بند کرنا۔
ختَمَ العمَلَ: مکمل کرنا۔
ختْـمٌ: (۱) مہر لگانا (۲) مہر کا نشان، سیل، اسٹامپ۔
ختْمٌ و خـاتَمٌ ج: خواتِمُ: مہر، مہر کرنے کا آلہ۔
ختْمُ الإلْغاء: منسوخ کرنے کی مہر۔
ختْمٌ بالتَّارِیخ: ڈیٹر، ڈیٹ اسٹامپ۔
ختْمُ برِیدٍ: ڈاک خانہ کی مہر۔
ختْمٌ بالشَّمع: لاک کی مہر۔
ختْمُ التَّارِیخ: ڈیٹر، ڈیٹ کی مہر، تاریخ کی مہر۔
ختْمُ مطَّاطٍ: ربڑ اسٹامپ۔
ختْمٌ مطَّاطِیٌّ: ربڑ اسٹامپ۔
ختْمُ الوقْت: ٹائم اسٹامپ۔
ختَـامٌ: انتہاء، اخیر، خاتمہ، پچھلا حصہ، اختتام، لاسٹ۔
فِی الخِتام، خِتاماً: اخیر میں۔
ختامِیٌّ: آخری، انتہائی، اختتامی، فائنل۔
ختَّامةٌ، حبَّارةُ الختْم: اسٹامپ پیڈ، مہر کی سیاہی کی ڈبیہ۔
مَختُوم: (۱) مہر لگا ہوا (۲) سربمہر، سیل بند۔
مَختُومٌ بختْمِ فُلانٍ: فلاں کی مہر لگی ہوئی چیز۔
ختَنَ ـُـ ختْناً و خِتاناً و خِتانةً: (۱) کاٹنا (۲) ختنہ کرنا۔
ختْنٌ و خِتانٌ و خِتانةٌ: ختنہ کا پیشہ۔
ختَنٌ ج: أختانٌ: داماد۔
ختِینٌ و مَختُونٌ: ختنہ شدہ۔
خاتُون: (ف) ج: خواتِین: عورت، بیگم، لیڈی۔

خ .... ث

خثَرَ ـُـ الدَّمُ وغیرُہ خثْراً و خثَراً وخُثُوراً و خثَراناً و تخثَّر: گاڑھا ہونا، جم جانا، غلاظت آجانا۔
خثِرَ اللَّبنُ: دہی بن جانا۔
خثَّر و أخثَر: جمانا، گاڑھا کرنا، دہی جمانا۔
خُثارةُ الشَّیْءِ: تلچھٹ، کسی چیز کا باقی ماندہ گاڑھا

حصہ۔
خَاثِرٌ، مُخْثَرٌ: منجمد، دہی بنا ہوا۔
خَاثِرَة: خون کا تھیکا۔

خ............ج

خَجِلَ ـَ خَجَلاً و خَجْلَةً: شرمانا، شرم آنا، شرمندہ ہونا۔
خَجَّلَه و أخْجَلَه: (۱) شرم دلانا (۲) رسوا کرنا، بدنام کرنا۔
خَجَلٌ: (۱) شرم (۲) رسوائی، جھجک۔
خَجِلٌ، خَجْلان، مَخْجُول: شرمیلا، شرمندہ۔
خَجُولٌ: شرمیلا، ڈرپوک۔
مُخْجِلٌ: رُسوا کن۔

خ............د

خَدَّ الأرْضَ ـُ خَدّاً: زمین کو ہل کے ذریعہ کھودنا۔
خَدَّ و تَخَدَّدَ الجِلْدُ وغَيْرُه: (تکرّش) سکڑ جانا، سمٹ جانا، جھرّی پڑ جانا۔
خَدٌّ ج: خُدُودٌ: رخسار۔
خَدٌّ، خُدَّة، أُخْدُودٌ ج: أخَادِيدُ و خُدَد: گڑھا، لمبا گڑھا۔
مِخَدَّة: (۱) تکیہ (۲) گدّا۔
خَدِرَ ـَ خَدَراً: (بدن کے حصہ کا) سن ہونا۔
خَدَّرَه تَخْدِيراً: سن کر دینا۔
خَدَّرَه و أَخْدَرَ: (۱) بے ہوش کر دینا، مدہوش کرنا (۲) پردہ میں بٹھانا، پردہ نشین بنانا۔
خِدْرٌ ج: أخْدَار و خُدُور: پردہ، خاتون کی خلوت گاہ۔
خَدَرٌ، خُدْرَة: بے حسی، بے ہوشی۔
خَدِرٌ، مُخَدَّرٌ: سن، بے ہوش۔
مُخَدِّر: نشہ آور، سن کرنے والا۔
مُخَدِّرَات: نشہ آور اشیاء۔
مُخَدَّرٌ: نشہ والا (معمولی درجہ کا)۔
مُخَدَّرَة: پردہ نشیں عورت، خلوت نشین عورت۔
خَدَشَ ـِ خَدْشاً و خَدَّشَ: خراش لگانا، کھسوٹنا، نوچنا، پارہ پارہ کرنا، مجروح کرنا۔
خَدَشَ السُّمْعَةَ: شہرت کو مجروح کرنا۔
خَدَعَ ـَ خَدْعاً: دھوکہ دینا، فریب دینا، چال چلنا۔
انْخِدَاع: دھوکہ کھانا، فریب میں آنا۔
خُدْعَةٌ ج: خُدَعٌ: چال، دھوکہ۔
خُدْعَةٌ لَطِيفَةٌ: عمدہ چال۔
خَدِيعَةٌ و خِدَاعٌ: دھوکہ دہی، نفاق۔
خِدَاعُ البَصَر: فریب نظر۔
خَدَّاع، مُخَادِع: دھوکہ باز، فریب کار۔
خِدَاعِيّ: پُر فریب۔
خَيْدَعٌ: سراب۔
مَخْدَع ج: مَخَادِع: کمرہ، چیمبر۔
مَخْدُوع: فریب خوردہ۔
خَدِلَ ـَ خَدَلاً: سن ہو جانا۔
خَدَمَه ـُ خِدْمَةً: خدمت کرنا، کسی کا کام کرنا۔
خَدَمَ الأرْضَ: زمین کو قابل کاشت بنانا۔
اسْتِخْدَام: (۱) خدمتگار بنانا (۲) استعمال کرنا (۳) کام لینا، خدمت لینا (۴) نوکر رکھنا (۵) کسی کا نوکر ہو جانا، خدمت پر مامور ہو جانا۔

اسْتِخْدَامُ حَقّ الفِيتُو: ویٹو استعمال کرنا۔
اسْتِخْدَامُ السُّلْطَات: اختیارات سے کام لینا۔
اسْتِخْدَامُ قَنَابِلِ الغَازِ المُسِيْلِ لِلدُّمُوْع: آنسو گیس کے گولے استعمال کرنا۔
اسْتِخْدَامُ القُوَّة: طاقت استعمال کرنا، طاقت کا استعمال۔
اسْتِخْدَامُ النُّفُوذ: اثر و رسوخ استعمال کرنا۔
اسْتِخْدَامُ الهِرَاوَات: لاٹھی چارج کرنا۔
خَدَمٌ، خُدَّام: خدمتگاران۔
خِدْمَة: کام، مدد، نوکری، استعمال۔
الخَدَمُ المَنْزِلِيُّونَ فی السِّفَارَة: سفارت خانہ کا لوکل اسٹاف، مقامی اسٹاف۔
خِدْمَة: کارکردگی، صلاحیت، سروس۔
خِدْمَةٌ تَعْوِيْضِيَّة: معاوضہ کا کام۔
خِدْمَةٌ جَوِّيَّة: فضائی سروس۔
الخِدْمَةُ الذَّاتِيَّة: سیلف سروس۔
خِدْمَةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی سروس، ڈیوٹی۔
الخِدْمَةُ فی الفَنَادِقِ و المَطَاعِمِ: ہوٹلوں یا ریسٹورنٹوں کی سروس۔
خِدْمَةٌ مَدَنِيَّة: سول سروس۔
خِدْمَةُ المَصْلَحَة: مفاد کے لئے کام کرنا۔
خِدْمَةٌ مَنْزِلِيَّة: گھریلو کام کاج۔
خِدْمَةُ النَّفْس: سیلف سروس۔
خِدْمَةٌ وَطَنِيَّة: نیشنل سروس۔
خَدَمَاتٌ اجْتِمَاعِيَّة: سوشل سروس۔
خَدَمَاتُ البَرِيْد: میل سروس۔
خَدَمَاتٌ تَعْلِيْمِيَّة: ایجوکیشنل سروس۔
الخَدَمَاتُ الجَوِّيَّةُ الخَاصَّة: پرائیویٹ فضائی سروس۔
خَدَمَاتُ الدِّفَاع: ڈیفنس سروس۔
خَدَمَاتٌ سِيَاحِيَّة: ٹورسٹ سروس۔
خَدَمَاتٌ صِحِّيَّة: ہیلتھ سروس۔
خَدَمَاتٌ عَامَّة: پبلک سروس۔
فِی خِدْمَتِكُم: آپ کے تابع۔
خَدَّام، خَادِم: خدمتگار، نوکر، کاریگر، م: خَادِمَة، خَدَّامَة۔
مُسْتَخْدَم: (۱) ملازم، نوکر، کارکن (۲) مستعمل۔
خَادِمِيَّة: ملازمت، نوکری۔
اسْتِخْدَام: استعمال۔
مُسْتَخْدَمُوْن: اسٹاف۔
مُخَدَّم: ہموار۔
فِی الخِدْمَة: اون ڈیوٹی۔
خِدْنٌ ج: أخْدَان: دوست، ساتھی۔
خَادَنَهُ مُخَادَنَةً: دوستی کرنا۔
الخِدِيْو: (ترکی) وائسرائے، مصر کے سابقہ فرماں رواؤں کا لقب جو سلطان ترکی کے تابع ہوتے تھے۔

خ .... ذ

خُذْرُوْف ج: خَذَارِيْف: پھرکی لٹو۔
خَذَفَ ـِ خَذْفًا: کنکریاں یا پتھر وغیرہ پھینکنا۔
خَذَلَ ـُ خَذْلاً و خُذْلاً: (۱) چھوڑنا، دست بردار ہونا، دست کش ہونا (۲) غالب ہونا۔

خَذَلَہ ـُ خِذلاناً: بھانڈا پھوڑنا، بے نقاب کرنا، بھرم کھولنا، بے یار و مددگار چھوڑنا، فیل کرنا۔
خُذْلانُ مَسَاعِی اَحَدٍ: کوششوں کو ناکام بنانا۔
انْخِذَال: بے یار و مددگار رہ جانا، تنہا رہ جانا۔
تَخَاذُل: پیچھے ہٹنا۔
مُتَخَاذِل: شکست پسند۔

خ .... ر

خِرَاءٌ، خُرءٌ: پرندہ کی بیٹ۔
خَرِئَ ـَ خَرأً و خَرَاءَةً: بیٹ کرنا، پاخانہ کرنا۔
خَرَبَ ـِ خَرْباً و خَرَّبَ: ویران کرنا، اُجاڑنا، برباد کرنا۔
خَرِبَ ـَ خَرَباً و خَرَاباً: ویران ہونا، اجڑنا، برباد ہونا۔
تَخَرَّبَ: ویران ہونا، منہدم ہونا، اجڑنا۔
خُرْبُ الإبْرَة: سوئی کا سوراخ۔
خَرِبٌ، مُتَخَرِّبٌ: منہدم۔
خَرِبٌ و خَرْبَانٌ: (دا) مرمت طلب، اصلاح طلب۔
خَـرِبٌ و خَـرَابٌ: (۱) ویران، غیر آباد (۲) بربادی، تباہی۔
خَـرَابٌ: ویران، تباہ شدہ، اُجاڑ، آدم نہ آدم زاد۔
خِـرْبَة، خَـرِبَة (دا) خَـرَابَة: ویران جگہ، ویرانہ، کھنڈر ج: خَرَائِبُ۔
خَرُوبَة: گیہوں کے دانے کا چوبیسواں حصہ۔

خَـارِبٌ، مُخَـرِّبٌ: تباہ کن، تخریبی، اجاڑنے والا، تباہ کرنے والا۔
خَرَابٌ شَامِلٌ: مکمل بربادی۔
التَّخرِيبُ و التَّدْمِيرُ: تباہی و بربادی۔
خَـرْبَشَة: خراب کرنا، فاسد کرنا، بگاڑنا، بے پروائی سے لکھنا۔
خَرْبَقَة: خراب کرنا، بگاڑنا۔
خَرَتَ ـُ خَرْتاً: سوراخ کرنا۔
خَـرْتٌ ج: أخْـرَات: سوئی وغیرہ کا ناکہ، سوراخ۔
خَرْتِيتٌ: (دا) گینڈا، ایک سمندری جانور۔
خَـرَجَ ـُ خُرُوجاً: (۱) نکلنا، باہر ہونا (۲) نمودار ہونا، ضد غاب (۳) ابھرنا۔
خَرَجَ به: نکالنا، ابھارنا۔
__ عليه: سامنے آنا۔
__ علی الحاکِم أو الحُکُومَة: بغاوت کرنا۔
__ عنهم: الگ ہونا، مخالف ہونا۔
إخْرَاج: پھینکنا، بھیجنا، وجود میں لانا، منظر عام پر لانا، تیار کرنا، باہر نکلنا، حذف کرنا، مستثنیٰ کرنا (۲) برطرفی، تیاری۔
إخْراجُ المجلّة: رسالہ تیار کرنا۔
تَـخَرَّجَ: سند فراغ حاصل کرنا، علم حاصل کرنا، تعلیم پانا، گریجویٹ ہونا۔
تَـخَـرَّجَ فی مَـدْرَسَة: کسی مدرسہ کا فاضل یا سند یافتہ ہونا۔
اسْتِـخْـرَاج: نکالنا، مسئلہ حل کرنا، اخذ کرنا۔
مُتَـخَـرِّجٌ، خِـرِّيجٌ: سند یافتہ، فاضل،

فارغ التحصیل، گریجویٹ۔

تَخْرِیْج: گریجویٹ بنانا، فاضل بنانا، نکالنا، دھتکارنا، حذف کرنا، مستثنیٰ کرنا، ٹریننگ دینا، سندِ فضیلت عطا کرنا، گریجویشن۔

تَخْرِیْجُ دُفْعَةٍ: کھیپ تیار کرنا۔

تَخَارَجَ عَنْ حَقٍّ: دست بردار ہونا، کسی حق کو چھوڑ دینا۔

تَخَارُج: دست برداری، دست کشی۔

خُرْجٌ ج: اَخْرَاجٌ: تھیلی۔

خَرْجٌ (ضد دَخْل): خرچ۔

خَرْجُ الجُنْدِیِّ: سپاہی کا راشن۔

خَرْجٌ و خَرَاجٌ: ٹیکس، مال کی ایک مقررہ مقدار جو زمین کے ٹیکس کے طور پر لی جاتی ہے۔

خُرْجَة: ابھار۔

خُرْجَةٌ فی بِنَاءٍ: عمارت کا ابھار یا پھولن۔

خُرَاجٌ: (دُمَّل) پھنسی، پھوڑا۔

خَارِجٌ: باہر۔

خَارِجَ الخِدْمَة: آف ڈیوٹی، بلا ڈیوٹی، ڈیوٹی پر نہیں۔

خَارِجَ دَائِرَةِ الاِخْتِصَاص: دائرۂ اختیار سے باہر۔

خَارِجٌ عَلَی الحِزْب: پارٹی کا باغی۔

خَارِجٌ عَنِ المَوْضُوْع: خارج از بحث۔

خَارِجَ المُنْشَأَة: آؤٹ ڈور۔

خَارِجَ نِطَاقٍ: وِداؤٹ، دائرہ سے باہر۔

خَارِجًا: باہر، باہر کی جانب۔

خَارِجِیٌّ: بیرونی، پردیسی، غیر ملکی۔

وِزَارَةُ الخَارِجِیَّة: وزارت خارجہ۔

خَرِیْجُ جَامِعَةٍ: گریجویٹ، یونیورسٹی کا فاضل۔

خِرِّیْجُ کُلِّیَّةٍ: گریجویٹ، کالج کا ڈگری یافتہ۔

مَخْرَجٌ ج: مَخَارِج: گزرگاہ، باہر نکلنے کا دروازہ (ضد مَدْخَل) روشن دان، کھڑکی، راہِ فرار۔

مُخْرِجٌ سِیْنَمَائِیٌّ: فلم تیار کرنیوالا۔

خُرُوْج: ایگزٹ EXIT (باہر جانے کا راستہ)۔

خُرُوْجٌ الی جَانِبِ العَدُوِّ: دشمن سے ملنا۔

الخُرُوْجُ علی (حِزْبٍ مَثَلاً): بغاوت کرنا۔

الخُرُوْجُ علی شَیٍٔ: خلاف ورزی کرنا۔

الخُرُوْجُ عَنْ إِطَارِ المُهِمَّة: دائرۂ کار سے تجاوز کرنا۔

الخُرُوْجُ مِنَ المَخْرَجِ الطَّبِیْعِیِّ: اصل راستہ سے نکلنا۔

خَرْخَرَة: خراٹے لینا۔

خَرِدَتِ البِنْتُ ـ خَرَدًا: باکرہ ہونا۔

خَرِیْدٌ و خَرُوْدٌ: باکرہ ج: خَرَائِدُ و خُرُد۔

خُرْدَوَات: (۱) سامان، خردہ، متفرق سامان۔

خُرْدَوَات: (۲) عورتوں کا ضروری سامان (دا)۔

خُرْدَجِیٌّ: خُردہ فروش۔

خَرْدَلٌ: رائی۔

خَرْدَلَة: رائی کا دانہ۔

خَرَّ ـِ خَرّاً و خُرُوْراً: نیچے گرنا، زمین پر گرنا (۲) سجدہ میں گرنا (۳) خراٹے لینا۔
خَرَّ الماءُ ـِ خَرِیْراً: پانی بہنے کی آواز ہونا۔
خَرِیْرُ الماء: پانی بہنے کی آواز۔
خَرَزَ ـُ ـِ خَرْزاً: سوراخ کرنا، سینے کے لئے سوراخ کرنا۔
خَرَزٌ و: خَرَزَة: تسبیح کا دانہ، مہرہ، سوراخ دار دانہ۔
خَرَزَةُ البِئر: کنویں کی مینڈ۔
مِخْرَزٌ ج: مَخَارِز: ستاری، آر۔
خَرِسَ ـَ خَرَساً: گونگا ہونا، خاموش ہونا، سکوت اختیار کرنا، زبان بند ہونا۔
إخْرَاس: گونگا بنانا، خاموش کرنا۔
أَخْرَسُ ج: خُرْسٌ: گونگا، بے آواز۔
خَرَسٌ: گونگاپن، خاموشی۔
خَرَسَان، خَرَسَانَة: کنکریٹ۔
خَرَسَانٌ مُسَلَّح: لوہا ملی ہوئی کنکریٹ۔
خَرَشَ ـِ خَرْشاً: خراش لگانا، مکھی کا کاٹنا۔
خَرَصَ ـُ خَرْصاً: جھوٹ بولنا، تخمینہ کرنا، اندازہ لگانا، انکل و اندازہ سے بات کہنا۔
تَخَرَّصَ علی: الزام لگانا، تہمت لگانا، افترا پردازی کرنا۔
خَرَّاصٌ: جھوٹا، افترا پرداز، انکل اور اندازہ سے بات کہنے والا۔
خَارِصِین: توتیا، جست۔
خَرَطَ الخَشَبَ أو المَعْدِنَ بِالمِخْرَطَةِ ـُ خَرْطاً: (۱) خراد پر چڑھانا (۲) کسی کام پر لگانا (۳) جھوٹ بولنا۔
اِسْتَخْرَطَ فی البُکاء: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
اِنْخِرَاط: منسلک ہونا، لڑی میں پرو جانا۔
اِنْخِرَاطٌ فِی العَمَل: منہمک ہو جانا۔
خَرْطٌ و خِرَاطَة: خراد کا کام یا پیشہ۔
خَرَّاطُ الخَشَبِ أو المَعْدِن: خراد کرنے والا۔
مِخْرَطَة: خراد کی مشین ج: مَخَارِط۔
خَرِیْطَة، خَارِطَة ج: خَرَائِط: (۱) جغرافیائی نقشہ (۲) نقشہ، میپ، چارٹ (۳) سپاہی کا تھیلا، بیگ۔
مَخْرُوط: مخروطی شکل کا۔
خَارِطَةٌ تَنْظِیْمِیَّة: تنظیمی چارٹ۔
خَرِیْطَةٌ لِمَدِیْنَة: شہر کا نقشہ۔
خَرْطُوْش و: خَرْطُوْشَة: کارتوس۔
خُرْطُوْم ج: خَرَاطِیْم: سونڈ۔
خُرْطُوْمُ المَاء: پانی کا پمپ۔
خَرِعَ ـَ خَرَعاً و اِنْخَرَعَ: کمزور ہونا، ٹوٹنا، پھٹنا، ست ہو جانا۔
خَرَعَ ـَ خَرْعاً: پھاڑنا۔
خَرُعَ ـُ خَرَاعَة: ڈھیلے جسم کا ہونا، بدن کا ڈھیلا ہونا، ست ہو جانا۔
خَرِیْعٌ، خَرِعٌ: ڈھیلا، کمزور، ست۔
اِخْتِرَاع: ایجاد کرنا، نئی چیز بنانا۔
مُخْتَرِع: موجد، بانی۔
خَرِفَ ـُ خَرَفاً و خَرَافَة: بڑھاپے یا بیماری سے سٹھیا جانا (۲) کم عقل ہونا، مخبوط الحواس ہونا۔
خَرَف: سٹھیاپا، بے عقلی، مخبوط الحواسی۔
خَرِف: سٹھیایا ہوا، کم عقل، مخبوط الحواس۔

خُرافَة: (۱) کم عقلی کی بات (۲) غلط اعتقادی (۳) افسانہ جو لوگوں میں مشہور ہو (۴) بے سروپا بات، جھوٹ و دروغ، وہمی اور خیالی چیز ج: خُرافات۔
خُرافِيّ: من گھڑت، بے حقیقت، بے سروپا، مبنی بر اوہام (۲) لغو و بیہودہ، لایعنی (۳) نا قابل اعتبار۔
خَرُوف ج: خِرفان و أخرِفَة: (۱) مینڈھا، دُنبہ (۲) بکری کا بچہ (بڑا)۔
خَرِيف: خزاں، پت جھڑ، ماہ اگست سے اکتوبر تک۔
خَرِيفِيّ: خزاں کا، فصلِ خریف کا۔
خَرِقَ ــُـ خَرَقَةً و خُرقاً: بیوقوف ہونا۔
خَرَقَ ــُـ خَرقاً و خَرَّقَ: پھاڑنا (۱) روشن دان کھولنا، کھڑکی کھولنا، سوراخ کرنا۔
خَرَقَ العادَةَ: فوق العادت کام کرنا۔
خَرَقَ و اختَرَقَ الشیءَ: کسی چیز کو پار کرنا، پاس کرنا، مجمع کو چیر کر نکلنا۔
خُرق: بیوقوفی۔
خَرق: سوراخ، پھٹن، پنکچر (۲) خلل اندازی، خلاف ورزی۔
خِرقَة ج: خِرَق: چیتھڑا، دھجی، چندی، پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔
خارِق: آرپار، پھاڑنے والا۔
خارِقُ الطَّبِیعَة: مخالفِ فطرت۔
خارِقُ العادَةِ: فوق العادت۔
خَرقُ الاتِّفاقِيَّة: معاہدہ کی خلاف ورزی۔
خَرقُ امتِیازاتٍ بَرلَمانِیَّة: پارلیمنٹری مراعات شکنی۔
خَرقُ حُرمَةٍ: وقار کو مجروح کرنا، بے حرمتی۔
خَرقُ قانُونِ الحُکُومَة: سرکاری قانون کی خلاف ورزی۔
خَرقٌ لِحُقُوقِ الأنسان: انسانی حقوق کی خلاف ورزی۔
خَرقاً لِلمادَّة: (س): دفعہ (س) کی خلاف ورزی کرتے ہوئے (مثلاً)۔
إخراق: بے وقوف بنانا۔
اختِراق: آرپار ہونا، پھٹنا، سوراخ ہونا (۲) پھاڑنا، چیرنا، پار کرنا (۳) خلاف ورزی۔
اختِراقُ الحُرمَة: بے عزتی کرنا۔
خارِق: غیر معمولی۔
خَرَمَ ــِـ خَرماً و خَرَّم: سوراخ کرنا۔
خَـرَم: (دا) راستہ کو مختصر کرنا، کسی کام کے لئے مختصر راستہ اختیار کرنا (۲) حساب غلط ہونا، حساب میں غلطی ہونا۔
خَرم: پیچ، پچنگ، سوراخ کرنا۔
اختِرام: ہلاک کرنا۔
اُختُرِمَ: ہلاک کرنا۔
خُرم: سوراخ۔
خُرمُ الإبرَة: سوئی کا ناکہ۔
خَرّامَة: برما، چھیدنے یا سوراخ کرنے کا اوزار۔
تَخرِیمَة: مختصر راستہ۔
مُخَرَّم: سوراخ دار۔
خِرنِق: چھوٹا خرگوش۔
خُرُوشُوف: خراشیف، خروشچیف، روسی نام۔

خ .... ز

خَزِرَ ــَـ و خَزَرَ ــُـ خَزراً: کنکھیوں سے دیکھنا، گوشۂ چشم سے دیکھنا (۲) آنکھ کا

چھوٹا ہونا۔
اَخزَرُ: چھوٹی آنکھ والا۔
خَیزُرَان: بانس، نرسل۔
خَیزُرَانة: (بانس کی) لاٹھی۔
خَزَّ ـُـ خزًا و اختزَّ: چوکا مارنا۔
خَزّ ج: اَخزَاز: ریشم، ریشم اور اون کا بنا ہوا کپڑا۔
خُزَعبِلٌ، خُزَعبِلَة: افسانہ جو عام طور پر مشہور ہو، داستان، بے حقیقت بات۔
خُزَعبِلِیٌّ: افسانوی، من گھڑت، مذاقی۔
خَزَف: ٹھیکرا، پکی ہوئی مٹی۔
خَزَفِیٌّ: پختہ مٹی کا بنا ہوا۔
آنِیةٌ خَزَفِیّة: مٹی کے برتن۔
خَزَّاف: کمہار، مٹی کے برتن فروخت کرنے والا۔
خَزَق الشیٔ و فیہ ـِـ خَزقًا: گاڑنا، نیزہ مارنا، تیر مارنا۔
خَازِقٌ: نیزہ زن۔
خَزَلَ ـِـ خَزلاً: کاٹنا۔
اِختَزَلَ الکَلَامَ: کلام کو مختصر کرنا، شارٹ کرنا، اشاروں میں کلام کرنا۔
اِختَزَلَ بِرَأیِہ: خود رائے ہونا، اپنی رائے میں منفرد ہونا۔
اختِزَال: اختصار، مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ، اسٹینوگرافی۔
کِتَابةُ الاختِزَال: فنِ مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ، اسٹینوگرافی۔
کَاتِبُ الاختِزَال: مختصر نویس، اسٹینو گرافر، شارٹ ہینڈ کلرک۔

المُختَزِل (کَاتِبُ الاختِزَال): اسٹینوگرافر۔
مُختَزِل و کَاتِبٌ علی الآلَةِ الکَاتِبة: شارٹ ہینڈ ٹائپسٹ۔
اختِزالِی: مختصر نویسانہ۔
خَزَمَ الأنفَ ـِـ خَزمًا: ناک میں نکیل ڈالنا، تابع بنالینا۔
خِزَامُ الأنفِ: ناک کا چھلا، نتھ، نکیل۔
خَزَنَ ـُـ خَزنًا و خَزَّنَ و اختَزَنَ: (۱) جمع کرنا (۲) ذخیرہ کرنا، اسٹاک کرنا، گودام میں رکھنا۔
خَزَنَ و اختَزَنَ الطَّرِیقَ: راستہ کو مختصر کرنا۔
خَزَنَ وَ اختَزَنَ السِّرَّ: راز کو محفوظ رکھنا۔
اختِزَان: اسٹاک، ذخیرہ کرنا، محفوظ کرنا۔
خَزَنَ القِطَارَ الحَدِیدِیَّ: ریل گاڑی کو بند کرنا، روکنا۔
خَزنٌ و تَخزِینٌ: ذخیرہ اندوزی۔
خَزَنَة، خِزَانَة: گنجینہ، نعمت خانہ، برتن وغیرہ کی الماری۔
خِزَانَة: ٹریژری، لاکر، الماری، تجوری۔
خِزَانَةُ الاحتِرَاق (فی مِرجَلٍ او قَاطِرَةٍ): فائر بکس۔
خِزَانَةٌ حَدِیدِیَّة: لوہے کی الماری، سیف۔
خِزَانَةٌ حَدِیدِیَّةٌ للحِفظ: سیف ڈپازٹ بکس۔
خِزَانَةُ الثِّیَاب: کپڑوں کی الماری یا کپڑوں کا کمرہ۔
خِزَانَةُ الکُتُب: کتابوں کی الماری۔
خَزِینَةٌ حَدِیدٌ: تجوری، روپیہ وغیرہ رکھنے کی لوہے کی الماری۔

خَزِیْنَة ج: خَزَائِنُ: خزانہ، بیت المال۔
خَـزَّانُ الـمِیَـاه: (۱) بند، ڈیم (۲) حوض، تالاب۔
خَازِنٌ: خزانچی۔
مَـخْـزَنْـجِیّ (أَمِیْنُ الْمَخْزَن): اسٹور کیپر، منتظم گودام (وا)۔
مَخْزُوْن: ذخیرہ، اسٹاک۔
المَخْزُوْنُ العَازِل: محفوظ اسٹاک۔
مُخْزُوْنٌ نَفِدَ: ختم ہونے والا اسٹاک۔
مَخْزُوْنَات: ذخیرے، اسٹاک۔
مُخْتَزِن: ذخیرہ اندوز۔
مُخْتَزَن: اسٹاک۔
مُخْزَن: گودام، اسٹور، مکان، مال خانہ، شیڈ، شاپ، دوکان، اسٹور روم، اسٹور ہاؤس، ڈپو، اسٹاک روم ج: مَخَازِنُ۔
مَـخْـزَنُ اَدْوِیَة: فارمیسی، میڈیکل اسٹور، دواخانہ۔
مَخْزَنُ الایْدَاع: امانت گودام۔
مَخْزَنُ تبْرِید: کولڈ اسٹور۔
مَخْزَنُ فَحْمٍ: کوئلہ کا اسٹاک۔
مَخْزَنُ کُتُب: کتب خانہ، بک اسٹور۔
مَخْزَنٌ للبَضَائِع: میگزین، سامان خانہ، مال گودام۔
مَخْزَنٌ للغِلَال: غلہ کا گودام۔
مَخَازِنُ التَّمْوِیْن: سپلائی کے گودام۔
مَخَازِنُ الجَیْش: فوج کا اسلحہ خانہ۔
مَـخَازِنُ الطَّرِیْق: مختصر اور قریب ترین راستے۔
خَزِیَ ـ خَزْی و خِزْیاً و خَزَایَةً: رسوا ہونا، ذلیل ہونا، شرمندہ ہونا۔
خَزِیَ ـ خَزْیاً و أَخْزَی: بدنام کرنا، شرمندہ کرنا۔
خِزْیٌ: رسوائی، بدنامی، شرمندگی، عار۔
خَزْیَانٌ، مَخْزِیٌّ: بدنام، رسوا، شرمندہ۔
المَخْزِیُّ: شیطان۔
مُخْزٍ: رسوا کن، بدنام کن۔

خ.........س

خَسَأَ ـ خَسْأً: کتے کو دھتکارنا، تنہائی میں ظلم کرنا (۲) دور کرنا۔
خَسِئَ ـ خَسَأً: دور ہونا، دھتکارا جانا۔
خَسِرَ ـ خُسْراً و خَسَارَةً: (۱) نقصان اٹھانا (۲) گمراہ ہونا (۳) ضائع ہونا (۴) ہلاک ہونا۔
خَسَرَ ـ خَسْراً: ضائع کرنا، نقصان کرانا، خسارہ میں مبتلا کرنا۔
خُسْرٌ، خَسَارَةٌ، خُسْرَانٌ: نقصان، ضرر، ہلاکت۔
خَسَارَةٌ جُزْئِیَّةٌ: جزوی نقصان۔
خَسَارَةٌ صُوْرِیَّةٌ: ظاہری نقصان۔
خَسَارَةٌ فَادِحَة: زبردست نقصان۔
خَسَارَةٌ فی الأَرْوَاح: جانی نقصان۔
خَسَارَةٌ مَادِّیَّة: مالی نقصان۔
خَسَائِرُ بَشَرِیَّةٌ: افرادی نقصان۔
خُسْرَانُ الانتِخَاب: الیکشن ہارنا۔
خُسْرَانُ الحَرْب: جنگ ہارنا۔
خُسْرَانُ الدَّوْلَةِ مَلْیُوْنَ رُوْبِیَة: ملک کو دس لاکھ روپے کا نقصان ہوا (مثلاً)۔
خُسْرَانُ الرِّهَان: بازی ہارنا۔
خُسْرَانُ المَعْرَکَة: جنگ ہارنا۔

خُسرانُ المعرَكةِ بالشَّرف: باعزت طور پرلڑائی ہارنا۔
خَاسِرٌ: نقصان اٹھانے والا۔
خَاسِرُ المَعْرَكَةِ: جنگ کا ہارا ہوا۔
مُخْسِرٌ: ضرررساں، موجب خسارہ، خلافِ مفاد۔
خَسَّسَ و خَسَّ ـُ خَسًّا: کم کرنا۔
خَسَّ ـَ خَسَاسَةً: ذلیل ہونا۔
خِسَّة، خَسَاسَة: دناءت۔
خَسِيسٌ: کمینہ، رذیل۔
خَسَفَ ـِ خُسُوفاً و انْخَسَفَ: دھنس جانا، نیچے اتر جانا، چاند کو گہن لگنا۔
خَسَفَ الأرْضَ: دھنسادینا۔
خَسْفٌ: ذلت۔

خ......ش

خَشَّ ـُ خَشًّا: داخل ہونا۔
خَشَّبَ و تَخَشَّبَ و اخْشَوْشَبَ: لکڑی بن جانا، لکڑی کی طرح سخت ہو جانا۔
خَشَبٌ ج: أخْشَاب: لکڑی۔
خَشَبُ البِناءِ: عمارتی لکڑی۔
خَشَبِيٌّ: لکڑی کا۔
خَشَبَةٌ ج: خَشَبَات: لکڑی کا تختہ۔
خَشَبَةُ المَسْرَحِ: ڈرامہ اسٹیج، ڈرامہ ہال کا اسٹیج۔
خَشَّاب: لکڑی فروش۔
خَشِيبٌ: بغیر پالش کا۔
مُتَخَشِّب: خشک لکڑی کے مانند۔
خَشْخَشَة: ہتھیار یا زیور وغیرہ کی آواز، جھنکار (۲) دھماکہ ہونا۔
خَشْخَاش: پوست، پوست کا پودا۔

خَشَعَ ـَ خُشُوعاً: گڑگڑانا، اظہار عجز کرنا۔
خَشَعَ بِبَصَرِه: نگاہ نیچی کرنا۔
خَشَفَ الماءُ ـُ خُشُوفاً: (پانی کا) جم جانا۔
خَشَّفَ تَخْشِيفاً: راہ نمائی کرنا۔
خُشَفٌ: ہرنی کا بچہ۔
خَشُنَ ـُ خُشُونَةً و خَشْناً و خَشَانَةً: کھردرا ہونا سخت ہونا۔
تَخْشِين: کھردرا بنانا، سخت بنانا۔
خَشِنٌ: سخت، کھردرا، موٹا، معمولی، سادہ، خشک۔
خَشِنُ الأخْلَاقِ: بدمزاج، سخت مزاج، بداخلاق۔
خُشُونَةٌ و خَشَانَةٌ: کھردراپن، سختی، سادگی۔
خَشِيَ ـَ خَشْيَةً: ڈرتے رہنا، ڈرنا۔
خَشْيَة و خَشِيٌّ: خوف، ڈر۔
خَشْيَةَ أنْ: اس خوف سے، اس ڈر سے کہ۔
خَاشٍ و خَشْيَانٌ: ڈر رکھنے والا، خائف رہنے والا۔

خ......ص

خَصِبَ المَكَانُ ـَ خِصْباً و أخْصَبَ: سرسبز ہونا، زرخیز ہونا۔
خِصْبٌ: خوشحالی، شادابی، زرخیزی۔
خُصُوبَةٌ: پیداواری صلاحیت۔
اخْتَصَرَ و تَخَصَّرَ: اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔
اخْتَصَرَ الكَلَامَ: بات کو مختصر کرنا۔
اخْتَصَرَ الطَّرِيقَ: راستہ کو مختصر کرنا، قریب کا راستہ چلنا۔
الخَاصِرَة: پہلو (۲) پہلو کا درد۔
مُخْتَصَر: سمری، خلاصہ۔
خَصَّصَ تَخْصِيصًا: محدود کرنا، خاص مقصد

کے لئے متعین کرنا، منفرد کرنا، مخصوص کرنا۔
خَصَّ الشیئَ ــــُ خَصًّا و خُصُوصًا و خُصُوصِیَّةً: مخصوص کرنا، خاص کرنا۔
خَصَّ و اختَصَّ به: متعلق ہونا، وابستہ ہونا، اختیار حاصل ہونا۔
خَصَّهُ ــُ خَصًّا: متعلق ہونا، حق ہونا، حصہ ہونا (ألا یَخُصُّکَ أن تَجلِسَ المَجلِسَ)۔
تَخَصَّصَ و اختَصَّ بکذا: منفرد ہونا، امتیاز حاصل کرنا، مہارت حاصل کرنا۔
تَخَصُّصَ بفرعٍ مِنَ العِلْم: کسی علمی شعبہ کا ماہر ہونا، منفرد ہونا، امتیاز حاصل کرنا۔
تَخَصُّصَات: امتیازات، خصوصیتیں۔
تَخْصِیصُ الجوائِز لفُلانٍ: کسی کے لئے انعامات کو خاص کرنا۔
تَخصِیصُ الصَّحِیفَة لکذا: اخبار کا کسی مضمون کے لئے کوئی صفحہ مخصوص کرنا۔
مُختَصّ: با اختیار۔
مُختَصٌّ بکذا: متعلق، ماہر، اسپیشلسٹ۔
تَخصِیصُ فُصُولٍ ثابِتَةٍ لِکُلِّ مَادَةٍ: ہر مضمون کی مستقل کلاسیں قائم کرنا۔
تَخصِیصِیّ: ریزرو۔
مُخَصَّصَات: اختیارات، فنڈ، مخصوص سرمایہ، کوٹہ۔
مُخَصَّصَاتٌ مِنَ الاسمنت: سیمنٹ کا کوٹہ۔
خُصّ: گھونسلا۔
خَصَاص و: خَصَاصَة: رنج، جھری۔
خُصُوص (ضِدّ): تعلق، نسبت، سلسلہ۔
مِنْ خُصُوص و بِخُصُوص کذا: فلاں چیز کے بارہ میں، سلسلہ میں، فلاں چیز سے متعلق۔
مِنْ هٰذَا الخُصُوص: اس نسبت سے، اس تعلق سے۔
خُصُوصًا: خاص طور پر۔
خُصُوصِیّ: (۱) مخصوص، محدود (ضد عُمُومِیّ) (۲) ذاتی، شخصی، پرائیویٹ۔
خَاصَّة: مخصوص صفت جو دوسرے سے ممتاز بنائے، صفتِ ممیزہ، خاصیت ج: خَوَاصّ۔
خَوَاصّ: جوہر، خلاصہ۔
خَاصّ: اسپیشل۔
خَاصٌّ لِلرُّسُوم الجُمْرُکیَّة: کسٹم فیس کے دائرہ میں۔
خَصَائِص و: خَصِیصَة: کمالات، فوائد، امتیازات۔
خَاصَّةً: خصوصی طور پر، خاص کر۔
الخَاصَّة: اونچے درجے کے لوگ۔
اختِصَاص ج: اختِصَاصَات: (۱) دائرۂ اختیار (۲) اختیارات۔
اختِصَاصٌ بــ: خصوصیت، کمال، مہارت، امتیاز۔
الاختِصَاصُ بکذا: متعلق ہونا، وابستہ ہونا، اختیار حاصل ہونا، مہارت حاصل

ہونا۔
اِختِصَاصِيّ، إِخصَائِيّ ج: اختِصَاصِيُّونَ و إِخصَائِيُّون: ماہر، ایکسپرٹ، اسپیشلسٹ، کسی فن کا ماہر۔
تَخصِيص: تحدید، تعیین (ضد تعمیم)۔
مَخصُوص: خاص، اسپیشل، پرائیویٹ۔
قِطَارٌ مَخصُوص: اسپیشل ٹرین۔
مُتَخَصِّصٌ فِي كذا: کسی علم کا ماہر، فاضل (مُتخصِّصٌ فی الأدب مثلاً: فاضلِ ادب)۔
أَلّا اختِصَاصِيّ: جنرل اسٹ (عمومی)۔
خُصلَة: چھوٹی گٹھڑی، گچھا، بالوں کی لٹ۔
خَصلَة ج: خِصَال: عادت۔
خَصَمَه ـ خَصمًا: غالب ہونا، زیر کرنا۔
خَصَمَه: (دا) قیمت میں دوسرے کے مقابلہ کے لئے کمی کر دینا، مقابلہ کرنا۔
خَاصَمَهُ مُخَاصَمَةً و تَخَاصَمَه و اختَصَمَه: جھگڑا کرنا۔
خَصمٌ ج: خُصُوم، خَصِيم ج: خُصَمَاءُ: مقابل، مخالف، حریف، فریق۔
خِصَام، خُصُومَة: نزاع، جھگڑا، دشمنی، مقابلہ، کمپیٹیشن۔
خَصمٌ: کٹوتی، قیمت وغیرہ میں کمی، کمیشن، ڈسکاؤنٹ (۲) مقابل، حریف۔
خَصمٌ تِجارِيّ: تجارتی کمیشن۔
خَصمٌ سِياسِيّ: سیاسی حریف۔
خَصمُ القِيمَة: قیمت میں کمی کرنا۔
خَصمُ (المَصرِفِ الكَمبِيالَة): ڈسکاؤنٹ کرنا۔
خُصُومُ فُلان: مخالفین۔
خُصُومَةٌ اَدَبِيَّة: ادبی لڑائی۔
خُصُومَةٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی لڑائی۔
مُخَاصِم: مُقابل۔
خَصَى ـ خَصيًا و خِصَاءً: جانور کو خصی کرنا۔
خَصِيٌّ و مَخصِيّ: خصی کیا ہوا۔

خ .... ض

خَضَبَ ـ خَضبًا و خَضَّبَ: رنگنا، خضاب کرنا۔
خَضِبَ ـ خُضُوبًا و تَخَضَّبَ: سرسبز ہونا، رنگین ہونا۔
خَضخَضَة: ہلانا، حرکت کرنا (۲) جنبش۔
خَضَدَ ـ خَضدًا: توڑنا۔
خَضِرَ ـ خَضَرًا و خُضرَةً و اخضَرَّ: سبز ہونا، سرسبز و شاداب ہونا۔
خَضَّرَه تَخضِيرًا: سبز بنانا
خَضِرٌ، مُخضَرٌّ: سبز، ہرا۔
خُضرَة، خَضَارَةٌ: سبزی، شادابی۔
خَضَار: ترکاری۔
خَضَّارٌ، خُضَرِيٌّ: سبزی فروش۔
اَخضَرُ: ہرا، سبز، گرین م: خَضرَاءُ ہری۔
مَخضَرَة: سرسبز مقام۔
خَضَّضَ: آراستہ کرنا۔
خَضَّاضَة: نوشادر۔
خَضَعَ ـ خُضُوعًا و خَضعًا، و خُضعَانًا: مطیع ہونا، تابع ہونا، پابندِ احکام ہونا، عاجز

ہونا، ماتحت ہونا۔
إخضَاعٌ و تخضِيع: تابع بنانا، پابندِ احکام بنانا، ماتحت بنانا، زیر کرنا، نیچا دکھانا۔
إخضَاعُ أحدٍ لإرادته: اپنی خواہش کا تابع بنانا۔
خَاضِعٌ: تابع، فرمانبردار، پابند احکام، ماتحت، عاجز۔
الخُضُوعُ لِأحدٍ: سامنے جھکنا۔
الخُضُوعُ لِإرادةِ فُلان: کسی کی خواہش پر چلنا۔
الخُضُوعُ لِلرَّأی: رائے ماننا۔
الخُضُوعُ لِرأیِ الأغلَبِيَّة: اکثریت کی رائے کے سامنے جھکنا۔
الخُضُوعُ لِضَغط: دباؤ میں آنا۔
الخُضُوعُ لِلفِكر: رائے ماننا۔
الخُضُوعُ لِلقَانُون: قانون کے سامنے جھکنا۔
خَضَلَ و أخضَلَ: تر کرنا، بھگونا، عمدہ اور خوشگوار بنانا۔
خَضِلَ ـَ خَضَلاً: تر ہونا، خوشگوار ہونا۔
خِضَمٌ: بڑا دریا، بڑا سمندر۔
خَضَمَ ـِ خَضماً: قطع کرنا، کھانا۔
خُضَمٌ: ہجوم کار وغیرہ، کثرت کار۔

خ.........ط

خَطَّ: (در خطط)۔
خَطَّأَ تَخطِئَةً: غلط قرار دینا۔
خَطِئَ ـَ خَطأً و خَطَأً و أخطَأَ: غلطی کرنا (۲) غلطی پر ہونا (۳) گناہ کرنا، جرم کرنا۔
أخطَأَ التَّقدِيرَ أو الحِسَابَ: اندازہ یا حساب غلط لگانا۔
إخطَاءُ المَرمَى: مس ہونا، نشانہ چوکنا۔
أخطَأَ فی الاستِنتَاج: غلط نتیجہ برآمد کرنا۔
أخطَأَ فی التَّسمِيَة: غلط نام لینا۔
أخطَأَ فی التَّلَفُّظ: غلط تلفظ کرنا۔
أخطَأَ فی الفَهم: غلط فہمی ہونا، غلط سمجھنا۔
أخطَأَ فی النَّقل: غلط بیانی کرنا، غلط ترجمانی کرنا۔
خَطَأٌ ج: أخطَاء: غلطی، گناہ، جرم۔
خَطَأٌ فَادِحٌ: زبردست غلطی۔
خَطَأٌ فی التَّسلِيم: غلط ڈیلیوری، غلط تقسیم۔
خَطَأٌ فی التَّفسِير: بیان کی غلطی، غلط تشریح۔
خَطَأٌ مَصلَحِيٌّ: محکمہ جاتی غلطی۔
خَطَأٌ مَطبَعِيٌّ: چھپائی کی غلطی، طباعتی غلطی، پریس کی غلطی۔
الخَطَأُ المِعيَارِی: بڑی غلطی۔
أخطَاءٌ إرتِكَابِيَّة: واقعی غلطیاں۔
أخطَاءٌ كِتَابِيَّة: لکھائی کی غلطیاں۔
خَطِيئَة ج: خَطِيئَات: گناہ، جرم۔
خَاطِئٌ: غلط، غلط کار، گنہگار۔
مُخطِئٌ: غلطی پر، غلط کار۔
خَطُبَ ـُ خِطَابَةً: مقرر ہونا۔
خَطَبَ ـُ خُطبَةً و خِطَابَةً: تقریر کرنا، لیکچر دینا، وعظ کہنا، خطبہ دینا۔
خَطَبَ الفَتَاةَ ـُ خِطبَةً: پیغامِ نکاح دینا۔
خَاطَبَ و تَخَاطَبَ مَعَهُ: بات چیت

کرنا (۲) خط و کتابت کرنا، مراسلت کرنا۔
خَاطَبَهُ تِلفُونِیاً: ٹیلیفون کرنا۔
خَطْبٌ ج: خُطُوب: (۱) حال (۲) پریشانی (۳) مصیبت۔
خُطْبَة: خطبہ، تقریر، وعظ، ایڈریس۔
خُطْبَةٌ اختِتامِیَة: اختتامی تقریر۔
خُطْبَةٌ دِینِیَّة: وعظ۔
خُطْبَةٌ عِلمِیَة: لیکچر، علمی تقریر۔
خِطَابِیّ: تقریری، تقریر کا، تقریر سے متعلق۔
خِطْبَة، خُطُوبَة: منگنی، پیغام شادی۔
خِطَابٌ ج: خِطَابَات: (۱) خط (۲) پیغام (۳) تقریر (۴) ایڈریس۔
خِطَابٌ إذَاعِیّ: ریڈیائی تقریر، نشری تقریر۔
خِطَابُ اعْتِمَادٍ: مختار نامہ، تصدیق نامہ، اتھارٹی لیٹر۔
خِطَابُ اعْتِمَادٍ غَیْرَ قَابِلٍ لِلإِلْغَاءِ: نا قابلِ انکار تصدیق نامہ۔
خِطَابٌ افْتِتَاحِیّ: افتتاحی تقریر۔
خِطَابٌ انْتِخَابِیّ: انتخابی تقریر۔
خِطَابُ تَعْرِیفٍ: تعارف نامہ۔
خِطَابُ التَّعْیِینِ: اپائنٹ منٹ لیٹر، تقرر نامہ۔
خِطَابُ تَفْوِیضٍ و تَوْکِیل: مختار نامہ، وکالت نامہ۔
خِطَابٌ جَوِّیّ: ایر لیٹر۔
خِطَابٌ دَوْرِیٌّ: سرکلر، گشتی مراسلہ۔
خِطَابُ ضَمَانٍ: ضمانت نامہ، ضمانتی خط۔
خِطَابٌ مَجْهُولٌ (لَیْسَ به تَوْقِیعٌ): گمنام خط۔

خِطَابٌ مُرْفَقٌ: کورنگ لیٹر، ہمرشتہ تحریر۔
خِطَابٌ مُرْفَقٌ لِمُسْتَنَدَاتٍ: مراسلہ ہمرشتہ کاغذات۔
خِطَابٌ مُسْتَعْجَل: ایکسپریس لیٹر۔
خِطَابٌ مُؤَمَّنٌ عَلَیْه: انشورڈ لیٹر۔
خِطَابَاتٌ تِجَارِیَة: تجارتی خطوط۔
خِطَابَاتٌ صَادِرَة: جانے والے خطوط، جانے والی ڈاک۔
خِطَابَة: تقریر، فنِ تقریر۔
خَطِیب ج: خُطَبَاء: مقرر، لیکچرر۔
خَطِیبٌ مُحْتَرِف: پیشہ ور مقرر۔
خَطِیب و خَاطِب: منگیتر، رشتہ کرانے والا۔
خَاطِبَة: رشتہ کرانے والی عورت یا پیغامِ نکاح دینے والی۔
خَطَرَ ــِـ خَطْراً و خَطَرَاناً: (۱) ڈانواڈول ہونا، جھومنا۔
خَطَرَ بِسَیْفِه: تلوار کو غرور سے چلانا۔
خَطَرَ فی مِشْیَتِه: اکڑ کر چلنا، اترا کر چلنا، ہاتھوں کو ہلا کر چلنا۔
خَطَرَ له الأَمْرُ ــُـ خُطُوراً: سامنے آنا۔
خَطَرَ علی و فی و بِبَالِه: دل میں آنا۔
خَطَرَ ــُـ خُطُورَةً: عظیم المرتبہ ہونا، بہتم بالشان ہونا، اہم ہونا۔
خَاطَرَ مُخَاطَرَةً: بازی لگانا، شرط بدنا۔
خَاطَرَ بِکَذَا مُخَاطَرَةً: خطرہ میں پڑنا، اپنی جان کو خطرہ میں ڈالنا، خطرہ مول لینا۔
إخْطَار: متنبہ کرنا، باخبر کرنا، اطلاع دینا، نوٹس دینا، آگاہ کرنا (۲) نوٹس، اعلان، آگاہی۔

إِخْطَارٌ بالاسْتِئْنَاف: اپیل،نوٹس۔
إِخْطَارٌ بِكَذا: تنبیہ کرنا، باخبر کرنا، اطلاع دینا، نوٹس دینا۔
إِخْطَارٌ خَاطِئٌ: غلط نوٹس۔
إِخْطَارٌ نِهَائِيّ: فائنل نوٹس، آخری اطلاع۔
تَخَاطَرُوْا علی كذا تخاطُراً: کسی چیز کی باہم شرط بدنا، بازی لگانا۔
خَطَرٌ ج: أَخْطَار: بازی جس کی شرط لگائی جائے۔
خِطْرٌ ج: أخْطَار: رتبہ، شان، حیثیت۔
خَطِرٌ، مُخْطِرٌ: خطرناک۔
خَطِر: سنگین، خطرناک، ڈینجر، ایمرجنسی۔
خَطَرُ التَّلَف: نقصان کا خطرہ۔
خَطَرٌ مُحْدِق: زبردست خطرہ۔
خَطَران: تذبذب۔
خَطَّارُ السَّاعَة: گھڑی کا پنڈولم۔
خُطُورَة: اہمیت، عظمت۔
خُطُورَة: سنگینی، نزاکت۔
خُطُورَةُ المَوقِف: صورتحال کی نزاکت۔
خُطُورَةُ الوَضع: نزاکتِ حال۔
خَطِير: اہم، مہتم بالشان، زبردست۔
خَاطِر ج: خَوَاطِر: خیال، رجحان۔
مُرَاعَاةُ الخَاطِر: پاسِ خاطر رکھنا، لحاظ کرنا۔
لِأَجْلِ خَاطِرِه: اس کی دلداری کے لئے۔
كَسْرُ خَاطِرَهٗ: دل شکنی کرنا، مغموم کرنا۔
تَبَادُلُ الخَوَاطِر: ہم خیال ہونا، اتفاقاً ایک خیال پر ہونا۔

عَنْ طِيْبِ خَاطِرٍ: بطیبِ خاطر۔
أَخَذَ الشيْءَ عَلَى خَاطِرِه: (دا) مکدر کرنا۔
أَخَذَ بِخَاطِرِه: (دا) تسلی دینا، دل جمعی کرنا۔
مَحْفُوفٌ بالمَخَاطِر: خطرات سے پُر۔
إِخْطَار: دھمکی، نوٹس۔
مُخْطِرٌ: خطرناک۔
مُخَاطِرٌ: بازی لگانے والا، خطرہ مول لینے والا۔
مُخَاطَرَة: جاں بازی۔
خَطَّطَ: لائن ڈالنا، سطریں بنانا (۲) منصوبہ تیار کرنا، پلاننگ کرنا۔
خَطَّطَ الأَرْضَ: سروے کرنا، حد بندی کرنا، چک بندی کرنا (۲) کھیت میں اُبھری ہوئی لائنیں ڈالنا (کیاریاں بنانا)۔
خَطَّطَ القُمَاشَ: کپڑے پر دھاری ڈالنا۔
خَطَّ عَلَى الشيْءِ خَطّاً: لائن ڈالنا، خط کھینچنا، لکیر کھینچنا، خط لگانا۔
خَطَّ واخْتَطَّ خُطَّةً: منصوبہ بنانا، اسکیم بنانا، لائحہ عمل بنانا۔
خَطَّ واخْتَطَّ الشَّارِبُ: موچھیں نکل آنا۔
خَطٌّ ج: خُطُوط: لائن، سطر (۲) کتابت، لکھائی، فنِ خوشنویسی، رسم الخط، ہینڈ رائٹنگ۔
الخَطُّ الأُمُّ: مین لائن۔
خَطُّ إِمْدَادِ الجَيْش: سپلائی لائن۔
خَطُّ الأَنَابِيْب: پائپ لائن۔
خَطُّ بَارلِيف: بارلیو لائن۔

خَطٌّ بَرِّیّ: بری راستہ، بری لائن، خشکی کا راستہ۔
خَطٌّ تَحتَ عِبارةٍ: انڈر لائن (وَضَعَ خطًا تَحتَ عِبارةٍ)۔
خَطُّ تَحوِیلٍ: کراس اوور، لائن بدلنے والی پٹری۔
خَطُّ التِرام: ٹراموے۔
خَطُّ التِلِیفُون: ٹیلیفون لائن۔
خَطُّ التَموِین: سپلائی لائن۔
خَطٌّ جَوِّیّ: ایرلائن۔
خَطٌّ حَارٌّ: ہاٹ لائن۔
خَطٌّ حَدِیدِیّ: ریلوے لائن۔
خَطٌّ حَدِیدِیٌّ ضَیِّق: ریلوے چھوٹی لائن، چھوٹے گیج کی لائن۔
خَطٌّ دِفاعِیٌّ: دفاعی لائن۔
خَطٌّ رَئِیسِیٌّ: مین لائن۔
خَطٌّ سَاخِنٌ: ہارٹ لائن، گرم لائن (سربراہانِ امریکہ وروس کے بات کرنے کی لائن)۔
خَطُّ السِکّة الحَدِیدِیّة: ریلوے لائن۔
خَطٌّ سَلِیمٌ: صحیح راستہ۔
خَطُّ السَیر: عام راستہ، طریقہ۔
خَطُّ العَمَل: طریقۂ کار۔
خَطٌّ غَیرُ مُباشِر: بالواسطہ لائن، اِن ڈائرکٹ لائن، ذیلی لائن۔
خَطٌّ غَیرُ مَنزُوعِ السِلاح: غیر ہتھیار بند لائن۔
الخَطُّ الفَاصِل: خطِ فاصل۔
خَطٌّ فَرعِیّ: برانچ لائن۔
خَطُّ القِتال: جنگی لائن۔
خَطٌّ مُباشِر: ڈائریکٹ لائن، سیدھی لائن۔
خَطٌّ مُستَقِیم: سیدھا راستہ۔
خَطٌّ مُشَبَّک: گھسیٹواں، شکستہ خط۔
خَطٌّ مِنَ الأنابِیب: پائپ لائن۔
خَطُّ المُواجَهة: سامنے کی لائن، مقابلہ کی لائن، فرنٹ لائن۔
خَطُّ المُؤلِّف: آٹوگراف، مصنف کے دستخط۔
خَطُّ النَّار: فائرنگ لائن۔
الخَطُّ النَسخِیّ: خطِ نسخ۔
خَطُّ وَقفِ إطلاقِ النَّار: جنگ بندی لائن۔
خَطٌّ هاتِفِیٌّ: ٹیلیفون لائن۔
خَطُّ الهُدنة: جنگ بندی لائن۔
علی خَطِّ تِلِیفُون: ٹیلیفون پر بولنے والا۔
(مَن عَلَی خَطٍّ): کون بول رہا ہے۔
فی خَطٍّ مُستَقِیم: سامنے، سیدھے۔
عَلَی خَطٍّ مُستَقِیم: سیدھی جانب، سامنے کی طرف، سیدھ میں۔
خُطٌّ: محلہ۔
خُطَّة ج: خُطَط: اسکیم، لائحۂ عمل، پروگرام، نقشہ، ڈیزائن، خاکہ، پلان، آئیڈیا، پروجیکٹ، منصوبہ، طریقۂ کار۔
خُطَّةٌ إصلاحِیة: اصلاحی پروگرام، اسکیم۔
خُطّةُ التَدرِیس: اسباق کا تعلیمی نقشہ۔
خُطّةُ التَنمِیةِ الشامِلة: ہمہ گیر ترقیاتی منصوبہ۔
خُطّةُ الخَمسِ سَنَوات: پنج سالہ منصوبہ۔
خُطّةٌ خُمسِیّةٌ: پنج سالہ منصوبہ۔

خُطَّةُ الدِّفاع: دفاعی پلان۔
خُطَّةٌ رَئِیسِیَّة: ماسٹر پلان۔
خُطَّةُ السَّلام: امن پلان۔
خُطَّةُ السِّیَاسَة (لِحِزْبٍ او مُرَشَّح): پلیٹ فارم، سیاسی پروگرام۔
خُطَّةٌ شَامِلَة: جامع منصوبہ۔
خُطَّةُ عَمَلٍ: پروگرام، لائحۂ عمل، عملی خاکہ۔
خُطَّةُ العَمَلِیَّات: کارروائی کا نقشہ۔
خُطَّةٌ قَوْمِیَّة: نیشنل پلان۔
خُطَّةٌ مُتَوَسِّطَةُ الأَجَل: متوسط المیعاد منصوبہ۔
خُطَّةٌ مُدَبَّرَة: سوچی سمجھی اسکیم۔
خُطَّةٌ مُفَصَّلَة: تفصیلی پروگرام۔
خُطَّةٌ مِنْ خَمْسِ نِقَاطٍ: پانچ نکاتی فارمولا۔
خُطَطٌ إِنْمَائِیَّة: ترقیاتی منصوبے۔
خَطَّاطٌ: کاتب، خوشخط۔
تَخْطِیط: چارٹ بنانا، خاکہ بنانا، منصوبہ بنانا، تنظیم، پلاننگ، ڈیزائننگ، منصوبہ بندی۔
تَخْطِیطٌ اجتِمَاعِیّ: سوشل پلاننگ۔
تَخْطِیطُ الأَرَاضِی: پیمائش زمینات، سروے، چک بندی۔
التَّخْطِیطُ الاِستراتیجِیّ: حکمت آمیز پلاننگ (جنگی) حکمت عملی پر مشتمل پلاننگ۔
تَخْطِیطُ الاُسْرَة: فیملی پلاننگ، خاندانی منصوبہ بندی۔
تَخْطِیطُ الاِقْتِصَاد: اقتصادی منصوبہ بندی، اقتصادی پلاننگ۔
تَخْطِیطُ البُلْدَان: جغرافیہ، شہروں کی منصوبہ بندی۔
تَخْطِیطُ التَّنْمِیَة: ترقیاتی پلاننگ، منصوبہ بندی۔
تَخْطِیطُ الحُدُوْد: سرحدوں کی نشان بندی، حد بندی کرنا۔
تَخْطِیطٌ زِرَاعِیٌّ: زرعی پلاننگ۔
تَخْطِیطٌ شَامِل: ہمہ گیر پلاننگ۔
تَخْطِیطٌ شَدِیْدُ التَّدْقِیق: انتہائی پختہ منصوبہ بندی۔
تَخْطِیطٌ عِلْمِیّ: علمی منصوبہ بندی۔
التَّخْطِیطُ العِلْمِیّ الدَّقِیق: مکمل علمی منصوبہ بندی۔
تَخْطِیطٌ لِشَیْءٍ: اسکیم بنانا، منصوبہ بنانا۔
تَخْطِیطٌ مَرْکَزِیّ: مرکزی منصوبہ بندی، مرکزی پلاننگ۔
تَخْطِیطُ المُسْتَقْبَل: مستقبل کا منصوبہ۔
تَخْطِیطُ النَّسْل: خاندانی منصوبہ بندی، برتھ کنٹرول۔
مُخَطَّط: دھاری دار، نشاندار (۲) سروے کیا ہوا۔
مُخَطَّط: منصوبہ، اسکیم، پلان، ڈیزائن، لائن ج: مُخَطَّطَات۔
مُخَطِّط: پلانر، منصوبہ ساز۔
المُخَطَّطُ الأَصْلِیّ: اصلی منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّخْرِیب: تخریبی منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّسْوِیَة: امن منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّوْسِعَة: توسیع پسندانہ منصوبہ۔

المُخَطِّطُ المُصَمِّمْ: ڈرافٹ مین۔
مُخَطَّطَاتٌ استِسْلامِيَّة: شکست خوردانہ منصوبے۔
خَطِفَ ــَ خَطفاً و اختطف: اچکنا، غصب کرنا، چھین لینا، اغوا کرنا، ہائی جیک (۲) نگاہ کو خیرہ کرنا۔
تَخَطَّفَ: زبردستی لینا، چھین لینا۔
مُختَطِفٌ و خَطَّاف: اُچکا، اغوا کنندہ، اغوا کار، ہائی جیکر۔
مِخْطَاف: کانٹا، آنکڑا جس کے ذریعہ کنویں سے ڈول وغیرہ نکالا جاتا ہے۔
خَطِلَ ــَ خَطلاً و اَخطَلَ فی کلامه: مہمل باتیں کرنا، لغو باتیں کرنا۔
خَطِلَ و تَخَطَّلَ: اکڑنا، اترانا۔
خَطَلٌ: لغویات، مہمل کلام، بے وقوفی، دماغی خلل۔
خَطَمَ ــِ خَطماً: جانور کے منہ پر چھینکا چڑھانا، منہ بند چڑھانا، لگام ڈالنا، نکیل ڈالنا۔
خَطَمَ بِالكَلَام: خاموش کرنا۔
خَطْمٌ، مُخْطِمٌ: منہ بند (جانوروں کا)، چھینکا۔
خِطَامٌ: لگام، نکیل۔
خطوَةٌ: ایک قدم، ڈگ، قدم کی ایک حرکت ج: خطوات۔
خطوةً خطوةً: قدم بقدم، مرحلہ بمرحلہ۔
خطوةٌ رَائِدَة: رہنما اقدام۔
خطواتٌ اِيجابِيَة: مثبت اقدامات۔
خُطوَةٌ ج: خُطوَات و خُطًى: دو قدموں کا درمیانی فاصلہ، تقریباً ۳۰ انچ۔

خَطَا ــُ خَطواً و اختطَى: قدم اٹھانا، چلنا، ڈگ بھرنا۔
خَطَا نَحوَ الأَمَام: بڑھنا، ترقی کرنا، آگے قدم بڑھانا۔
خَطَا خُطُواتٍ قَصِيرَةً: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا، چھوٹے ڈگ بھرنا۔
تَخَطَّى: پار کرنا۔
خَطِيَّة ج: خَطِيَّات: گناہ۔

خ............ف

خَفَّ: (در خفف)۔
خَفَتَ ــُ خُفُوتاً و خَفتاً، و خُفَاتاً: (۱) آواز پست ہونا (۲) آواز بند ہو جانا۔
إِخْفَات: پست کرنا۔
خَافِتٌ: پست، ہلکی آواز۔
خَفَرَ ــُ خَفراً و خَفَرٌ: حفاظت کرنا، پہرہ دینا۔
خَفِرَ ــَ خَفراً و تَخَفَّرَ: شرمانا۔
خَفَرٌ: حیا، شرم۔
خَفِرٌ: شرمیلا، حیادار۔
خِفَارَة: پہرہ داری، چوکیداری، پہرہ داری کا پیشہ، اجرت پہرہ۔
خَفِيرٌ ج: خُفَرَاء: چوکیدار، محافظ، پہرہ دار۔
مَخْفَرٌ ج: مَخَافِر: چوکی جہاں محافظ رہتا ہو، پہرہ کی چوکی، پولیس چوکی۔
مَخفَرُ الاِطْفَاء: فائر اسٹیشن۔
مَخفَرُ شُرطَةٍ: پولیس چوکی، تھانہ۔
خَفَسَ ــُ خَفساً: (۱) منہدم کرنا، (۲) مذاق کرنا، مذاق اُڑانا۔
خَفَشٌ: شب کوری، رتوندا، دتوندا۔

خَفِشَ ۔ خَفَشاً: دن کو کم نظر آنا، رتوندا ہونا، شب کور ہونا۔
خَفَّاش ج: خَفَافِيش: چمگادڑ۔
اَخْفَش: دن کا اندھا، دن کو کم دیکھنے والا۔
خَفَضَ ۔ خَفْضاً و خَفَّضَ: کم کرنا، نیچا کرنا، کمی کرنا، پست کرنا، اُتارنا، گھٹانا۔
خَفُضَ عَيْشُه ۔ خَفْضاً: آسودہ حال ہونا، خوش حال ہونا۔
إِخْفَاضٌ: پست کرنا، کم کرنا، نیچے اترنا۔
اِنْخِفَاض و تَخَفُّض: کم ہونا، نیچا ہونا، پست ہونا۔
خَفْضٌ، تَخْفِيض: پستی، کمی۔
خَفْضُ العَيْش: آسودہ حالی۔
خَفْضُ التَّكَالِيفِ إِلَى مَلْيُون: دس لاکھ تک کمی کرنا (مثلاً)۔
خَفْضُ الدَّرَجَة: ڈگری کم کرنا، درجہ گھٹانا، درجہ گرانا۔
خَفْضُ رَأْسِ المَال: سرمایہ کم کرنا۔
خَفْضُ القُوَّات: فوجوں میں کمی کرنا۔
خَفْضُ كَمِّيَّاتِ الأَسْلِحَة: ہتھیاروں کی مقدار میں کمی۔
خَفْضُ المَصْرُوفَات: اخراجات میں کمی۔
خَفْضُ مِقْدَارِ التَّكْلِفَة: لاگت کی مقدار میں کمی کرنا۔
خَفْضٌ وَرَفْعٌ: اتار چڑھاؤ۔
خَفْضُ المَعُونَات: امداد میں کمی کرنا۔
تَخْفِيض: کمیشن، قیمت میں خاص کمی، رعایت ج: تَخْفِيضَات۔

تَخْفِيضُ الأَسْعَار: نرخوں میں کمی، بھاؤ گرانا۔
تَخْفِيضُ التَّكْلِفَة: لاگت میں کمی کرنا۔
تَخْفِيضُ الثَّمَن: قیمت میں رعایت، کمیشن۔
تَخْفِيضُ حِدَّةِ التَّوَتُّر: کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِيضُ الدَّرَجَة: ڈگری کم کرنا، درجہ گرانا۔
تَخْفِيضُ رَأْسِ المَال: سرمایہ میں کمی کرنا۔
تَخْفِيضُ الرُّسُوم: فیس میں کمی، چنگی کم کرنا۔
تَخْفِيضُ الضَّرَائِب: ٹیکسوں میں کمی۔
تَخْفِيضُ القُوَّات: فوجوں میں کمی کرنا۔
تَخْفِيضُ القِيمَة: قیمت کم کرنا۔
تَخْفِيضُ الكَمِّيَّة: مقدار گھٹانا۔
تَخْفِيضُ المُسَاعَدَاتِ إِلَى فُلَان: کسی کی امداد میں کمی کرنا۔
تَخْفِيضُ المَصَارِيف: اخراجات کم کرنا۔
تَخْفِيضُ النَّفَقَات: اخراجات کم کرنا۔
اِنْخِفَاضُ الأَسْعَار: نرخوں میں کمی ہونا۔
اِنْخِفَاضُ أَسْعَارِ الإِنْتَاجَات: پیداوار کی قیمتوں میں کمی ہونا۔
اِنْخِفَاضُ الإِنْتَاجِيَّة: پیداواری صلاحیت کم ہو جانا۔
اِنْخِفَاضُ الصَّادِرَات: برآمدات میں کمی ہو جانا۔

انخفاض العُملَة: سکہ کم ہوجانا، سکہ کا گرجانا۔
انخفاض القُدرَةِ الشرائیة: قوت خرید کم ہوجانا۔
مُنخفِض: پست، نیچا۔
مَخفوض (ضد مرفوع): پست۔
أثمانٌ مُخفضة: کم قیمتیں۔
مُخفَضُ الثمن: کم قیمت۔
خَفّفَ تخفیفاً: (۱) ہلکا کرنا (۲) کمی کرنا، سکون بخشنا (۳) ملائم بنانا (۴) معتدل بنانا۔
خَفّفَ کثافةَ المزیج: گاڑھی چیز میں پانی ملا کر ہلکا یا پتلا کرنا۔
خَفّفَ عَنْ: آرام پہنچانا۔
خَفّفَ العُقوبة: سزا میں تخفیف کرنا۔
خَفَّ ـ خِفَّةً و خَفاً: ہلکا ہونا۔
خَفَّ إلیه خُفوفاً: لپکنا، اڑ کر جانا، دوڑ کر جانا۔
اِستَخفَّ بالأمر: ذلیل سمجھنا۔
اِستَخفَّ الشیٔ: ہلکا سمجھنا۔
خُفٌّ ج: أخفاف: (۱) چرمی موزہ (۲) ہاف بوٹ، سلیپر (۳) اونٹ یا شتر مرغ کی ٹاپ، قدم۔
خِفّة: ہلکا پن۔
خِفَّةُ الألَم: افاقہ ہونا، درد میں کمی ہونا۔
خِفَّةُ حِدَّةِ التوتُّر: کشیدگی کم ہونا۔
خِفَّةُ حَمْلَةِ الشائعات: افواہوں کا زور کم ہونا۔
خِفَّةُ الیَد: ہاتھ کی صفائی، شعبدہ، نظر بندی، مداری کا کھیل۔
ألعابُ خِفَّةِ الیَد: شعبدہ بازی، بازی گری۔
خِفَّةُ سُقوطِ القذائف: گولہ باری میں کمی۔
خِفَّةُ وَطأةِ المرَض: بیماری کی شدت میں کمی۔
تخفیف: کمی۔
تخفیفُ الإنتاج: پیداوار میں کمی۔
تخفیفُ حِدِّ التوتر: کشیدگی کم کرنا۔
تخفیفُ حِدَّةِ التوتُّر بَینَ القُوَّتَینِ الأعظم: دونوں بڑی طاقتوں کے درمیان کشیدگی کم کرنا۔
تخفیفُ حدَّةِ التوتُّر الدُولیّ: بین الاقوامی کشیدگی کم کرنا۔
تخفیفُ الصَّدمة علی أحدٍ: کسی کی تکلیف کو کم کرنا۔
تخفیفُ الضَّغطِ علی: دباؤ کم کرنا۔
التَّخفیفُ عَنْ أحدٍ: تخفیف کرنا، بوجھ ہلکا کرنا۔
التَّخفیفُ عَنْ أزمةِ السَّکن: رہائشی مشکلات کو کم کرنا۔
خَفیف: ہلکا۔
شایٌ خَفیفٌ: ہلکی چائے۔
دُخانٌ خَفیفٌ: ہلکا تمباکو۔
خَفَقَ ـُـ خَفَقاناً: دل دھڑکنا، متحرک ہونا، لہلہانا، پرچم ہلنا، بجلی کوندنا۔
خَفَقَ خَفقاً: ہلانا، پھینٹنا، انڈے کی زردی کو سفیدی میں ملانا۔
خَفَقَ و أخفَقَ الطائرُ أو العَلَمُ: لہلہانا۔
خَفَقَ و أخفَقَ النَّجمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔

إخـفَـاق: پرندہ کا پھڑ پھڑانا (۲) پرچم کا لہلہانا (۳) ستارہ غروب ہونا (۴) ناکام ہونا (۵) ناکامی، زوال۔
إخفَاقُ السَّعْي: کوشش ناکام ہونا۔
خَفقَ و خَفقَانُ القَلْب: دل کی دھڑکن۔
الْخَافِقَان: شمس وقمر۔
خَافِقَات: پرچم، جھنڈے۔
مِخْفَقَةُ البَيْض: انڈا پھینٹنے کا آلہ۔
خَفِيَ ـَ خَفَاءً و خِفْيَةً و خُفْيَةً و اخْتَفَى: پوشیدہ ہونا۔
خَفَى ـِ خَفْياً و اَخْفَى و خَفَّى: پوشیدہ کرنا، چھپانا۔
تَخَفَّى: پوشیدہ ہونا، روپوش ہونا۔
اخْتِفَاء: روپوش ہونا، روپوشی۔
اخْتِفَاءُ آثَارِ الشَّئ: آثار مٹنا۔
إخْفَاءُ المُسْتَنَدَات: کاغذات چھپانا۔
خَفِيّ، خَافٍ: پوشیدہ، رازدارانہ۔
خَافِيَة: راز، پوشیدہ بات۔
خُفْيَةً: پوشیدہ طور پر، خفیہ طور پر۔
خَفَاء: راز، پوشیدگی۔
بَرِحَ الخَفَاءُ: بات کھل گئی۔

خ........ل

خَلَبَ ـُ خَلْباً: دام فریب میں پھنسانا، گرویدہ بنانا، دل موہ لینا، کلام کے ذریعہ متاثر کرنا (۲) پنجہ مارنا، پرندہ کا ناخن مارنا۔
خَالَبَ و اخْتَلَبَ: دھوکہ دینا۔
خَـالِبٌ، خَلَّابٌ: دلکش، جاذب نظر، پرفریب۔
مِخْلَبٌ ج: مَخَالِب: پنجہ، پرندہ کا ناخن۔
خَلَجَ ـُ خَلْجاً: (۱) کھینچنا، چھین لینا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا، آنکھ کا حرکت کرنا (۳) دل میں کسی بات کا کھٹکنا۔
خَلَجَ و خَالَجَ و اخْتَلَجَ الفِكْرُ: خیال آنا۔
خَالَجَه شَكٌّ: شک پیدا ہونا۔
اخْتَلَجَ القَلْبُ: اختلاجِ قلب ہونا، مضطرب ہونا۔
اخْتَلَجَ الأمْرُ فی الصَّدْر: دل میں کوئی بات آنا۔
تَخَلَّجَ: مضطرب ہونا، متحرک ہونا۔
خِلَاج، خَالِجٌ، خَالِجَة: خیال ج: خَوَالِج۔
خَلْخَلَة: حرکت دینا، پازیب پہنانا۔
خَلْخَال، خلخل: پازیب۔
خَلَدَ ـُ خُلُوداً و خُلْداً: ہمیشہ رہنا، برقرار رہنا۔
خَلَّدَه و أخْلَدَه: ہمیشہ رکھنا، برقرار رکھنا، دوام عطا کرنا، حیاتِ ابدی بخشنا۔
خَلَّدَ الذِكْرَ: یادگار بنا دینا، یاد قائم رکھنا۔
أخْـلَـدَ: ہمیشہ رکھنا، برقرار رکھنا، حیات ابدی بخشنا۔
أخْلَدَ إلى: مائل ہونا، جھکنا۔
تَخْلِيد: دوام عطا کرنا۔
تَخْلِيدُ الذِكْرِي: یادگار باقی رکھنا۔
خُلْد، خُلُود: دوام، ہمیشگی۔
خَلَدَ: دل۔
خَـلْـدٌ و خَـالِـدٌ: دوامی، لازوال، ناقابلِ فراموش، ابدی۔

خَالِدُ الذِّکر: زندہ جاوید۔
الخَوالِد: پہاڑ۔
خَلَسَ ـِ خَلْساً و اخْتَلَسَ: جھپٹنا لوٹنا، غبن کرنا، خرد برد کرنا، اُچکنا، معمولی چیز چُرانا۔
خُلْسَة: موقع۔
خُلْسَةً: خفیہ طور پر۔
اختِلاس: لوٹ، غبن، چھین جھپٹ (۲) اغوا کرنا۔
مُخْتَلِس: اُچکا، غبن کرنے والا۔
خَلَصَ ـُ خُلُوصاً و خَلاصاً: خالص ہونا، صاف ہونا۔
إخْلاَص: وفا۔
إخْلاَصٌ فی أداءِ الواجِبات: ادائیگی، فرائض میں بے لوث ہونا۔
خَلَصَ و تَخَلَّصَ مِنه: نجات پانا، چھٹکارا پانا، رہائی پانا، آزاد ہونا۔
تَخَلُّصُ البِلادِ من کذا: ملک کا چھٹکارا پانا۔
التَّخَلُّصُ من اَحَدٍ: بے تعلق ہونا۔
التَّخَلُّصُ من الاستِعْمار: سامراجیت سے چھٹکارا۔
خَلَّصَ تَخْلِيصاً: نجات دلانا، جان بچانا، آزاد کرانا، خالص بنانا، صاف بنانا۔
التَّخْلِيصُ علی البِضَاعَة: کسٹم دے کر مال چھڑانا، مال کا کسٹم دینا۔
تَخْلِيصُ المُعَامَلات: معاملات صاف رکھنا۔
اسْتِخْلاَص: نتیجہ نکالنا، خلاصہ اور جوہر نکالنا، مخلص و خالص سمجھنا، مال چھڑانا۔

خَالَصَه مُخَالَصَةً: خالص دوستی رکھنا۔
خَلاَص: چھٹکارا، نجات۔
خُلُوص: صفائی، صراحت۔
خَالِص: خالص، صاف، آزاد، پیور۔
خَالِصُ الأُجْرَة: محصول، فیس۔
خَالِصُ أُجْرَةِ البَرِيْد: محصول ڈاک۔
خَالِصُ الطَّوِيَّة: صاف دل، فراخ دل۔
مُخْلِص: سچا، وفادار، صاف دل۔
مُسْتَخْلِصُ البَضَائِعِ من الجُمْرُک: چنگی سے مال چھڑانے والا ایجنٹ۔
خُلاَصَة: سری، خلاصہ، نچوڑ۔
مُخَالَصَة: ڈسچارج کرنا۔
خَلَطَ ـِ خَلْطاً و خَلَّطَ: آمیزش کرنا، ملانا۔
خلَطَ فی الکَلاَم: لغو و بیہودہ کلام کرنا۔
خَلَطَ وَرَقَ اللَّعِب (وغیرہ): تاش کے پتوں کو پھینٹنا، ملانا، گڈمڈ کرنا۔
خَلَّطَ المَرِيْضُ: بد پرہیزی کرنا۔
خَالَطَهٗ مُخَالَطَةً: مل جل کر رہنا، ساتھ رہنا۔
خُولِطَ فی عَقْلِه و اخْتَلَطَ عَقْلُهٗ: دماغ میں خرابی ہونا۔
اختِلاَط: مل جانا، گڈمڈ ہونا، مخلوط ہونا، آمیزش ہونا، مکس ہونا (۲) امتزاج۔
خَلْطٌ: آمیزش۔
خِلْطٌ، خَلِيْط: مکسچر، ملی ہوئی سیال چیز۔
خَلِيْط: مختلف چیزوں کا مجموعہ۔
أَخْلاَطُ الجَسَد: اخلاط اربعہ (۱) خون (۲) بلغم (۳) صفرا (۴) سودا۔

أخلاطُ النَّاسِ: عوام، ادنی لوگ (۲) لوگوں کا مجمع۔
خَلَعَ ۔ خَلْعاً: کپڑا یا جوتا اتارنا۔
خَلَعَ ثِيَابَه: برہنہ ہونا۔
خَلَعَ سِنّاً: دانت نکالنا۔
خَلَعَهُ: معزول کرنا۔
خَلَعَهُ عَنِ العَرْشِ: تخت سے اتارنا۔
خَلَعَ المِفْصَلَ: (مَلَخَ): قبضہ کھولنا (کواڑوں کو جوڑنے کا)۔
خَلَعَ عليه ثَوْباً ۔ خَلْعاً: خلعت یا لباس عطا کرنا۔
خَلُعَ ۔ خَلَاعَةً: آوارہ ہونا، بداخلاق ہونا۔
خَلْعٌ: معزولی، علیحدگی۔
خَلْعُ صَلَاحِيَّةِ التَّفَاوُضِ على فلان: کسی کو بات چیت کا اختیار دینا۔
خَلْعُ اللَّقَبِ على أحَدٍ: لقب دینا (نام)۔
خَلْعُ الإنْسَانِيَّةِ عن: آدمیت سے دور ہونا یا کرنا۔
خَلْعٌ من العَرْشِ: تخت سے اتارنا۔
خَلْعٌ من المَنْصِبِ: منصب سے ہٹانا، عہدہ سے ہٹانا۔
تَخَلَّعَ: ڈھیلا ہونا۔
تَخْلِيعٌ: ڈھیلا کرنا۔
خِلْعَةٌ: لباس، خلعت۔
خَلَاعَةٌ: آوارگی۔
خَلِيعٌ: آوارہ، بدمعاش ج: خُلَعَاء۔
خَلِيعٌ و مَخْلُوعٌ: معزول، علیحدہ کیا ہوا۔
خَلَفَهُ ۔ خِلَافَةً: (۱) جانشین ہونا، (۲) قائم مقام ہونا (۳) باقی رہنا۔

خَلَفَ له و عليه: معاوضہ دینا۔
خَلَفَ عن أصْحَابِه ۔ خُلُفاً: پیچھے رہنا۔
خَلَّفَ الشَّيْءَ: پیچھے چھوڑنا، وراثت چھوڑنا۔
خَالَفَه مُخَالَفَةً: مخالفت کرنا، خلاف ہونا، عہد شکنی کرنا، نافرمانی کرنا۔
مُخَالِف: مخالف، برعکس۔
مُخَالَفَةٌ قَانُونِيَّةٌ: قانون کی خلاف ورزی کرنا۔
المُخَالَفَةُ المَالِيَّةُ: مالی خلاف ورزی۔
اِخْتَلَفَ إلى: آمد و رفت رکھنا۔
أخْلَفَ وَعْدَه و به: وعدہ خلافی کرنا۔
أخْلَفَ عليه: معاوضہ دینا۔
تَخَلَّفَ: پیچھے رہنا، دوسرے کے مرنے کے بعد باقی رہنا۔
مُتَخَلِّفٌ: آخری، پسماندہ۔
المُتَخَلِّفُونَ عَنِ الدِّرَاسَةِ: تعلیم میں پیچھے۔
خَلَفٌ: (ضد سَلَفٌ) پسماندگان (۲) بدل (۳) نسل ج: اخلاف۔
خَلَفٌ لِأحَدٍ: جانشین، قائم مقام۔
خَلْفٌ: پیچھے، پیٹھ۔
خَلْفِيّ: پچھلا۔
خَلْفِيَّةٌ: بیک گراؤنڈ، پس منظر، پچھلا حصہ۔
خَلْفِيَّةُ الصُّورَةِ: بیک گراؤنڈ، پس منظر۔
خَلْفِيَّةُ القُمَاشِ: بیک گراؤنڈ، کپڑے کا نچلا حصہ۔
خِلْفَةٌ: کپڑے کا ٹکڑا۔
خَلْفَهُ بِخَطَوَاتٍ كذا: اس سے اتنے قدم پیچھے۔

الخَلافَة: نیابت، امامت، قائم مقامی۔
مُخَلَّفٌ: باقی ماندہ، متروکہ چیز۔
مُخَلَّفَات: متروکہ سامان یا اشیاء۔
مُخَالَفَةٌ: نافرمانی، خلاف ورزی، عہد شکنی، جرم۔
خِلاف ج: خِلافَات: قیل وقال، اختلاف۔
خِلافَاتٌ حَادَّة: زبردست اختلاف۔
خِلافَاتٌ فِئَوِيَّة: گروہی اختلافات۔
خِلافَاتٌ فَرْعِيَّة: فروعی اختلافات۔
خِلافِيٌّ: اختلافی۔
خَلَقَ ـُ خَلْقًا: پیدا کرنا۔
خُلُق ج: أخْلاق: اخلاق، کیرکٹر، موڈ۔
خَلْقُ التَّعَاطُف: ہمدردی پیدا کرنا۔
خَلْقُ التَّعْقِيدَات: پیچیدگیاں پیدا کرنا۔
خَلْقُ حَالَةِ التَّفَكُّك: انتشار کی حالت پیدا کرنا۔
خَلْقُ الحَسَاسِيَّة: نزاکت پیدا کرنا۔
خَلْقُ الجَوّ: فضا پیدا کرنا۔
خَلْقُ فَرَاغ: خلا پیدا کرنا۔
خَلْقُ مُنَاخِ الحُرِيَّة: آزادی کی فضا پیدا کرنا۔
خَلْقُ وَاقِعٍ جَدِيدٍ: نئی صورتحال پیدا کرنا۔
خَلَقَ واخْتَلَقَ: اخذ کرنا۔
خَلَقَ واخْتَلَقَ كِذْبًا: جھوٹ گھڑنا۔
خَلَقَ الثَوبُ ـُ خَلقًا وخَلاقَةً و خُلُوقَةً: پرانا ہونا
خُلُوقَةٌ: پرانا ہونا۔
خَلُقَ بكذا: لائق ہونا
أخْلَقَ الثَّوبَ: پرانا کرنا۔

تَخَلَّقَ بِخُلُقِ غَيرِه: دوسرے کے اخلاق وعادات اختیار کرنا۔
سَيِّئُ الخُلُقِ: بداخلاق۔
أخْلاق: آداب، اخلاق وعادات۔
خُلُق: عادت۔
خَلْقٌ، خِلْقَةٌ: فطرت، پیدائش، مخلوق، ایجاد۔
خِلْقَة: پیدائشی ہیئت۔
خِلْقِيٌّ: پیدائشی، طبعی، فطری۔
خَلَق: پرانا۔
خَلَقَة: پرانا چیتھڑا۔
خُلْقَانِيٌّ: پرانے کپڑے فروخت کرنے والا۔
خَلِيق: لائق، مناسب۔
خَلِيقَةٌ ج: خَلائِق: مخلوق خدا، خلق خدا۔
خِلْقِين: بائلر، گرم پانی کا ظرف جو چولہے کے ساتھ لگا ہوتا ہے۔
مُخْتَلَق: من گھڑت، ساختہ، جعلی، بناوٹی، بے حقیقت۔
مُخْتَلِق: موجد، اختراع کنندہ۔
خَلَّلَ تَخْلِيلاً: سرکہ بنانا (۲) خلال کرنا۔
خَالَّه مُخَالَّةً: دوستی کرنا۔
أخَلَّ بِالأمرِ إخْلالاً: کسی کام میں کوتاہی کرنا، خلل ڈالنا۔
أخَلَّ بالأمْن: امن شکنی کرنا۔
أخَلَّ بالعَهْد: عہد شکنی کرنا۔
أخَلَّ بالقَانُون: قانون شکنی کرنا۔
أخَلَّ بالوَاجِبَات: فرائض میں گڑبڑی کرنا۔
أخَلَّ بالوَعْد: وعدہ خلافی کرنا۔
تَخَلَّل: درمیان سے نکلنا، پار ہونا، دو

چیزوں یا دو زبانوں کے درمیان۔
تَخَلَّلَ الأُسبُوعَ نَدَوَاتٌ: مجلسوں میں ہفتوں کا وقفہ ہونا۔
اِختِلَال: (۱) خرابی آنا، بگاڑ پیدا ہونا (۲) کمزوری آنا (۳) بگاڑ، خرابی۔
اختِلَالُ النِّظَام: نظام خراب ہونا۔
اختِلَالُ العَقل: عقل خراب ہونا، دماغ خراب ہونا۔
خِلٌّ ج: أخلالٌ: دوست۔
خِلَال: سیخ، دانتوں کا خلال (۲) درمیانی مدت۔
خِلَالَ كذا: اثناء، دوران، درمیان۔
خِلَالَ الفترةِ الواقعةِ بَينَ: اس وقفہ کے دوران۔
فِيْ خِلَالِ: دوران، درمیان۔
خَلَل: (۱) بگاڑ (۲) خرابی (۳) فساد (۴) دماغی خرابی (۵) عیب۔
خُلَّة: دوستی۔
خَلَّة ج: خِلَال: عادت، خاصیت۔
مُختَلٌّ: خراب، بگڑا ہوا، تشویشناک۔
مُختَلُّ العَقل: دیوانہ، خرابی دماغ والا۔
خُلُوٌّ: (ن) خالی ہونا، فارغ ہونا۔
خُلُوٌّ عَنْ و مِنْ كذا: علیحدہ ہونا۔
خَلا إلَيه ـــ خَلوَةً و خَلواً، و خُلُوّاً، و خَلَاءً: خلوت میں ہونا، پاس جانا۔
ـــ الشَّهرُ: گزرنا۔
ـــ واختَلٰى به و معه: علیحدگی میں ہونا، خلوت میں ہونا، تنہائی میں ملنا۔
خَلّٰى تَخلِيَةً: چھوڑنا۔
خَلّٰى سَبِيلَه: رہا کرنا، آزاد کرنا۔
خَلَّاهُ عن مَنصِبٍ و غَيرِه تَخلِيَةً: ریٹائر کرنا، علیحدہ کرنا۔
أخلٰى مَكَاناً: جگہ چھوڑنا (۲) وسیع کرنا۔
أخلٰى إنَاءً: برتن خالی کرنا۔
تَخَلّٰى عن: دست بردار ہونا، چھوڑنا، باز رہنا۔
التَّخَلِّي عن العَادَة: عادت چھوڑنا۔
تَخَلِّي عن المَبدَأ: اصول سے ہٹنا۔
التَّخَلِّي عن المُستَوطَنَاتِ الصَّهيُونِيَّة: صہیونی کالونیوں سے دست بردار ہونا۔
التَّخَلِّي عن المَنصِبِ إلٰى فُلان: کسی کے حق میں منصب سے سبکدوش ہونا۔
التَّخَلِّي عن المِنطَقَة: علاقہ سے دست بردار ہونا۔
خَلا، مَا خَلا: سوی، علاوہ۔
خَلَاء: کھلی ہوئی جگہ، زیرِ آسمان (۲) دیہات۔
خَلوَة: علیحدگی۔
خَلوَةُ المَلهٰى: سینما گھر کا علیحدہ کمرہ، بکس۔
اختِلَاء: تنہائی (۲) تنہا ہونا۔
على اختِلَاءٍ: علیحدہ، انفرادی طور پر۔
خَلوِيّ: دیہاتی۔
خَالٍ: (۱) خالی (۲) فارغ، غیر مصروف (۳) آزاد، ناوابستہ۔
خَالٍ مِنْ عَيبٍ: بے عیب۔
خَالٍ مِنَ العَمَل: بیکار۔
خَالٍ مِنَ الغَرَض: بے فائدہ۔
خَالٍ مِنَ العَرَاقِيل: رکاوٹوں سے پاک، بے روک ٹوک۔

مَركَزٌ خَالٍ: خالی جگہ، خالی اسامی۔
خَلِيَّةُ النَّحل ج: خَلِيَّات و خَلَايَا: مکھی کا چھتا، شہد کی مکھی کا گھر۔
إِخْلَاء: جلاوطنی، اخراج، دیس نکالا، انخلاء۔
إِخْلَاءُ المَسْئُولِيَّة: ذمہ داری ختم کرنا۔
(خلی) مِخْلَاةُ الدَّابَّة ج: مَخَالِي: ڈبرہ، گھاس کا تھیلا جو جانور کے گلے میں رہتا ہے۔

خ .... م

خَمِدَ ـُـ خَمْداً و خُمُوْداً: آگ کا ٹھنڈا ہونا، بجھنا، شعلہ کم ہونا، مدھم ہونا۔
أَخْمَدَ أَنْفَاسَهُ: زندگی کا چراغ گل کرنا۔
إِخْمَادُ التَّوتُّر: کشیدگی ختم کرنا۔
إِخْمَادُ الشَّئي: خاتمہ کرنا۔
إِخْمَادُ الصَّوْت: دھیما کرنا، دبانا، بند کرنا۔
إِخْمَادُ النَّار: بجھانا، مدھم کرنا۔
إِخْمَادُ الهِمَّة: حوصلہ پست کرنا۔
خُمُود: خاموشی، جمود، پست ہمتی۔
خُمُوْدُ الصَّوْت: آواز کم ہونا (ن)
خَامِدٌ: خاموش، پست، دھیما، جامد، بے حس وحرکت۔
خَمَرَ ـِـ خَمْراً و خَمَرَ: چھپانا، پوشیدہ کرنا (۲) خمیر بنانا (۳) شراب پلانا۔
خَمِرَ ـَـ خَمَراً عنه: پوشیدہ ہونا۔
خَامَرَه مُخَامَرَةً: شک میں ڈالنا۔ متردد بنانا۔
خَامَرَه شَكٌّ: دل میں شک پیدا ہونا۔
اِخْتِمَار و تَخَمُّر: (۱) خمیر بن جانا (۲) دوپٹا یا اوڑھنی اوڑھنا۔
اِخْتِمَار: پکنا، پکائی، خیال وغیرہ کا پکنا۔
خُمَار: شراب کا نشہ، گھمیر۔
خِمَارٌ ج: أَخْمِرَة و خُمُرٌ و خُمْرٌ: دوپٹا، اوڑھنی۔
خَمْرٌ ج: خُمُوْر: شراب۔
خَمَّارَة: شراب خانہ
خَمَسَ ـِـ خَمْساً: پانچواں حصہ لینا۔
تَخْمِيْس: (۱) پنج گوشہ بنانا (۲) پانچ کے عدد میں ضرب دینا۔
خُمُسٌ ج أَخْمَاس: پانچواں حصہ، 1/5
خَمْسَةُ أَضْعَاف: پانچ گنا۔
خَمْسَةَ عَشَرَ: (برائے مذکر) پندرہ (۱۵)
خَمْسَ عَشْرَةَ: (برائے مونث) پندرہ (۱۵)
خَمْسُوْنَ: پچاس (۵۰)
خُمَاسِيّ: پانچ رکنی، پانچ نفری، پنج گوشہ
___ الزَّوَايَا: پنج گوشہ۔
___ السُّطُوْح: پنج پہلو۔
خُمَاسِيُّ الوَرَقَات: پانچ ورقی
خُمَاسِيُّ الحُرُوْف: پانچ حرفی۔
خَمِيْس (يَوْمُ الخَمِيْس): جمعرات
مُخَمَّس: پانچ رکنی۔
النَّجْمَةُ المُخَمَّسَة: پانچ شاخا تارا
خَمَشَ ـُـ خَمْشًا و خُمُوْشاً: نوچنا، ناخن مارنا، کھسوٹنا۔
خَمِصَ البَطْن ـُـ خُمُوْصاً و خَمِيْصاً: پیٹ کا خالی ہونا۔
خَمِصُ الحَشَى: بھوکا۔
أَخْمَصُ القَدَم: پیر کا تلا۔
خَمَعَ ـَـ خُمُوْعاً: لنگڑا کر چلنا۔
خَمَلَ ذِكْرُه ـُـ خُمُوْلاً: گمنام ہونا۔
خُمُوْل: سستی، کاہلی۔

خَامِلٌ: ڈِل، ست

خَامِلُ الذِّكر: گمنام

خَمِيْلَة ج: خَمَائِل: گھنے درختوں کا مجموعہ، باغ، گھنا باغ۔

خَمَّ البَيتَ ـُ خَماً: جھاڑو دینا۔

مِخَمَّة: جھاڑو۔

خُمُّ ج: خِمَمَة: دڑبہ، مرغیوں کا ٹاپا۔

خَمَّنَ تَخْمِيناً: اندازہ کرنا۔

تَخْمِين: اندازہ، اٹکل، اسٹیمیٹ۔

تَخْمِيْنِيّ: اندازاً، غیر یقینی۔

خ..........ن

خَنِثَ ـَ خَنَثاً و تَخَنَّثَ: ہیجڑا بن جانا۔

خَنِثٌ، مُخَنَّث: ہیجڑا، زنانہ۔

خَنْخَنَة: ناک میں بولنا۔

خَنْدَقَة: خندق کھودنا۔

خَنْزَرة: پتھر توڑنے کا ہتھوڑا۔

خِنَّوصٌ ج: خَنَانِيص: خنزیر کا بچہ م: خِنَّوصَة:

خِنْصِرٌ ج: خَنَاصِر: چھوٹی انگلی۔

خَنَعَ خُنُوعاً: عاجزی وفروتنی کرنا۔

خُنُوع: عاجزی، فروتنی۔

خَنَقَ ـُ خَنقاً و خَنِقَ: گلا گھونٹنا، دم گھونٹنا، سانس روکنا۔

خَنَقَ الرَّايَةَ: پرچم سرنگوں کرنا۔

اِخْتَنَاق و اِنْخَنَاق: گلا گھٹ جانا۔

اِخْتِنَاق و اِنْخِنَاق بِهَوَاءٍ فَاسِدٍ: دم گھٹنا۔

خَنِقٌ: سانس کی بندش۔

خُنَاق: دفتیریا، ایک قسم کی بیماری۔

خِنَاق: گلا گھونٹنی، پھندا۔

ضَيَّقَ الخِنَاقَ تَضْيِيقاً على فُلان: ناطقہ بند کرنا، مشکل پیدا کرنا، جینا دشوار کر دینا۔

تَضَيَّقَ الخِنَاقُ على فلانٍ: جینا دشوار ہونا، ناطقہ بند ہونا۔

اُخْتِنَاق: سانس کی بندش۔

اُخْتِنَاقٌ دَمَوِيّ: خون کی بندش۔

خُنُّ الدَّجَاج ج: أَخْنَان: ڈربہ۔

خَنِيَ ـَ خَنى و اَخْنَى عليه في الكلام: بدکلامی کرنا، بدکلامی سے پیش آنا۔

اَخْنَى عليه الدَّهْرُ: زمانہ دراز ہونا۔

خَنى: کلامِ قبیح۔

خ..........و

خَوَاء: (درخوی)

خَوَاجا، خَوَاجَة: مسٹر، جناب۔

خِوَان: (درخون)۔

خُوجَة: معلم، اسکول ماسٹر۔

خَوخ: آڑو، پلم۔

خَوْرٌ: چھوٹی خلیج۔

خَارَ ـُ البَقَرُ خُوَاراً و خَوْراً: گائے کا بولنا۔

خَارَ عَزْمُه خُؤُوراً: ارادہ کمزور ہوگیا۔

خَارَتْ قُوَّتُه: ہمت پست ہوگئی، طاقت جواب دے گئی۔

خُوَار: گائے کی آواز۔

خَائِرُ العَزْم: پست ہمت۔

خَوَّار: پست ہمت۔

خُوص: کھجور کا پتا۔

أُخوَص: چھوٹی آنکھوں والا۔
خَوَضَ (الماءَ) و خَاضَ و خَوْضاً: پانی میں گھسنا (۲) خطرات میں پڑنا۔
خَاضَ فی الحَدِیْثِ أو المَوْضُوْع: کسی بات یا مسئلہ میں مشغول ہونا۔
خَوْضُ حَرَکَاتِ التَحَرُّرِ الوَطَنِیِّ: قومی تحریکات آزادی میں شامل ہونا۔
الخَوْضُ فی تَفْصِیلاَتِ المَوْضُوْع: موضوع کی تفصیلات میں جانا۔
خَوْضُ القُوَی الثَوْرِیَةِ المعرکَةَ: انقلابی طاقتوں کا لڑائی میں کودنا۔
خَوْضُ النَارِ أو الحَرِیْقِ: آگ میں کودنا۔
خَوْضُ النِضَال: لڑائی میں کودنا۔
خَوَّفَ و أخَافَهُ: ڈرانا، خوف دلانا۔
خَافَهُ ۔ خَوْفًا و تَخَوَّفَ الرَّجُلَ أو الأَمْرَ و منه: ڈرنا۔
تَخَوُّف: اندیشہ، خوف ج: تَخَوُّفَات خَافَ عَلَیْه: ڈر رکھنا، کسی کی جان یا نقصان کا ڈر ہونا، غیر مطمئن ہونا۔
خَوَّاف: ڈرپوک۔
خَائِف: خوف زدہ ج: خُوَّف
خَائِفٌ علٰی شَیْئٍ: غیر مطمئن۔
خَوْفٌ طَاغٍ: زبردست خوف۔
خَوْفًا علی: حفاظت کیلئے۔
إخَافَة و تَخْوِیْف: ڈراوا، دھمکی۔
مُخِیْف: ڈراؤنا، خوفناک۔
خَوَّلَ تَخْوِیْلاً: حق دینا، سپرد کرنا، اختیار دینا، مختار بنانا، دینا، عطا کرنا۔
تَخْوِیلٌ إلی فُلاَنٍ: سپرد کرنا۔
تَخْوِیْلُ حَقٍّ لأَحَدٍ: کسی کو حق دینا، اختیار دینا۔
تَخْوِیْلُ السُّلْطَةِ إلی: اقتدار حوالہ کرنا۔
تَخْوِیْلُ الصَّلاَحِیَات: اختیارات دینا۔
خَالٌ ج أخْوَالٌ: ماموں۔
خَالَة ج: خَالاَت: خالہ۔
خَوَلٌ: غلام، بدیشی۔
خَوَلِیّ: کھیت یا باغ کا چوکیدار۔
خَوَّنَ تَخْوِیْنًا: خائن بنانا۔
خَانَ وخِیَانَةً وخَوْنًا، و مَخَانَةً: خیانت کرنا۔
خَانَ الثِّقَةَ ۔ خیانة: اعتماد کھو بیٹھنا۔
خَانَ النَّاسَ: دھوکہ کرنا، غداری کرنا۔
خَانَ العَهْدَ: عہد شکنی کرنا۔
خَانٌ ج: خَانَات: ہوٹل، سرائے۔
خَانَة ج: خَانَات: کالم، خانہ۔
مَلْؤُ الخَانَات: (ف) خانہ پری کرنا۔
خُوَان ج: خِوَانَات: دسترخوان، میز جس پر کھانا کھایا جائے۔
خِیَانَة: غداری، بدعہدی، عہد شکنی۔
خِیَانَةُ المَبَادِئ: اصول سے انحراف کرنا۔
خِیَانِیّ: غدارانہ۔
خَائِنٌ (ج: خُوَّان وخَوَنَةٌ و خَانَة) و خَؤُوْن و خَوَّان: عہد شکن، غدار۔
خَوِیَ الرَّجُلُ ۔ خَوًی: خالی پیٹ ہونا، بھوکا ہونا۔
خَوًی خَوَاء: بھوک۔
خَاوٍ: خالی۔

خ............ی

خَیَّبَ تَخْیِیبًا: ناکام بنانا، نامراد کرنا۔

___ الأملَ: امید پر پانی پھرنا۔
___ طَلَبَه: درخواست رد کرنا۔
___ مَسْعَاه: کوشش ناکام کرنا۔
خَابَ ـــ خَیبَةً: ناکام ہونا، فیل ہونا۔
خَابَ الأمَلُ: امید پر پانی پھرنا۔
خَیبَةٌ: ناکامی، نامرادی۔
خَیَّر تَخْیِیْرًا: اختیار دینا۔
خَیَّرعلی......: ترجیح دینا۔
خَارَه ـــ خَیراً و خِیراً و خِیرَةً و اخْتَارَه و تَخَیَّره: منتخب کرنا، چھانٹنا، ترجیح دینا۔
خَیرٌ ج: أخْیَارٌ و خُیُوْر: فائدہ، نفع، بھلائی، مال، دولت۔
خُیرات: پیداوار، نعمتیں، فیض، منافع۔
خَیرٌ مِنْ: بہتر، زیادہ بہتر۔
خَیراً، حَسناً: اچھا، ٹھیک ہے، بہتر (جناب) (جواب میں کہا جائے گا)۔
خَیِّرٌ: (۱) بہتر (۲) محسن، بھلائی کرنے والا۔
خَیرِیّ: رفاہی، عام لوگوں کے فائدہ کا۔
خِیَرة و خِیَار: بہتر اور منتخب چیز۔
خِیَار، اختِیَار: انتخاب، اختیار، رضا۔
أختِیَارٌ: رضامندی سے بطیب خاطر۔
اخْتِیَارِیّ: پسند کا۔
مُخْتَار: پسندیدہ، منتخب، انتخاب کردہ مضمون وغیرہ، ڈائجسٹ ج:
مُخْتَارَات:
خَیشٌ: کینولیس، ایک دبیز کپڑا (۲) پٹ سن، جوٹ۔
خَیشَه: خیمہ، بڑا تھیلا، بوری۔

خَیَّطَ تَخْیِیْطاً و خَاطَ الثَّوبَ ـــ خِیَاطَةً: سینا، ٹانکا لگانا۔
خَاطَ الشَّقَّ أو الجُرْحَ: ٹانکا لگانا، سینا، ٹانکے بھرنا۔
خَیطٌ ج خُیُوْط: سوت (۲) دھاگہ۔
خَیطُ الحَزْم: پیکنگ ڈوری۔
خَیَّاطٌ و خَائِط: درزی۔
مِخْیَطَة ج: مَخَایِط: سوئی۔
خِیَاطَة: سلائی، ٹیلرنگ۔
مَکِنَةُ الخِیَاطَة و مَاکِینَةُ الخِیَاطَة: سلائی مشین۔
مَخِیط، مَخْیُوط، مُخَیَّط: سلا ہوا۔
خَیَّفَ عَنْ: منہ پھیرنا، روگردانی کرنا۔
بَنُو أخیَاف: اخیافی بھائی جن کی ماں ایک اور باپ دو ہوں۔
خُیِّلَ إلیه کذَا: اسے ایسا خیال ہوا، اس نے ایسا سمجھا۔
خَالَه ـــ خَیلاً و خَیلاناً: گمان کرنا، خیال کرنا۔
تَخَیَّلَ: تصور کرنا۔
اخْتِیَال و تَخَایُل: اترانا۔
خَیلٌ: گھوڑے (مجازاً) گھوڑے سوار۔
الخَیلُ الاَصَایِل: اصیل گھوڑے۔
خَیلِیّ: گھوڑوں کا۔
خُیَلاء: بڑائی، اتراہٹ۔
خَیَّال: گھوڑا سوار ج: خَیَّالَة:
خَیَال: خیال، تصور، وہم، گمان۔
خَیَالِیّ: وہمی، توہماتی، غیر حقیقی۔
مُخَیِّل: حیران کن، توہم خیز۔

مُخَیِّلَة: قوت تخییلیہ

مُخْتَال: اکڑباز، خودپسند، مغرور

خَیَّمَ تَخْیِیْمًا: خیمہ لگانا، چھاجانا۔

خَیَّمَ عَلَیْهِ الظَّلَامُ أو الجَهْلُ: تاریکی یا جہالت چھاجانا۔

إخَامَةُ الكآبةِ علی: غم کی گھٹا چھاجانا۔

خِیْم: عادت، خصلت۔

خَیَّام: خیمہ ساز۔

خَیْمَة: مؤنث، خیمہ ج: خِیَام و خَیْمَات:

خَام: (ف) خام، ناپختہ، سادہ

خَامَات: ابتدائی میٹریل، غیر صاف شدہ میٹریل، خام مواد، خام اشیاء

مُخَیَّم: خیمہ گاہ، کیمپ ج: مُخَیَّمَات:

د..........أ

دَأَبَ فی کذا ـَـ دَأْباً و دَأَباً و دُؤُوباً: کسی چیز کی عادت ہونا، کسی کام کو ہمیشہ کرنا، تندہی سے کرنا۔

دَأْبٌ، دَأَبٌ: پختہ عادت۔

دَائِبٌ فی کذا: مشغول۔

دَائِل: (مع) گھڑی کا ڈائل۔

دَائِم: (معرب) ڈائم، ایک نقرئی سکہ جو ۱/۱۰ ڈالر کے برابر ہوتا ہے۔

دَایَة: دایہ، بچہ جنانے والی۔

د..........ب

دَبَّ ـِـ دَبّاً و دَبِیباً: (۱) رینگنا (۲) چلنا۔

___ فی الشَّیِٔ: سرایت کرنا، لہر وغیرہ دوڑنا، جاری ہونا۔

___ الشِّقَاقُ أو الخِلافُ بَیْنَهُمْ: ان میں اختلاف نے راہ پائی، اختلاف پیدا ہوا۔

___ فیه الفَسَادُ: بگاڑ پیدا ہوگیا۔

دُبٌّ ج: أَدْبَاب: ریچھ۔

دَبَّابَة ج: دَبَّابَاتٌ: ٹینک (۲) رینگنے والا جانور۔

دَبَّابَاتٌ هُجُومِیَة: حملہ آور ٹینک۔

دَابٌّ: رینگنے والا، سرایت کرنے والا۔

دَابَّة ج: دَوَابُّ: (۱) جانور (۲) مویشی، چوپایہ۔

دُوَیْبَّة: کیڑا۔

دَبَّبَ تَدْبِیباً: مسلح کرنا۔

دَبَجَ ـُـ دَبْجاً و دَبَّجَ: مزین کرنا، خوبصورت بنانا۔

دِیبَاج ج: دَبَابِیج: خالص ریشمی کپڑا۔

دِیبَاجَة: (۱) چہرہ (۲) مقدمہ کتاب، دیباچہ (۳) خط وغیرہ کا تمہیدی مضمون، القاب۔

مُدَبَّج: آراستہ، مزین۔

دَبْدَبَ الحافِرُ دَبْدَبَةً: گھوڑے وغیرہ کی ٹاپ کی آواز پیدا ہونا۔

دَبْدَبَة: قدموں کی آواز، چاپ۔

دَبَّرَ تَدْبِیراً: (۱) مرتب کرنا (۲) تیار کرنا (۳) تدبیر کرنا (۴) حکمت سے کام لینا۔ (۵) مہیا کرنا، پیش کرنا (۶) ایجاد کرنا (۷) انتظام کرنا (۸) بچت کرنا۔

دَبَّرَ الأَمْرَ: تدبیر کرنا، انتظام کرنا۔

دَبَّرَ تُهْمَةً: الزام تراشنا۔

دَبَّرَ خُطَّةً: اسکیم بنانا، منصوبہ بنانا، تدبیر کرنا۔

دَبَّرَ مَكِيْدَةً: چال چلنا۔
دَبَرَ ـُـ دَبْراً و دُبُوراً و أدْبَرَ: پشت پھیرنا، گذر جانا۔
تَدَبَّرَ أمْراً: کسی مسئلہ پر غور کرنا۔
تَدَبَّر فی مَالِه: کفایت شعاری کرنا۔
دُبُرٌ ج: أدْبَار: (۱) مقصد (۲) پتھر توڑنے کا آلہ (مِلْطَاسُ الحِجَارَة):
دَابِر: (۱) ہر چیز کا آخری حصہ (۲) دُم (۳) جڑ، اصل (۴) گزشتہ۔
قَطَعُ دَابِر: جڑ اکھاڑنا، نیست ونابود کرنا۔
تَدْبِير: سیاست (۲) انتظام، مینجمنٹ (۳) نظم ونسق (۴) ایجاد (۵) بچت (۶) کفایت شعاری ج: تَدَابِيْرُ:
تَدْبِيْرُ المنزِل: خانگی نظم ونسق
تَدْبِيرٌ فی المَال: کفایت شعاری کرنا۔
تَدْبِير لِقَاءٍ مَعَ فُلَانٍ: کسی سے ملاقات کرانا۔
تَدْبِيرٌ احْتِيَاطِيٌّ: احتیاطی کارروائی، حفاظتی تدبیر۔
تَدَابِيْرُ آمِنَة: حفاظتی تدابیر۔
التَّدَابِيرُ الحَازِمَة: احتیاطی کارروائی۔
مُدَبَّر: مرتب، منظم، تیار۔
مُدَبِّر: منتظم، کفایت شعار، دانشمند۔ ایڈمنسٹریٹر۔
دِبْس: انگور یا کھجور کا شیرہ۔
دَبُّوس أمَان: سیفٹی پن۔
دَبُّوس إنكِلِيزِيّ: (دا) سیفٹی پن۔
دَبُّوسُ رَسْم: ڈرائنگ پن۔
دَبُّوسُ رَبْطَةِ رَقَبَة: ٹائی پن۔
دَبُّوسُ شَعْر: بالوں کا پن، کلپ۔
دَبُّوسٌ أو مِشْبَكٌ: سینہ کا پن۔
دَبُّوسُ الغَسِيْل، مِشْبَك: کپڑوں کا پن۔
مَدْبَسَة (مِخَدَّةُ الدَّبَابِيْس): پن دان۔
دَبْش: خراب سامان، ردی سامان۔
دَبَغَ الجِلْدَ ـُـ دَبْغًا و دِبَاغاً و دِبَاغَةً: چمڑا (پکا کر) صاف کرنا۔
دَبَّاغُ الجُلُود: چمڑا صاف کرنے والا۔
دِبَاغَةُ الجُلُود: چمڑے کی صفائی۔
مَدْبَغَةُ الجُلُود ج: مَدَابِغ: چمڑا صاف کرنے کا کارخانہ۔
دَبَقَ ـِـ دَبْقًا الطَّيْرَ: پرندے کا دبق کے ذریعے شکار کرنا۔
دَبِقَ بِه ـَـ دَبَقاً: چمٹنا، لگنا، چپکنا۔
تَدْبِيْقٌ: لیس دار بنانا۔
تَـدَبَّـقَ: لاسہ سے شکار ہو جانا۔ (۲) لیس دار ہونا۔
دَبِقٌ: لیس دار، چپکتا ہوا۔
دَبَلَ الأرْضَ ـُـ دَبْلاً: کھاد ڈالنا۔
دُبَلٌ ج: دُبُوْل: طاعون کا پھوڑا۔ پلیگ۔
دَبْلَة ج: دُبَلٌ: ڈھیر، کسی چیز کا حصہ۔
دِبْلَةُ سَاعَةِ الجَيْبِ: جیبی گھڑی کا حلقہ
دُبَالٌ: کھاد۔
الدِّبْلُوم: ڈپلوما۔
الدِّبْلُومَاسِيّ: (كَالسَّفِير أو وَزِيرِ الخَارِجِيَّة): ڈپلومیٹ، فن سفارت کا ماہر، سیاسی۔
دِبلُومَاسِيٌّ مُحْتَرِف: پیشہ ورڈپلومیٹ۔
الدِّبْلُومَاسِيَّة: حکمت عملی، ڈپلومیسی، سرکاری۔

دِبلُوماسِيَّةُ الخَطُوَةِ خَطُوَة: قدم قدم چلنے کی پالیسی، مرحلہ وار حکمت عملی۔
دِبلُوماسِيَّةُ الدُّولَار: ڈالر پالیسی۔
الدِّبلُوماسِيَّةُ السِرِّيَّة: خفیہ حکمت عملی۔
دِبـلُومَاسِيَّةُ المُكُوس: کروڑ گیری پالیسی، ٹیکس پالیسی، ٹول ٹیکس پالیسی۔
دَبی و: دَباة: چھوٹی ٹڈی۔

د..........ث

دَثَ ـُ دَثّاً: مار کر ہٹانا، تکلیف دینا۔
دَثَر ـُ دُثُوراً و اندَثَرَ: مٹنا، نشان اور آثار مٹنا۔
تـدثِيـر: (۱) ڈھانکنا (۲) چادر یا کمبل اڑھانا (۳) مٹانا۔
دِثَار ج: دُثُر: اوپر کا کپڑا، کمبل، بلینکٹ۔
دُثُور و اندِثَار: خاتمہ، زوال۔

د..........ج

دَجَّج بالسِّلَاح: ہتھیاروں سے لیس کرنا۔
دُجَّة: سخت تاریکی۔
دُجَـاجٌ و: دَجَـاجَة: مرغی (۲) مرغی کا بچہ (۳) پالتو پرندے۔
دُجَاجِیّ: مرغی کا (۲) مرغیاں بیچنے والا۔
مُدَجَّج: ہتھیار بند، مسلح۔
دَجِرَ ـَ دَجَراً: حیران ہونا۔
دَيجُور: تاریکی ج: دَيَاجِير و دَيَاجِرُ:
دَجَلَ ـُ دَجلاً: جھوٹ بولنا۔
تَـدجِيل: ملمع کرنا، حقیقت پر پردہ ڈالنا، زمین میں کھاد ڈالنا۔
تَدجِيلٌ علی: دھوکہ دینا۔
تَدجِيل: (۲) جادوگری کا دعویٰ کرنا، کسی کمال و ہنر کا دعویٰ کرنا۔

دَجَّال: جھوٹا، دھوکہ باز۔
دَجَال: سونے کا پانی، ملمع، گوبر۔
دِجلَة: عراق میں واقع مشہور دریا۔
دَجَـن ـُ دُجُونا و دَجناً: مانوس ہونا، پالتو ہونا۔
دَجَنَ و اَدجَنَ اللَّيلُ: رات کا تاریک ہونا۔
دَاجَنَهُ مُدَاجَنَة: ظاہری رواداری برتنا۔
دُجنَة: تاریکی۔
دَاجِنٌ ج: دَوَاجِن: پالتو جانور۔
اَدجَنُ: تاریک تر۔
دُجیٰ، دُجيَة: تاریکی۔
دَجِیٌّ، دَاجٍ: تاریک۔
دَيَاجِي: تاریکیاں۔
دَجَا ـُ دُجُوًّا و دَجوًا: تاریک ہونا۔
دَاجَاه مُدَاجَاة: ظاہری رواداری برتنا۔

د..........ح

دَحدَح: پست قد و موٹا۔
دَحَرَ ـَ دَحراً و دُحُوراً: شکست دینا۔
دَحَرَ الجَيشَ ـَ دَحراً: پیچھے دھکیلنا۔
مَدحُور: مغلوب و شکست خوردہ۔
اندِحَار: خاتمہ، زوال۔
دَحرَجَة: لڑھکانا۔
تَدَحرَج: لڑھکنا۔
دَحِسَ ـَ دَحساً: انگلی کا ورم آلود ہونا۔
دَحَضَ ـَ دَحضاً و اَدحَضَ: باطل کرنا، دلیل توڑنا، ختم کرنا، مٹانا، بے اثر کر دینا۔
دَحَضَ الاعتِقَادَ بكَذا ـَ دَحضاً: کسی خیال کی تردید کرنا۔
دَحضٌ: خاتمہ ابطال

لایُدحَض: نا قابل ابطال۔

د............خ

دَخَلَ ــُــ دُخُولاً: دخل ہونا، اندر جانا (۲) شروع ہونا۔

ــــ فی کَذا: شامل ہونا، شریک ہونا۔

ــــ فی خُصُومَۃ: لڑائی شروع کرنا۔

ــــ علیه: آنا، جانا (کسی کے پاس)

ــــ علی زَوْجَتِه: ہم بستری کرنا۔

دَخَلَه و دَاخَلَهٗ شَکٌّ: دل میں شک ہونا۔

دُخِلَ فی عَقْلِه: دماغ میں خرابی آنا۔

دَخَّلَ و أَدْخَلَ: داخل کرنا (۲) اندر آنے دینا۔ (۳) اندر لے جانا۔

تَدَخُّلٌ: مداخلت۔

التَدَخُلُ الأَجْنَبِیُّ فی شُئُونِ فُلان: کسی کے معاملات میں غیر ملکی مداخلت۔

التَدَخُلُ السَّافِرُ: کھلی مداخلت۔

التَدَخُلُ العَسْکَری: فوجی مداخلت

تَدَخُّلٌ فی......: دخل دینا، آڑے آنا۔

التَدَخُلُ فی الاختِصَاصَاتِ: اختیارات میں ٹانگ اڑانا۔

التَدَخُلُ فی عَمَلِیَّۃِ عَسْکَرِیَۃ: فوجی کارروائی میں حصہ لینا۔

تَدَاخُل: خلط ملط ہونا، ایک کڑی کا دوسری میں ملنا۔

تَدَاخَلَ بَیْنَهُمْ: مداخلت کرنا، دخل دینا۔

دَاخَلَ الشَّیٔ مُدَاخَلَۃً: راز معلوم کرنا، اندرونی بات معلوم کرنا۔

دَخْلٌ اِثْم: آمدنی (۲) اثر (۳) شک وشبہ۔

دَخْلٌ تَقْدِیرِیٌّ: متوقع آمدنی۔

دَخْلٌ حَقِیقِیٌّ: واقعی آمدنی۔

دَخْلٌ سَنَوِیٌّ: سالانہ آمدنی۔

دَخْلٌ شَھْرِیٌّ: ماہانہ آمدنی۔

دَخْلُ الفَرْدِ: فی کس آمدنی۔

دَخْلٌ قَوْمِیٌّ: قومی آمدنی۔

دَخْلٌ مَزْرَعِیٌّ: کاشت کی آمدنی۔

دَخْلٌ مَقْبُوضٌ مُقَدَّماً: پیشگی لی ہوئی آمدنی۔

دَخْلٌ نَقْدِیٌّ: نقدی آمدنی۔

دَخْلٌ و خَرْجٌ: آمدوخرچ۔

دَخْلٌ، دَخَلٌ: عقل کی خرابی۔

لدُخُولُ بأحَدِ الی مَعْرَکَۃِ الانتِخاب: کسی کو الیکشن میں کھڑا کرنا۔

دُخُولُ الحَرْب بِجَانِبِ أَحَدٍ: کسی کی حمایت میں جنگ میں شامل ہونا۔

الدُخُولُ فی التَفْصِیلاتِ: تفصیلات میں جانا۔

الدُخُولُ فی القَاعَۃ: ہال میں داخلہ۔

الدُخُولُ فی قاعۃ المؤتمر: کانفرنس ہال میں داخلہ۔

الدُخُولُ فی الْمُفاوَضَاتِ: مذاکرات میں شریک ہونا۔

الدُخُولُ فی المُنَاقَصَۃ: ٹینڈر داخل کرنا۔

دُخُولُ مَعْرَکَۃ: جنگ میں الجھنا۔

دُخُولُ مَعْرَکَۃ الانتِخاب: انتخابی مہم میں لگنا، انتخابی معرکہ میں لگنا۔

دَخِیْلٌ: خازن، اجنبی، غیر ملکی، بدیسی ج: دُخَلاءُ:

دَاءٌ دَخِیلٌ: اندرونی بیماری۔

دَخِيلَةُ الـمَـرء ج: دَخَـائِل: نیت، دل کی بات، مخفی بات، راز۔
دَخَائِلُ الأمُوْر: مخفی پہلو، مخفی امور۔
دَاخِلُ الشئ: اندرونی حصہ۔
دَاخِلاً: اندر، اندر کی جانب۔
دَاخِل: اندر، اندرونی (۲) خصوصی۔
دَاخِـلَ ظَـرْفٍ مَـخْتُوم بالشَّمع الأحْـمَـر: لاک کی مہر لگے ہوئے لفافہ کے اندر۔
دَاخِلِيّ: اندرونی، خانہ ساز
دَاخِلِيَّةُ البِلاد: ملک کا اندرونی معاملہ، اِن لینڈ۔
مَدْرَسَةٌ دَاخِلِيَّة: بورڈنگ اسکول
مُشَاغَبَاتٌ دَاخِلِيَّة: ملکی ہنگامے
وِزَارَةُ الدَّاخِلِيَّة: وزارت داخلہ۔
دَاخِلِيّاً: اندرونی طور پر۔
إدْخَال: ایڈیشن۔
إدْخَالُ التَّحْسِيْنَات: اصلاحات کرنا۔
إدْخَالُ التَّعْدِيْلات: اصلاحات کرنا۔
إدْخَالٌ فی الـفَـاتُورَة: بل میں شامل کرنا۔
تَدَاخُل، تَدَخُّل: دخل اندازی
مُتَدَاخِـلٌ فِيْـهِـمَـا لايَعْنِيْـه: غیر متعلق باتوں میں مداخلت کرنے والا۔
مَدْخَل ج: مَدَاخِل (ضد مَخْرَج): داخلہ کا دروازہ، گیٹ۔
مَدْخَلٌ: انٹری۔
المَدْخَلُ التَّارِيْخِيّ: تاریخی موڑ۔
مَدْخُوْل: (۱) آمدنی (۲) پیداوار

دَخَنَ الشئ ـُ دَخَنًا و دَخْنًا و دُخُوْنًا و دَخَّـنَ: کسی چیز میں دھواں ہونا، دھوئیں کی بو آنا۔
دَخَنَتِ النَّارُ و دَخَّنَتْ: آگ سے دھواں نکلنا۔
دَخَّنَ تَدْخِيناً: دھواں چھوڑنا۔
دَخَّنَ التَّبغ: تمباکو پینا۔
دَخَّنَ الشِّيْشَة: حقہ پینا۔
دَخَّنَ السِّيْجَارَة: سگریٹ پینا۔
دَخَنٌ، دُخَان، دُخَّانٌ: دھواں، بھاپ (۲) تمباکو ج: أدْخِنَة و دَوَاخِن:
دَاخِنَةٌ، مَدْخَنَة: دھواں نکلنے کی چمنی جو انجن یا مل وغیرہ میں ہوتی ہے۔
دُخْنَة: دھوئیں کا رنگ۔
دَخَاخِنِي: (۱) تمباکو اور اس کے لوازمات فروخت کرنے والا، پان بیڑی سگریٹ والا۔
دَاخِن، مُدْخِنٌ: دھوئیں دار
مِدْخَنُ التَّبغ: سگریٹ پائپ
مَدْخَنَة: چمنی۔
تَدْخِيْن: تمباکو نوشی۔
مُدَخِّنُ التَّبغ: تمباکو نوش۔

د............و

دَدَنٌ: کھیل کود۔
دَيْدَن: عادت، طریقہ۔

د............ر

دَرَأَ ـَ دَرْأً و دَرْأَةً: (۱) ہٹانا، زائل کرنا (۲) دھکا دینا، رفع کرنا۔
دَرَابْزُوْن: ریلنگ۔
دَرَّبَـه عـلـى كَذا تَدْرِيْباً: ٹریننگ دینا، مشق

کرانا، تربیت دینا۔
دَرِبَ ــ دَرَبًا و تَدَرَّب علی كَذا: مشق کرنا، عادی ہونا، مشاق ہونا۔
دَرْبٌ ج: دُرُوْبٌ: راستہ، گلی، پہاڑی راستہ۔
دُرُوْبُ الفِدَاء: فداکاری وجانثاری کی راہیں۔
دُرْبَة: مشق، تجربہ، عادت، مہارت
تَدْرِيْب: ٹریننگ، تربیت، مشق کرانا۔
تَدْرِيْبٌ اَثْنَاءَ الخِدْمَة: دوران ملازمت ٹریننگ۔
تَدْرِيْبٌ بِدَائِيّ: ابتدائی ٹریننگ۔
تَدْرِيْبٌ جِسْمَانِيّ: ایکسرسائز، ورزش۔
تَدْرِيْبٌ رَاقٍ: اعلیٰ تربیت۔
تَدْرِيْبٌ رَسْمِيٌّ فی مَجَالٍ: کسی سلسلہ کی باقاعدہ ٹریننگ۔
التَّدْرِيْب علی اَعْمَالِ تَصْلِيْحِ السَّيَّارة: موٹر کی درستگی کے کاموں کی ٹریننگ۔
تَدْرِيْبٌ علی الاَعْمَالِ المَكْتَبِيَّة: دفتری امور کی ٹریننگ۔
التَّدْرِيْبُ علی العَمَلِيَّاتِ التِّجَارِيَّة: کاروباری ٹریننگ۔
التَّدْرِيْبُ اليَوْمِيّ: یومیہ پریڈ، روزانہ کی پریڈ۔
مُدَرَّبٌ، مُتَدَرِّب: ٹرینڈ، مشق کیا ہوا، تربیت یافتہ۔
مُدَرِّب: تربیت دینے والا۔
دَرَجَ ــ دُرُوْجًا و دَرَجًا، و دَرَجَانًا: (۱) چلنا، آہستہ چلنا (۲) سیڑھی پر چڑھنا، (۳) رائج ہونا، پھیلنا (۴) ہلاک ہونا۔
دَرِجَ ــ دَرَجًا: ترقی کرنا، رتبہ حاصل کرنا
دَرَجَ و دَرَّجَ: لپیٹنا، طے کرنا۔
دَرَّجَ إلی: قریب کرنا۔
دَرَّجَ: سیڑھیاں بنانا، درجوں پر تقسیم کرنا۔
تَدَرُّجٌ فی السَّيْرِ: آہستہ چلنا۔
أَدْرَجَ فی كَذا: شامل کرنا، درج کرنا۔
اِنْدَرَجَ فِی كَذا: شامل ہونا۔
اِسْتَدْرَجَهُ إلی: بتدریج آگے بڑھانا، ترقی دینا۔
اسْتَدْرَاجُ أحَدٍ: ڈھیل دینا۔
دَرْجٌ: (۱) کاغذ وغیرہ کا رول، گولا، (۲) کتاب یا کاغذ کی تہہ۔
دَرَجٌ ج: أدْرَاج: راستہ
ذَهَبَ أدْرَاجَ الرِّيَاح: وہ ہواؤں میں گم ہوگیا، فنا ہوگیا، ضائع ہوگیا۔
رَجَعَ أدْرَاجَه: وہ جہاں سے چلا تھا وہیں لوٹ آیا۔
دُرْجٌ ج: أدْرَاجٌ و دِرَجَةٌ: میز کی دراز، خانہ، سنگاردان۔
دَرَجَة ج: دَرَجَات: سیڑھی (۲) رتبہ، مقدار (۳) ڈگری، گریڈ، درجہ (۴) مرحلہ، حالت (۵) کلاس (۶) نمبر (۷) اسٹیج۔
دَرَجَةُ السَّيْرِ أو التَّقَدُّم: رفتارِ ترقی
الدَّرَجَةُ الأولیٰ: اپر کلاس، فرسٹ کلاس، نمبر اول۔
الدَّرَجَةُ الثَّانِيَة: سیکنڈ کلاس۔
دَرَجَةُ الحَرَارَة: ٹمپریچر۔
دَرَجَةُ الدُّكْتُوراه: ڈاکٹریٹ، ڈاکٹریٹ کی ڈگری۔
دَرَجَةٌ عِلْمِيَّة: ڈگری۔
الدَّرَجَةُ القَمَرِيَّة: کیبن کلاس۔

الدَّرجَةُ المُمتَازَة: فرسٹ کلاس، فرسٹ
دُرَّاجٌ و: دُرَّاجَة: تیتر۔
دَرَّاجَة: سائیکل۔
دَرَّاجَةٌ نَارِيَّة: موٹر سائیکل۔
دَرَّاجَةٌ نَارِيَّة مُنخَفِضَة: اسکوٹر
دَرَّاجَةٌ هَوَائِيَّة: بائسکل
دَارِجٌ: رائج، مستعمل، معمول بہ، فیشن ایبل۔
طِفلٌ دَارِج: پیروں چلنے والا بچہ۔
تَـدرِيـج: درجہ بندی، گریڈ بندی، درجہ بدرجہ کرنا۔
تَدرِيجاً، تَـدرِيـجِيّاً، بِالتَّدرِيج: آہستہ آہستہ، رفتہ رفتہ، بتدریج، ایک ایک قدم۔
مَـدرَجٌ ج: مَـدَارِج: راستہ (۲) رن وے (Runway)
مَدرَجُ الطَّائِرَات: رن وے، ہوائی اڈے کی وہ سڑک جس پر ہوائی جہاز دوڑتا ہے۔
مَدرَجٌ رُومَانِي: سرکس۔
دَرِدَ ـ دَرَداً: دانت ٹوٹ جانا، بے دانت کا ہونا۔ (۲) غضبناک ہونا۔
دُردِيٌّ: تلچھٹ۔
دَردَبِيس: بڑھیا۔
(درر) دَرَّ الحَلِيبُ و العَرَقُ و البَولُ ـِ دَرّاً: بہنا، جاری ہونا۔
دَرٌّ ج: دُرُور: (۱) دودھ (۲) خیر کثیر، دولت (۳) خوبی، کمال (۴) فیضان۔
دَرَّ الحَيَوَانُ ـُ دَرّاً: تھن میں دودھ زیادہ ہونا۔

أَدَرَّ و استَدَرَّ: بہانا۔
دُرَّةٌ ج: دُرَر: موتی (۲) زیور۔
كَوكَبٌ دُرِّيٌّ: چمکدار ستارہ۔
دِرَّة: (۱) تھن (۲) دودھ۔
مُدِرٌّ لِلبَول: پیشاب لانے والا، پیشاب آور۔
مُدِرٌّ لِلعَرَق: پسینہ لانے والا۔
مُدِرٌّ لِلحَلِيب: دودھ بڑھانے والا۔
مِدرَار: بہت بہنے والا۔
دَرَزَ ـ دَرزاً: باریک سلائی کرنا، بخیہ کرنا (۲) زخم میں ٹانکا لگانا۔
دَرزٌ ج: دُرُوز: کپڑے کی سیون۔
دَرزَة: ایک ٹانکا۔
تَدرِيزُ الجُرُوح: زخموں کی سلائی۔
دَرَسَ ـُ دَرساً: مٹانا۔
دَرَسَ دُرُوساً: مٹنا (۲) بوسیدہ ہونا۔
دَرَسَ دِرَاسَةً: کتاب یا کسی علم کا مطالعہ کرنا، غور وخوض کرنا۔
دَرَسَ الغَلَّةَ ـُ دَرساً: غلہ گاہنا۔
دَرَّسَ و أَدرَسَ: پڑھانا، درس دینا۔
اِندِرَاس: مٹ جانا، بے نشان ہونا
دَرسٌ ج: دُرُوس: سبق
دَرسٌ: إِضَافِيّ: اضافی سبق، زائد سبق۔
دَارِسٌ: مطالعہ کنندہ، ریسرچ اسکالر
دَرسٌ، دِرَاسَة: اسٹڈی، مطالعہ، معاینہ، غور وخوض، تعلیم۔
الدِّرَاسَةُ الابتِدَائِيَّة: ابتدائی تعلیم
دِرَاسَةٌ استِطلَاعِيَّة: معلوماتی مطالعہ
دِرَاسَةُ اقتِصَادِيَّاتِ المَشرُوع: مالی

پہلوؤں پر غور کرنا۔
دِراسَۃٌ ثانوِیَۃ: ثانوی (سکینڈری) تعلیم۔
دِرَاسَۃٌ جادّۃ: سنجیدہ غور، مطالعہ۔
دِرَاسَۃُ الحُقُوق: لا پڑھنا، قانونی تعلیم
دِرَاسَۃٌ مُعَمَّقَۃ: گہری معلومات، گہرا مطالعہ
دِرَاسَۃٌ مُنتظِمَۃ: باضابطہ تعلیم۔
دِرَاسَۃ المِیزَانِیَۃ: بجٹ پر غور۔
دِرَاسَۃٌ نَقدِیَۃ: تنقیدی جائزہ تنقیدی مطالعہ
دِرَاسَاتٌ: معلومات، مطالبات، تحقیقات و: دِراسۃ
دِرَاساتٌ دَقِیقَۃ: گہرا مطالعہ، مکمل تحقیقات
دِرَاسَاتٌ عُلیَا: اعلیٰ تعلیم۔
دِرَاسَۃٌ وَافِیَۃ: مکمل مطالعہ، مکمل تحقیق۔
دِرَاسِیٌّ: تعلیمی۔
دَرَّاسَۃ: نورج، غلہ گاہنے کی مشین۔
دِرِسْوَار: (معرب) ڈریسر، مرہم پٹی کرنیوالا
دَرِیْسٌ: پرانا، بوسیدہ۔
مُدَرِّس: ماسٹر، ٹیچر، استاد
مُدَرِّسٌ مُعَارٌ: عارضی مدرس۔
مُدَرِّسَۃ: استانی، لیڈی ٹیچر۔
مَدْرَسَۃ ج: مَدَارِس: اسکول، تعلیم گاہ، درس گاہ، مدرسہ۔
مَدْرَسَۃٌ جامِعَۃ: یونیورسٹی
مَدْرَسَۃٌ عالِیَۃ: کالج، ہائی سکول، سینئر سیکنڈری سکول
مَدْرَسَۃٌ اِبتِدَائِیَۃ: پرائمری اسکول
مَدْرَسَۃٌ ثَانَوِیَۃ: ہائی اسکول، سیکنڈری اسکول۔
المَدْرَسَۃُ العَامَّۃ: پبلک اسکول

مَدْرَسَۃٌ فِکْرِیَۃ: مکتبہ فکر۔
مَدْرَسَۃٌ کُلِیَّۃ: کالج
مَدْرَسَۃٌ مَجَّانِیَۃ: کامن اسکول، مفت تعلیم کا اسکول۔
مَدْرَسَۃُ المُعَلِّمِین: استادوں کی تربیت کا مدرسہ، ٹریننگ اسکول۔
المَدْرَسۃُ المِهنِیَّۃ: ٹریننگ اسکول۔
مَدْرَسَۃُ البَنَات: گرلز اسکول۔
مَدْرَسَۃٌ دَاخِلِیَۃ: بورڈنگ اسکول۔
مَدْرَسَۃٌ تَجْهِیزِیَۃ: تیاری کا اسکول، وہ اسکول جو لڑکوں کو کسی بڑے اسکول کے لیے تیار کرے۔
مَدَارِسُ أهلِیَۃ: پرائیویٹ مدارس
أیَّامُ الدِّرَاسَۃ: زمانۂ تعلیم۔
رَفِیقُ المَدْرَسَۃ: اسکول کا ساتھی۔
نَاظِرُ المَدْرَسَۃ: ہیڈ ماسٹر، پرنسپل، مہتمم۔
مَدْرَسِیّ: اسکول کا، درسی۔
کِتَابٌ مَدْرَسِیٌّ: درسی کتاب، کلاس بک۔
دَرَّعَہ تَدْرِیعاً: زرہ پہنانا، زرہ پوش بنانا، زرہ پوش کرنا۔
دِرْعٌ ج: دُرُوْعٌ: زرہ
دِرْعُ الأمَّۃ: قوم کا پشتیبان، قوم کا محافظ، قوم کے لیے ڈھال۔
دَارِعٌ، مُدَرَّع: زرہ پوش۔
سَیَّارَۃٌ مُدَرَّعَۃ: زرہ پوش موٹر۔
دَرَف: جانب، سایہ۔
دَرْفَۃ: دروازہ یا کھڑکی کا پٹ۔

دَرَقَةٌ ج: دَرَق: چمڑے کی ڈھال۔
دَرَّاقٌ، دُرَّاقِن: شفتالو۔
دَوْرَقٌ ج: دَوَارِق: صراحی، صراحی نما
دَرَكَ المطرُ: بارش کا لگاتار برسنا۔
دَارَكَه مُدَارَكَةً: لاحق ہونا، تابع ہونا۔
أدرَكَ الثَّمرُ: پھل پک جانا۔
أدرَكَ: (۱) پالینا (۲) لاحق ہونا (۳) سمجھنا (۴) کنہ کو پہنچنا (۵) بالغ ہونا۔
لا يُدرَكَ: نا قابلِ ادراک، نا قابل فہم، نا قابل حصول۔
القِطَارُ لا يُدرَكُ الآنَ: ریل اب نہیں ملے گی۔
اِستِدرَاك: تدارک کرنا، تلافی کرنا (۲) تلافی مافات، تصحیح کلام سابق۔
اِستَدرَكَ عَلَيه: کلام سابق سے مفہوم غلطی کا ازالہ۔
تَدَارَكَ الأمرَ: درست کرنا۔
تَدَارَكَ مَافَاتَه: گزشتہ کی تلافی کرنا۔
تَدَارَكَ: باہم ملنا، لاحق ہونا۔
دَرَكٌ: (۱) حصول، پکڑ (۲) تہہ، تلی
دَرَكُ الخَفِيرِ والبُولِيس: چوکیدار اور پولس کا دائرہ کار۔
إدرَاك: حصول، بلوغ، فہم، علم، عقل، پختگی، سوجھ بوجھ۔
إدرَاكُ الأُمنِيَةِ: اُمید بر آنا۔
مُدرِكٌ: عاقل، بالغ، پختہ۔
مَدَارِكُ الإنسَان: عقل وشعور
دَرِمَ ـــ دَرَمًا: دانت ٹوٹ جانا، بے دانت کا ہونا۔

دَرَّمَ أظَافِرَه: (کاٹنے کے بعد) ناخن ہموار کرنا۔
دِرَامَا: ڈرامہ۔
دَرِنَ ـــ دَرَنًا و أدرَنَ: میلا ہونا۔
إدرَانُ الشَّيءِ: میلا ہونا، ناصاف ہونا۔
دَرَنٌ ج: أدرَانٌ: میل کچیل
دِرهَمٌ ج: دَرَاهِمُ: ۱۲/۱اُوقیہ، ۳،۱۲ گرام (۲) روپیہ، نقدی، کیش۔
دَرْوِيش: زاہد و پرہیزگار۔
دَرَى الأمرَ وبه ـــ دِرَايَةً و دَرْيًا، و دَرَيَانًا: جاننا، واقفیت حاصل کرنا، علم حاصل کرنا۔
أدرَاهُ إدرَاءً: جتانا، واقفیت کرانا۔
دَارَاهُ مُدَارَاةً: دل جوئی کرنا، خاطر داری کرنا، نرمی کا برتاؤ کرنا۔
دِرَايَة: علم، واقفیت۔
دَارٍ بالأمرِ: واقف کار۔
مِدرَاة، مِدرًى (مُشطٌ): کنگھا

د............ز

دَزِينَة: درجن، دستہ۔

د............س

دَسَّ: (دردس)
دِسبِبسِيَا: (مع) ڈسپپسیا، ضعف معدہ ۰
دَستٌ ج: دُسُوت: (۱) مجلس (۲) بازی شطرنج (۳) فریب، چال (۴) درانتی۔
دَستُ الوِزَارَة: کیبنٹ، مجلس وزراء۔
دَستَة: (۱) درجن (۱۲)
دَستَان: دوڑی، تلی، تانت۔
دَستَةُ وَرَقِ اللَّعِب: تاش کا پیکٹ
دُستُورٌ ج. دَسَاتِير: (۱) قانون، آئین،

طریقہ عمل (۲) بنیادی نظام (۳) نظام حکومت۔

دُسْتُورٌ اَسَاسِیٌّ: دستور اساسی، بنیادی ضابطہ۔

الدُّسْتُورُ المُسْتَفْتَیٰ علیه: وہ آئین جس پر رائے شماری کی جائے۔

دُسْتُورِیٌّ: باضابطہ، قانونی، آئینی، دستوری

دَسَرَہ ـُ دَسْرًا: ہٹانا، دفع کرنا، دھکیلنا، چلانا۔

دَسَّ دَسَّ ـُ دَسًّا: چھپانا (۲) داخل کرنا (۳) دھنسانا۔

دَسَّ و علیہ: فریب دینا، کسی کے خلاف سازش کرنا۔

دَسَّ الدَّسَائِسَ: پرفریب چالیں چلنا، سازشیں کرنا۔

اِنْدَسَّ فی: دھنس جانا۔

اِنْدَسَّ بَیْنَهُمْ: گھس جانا، داخل ہو جانا۔

دَسَّاسٌ: فریب کار، چالباز۔

دَسِیْسَة ج: دَسَائِسُ: چال، فریب، مکاری، خفیہ عداوت۔

دَسْکَرَة: چھوٹا گاؤں ج: دَسَاکِر

دَسِمَ ـَ دَسَمًا و: دُسُومَةً: چربی دار چکنا ہونا۔

دَسم تَدسیمًا: چربی دار بنانا، چربی ڈالنا۔

دَسَمٌ و دُسُومَةٌ: چکناہٹ، چربی۔

د.............ش

دَشَّ القَمحَ وغیرہ ـُ دَشًّا: گیہوں وغیرہ کو دلنا، پیسنا۔

دُش: فوارہ دار غسل خانہ۔

تَدْشِیْن: افتتاح، آغاز۔

تَدْشِیْنُ السَّفِیْنَة: جہاز کا افتتاح، پہلی بار جہاز کو پانی میں اتارنا۔

د.............ع

دَعَبَ ـَ دَعْبًا و دَعَابَةً و دَاعِبَة: ہنسی مذاق کرنا، چھیڑ چھاڑ کرنا، دل لگی کرنا، خوش طبعی کرنا۔

دُعَابَة، مُدَاعَبَة: خوش طبعی، دل لگی۔

دَعَرَ ـَ دَعَارَةً: بدکار ہونا۔

دَعِرَ ـَ دَعَرًا: بوسیدہ ہونا۔

دَعَرٌ، دِعَارَة: بدکاری، آوارگی، زنا کاری۔

دَعِرٌ، دَاعِرٌ: بدکار، بدفعل۔

دَعَسَ ـَ دَعْسًا: روندنا (۲) برتن کو بھرنا۔

دَعَکَ ـَ دَعْکًا: (۱) ملنا (۲) رگڑنا (۳) صاف کرنا (۴) ملائم بنانا۔

دَعَمَ ـَ دَعْمًا و دَعَّمَ: (۱) سہارا دینا (۲) مضبوط و مستحکم بنانا (۳) فروغ دینا (۴) سپورٹ، امداد، تعاون، اعانت۔

دَعْمُ الأسْعَار: نرخوں میں استحکام پیدا کرنا۔

دَعْمُ التَّعَاوُن: تعاون بڑھانا۔

دَعْمُ الجُهُود: کوششوں کو آگے بڑھانا

دَعْمٌ حُکُومِیٌّ: سرکاری امداد۔

دَعْمٌ زِرَاعِیٌّ: زرعی بڑھاوا۔

دَعْمُ سُلْطَة: اقتدار کو پختہ کرنا۔

دَعْمُ الصُّنْدُوق: فنڈ کو بڑھانا۔

دَعْمُ العَلاقَةِ بَیْنَ البَلَدَیْن: دو ملکوں کے تعلقات کو مضبوط بنانا۔

دَعْمُ القُوَّةِ العَسْکَرِیَّة: فوجی طاقت بڑھانا۔

دَعْمٌ مَالِیٌّ: مالی امداد۔

دَعْمٌ مَعْنَوِیّ: اخلاقی امداد۔
دَعْمُ المَوْقِف: پوزیشن مضبوط کرنا۔
تَـدَعُّـمُ الإرَادَة: عزائم میں استحکام پیدا ہونا۔
تَـدْعِـيم: مضبوط بنانا، مستحکم بنانا، ترقی دینا، استوار کرنا۔
تَدْعِيمُ الاقْتِصَاد: اقتصادی حالات مضبوط بنانا۔
تَدْعِيمُ القُوَّات: فوجوں کو مضبوط بنانا۔
تَدْعِيمُ الوَحْدَة: اتحاد کو مضبوط بنانا۔
دِعَـامَة: سہارا، ستون، وہ لکڑی جس پر چھپر وغیرہ رکھا جائے، پلر ج: دَعَائِم:
دِعَامَةُ القَوْم ج: دَعَائِم: سردار۔
إدَّعَـمُ على: سہارا لینا، بھروسہ کرنا، ٹیک لگانا۔
دَعَاه ـــُ دُعَاءً: پکارنا، بلانا، درخواست کرنا (۲) نام دینا، نام رکھنا۔
دَعَى لَهُ: بہتری کی دعا کرنا
دَعَى عَلَيْه أوبِالشَّرِّ: بددعا کرنا۔
دَعَــاه إلَـى شَيْءٍ: محرک بننا، سبب بننا، آمادہ کرنا، دعوت دینا، اپیل کرنا۔
دَعَاه إلى وَلِيمَةٍ: کھانے پر مدعو کرنا۔
دَعَــاه إلَــى المُبارَزَة: چیلنج کرنا، مقابلہ کی دعوت دینا۔
دَعَاه إلى النِزَال: چیلنج کرنا۔
دَاعَـاهُ مُدَاعَـاةً: مقدمہ چلانا، نالش کرنا (۲) لڑائی کرنا، حجت بازی کرنا
اِدَّعَى الأمْرَ: دعویٰ کرنا، زعم کرنا۔
اِدَّعَى بكذا: کسی بات کا مظاہرہ کرنا

اِدَّعَى عليه بِكَذَا: الزام لگانا۔
اِدَّعَـى علـيهِ كَذِباً: کسی کے خلاف جھوٹ گھڑنا۔
اِسْتَـدْعَى: بلانا، طلب کرنا، منگانا، درخواست کرنا (۲) طلبی۔
اسْتِـدْعَـاءُ الشَّيْءُ لِلإعْجَاب: باعث تعجب ہونا۔
اسْتَدْعَى الأمْرُ: صورت حال مقتضی ہوئی
اسْتُدْعَى إلى المَحْكَمَة: حاضر عدالت کیا۔
تَدَاعَى: شکستہ ہونا، گرنے کے قریب ہونا، روبہ زوال ہونا، گرنا، منہدم ہونا، متوجہ ہونا، باہم متفق و آمادہ ہونا۔
اِدِّعَاء: زعم، خیال، اظہار، الزام، دعوی
الادِّعَاءُ بِكَذَا: کسی بات کا مظاہرہ کرنا
اِدِّعَاءُ المَرَض: بیماری کا بہانہ۔
دَعْوَةٌ و دُعَاء: ندا، پکار، بلاوا، طلب، فرمائش، درخواست۔
نَشْرُ الدَّعْوَة: پروپیگنڈا کرنا۔
دَعَوَات: نعرے
دَعْوَة: دعوت، مشن، پیغام۔
الدَّعْوَةُ إلى الاجْتِمَاع: میٹنگ بلانا۔
الدَّعْوَةُ إلى الإضْرَابِ العَامّ: عام ہڑتال کی دعوت دینا۔
الـدَّعْوَة إلىٰ تكثيف النِضَال: لڑائی میں زور پیدا کرنے کی دعوت دینا۔
الدَّعْوَةُ إلى المُبارَزَة: مقابلہ کی دعوت دینا۔
الـدَّعْوَةُ إلى المُجَازَفَة: جانبازی کی دعوت دینا۔
دَعْوَةٌ إلى مُؤْتَمَرٍ: کانفرنس بلانا۔

دَعْوَةٌ إلى نِضَالٍ: لڑائی کیلئے آمادہ کرنا۔
دَعْوَةُ جَمْعِيَّةٍ إلَى الانْعِقَاد: کنونشن بلانا۔
دَعْوَةُ المَجْلِسِ لِلِاِصْدَارِ القَرَار: قرارداد پاس کرنے کے لیے مجلس بلانا۔
دَعَوِيّ: دعوتی، اصلاحی۔
دَعْوى: کیس، دعویٰ، مقدمہ ج دَعَاوَى ودَعَاوٍ:
الدَّعْوىَ المَدَنِيَّة: سول ایکشن۔
دَعِيٌّ، مُدَّعٍ: دعویدار
دَاعٍ، دَاعِيَة: مبلغ، کسی امر عظیم کی طرف دعوت دینے والا، داعی (۲) محرک، جذبہ، سبب (۳) کنوینر ج: دُعَاةٌ و دَوَاعٍ:
دَاعٍ إنْسَانِيّ: جذبہ انسانیت۔
الدَّاعِيَةُ إلى حُرِّيَّةِ التِّجَارَة: آزادی تجارت کا داعی۔
الدَّوَاعِي المُلِحَّة: زبردست محرکات۔
دُعَاةُ الإصْلَاح: اصلاح پسند لوگ۔
دُعَاةُ الحَرْب: جنگ پسند لوگ۔
المَدْعُوّ: مسمّی۔
المَدْعُوُّ بفلان: مسمّی فلاں۔
المَدْعُوُّ بفُلان: مسمّی فلاں۔
المَدْعُوُّونَ إلى العَشَاءِ: ڈنر پارٹی کے مدعوین۔
دِعَايَة و دَعَاوَة: پروپیگنڈا۔
دِعَايَة انْتِخَابِيَّة: انتخابی پروپیگنڈا۔
الدِّعَايَةُ الضَّالَّة: غلط پروپیگنڈا۔
الدِّعَايَةُ العَالَمِيَّة: بین الاقوامی پروپیگنڈہ۔
دِعَايَة مُضَلِّلَة: گمراہ کن پروپیگنڈہ۔
دِعَايَة مُعَاوِيَة لِلثَّوْرَة: انقلاب مخالف پروپیگنڈہ۔
دِعَايَة مُضَادَّةٌ لِلحُكُومَة: حکومت مخالف پروپیگنڈہ۔
مُدَّعٍ: دعویدار (۲) استغاثہ کرنے والا، مقدمہ دائر کرنے والا، نالش کرنے والا، مدعی۔
مُدَّعٍ بِحَقٍّ: دعویدار، حق کا دعویدار۔
مُدَّعٍ بِالحَقِّ المَدَنِيّ: حق شہرت کا مدعی، دیوانی مقدمہ کرنے والا، دیوانی نالش کرنے والا۔
مَدْعَاة: سبب، داعیہ، وجہ۔
مُدَّعىً عَلَيْه: (مَدَنِيًّا) مدعی علیہ دیوانی۔
مُدَّعىً عَلَيْه: (جِنَائِيًّا) متہم، ملزم، جس کے خلاف فوجداری مقدمہ ہو۔
المُدَّعِي العُمُومِيّ: پبلک کی طرف سے کسی مقدمہ کا مدعی۔
المُدَّعِي العَامّ: اٹارنی جنرل۔

د.........غ

دَغْدَغَة: گدگدی کرنا (۲) توڑنا (۳) چبانا۔
دَغْرٌ و دَغْرَى: (۱) ہلّہ (۲) اچانک حملہ۔
دُغْرِيّ: (دا): سیدھا، سیدھی جانب (۲) براہ راست۔
دَغِصَ ـَـ دَغَصاً: بھرنا۔
دَغَلٌ ج: أدْغَال: فساد، خرابی (۲) جھاڑی، گنجان درختوں کی جگہ۔
دَغِلٌ، دَاغِلٌ: خراب، فاسد۔
دَغَمَ ـَـ دَغْماً و أدْغَمَ: مدغم کرنا، ایک دوسرے میں ضم کرنا۔

د.........ف

دَفَّأَ تَدْفِئَةً: گرم کرنا۔
دَفِئَ ـــ دَفأً و دُفُوءًا، دَفُؤَ ـــ دَفاءَةً: گرم ہونا۔
تَدَفَّأَ و اِدَّفَأَ و اسْتَدْفَأَ: گرم ہونا، گرمی محسوس کرنا، گرم کپڑا پہننا۔
دِفْءٌ، دَفاءَةٌ: گرمی جو لحاف وغیرہ یا آگ کے ذریعہ حاصل ہو، حرارت۔
دَفِئٌ، دَفْآنٌ، دافِئٌ، مُسْتَدْفِئٌ: گرم، گرمی حاصل کرنے والا۔
دَفَّأَه تَدْفِئَةً: گرم کرنا۔
تَدْفِئَة: ہیٹنگ۔
تَدْفِئَةٌ مَرْكَزِيَّةٌ: مرکزی ہیٹنگ، گرم کرنے کی مرکزی بجلی لائن۔
دَفَّايَة، مِدْفَأَةٌ: اسٹوو، انگیٹھی۔
دَفَّايَة، كَهْرَبائِيَة: ہیٹر۔
دَفْتَرٌ ج: دَفاتِر: کاپی، نوٹ بک۔
دَفْتَرٌ كَبِيرٌ (سِجِلٌّ): رجسٹر حساب۔
دَفْتَرُ الأَحْوال (فی مَرْكَزِ البُولِيس): پولیس کا چارج شیٹ، فرد جرم۔
دَفْتَرُ أَخْذِ الصُّوَر: ڈپلی کیٹ لیٹر بک۔
دَفْتَرُ أُسْتاذٍ: بہی کھاتہ، لیجر، کھاتہ نام دار۔
دَفْتَرُ أُسْتاذِ التَّكالِيف: کاسٹ لیجر، لاگت رجسٹر۔
دَفْتَرُ أُسْتاذِ المَبِيعات: سیلز لیجر۔
دَفْتَرُ أَوامِرِ شِراء: آرڈر خریداری بک۔
دَفْتَرُ البِضاعَةِ الوارِدَة: سامانِ آمدہ کا رجسٹر، رجسٹر سامان آمدہ۔
دَفْتَرُ البَوّابَة: گیٹ بک۔
دَفْتَرُ تَسْجِيلِ الطَّلَبات: آرڈر بک۔
دَفْتَرُ التَّسْلِيم: ڈلیوری بک۔
دَفْتَرُ التَّسْلِيمات: ڈلیوری بک۔
دَفْتَرُ التَّشْرِيفات: رجسٹر معاینہ۔
دَفْتَرُ تَوْفِير. کوپن بک۔
دَفْتَرُ حَجْزِ الطَّلَبات: آرڈر بک، فرمائشات ریزرو کرنے کا رجسٹر۔
دَفْتَرُ حِساب: اکاؤنٹ بک رجسٹر حساب۔
دَفْتَرُ حِسابِ البَنْك: پاس بک (بینک کی)
دَفْتَرُ لِحِسابِ المَصْرِفِيِّ: بینک بک۔
دَفْتَرُ الحُضُور: رجسٹر حاضری۔
دَفْتَرُ خانَة: (دا) دارُ الوَثائِق: محافظ خانہ۔
دَفْتَرُ الخِطابات: وہ کتاب یا رجسٹر جس میں خطوط وغیرہ کی نقول محفوظ کی جاتی ہیں۔
دَفْتَرُ الخَطِّ: کاپی بک۔
دَفْتَرُ الرَّسائِلِ الوارِدَة: رجسٹر وصولیابی خطوط۔
دَفْتَرُ الشَّكْوىٰ: شکایات بک، کمپلینٹ بک۔
دَفْتَرُ شِيكات: چیک بک۔
دَفْتَرُ الصَّفِّ: کلاس بک، رجسٹر حاضری۔
دَفْتَرُ الصُّنْدُوق: کیش بک، نقد کھاتا، رجسٹر نقدی، روکڑ بہی۔
دَفْتَرُ الطَّلَبات: آرڈر بک۔
دَفْتَرُ الطَّلَباتِ التِجارِيَة: آرڈر بک۔
دَفْتَرُ الطَلَباتِ الوارِدَة: وصول شدہ فرمائشوں کا رجسٹر۔
دَفْتَرُ عَناوِينَ: پتوں کی کتاب۔
دَفْتَرُ الفِهْرِس: انڈکس بک۔
دَفْتَرُ فِهْرِسٍ مَرْقُوم: نمبروار فہرست رجسٹر۔

دَفترِ قَید: ریکارڈ۔
دَفترُ مُحاسَبةٍ: اکاؤنٹ بک۔
دَفترُ مَحاضِرِ الجَلَسات: رجسٹر کارروائی۔
دَفترُ المَخزَن: اسٹور بک۔
دَفترُ مُذکِرات: ایجنڈا بک۔
دَفتـرُ الـمُسوَّدَة: کچا کھاتا، وہ کتاب جس میں حساب کا ابتدائی اندراج بطور یادداشت کیا جاتا ہے۔
دَفترُ المُشتَرِیات: رجسٹر خریداری۔
دَفترُ مَلحُوظات: نوٹ بک۔
دَفترُ مَواعِید: ٹائم بک، ٹائم ٹیبل۔
دَفتـرُ الـمُودِع: بینک بک، حساب دار کی کاپی۔
دَفترُ وَقائع الجَلسة: رجسٹر کارروائی۔
دَفترُ الیَومِیَّة: روزنامچہ۔
دَفتـرُ یَـومِیَّةِ الـمبِیعَات: روزانہ فروختگی کا رجسٹر۔
دَفترُ یومِیَّةِ النَّقد: کیش بک۔
دَفاتِرُ القَید: اِنٹری رجسٹر۔
دَفاتِرُ مُساعَدةٍ: معاون رجسٹر۔
دُفتِرِیا و دُفتِیرِیا: (مغرب) خناق، کنٹھ روگ، گلے کی ایک بیماری۔
دَفدَفَة: اڑنا، تیرنا۔
دَفَرَ ـــُـ دَفراً: دھکا دینا، سینہ پر ضرب لگا کر پیچھے ہٹانا۔
دَفِرَ دَفراً: بدبو ہونا۔
دَفِرٌ: متعفن، بدبودار۔
دَفَعَ ـــَـ دَفعاً: ہٹانا، دھکیلنا، پیچھے ہٹانا، دھکا دینا۔

دَفَعَ القَولَ: دلیل سے کسی بات کو رد کرنا۔
دَفَعَهُ إلی کذا: آمادہ کرنا، اکسانا، مجبور کرنا، تیار کرنا۔
دَفَعَهُ إلَی الأمام: آگے کرنا، آگے بڑھانا
دَفعه الی الانِسحاب نَحوَ کذا: پیچھے ہٹنے پر مجبور کرنا۔
دَفَعَ المَالَ أو الثَّمنَ إلیٰ: ادا کرنا۔
دَفَعَ عَنهُ: ازالہ کرنا، تکلیف دور کرنا۔
دَفَعَ و دَافَعَ: مقابلہ کرنا۔
دَافَعَ عَنْ: دفاع کرنا، بچاؤ کرنا۔
دَافِعُ الضَّرِیبَةِ المُتأخِرِ: تاخیر سے ٹیکس ادا کرنے والا۔
دَافَعَ عَنهُ مُدَافَعَةً: ڈیفینس کرنا، پیروی کرنا۔
دَافَعَ عَن کُلِّ شِبرٍ من أرضِهِ: اپنی سرزمین کے ایک ایک انچ کا دفاع کیا۔
دَافِعٌ کـامِنٌ وَرَاءَ شيءٍ: کسی چیز کے پس پشت کام کرنے والا مخفی جذبہ۔
اِندَفَعَ فِی الأمرِ: مشغول ہونا، ہمہ تن مصروف ہونا۔
تَـدَافُعُ القَومِ: ایک دوسرے پر پڑنا، دھکم دھکا ہونا، ہجوم کے باعث ایک دوسرے کو دھکا دینا۔
دَفْعٌ: (۱) رد (۲) ازالہ (۳) ادائیگی، پیمنٹ۔
دَفعُ اشتِـرَاکٍ شَهـرِيٍّ لکذا: ماہانہ زرِ اشتراک ادا کرنا۔
دَفعُ البَدَلَات: الاؤنس دینا۔
دَفعُ الثَّمنِ إلَی: ادا کرنا۔
دَفعٌ جَـدِیـدٌ لِلحَرکَة: تحریک کو نئی قوت

دینا۔
دَفْعُ الحِسَاب: ادائیگی حساب، حساب چکانا۔
دَفْعُ خُطُواتٍ للأمام: ترقی دینا، آگے بڑھانا۔
دَفْعُ الرُسُومِ الجُمْرُكِيَّة على البَضَائِع: کسٹم ادا کرنا۔
دَفْعُ الشيْ على آجالٍ: قسط وارادا کرنا۔
الدَّفْعُ عِنْدَ الاسْتِلَام: کیش اون ڈلیوری، بوقت وصولی سامان ادائیگی کرنا۔
الدَّفْعُ عِنْدَ التَّسْلِيم: ادائیگی بوقت حوالگی سامان۔
الدَّفْعُ الفَوْرِيّ: فوری ادائیگی، ہاتھ کے ہاتھ ادائیگی۔
دَفْعُ القُوَّات إلى: فوجوں کو دھکیلنا۔
دَفْعُ كَفَالَةٍ بمقْدارِ اَلْفِ رُوبِية: (مثلاً) ایک ہزار کے بقدر ضمانت دینا۔
الدَّفْعُ مُقَابِلَ التَسْلِيم: ادائیگی بوقت حوالگی
دَفْعٌ مُؤَجَّل: بعداز وقت ادائیگی۔
دَفْعَةٌ: کھیپ، کسی چیز کی قسط، سامان وغیرہ کی قسط، دھکا۔
دَفْعَةٌ تحتَ الحِسَاب: حساب میں ادائیگی۔
دَفْعَةٌ ثَوْرِيَّة: انقلابی تاثیر۔
دَفْعَةٌ جُزْئِيَّة: جزوی ادائیگی۔
دَفْعَةٌ سُلْفَة: پیشگی ادا کردہ قسط۔
دَفْعَةٌ سَنَوِيَّة: سالانہ قسط۔
دَفْعَةٌ سَنَوِيَّةٌ مؤجَّلَة: سالانہ میعادی ادائیگی۔

دَفْعَةٌ مُتاخِرةٌ: بقایا قسط۔
دَفْعَةٌ مُسْتَحَقَّة: واجب الادا قسط۔
دَفْعَةٌ مُقَدَّمَة: پیشگی ادا کردہ قسط۔
دَفْعَةٌ مِنَ الطَيَّارِين: ہوابازوں کی کھیپ۔
دَفَعَات: اقساط، ادائیگیاں۔
دَفَعاتٌ على الحِسَاب: علی الحساب ادائیگیاں
دفعاتٌ مُجَزَّأة: قسط وار ادائیگیاں۔
الدَّفَعَاتُ المُسْتَحَقَّة: واجب ادائیگیاں
الدَّفَعَاتُ المُؤَجَّلة: معین المیعاد (اقساط) ادائیگیاں۔
دِفَاع: ڈیفنس، بچاؤ۔
الدِفَاعُ عَنْ اَحَدٍ: صفائی پیش کرنا۔
الدِفَاعُ الجَمَاعِيّ: اجتماعی دفاع، جماعتی دفاع۔
دِفَاعٌ سَائِغٌ: آسان دفاع۔
الدِفَاعُ عَنِ النَّفْس: ذاتی دفاع، اپنا بچاؤ۔
الدِفَاعُ المَدَنِيّ: سول ڈیفنس، شہری دفاع۔
الدِفَاعُ الوَطَنِي: قومی دفاع، نیشنل ڈیفنس۔
دِفَاعٌ (في القَضَاء): مقدمہ کی پیروی۔
دِفَاعٌ و مُدَافَعَة: عذرداری، حمایت، ملزم کی طرف سے پیروی کرنا۔
مُحَامِي الدِفَاع: پیروکار، مشیر قانون، وکیل مقدمہ۔
دَافِعٌ: (۱) ہٹانے والا (۲) دھکا دینے والا (۳) ادائیگی کرنے والا (۴) سبب، محرک۔

دَافِعُ الضَّرائب: ٹیکس دینے والا
دَوَافِع: اسباب، محرکات، عوامل،
و: دَافِع:
انْـدِفَـاع: (١) رَو، بہاؤ (٢) دباؤ (٣) انہماک۔
انْدِفَاع: جوش (٢) بے تحاشا آنا (٣) دھکلنا، رو کی طرح آنا۔
انْدِفَاعُ الشَّبَاب: جوش جوانی۔
انْدِفَاعٌ في شَيْءٍ: دھوڑ دھوپ، کسی شئی میں مشغولیت۔
انْدِفَاعٌ عَلى: ہجوم۔
انْدِفَاعٌ كَبِير: زبردست رفتار۔
(تَنْطَلِقُ العَرَبَة بِانْدِفَاعٍ كَبِير)
انْدِفَاعٌ وَرَاءَ شَيْءٍ: کسی چیز کی رو میں بہنا، پیچھے بھاگنا۔
مِدْفَع: توپ ج: مَدَافِع
مِدْفَعٌ أُوتُومَاتِيكِيّ: مشین گن۔
مِدْفَعٌ مِنْ عِيَار كذا: اتنے ملی میٹر (قطر) کی توپ۔
مِدْفَعٌ مُضَادٌّ لِلطَّائِرَات: طیارہ شکن توپ۔
مَدَافِعُ ثَقِيلَة: بھاری توپیں۔
مَدَافِعُ خَفِيفَة: ہلکی توپیں۔
مَدَافِعُ طَوِيلَةُ المَدى: دور مار توپیں۔
المَدَافِعُ المُضَادَّةُ لِلطَّائِرَات: طیارہ شکن توپیں۔
مِدْفَعِيَّة: توپخانہ۔
المِدْفَعِيَّةُ الثَّقِيلَة: بھاری توپخانہ
مِدْفَعِيَّةُ مُضَادَّةُ للطَّائِرات: جہاز شکن توپخانہ۔

مِدْفَعِيَّةُ مَيْدَان: میدانی توپخانہ
مَدْفُوعٌ: ادا شدہ، ادا کردہ، اڈوانس۔
مَدْفُوعٌ إِلَيْهِ وَلَهُ: جس کو ادائیگی کی گئی، پانے والا، وصول کنندہ۔
مَدْفُوعٌ عَلى عَمَلٍ: کسی کام کے لیے مجبور۔
مَدْفُوعٌ مُقَدَّماً: ایڈوانس دیا ہوا۔
المَدْفُوعُ من فُلان: بھرا ہوا۔
مَدْفُوعَاتٌ تَعْوِيضِيَّة: معاوضہ جاتی ادائیگیاں۔
مَدْفُوعَات مُؤَجَّلَة: معیادی ادائیگیاں۔
مَدْفُوعَاتٌ نَقْدِيَّة: نقد ادائیگیاں۔
مَدْفُوعَاتٌ مُبَاشِرَة: براہ راست ادائیگیاں۔
دَفَّ الرَّجُل: عجلت کرنا۔
دَفَّة، دَفّ: پہلو، کنارہ (٢) ڈھولک، طبلہ
دَفَّةٌ: پہیہ، گھیرا۔
دَفَّةُ الكِتَاب: کتاب کا کور، جلد۔
دَفَّةُ البَاب أو الشُّبَّاك: کواڑ، تختہ
دَفَّةُ الرَّكْب: کشتی کا چپوار۔
إدَارَةُ الدَّفَّة: پہیہ گھمانا۔
إدَارَةُ دَفَّةِ البِلاد: ملک کا نظم و نسق چلانا
دَفَقَ ـِ دَفْقاً: پانی زور سے گرانا، بہانا۔
دَفَقَ ـُ دُفُوقاً و انْدَفَقَ و تَدَفَّقَ: زور سے اُبلنا، چشمہ سے پانی نکلنا، (٢) جوش، بہاؤ، ابال۔
تَدَفُّقُ السِّلْعَة: سامان کی ریل پیل
تَدَفُّق: ریل پیل ہونا۔
تَدَفُّقُ العَمَل: کام کی بہتات۔

تَدَفُّقُ المَعْلُومَات: معلومات بکثرت ہونا۔
صُنْدُوقُ الدَّفْق: فلش ٹنکی۔
دُفْقَة: ایک دفعہ جوش سے نکلا ہوا پانی۔
مُتَدَفِّقٌ: جاری، رواں، اُبلتا ہوا، تیزی سے نکلتا ہوا۔
دَفَن ــِ دَفْناً: دفن کرنا، زمین میں گاڑنا، قبر میں رکھنا، چھپانا۔
دَفِين: (۱) چھپا ہوا، مستور، مخفی (۲) مدفون خزانہ۔
مَدْفَنٌ: قبرستان۔

د.........ق

دَقِعَ ــَ دَقَعاً: ذلیل ہونا۔
إِدْقَاعٌ: ذلیل ورسوا کرنا۔
فَقْرٌ مُدْقِعٌ: انتہا درجہ کی غربت، رسوا کن فاقہ مستی۔
دَقَّقَ و أَدَقَّ: باریک کرنا، کوٹنا۔
__ النَّظَرَ فی الأمْرِ: باریک بینی سے کام لینا، خوب غور کرنا۔
__ فِی عَمَلِه: احتیاط و ہوشیاری سے کام انجام دینا۔
دَقَّ ــِ دِقَّةً: باریک ہونا (۲) نازک ہونا (۳) چھوٹا ہونا، مہین ہونا (۴) دشوار ہونا۔
__ ــُ دَقّاً: کوٹنا، باریک کرنا، پیسنا۔
__ البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
__ الجَرَسَ: گھنٹی بجانا۔
__ المِسْمَارَ: کیل ٹھونکنا۔
دَقَّتِ السَّاعَةُ ثَمَانِيَةً: (مثلاً) آٹھ بجنا۔
اِسْتَدَقَّ: باریک ہونا، نازک ہونا۔
دَقَّة: ایک چوٹ، ایک ضرب، گھنٹی کی ایک آواز۔
دَقَّة بِدَقَّةٍ: ترکی بہ ترکی جواب، ادلے کا بدلہ۔
دِقٌّ، دَقِيقٌ: باریک، مہین، نازک۔
دِقَّة: احتیاط، باریکی، کمال، آرٹ، مہارت، صفائی، پختگی، درستگی، ہنرمندی، نزاکت، ہوشیاری۔
دِقَّةُ الظُّرُوف: نزاکت حال۔
دِقَّة و دُقَاقٌ: پاؤڈر، پسی ہوئی چیز۔
سَاعَةٌ دَقَّاقَة: کلاک، بڑی گھڑی، آواز دینے والی گھڑی۔
دَقِيقٌ: (ضد سَمِيک): باریک (۲) ضد غَلِيظ: پتلا (۳) ضد خَشِنٌ: نازک، سبک (۴) مضبوط و مستحکم، کامل، مکمل، جیسے وَصْفٌ دَقِيقٌ: (۵) آٹا۔
دَقِيقَة ج: دَقَائِقُ: منٹ۔
دَقِيقِي: آٹے جیسا، آٹے کا۔
تَدْقِيق: چھان بین، چیکنگ۔
تَدْقِيقُ الحِسَاب: حساب ایڈٹ کرنا۔
بِدِقَّةٍ: پورے طور پر، صحیح طور پر۔
بِدِقَّةٍ رَائِقَةٍ: بہت شاندار طریقے پر۔
مِدَقٌّ، مِدَقَّة: موسل، غلہ کوٹنے کی موٹی لکڑی (۲) کھرل یا ہاون دستہ کی موسلی۔
مَدْقُوقٌ: باریک، پسا ہوا، سفوف۔

د.........ک

دَکَ: (دیکھئے دکک)
دُکْتُور: (مع) ڈاکٹر، اعلیٰ علمی ڈگری والا، طبیب۔
دُکْتُورٌ فِی الحُقُوق: ڈاکٹر آف لا، L.L.D
دُکْتُورٌ فِي الطِّبِّ: ڈاکٹر آف

میڈیسن، M.D

دُکتَاتُور: ڈکٹیٹر، مطلق العنان فرماں روا۔

دُکتَاتُورِیّ: ڈکٹیٹرانہ۔

دُکتَاتُورِیَّة: ڈکٹیٹرشپ، مطلق العنانی۔

الدِکتَاتُورِیَّةُ الاِقْطَاعِیَّة: زمیندارانہ ڈکٹیٹر شپ۔

دِکتَاتُورِیَّةٌ رَجعِیَّة: قدامت پرستانہ ڈکٹیٹر شپ۔

دِکتَاتُورِیَّةٌ طَبَقِیَّة: طبقاتی ڈکٹیٹرشپ۔

دِکتَاتُورِیَّةٌ عَسکَرِیَّة: فوجی ڈکٹیٹرشپ

الدِکتَاتُورِیَّةُ فی الرَّأی: رائے پر اصرار

دِکتَاتُورِیَّةٌ مُطلَقَة: مکمل ڈکٹیٹرشپ

دُکتُورَاہ: ڈاکٹریٹ۔

دُکتُورِیّ: ڈاکٹریٹ سے متعلق۔

دَکّک تَدکِیکاً: ملانا، خلط ملط کرنا۔

دَکّ ـُـ دَکّاً: منہدم کرنا، ویران کرنا، اجاڑ کرنا، زمین کو ہموار کرنا۔

دَکَّ الطَّرِیقَ بِالحَصَی: راستہ میں کنکریٹ ڈال کر ہموار کرنا۔

دَکَّ المَنَازِلَ بِالبُلدُوزَر: بلڈوزر سے مکانات کو گرانا۔

دَکَّة: چبوترہ ج: دِکَاک

مِدَکّ ج: مِدَکَّات: موگری جس سے سڑک کوٹی جاتی ہے۔

دَکَنَ ـُـ دکناً و دُکُنٌ: تہ بہ تہ رکھنا، ترتیب دینا۔

دَکِنَ ـَـ دکناً و دُکنَة: سیاہی مائل ہونا۔

دَینٌ أَدکَنُ: سیاہی مائل۔

دَاکِن: ڈارک۔

دُکّان: دوکان، شاپ، اسٹور ج: دَکَاکِین

دُکَّانُ الحَلوَی: کنفیکشنری، مٹھائی کی دکان۔

د............ل

دِلتَا مِصرَ أو النِّیل: ڈیلٹا، مثلث زمین جو کسی دریا کے دہانے پر بن گئی ہو۔

دَلَجَ ـُـ دُلُوجاً: پانی نکال کر دوسری چیز میں ڈالنا، پانی نکالنا۔

مِدلَجَة: ڈول۔

مِدلَجَةُ اللَّبَن: دودھ کا بڑا ڈبہ، قبضہ دار ڈبہ جو دودھ فروش رکھتے ہیں۔

دَلدَلَة: چلتے وقت اعضاء کو ہلانا، سر ہلانا (۲) لٹکانا۔

تَدَلدَلَ: لٹکنا۔

دَلَّسَ تَدلِیساً: دھوکہ دینا (۲) تجارت میں مشتری کو دھوکہ دینا۔

دَالَسَهُ مُدَالَسَةً: فریب دینا۔

دَلَعَ لِسَانَهُ ـ دَلعاً: زبان کو منہ سے باہر نکالنا۔

دَلَعَ ـُـ دُلُوعاً و اندَلَعَ: زبان کا باہر نکلنا (۲) آگ کی لو اٹھنا۔

اِندِلَاعُ الاِضطِرَابَات: فسادات کی آگ بھڑکنا۔

اِندِلَاعُ الحَرب: جنگ کے شعلے بھڑک اٹھنا۔

دَلَفَ ـِـ دَلفاً و دُلُوفاً دَلَفَاناً: سرکنا، آہستہ چلنا، چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

تَدَلَّفَ إلی: قریب ہونا۔

اِندَلَفَ عَلَیهِ: گرنا۔

دَلَقَ ـُـ دَلقاً: تلوار میان سے نکالنا۔

اَنْدَلَاقَ: نکلنا۔
دَلَکَ ـُ دَلْکاً: رگڑنا، گھسنا، ملنا۔
دَلَکَ وِ دَلُکَ الرَّجُلَ: تجربہ کار بنانا۔
دَلَّلَ تَدْلِیلاً: (۱) خوشحال بنانا (۲) دَلَّل: (۱) دلال کے ذریعہ فروخت کرنا۔
دَلَّ علی کذا: ـُ دَلَالَةً: بتانا، ظاہر کرنا۔
دَلَّ علی شیء: کسی چیز کی اطلاع دینا، بتانا
دَلَّهُ إلى: رہنمائی کرنا۔
دَلَّ ـِ دَلَالاً و ـَ دَلّاً: ناز ونخرہ کرنا نخرے دکھانا۔
أَدَلَّ علی: جرأت کرنا۔
تَدَلُّل: نخرہ کرنا۔
تَدَلُّلُ المَرْأةِ علی: اداد کھانا۔
التَّدْلِیلُ علی شئي: دلیل وثبوت دینا۔
اِسْتِدْلَال: راہنمائی طلب کرنا، دلیل بنانا، دلیل پیش کرنا۔
اِسْتِدْلَالٌ علی: استدلال کرنا۔
دَلَالٌ: ناز ونخرہ، ظاہری مخالفت، ادا۔
دَلَّال: تجارتی بچولیا، سودا کرانے والا، دلال، نیلامی بولنے والا۔
دَلَّالٌ رَسْمِيٌّ: سرکاری نیلامی کرنے والا۔
دَلَالَة: رہنمائی، ہدایت۔
دِلَالَة: دلالی، دلالی کا پیشہ، آڑھت (۲) نیلام، نیلامی کا پیشہ (۳) علامت، نشان، ٹوکن۔
دَلِیلٌ: (۱) برہان وحجت، ثبوت (۲) علامت (۳) فہرست اشیاء، اشاریہ، انڈکس (۴) گواہ (۵) راہنما کتاب، گائیڈ بک، ڈائریکٹری، پائلٹ ج: أَدِلَّة و أَدِلَّاء:

دَلِیلُ التِّجارة: تجارتی ڈائرکٹری۔
دَلِیلُ التِّلِیفُون: ٹیلیفون ڈائری، ٹیلیفون بک، ٹیلیفون ڈائرکٹری۔
دَلِیلٌ قَاطِعٌ: کھلی دلیل، قطعی دلیل۔
دَلِیلُ المَدِینَة: شہری گائڈ بک۔
دَلِیلُ البَلَد: ڈائرکٹری، وہ کتاب جس میں اہل شہر کے نام اور پتے ہوتے ہیں۔
دَلِیلُ السُّفُن والطَّیَّارَات: پائلٹ، جہازراں۔
دَلِیلٌ مُضَادّ: مخالف دلیل، انکاری گواہی
دَالٌّ: راہنما۔
دَالٌّ علی: مشیر۔
اَدِلَّةٌ صَارِمَة: قطعی دلائل، زبردست ثبوت، ٹھوس ثبوت۔
الاَدِلَّةُ المَلْمُوسَة: واضح دلائل۔
دَلَائِلُ المُسْتَقْبَل: آثارِ مستقبل۔
دَلْهَمٌ: سیاہ۔
اِدْلَهَمَّ اللَّیْل: تاریک ہونا۔
مُدْلَهِمّ: سیاہ ترین۔
دَلْوٌ ج دِلَاءٌ: ڈول، بالٹی۔
دَالِیَةٌ ج: دَوَالٍ: رہٹ۔
تَدْلِیل وِ اِدْلَال: لٹکانا، چھوڑنا۔
أَدْلَى فیه: کسی کے متعلق بری بات کہنا۔
أَدْلَى بِبَیَان، بِتَصْرِیح: بیان دینا۔
أَدْلَى بِبَیَانٍ خَاطِئ: غلط بیان دینا۔
أَدْلَى بِبَیَان لِلصُّحُف: پریس کو بیان دینا۔
أَدْلَى بِحُجَّة: دلیل بیان کرنا۔
أَدْلَى بِحَدِیثٍ خَاصٍّ لِصَحِیفَة: اخبار کو خصوصی انٹرویو دینا۔

أَدْلیٰ بَالرَّأیِ: رائے دینا۔
أَدْلیٰ بِشَهَادَةٍ: گواہی دینا۔
أَدْلیٰ بَصَوْتٍ: ووٹ دینا۔
أَدْلیٰ بِالْوَلَاءِ ک: وفاداری کا عہد لینا۔
تَدَلّیٰ: لٹکنا۔

د............م

دَمَّثَ تَدْمِیثاً: نرم کرنا۔
دَمِثَ ـَ دَمَثاً: نرم ہونا۔
دَمُثَ خُلُقُهُ ـُ دَمَاثَةً و دُمُوثَةً: خوش خلق ہونا، نرم مزاج ہونا۔
دَمِثُ الخُلُقِ: خوش خلق، نرم طبیعت
دَمَاثَةُ الأخلاق: خوش اخلاقی۔
دَمَجَ ـُ دُمُوجاً و اِنْدَمَجَ فی کَذا: پیوست ہونا، گڑنا، ضم ہونا۔
أَدْمَجَهُ فی کَذَا: مدغم کرنا، ملانا، شامل کرنا۔
أَدْمَجَ الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹ دینا۔
اِنْدِمَاجٌ: انضمام، اتحاد، پیوستگی
اِنْدِمَاجٌ فی شَیْءٍ: ادغام، مدغم ہونا۔
اِنْدِمَاجِیٌّ: ادغامی، انضمامی۔
دَمَجَانَةٌ: چھاگل، صراحی، تنگ منہ کی محدب بوتل جس میں ۳ سے ۱۰ گیلن تک آسکتے ہیں۔
دَمْدَمَةٌ: غصہ میں بولنا، بڑبڑانا۔
دَمْدَمَةٌ علی: ہلاک کرنا۔
دَمَّرَ تَدْمِیراً: ہلاک کرنا، تباہ و برباد کرنا، اجاڑنا۔
دَمَّرَ العَدُوُّ المَنَاطِقَ تَدْمِیراً: دشمن کا علاقوں کو تباہ کرنا۔

دَمَّرَ العَسْکَرَ تَمَاماً: فوج کو مکمل طور پر تباہ کردیا۔
تَدْمِیرُ مَخَازِنِ القُوَّةِ: فوج کا اسٹاک تباہ کردینا۔
دَمَرَ ـُ دُمُوراً و دَمَاراً: ہلاک ہونا، ویران ہونا۔
دَمَارٌ: ہلاکت، تباہی۔
دَمَارٌ شَامِلٌ: عام تباہی، زبردست تباہی۔
حَلَّ به الدَّمَارُ: اس پر تباہی آئی۔
تَدْمُرُ: شام کا ایک تاریخی شہر۔
مُدَمِّرَةٌ: جنگی (بحری) جہاز، سمندری جہاز (۲) تباہ کن۔
دَمَسَ ـُ دَمْساً و دَمَّسَ: ڈھانکنا، دفن کرنا، چھپانا۔
دَمَّسَ النَّارَ: آگ کو دبانا۔
دِمْسٌ: تنور کی گرم راکھ، بھوبھل۔
ظَلَامٌ دَامِسٌ: سخت اندھیرا۔
دَامِسٌ: سیاہ ترین، تاریک ترین۔
دَیَامِیسُ الأَمْوَاتِ: قبریں۔
دَمْعٌ ج: دُمُوعٌ: آنسو، آبِ چشم۔
دَمْعَةٌ: ایک آنسو، قطرہ اشک۔
دَمِعَتِ العَیْنُ ـَ دَمْعاً و دَمَعَاناً و دُمُوعاً و دَمَعَاناً و دُمُوعاً: آنکھ میں آنسو آنا، آنکھوں کا اشکبار ہونا۔
دَمِعٌ، دَمَّاعٌ، دَمُوعٌ: جلد رونے والا، وہ شخص جس کی آنکھ میں بات بات پر آنسو آئیں، آبدیدہ۔
مَدْمَعٌ ج: مَدَامِعُ: آنسو بہنے کی جگہ، مجازاً آنکھ۔
دَمَغَ ـَ دَمْغاً: اسٹامپ لگانا۔

دَمَغَ الحُجَةَ: دلیل کو باطل کرنا۔
دَمْغة: اسٹامپ، مارک۔
دِمَاغ ج: أَدْمِغَةٌ: نا قابل ابطال دلیل۔
دَمَکَ ـُـ دَمْکاً: رسی کو بٹ دینا۔(۲) پیسنا۔
دَمَلَ ـُـ دَمْلاً و دَمَلاناً: زمین میں کھاد ڈالنا، زخم اچھا کرنا، زخم بھرنا۔
دَمِلَ ـَـ دَمْلاً و ادَّمَلَ و انْدَمَلَ: زخمی اچھا ہو جانا، بھر جانا۔
دُمَّلٌ: (خراج) پھوڑا۔
دُمَّلٌ صَغِيرٌ: پھنسی۔
دَمَّمَ تَدْمِيماً: ملمع کرنا، پالش کرنا۔
دَمٌّ و دِمَامٌ: پالش، روغن۔
دَمَّ ـُـ دَمَامَةً: (ک، س): بدصورت ہونا
دَمِيمٌ: بدصورت (۲) حقیر و ذلیل۔
دَمَنَ ـُـ دَمْناً: زمین میں کھاد ڈالنا۔
أدْمَنَ الشَّئَ: کسی چیز کی پابندی کرنا، عادی ہونا۔
أدْمَنَ علی كذا: متوجہ ہونا۔
أدْمَنَ علی المُخَدِرات: نشہ کی عادت بنانا۔
دِمْنٌ و دِمَانٌ: کھاد، غلاظت۔
دِمْنَة ج: دِمَنٌ: کوڑا، غلاظت کی جگہ۔
إدْمَانُ شَیْءٍ: کسی چیز کی پابندی۔
مُدْمِنُ كذا: پابند۔
مُدْمِنُ خمرٍ: شراب کا عادی۔
مُدْمِنُ تدْخِينٍ: تمباکو نوشی کا عادی۔
دَمِيَ ـَـ دَمیً و دَمْیاً و دُمِیّاً: خون آلود ہونا، خون ٹپکنا، زخم سے خون نکلنا۔
دَمَتْ جُرُوحُ الهَزِيمَةِ فی القُلُوب: ہزیمت کا زخم تازہ رہنا۔
أوْفَی و دَمَّی: خون آلود کرنا، خون بہانا۔
دَمٌ ج: دِمَاءٌ: خون، بلڈ۔
اِتِّصَالُ الدَّم: رشتہ خون، قرابت۔
دَمٍ، دَامٍ: خون چکاں، خون آلود۔
دَمَوِيٌّ: خون کا، خونی، خون سے متعلق
مَعْرَكَةٌ دَمَوِيَّة: خونی واردات۔
دُمْيَةٌ ج: دُمیً: گڑیا، تصویر، بت

د .... ن

دَنَا ـــ و دَنُؤَ ـُـ دَنَاءَةً و دُنُوءَةً: کمینہ و ذلیل ہونا، تنگ ظرف ہونا، گھٹیا ہونا۔
دَنَاءَة: کمینہ پن، تنگ ظرفی، گھٹیا پن۔
دَنِيءٌ ج: دُنَآءُ و أَدْنَاءُ: گھٹیا درجہ کا آدمی، کمینہ، ذلیل، تنگ ظرف، خسیس۔
دَنِیُّ النَّوعِ: گھٹیا درجہ کی چیز۔
دَنْتِلاً: ڈوری، فیتہ، تسمہ، بند۔
دَنْج، دِنْجه: (معرب) ڈِنگو بخار، بخار جس میں بدن کے جوڑوں میں سخت درد ہوتا ہے۔
دُنْجلُ العَجَلَة: ایکسل، دُھرا، دھری۔
دُنْدُرْمَة: آئس کریم۔
دَنْدَنَة: گنگنانا، بھنبھنانا، آواز ہونا۔
دَنَّرَ النُّقُودَ: سکہ ڈھالنا، دینار بنانا۔
دِينَار ج: دَنَانِير: (۱) ایک قدیم سکہ (سونے کا) (۲) رقم۔
دَنَّسَ تَدْنِيساً: (۱) میلا کرنا (۲) خراب کرنا (۳) عیب لگانا (۴) عزت کو بٹہ لگانا، عزت کو داغدار بنانا، بے حرمتی کرنا۔
دَنِسَ ـَـ دَنَساً و دَنَاسَةً و تدَنَّسَ: خراب

وميلا ہونا۔
دَنَسٌ ج اَدْنَاسٌ: میل، گندگی۔
دَنِسٌ: میلا، عیب دار۔
تَدْنِيس: بے عزتی، بے حرمتی۔
جَرِيمَةُ تَدْنِيسِ الأَشْيَاءِ المُقَدَّسَة: جرم بے حرمتی۔
دَنِفَ المَرِيضُ ـَـ دَنَفاً و أَدْنَفَ: بیمار کالب دم ہونا، بیاری سخت ہونا۔
دَنَّقَ الوَجْهُ تَدْنِيقاً: بیماری یا غم سے چہرہ اتر جانا۔
دَنَّقَ الرَّجُلُ: بخیل ہونا۔
دَانِق: ۱/۶ درہم۔
دِنَمُوْ: (مع) ڈینمو، بجلی پیدا کرنے والی موٹر۔
دَنٌّ ج: دِنَانٌ: مٹکا۔
دَنَا ـُـ دُنُوّاً، و دَنَاوَةً: قریب ہونا۔
دَنَا و أَدْنَى و اِدَّنَى لَه و مِنْه و إِلَيه: قریب ہونا، نزدیک آنا۔
دَنِيَ ـَـ دَنَايَةً: کم درجہ ہونا، گھٹیا درجہ کا ہونا۔
دَنَّى و أَدْنَى و دَانَى: قریب کرنا۔
تَدَنَّى و تَدَانَى: بتدریج قریب آنا (۲) لٹکنا، جھکنا۔
دَنَاوَة و دَنَايَة و دَنَاءَة: گھٹیاپن۔
دَنِيٌّ، دَنِيءٌ: گھٹیا۔
دَنِيٌّ، دَان: قریب۔
دُنْيَا: (۱) جہان، عالم انسانی (۲) اسم تفضیل مونث، ضد قصوی: قریب، کمینی، کم درجہ کی۔
أَدْنَى: قریب تر (۲) کم درجہ، لور، جونیر۔
أَدْنَى مَنْزِلَةً: جونیر۔
أَدْنَى نِسْبَة: کم از کم تناسب۔
الحَدُّ الأَدْنَى: کم سے کم درجہ۔
أَدْنَاهُ: الـمَذْكُورُ أَدْنَاهُ: ذیل میں، مندرجہ ذیل۔

د............ه

دَهْرٌ ج: دُهُور: زمانہ دراز۔
دَهْرُ الإِنْسَان: مدت عمر
بَنَاتُ الدَّهْر: شدائد و مصائب زمانہ۔
تَصَارِيفُ الدَّهْر: انقلابات زمانہ
دَهْرِيُّ المَذْهَب: طبیعی، دہریہ، خدا کا منکر، زمانہ کو ہر چیز کا موثر اور مسبب ماننے والا۔
دَهْرِيّ: (۲) زمانہ کا، وقت کا، وقتی، زمانہ ساز، وقت شناس۔
دَهِشَ ـَـ دَهَشاً و دُهِشَ من: حیران ہونا، پریشان ہونا، ہوش اڑنا۔
أَدْهَشَهُ و دَهَّشَ: حیران کرنا، ہوش اڑانا، خوف زدہ کرنا۔
دَهْشَةٌ: حیرت، خوف، تعجب۔
مُدْهِشٌ: حیران کن، تعجب خیز، دہشت انگیز۔
دَهِشٌ و دَهْشَانٌ و مَدْهُوشٌ: حیران و پریشان، حواس باختہ۔
دَهَقَ ـَـ دَهْقاً و دِهَاقاً: پانی بہانا، گلاس یا جام کو چھلکانا۔
دَهَقَ و أَدْهَقَ الكَأْسَ: لبالب بھرنا، لبالب کرنا، لبریز کرنا۔
كَأْسٌ دِهَاقٌ: چھلکتا ہوا جام۔
دَهَكَ ـَـ دَهْكاً: پینا، توڑنا۔

دِهْلِيز : ڈیوڑھی ج:دَهَالِيز :
دَهِمَ الأَمْرُ ـَـ دَهْماً و دَهَمَهُ الأَمْرُ ـَـ
دَهْماً: اچانک کوئی مسئلہ درپیش ہونا۔
دَاهَمَه مُدَاهَمَةً: دھاوا بولنا۔
دَاهَمَتِ الشُّرْطَةُ المَبْنىٰ: پولیس کا بلڈنگ پر دھاوا بولنا، چھاپہ مارنا۔
مُدَاهَمَة: چھاپہ (۲) گھسنا، اچانک پہنچنا۔
دُهْمَة: سیاہی۔
اِدْهِيمَامٌ: سیاہ ہونا۔
دَهْمَاءُ: جماعت، بازاری لوگ۔
أَدْهَمُ: سیاہ فام۔
دَهَنَ ـُـ دَهْناً: روغن کرنا، تیل ملنا، مالش کرنا، پینٹ کرنا۔
دَاهَنَه مُدَاهَنَةً: چکنا کرنا تیل ملنا (۲) چاپلوسی کرنا۔
دُهْن ج. أَدْهَانٌ: تیل، پالش، روغن، گریس، پینٹنگ۔
دُهُونٌ لِلأَكْل: کھانے کے تیل۔
دَهِين: تیل لگائے ہوئے۔
دُهْنُ اللَّحْم: چربی۔
دُهْنِيٌّ: چکنا، تیل کا، چربی کا۔
رَاجَ الخَبَرُ: خبر پھیلنا، مشہور ہونا۔
رَاجَتِ الإشَاعَةُ: افواہ پھیلنا۔
رَاجَتِ السِّلْعَةُ: بازار میں کسی سامان کی مانگ ہونا، مقبولیت ہونا۔
رَاجَتِ السُّوقُ: بازار کا چالو ہونا۔
رَائِجٌ، مُرَوَّجٌ: رواج یافتہ، چالو، رائج الوقت، عام، شائع۔
مُرَوِّجٌ: دلال (۲) افواہ پھیلانے والا۔
رَوَّحَ و أَرَاحَ: آرام پہنچانا، آرام دینا، فرحت بخشنا، سکون پہنچانا۔
رَوَّحَ عَنْ نَفْسِهِ: جی بہلانا، دل خوش کرنا۔
أَرَاحَ الأَعْصَابَ: ذہن کو آرام پہنچانا۔
رَاحَ ـُ رَوَاحاً: (۱) شام کے وقت آنا یا جانا (۲) جانا۔
تَرَوَّحَ بِالمِرْوَحَةِ: پنکھے کی ہوا لینا، پنکھا جھلنا۔
رَاوَحَ بَيْنَ العَمَلَيْنِ: یکے بعد دیگرے کرنا، باری باری مشغول ہونا۔
رَاوَحَ بَيْنَ الرِّجْلَيْنِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
أَرْوَحَ و تَرَوَّحَ المَاءُ: پانی میں بدبو پیدا ہونا۔
تَرَاوَحَ العَدَدُ بين كذا و كذا: تعداد کا بین بیان ہونا (اتنا یا اتنا)۔
تَرَاوَحَ العُمُرُ بَيْنَ كذا و كذا عاماً: عمر کا چند سالوں کے بین بین ہونا۔
اِرْتَاحَ وَاسْتَرَاحَ: آرام کرنا، آرام پانا، سکون حاصل کرنا، خوش ہونا۔

رَاحٌ: شراب۔
رَاحَةٌ: ریسٹ، آرام، سکون، راحت۔
رَاحَةٌ نَفْسِيَّةٌ: ذہنی سکون۔
رَاحَةُ اليَدِ: ہتھیلی، کف دست ج: رَاحَاتٌ
رَائِحَةٌ: رَوَائِحُ: بو
رَائِحَةٌ ذَكِيَّةٌ: خوشبو۔
رَائِحَةٌ خَبِيثَةٌ: بدبو۔
ذَكِيُّ الرَّائِحَةِ: خوشبودار۔
خَبِيثُ الرَّائِحَةِ: بدبودار۔
رُوحٌ ج: أَرْوَاحٌ: (۱) جان (۲) ست، خلاصہ، جوہر (۳) جذبہ، حوصلہ۔
رُوحُ التَّخَاذُلِ: شکست خوردگی کی ذہنیت۔
رُوحٌ زَاخِرَةٌ: بے پایاں جذبہ۔
رُوحٌ سَائِدَةٌ: عام جذبہ۔
رُوحٌ شِرِّيرٌ: خبیث روح، آسیب۔
رُوحُ الصَّبْرِ: برداشت کا مادہ۔
رُوحٌ طَيِّبَةٌ: پاکیزہ جذبہ، نیک جذبہ۔
رُوحُ القِتَالِ: جذبہ جہاد، لڑائی کا جذبہ۔
رُوحٌ مُرْتَفِعَةٌ: بلند حوصلہ۔
رُوحٌ مَعْنَوِيَّةٌ: حوصلہ، مورل MORALE
الرُّوحُ المَعْنَوِيَّةُ العَالِيَةُ: زبردست حوصلہ۔
رُوحٌ مُنْهَارَةٌ: پست حوصلہ۔
رُوحُ النَّصْرِ: جذبہ کامرانی۔
رُوحٌ نِضَالِيَّةٌ: جنگی جذبہ۔
رِيحٌ ج: رِيَاحٌ و أَرْيَاحٌ: چلتی ہوئی ہوا، تیز ہوا، محسوس ہوا۔
رَيِّحٌ: انتہائی ہوادار۔
رَيْحَانٌ: خوشبودار نبات ج: رَيَاحِينُ

اِرْتِیَاح: خوشی، مسرت قلب۔
الاِرْتِیَاحُ إلی القَوْل: بات دل کو لگنا۔
اَرْیَحِیٌّ: فراخ طبیعت، وسیع الاخلاق۔
اَرْیَحِیَّة: بہترین خصلت جو اعلیٰ افعال کو پسند کرتی ہے۔ ج: اَرَائِح
تَرْوِیح: پنکھا جھلنا، ہوا کرنا۔
تَرْوِیحُ القَلْب: دل خوش کرنا۔ تسکین بخشنا۔
اِسْتِرَاحَة: آرام پانا (۲) آرام، ریسٹ (۳) ریسٹ ہاؤس، ویٹنگ روم۔
مُرِیْح: آرام دہ (ضد: مُتعِب) (۲) نفع پیدا کرنے والی چیز۔
مُرْتَاح: بحالت سکون و آرام، خوش۔
مُرْتَاحُ البَال: مطمئن۔
مِرْوَحَة ج: مَرَاوِح: پنکھا۔
مِرْوَحَةٌ کَهْرَبِیَّة: بجلی کا پنکھا۔
مِرْوَحَةُ الخَیْش: چھت کا پنکھا۔
مِرْوَحَة (مَنْفَس): ہوادان، کھڑکی، روشندان۔
مَرْیُوح: آسیب زدہ۔
مُسْتَرَاحٌ: بیت الخلا، طہارت خانہ۔
رَوْدٌ: (ن) گشت لگانا، گھومنا، تلاش میں پھرنا، تلاش و جستجو کرنا۔
رَادَ البِلَادَ: کسی انکشاف و تحقیق کے لیے کسی ملک کی سیاحت کرنا۔
اِرْتِیَادُ الفَضَاء: خلائی کھوج۔
اِرْتِیَادُ قِمَمِ الجبال: کوہ پیمائی۔
رَاوَدَهُ مُرَاوَدَةً: پھسلانا، ورغلانا، کسی برائی پر آمادہ کرنا۔

اِرَادَة: چاہنا، ارادہ کرنا، پسند کرنا (۲) خواہش، جذبہ۔
الاِرَادَة: آمادگی۔
اِرَادَةٌ مِنْ حَدِیْد: آہنی ارادہ
رُوَیْدًا: آہستہ۔
رَائِد ج: رُوَّاد: اسکاوٹ، جستجو و تلاش کرنے والا (۲) جاسوس (۳) رہنما، قائد (۴) سیاح (۵) نامعلوم اشیاء کی کھوج لگانے والا۔
رُوَّادُ الفَضَاءِ: خلائی مسافر، خلاباز
مُرَاد: قصد، نیت۔
مِرْوَد: آنکھ کی سلائی، سرمہ کی سلائی۔
رَوَّزَ تَرْوِیْزًا: اندازہ کرنا، تخمینہ کرنا۔
رُوْسَو: ایک مشہور فرانسیسی رائٹر۔
رُوْسِیَا: روس۔
رُوْسِیٌّ مُتَطَرِّف: انتہا پسند اشتراکی۔
رَوَّضَ تَرْوِیْضًا و رَاضَ المُهْرَ ـُ رَوْضًا و رِیَاضًا و رِیَاضَةً: گھوڑے کو سدھانا، ہلانا، چلا کر قابو میں کرنا، چلنے کی عادت ڈالنا۔
رَوَّضَ الحَیَوَانَ البَرِّیَّ: مانوس بنانا، ہلانا۔
رَاوَضَه مُرَاوَضَةً: کسی کو فریب دے کر کام لینا، کام پر لگانا۔
تَرَاوَضَ: بیع و شراء میں باہم جھگڑنا
تَرَیَّضَ: تفریح کرنا۔
رَائِض، مُرَوِّضُ الخَیْل: گھوڑوں کا سائس۔
رَوْضَة ج: رِیَاض: (۱) باغیچہ (۲) سرسبز زمین۔
رَوْضَةُ الاَطْفَال: چلڈرن گارڈن، بچوں کا

نرسری اسکول۔
رِیَاضَة: جسمانی ورزش، کسرت، ٹریننگ۔
اَلْعَابٌ رِیَاضِیَّة: ورزشی کھیل (۲) جسمانی کرتب۔
رِیَاضِیّ: علم ریاضی کا عالم (۲) ورزشی کھیلوں کا عادی یا شوقین۔
رَوَّعَ تَرْوِیعاً و رَاعَه ـُ رَوْعاً و اَرَاعَ: ڈرانا، گھبرا دینا۔
رَاعَه و ارْتَاعَه: ڈرنا، گھبرانا۔
رَوْع، رَوْعَة: ڈر، خوف۔
سَکَّنَ رَوْعَه و هَدَّاَه: گھبراہٹ دور کرنا۔
رُوْع: دل، نقطۂ قلب (۲) ذہن، عقل۔
خطَرَ بِرُوْعِه: اس کے دل میں آیا۔
اُلْقِیَ فی رُوْعِه: اس کے دل میں ڈالا۔
رَوْع: حسن و جمال، شان و شوکت، آب و تاب۔
رَائِع: شاندار، خوشنما۔
رَائِعَةُ النَّهار: دن کی روشنی۔
مُرِیْع، مُرَوِّع: خوفناک، بھیانک
رَوَاغ، رُوَیْغَة: مکروحیلہ، چال۔
رَوَّاغ، مُرَاوِغ: مکار، چالاک۔
رَاغَ ـُ رَوْغاً و رَوَغَاناً، وروَاغاً: دھوکہ اور چال سے الگ ہونا، بچ نکلنا، نشانہ سے ہٹنا۔
رَاوَغَه مُرَاوَغَةً: دھوکہ دینا۔
رَاوَغَهُ فِی الکَلَامِ: چکنی چپڑی باتیں کرنا۔
مُرَاوِغ: دھوکہ باز، چالاک۔
رَوَّقَ تَرْوِیْقاً: صاف کرنا۔
رَوَّقَ اللَّیْلُ: رات کا تاریکی پھیلانا۔
رَوَّقَ البَیْتَ: گھر کے سامنے برآمدہ بنانا، سائبان ڈالنا۔
رَوَّقَ الدَّوَاءَ وغیرہ: بھپکے کے ذریعہ پانی ٹپکانا، عرق کشید کرنا، مقطر کرنا۔
رَاقَ ـُ رَوْقاً: صاف ہونا۔
رَاقَه ـُ: پسند آنا، بھانا، بھلا لگنا، اتفاقاً حسب خواہش ہو جانا۔
اِرَاقَة: بہانا۔
تَرَوَّقَ: ناشتہ کرنا۔
رَوْق، رِوَاق ج: اَرْوِقَة: برآمدہ، سائبان، پردہ جو دروازہ پر بطور سائبان ڈالا جائے، ہال، گیلری، شیڈ۔
رائق: صاف، خوشنما۔
رَاوُوق، مُرَوِّق: فلٹر، صاف کرنے کا آلہ۔
تَرْوِیْقَة: ناشتہ۔
رُوْل: (مع) فہرست مقدمات۔
رَوْم، مَرَام: مقصد، مطلب، قصد۔
رَامَ ـُ رَوْماً: قصد کرنا، چاہنا۔
رُوْم: (مع) رم، گنے کی شراب۔
رُوْمَاتِزْم: (مع) جوڑوں کی بیماری۔
رَوْنَق: بہار، خوشنمائی۔
رَانَ ـُ رَوْناً: سخت ہونا۔
رَوَی ـِ رِوَایَةً: روایت کرنا، کہانی کہنا، بات نقل کرنا، قصہ بیان کرنا۔
رَوَی عنه: نقل کرنا۔
رَوَی ـِ رَیّاً و اَرْوَی: سیراب کرنا۔
رَوِیَ ـَ رِوِیّ و ارْتَوَی: سیراب ہونا، پیاس بجھنا۔

اَرْوَى الزَّرْعَ وغيرَه: آب پاشی کرنا، آب رسانی کرنا۔
اَرْوَى الْغَلِيلَ: پیاس بجھانا۔
تَرَوَّى: غور کرنا، سوچنا۔
رُوَاء: خوشنمائی، چہرہ کی رونق، آب و تاب (۲) آبِ شیریں۔
رِوَايَة: (۱) خبر (۲) افواہ (۳) کہانی، اسٹوری (۴) حدیث (۵) بیان (۶) ناول ج: رِوَايَات۔
__ بُولِيسِيَّة: جاسوسی ناول۔
__ خَيَالِيَّة: رومانی کہانی۔
__ تَمْثِيلِيَّة: فلمی کہانی، ڈرامائی کہانی۔
__ هَزْلِيَّة: مزاحیہ ناول۔
__ مُحْزِنَة (مَأْسَاةٌ): داستانِ غم ٹریجڈی۔
رَوِيَّة: سوچ، غور (۲) ذہن (۳) قوت فکر
رِيٌّ: آبپاشی، سیرابی۔
رَيَّان، مُرْتَوٍ: سیراب (۲) تروتازہ
رِئَة (رِئَة): پھیپھڑا۔
تَرَوٍّ: تفکر۔
بِتَرَوٍّ: سوچ کر، غور فکر سے۔

ر............ی

رَيْبٌ، رِيبَة، اِرْتِيَاب: شک۔
رَابَه ـِ رَيْباً ورِيبَةً و أَرَابَ: شک میں ڈالنا۔
اِرْتِيَاب: شک میں پڑنا۔
تَرَيَّبَ و اِسْتَرَابَ: کسی کی طرف سے شک میں ہونا اور ڈرنا۔
مُرْتَابٌ: شکی، شک کرنے والا۔
مُرْتَابٌ فی العَقِيدَة: بددین۔
مُرِيبٌ: مشکوک، قابل شک، شک میں ڈالنے والا۔
رَيْثَمَا: اتنی دیر کہ، اس قدر کہ۔
رَاثَ ـِ رَيْثاً و تَرَيَّثَ: ٹھہرنا، توقف کرنا، دیر کرنا۔
رَيَّشَ الطَّائِرُ ورَاشَ ـِ رَيْشاً: پرندہ کے پر نکل آنا۔
رَاشَ ـِ رَيْشاً وتَرَيَّشَ: مال جمع کرنا۔
رَاشَ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا۔
رِيشٌ ج: اَرْيَاش: پر۔
رِيشَةُ الكِتَابَة: قلم۔
رِيشَةُ المُصَوِّر: نقاش کا برش۔
رِيشِيّ: پروں کا۔
رَيَّعَ المَالَ: مال سے فائدہ اٹھانا، دولت کو بڑھانا۔
رَاعَ ـِ رَيْعاً و رُيُوعاً ورَيَعَاناً: نشوونما پانا۔
رَيْعٌ: پیداوار غلہ (۲) نفع۔
رَيْعٌ و رَيْعَان: ہر چیز کا اول و افضل حصہ۔
اَرْضٌ مَرِيعَة: زرخیز زمین۔
رِيفٌ ج: اَرْيَاف: دیہات، کھلی جگہ، زراعتی زمین۔
رِيفِيّ: دیہاتی، زراعتی۔
رِيقٌ: لعاب ج: اَرْيَاق و رِيَاق
بَلَعَ رِيقَه: سانس لینا، آرام کرنا۔
(ريل) رَالَ ـِ رَيْلاً و رَيَلَ: رال بہنا۔
رِيَال: ایک سکہ برابر ۲۰۰ ملیم تقریباً، ڈالر۔
رَيَّمَ و رَامَ ـِ رَيْماً بِالْمَكَانِ: قیام کرنا۔

رَئِمَ: رِئِمَ: سفید ہرن (۲) قبر (۳) چھوٹا پہاڑ۔
رَئِمَ عَلَى: دھمکی دینا(۱)
رِئِمَة: دیچی کا ابال۔
رَانَ ــِ رَيْناً و رُيُوناً: غالب آنا۔
رَانَتْ فَتْرَةٌ مِنَ الصَّمْتِ: سکوت طاری ہوگیا۔
(رَیِی) أَرْيَى الرَّايَةَ: پرچم اٹھانا، جھنڈا اگاڑنا۔
رَايَة ج: رَايَات: پرچم، جھنڈا۔
رَايَةُ شَادن: پتنگ۔

ز..........أ

زِئبَق: پارہ (قرّار)۔
زَأبَقَ الشئیَ: پارہ کی قلعی کرنا۔
زِئبَقِی: پارہ کا، پارہ نما، سیمابی، تیز طرار۔
زَأرَ ــَــ زَئِیرَــ زَأرَ وزَئِیرًا: چنگھاڑنا، گرجنا، گرج کر بولنا، شیر کا چیخنا۔
زَئِیر: شیر کی چنگھاڑ، آواز، گرج۔

ز..........ب

زَبَّبَ العِنَبَ: انگور کو خشک کرنا۔
تَزَبَّبَ العِنَبُ: انگور کا خشک ہونا۔
زَبِیبٌ: منقی، خشک انگور۔
زَبِیبٌ بَنَاتِیّ: کشمش۔
زَبَدَ اللَّبَنَ ــِــ زَبْدًا: بلونا، مکھن نکالنا۔
زَبَّدَ اللَّبَنُ: دودھ پر مکھن آنا۔
أزْبَدَ: (۱) جھاگ آنا (۲) غصہ آنا، پیچ و تاب کھانا۔
زُبْدَةٌ: مکھن، کریم، بٹرج: زُبَدٌ
زُبْدَةُ الشئ: خلاصہ، جوہر، اصل جوہر، بہترین حصہ۔
زُبْدَةُ المَوْضُوع: خلاصہ مضمون۔
زَبَدٌ: جھاگ (۲) میل، گندگی ج: أزْبَادٌ

زِبْدِیَّة (سُلْطَانِیة): پیالہ ج: زَبَادِیّ
زَبَاد: ایک قسم کی خوشبو۔
لَبَنٌ زَبَادِیّ: چھاچھ، کھٹا دودھ۔
الزَّبَادِیّ: دہی۔
زَبَرٌ ج: زُبُور: کتاب۔
زَبُورٌ: ج: زُبُرٌ: کتاب، کتاب داؤد علیہ السلام
زُبَرٌ و: زُبْرَة: لوہے کا بڑا ٹکڑا۔
زِبْرَا: (معرب) زبرا، گورخر۔
زِبْرِج: زینت، زیور۔
زَبَرْجَد: ایک قیمتی پتھر۔
زَبَطَ البَطُّ ــِــ زَبْطًا و زَبِیطًا: مرغابی کا بولنا۔
زَبْطٌ: کیچڑ
زَوْبَعَة: طوفان ہوا، مصیبت، سمندری طوفان، سخت آندھی ج: زَوَابِعُ
زَبَقَ ــِــ زَبْقًا: بال اکھاڑنا، چونٹنا
زِبْلٌ: گوبر۔
ـــ الحَمام: کبوتر کی بیٹ۔
زَبَّال: صفائی کرنے والا، غلاظت اٹھانے والا بھنگی۔
زُبَالَة: کوڑا، جھاڑن۔

صُنْدُوقُ الزُّبَالَة: کوڑے کا ڈبا، کوڑا جمع کرنے کا ظرف۔
عَرَبَةُ الزُّبَالَة: کوڑے کی گاڑی۔
مِجْرَفَةُ الزُّبَالَة: کوڑا اٹھانے کا پنجہ۔
زَنْبِيل ج: زَنَابِيل: ٹوکری، کنڈی، پتوں کا بنا ہوا تھیلا، بید کا بنا ہوا تھیلا۔
مَزْبَلَة ج: مَزَابل: کوڑا خانہ۔
(زبن) زُبَانَىٰ، زَبَان: کانٹا، ڈنک
زَبَانِيَة: وہ فرشتے جو کافروں کو گھسیٹ کر جہنم کی طرف لے جاتے ہیں۔
زَبُون ج: زَبَائِنُ: کسٹمر، آسامی، گاہک۔
زُبْيَةٌ و: زُبىٰ: عمارت کا وہ پشتہ جس پر پانی نہ پہنچ سکے۔
بَلَغَ السَّيْلُ الزُبیٰ: پانی سر سے گزرنا، معاملہ حد سے بڑھنا۔

ز .... ج

زَجَجَ الحَاجِبَ: ابرو کو باریک کرنا، لمبا کرنا۔
___ : (۲) شیشہ بنانا۔
زَجَّ ـُـ زَجًّا: پھینکنا، ڈالنا۔
زَجَّهُ و به فى السِّجْن: قید کرنا۔
زُجُّ العَصَا: لاٹھی کا نچلا لوہا۔
___ الشَّرِيْط: ٹیگ، فیتہ کے سرے پر لگا ہوا باریک لوہا وغیرہ جس کے ذریعہ کاغذ نتھی کیا جاتا ہے۔
زُجَاج: گلاس، آبگینہ، کانچ، شیشہ۔
زُجَاجٌ مُسَطَّح: ہموار شیشہ۔
زُجَاجَة: شیشی، بوتل (۲) شیشہ کا ٹکڑا
زُجَاجِيٌّ: شیشہ کا
أَوَان زُجَاجِيَّة: شیشے کے برتن۔

زَجَرَ ـُـ زَجْرًا: ڈانٹنا، دھمکانا، جھڑکنا۔
___ عن: منع کرنا، روکنا۔
اِزْدِجَار، اِنْزِجَار: رکنا، باز آنا۔
زَجْرٌ: دھمکی، ڈانٹ، جھڑکی، ممانعت۔
زَاجِرٌ: (۱) دھمکانے والا (۲) ضمیر (۳) دھمکی ج: زَوَاجِرُ
زَجَلَ ـُـ زَجْلاً: (۱) تیر مارنا (۲) کبوتر کو دور جگہ بھیجنا۔
حَمَامُ الزَّاجِل: نامہ بر کبوتر۔
زَجّیٰ و أَزْجیٰ: ہانکنا، لے جانا۔
أَزْجَى التَّحِيَّةَ: سلامی دینا۔
___ الشُّكْرَ: شکریہ ادا کرنا۔

ز .... ح

زَحَرَ ـَـ زَحِيرًا، وزُحَارًا، و زُحَارَةً: آہ بھرنا، مرض پیچش میں مبتلا ہونا۔
زُحَارٌ، زَحِيْرٌ: درد و بے چینی کی آواز۔
زَحْزَحَة: ہٹانا۔
تَزَحْزَحَ عَنْ مَكَانِهِ: اپنی جگہ سے ہٹنا۔
زَحَفَ ـَـ زَحْفاً و زُحُوفاً، و زَحَفَاناً: رینگنا، گھسٹنا، آہستہ چلنا (۲) زمین کو ہموار کرنا۔
___ الجَيْشُ: فوج کا دشمن کی طرف بڑھنا پیش قدمی کرنا۔
زَحَّافَة: (۱) رینگنے والا جانور (۲) زمین کو ہموار کرنیوالا آلہ۔
زَحْف: مارچ، پیش قدمی۔
زَحْفٌ على السُّلْطَة: اقتدار کے لیے دوڑ دھوپ۔
زَحْفٌ و تَقَدُّم: پیش قدمی۔

زَحَلَ عَنْ مَكَانِه ـــ زَحْلاً و زُحُولاً: ہٹنا۔
إزْحَال، تَزْحِيل: دور کرنا، ہٹانا۔
زُحَلٌ: ایک سیارہ۔
زَحْلَقَة: پھسلانا، لڑھکانا، جگہ کو پھسلواں بنانا۔
تَزَحْلُق: پھسلنا، پھسلواں ہونا۔
قَبْقَابُ الزَّحْلَقَة: پہیہ دار کھڑاؤں
زُحْلُوقَة، مَزْلَقَة: پھسلواں زینہ، وہ تختہ جس سے بچے پھسلتے ہیں۔
زَحَمَ ـــ زَحْماً و زَحْمَةً و زَاحَمَه: ہجوم کرنا، بھیڑ لگانا، تنگی پیدا کرنا۔
زَحَمَ الطَرِيْقَ: راستہ روکنا۔
زَحْمَةُ المُرُوْر: ٹریفک جام، ٹریفک کی کثرت
زَاحَمَه مُزَاحَمَةً: مقابلہ کرنا، رکاوٹ بننا، مزاحم ہونا، ٹکر لینا، مناظرہ کرنا۔
ازْدِحَام: جگہ کا کثرت عدد سے تنگ ہونا۔ بھیڑ ہونا، ہجوم ہونا، بھر جانا۔
تَزَاحُمٌ: کھوے سے کھوا ملنا، ایک دوسرے کے لیے مزاحم ہونا۔
زَحْمَة، زِحَام، ازْدِحَام: بھیڑ۔
مُزَاحِم: مقابل، مخالف۔
مُزَاحَمَة: مقابلہ، ٹکر، مخالفت، کمپیٹشن۔
مُزَاحَمَةٌ على المَنَاصِب: عہدوں کی لڑائی۔
زِحَامٌ: ازدحام، ہجوم۔
بنزی مُزْدَحَمٌ: بھرا ہوا، بھیڑ لگا ہوا۔
بنزی: مصروف۔

زٖ............خ

زَخَّ الجَمْرُ ـــ زَخّاً و زَخِيْخاً: چنگاری کا چمکنا۔
زَخِيْخ: چمک، تارہ۔
زَخَرَ البَحْرُ ـــ زَخْراً و زُخُوراً، و زَخِيراً: دریا کا چڑھنا، موجیں مارنا۔
زَاخِرٌ: بھرا ہوا، ٹھاٹھیں مارتا ہوا۔
زَخْرَفَة: مزین کرنا، آراستہ کرنا، ملمع کرنا، ایمبرائیڈر
زُخْرُف ج زَخَارِف: زینت، ڈیکوریشن، سجاوٹ، سامان زینت، باطل و بے حقیقت چیز۔
زُخْرُفِيّ: آرائشی، زیبائشی۔
مُزَخْرَف: آراستہ۔
مُزَخْرِف: ڈیکوریٹر، آرستہ کرنے والا۔
زَخَمَ ـــ زَخْماً: سختی سے ہٹانا، دھکیلنا۔
زَخِمَ اللَّحْمُ ـــ زَخَماً و زَخَمَةً: گوشت میں بد بو ہونا۔
زَخْمَة: بدبو (۲) کوڑا۔

ز............ر

زَرَبَ المَوَاشِيَ ـــ زَرْباً: جانوروں کو باڑے میں بند کرنا۔
زَرِبَ الماءُ ـــ زَرَباً: پانی بہنا۔
زَرِيْبَة ج: زَرَائِبُ: جانوروں کا باڑا، شیڈ، سائبان۔
مِزْرَابٌ ج: مَزَارِيْب: پرنالہ۔
زَرَدَ ـــ زَرْداً: گلا گھونٹنا۔
زَرِدَ ـــ زَرْداً و زَرَداً: جلدی جلدی لقمہ نگلنا۔
زَرْدُشْتِيّ: آتش پرست۔
الزَّرَدِيَّة: پلاس۔
زَرَّرَ و زَرَّ القَمِيصَ ـــ زَرّاً: گھنڈی لگانا،

بٹن لگانا۔

زَرَّعَینَه: آنکھ کو تنگ کرنا۔

زِرّج: أزرار: بٹن، گھنڈی (۲) قمیص کی آستین۔

زِرّ کَهرَبَائِیّ: بجلی کا بٹن، سوئچ۔

__ الطَّربُوش: ترکی ٹوپی کا پھندنا۔

__ الجَرَسِ الکَهرَبائِي: بجلی کی گھنٹی کا بٹن۔

زَرزَرَ العُصفُورُ: چڑیا کا بولنا۔

زَرَعَ ـــ زَرعًا و زِرَاعَةً: بیج ڈالنا، بونا۔

__ الأَرضَ: زمین میں کاشت کرنا۔

__ النَّبات: گھاس بونا۔

زَرعٌ ج: زُرُوع: کھیتی، بوئی ہوئی چیز۔

زَرعُ الخَوف: دہشت پھیلانا۔

زِرَاعَة: کاشت، کھیتی باڑی، کاشتکاری

__ البَسَاتِین: باغ لگانا۔

زِرَاعِيّ: کاشت سے متعلق، زراعتی۔

خَبِیرٌ زِرَاعِيّ: ماہر زراعت۔

زَرَّاعٌ، زَارِعٌ: (۱) کاشتکار، کسان (۲) صاحب کاشت، مالک کاشت۔

الزِّرَاعَة الکَثِیفَة: گھنی کھیتی۔

الزِّرَاعَةُ المُرکّزة: زبردست کھیتی۔

مَزرَعَة: فارم، کھیت۔

مَزرَعَةٌ تعاوُنِیّة: امداد باہمی فارم۔

مَزرَعَةُ دَوَاجِن: مرغیوں وغیرہ کا فارم۔

مَزرَعَةٌ نَمُوذَجِیّة: نمونہ کا فارم۔

مُزَارِعٌ: کسان، کاشتکار۔

زَرَفَ ـــ زَرفًا: کودنا۔

__ فی الکَلام: جھوٹ ملانا۔

زَرِفَ الجُرحُ ـــ زَرَفًا: زخم کا ہرا ہونا۔

زَرَافَة: زرافہ، ایک جانور جو اونٹ کے مشابہ ہوتا ہے، اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں (۲) جماعت۔

زَرَافات: (۱) جماعتیں (۲) گروہ گروہ

زَرَقَ الطَّائِرُ ـــ زَرقًا: بیٹ کرنا۔

زَرِقَ ـــ زَرقًا و زُرقَةً: نیلگوں ہونا، آسمانی رنگ ہونا۔

زَورَق ج: زَوَارِق: چھوٹی کشتی، جہاز

__ بُخارِيّ: اسٹیمر، موٹر بوٹ، اسٹیم لانچ

زَورَقٌ مُوطَرِيٌّ: موٹر بوٹ۔

زَورَقُ الإِطفَاء: فائر بوٹ۔

زَورَقُ الصَّوَارِیخ: راکٹ بردار چھوٹا جہاز۔

أَزرَقُ: نیلا ج: زُرق

__ سَمَاوِيّ: آسمانی۔

القُبَّةُ الزَّرقَاءُ: آسمان

زَرکَشَة (مع): مزین کرنا، نقش و نگار بنانا۔

زَرکَش: چاندی کے تاروں کا ریشمی کپڑا۔

زَرَى ـــ زَریًا و زِرَایَةً و تزریًا عَلَي: عیب لگانا۔

أزرى به: عیب لگانا، ذلیل کرنا۔

__ بالأمر: حقیر و ذلیل سمجھنا۔

استِزرَاء: عیب لگانا، حقیر سمجھنا۔

زَرِيّ: عیب دار، حقیر، قابل نفرت (۲) معمولی، تھوڑا۔

ازدِرَاء: حقارت، ذلت، عیب

مُزدَرٍ: حقارت آمیز، عیب دار۔

ز..........ع

زَعَجَ ـَ زَعجاً و أَزْعَجَ: گھبرانا، گھبرا دینا، پریشان کرنا، ڈرانا، ہوش اڑانا۔
اِزْعَاج: گھبراہٹ، پریشانی۔
انزِعَاج: ڈرنا، سہنا گھبرا جانا۔
زَعَجٌ، انزِعَاج: گھبراہٹ، پریشانی۔
مُزْعِجٌ: پریشان کن، وحشتناک، ڈراونا۔
زَعِرٌ، أزْعَرُ: کم بالوں والا۔
أزْعَرُ: بے دم۔
زَعْزَعَة: ہلانا۔
تَزَعْزُعٌ: ہلنا۔
زَعْزَعٌ ج: زَعَازِع: سخت ہوا، تیز ہوا
زَعَفَ ـَ زَعْفاً: فوراً مار ڈالنا۔
زَعَقَ ـَ زَعْقاً: چیخنا، چلانا۔
زَعْقٌ، زَعِيق: چیخ، آواز۔
مَاءٌ زُعَاق: تلخ و کڑوا پانی۔
زَعِلَ ـَ زَعَلاً: تنگ دل ہونا، مکدر رہونا
تَزْعِيل: (دا) مکدر بنانا، بے کیف کرنا۔
إِزْعَال: پریشان کرنا، تنگ دل کرنا۔
زَعِل، زَعْلاَن: تنگ دل، پریشان۔
زَعَمَ ـُ ـــ زَعْمًا و زِعْمًا، و زُعْمًا و مَـزْعَـمًـا: دعویٰ کرنا، بے حقیقت دعویٰ کرنا۔
زَعُمَ ـُ زَعَامَةً: لیڈر بننا، سردار بننا۔
زَعْمٌ: دعویٰ
زَعَامَة: لیڈری، لیڈرشپ، سرداری، قیادت
زَعِيمٌ ج: زُعَمَاء: لیڈر، صدر، سردار، پیشوا، راہنما۔
ـــ عِصَابَة: کسی گروہ کا سرغنہ، سردار، گروپ لیڈر۔
الزَّعِيمُ الرُّوحِيّ: مذہبی پیشوا۔
الزُّعَمَاءُ الرُّوحِيُّون: مذہبی پیشوا۔
الزُّعَمَاءُ المُحَافِظُون: روایت پسند رہنما۔
تَزَعُّمُ الأحْزَاب: پارٹیوں کا لیڈر بننا۔
تَزَعُّمُ فِكْرَة: کسی خیال کا مدعی ہونا۔
مَزْعُوم: نام نہاد۔
مَزَاعِمُ: دعوے۔

ز.........غ

زَغَبٌ: چھوٹے بال، چھوٹے پر۔
زَغْزَغَة: پوشیدہ کرنا، چھپانا۔
زَغَلَ ـَ زَغْلاً: ڈالنا، پانی ڈالنا۔
زُغْلُول ج زَغَالِيلُ: بچہ۔

ز.........ف

زَفَّتَ تَزْفِيتاً: تارکول ملنا، لگانا، ڈالنا
زِفْتٌ: تارکول۔
زَفَرَ ـِ زَفْرًا و زَفِيرًا: لمبی سانس لینا (۲) لمبی لمبی آہیں بھرنا (۳) آگ بھڑکنے کے وقت آواز نکلنا۔
زَفَّرَ تَزْفِيرًا: چکناہٹ ملنا۔
زَفِرٌ: میلا، بودار۔
زَفْرَة ج: زَفَرَات: لمبی سانس، آہ
زَفِير: سانس کی آواز۔
زَفس: (مع) زیس، کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار۔
زَفَّ الطَّائِرُ ـِ زَفًّا و زَفِيفًا: پرندہ کا پر پھیلانا۔
زَفَّ العَرُوسَ إِلَى زَوجِهَا ـُ زِفَافًا و زَفَّةً: دولہن کو رخصت کرنا، شوہر کے

گھر بھیجنا۔
زَفَّ البُشرىٰ: خوشخبری دینا۔
زَفَّة: جلوس۔
زِفاف: رخصت، شادی۔
مِزَفَّة: پالکی، دولہن کی گاڑی۔

ز..........ق

زَقْزَق الطَّائِرُ فَرْخَه: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا۔
___ الطِّفلَ: بچہ کو پاؤں پر بٹھا کر نچانا۔
زَقِفَ ـُـ زَقْفًا: اچکنا۔
زَقَّ الطَّائِرُ ـُـ زَقًّا: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
زِقُّ الماءِ: مشکیزہ ج: زِقَاق و أَزْقَاق زُقَاق ج: أَزِقَّة: تنگ راستہ، گلی
زَقَمَ ـُـ زَقْمًا: نگلنا۔
زَقَّمَ الكِتَابَ: کتاب کا حاشیہ کاٹنا۔

ز..........ک

زَكَبَ ـُـ زَكْبًا: برتن کو بھرنا۔
زَكِيبَة: (دا) بوری، بڑا تھیلا۔
زَكَمَ ـُـ زَكْمًا: زکام کا سبب بننا، زکام میں مبتلا کرنا۔
زُكِمَ ــــ زُكَامًا و زُكْمَة: زکام میں مبتلا ہونا۔
زَكَنَ ـَـ الأَمرَ زَكْنًا: تاڑنا، سمجھنا۔
زَكَانَة: اصابت رائے، سمجھ بوجھ۔
(زكو) زَكَا ـُـ زُكُوًّا و زَكِيَ ـَـ زَكًى و زَكَاء: (۱) نیک وصالح ہونا (۲) کھیتی کا بڑھنا، خوش عیش ہونا، نشو ونما پانا۔
زَكِيَ ـَـ بِه: لائق ہونا۔
زَكَّى تَزْكِيَةً: پاک کرنا، نیک کرنا۔
___ المَالَ: مال کی زکوٰۃ دینا۔
تَزْكِيَة: تصدیقنامہ، کیریکٹر سارٹیفکٹ
زَكَاة: (۱) پاکیزگی (۲) مال کی مقررہ مقدار جو صاحب نصاب مسلمان پر اپنے مال میں سے ادا کرنی ضروری ہے۔
زَكِيّ: نیک وصالح۔

ز..........ل

زَلَابِيَة: (مع) جلیبی، گلگلے وغیرہ۔
زَلَجَ البَابَ ـُـ زَلْجًا: دروازہ کو چٹخنی سے بند کرنا۔
زَلِجَ ــــَـ زَلَجًا: پھسلنا، لڑھکنا، (۲) پھسلتے ہوئے چلنا۔
زَلَجٌ، زَلِيجٌ: پھسلواں۔
مِزْلَاج ج: مَزَالِيجُ: چٹخنی۔
مِزْلَجٌ ج: مَزَالِج: پہیوں دار کھڑاؤں جس پر پاؤں رکھ کر پھسلتے ہوئے چلتے ہیں۔
مَزْلَجَة: پھسلنے کی جگہ۔
زَلَحَ ـَـ زَلْحًا: چکھنا۔
زَلَحتْ رَأسُهُ: (۱) سر کے بال اڑ جانا۔
أَزْلَحُ: گنجے سر کا۔
زَلْــــزَلَة: ہلانا، جھٹکے دینا، بھونچال لانا (۲) زلزلہ۔
تَزَلْزُل: ہلنا، جھٹکا لگنا، بھونچال آنا
مِقيَاسُ الزَلَازِل: زلزلہ پیما۔
زَلَطَ ـِـ زَلْطًا: تیز چلنا۔
___ (دا): نگلنا۔
زَلَّطَ الأَرْضَ تَـزْلِيطًا: زمین میں کنکریاں ڈالنا، کنکریٹ بچھانا، (۲) برہنہ کرنا۔
تَزَلَّط: (۱) برہنہ ہونا۔

زَلَطٌ و: زَلَطَة: کنکری، کنکریٹ۔
وَابُورُ الزَّلَط: سڑک کوٹنے کا انجن
زَلَعَة: (۱) بڑا مرتبان۔
زَلَفَ ـُ زَلْفًا و زَلِيفًا و تَزَلَّفَ إليه: آگے آنا، قریب آنا، تقرب حاصل کرنا۔
__ و زَلَّفَ تَزْلِيفًا: آگے کرنا، قریب کرنا۔
زَلَفٌ، زُلْفَى، تَزَلُّف: قرب، تقرب،
مُتَزَلِّف: طفیلی۔
زَلِقَ ـَ زَلَقًا: پیر پھسلنا۔
زَلَّقَ تَزْلِيقًا: پھسلانا، دور کرنا، چکنا کرنا۔ پھسلواں بنانا۔
زَلِقٌ: پھسلواں، چکنا۔
زُلَيْق: آڑو۔
مَزْلَقَان: لیول کراسنگ، ریلوے کراسنگ
زَلْقَة: ایک لغزش۔
زَلَاقَة، مَزْلَقَة: پھسلواں جگہ۔
انْزِلَاق: پھسلنا، نہ جمنا، نہ ٹھہرنا۔
مَزْلَقَة: پھسلنے کا تختہ۔
زَلَّ ـِ زَلًّا و زَلَلاً: (۱) غلطی پر ہونا (۲) پیر پھسل کر گرنا، لغزش کرنا، ٹھوکر کھانا
إِزْلَال: لغزش کرانا، ٹھوکر کا سبب بننا۔
زَلَّة: غلطی، لغزش، ٹھوکر۔
زُلَال: صاف شیریں پانی۔
زُلَالُ البَيْض: انڈوں کی سفیدی
زَلَمَة: ہیئت، قد۔

ز..........م

زَمُتَ ـُ زَمَاتَةً و تَزَمَّتَ: باوقار ہونا، پر شوکت ہونا، سنجیدہ ہونا۔

زَمْجَرَة: دڑوکنا، چنگھاڑنا، شور مچانا۔
زَمْجَرَةُ المِدْفَعِيَة: توپ خانہ کا گونجنا، توپخانہ کی گرج۔
زَمَرَ ـِ زَمْرًا و زَمِيرًا و زَمَرًا: بانسری بجانا
زُمْرَة ج: زُمَرٌ: جماعت، گروپ۔
زُمْرَةُ المُنْتَخِبِين: ووٹروں کا حلقہ، حلقہ انتخاب۔
زَمَّارٌ، زَامِرٌ: بانسری بجانے والا۔
زَمَّارَة، مِزْمَار: بانسری، بین۔
مَزَامِير: و: مِزْمَار: بانسری، بین (۲) مخصوص گیت (۳) و: مَزْمُور: حضرت داؤد علیہ السلام کی دعائیں وغیرہ۔
زُمُرُّد: ایک قیمتی پتھر۔
زَمْزَمَة: گونج، گرج۔
زَمْزَمِيَّة: پانی کی بوتل، صراحی (۲) تھرماس ج: زَمْزَمِيَّات
زَمْزَمَةُ الصَّارُوخ: راکٹ کی خوفناک آواز۔
زَمَعَ و أَزْمَعَ على: عزم کرنا، پختہ ارادہ کرنا
مُزْمِع: عازم، قریب الوقوع۔
زَمَلَ ـُ زَمْلاً و زَامَلَة: ساتھی ہونا، رفیق کار ہونا۔
زُمْلَة: ساتھی، جماعت، ایسوسی ایشن۔
زَمِيل ج: زُمَلَاء: ساتھی۔
زَمِيلٌ فى صِنَاعَةٍ أو مَنْصِبٍ: ہم پیشہ، ہم عہدہ۔
زَمِيلٌ فى عَمَلٍ: رفیق کار، شریک کار، پارٹنر
زِمَالَة: رفاقت، رفاقت کار۔
إِزْمِيل: رانپی، چھینی۔
زَمَّ ـُ زَمًّا: باندھنا، مضبوط کرنا۔
زِمَام ج: أَزِمَّة: (۱) لگام (۲) ناک (۳) باگ

ڈور

لَا زِمَا لَهُ: بے مہار، بے لگام، آزاد

زَمِنَ ۔َ زَمَناً و زُمْنَة وزَمَانَةً: (۱) دائمی مریض ہونا (۲) معذور وا پاہج ہونا۔

إِزْمَان: کسی چیز کا دیر تک برقرار رہنا، زیادہ وقت گزرنا (کسی چیز پر) بیماری کا جڑ پکڑنا، دائمی ہونا۔

زَمِنٌ: اپاہج، دائم المرض۔

زَمَنٌ: صائم، زمانہ، وقت ج: أَزْمَانٌ و أَزْمُنٌ

الزَّمَنُ فی صَالِحِ المُتَفَائِل: زمانہ امیدوار کے مفاد میں ہے۔

زَمَنٌ قِیَاسِیٌّ: متعین وقت۔

زَمَنِیّ: وقتی، دنیوی، عالمی۔

الخَیرَاتُ الزَّمَنِیَّةُ: دنیوی اقتدار۔

القُنْبُلَةُ الزَّمَنِیَّة: ٹائم بم۔

زَمَانَة: اپاہج پن، دائمی بیماری۔

مُزْمِن: کہنہ، جڑ پکڑا ہوا، (مرض) پرانا، دائمی۔

زَمْهَرِیر: شدید سردی۔

ز .... ن

زَنَأ بَوْلَه ۔َ زَنْئًا: پیشاب روکنا۔

زَنَّأَ عَلَیه تَزْنِئَةً: تنگی کرنا۔

زَنَاءُ البَوْل: پیشاب کا بند، بندش۔

زَنْبَرَ عَلَیه: تکبر کرنا۔

زُنْبُرٌ ج: زُنْبُرکَات: اسپرنگ، پیچ دار کمانی۔

زُنْبُرکِیّ: اسپرنگ دار

زُنْبُور: بھڑ ج: زَنَابِیر

زُنْبَة: سوراخ کرنے کا اوزار۔

زَنْبِیل: کنڈی، ٹوکری ج: زَنَابِیل

زِنْجُ ج: زُنُوجٌ و زِنْجِیّ: کالا آدمی، نیگرو قوم۔

زَنْجَبِیل: سونٹھ، ادرک۔

زَنِخَ الزَّیتُ ۔َ زَنَخًا: تیل کا خراب ہونا۔

زَنْدٌ ج: زِنَادٌ: چقماق۔

___ البُنْدُقِیَة: بندوق کا گھوڑا۔

زَنْدَقَة: کفر اختیار کرنا، کافرانہ روش اختیار کرنا۔

تَزَنْدُق: ملحد ہونا، کافر ہونا۔

زِنْدِیق ج: زَنَادِقَة: کافر، ملحد۔

زِنْزَانَة: جیل کی کوٹھری ج: زِنْزَانَات

زَنَقَ ۔ِ زَنْقًا: بخل کرنا، تنگی کرنا، اخراجات میں کمی کرنا۔

زِنَاق: طوق۔

زِنْک: (توتیا، خارصین) جست، تانبے اور جرمن سلور کا مرکب جو بلاکوں کے چھاپنے اور بجلی کی بیٹری وغیرہ میں کام آتا ہے۔

زَنِمٌ، أَزْنَم: کن کٹا۔

زَنِیم، مُزَنَّم: کمینہ، اجنبی۔

زَنَّ ۔ِ زَنًّا: (دا) ٹن ٹن بولنا، گونجنا۔

زَنّ: آواز، گونج۔

زَنُوبِیَا: (دا) سگار۔

زَنَی ۔ِ زِنًیا و زِنًی: بدکاری کرنا، زنا کرنا۔

ز .... ھ

زَهِدَ ۔ُ فیه و عنه زُهْدًا وزَهَادَةً: کنارہ کش ہونا، بے پرواہ ہونا، چھوڑنا۔

___ فی الدُّنیا: تارک الدنیا ہونا۔

زُهْد: (۱) مذہبیت (۲) بے رغبتی (۳) دنیا سے بے رغبتی، عبادت گزاری۔

زَهِید: معمولی، حقیر، تھوڑا۔
زَهِد ج: زُهَّاد: خدارسیدہ، انتہائی عبادت گزار، تارک الدنیا۔
__ فی شیٔ: کنارہ کش، بے تعلق۔
الزَّاهِدُ فی المَنصِب: عہدہ سے کنارہ کش، ناطلب گار عہدہ۔
زَهَرَ ـــ زُهُورًا و زَهرًا: چمکنا۔
اِزْدِهَار: فروغ پانا، روشن ہونا، چمکنا، سر سبز و تازہ ہونا، عروج پر پہنچانا، زور پکڑنا (۲) ترقی، بہار، درخشانی، فروغ۔
إزْهَار و تزْهِیر: روشن کرنا۔
زَهْرَة: کلی، پھول
زَهْرَةُ الدُّنیا: دنیوی آرائش۔
زَهْرَةُ الکِبرِیت: پھول جھڑی۔
زَهْرٌ ج: أزْهَار: پھول۔
زُهْرَة: ایک سیارہ کا نام۔
زَهرِیَّة ج: زَهرِیَات: گلدان پھول رکھنے کا برتن۔
زَاهِر: روشن، چمکدار
زَاهِر و مُزْهِر: پھولدار
أزْهَرَ الشَّجرُ إزْهَارًا: درخت پر پھول آنا۔
مِزْهَر: عود، آلہ طرب ج: مَزَاهِر
مَزْهَرِیَّة: گلدان۔
أزْهَر: روشن، چمکدار
الأزْهَرَان: شمس وقمر
زَهَقَتْ نَفسُه ـــ زُهُوقًا: (۱) روح نکلنا (۲) ہلاک ہونا۔
زَهِقَ الشیٔ ـــ زُهُوقًا: (۱) ناپید ہونا (۲) کمزور وست پڑ جانا۔
زَهِقَ منه: (دا) تنگ آنا۔
إزْهَاق: باطل کو نیست و نابود کرنا، ناپید کرنا، ہلاک کرنا، کمزور بنانا۔
زَاهِق، زَهُوق: کمزور وست ہلاک و ناپید ہونے والا۔
زَهْقَان: تنگ دل، پریشان (دا)
(زَهَوَ) زَهَا ـــ زَهْوًا: (۱) روشن ہونا (۱) نشوونما پانا، بڑھنا (۳) غرور کرنا۔
زَهْوٌ: (۱) غرور (۲) گمراہی (۳) خوشنمائی، بہار، اتراہٹ۔
زُهَاء: مقدار، تقریباً، مانند۔
زَاهٍ: بھڑکدار، چمکدار، روشن۔
لَونٌ زَاهٍ: کھلا ہوا صاف رنگ (ضد قاتم)

ز .... و

زَوَّجَ تزْوِیجًا فُلانًا اِمرَأةً أو بامرَأةٍ: شادی کرنا، بیاہنا۔
تزَوَّجَ فُلانَةً أو بفُلانَةٍ: شادی کر لینا
زَاوَجَه مُزَاوَجَةً: تعلق قائم کرنا یا کرانا
تَـزَاوُج: مختلف لوگوں یا خاندانوں کا شادی کے ذریعہ باہم متعلق ہونا۔
اِزْدِوَاجٌ فی الأعْمَال وَبالأعْمَال: دوعملی۔
زَوْجٌ: (۱) خاوند (۲) بیگم، اہلیہ، میڈم (۳) کسی چیز کا جوڑا، دو کا مجموعہ
زَوْجُ أحْذِیَة: جوتوں کا جوڑا۔
زَوْجِیّ: جفت، عدد جفت۔
زَوْجَة: میڈم، بیگم، اہلیہ۔
زِوَاج: میرج، شادی، بیاہ۔
__ غَیرُ شَرعِیّ: ناجائز شادی۔

___ عُرفِيّ أو مَدَنِيّ: سول میرج قانونی یا باضابطہ شادی۔
حَفلَةُ الزِوَاج: تقریب شادی
زِوَاجِيّ: ازدواجی۔
زَاجٌ (مِلحٌ أخضرُ): نیلا تھوتھا۔
مُتزوِّج، مُزوَّج: شادی شدہ
مُزدَوِج: ڈپلی کیٹ، ڈبل، دوہرا۔
مُزدَوِجُ الجِنسِيَّة: دوہری شہریت والا۔
رزوح إزَاحَة: ہٹانا، دور کرنا۔
إزَاحَةُ السِتَارعن شيء: پردہ ہٹانا، نقاب کشائی، ظاہر کرنا، فاش کر دینا۔
زَاحَ ـُ زَوحًا و زَوَاحًا و انزَاحَ: ہٹنا، دور ہونا، الگ ہونا۔
زَوَّدَهُ بكذا تزويدًا: دینا، بہم پہنچانا، سپلائی کرنا، مہیا کرنا۔
زَوَّدَهُ و أزادَه: زادِراہ دینا، اشیائے خوردنی و سامان ضرورت دینا۔
زَادٌ: (۱) توشہ سفر، زادہ راہ (۲) راشن، اشیائے خوردنی ج: أزوَادٌ و أزوِدَة
مِزوَد ج: مَزَاوِدُ: توشہ دان، مسافر کا سفری تھیلا۔
تَزَوَّدَ بكذا: توشہ لینا، فراہم ہونا، اشیائے ضرورت لینا (۲) لیس ہونا۔
تزوُّدُ السَّفِينَةِ بأسلِحَةٍ نَوَوِيَّة: جہاز کا ایٹمی ہتھیاروں سے لیس ہونا۔
تزوِيدُ الحُكُومَة بالأسلِحَة: حکومت کو ہتھیار سپلائی کرنا۔
تزوِيدُ شيءٍ بجَسَدِه: باڈی لگانا۔
تزوِيدٌ بِمَقَاعِدَ: سیٹنگ، سیٹیں لگانا۔
التزوِيدُ بالبترول: پٹرول سپلائی کرنا۔
تزوِيدٌ بالتروس: گیرفٹ کرنا۔
التزوِيدُ بجرَايَة: راشن دینا۔
تزوِيدٌ بالكَهرباء: بجلی سپلائی کرنا۔
التزوِيدُ بالمُوَظَّفِين: اسٹاف مہیا کرنا۔
التزوِيدُ بالمِيَاه: آب رسانی۔
مُزَوَّدٌ بالأسلِحَة الثَقِيلَة: بھاری اسلحہ سے لیس۔
زَوَّرَ تزوِيرًا: کھوٹ ملانا، جعلی بنانا، کلام میں جھوٹ کی آمیزش کرنا، جعل سازی کرنا، پرفریب بنانا، بے بنیاد بنانا (۲) جعل سازی، غلط بیانی، فریب کاری۔
زَوِرَ بالطَّعَام ـَ زَوَرًا: اچھو ہونا، گلے میں لقمہ اٹکنا۔
زَارَه ـُ زِيَارَةً و زَورًا و مَزَارًا: ملاقات کرنا۔ (۲) مہمان بن کر آنا، (۳) کسی ملک کے دورہ پر آنا یا جانا (۴) کسی مقام کی برکت حاصل کرنے کیلئے آنا یا جانا،
تزَاوَرَ باہم ملاقات کرنا۔
زُورٌ: (۱) جھوٹ (۲) جھوٹا (۳) بہتان (۴) کھوٹا، جعلی، گھڑا ہوا۔
زَورَة: ایک ملاقات، ایک دورہ۔
زَائِر ج: زُوَّار: ملاقاتی، مہمان، وزیٹر، غیر ملکی مہمان جو سیر وسیاحت کیلئے آئے ہوں۔
زِيَارَة: ٹور، معائنہ، ملاقات، دورہ، کسی جگہ پر آمد ج: زِيَارَات
زِيَارَةٌ خاطِفَة: مختصر دورہ۔
زِيَارَةُ الدَّولَة بدَعوَةٍ رَسمِيَّة: سرکاری دعوت پر کسی ملک کا دورہ کرنا۔

زِیَارَۃٌ رَسْمِیَّۃ: سرکاری دورہ۔
زِیَارَۃٌ رَسْمِیَّۃ لِلدُّوَل: ممالک کا سرکاری دورہ کرنا۔
زِیَارَۃٌ قَصِیرَۃ: مختصر دورہ۔
زِیَارَۃُ المَرِیضِ المُشْرِفِ علی المَوْت: جاں بہ لب بیمار سے ملاقات۔
زِیَارَۃُ المَعْرِض: نمائش دیکھنا۔
تَزْوِیرُ الانتِخَابَات: الیکشن میں جعلسازی، فریب دہی کرنا۔
تَزْوِیرُ الحِسَابَات: حسابات میں جعل سازی کرنا۔
مُزَوَّر: جعلی، باطل، گھڑا ہوا، بے حقیقت۔
مُزَوِّر: جعل ساز۔
مَزَار: قابل زیارت مقام۔
زوس (معرب) زیس: کوہ اولیمس کے دیوتاؤں کا سردار۔
(زوغ) زَاغ ـُ: نکل بھاگنا۔
زَوَف: (ن) پرندہ کا زمین پر پروں کو ہلانا۔
زَوَّق تَزْوِیقاً: آراستہ کرنا، مزین کرنا۔
زُوَیْقَۃ: تاش کا پتا۔
زَاوُوق: پارہ
مُزَوَّق: آراستہ، ملمع کیا ہوا، چکنی چپڑی بات۔
زَالَ ـُ زَوَالاً وزَوَلَاناً: زائل ہونا، معدوم ہونا، ختم ہونا، ناپید ہونا، سورج ڈھلنا۔
لازَالَ، مَازَالَ، لَمْ یَزَلْ: برابر، مسلسل۔
زَاوَلَ العَمَلَ مُزَاوَلَۃً: کوئی کام مسلسل کرنا، پیشہ کے طور پر کرنا، پریکٹس کرنا۔
إِزَالَۃ: دور کرنا، زائل کرنا، ختم کرنا۔
إِزَالَۃُ الآثَار: نشانات مٹانا۔
إِزَالَۃُ الضَّرُورَۃ: (د ا) پیشاب کرنا
زَوَال: خاتمہ، انعدام۔
زَائِل: ختم ہو جانے والا، زوال پذیر۔
مِزْوَل ج: مَزَاوِل: ٹیلیفون کا ڈائل۔
مِزْوَلَۃ: دھوپ گھڑی۔
مُزَاوَلَۃ: پریکٹس، مشق۔
مُزَاوَلَۃُ السُّلْطَۃ: اختیارات استعمال کرنا۔
مُزَاوَلَۃُ النَّشَاط: سرگرمی شروع کرنا۔
زُولَا: زولا، مشہور فرانسیسی ناول نگار۔
زُولُوجِیَا: (مع) علم الحیوان۔
زَوَی تَزْوِیَۃً و تَزَوَّی و انزَوی: گوشہ نشین ہونا۔
زَاوِیَۃ ج: زَوَایَا: (۱) گوشہ، کونہ، کارنر (۲) گوشہ عبادت، خانقاہ، درگاہ (۳) نقطہ نظر۔
زَاوِیَۃٌ ثَابِتَۃ: متعین نقطہ نظر۔

ز.........ی

زَیَّتَ الآلَۃ وزَارتَ ـِ زَیْتاً: مشین کو تیل یا گریس لگانا۔
زَیْت ج: زُیُوت: تیل، روغن زیتون
ــــ الغاز: مٹی تیل۔
زَیْتِی: تیل نکالنے والا (۲) تیل جیسا
زَیَّات: تیل فروش۔
مَزْیَتَۃ: آئل کین، تیل ٹپکانے کی کپی۔
زَیْتُون: زیتون کا پھل۔
زَیْتُونَۃ: درخت زیتون۔
زَیْتُونِی: زیتونی رنگ کا، روغن زیتون کا
زَیْتٌ خَام: غیر صاف شدہ تیل، خام تیل
زَیْتُ الخَرْوَع: کاسٹر آئل۔

زَيْتُ البِتْرُول: پٹرولیم۔
زَيْتُ بِتْرُولٍ خام: کروڈ آئل، خام تیل۔
زِيج: آسمانی جنتری جس سے سیاروں کا حال معلوم ہوتا ہے۔
ـــ البَنَّاء: معمار کا سوت
(زيح) زَاحَ ـــِ زَيْحاً و زُيُوحاً، و زَيَحَاناً: دور ہونا، ہٹنا۔
إزاحة: ہٹانا، دور کرنا، منتقل کرنا۔
ـــ اللِّثَام عَنْ: نقاب ہٹانا، پردہ ہٹانا، پردہ اٹھانا۔
(زيد) زَادَ ـــِ زِيادَةً و زَيْدًا: زیادہ ہونا۔
زَادَ = و زَيَّدَ: زیادہ کرنا۔
زَادَ عنه: تجاوز کرنا۔
زَادَ إلَيه ـــِ زِيَادَةً: اضافہ کرنا۔
زَادَ النَّارَ لَهَبًا: آگ پر تیل چھڑکنا۔
زَايَدَ مُزَايَدَةً: قیمت بڑھانا، زیادہ سے زیادہ قیمت لگانا، بولی بولنا۔
تَزَيَّدَ السِّعْرُ: قیمت بڑھنا۔
تَزَايُد: اضافہ۔
تَزَايُد فی البَيْع: ایک دوسرے سے بڑھ کر قیمت لگانا۔
تَزَايُدُ البَطَالة: بیکاری بڑھنا۔
تَزَايُدُ الشَّكَاوى: شکایات میں اضافہ ہونا۔
تَزَايُدُ النَّشَاطَات: سرگرمیوں میں اضافہ ہونا۔
ازْدِيَاد: اضافہ، توسیع۔
ازْدِيَادُ الحَمْل: لوڈ پڑنا۔
ازْدِيَادُ الضَّغْطِ علي: دباؤ بڑھنا۔
زِيَادَة: (۱) زیادتی، اضافہ (ضد نقص)
(۲) الاؤنس، کام کی مقررہ اجرت کے علاوہ دی جانے والی رقم (۳) فاضل و بقیہ چیز۔
ـــ على كذا: اضافہ، شئی مزید۔
زِيَادَةُ الأَسْعَار: قیمتوں میں اضافہ۔
زِيَادَةُ الإنْتَاج: پیداوار بڑھانا، پیداوار میں اضافہ۔
زِيَادَةُ البَطَالة: بے روزگاری میں اضافہ۔
زِيَادَةُ التَّضَخُّمُ فی البِلاد: ملک میں افراد کا اضافہ۔
زِيَادَةُ التَّضَخُّم المَالِيّ: افراط زر میں اضافہ۔
زِيَادَةُ تَوْزِيْع الصَّحِيفَة: اخبار کی اشاعت میں اضافہ۔
زِيَادَةُ خُطُورَةِ المَوقِف: صورت حال کی نزاکت میں اضافہ۔
زِيَادَةُ سُخطِ الشَّعْب و تذَمُّرِه: عوام کی دل برداشتگی اور غصہ میں اضافہ۔
زِيَادَةُ الصَّادِرات: برآمدات میں اضافہ۔
زِيَادَةُ غَلَيَانِ الشَّعْب: عوام کے غصہ میں اضافہ ہونا۔
زِيَادَةٌ فی الأُجُور: مزدوری میں اضافہ، تنخواہوں میں اضافہ۔
زِيَادَةٌ (فی الفَاتُورة): اوور چارج۔
زِيَادَةٌ كَبِيرَة: زبردست اضافہ۔
زِيَادَةٌ مَلْحُوظَة: غیر معمولی اضافہ۔
الزِّيَادَةُ مِنْ حِدَّةِ التَوَتُّر: کشیدگی میں اضافہ کرنا۔
الزِّيَادَةُ مِنَ الخُطُورَة: سنگینی میں اضافہ کرنا۔

زِیَادةُ المَوْقِف اشتِعَالاً: صورت حال کا زیادہ بھڑک جانا۔
زَائِدٌ: (۱) فاضل از ضرورت، غیر لازم (۲) کثیر (۳) اضافہ شدہ۔
زَائِدٌ عَنِ الحَدّ: حد سے زائد۔
زَائِدَةٌ دُوْدِیَة: زائد آنت، اپنڈکس۔
اِلتِهَابُ الزَائِدَةِ الدُّوْدِیَّة: اپنڈی سائیٹس، زائد آنت میں سوزش ہونا۔
مَزَاد: نیلام۔
بَاعَ بالمَزَاد: نیلام کرنا۔
طَرَحَ بالمَزَاد: نیلام میں ڈالنا۔
مُزَایِد (ضد مُنَاقِص): قیمت بڑھانے والا۔
مُزَایَدَة: فروختگی بذریعہ نیلام (ضد مُنَاقَصَة)
مَزِید: اضافہ، اضافہ شدہ۔
مُزَایَدات: مبالغ، بڑھا چڑھا کر کی جانیوالی باتیں، بے حقیقت باتیں۔
المُزَایَدةُ فی الخُطَب: تقریروں کا مقابلہ
مُزَایَدةُ مُنَافَسَةِ: مقابلہ کی بولی۔
مُزَایَداتٌ سِیَاسِیَّة: سیاسی پیچیدگیاں
مُزَایِد: نیلامی میں بولی لگانے والا۔
زِیْرُ الماء (دَنٌّ) مٹکا۔
زَیَّطَ و زَاطَ ـِ زَیْطًا و زِیَاطًا: شور مچانا، جھگڑنا۔
زَیَّاط: شور وشعب کرنے والا۔
زَیْغ، زَیَغَان: ٹیڑھ، کجی۔
زَاغَ ـِ زَیْغًا و زُیُوغًا، و زَیَغَانًا: ٹیڑھا ہونا، جھکنا (۲) بھکنا، گمراہ ہونا۔
زَیَّغَ: ٹیڑھا کرنا (۲) کجی درست کرنا۔
أَزَاغَ عَنِ الطَّرِیْق: منحرف کرنا، گمراہ کرنا۔
زَاغ: ایک قسم کا کواج: زِیْغَان
زَاغ جِیَفِیّ: مردار خور کوا۔
زَائِغ: ٹیڑھا، کج، گمراہ۔
زَیَّفَ الدَّرَاهِمَ و زَافَ ـِ زَیْفًا: کھوٹا سکہ بنانا، کھوٹ ملانا، جعلی بنانا۔
زَافَ ـِ زُیُوفًا: کھوٹا ہونا۔
تَزْیِیف: جعل سازی، فریب کاری، غلط بیانی۔
زَیْف، زَائِف: کھوٹا، جعلی، بے حقیقت
عُمْلَةٌ زَائِفَة: کھوٹا سکہ۔
تَزْیِیف: جعل سازی، فریب کاری، غلط بیانی۔
تَزْیِیفُ العُمْلَة: سکہ میں کھوٹ ملانا۔
مُزَیَّف: جعلی، غیر حقیقی، بے حقیقت۔
مُزَیِّف: جعلساز۔
زِیْقُ الثَّوْب: کالر۔
زِیْقُ البَنَّاء: معمار کی ڈوری یا سوت جس سے ردوں کی ہمواری دیکھی جاتی ہے۔
زِیْق: (۲) (دا) عمارت کا حصہ۔
زَیَّلَ تَزْیِیلاً: الگ الگ کرنا، جدا کرنا۔
زَایَلَ المکانَ مُزَایَلَةً: الگ ہونا، جدا ہونا۔
زَالَ: الگ ہونا، ہٹنا۔
مَازَالَ، لَم یَزَلْ: برابر، مسلسل۔
زَیْلُفُون: (معرب) ایکزیلوفون، ایک چوبی باجا جس میں لکڑی کے پردے ہوتے ہیں اور ضرب لگانے یا رگڑنے سے بجتا ہے۔
زَیَّنَ تَزْیِینًا و زَانَ ـِ زَیْنًا: آراستہ کرنا،

زیب دینا، سجانا۔
تَـزَیَّنَ بکذا: آراستہ ہونا، سجنا، (۲) سر کے بال کترنا۔
تزْیِین: آراستگی۔
ازْدِیَان: آراستہ ہونا۔
زَیْـنٌ، زَیَـانٌ: خوبصورت (۲) زیب، سامان زینت۔
زِیْـنَة ج زِیْـنَات: آرائش، بناؤ سنگار سامان زینت۔
خِوَانُ الزِّیْنَة: سنگار کی شیشے دار میز
غُرْفَةُ الزِّیْنَة: سنگار کا کمرہ۔
مُزَیِّن، مُزْدَانٌ: آراستہ۔
مُزَیِّن: حجام، بال بنانے والا۔
زِیٌّ: ج: أَزْیَاءٌ: فیشن، اسٹائل (۲) طرز (۳) لباس (۴) بھیس، روپ، ہیئت۔
تَـزَیَّابِزِیِّ کذا: بھیس اختیار کرنا، ہیئت بنانا، فیشن اختیار کرنا۔

س .... أ

سَأَلَ ــ سُؤَالاً و تَسْآلاً، وَمَسْأَلَةً: مانگنا، طلب کرنا۔

سَأَلَهُ سُؤَالاً: سول کرنا۔

سَأَلَهُ عَنْ كذا: پوچھنا، دریافت کرنا۔

أَسْأَلَهُ سُؤْلَه: ضرورت یا طلب پوری کرنا۔

تَسَوَّلَ: بھیک مانگنا۔

تَسَاءَلَ بِانْدِهَاشٍ: حیرت سے پوچھنا۔

سُؤَال ج: أَسْئِلَة: (۱) سوال، بازپرس، انکوائری (۲) طلب (۳) بھیک۔

سُؤَالٌ مَطْرُوح: زیر بحث سوال۔

سَائِل: طالب (۲) پوچھنے والا (۳) مانگنے والا (۴) بہنے والا، سیال چیز (ضد جَامِد)

سَائِلٌ قَابِلٌ لِلالْتِهَاب: آگ پکڑنے والا سیال مادہ۔

مَسْأَلَة ج: مَسَائِل: ضرورت، ب(۲) معاملہ، حل طلب معاملہ، قضیہ، مسئلہ، پرابلم۔

مَسْأَلَةٌ تَحْتَ الْبَحْثِ: زیر بحث سوال۔

الْمَسْأَلَةُ الطَّبِيعِيَّة: معمولی بات۔

مَسْأَلَةٌ مُتفجِّرة: دھماکہ خیز مسئلہ۔

مَسْأَلَةٌ مُجامَلة: رکھ رکھاؤ کا مسئلہ۔

مَسْأَلَةٌ يُطْلَبُ حلُّها: قابل حل مسئلہ۔

الْمَسَائِلُ الْكُبْرَى: اہم مسائل۔

الْمَسَائِلُ الْمُتَعلِّقَةُ بِالدِّفَاع: دفاعی مسائل۔

مَسْئُول: ذمہ دار، جواب دہ۔

مَسْئُولٌ حُكُومِيّ: حکومت کا ذمہ دار۔

مَسْئُولُ التَّمْوِين: سپلائی افسر۔

مَسْئُولٌ عَنْ: انچارج۔

مَسْئُولٌ نِقَابِيّ: آرگنائزر۔

الْمَسْئُولُون: ذمہ داران۔

مَسْئُولِيَّة ج: مَسْئُولِيَّات: ذمہ داری۔

الْمَسْئُولِيَّةُ الْجَمَاعِيَّة: اجتماعی ذمہ داری۔

مَسْئُولِيَّةٌ غَيْرُ مُحَدَّدَة: غیر محدود ذمہ داری۔

الْمَسْئُولِيَّةُ الْفَرْدِيَّة: انفرادی ذمہ داری۔

مَسْئُولِيَّةٌ مُشْتَرَكَةٌ: مشترکہ ذمہ داری۔
المَسْئُولِيَّاتُ التَّعَاقُدِيَّةُ: معاہدہ سے متعلق ذمہ داریاں۔
سَئِمَ ـــَ كذا سَآمَةً وسَأْماً: اکتانا، دل اچٹنا، طبیعت اچاٹ ہونا۔ بور ہونا، آزردہ ہونا۔
أَسْأَمَه: اکتا دینا، طبیعت اچاٹ کر دینا۔

س .... ب

سَبَانَخ، إسْبَانَخ: (معرب) اسفاناج، پالک، اسی قسم کی اور سبزی۔
سَبَّبَ تَسْبِيباً: سبب بننا، وجود میں لانا۔
(هٰذَا السَّفَرُ يُسَبِّبُ لَكَ المَرَضَ)
تَسَبَّبَ به و إليه: واسطہ اور ذریعہ بننا۔
تَسَبَّبَ بالأمْر: سبب بننا۔
تَسَبَّبَ عَنْ شَئٍ: سبب بننا۔
تَسَبَّبَ فی كذا: سبب بننا۔
مُسَبِّبٌ: سبب بننے والا، ذرائع پیدا کرنے والا، محرک۔
سَبَبٌ ج: أَسْبَاب: (۱) علت، وجہ (۲) اصل (۳) باعث و محرک (۴) ذریعہ، واسطہ (۵) دلیل و ثبوت (۶) رسی۔
سَبَبٌ كَافٍ: مکمل ثبوت۔
سَبَبٌ وَاهٍ: کمزور و لچر دلیل۔
سَبَّ ـــُ سَبّاً: گالی دینا، برا کہنا، عیب لگانا، آڑے ہاتھوں لینا۔
سَبَّ الدِّيْنَ: توہین مذہب کرنا۔
سَابَّه و تَسَابُّوا: باہم گالی گلوچ کرنا۔
سَبٌّ، سِبَابٌ: گالی، تہمت، عیب۔

سَبَّابَة: انگشت شہادت، انگوٹھے سے متصل انگلی۔
سَبَتَ ـــِ ـــُ سَبْتاً: (۱) مونڈنا (۲) آرام لینا (۳) سبت منانا یعنی سنیچر کے دن مذہبی تقریب کرنا۔
أَسْبَتَ: سنیچر کے دن میں داخل ہونا۔
سَبْتٌ، يَوْمُ السَّبْتِ: سنیچر، شنبہ۔
سَبْتُ النُّور: ایک مسیحی تہوار۔
سَبْتِيّ: سبت کا عقیدہ رکھنے والا۔
سَبَتٌ: ٹوکری (دا)
سَبَتُ الجَوَّالَةِ: سائڈ کار، بغلی کار۔
سُبَات: نیند، اونگھ۔
مَسْبُوت: حالت اونگھ میں، حالت جمود میں، بیماری کی غنودگی کی حالت میں، خواب آلودہ، بے جان و بے سدھ۔
سِبْتِمْبر: (مع) ماہِ ستمبر۔
سَبَحَ ـــَ سَبْحاً و سِبَاحَةً: تیرنا، تیز دوڑنا۔
سَبَّحَ تَسْبِيحاً: پاکی بیان کرنا، تسبیح پڑھنا۔
سُبْحة: دانوں کی تسبیح۔
سَبْح و سِبَاحَة: تیراکی۔
سَبَّاح: تیراک۔
سَابِح: تیرتا ہوا۔
تَسْبِيْحَة ج: تَسْبِيحَات: تسبیح کے کلمات۔
سَبَّخَ تَسْبِيْخاً: گہری نیند سونا (۲) زمین میں کھاد ڈالنا۔
سَبِخٌ: گندی زمین، کیچڑ دار زمین۔
سَبْخ، سِبَاخ: (دا) کھاد۔
سَبْخ بَلَدِيّ: قدرتی کھاد۔

سَبخ کِیمیَاوِیّ: مصنوعی کھاد۔
سَبَرَ ـُ سَبراً: آزمانا، جانچنا۔
سَبَرَ غَورَہ: گہرائی معلوم کرنا، حقیقت جاننا۔
سَبُّورَة: تختہ سیاہ، بلیک بورڈ۔
مِسبَر، مِسبَار ج: مَسَابِیر: گہرائی معلوم کرنے کا آلہ۔
سِبرتُو: اسپرٹ۔
سَبُطَ الشَّعرُ ـُ سَبَاطَةً وسُبُوطًا و سُبُوطَةً: بالوں کا سیدھا ہونا۔
أسبَطَ الرَّجُلُ: خوف سے چپ ہونا
سِبط ج: أسبَاط: (۱) پوتا (۲) نواسہ (۳) خاندان۔
سَبِط: سیدھے بال۔
سَبطُ الیَدَینِ: سخی، فراخ دست۔
سُبَاطَة: کوڑی، کوڑی خانہ
سَبَعَ القومَ ـَ سبعاً: ساتواں ہونا۔
سَبَعَ وسَبَّعَ الشَّئَ: سات گنا کرنا۔
سَبُع ج: سِبَاع: خونخوار جانور، درندہ۔
سُبُع: ساتواں۔
سَبعَةُ أضعَاف: سات گنا۔
سَبعُون: ستر (۷۰)
سَبعُونِيّ: ستر سال کا۔
سَابِع: ساتواں۔
سُبَاعِيّ: سات رکنی، ہفت گوشہ۔
سُبَاعِیُّ الأحرُف: سات حرفی۔
أُسبُوع ج: أسَابِیع: ہفتہ۔
أُسبُوعُ الآلام: (نصاریٰ کے نزدیک) ہفتہ مصائب۔
أُسبُوعِيّ: ہفتہ وار، ویکلی۔

سَبَغَ الشَّئُ ـُ سُبُوغاً: (۱) مکمل ہونا (۲) کپڑے کا دراز ہونا (۳) زندگی کا خوشگوار ہونا۔
أسبَغَ الرَّجُلُ: زرہ پوش ہونا،
سَابِغ: وسیع، دراز۔
سَابِغَة ج: سَابِغَات: زرہ
سَبَقَ إلی کذا ـِ سَبقاً: آگے بڑھنا۔
سَبَقَ ـِ: گزرنا، مذکور ہونا۔
سَبَقَ عَلَی: غالب ہونا۔
سَبَقَ اَن قُلتُ: میں پہلے کہہ چکا ہوں۔
سَبَقَ مَوعِدَہ: وقت سے پہلے آنا۔
سَابَقَہ مُسَابَقَةً: دوڑ میں آگے نکلنا، غالب آنا (۲) مقابلہ کرنا۔
سَابَقَ الرِّیحَ: ہوا سے آگے بڑھنا، انتہائی تیز چلنا۔
تَسَابَقَ: باہم (دوڑ میں) مقابلہ کرنا۔
التَّسَابُقُ عَلَی...... : دوڑ، دوڑ لگانا، مقابلہ کرنا۔
اَسبَقُ: سینئر۔
سَبق، أسبَقِیَّة: تقدم، سبقت، سینیارٹی۔
سَبَق، سُبقَة: دوڑ کی شرط۔
سَبق، سِبَاق: دوڑ، ریس۔
سِبَاق، مُسَابَقَة: مقابلہ، کمپٹیشن، دوڑ۔
سِبَاقُ المَرَاکِب: کشتیوں یا جہازوں کی دوڑ۔
سِبَاقُ الخَیل: گھوڑ دوڑ۔
سِبَاقُ التَسَلُّح: ہتھیار بندی کی دوڑ، اسلحہ بندی کی دوڑ، فوجی ساز و سامان کی دوڑ، ہتھیاروں کی دوڑ۔

سِبَاقٌ فِی العَدْوِ: ریس، بھاگنے کا مقابلہ۔
حَلْبَةُ السِّبَاقِ، مَیْدانُ السِّبَاقِ: دوڑ کا میدان۔
سَابِقٌ: مذکور، گزشتہ، پہلا، پیش رو (ضد لَاحِقٌ)
السَّابِقُ ذِکْرُہ: مذکورہ بالا۔
السَّابِقُ لِأَوَانِه: قبل از وقت۔
سَابِقُ مَعْرِفَةٍ: پہلی شناسائی۔
سَابِقُ مَعْرِفَةٍ بکذا: سابقہ، واسطہ۔
سَوَابِقُ جِنَائِیَّة: جرائم کا ریکارڈ۔
کَشْفُ السَّوَابِقِ: سابقہ جرائم کی فہرست جو پولیس کے پاس رہتی ہے۔
سَابِقَة: (۱) نظیر (۲) نمونہ (۳) سابقہ جرم، پولیس ریکارڈ ج: سَوَابِقُ لَهُ سَابِقَةٌ مِنْ نَوْعِهِ: اسی قسم کا اس کا پہلا جرم ہے۔
سَابِقاً: پہلے، اب سے پہلے، بیفور ٹائم (۲) پہلے، گزشتہ زمانہ میں۔
سَبَّاق: سب سے آگے رہنے والا، پیش پیش رہنے والا۔
مُسْبَقاً: پیشگی، پہلے سے، پہلے ہی۔
مَسْبُوق: (۱) پیچھے رہ جانے والا (۲) وہ شخص جس کا کوئی سابقہ جرم ہو (۳) وہ شخص جس کی کوئی رکعت چھوٹ گئی ہو۔
غَیْرُ مَسْبُوقٍ: جس کا کوئی سابقہ جرم نہ ہو، جس سے کوئی آگے نہ بڑھا ہو۔
مُسَابِقٌ: مقابل، مزاحم۔
مُسَابَقَة: کمپٹیشن، مقابلہ۔
مُسَابَقَةُ الجَمَالِ: مقابلہ حسن۔
سَبَکَ ـِ سَبْکاً و سَبَّکَ: پگھلا کر سانچے میں ڈالنا، کھرا کھوٹا دیکھنا، ڈھالنا، آزمانا۔
اِنْسِبَاک: ڈھلنا، پگھلنا۔
سَبْکُ المَعَادِنِ: دھاتوں کی گلائی۔
سَبَّاکُ المَعَادِنِ: دھاتوں کی گلائی اور ڈھلائی کا کام کرنے والا (۲) پائپ جوڑنے والا۔
سَبِیْکَه ج: سَبَائِکُ: سونے چاندی یا دیگر دھاتوں کا پگھلا ہوا ڈلا، ڈھلی ہوئی تختی۔
مَسْبَک ج: مَسَابِکُ: معدنیات کی ڈھلائی کا کارخانہ، فاؤنڈری۔
مَسْبَکُ حُرُوفِ الطِّبَاعَة: ٹائپ فاؤنڈری۔
سَبَّلَ المَالَ: مال کو اللہ کی راہ میں خیرات کرنا۔
سَبَّلَ الشَّیْئَ: عام و مباح کرنا۔
اِسْبَال: پردہ ڈالنا، لٹکانا۔
اِسْبَالُ الدُّمُوْعِ: آنسو بہانا۔
اِسْبَالُ المَاءِ: پانی بہانا۔
اِسْبَالُ الزَّرْعِ: کھیتی کا خوشہ نکل آنا۔
شَعْرٌ اَسْبَلُ: سیدھے بال۔
سَبَلٌ: بارش۔
سَبَلَة، سُنْبُلَة: خوشہ گندم وغیرہ (۲) ڈاڑھی کا اگلا حصہ۔
سَبِیْل ج: سُبُل: راستہ (۲) پانی کی سبیل، عام لوگوں کے پانی پینے کی جگہ، میڈیم۔
عَلٰی سَبِیْلِ التَّجْرِبَة: تجرباتی طور پر۔
سُبُلٌ مُتَشَعِّبَة: شاخ در شاخ راستے۔
اِبْنُ السَّبِیْلِ: مسافر، پردیسی۔
(سَبو) سَبَا: ملک یمن کے ایک قبیلہ کے سردار کا نام۔

ذَهَبُوا أَيْدِي سَبَا: ضرب المثل بمعنی منتشر ہونا، شیرازہ بکھرنا (سبا کے بیٹے مختلف جہات میں منتشر ہو گئے تھے اس وقت سے انتشار وافتراق کی ضرب المثل بن گئی)۔

سَبٰی ۔ سَبْیاً و سِبَاءً و اسْتَبٰی: قید کرنا۔

سَبٰی العَقْلَ: ذہن پر قابض ہونا، اسیر بنالینا۔

سَبٰی الرَّجُلَ: جلاوطن کرنا۔

سَبِیٌّ ج: اَسْبِیَاءُ: اسیر، قیدی۔

سَبْیٌ: قید، جلاوطنی۔

سَاب، مُسْتَب: قید کرنے والا۔

سَبِیرتُو: اسپرٹ، الکحل۔

سَبُّوْنَةُ الشُّبَّاک: چٹخنی۔

س..........ت

ستَال: (STALL) (۱) میلے یا بازار میں عارضی دکان (۲) سودا بیچنے کی میز (۳) تھیٹر میں سامنے کی نشستیں۔

سِتّ، سِتَّة: چھ (٦)

سِتّ: (۲) خاتون۔

سِتَّةُ أَضْعَافٍ: چھ گنا۔

سِتُّوْنَ: ساٹھ (٦٠)

السِّتُّوْنَ: ساٹھواں۔

سِتُّوْنِیّ: ساٹھ سال کا۔

سَاتّ (سَادِس): چھٹا۔

سَتَرَ ۔ سَتْراً و سَتَّرَ: چھپانا، ڈھانکنا، حفاظت کرنا۔

سَتَرَتِ الوَجْهَ بکذا: گھونگھٹ کرنا

تَسَتُّر و اسْتِتَار: چھپنا، پوشیدہ ہونا، آڑ لینا۔

تَسَتُّر علی......: پردہ پوشی۔

تَسَتُّر علی الجَرِيْمَة: جرم کی پردہ پوشی۔

تَسَتُّر علی المُجْرِم: مجرم کو پناہ دینا۔

سِتْر، سِتَار: آڑ، رکاوٹ۔

سِتَار، سِتَارَة: پردہ، چلمن، چق، آڑ۔دیوار۔ ج: سَتَائِر

سِتَارٌ حَدِيْدِیّ: آہنی دیوار۔

مَاوَرَاءَ السِّتَار: پس پردہ۔

سُتْرَة، سِتْرَة: کوٹ، آستین دار، صدری، جیکٹ، لباس، پردہ، آڑ۔

سُتْرَةُ الفَضَاء: خلائی لباس۔

سُتْرَةٌ هِنْدِيَّة (تُلْبَسُ تَحْتَ القَمِيْص): بنیان۔

مُسْتَتِر، مَسْتُور: پوشیدہ، راز میں، پردہ غیب میں۔

سَاتِرٌ تُرَابِیّ: مٹی کی دیوار۔

ستكُوْزَا، اُسْتكُوزَا: جھینگا (مچھلی)۔

السَّاتَان: سائن، اطلس۔

سَاتِيْن، سَتِيْنِيَة، سَاتِيْنِيَة: اونی یا سوتی چمک دار کپڑا (اطلس جیسا)

س..........ج

سَجَدَ ۔ سُجُوداً: سر جھکانا (تعظیماً یا عبادۃً) سجدہ کرنا۔

سَجَدَ لہ: عبادت کرنا۔

سُجُوْد: عبادت، سجدہ۔

سَجَّادَة ج: سَجَاجِيْد: قالین، جانماز، کارپیٹ۔

سَجَعَ ۔ سَجْعاً: کبوتر کا بولنا (۲) کلام کو مقفّی بنانا، قافیہ بندی کرنا۔

سَجْعٌ ج: أَسْجَاع و سُجُوْع: وہ کلام

منثور جس کے جملوں کے آخری حرفوں پر حرکت اور سکون کی یکسانیت ملحوظ ہو۔
سَجْعَة: مقفی کلام کا ایک حصہ۔
سِجْف، سِجَاف: پردہ، دروازہ کا پردہ۔
سَجَلَ ـُ سَجْلاً: پانی بہانا۔
سَجْلٌ ج: سُجُوْل و سِجَال: بڑا ڈول (۲) فقیر کا چنبل (۳) عطیہ۔
سَجَّلَ تَسْجِيْلاً: درج کرنا، رجسٹر میں لکھنا، بیان یا گواہی وغیرہ کو قلمبند کرنا، ریکارڈ کرنا، محفوظ کرنا، نوٹ کرنا، رجسٹر میں اندراج کرنا (۲) ریکارڈنگ، حفاظت، رجسٹری، اندراج۔
سَجَّلَ اخْتِرَاعاً: نئی ایجاد کو رجسٹرڈ کرانا۔
سَجَّلَ خِطَاباً بِالْبَرِيْد: خط کی رجسٹری کرنا۔
سَجَّلَ صَوْتاً: ریکارڈ کرنا، محفوظ کرنا۔
سَجَّلَ الشَّيْئَ: بطور یادگار کوئی چیز محفوظ کرنا۔
سَاجَلَهُ مُسَاجَلَةً: مقابلہ کرنا۔
تَسْجِيْلُ رِسَالَةٍ (بالبَرِيْدِ المَضْمُوْن) رجسٹری۔
تَسْجِيْلُ الزَّمَن: ٹائم ریکارڈنگ۔
تَسْجِيْلُ الصَّوْتِ على الأسْطوانة أو الشَّرِيْط: آواز ٹیپ کرنا۔
تَسْجِيْلٌ صَوْتِيٌّ: آوازوں کی ریکارڈنگ۔
تَسْجِيْلٌ على الشَّرِيْط: ٹیپ کرنا۔
تَسْجِيْلُ عَدَدٍ أو كَمِّيَةِ شَيْئٍ: تعداد یا مقدار نوٹ کرنا۔
تَسْجِيْلُ قَضِيَّةٍ: کیس درج کرنا۔
تَسْجِيْلُ المَسْكَن على فُلان: کسی کے نام مکان رجسٹری کرنا۔
تَسْجِيْلُ المَبْلَغ لِفُلانٍ في المَصْرِف: بینک میں کسی کے نام پر رقم درج ہونا۔
سِجِلٌّ: (۱) رجسٹر (۲) ریکارڈ یعنی قدیم دستاویزات ج: سِجِلَّات
سِجِلُّ الشَّرَف: رجسٹر معاینہ۔
سِجِلُّ الأسْهُم: شیرز رجسٹر۔
سِجِلٌّ بِأسْمَاءِ الأعْضَاءِ: ممبران کا رجسٹر۔
سِجِلُّ الحَالَات: کیس بک۔
سِجِلُّ القَضَايَا: کیس بک، مقدمات کی رجسٹر۔
سِجِلَّات: رکارڈس، کاغذات، قدیم تاریخی دستاویزیں۔
سِجِلَّاتُ التَّكَالِيْفُ: لاگت ریکارڈس
سِجِلَّاتُ المُحَاسَبَة: کاغذات حساب، محاسبی کا ریکارڈس۔
سِجَال: الحَرْبُ سِجَالٌ بَيْنَهُم: لڑائی جاری ہے۔ ان کے درمیان۔
مَكْتَبُ التَّسْجِيْل: رجسٹری آفس۔
مُسَجِّلٌ: درج رجسٹر کرنے والا، کلرک کاغذات کو محفوظ رکھنے والا۔
المُسَجِّل (أمِيْنُ السِّجِلّ): رجسٹر
مُسَجِّلُ العُقُودِ: رجسٹرار۔
مُسَجِّلُ العُقُودِ الرَّسْمِيَّة: رجسٹرار، سرکاری افسر جو معاملات کی رجسٹری کرتا ہے۔
المُسَجِّلَة: ریکارڈر۔
مُسَجِّلَةُ الشَّرِيْط: ٹیپ ریکارڈ

مُسَجِّلَةُ النَّقدِ: سیل رجسٹر۔ کیش رجسٹر۔
مُسَجِّلَةُ الوَقتِ: ٹائم ریکارڈ کلاک۔
مُسَجَّل: رجسٹری شدہ، رجسٹرڈ، ریکارڈ، پیٹنٹ۔
خطابٌ مُسَجَّل: رجسٹرڈ لیٹر۔
سَجمَ ـُ سَجماً و أسجَمَ: بہانا، پانی گرانا۔
سَجم: بہنا، پانی گرنا (۲) ہم آہنگی، ہم آہنگی، تال میل، جوڑ (۳) حسن ترتیب، مربوط کام۔
انسِجَامُ الاَصوات: آوازوں کا ہم ساز ہونا۔
انسِجَامُ الأشياء: باہم یکساں و مربوط ہونا۔
انسِجَامُ الشئی مع کذا: جوڑ کھانا، جوڑ لگنا، ہم آہنگ ہونا (۲) فٹ ہونا۔
سَجَنَ ـُ سَجناً: قید کرنا۔
سِجنٌ ج: سُجُون: قید خانہ، جیل۔
سِجنُ الإصلَاحِ: اصلاحی قید خانہ۔
السجن مدی الحیاۃ: عمر قید۔
سجنٌ مُؤبَّد: عمر قید۔
سجنٌ مَعَ الأعمَالِ الشَّاقَّة: قید بامشقت۔
سَجَّان: جیلر، افسر قید خانہ۔
سَجِين ج: سُجَنَاء: قیدی۔
سَجَا ـُ سَجواً: رات کا سنسان ہونا (۲) میت کو ڈھانپنا۔
سَجِيَّة ج: سَجَايَا: طبیعت، عادت۔

س............ح

سَحَبَ ـَ سَحباً: کھینچنا، گھسیٹنا، لینا، چھیننا، ضبط کرنا، واپس لینا، ٹپکانا، پیچھے ہٹانا، اکسانا، ووڈرا کرنا، نکالنا۔
سَحَبَ الاِستِقَالِةِ عَنْ: استعفا واپس لینا۔
سَحَبَ الأسلِحَةِ من: ہتھیار چھین لینا۔
سَحَبَ الاِقتِرَاحِ: تجویز واپس لینا۔
سَحَبَ التَرشِيحِ: امیدوار کا نام واپس لینا۔
سَحَبَ الثِقَةِ۔
سَحَبَ الجَوَازِ: پاسپورٹ ضبط کر لینا۔
سَحَبَ الجَيشِ من مَكَان كذا: فوج کو کسی جگہ سے ہٹانا۔
سَحَبَ الرُّخصَةِ: پرمٹ ضبط کر لینا، لائسنس ضبط کر لینا۔
سَحَبَ السَّفِيرِ من بَلَدٍ: سفیر کو کسی ملک سے واپس بلانا۔
سَحَبَ السُّلطَةِ: اختیار چھیننا، کمیشن واپس بلانا۔
سَحَبَ الشَّكَاوَى: شکایات واپس لینا۔
سَحَبَ القُوَّاتِ: فوجیں ہٹانا۔
سَحَبَ كَمبِيَالَةٍ: بل حاصل کرنا۔
سَحَبَ الكَمبِيَالَةِ من بَنكٍ إلى آخر: ایک بینک سے دوسرے بینک کا ڈرافت لینا۔
سَحَبَ وَرَقَةِ يَانَصِيبٍ: لاٹری نکالنا۔
سَحَبَ المَاءِ بالمِضخَة: پمپ سے پانی کھینچنا۔
سَحَبَ المَبلَغِ مِنَ البَنكِ: بینک سے رقم نکالنا۔
سَحَبَ المَطَالِبِ: مطالبات واپس لینا۔

سَحْبُ المَعُونَة: ایڈ بند کردینا، امداد بند کرنا۔
سَحْبُ مِلَفٍّ مِنْ مَكَانِه: فائل اپنی جگہ سے نکالنا۔
سَحْبُ المُوافَقَة: منظوری واپس لینا۔
سَحْبُ المُوافَقَةِ على الاقْتِرَاح: تجویز کی منظوری واپس لینا۔
سَحْبُ النَّفَس: سانس لینا۔
سَحْبُ الوَدَائِع: بینکوں سے سرمایہ نکالنا۔
سَحْبُ الوَدَائِعِ المَصْرِفِيَّة: بینک سے امانتیں نکالنا۔
المَسْحُوبُ عَلَيْه: جس کے نام پر رقم نکالی گئی ہو۔
إسْحَابُ القُوَّاتِ الى الخُطُوط: لائنوں پر فوجوں کو ہٹانا۔
انْسِحَاب: کھینچنا، گھسٹنا، واپس ہونا، پیچھے ہٹنا، انخلاء۔
انْسِحَابٌ جُزْئِيّ: جزئی انخلاء۔
انْسِحَابُ جَمِيعِ العَنَاصِرِ الاَجْنَبِيَّة: تمام غیر ملکی افراد کا انخلاء۔
انْسِحَابُ القُوَّاتِ إلى الخُطُوط: لائنوں پر فوج کا واپس ہونا۔
انْسِحَابُ القُوَّاتِ من...... : فوجوں کا کسی جگہ سے ہٹنا۔
انْسِحَابٌ كَامِلٌ: مکمل انخلاء
الانْسِحَابُ من...... : علیحدگی اختیار کرنا۔
الانْسِحَابُ مِنَ العَمَل: کام چھوڑنا
الانْسِحَابُ مِنَ الوَظِيفَة: عہدہ سے الگ ہونا۔
سَحَاب ج: سُحُب: بادل۔
سَحَابَة: بدلی، ایک بادل۔
سَحَابَةَ النَّهَار: تمام دن، پورا دن، سارا دن۔
مُسْتَحَبُّ الهَوَاء: ہوا کی رو، ہوا کا جھونکا۔
السَّاحِب: بینک سے رقم نکالنے والا۔
سُحْتٌ: حرام، حرام مال، حرام کمائی۔
سَحَتَ ـَـ سَحْتاً: حرام مال کمانا۔
سَحَجَ ـَـ سَحْجاً: چھیلنا، رگڑنا، چھلائی کرنا، رندہ کرنا، کھال چھیلنا، ملنا۔
مِسْحَاجٌ: بڑا رندہ۔
مَسْحُوجٌ: چھیلا ہوا، رندہ کیا ہوا۔
سَحَّ المَاءُ ـُـ سُحُوحاً: پانی بہنا، برسنا، رسنا، آہستہ بہنا۔
سَحَّتِ العَيْنُ: آنکھ سے آنسو جاری ہونا۔
عَيْنٌ سَحَّاحَة: اشکبار آنکھ۔
سَحَرَ ـَـ سَحْراً: جادو کرنا (۲) دھوکہ دینا (۳) فریفتہ بنالینا (۴) دل موہ لینا۔
سَحَرَ الفِضَّةَ: چاندی پر سونے کا ملمع کرنا۔
سَحَرَ سُحُوراً: سحری کھانا۔
سَحِرَ ـَـ سَحَراً: جلدی کرنا۔
سِحْر: جادو، دھوکا۔
سَحَرٌ: تڑکا، اخیر رات، پو پھٹنے سے پہلے۔
ساحِرٌ: سحر انگیز، دلکش، جادوگر۔
سَحَّار: جادوگر، شعبدہ باز۔
سَحُور: سحر کا کھانا، سحری۔
سَحَقَ ـَـ سَحْقاً: (۱) کوٹنا، پیسنا، باریک کرنا (۲) ناپید کرنا، صفایا کرنا۔

سَحُقَ ۔ سُحقاً: دور ہونا۔
سَحُقَ الثوبُ ۔ سَحَاقَةً سُحُوقَةً: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
انسِحَاق: باریک ہونا، ہلاک وبرباد ہونا۔
سُحق: دوری، ہلاکت۔
سَحِيق: دور، بہت دور۔
أكثرِيَةٌ سَاحِقَةٌ: بھاری اکثریت۔
مَسحُوق: کٹا ہوا، پسا ہوا، باریک، پاؤڈر ج: مَسَاحِيقُ
مَسحُوقُ الأسنَان: دانتوں کا منجن، ٹوتھ پاؤڈر۔
سَحَلَ ۔ سَحلاً: چھیلنا، رندہ کرنا، رندا پھیرنا۔
مِسحَل ج: مَسَاحِلُ: رندہ۔
مِسحَلُ الحَدَّاد: ریتی۔
سَحَنَ ۔ سَحناً: کوٹنا۔
سَحنَة: نشان، علامت، اثر، رنگ، ہیئت۔
مِسحَنَة: موسل، موسلی۔
(سحو) سَحَا ۔ سَحواً و سَحياً واستَحى: مونڈنا، بال اتارنا، مٹی کھرچنا۔
سِحَايَة: دماغ کی جھلی۔
الالتِهَابُ السِحَائِيُّ: سرسام۔
مِسحَاة: بیلچہ، کدال۔

س .... خ

سَخَرَ ۔ سُخرِياً و سَخَّرَ: بیگار لینا، بلا معاوضہ اور بے رضا کار کام لینا۔
سَخِرَ به و منه ۔ سَخراً و سُخراً وسُخرِيَةً، و سُخرِيَةً: مذاق کرنا، مذاق اڑانا، ٹھٹھا کرنا۔
سُخرَة و سُخرِيَة: مذاق، ٹھٹھا (۲) بیگار، بلا معاوضہ خدمت۔
سُخرِيٌّ: مزاحیہ، مذاقیہ، غیر سنجیدہ۔
ثِيَابُ السُّخرِيَة: بہروپ کا لباس، جسے دیکھ کر ہنسی آئے۔
سَاخِر: مسخرہ، مذاقی۔
سَخِطَه و عليه ۔ سَخطاً و سُخطاً: ناراض ہونا۔
إسخَاط: ناراض کرنا، ناگواری کا باعث بننا۔
سُخط، سَخَط: ناراضگی، ناگواری۔
سَاخِط: غضبناک، ناراض۔
مَسخَطَة: ناراضگی کا سبب۔
سَخُفَ ۔ سَخَافَةً و سُخفاً و سُخفَةً: کمزور طبیعت اور کمزور ارادہ ہونا، نامعقول وبیہودہ ہونا، نادان ہونا۔
سُخف و سَخَافَة: کمزوری، نامعقولیت، کم عقلی، نادانی، بیہودگی۔
إسخَافُ الرَّأي: رائے کو غلط قرار دینا، احمقانہ قرار دینا۔
سَخِيف: (۱) کمزور، لچر (۲) بیہودہ (۳) نامعقول (۴) نادان، کم عقل۔
سَخُنَ ۔ سُخُونَة و سَخَانَة: گرم ہونا (۲) بخار میں مبتلا ہونا۔
تَسخِين، إسخَان: گرم کرنا، گرما گرم دینا۔
تَسخِينُ المَوقِف: صورت حال میں گرمی پیدا کرنا۔

المُسَخِّن: ہیٹر۔
سُخُن، سَخِین، سَاخِن: گرم، تپتا ہوا۔
سَخَّان، مِسْخَن: پانی گرم کرنے کا سماور، پانی گرم کرنے کی خاص ٹینکی، ہیٹر، چولہا۔
السَّخَّانَة (جِهَازُ التَّسْخِين): ہیٹر۔
سُخُونَة، سَخَانَة: گرمی، بخار، حرارت
سَخِيَ ـــ سَخاً و سَخَاء سَخَاءً: سخی ہونا، فراخ دل ہونا۔
تَسَاخَى و تَسَخَّى: سخی بننا۔
سَخِيّ ج: أَسْخِيَاء: فراخ دست، سخی۔
س .... د
سَدَّدَ تَسْدِيداً: صحیح راستہ دکھانا، سیدھا کرنا، درست کرنا۔
سَدَّدَ نَحْوَ كَذا: نشانہ لگانا۔
سَدَّدَ حِسَاباً: حساب چکانا۔
سَدَّدَ القَرْضَ: قرض ادا کرنا، چکانا۔
تَسْدِيد: ادائیگی، بیباقی۔
تَسْدِيدُ الزَّكَاة: زکوٰۃ ادا کرنا۔
تَسْدِيدُ الضَّرِيبَة: ٹیکس ادا کرنا۔
تَسْدِيدُ القُرُوض: قرضوں کی ادائیگی۔
سَدَّ ـــُ سَدًّا: بند کرنا، روکنا، سوراخ بند کرنا، شگاف بند کرنا۔
سَدَّ بِسِدَادَةٍ: ڈاٹ لگانا۔
سَدَّ الفَرَاغَ: خلا پر کرنا۔
سَدَّ مَسَدَّه: قائم مقام ہونا، جگہ لینا۔
سَدَّ ـــِ سَدَاداً و سَدداً، و سُدُوداً: (۱) سیدھا ہونا، صائب الرائے ہونا، صحیح روش پر ہونا، درست کار ہونا۔
سَدّ ج: سُدُود و أَسْدَاد: بندش، رکاوٹ، آڑ، پانی کا بند، ڈیم۔
سَدُّ الاحْتِيَاج: ضرورت پوری کرنا۔
سَدُّ ثَغْرَةِ كَذا: رخنہ بند کرنا۔
سَدُّ الحَاجَاتِ بِكَذا: ضرورتیں پوری کرنا۔
سَدُّ حَاجَاتِ النَّقْص: کمی کو پورا کرنا۔
سَدُّ الطَّرِيقِ أَمَامَ المُحَادَثَات: بات چیت کا دروازہ بند کرنا۔
سَدُّ الطَّرِيقِ عَلى فُلَان: کسی پر راستہ بند کرنا۔
السَّدُّ العَالِي: ہائی ڈیم۔
مَسْدُود: ڈاٹ، منجمد، منجمد سرمایہ جس کے صرف کی اجازت نہ ہو۔
مُحْكَمُ السَّدِّ: مضبوطی سے بند کیا ہوا۔
سِدَاد: ڈاٹ و: سِدَادَةٌ
سِدَادَة: ڈاٹ (بوتل وغیرہ کی)
سَدِيد: درست، پختہ، مضبوط، معقول۔
سَدِيدُ الرِّمَايَة: نشانہ پر مارنے والا، نشانہ باز۔
رَأْيٌ سَدِيد: دانشمندانہ رائے۔
اِنْسِدَاد: بند ہونا، ڈاٹ لگانا۔
اِنْسِدَادُ حَاجَةٍ: ضرورت پوری ہونا۔
اِنْسِدَادُ فَرَاغ: خلا پر ہونا،
سُدَّة: دروازہ، منبر، تخت۔
سَدِرَ ـــَ سَدَراً و سَدَارَةً: بے پرواہ ہونا، (۲) حیران و پریشان ہونا، بھٹکنا۔
سَادِر: بے پرواہ، بیباک۔
سِدْرٌ: بیری کا درخت۔

سَدِرَ البَصَرُ ــَـ سَدَراً: خیرہ ہونا، چندھیا جانا۔
سَدَسَ القَوْمَ ــُـ سَدْساً: قوم سے چھٹا حصہ لینا۔
سَدَّسَ العَدَدَ: چھ بنانا۔
سَدَّسَ الشَّكْلَ: چھ زاویہ والی شکل بنانا۔
سُدُس: چھٹا حصہ۔
سُدَاسِيّ: چھ رکنی، چھ نفری، شش پہلو۔
سُدَاسِيُّ الحُرُوْف: چھ حرفی۔
سُدَاسِيُّ الأَرْكَان: شش گوشہ۔
سُدَاسِيُّ السُّطُوح: شش پہلو۔
مُسَدَّس ج: مُسَدَّسَات: ریوالور، پستول۔
سَادِس: چھٹا۔
سَدِكَ بِالشَّيْءِ ــَـ سَدَكاً، وسَدْكاً: لازم ہونا، چمٹنا۔
سَدَلَ، سَدْلًا وأَسْدَلَ وَسَدَّلَ: لٹکانا، بال یا کپڑے کو لٹکانا، پردہ لٹکانا۔
سُدْل ج: أَسْدَالٌ و سُدُوْلٌ: پردہ۔
سِدْل: ہار ج: سُدُوْل:
انْسِدَال: لٹکنا۔
سَدِمَ ــَـ سَدَماً: نادم ہونا، پشیمان ہونا۔
سَدِيْم: کہرا، دُھند (۲) سدیم، سحابہ (NEBULA) ج: سُدُم.
سَدَنَ ــُـ سَدْناً و سِدَانَةً، و سِدَاناً: کعبہ یا عبادت خانہ کی خدمت کرنا، کنیسہ کی خدمت کرنا۔
سَادِنٌ ج: سَدَنَة: کنیسہ یا بت خانہ کا خادم، زمانہ قدیم میں کعبہ کا خادم، عبادت گاہ کا متولی۔
سَدَنَةُ الرَّوْضَة: درگاہ کے مجاورین۔
سَدَّى و أَسْدَى إِلى: احسان کرنا، حسنِ سلوک کرنا۔
سَدَّى النُّصْحَ إِليه: ہمدردی کرنا، نصیحت کرنا، خیر خواہی کرنا، مشورہ دینا۔
سَدَى ــِـ سَدْياً: تانا تننا، تانا ڈالنا۔
سُدَىً: بیکار، لغو۔
سَدَاةُ النَّسِيج: تانا (ضد لُحمَةٌ)

س............ذ

سَذَاجَة: سادگی، بھولا پن، نا تجربہ کاری۔
سَاذِج مع سادہ: پلین، معمولی، نیک آدمی، صاف دل۔

س............ر

سَرَبَ ــُـ سَرَباً وسُرُوْباً و تَسَرَّب: بہنا، چپکے سے نکلنا، کھسک جانا۔
تَسَرَّبَ فی الشيئِ: سرایت کرنا۔
تَسَرَّبَ الخَبَرُ إِلى: خبر پہنچنا۔ پھیلنا۔
تَسَرَّب الشيئ إِلى النَّفْس: ذہن میں اترنا۔
تَسَرَّبَ المَعْلُوْمَاتِ عَنْ شيْءٍ: معلومات حاصل کرنا۔
تَسَرَّبَ الْوَبَاءُ إِلى......: وبا پھیلنا۔
تَسَرَّبَ المَاءُ فی الأَرْضِ: پانی کا زمین میں خشک ہونا، جذب ہونا۔
سَرَّبَ إِليه الشَيئ تَسْرِيْباً: بھیجنا، چھوڑنا، روانہ کرنا۔
تَسْرِيْب: منتشر کرنا، ٹکڑیاں ٹکڑیاں کر کے چھوڑنا۔

سَرَبٌ ج: أسْرَابٌ: سرنگ، پانی کے اندر کا راستہ۔
سِرب ج: أسْرَابٌ، سُرْبَة ج: سُرَبٌ: ڈار، قطار، ٹکڑی، جماعت، بڑی تعداد۔
سِرْبُ طُيُور: پرندوں کا جھنڈ۔
سِرْبُ طَائِرَاتٍ: فلائٹ، ہوائی جہازوں کی کھیپ، ہوائی جہازوں کی ٹکڑیاں۔
سَرَاب: سراب، وہ ریت جو دوپہر کو پانی جیسی معلوم ہو، بے حقیقت چیز، فریب۔
أَسْرُب: سیسہ، پنسل کا سیسہ۔
مَسْرَب: پانی کی نالی۔
سَرْبَلَة: پہنانا۔
تَسَرْبُل: پہننا۔
مُسَرْبَل: ملبوس۔
سِرْبَال: لباس، کپڑا، کُرتا۔
سَرَّجَ الحِصَانَ و أسْرَجَ: زین کسنا۔
سَرَجَ ـــ سَرْجاً: چہرہ کا چمکنا۔
سَرَجَ ـــ سَرْجاً: جھوٹ بولنا۔
سَرْجٌ ج: سُرُوْجٌ: زین۔
سَرَّاج: زین ساز (۲) جھوٹا۔
سِرَاجٌ ج: أسْرِجَة: چراغ۔
سِرَاجَة: زین سازی (۲) نگندوں کی سلائی۔
سِيْرَج: تلوں کا تیل۔
مِسْرَجَة: لیمپ، چراغ ج: مَسَارِجُ
مَسْرَجَة ج: مَسَارِج: شمع دان، لیمپ اسٹینڈ۔
سَرْجَنَ الأرْضَ: کھیت میں پانس دینا، کھاد دینا۔
السِرْجِيْن: (مع) گوبر، لید (۲) پانس، کھاد۔

سَرَحَ ـــ سَرْحاً: مویشی کو چرانے کیلئے لے جانا (۲) چرانے کے لیے جانا، چھوٹنا۔
سَرِحَ العَقْلُ: ذہن کا منتشر ہونا۔
سَرِحَ الرَّجُلُ ـــ سَرْحاً: ضروریات کے لیے کہیں جانا۔
سَرْحٌ: مویشی۔
سَرَّحَ تَسْرِيْحاً المَاشِيَةَ: مویشی کو چرنے کے لیے چھوڑنا (۲) ہٹانا، دور کرنا۔
سَرَّحَ القَوْمَ: رہا کرنا، آزاد چھوڑنا۔
ـــ الجَيْشَ: فوج توڑنا۔
ـــ الأمْرَ: آسان بنانا۔
ـــ الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔
ـــ العَامِلَ: سبکدوش کرنا۔
ـــ المَرْأةَ: طلاق دینا۔
ـــ عَنْهُ: غم دور کرنا، کلفت دور کرنا۔
تَسْرِيْحُ الجُنُود: سپاہیوں کو آزاد کرنا۔
تَسْرِيْحُ الخُطى لكذا: رفتار تیز کرنا، کسی کام کے لیے جلدی کرنا۔
مُسْرَحُ العَمَل: میدان کار۔
سَرَاح: رہائی۔
أطْلَقَ سَرَاحَه: رہا کرنا۔
مُطْلَقُ السَّرَاح: آزاد، رہا۔
سَارِحُ الفِكْر: پراگندہ ذہن، پریشان خیال، منتشر دماغ، آزاد خیال۔
مَسْرَح: چلنے کی جگہ (۲) تھیٹر، تماشا گاہ، اسٹیج (۳) میدان، مرکز، اکھاڑ (۴) چراگاہ۔ ج: مَسَارِح.
مَسْرَحُ الدِّعَايَة: پروپیگنڈہ اکھاڑا۔
مَسْرَحٌ سِيَاسِيّ: سیاسی اسٹیج۔

مِسْرَح: کنگھی۔
مَسْرَحُ النَّظَر: حدنگاہ۔
مَسْرَحِيَّة: ڈراما۔
خَشْبَةُ المَسْرَح: تھیٹر کا اسٹیج۔
سِرْحَان: بھیڑیا، ج: سَرَاحٍ، و سَرَاحٌ، و سَرَاحِين
سَرْخَس: فرن، ایک قسم کا پودا۔
سَرَدَ ـُ سَرْداً: سوراخ کرنا۔
سَرَدَ الحَدِيثَ: بیان کرنا، نقل کرنا، تفصیل سے بیان کرنا۔
سَرَدَ الشَّوَاهِدَ: دلائل بیان کرنا۔
سَرَدَ تَفَاصِيلَ المَوْضُوع: معاملہ کی تفصیلات بیان کرنا۔
سِرْدَاب: (۱) سرنگ (۲) تہہ خانہ ج: سَرَادِيبُ
سَرْدَقَ المَكَانَ سَرْدَقَةً: خیمہ نصب کرنا، شامیانہ لگانا۔
سُرَادِق ج: سُرَادِقَات: خیمہ، شامیانہ، پنڈال۔
سَرْدِين: ایک قسم کی مچھلی، سار دین۔
سَرَّه ـُ سُرُوراً، ومَسَرَّةً: خوش کرنا
سُرَّ بِكَذَا: خوش ہونا۔
سَارٌّ: خوش کن، مسرت بخش، دلچسپ
مَسْرُور: خوش، شاداں۔
سِرّ ج: أَسْرَار: راز، بھید۔
سِرٌّ مُبْهَم: سربستہ راز۔
سِرُّ تُجَّار: چیف مرچنٹ (دا)۔
سِرُّ عَسْكَرٍ: (دا) فیلڈ مارشل۔
كَاتِمُ أو كَاتِبُ السِّرِّ: پرائیویٹ سیکرٹری۔

سِرّاً: رازدارانہ طور پر، خفیہ طور پر اندرونی طور پر، آہستہ سے، خاموشی سے چپکے چپکے۔
سِرِّيّ: خفیہ، رازدارانہ، پوشیدہ۔
سِرِّيٌّ لِلْغَايَة: انتہائی خفیہ۔
بُولِيس سِرِّيّ: خفیہ پولیس۔
حِبْرٌ سِرِّيّ: خفیہ روشنائی۔
السِّرِّيَّة: رازداری۔
سِرِّيَّة كامِلَة: مکمل رازداری۔
مُحَاكَمَة سِرِّيَة: خفیہ مقدمہ۔
مَصَارِيفُ سِرِّيَّة: (سرکاری) خفیہ اخراجات۔
اِسْتَسَرَّ الشيءَ و أَسَرَّه: راز میں رکھنا۔
أَسَرَّ إليه: راز کہنا، خفیہ بات کرنا۔
أَسَرَّه: خوش کرنا۔
سَرَّرَه: خوش کرنا۔
تَسَارَّ: باہم سرگوشی، راز کی باتیں کرنا۔
سَارَّه مُسَارَّةً: خفیہ بات کہنا، راز بتانا۔
السَّرَر و السِّرَرَ والسُّرُّ: نال جسے دائی بچہ کے پیٹ سے الگ کرتی ہے۔ (۲) ناف ج: أَسِرَّة و أَسْرَار
سُرٌّ، سِرَارٌ: ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔
سُرَّة: ناف ج: سُرَرٌ
سَرَّاء: خوشی، خوشحالی، مسرت و شادمانی۔
أَسَارِيرُ الوَجْه: چہرہ کے خطوط۔
أبْرَقَتْ أَسَارِيرُ وَجْهِه: اس کا چہرہ چمک اٹھا۔
سَرِير ج: سُرُر و أَسِرَّة: چارپائی، تخت، بیڈ (سَرِيرٌ يَتَّسِعُ لِشَخْصَيْن) ڈبل بیڈ
سَرِيرَة ج: سَرَائِر: نیت، دل کی بات، راز،

حقیقت پنہاں۔
السَّرِیْرَہ: نیک نیت، خوش باطن، پاک طینت۔
مِسَرَّة: ٹیلیفون۔
سَرَطَ ـُ سَرْطاً: نگلنا۔
السَّرَطَان: (آفَةٌ مُهْلِكَة): کینسر۔
تَسَرْطَنَ: کینسر ہونا۔
مُسَرْطَن (مُصَابٌ بِالسَّرَطَان): کینسر کا مریض۔
سَرُعَ ـُ سَرَاعَةً و سُرْعَةً و سَرْعاً: تیز رفتار ہونا (ضد بَطُؤَ)
سَرِعَ ـَ سَرَعاً: جلدی کرنا۔
سُرْعَةٌ: اسپیڈ، رفتار، تیزی۔
سُرْعَةُ السَّيْر: تیز رفتاری۔
سُرْعَةُ الإنْجاز: فوری تکمیل، فوری کامیابی۔
سُرْعَةُ البَتّ: قوت فیصلہ۔
سُرْعَةُ التأثُّر: ذکاوت حس۔
سُرْعَةٌ خارِقَة: غیر معمولی تیزی، رفتار۔
سُرْعَةٌ فَوْقَ سُرْعَةِ الصَّوْت: آواز سے زیادہ رفتار۔
سُرْعَةٌ كالبَرْق: بجلی کی سی تیزی۔
سُرْعَةٌ لم تَكُنْ مُنْتَظَرَةً: غیر متوقع عجلت۔
سُرْعَةُ النُّمُوّ: تیز رفتار ترقی۔
سَرْعَانَ: (۱) جلدی کرو (۲) کس قدر تیز۔
سَرْعَانَ مَا: بہت جلد۔
سَرِيْع: تیز رفتار (۲) جلدی کیا جانے والا، فاسٹ۔
سَرِيْعُ التَّأَثُّر: ذکی الحس، اعصابی آدمی، منفعل المزاج۔

أَسْرَعَ في العَمَل: جلد کام کرنا۔
أَسْرَعَ فِي المَشْي: تیز چلنا۔
أَسْرَعَ إلَى: لپکنا، بڑھنا۔
تَسَرَّعَ إلى: سبقت کرنا، جلدی سے پہنچنا، عجلت کرنا۔
تَسَرَّعَ الأَمْرُ: کسی کام کا جلد ہو جانا۔
مُتَسَرِّع: جلد باز۔
تَسَارَعَ إلى: لپکنا، جلدی کرنا۔
سَارَعَ إلَى: لپکنا۔ سبقت کرنا۔
سَارَعَ فِي: کوشش کرنا۔
أَسْرَعُ مَا يَجِبُ: ضرورت سے زیادہ تیز۔
بِأَسْرَعِ مَا يُمْكِنُ: جس قدر جلد ممکن ہو۔
سَرْغُو: (معرب) سرگم، گھاس کی وہ قسم جس میں باجرے اور چینی گنے کے پودے شامل ہیں۔
سَرِفَ الأَمْرَ ـَ سَرَفاً: کسی کام کو بیکار چھوڑ دینا۔
أَسْرَفَ المَالَ: فضول خرچ کرنا۔
أَسْرَفَ فِي التَّوَقُّع: ضرورت سے زیادہ امید رکھنا۔
أَسْرَفَ في شَيْئٍ: حد سے بڑھنا۔
مُسْرِف: فضول خرچ، حد سے تجاوز کرنے والا۔
سَرَقَ ـِ سَرِقَةً و سَرَقاً: چرانا، چوری کرنا (۲) لوٹنا (۳) اغوا کرنا۔
سَرَقَ مُؤَلَّفاً: کتاب کی چوری کرنا، دوسرے کی تصنیف اپنی طرف منسوب کرنا۔

سَرِقَة: چوری، چوری کا جرم۔
سَرِقَةٌ بِإِكْرَاه: ڈکیتی، ڈاکا۔
سَرِقَةُ الأَشْخَاصِ :لوگوں کا اغوا۔
سَارِق ج: سُرَّاق و سَرَقَة: چور۔
اسْتَرَقَ: کوئی کام چوری سے کرنا۔
اسْتَرَقَ السَّمْعَ: چوری سے سننا۔
سَرَّقَه تَسْرِيقاً: چور بنانا، چور ٹھہرانا۔
سَرُكُومَه :(معرب) سرکوما، ورم حمی، گوشتین ابھار، دنبل حمی، دنبل گوشتین۔
سَرْمَدِيّ: دائمی، ابدی۔
سَرْوٌ: درخت سرو۔
سَرَا ـُ سَرْواً: زائل کرنا (٢) کھینچنا، اتارنا۔
سَرَا و سَرُوَ ـُ سَرَاوَةً و سَرْواً :صاحب مروت وسخاوت ہونا، شریف ومعزز ہونا۔
سَرِيٌّ ج: أَسْرِيَاء: معزز، شریف، سخی، صاحب شرف وعزت م: سَرِيَّة
سِرْوَال ج: سَرَاوِيل، سِرْوَالَة: ج: سراویلات: (١) پتلون (٢) نیچے کا پاجامہ (٣) پاجامہ۔
سِرْوَال فَضْفَاض: شلوار، ڈھیلا، پاجامہ۔
سَرَى ـِ سُرىً و سُرْيَةً و مَسْرىً: چلنا، رات کو چلنا۔

سَرَى ـِ سَرَيَاناً وَسَرْياً، وسِرَايَةً: چلنا، دوڑنا، سرایت کرنا، رگوں میں خون دوڑنا۔
سَرَى فِي الشَّيْءِ: اثر کرنا، نفوذ کرنا۔
سَرَى عَلَيْهِ القَانُونُ: قانون لاگو ہونا۔
سَرَى الهَمُّ: غم دور ہونا۔
سَرَيَان: اطلاق، نفاذ۔
سَرَيَانُ الإِشَاعَةِ عَنْ شَيْءٍ: افواہیں پھیلنا۔
سَرَيَانُ الأَوَامِرِ: احکام نافذ ہونا۔
أَسْرَى: رات کو چلنا۔
أَسْرَى عَنْه: غم وکلفت دور کرنا۔
سَرَّى عنه تَسْرِيَةً: غم اور تکلیف دور کرنا۔
سَرِيَّة ج: سَرَايَا: فوج کی ایک ٹکڑی۔
سَرَايَا الدِّفَاع: دفاعی فوجی دستے۔
سَرَاي: مسافر خانہ، سرائے، جگہ، محل۔
سَارِي المَفْعُول: معمول بہ، نافذ العمل
سَارِيَة ج: سَوَارٍ: ستون، بانس، شہتیر، لکڑی کا ستون، پول، کھمبا۔
سَارِيَةُ العَلَم: فلیگ پول۔

س............ط

مَسْطَبَة: چبوترہ۔
سَطَحَ ـَ سَطْحاً و سَطَّحَ :ہموار کرنا، سطح دار بنانا، لٹانا، بچھانا، پھیلانا۔

تَسَطَّحَ و اسْتَطَاحَ: پھیلنا، ہموار ہونا، چت لیٹنا۔
سَطْحٌ ج: سُطُوح: (۱) ہر چیز کا ظاہری پہلو (۲) اوپر کا حصہ (۳) چھت۔
سَطْحُ الأرْض: گراؤنڈ۔
سَطْحُ المَرْكَب: ڈیک، جہاز کا بالائی حصہ۔
سَطْحٌ مُسْتَو: پلین، ہموار سطح۔
سَطْحِيّ: ظاہری، اوپری (۲) اوچھا، کم مایہ، نا گہرا، معمولی۔
مَعْرِفَةٌ سَطْحِيَّة: معمولی علم۔
سَطْحِيًا: ظاہری طور پر۔
سَطِيح، مُسَطَّح: ہموار، بچھا ہوا۔
سَطَرَ ـُ سَطْرًا: لکھنا۔
سَطَّرَ و سَطَرَ بالمِسْطَرَة: لائن ڈالنا، سطریں کھینچنا۔
سَاطُور ج: سَوَاطِيرُ: بغدہ، تبر، چھرا، قصائی کا گوشت کاٹنے کا تبر نما اوزار
أُسْطُورَة: من گھڑت کہانی، افسانہ، طلسم ج: أسَاطِيرُ
أُسْطُورِيّ: افسانوی، دیو مالائی۔
تَسْطِير: کراسنگ، لائن ڈالنا۔
مُسَطَّر: لائن دار، رول دار۔
مِسْطَرَة ج: مَسَاطِرُ: لائن کھینچنے کی پٹی، جدول کش، اسکیل، پیمانہ۔
مِسْطَرَةُ المَسَافَات (فی الآلَةِ الکاتِبَة): اسپیشل یارڈ۔
سَيْطَرَ و تَسَيْطَرَ علی: اقتدار حاصل کرنا، کنٹرول کرنا، حکومت کرنا، قابو پانا۔
سَيْطَرَة: اقتدار، تسلط، قبضہ، کنٹرول، ہولڈ۔

السَّيْطَرَةُ الجَوِّيَّة: فضائی کنٹرول، فضائی بالادستی۔
سَيْطَرَةُ الدَّوْلَةِ علی بُلْدَان: حکومت کا شہروں پر کنٹرول۔
السَّيْطَرَةُ الشَّامِلَة: عمومی اقتدار۔
السَّيْطَرَةُ علی: گرفت میں لینا، اقتدار حاصل کرنا، قابو پانا، کنٹرول کرنا۔
السَّيْطَرَةُ علی الأوْضَاع: حالات پر قابو پانا۔
السَّيْطَرَةُ علیٰ جمیع منافذ الحدود: سرحدوں کے تمام ناکوں پر کنٹرول۔
السَّيْطَرَةُ علی السُّكَّرِ: شکر پر کنٹرول کرنا۔
السَّيْطَرَةُ علی المَوْقِف: صورت حال پر قابو پانا۔
السَّيْطَرَةُ علی النُّمُوِّ السُّكَّانِيّ: اضافہ آبادی پر کنٹرول۔
مُسَيْطِر: حکمران صاحب اقتدار، قابو یافتہ۔
المُسَيْطِر علی نَفْسِه: خود پر قابو یافتہ
سَطَعَ النورُ ـَ سُطُوعًا و سَطْعًا: روشنی پھیلنا۔
سَطَعَ الأمْرُ: کسی معاملہ کا واضح اور ظاہر ہونا۔
سُطُوعُ نَجْمِ فُلان: ستارہ عروج پر ہونا۔
سَاطِع: روشن، ظاہر و باہر۔
سَطَلَ ـُ سَطْلًا: بیہوش کرنا، مدہوش کرنا۔
انْسِطَال: بیہوش ہونا، مدہوش ہونا۔
سَطْلٌ ج: أسْطَال و سُطُول: بالٹی۔

اُسْطُوْل ج: اَسَاطِيْل :بیڑا، جہازوں کا بیڑا۔

مَسْطُوْل :بے ہوش، مدہوش۔

سَطَمَ ـُ سَطْماً :بند کرنا، بڑھئی کا کسی سوراخ کو بند کرنا، منہ یا دروازہ بند کرنا۔

سِطام :ڈاٹ (۲) آگ کریدنی۔

سَطْوٌ :(ن) حملہ کرنا، حملہ آور ہونا۔

سَطَا عَلَى المكَانِ ـُ سَطْواً و سَطْوَةً : چھاپہ مارنا۔

السَّطْوُ على عَرَبَةٍ اَوْطَائِرة :ہائی جیک، اغوا۔

السَّطْوُ على مَقَرِّ الحِزْب :پارٹی کے ہیڈکوارٹر پر حملہ۔

سَطْوَة: اقتدار، اثرورسوخ۔

س.........ع

سَعِدَ ـَ و سُعِدَ ـُ سَعَادَةً :خوش نصیب ہونا، خوش حال ہونا، (ضد شَقَاوَة)

سَعَدَ ـَ و سَعْداً و سُعُوداً :بابرکت ہونا (۲) خوش بخت ہونا۔

سَعْدٌ :برکت (ضد نَحْسٌ)

سَعَادَة: خوش بختی، خوشحالی، خوش نصیبی۔

سَعَادَتُكُم :آنجناب (تعظیمی لقب)۔

صَاحِبُ السَّعَادَة :عزت مآب۔

سَعِيْد: خوش بخت، خوشحال :ج :سُعَدَآء

سَعِيْد و مَسْعُوْد: نیک اقبال، بابرکت

سَعْدَانَة: کبوتری۔

سَاعِدٌ ج: سَوَاعِد :بازو (۲) ہاتھ، ہتھیلی سے کہنی تک کا حصہ۔

سَوَاعِدُنَا لَنْ تَكِلَّ :ہمارے بازو کمزور نہیں ہو سکتے۔

سَاعِدَة: چھوٹی نہر، جو بڑی نہر سے نکلتی ہے۔

إِسْعَاد :خوشحال بنانا، خوش نصیب بنانا، کامیاب بنانا، قسمت چمکانا، خوش کرنا۔

سَاعَدَه مُسَاعَدَةً :مدد دینا۔

مُسَاعَدَة :امداد، مدد، تقویت، ہیلپ، سپورٹ، گرانٹ۔

مُسَاعَدَةُ الدُّوَلِ المُحْتَاجة :غریب ممالک کی امداد۔

المُسَاعَدَاتُ الاَجْنَبِيَّة :بیرونی امدادیں۔

المُسَاعَدَاتُ الاِقْتِصَادِيَّة :مالی امدادیں۔

المُسَاعَدَاتُ الثُّنَائِيَّة :دوطرفہ امدادیں۔

المُسَاعَدَاتُ العَيْنِيَّة :مالی امدادیں۔

المُسَاعَدَاتُ الفَنِيَّة: ٹیکنیکل امدادیں۔

المُسَاعِد :ہیلپر، مددگار، اسسٹنٹ، معاون۔

مُسَاعِدُ مُحَاسِب :اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ۔

مُسَاعِدُ المُحَرِّر: معاون ایڈیٹر۔

مُسَاعِدُ المُدَرِّس: مانیٹر۔

مُسَاعِدُ مُدِيْر :اسسٹنٹ منیجر۔

مُسَاعِدُ مُدِيْرِ الأَمْن :ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (D.S.P)

مُسَاعِدُ المُدِيْر العَامّ :اسسٹنٹ ڈائریکٹر جنرل، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل۔

مُسَاعِدُ المُفَتِّش: سب انسپکٹر۔
سَعَرَ ــ سَعْراً و سَعَّرَ وأَسْعَرَ: آگ سلگانا۔
سَعَّرَ السِّلْعَةَ: سامان کا نرخ مقرر کرنا، قیمت لگانا، قیمت متعین کرنا۔
سُعِرَ و انْسَعَرَ الكَلْبُ: کتے کا دیوانہ ہو جانا، آدمی کا دیوانہ ہو جانا۔
اِنْسِعَارُ النَّار: آگ بھڑکنا۔
اِسْعَارٌ و تَسَعُّرٌ: آگ بھڑکنا۔
سَاعَرَه مُسَاعَرةً: سودا کرنا، بھاؤ کرنا۔
تَسْعِيرٌ: قیمت مقرر کرنا، نرخ متعین کرنا۔
التَّسْعِيرَةُ الرَّسْمِيَّة: سرکاری نرخ نامہ۔
مُسَعَّرٌ: مقررہ داموں والا۔
سِــعْــرٌ: پرائز، قیمت، ریٹ، نرخ، بھاؤ ج: أَسْعَار
سِعْرُ الاِطِّلاع: ڈیمانڈ ریٹ۔
سِعْرُ التَّبَادُل: شرح تبادلہ۔
سِعْرُ السُّوق: مارکیٹ نرخ، بازار کا بھاؤ۔
سِعْرُ التَّحْوِيْل: تبدیلی کا ریٹ۔
السِّعْرُ الجَارِي: موجودہ نرخ۔
سِعْرُ الجُمْلَة: تھوک کے دام۔
سِعْرُ الخَصْمِ الَّذِي يُحَدِّدُهُ البَنْكُ المَرْكَزِيّ: کنسیشن ریٹ جس کی تحدید سینٹرل بینک کی جانب سے ہو۔
سِعْرٌ رَسْمِيّ: سرکاری بھاؤ۔
سِعْرٌ إِلْزَامِيّ: جبری نرخ۔
سِعْرٌ سَائِد: مروجہ بھاؤ۔
سِعْرُ الشِّرَاء: خریداری نرخ۔
سِعْرُ شِرَاءِ شِيْك: چیک ریٹ۔

سِعْرُ الصَّرْف: ایکسچینج کا بھاؤ، مبادلہ زر کا بھاؤ۔
سِعْرُ الفَائِدَة: شرح سود۔
سِعْرُ الفَائِدَةِ على المُوْدَعَات: ڈپازٹ ریٹ، امانتوں پر شرح سود۔
سِعْرٌ مُوَحَّد: ایک دام، متعین بھاؤ۔
سِعْرُ الوَحْدَة: یونٹ ریٹ۔
سِعْرُ اليَوْم: آج کا بھاؤ۔
بِسِعْرِ: بھاؤ سے، ریٹ سے۔
بِسِعْرِ مُشْتَرَانَا: ہماری خرید پر۔
بِسِعْرٍ مُعَيَّن: مقررہ قیمت پر۔
ارْتِفَاعُ السِّعْر: نرخ بڑھنا، گراں ہوا۔
انْخِفَاضُ السِّعْر: بھاؤ گرنا۔
أَسْعَارٌ مُحَدَّدَة: کنٹرول ریٹ۔
سُعْرٌ: دیوانگی۔
سُــعَــار: سگ گزیدگی، ہڑک (۲) پیاس کی شدت۔
سَعِيرُ النَّار: آگ کی لپٹ۔
مِسْعَرٌ و مِسْعَارُ النَّار: آگ کریدنی
مَسْعُوْر: سگ گزیدہ۔
سَعَطَ الدَّوَاءَ ــ سَعْطاً و سَعَّطَ: ناک میں دوا پہنچانا، بذریعہ سانس ناک میں دوا چڑھانا۔
اسْتَعَطَ السَّعُوطَ وغَيْرَه: ناس سونگھنا۔
مِسْعَط (عُلْبَةُ النَّشُوق): ناس کی ڈبیہ۔
سَعَفَ ــ سَعْفاً و أَسْعَفَهُ عَلَى أَمْرٍ: امداد پہنچانا، مدد دینا۔
سَعَفَ و أَسْعَفَ بِحَاجَتِه: ضرورت کو پورا کرنا۔

سَاعَفَهُ مُسَاعَفَةً : مدد کرنا، ساتھ دینا۔
إِسْعَاف :امداد، ریلیف، حاجت روائی۔
الإِسْعَافُ الأَوَّلِي: فرسٹ ایڈ۔
إِسْعَافٌ طِبِّيٌّ أَوَّل :فرسٹ میڈیکل ایڈ، ابتدائی طبی امداد۔
لَجْنَةُ الإِسْعَاف :ریلیف کمیٹی، امدادی کمیٹی۔
سَعَلَ ـُ سُعَالاً و سُعْلَةً: کھانسنا۔
سُعْلَة، سُعَال: کھانسی۔
سُعْلَةٌ مُتَقَطِّعَة: رک رک کر اٹھنے والی کھانسی۔
سِعْلَاة، سِعْلِيٰ ج: سَعَالِيَات: بھوتنی۔
سَعَىٰ ـَ سَعْياً: جانا، چلنا۔
___ لِلأَمْرِ وفيه: کوشش کرنا۔
___ إِلى :دوڑنا۔
___ به سِعَايَةً: چغلی لگانا، شکایت کرنا۔
سَعْيٌ ج: مَسَاعٍ: کوشش، دوڑ دھوپ، بھاگ دوڑ۔
السَّعْيُ وَرَاءَ السَّلَامِ: امن کے لیے کوشش۔
السَّعْيُ وَرَاءَ السُّلْطَة: اقتدار کے لیے بھاگ دوڑ کرنا۔
المَسَاعِي الحَمِيدَة: اچھی کوششیں۔
المَسَاعِي المُخَطَّطَة : منصوبہ بند کوششیں۔
سِعَايَة: چغل خوری، شکایت۔
سَاعٍ ج: سُعَاة :(۱) کوشاں (۲) چغل خور (۳) ایلچی، قاصد۔
سَاعِي البَرِيْد: ڈاکیہ، پوسٹ مین۔
سَاعِي المَكْتَب: آفس بوائے۔

س .... غ

سَغَبَ ـُ سُغُوباً و سَغْباً : بھوکا ہونا، سخت بھوک لگنا۔
سَغَبَ ـَ سَغِبَ سَغْباً وسَغَابَةً: آنتوں کا قل ھو اللہ پڑھنا۔
سَغَبٌ، سَغَابَة : بھوک۔

س .... ف

سُفْتَجَة (مع)(حَوَالَةٌ مَالِيَّة) :ہنڈی ج: سَفَاتِج
سَفَحَ الدَّمَ ـَ سَفْحاً و سُفُوحاً: خون بہانا۔
سَفَحَ الدَّمْعَ :آنسو بہانا۔
تَسَافُح و مُسَافَحَة: زنا کرنا۔
سَفْحُ الجَبَل ج: سُفُوح: دامن کوہ۔
سِفَاح :زنا۔
سَفَّاح: خونریز، ظالم وسفاک۔
سَفَدَ ـِ سَفْداً وسَافَدَ الذَّكَرُ أُنْثَاهُ :نر کا مادہ سے جفتی کھانا، جفتی کرنا۔
سَفَّدَ اللَّحْمَ تَسْفِيداً: گوشت کو سیخ پر لگانا۔
سَفُّود: گوشت بھوننے کی سیخ، سلاخ ج: سَفَافِيْد
سَفَرَ ـِ ـُ سَفْراً وسُفُوراً :(۱) مسافر ہونا (۲) عورت کا چہرہ کھلنا، جلوہ گر ہونا، بے نقاب ہونا۔
سَفَّرَ تَسْفِيْرًا : سفر پر بھیجنا، مسافر بنانا، مال روانہ کرنا۔
سَفَرَ و أَسْفَرَ: چہرہ کھولنا۔
أَسْفَرَ الصُّبْحُ أو الوَجْهُ: روشن ہونا۔
أَسْفَرَ الشَّيْءُ عَنْ كَذَا: نتیجہ برآمد ہونا۔
سَافَرَ إِلَى مُسَافَرةً: سفر کرنا۔
المُسَافِر: باخبر، آنا جانا، آیا گیا۔
سِفْرٌ ج: أَسْفَار: کتاب۔

سِفْرٌ ج: أسْفار: سفر، روانگی، کوچ، جرنی، ٹریول۔
الأسْفارُ المُنزَّلة: آسمانی کتابیں۔
سَفْرَةٌ: ایک سفر۔
سَفَرِيات: اسفار۔
سُفْرَة ج: سُفَر: (۱) زادِراہ (۲) کھانے کی میز (۳) دسترخوان۔
سِفَارَة: (۱) وساطت (۲) ایک ملک کی طرف سے دوسرے ملک میں دائمی اور مکمل نمائندگی، سفارت (۲) سفارت کا عہدہ، پیشہ سفارت (۳) سفارت خانہ، ایمبیسی۔
سِفَارَة مُفَوَّضِيَّة: لیگیشن، سفارتخانہ کا چھوٹا درجہ۔
سَفِير: ج: سفراء: قاصد، ایلچی، ایک ملک کا دوسرے ملک میں مستقل نمائندہ، سفیر، ایمبیسڈر۔
سَفِيرٌ بِوِزَارَةِ الخَارِجِيَّة: وزارت خارجہ میں سفیر۔
سَفِيرٌ فَوْقَ العَادَة: وہ سفیر یا قونصل جو مخصوص کاموں کے لیے مقرر کیا گیا ہو، غیر معمولی سفیر، بااختیار سفیر۔
سَفِيرٌ لَدَى بَلَد: کسی ملک میں متعینہ سفیر۔
سَفِيرٌ مُتَجَوِّل: گشتی سفیر۔
سَفِيرَة (زَوْجَةُ سفير): سفیر کی بیوی، خاتون سفیر۔
سُفُور: چہرہ کشائی، نقاب کشائی، بے نقابی، رونمائی، بے پردگی، بے حیائی۔
سُفُورُ المُبَاحَثَاتِ عَنْ كَذَا: بات چیت کا نتیجہ نکلنا۔
سَافِر: بے نقاب، روشن، ظاہر، واضح، مبینہ، مبینہ طور پر۔
مُتَسَفِّر: (دا) ریل کے ذریعہ جانے والے سامان اور جانوروں کا نگراں۔
سَفَرْجَل: بہی یا بہی کا درخت۔
سَفْسَطَة: منطقی مغالطہ، وہ استدلال وقیاس جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو۔
سَفَطَ السَّمَكَ ـُ سَفْطاً: مچھلی کے سفنے اتارنا، مچھلی صاف کرنا۔
سَفَط السمک ج: أسفاط: مچھلی کا سفنا۔
سَفَط: ٹوکری۔
سَفَعَ الحَرُّ وَجْهَه ـَ سَفْعاً: گرمی کا چہرہ کو جھلسنا، گرمی یا لوب کے تھپیڑے لگنا (۲) طمانچہ مارنا۔
أسْفَعُ اللَّوْن: جھلسے ہوئے رنگ کا، سیاہی مائل۔
سَفَّ ـَ سَفّاً و اسْتَفَّ الشئ: پھانکنا۔
سَفَّ الخُوصَ ـُ سَفِيفاً: کھجور کے پتوں کو بُننا۔
سَفَّ الطَّائر: پرندہ کا زمین پر چلنا۔
أسَفَّ النَّظَرَ إلَيْه: گھور کر دیکھنا، تیز نظر سے دیکھنا۔
سَفُوف: سفوف، پاؤڈر، پھنکی۔
سَفَقَ ـِ سَفْقاً: طمانچہ مارنا (۲) دروازہ زور سے بند کرنا۔
سَفَكَ ـِ سَفْكاً: خون بہانا، قتل کرنا۔
سَفْكُ الدِّمَاءِ: خونریزی۔
سَفَّاك: خونریزی، ظالم، قاتل۔

سَفِل ـَـ ـُ سُفولاً و سَفالاً ء سَفُل ـُ سَفَالَة :(۱) پست ہونا (ضد عُلوّ)(۲) نیچا ہونا (ضد ارتفاع)(۳) ذلیل وحقیر ہونا، کم درجہ ہونا۔
تَسَفَّلَ: بتدریج نیچا ہونا، پست ہونا۔
سِفْلٌ: (ضد عُلوّ) فروتنی، پستی۔
سُفْلٌ و سُفَالَة : سب سے نیچا حصہ، کم درجہ اور گھٹیا چیز، پیندا، تلی۔
سُفْلِیٌّ: پست، زیریں، تحتانی۔
سَفَالَة: دناءت، کمینہ پن، گھٹیا پن۔
سَافِل :(۱) پست گھٹیا درجہ، (۲) کمینہ
أسْفَلُ: پست ترین۔ فروتر، بہت نیچا۔
سَفِينَة ج: سُفُن: کشتی، جہاز۔
سَفِينَةٌ حَرْبِيَّة :جنگی جہاز۔
سَفِينَةٌ شِرَاعِيَّة :بادبانی کشتی۔
سَفِينَةٌ بُخارِيَّة: دخانی کشتی، جہاز، اسٹیمر۔
سَفِينَةٌ بِالمُوتَر :موٹر بوٹ۔
سَفِينَة حَمُولَة: مال بردار جہاز۔
سَفِينَة رُكّاب: پانجر اسٹیمر۔
سَفِينَةُ شَحْنٍ :بار برداری کا جہاز۔
سَفِينَةُ الفَضَاء :خلائی جہاز۔
سُفَّان: کشتی ساز، جہاز سازی۔
سَفِينَةُ نَقْلٍ : ٹرانسپورٹ جہاز۔
سِفَانَة: کشتی سازی، جہاز سازی۔
سَفِين، إسْفِين: چھینی، لوہے اور لکڑی کاٹنے کا اوزار۔
سَفَنج، إسْفَنج: اسپنج۔
سَفِهَ ـَـ سَفهاً و سَفَاهاً و سَفَاهَةً: نادان ہونا، بے وقوف ہونا، کم عقل ہونا۔
سَفَّهَ الرَّجُلَ تَسْفِيهاً : بے وقوف بنانا، کم عقل ٹھہرانا۔
سَفَّهَ الرَّأيَ :رائے کو غیر دانشمندانہ قرار دینا، غلط قرار دینا۔
سَفَهٌ، سَفَاهَة :(ضد حِلْم) بے وقوفی، نادانی، کم عقلی، بے حیائی (۲) زیادتی، فضول خرچی۔
سَفَاهَاتٌ صِبْيَانِيَّة :بچگانہ حماقتیں۔
سَفِيه ج: سُفَهَاء :(۱) بے وقوف، نادان (۲) بدزبان (۳) فضول خرچ۔

س............ق

سَقَر: جہنم کا ایک نام۔
سَقَطَ ـُ سُقُوطاً: گرنا، ٹھوکر کھانا۔
سَقَطَتْ دَوْلَةٌ: شکست کھانا، مغلوب ہونا، ختم ہونا۔
سَقَطَ جَرِيحاً: زخمی ہوکر گر جانا۔
سَقَطَ صَرِيعاً: چت ہو جانا۔
___ فِي الامتِحَان: فیل ہونا۔
___ مِنْ عَيْنِ فُلَانٍ: کسی کی نظروں سے گر جانا، حقیر ہو جانا۔
___ علی: پانا، پہنچانا، ہاتھ لگنا۔
سُقِطَ و أُسْقِطَ فِي يَدِه: نادم ہونا، حیران و پشیمان ہونا، لغزش کرنا۔
أَسْقَطَ إسْقَاطاً: گرانا۔
___ مِنَ الحِسَاب :کم کرنا، گھٹانا، حذف کرنا (۲) نظر انداز کر دینا۔
___ حَقّاً: حق یا حصہ ساقط کرنا۔
___ الدَّعْوَى: مقدمہ ختم کرنا۔
___ العُضْوِيَّةَ: ممبری ختم کرنا۔

___ المُؤَامَرةَ: سازش ناکام بنانا۔
أَسْقَطَ إِمْرَأَةٌ حُبلیٰ: حاملہ عورت کا حمل گرانا۔
أَسْقَطَتِ المَرأَةُ: عورت کا حمل ساقط ہونا۔
تَسَقَّطَ الخَبَرَ: خبر حاصل کرنا۔
تَسَاقَطَ: جھڑنا، لگاتار گرنا۔
تَسَاقُطُ الثُلُوج: برف باری۔
مُسَاقَطَة: گرانا، جھاڑنا، برسانا۔
سُقُوط: تنزل، زوال، تباہی، بربادی۔
سُقُوطُ الأَحْكَامِ العُرفِيَة: مارشل لاختم ہونا۔
سُقُوطُ الأعْذَار: عذر ختم ہونا۔
سُقُوطُ إمْبَراطُورِيَّةٍ: شہنشاہیت کا زوال۔
سُقُوطُ القَنَابِلِ عَلى الأَحْياءِ السَّكَنِيَّة: آبادی والے علاقوں پر بم گرنا۔
سُقُوطُ نِظَام الحُكم: نظام حکومت کا زوال۔
سُقُوطُ النُقَطِ: مورچے ٹوٹنا۔
سَقَطٌ: (۱) بے کار، معطل (۲) لوٹ۔
سَقْطٌ: اولا، ژالہ۔
سِقْطٌ: ناتمام بچہ، ساقط شدہ بچہ۔
سَقْطَةٌ: ایک دفعہ کا گرنا، ایک لغزش۔
سَقَطِيٌّ: پرانے کپڑوں کا تاجر۔
مَسْقَط: گرنے کی جگہ۔
مَسْقَطُ الرَّأْس: جائے ولادت۔
سَقَعَ ـَـ سَقْعاً: تھپڑ مارنا۔
سُقْعٌ ج: أَسْقَاع: کونہ، گوشہ۔
سَقَفَ ـُـ سَقْفاً و سَقَّفَ: چھت ڈالنا، چھت دار بنانا۔
سَقْفٌ ج: سُقُوف و أَسْقُف و سُقُف: چھت۔
سَقْفٌ خَارِجِيٌّ: سطح۔
مِصْبَاحُ السَّقْف: دیواری لمپ۔
سَقِيْفَة ج: سَقَائِف: سائبان، چھت، گاڑی وغیرہ کی چھت۔
أُسْقُف ج: اَسَاقِفَة: (قسیس سے بڑا عہدہ) بشپ، پادری (مطران سے کم درجہ)
أُسْقُفِيَّة: بشپ کا عہدہ۔
سَقِمَ ـــ سَقَماً و سَقُمَ ـُـ سُقْماً و سَقَامَةً: بیمار ہونا، بیمار رہنا۔
اِنْسِقَام: (دا) دُبلا ہونا۔
سُقْم، سَقَمٌ، سَقَام: بیماری (۲) دُبلاپن، نزاکت۔
سَقِيم: بیمار، لاغر۔
سَقِيمُ الغَرَام: بیمار عشق۔
سُقْمُرِي: (مع) ماکریل، ایک قسم کی بحری مچھلی۔
سَقَنْقُور: (مع) چھوٹی قسم کی چھپکلی۔
سَقَي ـــ سَقْياً و اَسْقَاه: پلانا، پانی دینا، سیراب کرنا، آبپاشی کرنا۔
سَاقَاه مُسَاقَاةً: پینے میں شریک ہونا۔
اسْتَقَاهُ اسْتِقَاءً: پانی مانگنا، پینے کی خواہش کرنا۔
اسْتَقَى الخَبَرَ: خبر حاصل کرنا۔
اسْتَقَى المَعْلُومَاتِ من: معلومات فراہم کرنا۔
سِقَاء ج: أَسْقِيَة: مشک۔

سَقَّاء: سقہ، پانی پہنچانے والا۔
سِقَایَة: خدمت آب رسانی۔
سَقْیٌ: آبپاشی، سیرابی، آب رسانی۔
سَاقِیَة ج: سَوَاقٍ: رہٹ (۲) چھوٹی نہر (۳) پلانے اور سیراب کرنیوالی۔
مَسْقِیٌّ: سیراب شدہ۔

س............ک

سَکَبَ ـُ سَکْباً: ڈالنا، بہانا، گرانا۔
انْسِکَاب: بہنا۔
سَاکِبُ کَأْسٍ: جام بھر کر دینے والا۔
أُسْکُوب ج: أَسَاکِیْبُ: زبردست بارش۔
سَکَتَ ـُ سُکُوتاً: خاموش ہونا۔
سُکِتَ سَکْتَةً: سکتہ میں آنا، سکتہ کی بیماری ہونا۔
تَسْکِیْت و إِسْکَات: خاموش کرنا۔
إِسْکَاتُ صَوْتِ الضَّمِیْرِ: ضمیر کی آواز دبانا۔
إِسْکَاتُ الْمَدَافِع: توپوں کو خاموش کردینا۔
سَکْتَة: نقطہ، نشان وقف، ایک بیماری، شاک۔
سَکْتَةٌ دِمَاغِیَة: دماغی شاک۔
سَکْتَةٌ قَلْبِیَة: ہارٹ اٹیک۔
سُکُوتٌ لِفَتْرَةٍ: تھوڑی دیر چپ رہنا، خاموش رہنا، وقفہ کی خاموشی۔
سُکُوت و سِکِّیْت: خاموش طبیعت آدمی۔
سَاکِت: خاموش، ساکن، سنسان۔
سَکِرَ ـَ سُکْراً: بیہوش ہونا، نشہ ہونا۔
سَکَرَ ـُ سَکْراً سَکَرَ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔
سَکَّرَ و أَسْکَرَ: بیہوش کرنا، نشہ چڑھانا۔
سَکَّرَ الشَّیْئَ تَسْکِیْراً: شکر ملانا، میٹھا کرنا۔
سَکَّرَ الشَّرَابُ: شربت کا خشک ہوکر شکر ہو جانا۔
سَکَّرَ الْفَاکِهَةَ: پھل کا مربّی بنانا۔
سُکْر: نشہ، بیہوشی، مدہوشی۔
سُکَّر: چینی، شکر، شوگر۔
سُکَّرُ بَنْجَرٍ: چقندر کی شکر۔
سُکَّرٌ خَام: خام شکر، گڑ، شکر، کھانڈ وغیرہ۔
سُکَّرُ الْقَصَب: گنے کی شکر۔
السُّکَّرُ الْمُکَرَّر: صاف کردہ شکر (چینی)۔
سُکَّرٌ نَاعِمٌ: دانہ دار شکر، کاسٹر شوگر۔
قَصَبُ السُّکَّر: گنا۔
سُکَّرِیّ: شکر کا۔
مَرَضُ الْبَوْلِ السُّکَّرِیّ: پیشاب میں شکر آنے کی بیماری۔
سَکَّرِیْن: (مع) شکرین۔
سَکَّرٌ، مُسْکِرٌ: نشہ آور، مدہوش کن۔
سَکْرَة: نشہ، مدہوشی ج: سَکَرَات
سَکْرَةُ الْمَوْتِ: کیفیت نزع۔
سَکْرَان ج: سُکَارَیٰ: نشہ والا، بیہوش، نشہ میں چور، مست۔
سُکَارَیٰ بِالْحَمَاس: جوش میں دیوانے۔
سُکَّرِیَّة: (دا) شکردان۔
سِکْرِتِیْر: (مع) سیکرٹری (کَاتِبُ السِّرّ)
سِکْرِتَارِیَّة: سکریٹری آفس، سکریٹریٹ سکریٹری کا عہدہ۔
السِّکْرِتِیْرُ الأَوَّلُ: چیف سیکرٹری، فرسٹ

سیکرٹری۔
سِکْرِتِیرُ التَّحْرِیْر: معاون مدیر۔
السِّکْرِتِیرُ الثَّانِی: انڈر سیکرٹری۔
سِکْرِتِیرٌ فَخْرِیٌّ: اعزازی سیکرٹری، آنریری سکریٹری۔
سِکْرِتِیرُ العَامُّ: جنرل سیکرٹری۔
سِکْرِتِیرٌ مُسَاعِد: اسسٹنٹ سیکرٹری۔
سِکْرِتیرة: خاتون سیکرٹری، لیڈی سیکرٹری۔
سُکُرُجَة: طشتری، پلیٹ ج: سَکَارِجُ
سَکَعَ ــَـ سَکْعاً و تَسَکَّعَ: بے مقصد و بے ہدایت پھرنا۔
تَسَکَّعَ: (وا) طمانچہ مارنا۔
سَکَعْکَع: (مع) ممولا وغیرہ کی قسم کی چڑیاں جن کی دم ہلتی رہتی ہے، دم جنبان۔
سَکِفَ البَابَ ــَـ سَکْفاً: دروازہ میں چوکھٹ لگانا۔
سَکَّاف، إِسْکَاف: موچی، جفت ساز (۲) جوتوں کی مرمت کرنے والا۔
أُسْکُفَّةُ البَاب: دروازے کی چوکھٹ۔
سِکَافَة: جوتا سازی، جوتے بنانے یا مرمت کرنے کا پیشہ۔
سَکَّ ــُـ سَکّاً البَابَ: بند کرنا۔
سَکَّ الرَّجُلُ ــَـ سَکَکاً: بہرہ ہونا، پردہ کان کا تنگ ہونا۔
سَکَّ النُّقُودَ ــُـ سَکّاً: کرنسی بنانا، روپے وغیرہ ڈھالنا۔
سَکُّ العُمْلَة: سکہ ڈھالنا۔
سَکُّ النُّقُود: سکہ ڈھالنا۔
سِکَّة ج: سِکَکٌ: ڈھلا ہوا سونے یا چاندی وغیرہ کا سکہ۔
سِکَّةُ المَسْکُوکَات: سکہ ڈھالنے کی ڈائی۔
سِکَّة (۲) ج: سِکَکٌ: راستہ، سڑک۔
سِکَّةُ الحَدِیْد: ریلوے۔
سِکَّةٌ حَدِیْدِیَّة تحت أَرضِیَة: انڈر گراؤنڈ ریلوے۔
سِکَّةٌ حَدِیْدِیَّةٌ کَهْرَبَائِیَة: الیکٹرک ریلوے۔
سِکَّةُ المِحْرَاث: ہل میں لگا ہوا لوہا۔
مَحَطَّةُ السِّکَّةِ الحَدِیْدِیَة: ریلوے اسٹیشن۔
قِطَارُ السِّکَّةِ الحَدِیْدِیَّة: ریل گاڑی۔
خَطُّ السِّکَّةِ الحَدِیْدِیَّة: ریلوے لائن۔
قَنَاطِرُ السِّکَّةِ: ریلوے پل۔
مَصْلَحَةُ السِّکَّة: ریلوے محکمہ۔
السِّکَکُ الحَدِیْدِیَّةُ الضَّیِّقَة: چھوٹی ریلوے لائنیں، چھوٹے گیج کی ریلوے لائنیں۔
سَکَنَ ــُـ سُکُوناً: (ا) سکون پذیر ہونا، حرکت بند ہونا، ہوا بند ہونا۔
سَکَنَ إِلَیْه: آرام پانا۔
سَکَنَ المَکَانَ و بِه سَکَناً و سُکْنى: سکونت پذیر ہونا۔
سَکَنَ الحَرْف: حرف کا حرکت سے خالی ہونا۔
سَکَنَ الدَّارَ: رہنا، رہائش اختیار کرنا۔
سَکَنَ الرَّجُلُ البَیْتَ: آباد ہونا۔
سَکَنَ عَنْهُ الوَجْعُ و الأَلَمُ: اس کی تکلیف

یا درد زائل ہو گیا۔
سَکَنَ الغَضَبُ: غصہ ٹھنڈا ہونا، کم ہونا۔
سَکَنَ لَهَبُ النَّار: آنچ کم ہونا۔
سَکَنَالجَأشُ: مطمئن ہونا۔
سَکَّنَ تَسْكِيناً: (۱) حرکت بند کرنا، ٹھہرانا، ساکن کرنا (۲) سکون و آرام بخشنا۔
سَکَّنَ الألَمَ: درد یا تکلیف ختم کرنا۔
سَکَّنَ الجُوعَ، الشَّهوَةَ، الغَضَبَ: بھوک، خواہش اور غصہ ختم کرنا۔
سَکَّنَ الحَرْفَ: حرف کو ساکن کرنا۔
سَکَّنَ الرَّوْعَ: گھبراہٹ دور کرنا، تسلی دینا۔
سَکَّنَ و أسْكَنَ الدَّار: آباد کرنا، بسانا، رہائش کی جگہ دینا۔
إسْکَان: ہاؤسنگ، آباد کرنا، آباد کاری
الإسْکَانُ التَّعَاوُنِيّ: کوآپریشن ہاؤسنگ
سَاكَنَه مُسَاكَنَةً: ساتھ رہنا، کسی عورت کے ساتھ بلا شادی رہنا۔
سَکُنَ ـُ سُکُونَةً: غریب محتاج ہونا۔
اسْتِکَانَةً: فروتنی، عاجزی۔
سَکَنٌ، سُکْنیٰ: رہائش۔
سَکَنٌ و مَسْکَن: رہائش گاہ، مکان، کوارٹر۔
سَکَنٌ مَصْلَحِيّ: سرکاری رہائش گاہ۔
سُکُون: (۱) ٹھہراؤ، خاموشی، بندش، (۲) آرام، قرار، دل جمعی (۳) جزم۔
يُسْکَنُ: قابل رہائش۔
سَاکِنٌ ج: سُکَّان: باشندہ، رہنے والا۔
سُکَّانُ المَرْکَب: کشتی کا پتوار۔
سِکِّين: چھری، چاقو ج: سَکَاکِين
سَکَّان، سَکَاکِينِيّ: چھری ساز۔
سَکِينَة: وقار، سنجیدگی۔
مَسْکَنٌ رَسْمِيّ: سرکاری رہائش گاہ۔
مَسَاکِنُ العُمَّال: کارکنوں کے کوارٹر۔
مُسَکِّن: سکون بخش، فرحت بخش۔
مَسْکُون: آباد، معمور۔
المَسْکُونَة: دُنیا، عالم، آبادی۔
مَسْکَنَة: غربت، افلاس، ذلت، بے چارگی، بدحالی۔
مِسْکِين: ج: مساکین: بے چارہ، غریب۔
سَکُوتَة: (مع) اسکوٹر۔

س .... ل

سَلَأَ السَّمْنَ ـَ سَلأً: گھی صاف کرنا۔
سِلَاءٌ: صاف کیا ہوا گھی۔
سَلَبَ ـُ سَلْباً و اسْتَلَبَ: چھیننا، لوٹنا، سلب کرنا، اُچکنا، کھینچ لینا۔
سَلِبَ ـَ سَلَباً: ماتم کے کپڑے پہننا۔
سَلَبٌ: (۱) لوٹ کا مال، چھینا ہوا مال، لوٹ کھسوٹ (۲) نفی (ایجاب کی ضد)
سَلْبُ اخْتِصَاصِ أحَدٍ: اختیار چھیننا۔
سَلْبُ الحُرِّيَّةِ و كَبْتُهَا: آزادی سلب کرنا۔
عَلَامَةُ السَّلْبِ: (............)
سَلْبِيّ: منفی، انکاری۔
سِلَاب: ماتمی لباس۔
سَلَّاب: لٹیرا۔
أُسْلُوب ج: أسَالِيب: طرز، رنگ ڈھنگ، طور طریقہ، کیفیت، ٹون۔
أُسْلُوبُ الحَيَاة: طرز زندگی۔

سَلَتَ ـُ سَلْتاً: زائل کرنا، کسی چیز پر لگی ہوئی گندگی دور کرنا، صاف کرنا (۲) کھینچنا، سونتنا، (۳) عجلت کے ساتھ کپڑے بدن سے اتارنا۔
اِنْسِلات: الگ ہوجانا، کھچ جانا۔
اِنْسِلات مِنْ: بھاگنا، فرار ہونا۔
سَلَحَ الطَّائِرُ ـَ سَلْحاً: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
سَلَّحَ تَسْلِیْحاً: مسلح کرنا، ہتھیار بند کرنا۔
التَّسْلِیْحُ الذَّرِّیّ: ایٹمی ہتھیاروں سے لیس کرنا۔
تَسَلُّح: ہتھیار بند ہونا، مسلح ہونا، جنگی تیاری، لڑائی کی تیاری۔
التَّسَلُّحُ بالمَرُوْنَة: لچک رکھنا۔
تَسَلُّحٌ جَدِیْد: جدید ہتھیار بندی۔
سُلْحُ الطُّیُور: پرندوں کی بیٹ۔
سِلاحٌ ج: أَسْلِحَة: ہتھیار، فوج کا ایک حصہ۔
سِلاحُ البَحْرِیَّة: بحری بیڑہ۔
السِّلاحُ الجَوِّیّ: ایرفورس، ہوائی فوج، فضائی فوجی طاقت۔
سِلاحُ الدِّفاع: زرہ۔
سِلاحُ الطَّیَران: فضائی طاقت، ہوائی فوج۔
سِلاحُ الرَّدْع: محافظ ہتھیار، دفاعی ہتھیار۔
سِلاحُ الصَّوارِیْخ: راکٹ بردار فوج۔
سِلاحُ الطَّیَران: فضائی فوج، ہوائی فوج، فضائیہ۔
سِلاحُ الفُرْسان: گھوڑ اسوار فوج۔
سِلاحُ المُدَرَّعات: بکتر بند فوج۔
سِلاحُ المِدْفَعِیَّة: توپخانہ بردار فوج۔

تَحْتَ السِّلاح: فوجی خدمت پر مامور
سِلاحِیّ: تاجر اسلحہ۔
الأَسْلِحَةُ البَحْرِیَّة: بحری ہتھیار۔
أَسْلِحَةٌ رَادِعَة: حفاظتی ہتھیار۔
أَسْلِحَةٌ مُتَطَوِّرَة: نئے ہتھیار، ترقی یافتہ ہتھیار۔
الأَسْلِحَةُ النَّارِیَّة: آتشیں ہتھیار۔
أَسْلِحَةٌ هُجُوْمِیَّة: جارحانہ ہتھیار۔
مُسَلَّح: پولیس۔
سُلَحْفَاة: کچھوا ج: سَلاحِف
سَلَخَ الذَّبِیْحَةَ ـَ سَلْخاً: کھال اُتارنا، کھال کھینچنا۔
سَلَخَ البَشَرَة: کھال چھیلنا
سَلَخَ الثُّعْبَان: سانپ کا کینچلی سے باہر آنا۔
سَلَخ و اِنْسَلَخَ الشَّهْرُ: گزرنا۔
اِنْسِلاخ مِن: الگ ہونا، کپڑوں سے عاری ہونا۔
سِلْخُ الحَیَّة و مِسْلاخُها: سانپ کی کینچلی۔
سَلِیْخ: بے مزہ۔
سَلِیْخ و مَسْلُوخ: جس کی کھال اتار لی گئی ہو۔
مُنْسَلِخ: (۱) کھال اتارا ہوا (۲) گزشتہ۔
سَلْخانة، مَسْلَخ: مذبح۔
سَلِسَ ـَ سَلاسَةً: (۱) نرم ہونا (۲) آسان ہونا (۳) رواں ہونا (۴) تابع وفرمانبردار ہونا۔
سَلِسٌ: رواں، نرم، سہل، تابع۔
سَلاسَة: نرمی، آسانی، روانی۔
سَلْسَبِیْل: اہل جنت کی شراب۔

سَلسَلَ الشَّیٔ بِالشَّیٔ: ایک چیز کودوسری کے ساتھ جوڑنا۔

سَلسَلَهٗ: زنجیر سے باندھنا، زنجیر گلے میں ڈالنا۔

سَلسَلَ النَّسَبَ إلی: سلسلہ نسب کوکسی خاص فردتک پہنچانا۔

سَلسَلَ الماءَ: نشیبی جگہوں میں پانی بہانا۔

تَسَلسَلَ الماءُ: پانی بہنا، جاری ہونا۔

سَلسَلٌ: چھوٹا آبشار (۲) آب شیریں۔

سِلسِلَة ج سَلاسِلُ: (۱) زنجیر (۲) ارتباط، اتصال (۳) سلسلہ۔

سِلسِلَةُ الظَّهر: پشت کی زنجیر نما ہڈی۔

سِلسِلَةُ المَسَّاح: پیائش کرنے والے کی چین، فیتا۔

سِلسِلَةٌ مُنظَّمَة: کورس (علاج وغیرہ کا)

مُسَلسَلٌ: (۱) زنجیر سے بندھا ہوا (۲) نمبروار (۳) لگاتار (۴) سلسلہ، سلسلہ اور پروگرام، سیریل۔

مُسَلسَلٌ مُصَوَّرٌ: باتصویر سلسلہ۔

مُتَسَلسِلٌ: سلسلہ وار۔

رِوَايَةٌ مُتَسَلسِلَة: مسلسل کہانی۔

سَلُطَ ـــُـ سَلاطَةً و سُلُوطَةً: زبان دراز ہونا، تیز زبان ہونا۔

سَلَّطَهُ علی کذا تَسلِيطاً: غالب بنانا، مسلط کرنا، حاکم بنانا۔

تَسَلَّطَ علی: قابض ہونا، غالب ہونا، حاکم بننا، اقتدار حاصل کرنا۔

تَسَلُّط: اقتدار۔

التَّسَلُّطُ الأجنَبِی: غیر ملکی غلبہ، غیر ملکی اقتدار۔

تَسَلُّطِيٌّ: ظالمانہ۔

سُلطَة: اقتدار، اختیار، حکومت، کمیشن، غلبہ، اثر، منصب، عہدہ، ہولڈ، اتھارٹی۔ج: سُلطَات

سُلطَةٌ اِختِيَارِيَّة: اختیار تمیزی۔

سُلطَةٌ بَرلَمَانِيَّة: پارلیمنٹری اختیار۔

سُلطَةٌ تَامَّة: فل پاور، کل اختیار۔

سُلطَةُ التَّشرِيع: اختیار قانون سازی، منصب قانون سازی۔

سُلطَةٌ تَشرِيعِيَّة: قانونی اختیار، قانون سازی کا اختیار۔

سُلطَةُ تَفوِيض: کامل اختیار۔

سُلطَةٌ تَقدِيرِيَّة: اختیار تمیزی۔

سُلطَةٌ تَنفِيذِيَّة: ایگزیکیٹو ورکنگ پاور، عملی اختیارات، انتظامی اختیارات، انتظامی عہدہ دار، ایڈمنسٹریشن۔

سُلطَةٌ رَئِيسِيَّة: اعلیٰ اختیار۔

سُلطَةُ السِّيَادة: اختیارات حکومت، اقتدار اعلیٰ۔

سُلطَةٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی اختیار، سیاسی اقتدار۔

السُّلطَةُ الشَّرعِيَّة: قانونی حکومت، قانونی اختیار، جائز اقتدار۔

سُلطَةُ القَضَاء: حکام عدالت، منصب قضا۔

سُلطَةٌ زَمَنِيَّة: وقتی اقتدار۔

سُلطَةٌ مُطلَقَة: اقتدار واختیار کامل، خودمختار حکومت، مطلق العنان حکومت۔

السُّلطَةُ العُمُومِيَّة: پبلک اتھارٹی، عوامی اختیار۔

سُلطَةٌ قَضَائِيَّة: عدالتی اختیار، عدالتی پاور۔

السُلْطَةُ القَائِمَةُ بِالإدَارَة: انتظامی پاور۔
سُلْطَةٌ كامِلَة: فل پاور، مکمل اختیار۔
السُلْطَةُ المُخْتَصَّة: با اختیار ادارہ، با اختیار جماعت، با اختیار حکام، متعلقہ حکام۔
لاسُلْطَةَ لَهُ: بے اختیار۔
سُلْطَاتٌ إدارِيَّة: انتظامی ادارے۔
سُلْطَات الأمن: حفاظتی پولیس، حفاظتی حکام۔
سُلُطَات: اختیارات، افسران، حکام، اتھارٹیز۔
السُلْطَاتُ الحُكُومِيَّة: سرکاری حکام۔
سُلُطَاتُ مَخْفَرِ الشُرطَة: تھانہ کے حکام، ذمہ داران۔
سَلَطَة: (مع) سلاد، ساگ کا کچومر یا کچالو، چٹنی۔
سَلاطَة: سلاد، مخلوط کچی سبزیاں۔
سَلاطَة: (۲) زبان درازی، بے حیائی،
سَلِيط: زبان دراز، بے حیا۔
مِسْلاط: چابی کے دانت۔
مِسْلاطٌ سِينَمائِيّ: بائسکوپ۔
مُتَسلِّط: غالب، قابو یافتہ۔
سَلْطَعُون: (مع) (۱) کیکڑا، سرطان (۲) برج سرطان (۳) کانٹا۔
سَلْطَنَة: سلطان بنانا، حاکم بنانا۔
تَسَلْطُنٌ: سلطان وحکمران بننا۔
سُلْطَان ج: سَلاطِين: حکمراں (۲) اقتدار۔
سُلْطَانُ أرض: زمین پر تسلط، قبضہ، عمل داری، حکومت۔
سُلْطَانِيَّة: (دا) پیالہ، گول برتن، ڈونگا۔
سَلِعَتِ الرِجلُ ـ سَلَعًا (تَشَقَّقَتِ القَدَمُ): پیروں کا پھٹنا۔
سَلِعَتِ الأرْضُ وانْسَلَعَتْ: زمین میں شگاف پڑنا۔
سَلْعٌ: (شَق) پھٹن، رخ، دراڑ، شگاف ج: سُلُوع
سِلْعَة ج: سِلَعٌ: سامان تجارت۔
سِلْعَةٌ كَاسِدَة: خراب اور ردی سامان۔
سِلْعَةٌ شَائِعَة: مروجہ سامان۔
سِلْعَةٌ مُتَداوَلَة: چالو سامان، مروجہ سامان۔
سِلْعَةٌ مُصَدَّرة: ایکسپورٹ کیا ہوا مال۔
سِلَعٌ حُرَّة: فری سامان جس پر کسٹم نہ ہو۔
سِلَعٌ سَهْلَةُ المَنَال: آسانی سے ملنے والا سامان۔
سِلَعٌ صَغِيرة: چھوٹی تجارتی اشیاء (جیسے سوئی دھاگہ)۔
السِلَعُ الصِنَاعِيَة: صنعتی سامان۔
سِلَعٌ غَيرُ نَمْطِيَة: غیر معیاری سامان۔
سِلَعٌ قَابِلَةٌ لِلتَلَف: ضائع ہونے والا سامان، خراب ہونے والا سامان۔
سِلَعٌ مُعَمَّرة: دیر تک رہنے والا سامان۔
سِلَعٌ مُمْتَازَة: اعلیٰ قسم کا سامان۔
سِلَعٌ اِستِهْلاكِيَة: اشیائے صرف، سامان صرف۔
سِلَعٌ اِستِهْلاكِيَة شَائِعَةُ الاستِعْمَال: عام استعمال کی اشیائے صرف۔
سِلَعُ الاَعْمَال: سامان تجارت۔
سِلَعٌ إنْتاجِيَّة: پیداواری سامان۔
سِلَعٌ تَمْوِينِيَة: سپلائی کا سامان۔
سَلَفَ الأرْضَ ـ سَلْفاً و اَسْلَفَ: زمین کو

کاشت کے لیے ہموار کرنا۔
سَلَفَ ـُ سَلَفاً و سُلُوفا: گزرنا، مقدم ہونا، آگے بڑھنا۔
سَلَّفَ و أَسْلَفَ: (۱) قرض دینا (۲) پیشگی دینا (۳) آگے بڑھانا۔
التَّسْلِيفُ الزِّرَاعِيُّ: زرعی قرضہ۔
التَّسْلِيفُ العَقارِيُّ: جائیداد قرض۔
تَسَلُّف و اسْتِلاَف: قرض لینا، لون لینا۔
سَلَفٌ (ضد: خَلَف): (۱) اگلے لوگ، آباؤ اجداد (۲) قرض۔
سَلَفاً: پیشگی، پہلے۔
سِلْفٌ: (دا) ہم زلف، ساڑھو۔
سِلْفَة: بھاوج، دیورانی، جٹھانی۔
سُلْفَة: قرض مع سود، ایڈوانس، لون Loan
سُلْفَةٌ بدُونِ ضمان: بلاضمانت قرض
سُلْفَةُ الحِذَاء: جوتے کا تلا۔
سُلْفَةٌ مِنَ المَصْرِف: بینک قرض۔
سُلاف، سُلاَفَة: عمدہ شراب۔
سَالِف ج: سَلَفٌ: گزشتہ، مقدم۔
سَالِفُ الذِّكْر: جس کا ابھی ذکر ہوا جس کا ذکر پہلے ہو چکا، مذکورہ بالا۔
فِيْ سَالِفِ الزَّمَان: گزشتہ زمانہ میں۔
سَالِفَة ج: سَوَالِف: (۱) گردن کا بالائی حصہ (۲) گردن۔
سَالِفاً: پہلے۔
مِسْلَفَة ج: مَسَالِفُ: ہینگا جس سے ہل چلانے کے بعد زمین ہموار کی جاتی ہے۔
سُلْفَات: (مع) سلفیت، گندھک کے تیزاب کا نمک۔

سُلْفِيد: (مع) سلفائڈ، گندھک اور کسی عنصر یا جزو مستقل کا مرکب۔
سَلَقَ ـُ سَلْقاً: گوشت اور انڈا وغیرہ اُبالنا، جوش دینا، کھولانا۔
سَلَقَ الحَرُّ النَّبَاتَ: گرمی کا نبات کو جلانا۔
تَسَلَّق: چڑھنا، بیل کا چڑھنا۔
سَلاَقَةُ اللِّسَان: زبان کی تیزی۔
سَلاَقُون: لال مٹی۔
سَلِيقَة، مَسْلُوقَة: گوشت کا سوپ، اُبلا ہوا کھانا۔
سَلَكَ ـُ سُلُوكاً: راستہ پر چلنا (۲) روش اختیار کرنا (۳) برتاؤ کرنا (۴) قصد کرنا (۵) شامل کرنا، پرونا۔
سَلَكَ المَكَانَ: داخل ہونا۔
سَلَكَ بِمُوجَبِ كَذا: کسی چیز کے مقتضا کے مطابق کام کرنا۔
سَلَكَ و أَسْلَكَ: پرونا، منسلک کرنا۔
سَلَّكَ الخَيْطَ: گرہ کھولنا۔
سَلَّكَ الأَمْرَ المُعَقَّدَ: پیچیدہ معاملہ کو سلجھانا۔
سَلَّكَ الأَسْنَانَ: دانتوں میں خلال کرنا۔
اِنْسِلاَك: منسلک ہونا، داخل ہونا (۲) اشتراک۔
سِلْكٌ ج: أَسْلاَك: (۱) تار (۲) دھاگہ (۳) لڑی (۴) لائن (۵) سلسلہ۔
سِلْكٌ تِلِغْرَافِيٌّ: کیبل، ٹیلی گرام لائن۔
سِلْكٌ كَهْرَبَائِي: بجلی کا تار۔
سِلْكٌ مَعْدِنِيٌّ: لوہے تانبے وغیرہ کا تار، تار برقی، وائر۔
السِّلْكُ الدِّبْلُوماسِيّ: سفارتی جماعت،

سفارتی عملہ، سیاسی باڈی۔
السِلْکُ السیاسِیّ: سیاسی لائن۔
السِلْکُ الصَّحفِیّ: پریس لائن۔
السِلْکُ القُنصُلِیّ: کونسلر سروس۔
لاسِلْکِیّ، بلا أسلاک: وائرلیس۔
إشارَۃٌ لاسِلْکِیَّۃ: وائرلیس سگنل۔
رِسالَۃٌ لاسِلْکِیَّۃ: وائرلیس پیغام، ریڈیائی پیغام۔
مُخابَرَۃٌ لاسِلْکِیَّۃ: وائرلیس اطلاعات، وائرلیس کے ذریعہ بات چیت، پیغام رسانی۔
جِھازُ التِقاطٍ لاسِلْکِیّ: وائرلیس سیٹ۔
عامِلُ اللّاسِلْکِیّ: وائرلیس آپریٹر
سَلْکُ البَحرِ: کشتی رانی، جہاز رانی۔
سَلْکُ الھَواءِ: ہوابازی۔
سَلّاکَۃُ الأسنان: دانتوں کا خلال۔
سُلُوک: طرزِ عمل، روش، طور طریق، ایکشن، معاملہ۔
السُّلُوکُ الأخلاقِیُّ: مورل، اخلاقی برتاؤ۔
سُلُوکٌ جَماعِیٌّ: معاشرتی طور وطریق، اجتماعی اخلاق، سماجی برتاؤ۔
سُلُوکٌ یَتَّصِفُ بِالأمانَۃِ والإستِقامَۃ: ایماندارانہ اور مساوی برتاؤ۔
حُسنُ السُّلُوک: اچھا برتاؤ، نیک چلن۔
سُوءُ السُّلُوک: بدچلنی، بدسلوکی، برا طرزِ عمل، غلط برتاؤ۔
السُّلُوکِیَّۃ: طرزِ عمل، کردار، ج: سُلُوکِیّات
سالِک: (۱) چلنے والا، روش اختیار کرنے والا (۲) علم سلوک پر چلنے والا۔
مَسْلَکٌ ج: مَسالِک: طریقہ، راستہ، مذہبی جماعت کا خاص طریقہ، روش، روٹ، طرزِ عمل۔
المَسْلَکُ السَّخِیف: خراب طرزِ عمل۔
مَسْلَکُ فُلانٍ مَعَ فُلان: کسی کے ساتھ کسی کا طرزِ عمل۔
سِلِیکا: (مع) سلیکا، ایک قسم کی سخت سفید یا بے رنگ معدنی شے جو اکثر قیمتی پتھروں اور معمولی پتھر میں پائی جاتی ہے۔
سَلَّ ـُ سَلًّا و اسْتَلَّ: آہستہ سے کھینچنا۔
سَلَّ واسْتَلَّ السَّیفَ: تلوار میان سے نکالنا۔
سَلَّ واسْتَلَّ السِّکِّینَ: چھری نکالنا، چاقو جیب سے نکالنا۔
سُلَّ، انْسَلَّ: (وا) مرضِ سل میں مبتلا ہونا۔
انْسِلالٌ مِنْ مَکان: آہستہ سے نکل جانا، خفیہ طور پر نکل جانا، آنکھ بچا کر نکل جانا۔
انْسِلالٌ إلی: کسی جگہ خفیہ اور آہستہ پہنچنا۔
التَسَلُّل: دبے قدموں آنا، آہستہ آہستہ داخل ہونا، سرایت کرنا۔
التَسَلُّلُ إلی کَذا: راہ پانا، گھس آنا۔
التَسَلُّلُ إلی داخِلِ الأرْضِ: سرحد میں گھس آنا۔
التَسَلُّلُ داخِلَ الأراضِیْ: سرزمین میں گھس آنا۔

سِلٌّ: ایک بیماری، سل۔
سَلَّة ج: سِلَال: ٹوکری، کنڈی۔
سَلَّةٌ لِلأَوْرَاقِ المُهْمَلَةِ: فائلنگ باسکٹ
سَلَّةُ المُهْمَلَاتِ: ردی کی ٹوکری۔
سَلَّال: ٹوکریاں بنانے والا۔
: (۱) نسل (۲) خاندان کی اصل (۳) فیملی، خاندان۔
سُلَالَةٌ مَلَكِيَّةٌ: شاہی خاندان۔
عِلْمُ السُّلَالَاتِ البَشَرِيَّة: علم الانساب۔
سَلِيلُ فُلَان: فلاں کی نسل۔
سَلِيلٌ و مَسْلُول: سل کا مریض۔
سَلِيلٌ و مُسْتَلّ: تلوار وغیرہ سونتی ہوئی۔
مِسَلَّة: بڑی سوئی، سوا۔
مِسَلَّةُ بِنَاءٍ: نوکیلا برج، جیسے گرجا اور مندر پر ہوتا ہے۔
سَلِمَ ـــَ مِنْ، سَلَامَةٌ: محفوظ رہنا، ظاہری و باطنی آفات سے محفوظ رہنا، نجات پانا، بچنا۔
سَلِمَ مِنْ عَيْبٍ: عیب سے پاک ہونا۔
سَلَّمَ عليه تَسْلِيماً: سلام کرنا۔
سَلَّمَ إِلَى: سپرد کرنا، سونپنا۔
ـــ إِعْلَاناً قَضَائِياً: عدالت کا حکم نامہ پہنچانا، وارنٹ یا پروانہ پہنچانا۔
ـــ بِالأَمْرِ: تسلیم کرنا، مان لینا، قبول کرنا۔
ـــ إِلَى العَدُوِّ: دشمن کے سامنے ہتھیار ڈالنا، گھٹنے ٹیکنا۔
ـــ مِنْ خَطَرٍ: خطرہ سے بچانا، محفوظ رکھنا۔
ـــ سِلَاحَه إِلَى: ہتھیار ڈالنا۔

سَلِّمْ لِي عَلَيْه: میری طرف سے ان کو سلام پہنچاؤ۔
سَالَمَه مُسَالَمَةً: صلح کرنا۔
أَسْلَمَ: مسلمان ہونا، مذہب اسلام قبول کرنا۔
أَسْلَمَ لَهُ: مطیع و منقاد ہونا۔
أَسْلَمَ أَمْرَه إِلَى اللّٰهِ: اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کیا۔
أَسْلَمَ (۲) فُلَاناً: بے یار و مددگار چھوڑنا، رسوا کرنا، خیانت و غداری کرنا۔
أَسْلَمَ الرُّوحَ: جان دینا۔
أَسْلَمَه لِكَذَا: کسی کے رحم و کرم پر چھوڑنا۔
تَسَلَّمَ و اسْتَلَمَ: وصول کرنا، لینا، پانا، رسیو کرنا۔
تَسَلَّمَ السُّلْطَانَ: اختیارات حاصل کرنا۔
تَسَلَّمَ العَمَلَ: کام کا چارج لینا۔
تَسَلَّمَ المَنْصِبَ: عہدہ سنبھالنا۔
تَسَلَّمَ الخِطَابَ: خط وصول پانا۔
اسْتَلَمَ الحُكْمَ: حکومت سنبھالنا۔
اسْتَسْلَمَ لِفُلَانٍ: مطیع ہونا، ہتھیار ڈالنا، کسی کے سامنے اعتراف عجز کرنا، جھکنا۔
اسْتِسْلَام: جھکاؤ، شکست، مغلوبیت (۲) گھٹنے ٹیکنا، ہتھیار ڈالنا، ذلیل ہونا، ہار ماننا، تحویل میں لینا، زیر ہونا۔
بِالاسْتِسْلَام: ہتھیار ڈال کر۔
اسْتِسْلَامِيّ: شکست خوردانہ، ذلت آمیز، مغلوبانہ۔

سُلَّم ج: سَلَالِم: زینہ۔
سُلَّمُ الحرِیق :فائر اسکیپ (آگ بجھانے کی سیڑھی)۔
سُلَّمُ الرُّسُوم: چارجنگ اسکیل۔
سُلَّمُ النَّجاۃ :فائر اسکیپ (آگ بجھانے کی سیڑھی)۔
سُلَّمٌ مِیکانِیکِیٌ: خودکار زینہ۔
سُلَّمٌ مُتنَقِّل: سیڑھی (ڈنڈوں یا تختوں دار)
سُلَّمٌ: ذریعہ، آلہ کار۔
اِتَّخذَہُ سُلَّماً لِأ غراضِہ :اس کو اپنے مقاصد کے لیے ذریعہ بنایا۔
اَسْلَمُ الحُلُول: بہترین حل۔
سَلَامۃ: حفظ و امان، تندرستی، بے عیبی، سیفٹی، حفاظت، سلامتی۔
سَلَام: (۱) سلام (۲) قومی ترانہ جو صبح کو گایا جاتا ہے، سلوٹ۔
سَلَام، سِلْم: امن وسلامتی، سکون، آشتی۔
سَلَامٌ دَائِم: دائمی امن۔
السَّلَامُ الرُّوحِیّ: روحانی سکون۔
سَلَامٌ عَادِلٌ: منصفانہ امن۔
سَلَامٌ عَسْکَرِیّ: فوجی سلام۔
السَّلَامُ المُراوِغ: فریب دہ امن۔
السَّلَامُ الوَطَنِی: قومی ترانہ۔
دَارُالسَّلَام: (۱) جنت (۲) افریقہ کا مشہور مشرقی شہر۔
دَارُاو مَدِینَۃُ السَّلَام: شہر بغداد۔
نَھْرُ السَّلَام: دریائے دجلہ۔
یَا سَلَامُ: برائے استعجاب، عجیب، حیرت ہے، تعجب ہے، حد ہوگئی، کمال ہوگیا۔ غضب ہوگیا۔
السِّلْمُ العَادِل: منصفانہ امن۔
لَاسِلْمَ ولَاحَرْبَ: نا امن نا جنگ
سُلَامَی، سُلَامِیَّۃ ج: سُلَامَیَات و سُلَامِیَات: انگلیوں کی ہڈیاں، جوڑ دار ہڈیاں۔
إِسْلَام: خود حوالگی، اطاعت و انقیاد، دل سے ماننا، اقرار واعتراف۔
الإِسْلَامُ: دین اسلام۔
اِسْتِلَام: وصول کرنا، وصولیابی (۲) لائق ملامت ہونا۔
تَسْلِیم: رضا و قبول، حوالگی، سپردگی، ڈلیوری۔
تَسْلِیم البَرِید: ڈاک کی تقسیم، ڈلیوری۔
تَسْلِیمُ البَضائع : ڈلیوری، سامان کی حوالگی۔
تَسْلِیمٌ حالاً: فوری حوالگی، ڈلیوری
تَسْلِیمُ رِئاسۃِ الجَلْسۃِ إلی......: کسی کو جلسہ کی صدارت سونپنا۔
تَسْلِیمُ السُّلُطَات إلی......: اختیارات دینا۔
تَسْلِیمُ الطَّلَبَات: آرڈر پورے کرنا۔
تَسْلِیمُ المُتَّھَم الفَارِّ إِلَی حُکُومَتِہ: فرار ملزم کو اس کی حکومت کے حوالہ کرنا۔
تَسْلِیمُ المُذَکِّرَۃ: یادداشت دینا، میمورنڈم دینا۔
تَسْلِیمٌ مُسْتَعْجَلٌ :ایکسپریس ڈلیوری، فوری ادائیگی۔
تَسْلِیمُ المَنَازِل: مکانات مالکان کے

حوالہ کرنا۔

تَسْلِيمُ وَدِيعَةٍ لِصَاحِبِهَا: صاحب امانت کو امانت واپس کرنا۔

سَلِيمٌ، سَالِمٌ: ثابت، بے عیب، صحیح، محفوظ، تندرست، صاف ستھرا۔

سَلِيمُ البِنيَة: تندرست۔

سَلِيمُ العَقْل: سلیم الطبع۔

سَلِيمُ العَاقِبَة: خوش انجام۔

سَلِيمُ العَقِيدَة: صحیح العقیدہ۔

سَالِماً: محفوظ و مامون ہو کر، بہتر حالت میں

مُسَالِم: امن پسند، صلح پسند۔

مُسَالَمَة: امن پسندی، صلح جوئی۔

مُسْتَلِم: وصول کنندہ، رسیور۔

سَلْمُون: (مع) سالمن، ایک قسم کی نہایت لذیذ مچھلی۔

سَلاهُ ـُـ سَلْواً و سُلُوّاً: بھول جانا، فراموش کر دینا، دل سے یاد نکال دینا، کسی پر صبر کر لینا۔

سَلاعَنْهُ: تسلی پانا، غم غلط ہونا، صبر آ جانا۔

سَلْوٌ، سُلْوَان: فراموش، بھول، دلاسہ، تسلی۔

سُلْوَة، تَسْلِيَة: تفریح طبع، بہلاوا، کھیل کا سامان۔

سَلِيَ الشَّيْءَ وَعَنْهُ ـَـ سُلِيًّا: تسلی پانا، بھلا دینا، بھولنا۔

سَلاهُ تَسْلِيَة: تسلی دینا، دل بہلانا، آنسو پونچھنا۔

مُسَلٍّ، مُسْلٍ: دلچسپ۔

سَلِيُولُود، سِلِيُلُويِيد: (مع) خلیہ نما (۲) مسالا جو مثل ہاتھی دانت کے ہوتا ہے۔ اور سیلولوس سے بنتا ہے، نقلی ہاتھی دانت۔

س.........م

سَمَتَ ـُـ سَمْتاً: راستہ اختیار کرنا۔

سَمْتٌ ج: سُمُوت: راستہ، جہت۔

سِمْبَاتَوِيّ: سِنبَاتَوِيّ: (مع) دردمند، تاثر پذیر۔

سَمُجَ ـُـ سَمَاجَةً و سُمُوجَةً: برا ہونا۔

سَمُحَ ـُـ سَمَاحَة: سخی ہونا، فراخ دل ہونا۔

سَمَحَ بكذا ـَـ سَمْحاً و سَمَاحاً: دل کھول کر دینا، بخشش کرنا (۲) اجازت دینا، پرمیشن دینا۔

سَمَحَ بالأمْر: روا رکھنا، جائز قرار دینا۔

لاسَمَحَ اللّٰهُ: خدا نہ کرے، خدانخواستہ۔

سَامَحَه مُسَامَحَةً: معاف کرنا، نرمی برتنا، درگزر کرنا۔

تَسَامَحَ مَعَ احَدٍ: نرمی برتنا درگزر کرنا۔

اسْتَسْمَحَه: معافی طلب کرنا۔

اسْتِسْمَاحٌ بكذا: اجازت طلبی، دریادلی۔

سُمْحٌ، سَمَاحَة: سخاوت، دریادلی، فیاضی، فراخ دلی۔

سَمْحٌ وَسَمِيحٌ: سخی فراخ دل۔

سَمَاحٌ: درگزر، معافی (۲) اجازت، داخلہ

سَمَاحَة: عالی ظرفی، رواداری۔

صَاحِبُ السَّمَاحَة: عالی جناب، ایک اعزازی خطاب۔

مَسْمُوح: جائز، مباح۔

مُسَامَحَة: تعطیل، چھٹی (۲) معافی چشم پوشی۔

سَمَدَ الأَرْض: کھاد ڈالنا۔

سِمادج: اَسْمِدَة: کھاد
اَسْمِدَةٌ کِیمِیَاوِیَّة: کیمیاوی کھاد
سَمِیْذ: سفید آٹا، سفید آٹے کی روٹی (۲) سوجی (۳) گیہوں کا دلیا۔
سَمَّرَ: کیل لگانا، کیل سے جوڑنا۔
سَمَّرَ المِسْمَارَ: کیل ٹھونکنا۔
سَمُرَ ـُ سُمْرَةً و اِسْمَرَّ: گندمی ہونا۔
سَمَرَ ـُ سَمَرًا: رات میں باتیں کرنا، قصہ کہانی کہنا۔
سُمْرَةٌ: گندمی رنگ۔
سَمِیْر: رات کے وقت کہانی کہنے والا، باتیں کرنے والا۔
اَسْمَرُ اللَّوْن: گندمی رنگ کا۔
مِسْمَارج: مَسَامِیْر: کیل
مِسْمَارٌ بُرْغِیّ: پیچدار کیل۔
مِسْمَارُ رَزَّةٍ: دونوکی کیل۔
مِسْمَارٌ صِنَارَةٍ: چوڑی گھنڈی دار کیل۔
مِسْمَارٌ لَوْلَبِیّ: چوڑی دار کیل۔
مِسْمَارٌ بِصَمُولَةٍ: پیچ دار موٹی کیل، اسکرو بولٹ، بولٹ، نٹ۔
مِسْمَارُ اللَّبَن: (لِبَأٌ) کھیس، بھینس کا ابتدائی دودھ جو کیلوں دار ہوتا ہے۔
سَمْسَرَة: دلالی کرنا (۲) دلالی، کمیشن۔
سِمْسَارٌ ج: سَمَاسِرَة: دلال۔
سِمْسَارٌ بِالعُمُولَةِ: کمیشن دلال، کمیشن ایجنٹ۔
سِمْسَارُ بُورْصَةِ أَوْرَاقٍ مَالِيَةٍ: کرنسی تبدیل کرنے کا ایجنٹ۔
سِمْسَارُ عَقَار: جائیداد کا ایجنٹ۔
سِمْسَارُ مَنَازِل: ہاؤس ایجنٹ۔
سَمَاسِرَةُ الاَوْرَاقِ المَالِيَة: نوٹوں کے دلال۔
سِمْسِمٌ: تل و: سِمْسِمَة
سَمَطَ ـُ سُمُوطًا: چپ رہنا۔
سَمَطَ ـُ سَمْطًا: بکری کی کھال اتارنا یا گرم پانی ڈال کر صاف کرنا۔
سِمَاطٌ ج: سُمُط: کھانے کی میز، دستر خوان۔
سِمْطٌ ج: أَسْمَاط: لڑی۔
سَمِعَ ـَ سَمْعًا و سَمَاعًا: سننا۔
سَمِعَ بِه: خبر معلوم ہونا۔
سَمِعَ مِنْهُ ولَهُ: اطاعت کرنا۔
سَمِعَ عَرَضًا: اتفاقاً سننا۔
سَمِعَ عَبْرَ التِّلْفُوْن كذا: ٹیلیفون پر فلاں بات سنی۔
سَمَّعَ وَ أَسْمَعَ: سنانا
سَمَّعَ و أَسْمَعَ بِه: مشہور کرنا، شہرت دینا۔
تَسَمَّعَ و اِسْتَمَعَ إِلَى: دھیان دینا، غور سے سننا، چپکے سے سننا، کان لگانا (۲) قلب اور پھیپھڑوں کی بذریعہ آواز کیفیت معلوم کرنا۔
اِسْتِمَاعُ المَحْكَمَةِ إِلَى البَيَان: عدالت کا بیان کو سننا۔
اِسْتِمَاعُ الوَفْدِ إِلَى شَرْحٍ: وفد کا وضاحت کو سننا۔
سُمْعَة: ساکھ، شہرت۔
سُمْعَةٌ حَسَنَة: عمدہ ساکھ، نیک شہرت
سُمْعَةٌ مُمَيِّزَة: نمایاں خصوصیات، طرۂ امتیاز۔
مِسْمَعٌ، مِسْمَاع: اسٹیتھ اسکوپ، وہ طبی آلہ جس کے ذریعہ سینہ کی اندرونی

آوازیں سنی جاتی ہیں، ایرفون۔
مِسْمَاعُ الصَّدْر: اسٹیتھسکوپ۔
مَسْمُوْع: سنے جانے کے قابل، بلند۔
سَمَّاعَة: ٹیلی فون یا وائرلیس کا آلہ جسے کان میں لگا کر سنتے ہیں، رسیور۔
سَمَّاعَةُ التِّلِيفُون: ٹیلیفون رسیور۔
سَمَّاعَةُ الطَّبِيْب: اسٹیتھسکوپ۔
سَمَقَ ـُ سَمْقاً وسُمُوقاً النَّبَاتُ: لمبا ہونا۔
سَامِق: بلند، دراز۔
سَمَكَ ـُ سُمُوكاً و سَمَاكَةً: بلند ہونا (۲) دبیز ہونا۔
سَمَّكَ تَسْمِيْكاً: موٹا کرنا، دبیز بنانا۔
سُمْكٌ، سَمَاكَة: موٹاپن، دبازت۔
سَمْكٌ: (۱) موٹی اور دبیز چیز (۲) چھت۔
سَمَكٌ: ج أَسْمَاك: مچھلی۔
سَمَكَةٌ فی ثَوْب: کپڑے کی تہ کونی کلی۔
سَمَّاك: ماہی گیر، مچھلی فروش۔
سَمِيْكٌ: دبیز، موٹا۔
مِسْمَكَة: کیچوے پالنے کا حوض۔
سَمُلَ ـُ سُمُولاً وسُمُولَةً وسَمَالَةً: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
سَمَلَ ـُ سَمْلاً واسْتَمَلَ العَيْنَ: آنکھ پھوڑنا۔
سَمَّلَ و أَسْمَلَ الثَّوْبَ: کپڑے کو بوسیدہ بنانا۔
سَمَلٌ ج: أَسْمَال: پرانے اور بوسیدہ کپڑے۔
سم: سینٹی میٹر (مخفف)
سَمَّمَ الرَّجُلَ والطَّعَامَ وسَمَّ ـُ سَمّاً: زہر دینا، زہر ملانا۔
سَمَّمَ الجُرْحَ: زخم میں زہر پھیلانا، خراب کرنا۔
سَمَّمَ الجَوَّ: فضا مسموم کرنا۔
تَسَمَّمَ الرَّجُلُ: آدمی کو زہر چڑھ جانا۔
تَسَمَّمَ الجُرْحُ: زخم میں زہر پھیل جانا۔
سَمٌّ ج: سُمُوْمٌ: (۱) زہر (۲) سوئی کا ناکہ۔
سُمٌّ قَتَّال: زہر قاتل۔
سُمُّ الفَار: سنکھیا۔
سَمُوْم: لو، گرم ہوا۔
سَامٌّ، مُسِمٌّ: زہریلا، زہر آلود۔
سَامُّ أَبْرَصَ: چھپکلی۔
مَسَامُّ الجِلْد: جلد کے باریک سوراخ۔
سَمُنَ ـُ سِمَناً و سَمَانَةً: موٹا ہونا، بدن پھولنا۔
سَمَّنَ سَمْناً وسَمَّنَ: موٹا کرنا (۲) گھی ملانا۔
سِمَنٌ و سِمْنَةٌ: بدن کی پھلاوٹ۔
سَمْنٌ: گھی، چکناہٹ، چربی۔
سَمَّان: گھی فروش۔
سَمِيْن ج: سُمَنَاء: موٹا، فربہ۔
مُسَمَّن: چربی سے بھرا ہوا، موٹا تازہ۔
سِمِنْتُو: سیمنٹ۔
سُمُوٌّ: بلندی، عظمت (۲) کلمہ تعظیم (اعلیٰ حضرت، حضور، عالی جناب کی جگہ، عموماً شاہ زادگان اور افرادِ خاندانِ شاہی کے لیے استعمال ہوتا ہے)۔
سَمَا ـُ سُمُوّاً وسَمَاءً: بلند ہونا، بلند مرتبہ ہونا۔
سَمَّاه و أَسْمَاه: بلند کرنا۔
سَامٍ: عالی، بلند۔
سَامِي المَبَادِئ: بلند اصول انسان۔

سَمَتْ نَفْسُه إلى: مشتاق ہونا۔

سَمّٰی و أسْمٰی: نام رکھنا، نام دینا، چٹ یا نام کا لیبل لگانا۔

سَمّٰی اللّاعِبَ للدُّخول: کھلاڑی کا نام پکارنا۔

تَسَمّٰی: (۱) نام پانا (۲) متعین ہونا۔

تَسامٰی: (۱) باہم فخر کرنا (۲) بڑا بننا۔

سَماءٌ ج: سَماوات: آسمان، آکاش۔

سَماءٌ مُتَلَبِّدَةٌ بالغُيوم: ابر آلود آسمان۔

سَمائِيٌّ: آسمانی (۲) علوی (ضد سُفْلِيّ) (۳) آسمانی رنگ کا۔

سَماوَة: چھجا، سائبان۔

سَمِيٌّ: ہم نام۔

سَمِيٌّ و سامٍ: بلند۔

أسْمٰی: بلند تر۔

اِسْمٌ ج: أسْماء: (۱) نام (۲) شہرت (۳) عنوان، ٹائٹل۔

الاسْمُ التِجارِيّ: کاروباری نام، تجارتی نام۔

اِسْمٌ مُسْتَعارٌ: فرضی نام۔

اِسْمِيٌّ: نام کا۔

اِسْمِيّاً: برائے نام۔

مُسَمًّی لاِسْمٍ: اسم بامسمّی۔

مُسَمًّی: متعین، جس کا نام تجویز کر دیا گیا ہو۔

سموكِن: (مع) اسموکنگ جاکٹ، پرتکلف جاکٹ جو تمبا کو پینے کے وقت استعمال کرتے ہیں۔

س.............ن

سَنامَكِي: (مع) سنا، سنائے مکی، ایک مشہور مسہل دوا۔

سَنْبَلَ الزَّرْعُ سَنْبَلَةً: خوشی نکل آنا، بالیں نکل آنا۔

سُنْبُل و سُنْبُلَة ج: سَنابِلُ: گیہوں کا خوشہ، بالی۔

سَنْبُوسَق: (مع) معین چہار اضلاعی شکل (جس کے اضلاع برابر ہوں مگر زاویے قائم نہ ہوں)۔

سُنْبُوق: چھوٹی کشتی۔

سَنت: سینٹ، امریکی ڈالر کا سوواں حصہ۔

سَنْتِيغْراد: (مع) سینٹی گریڈ۔

سَنْتِيم: سینٹم، فرانسیسی فرانک کا سوواں حصہ

سَنْتِيمِتْر: سینٹی میٹر۔

سَنْجَةُ المِيزان: ترازو کا باٹ ج: سَنَجات

سَنَحَ ـَ سُنُوحاً: پیش آنا، ظاہر ہونا، سامنے آنا۔

سَنَحَ الوَقْتُ و الفُرْصَةُ: موقع ملنا۔

سَنَحَهُ عَنْ رَأيِه سَنْحاً: رائے سے ہٹانا۔

سانِحَة ج: سَوانِح: موقع، فرصت۔

سَنِخَ ـَ سَنَخاً: بگڑنا، بودار ہونا۔

سَنَدَ ـُ سُنُوداً و اسْتَنَدَ إلَيْه و عليه: ٹیک لگانا، سہارا لینا، بھروسہ کرنا، اعتماد کرنا۔

سَنَدَ لِلْأرْبَعِين: چالیس سال کے قریب ہونا۔

أسْنَدَه إلى: سہارا دینا، چڑھانا، کسی چیز کے سہارے کھڑا کرنا (۲) حوالہ دینا۔

أسْنَدَ المَنْصِبَ إلى: عہدہ دینا۔

أسْنَدَ إلَيْه الأمْرَ: کام سپرد کرنا۔

سَنَّدَ تَسْنِیْدًا: مضبوط و مستحکم بنانا۔
سَانَدَہ مُسَانَدَةً: تقویت پہنچانا، مدد دینا، پشت پناہی کرنا۔
مُسَانَدَةٌ فِی عَبَثٍ: فضول مدد
مُسَانَدَةُ القُوَّۃ: فوج کے لیے کمک بھیجنا۔
سَنَدٌ ج: أَسْنَاد و سَنَدَات: سہارا (۲) سہارے کی چیز (۳) رسید (۴) واؤچر (۵) بل (۶) وثیقہ (۷) بونڈ (۸) سپورٹ، پاور، طاقت۔
سَنَدٌ بَسِیْطٌ: معمولی رسید، رقعہ قرض۔
سَنَدُ البَنک: بونڈ۔
سَنَدُ المِلْکِیَة: ملکیت نامہ۔
سَنَدَات: دستاویزات۔
سَنَدَاتُ اِیْرَادِیَة: انکم بونڈ۔
سَنَدَاتُ حُکُومِیَة: سرکاری بونڈ۔
سَنَدَاتُ الخِزَانَة: ٹریزری بونڈ۔
سَنَدَاتُ الدَّخْلِ: انکم بونڈ۔
سَنَدَاتُ غَیْرُ قَابِلَةٍ لِلاِسْتِدْعَاء: ناقابل صرف بونڈ۔
سَنَدَاتُ قَصِیْرَةُ لاَجَل: مختصر المیعاد بونڈ۔
سَنَدَاتُ مُزَوَّرَة: جعلی دستاویزات، جعلی بونڈ۔
سَنَدَاتُ یَانَصِیْبُ: لاٹری بونڈ۔
اِسْتِنَادًا إِلَی کَذَا: اس کے حوالہ سے
مُسْتَنَدٌ: دستاویز، ثبوت، واؤچر، ڈاکومنٹ ج: مُسْتَنَدَات
مُسْتَنَدٌ اَصْلِیٌ: اصلی دستاویز۔
مُسْتَنَدُ خَزِیْنَة: کیش واؤچر۔
مُسْتَنَدُ سِرِّیٌ: خفیہ دستاویز۔
المُسْتَنَدَات: ثبوت، دستاویزات۔

مُسْتَنَدَاتُ جُمْرُکِیَة: کسٹم کاغذات۔
مُسْتَنَدَاتُ مُؤَیَّدَة: تصدیق شدہ کاغذات۔
سِنْدَان ج: سَنَادِیْنُ: اَہرن، سندان
سُنْدُس: باریک ریشم۔
سَنْدَوِیْش (شَطِیْرَة): (مع) سینڈوچ
سِنْدِیْک: (مع) آفیشل ریسور، سرکاری نگراں (کسی جائیداد وغیرہ کا)۔
سِنَّوْر ج: سَنَانِیْر: بلی۔
سَنْسکرِیْتِیَّة: (مع) سنسکرت۔
سَنْکَرِیّ، (سَمْکَرِیّ): (مع) ٹنکر، دھات کے ٹوٹے برتن جوڑنے والا۔
سَنْکُونَا (شَجَرُ الکِیْنَا): (مع) سنکونا کا درخت، چھال (۲) اس کی چھال کی دوائی (۳) کونین۔
سَنِمَ ـ سَنَمًا: بڑے کوہان کا ہونا۔
تَسَنَّمَ: بلند ہونا۔
سَنَام ج: أَسْنِمَة: کوہان۔
سِنِمَا: (مع) سینما۔
سَنَّ وَسَنَّ السِّکِّیْنَ ـُ سَنًّا: تیز کرنا، دھار رکھنا۔
سَنَّ سُنَّةً: طریقہ جاری رکھنا۔
سَنَّ قَانُونًا: قانون بنانا، آئین بنانا، قانون جاری کرنا۔
سَنَّنَ الوَلَدُ و أَسَنَّ: دانت نکل آنا۔ دانت والا ہونا۔
اَسَنَّ الرَّجُلُ: عمر رسید ہونا، بوڑھا ہونا۔
سَنٌّ: دھار رکھنا (۲) طریقہ جاری کرنا۔
سِنٌّ ج: أَسْنَان: دانت (۲) عمر (۳) نوک قلم وغیرہ، نب (۴) دھار۔

سِنٌّ طَاحِنَة: ڈاڑھ۔
سِنٌّ قَاطِعَة: کچلی۔
سِنُّ الإحَالَةِ علی المَعَاشِ: پنشن دینے کی عمر۔
سِنُّ التَّمییز: سن شعور۔
السِّنُّ المُبَكِّرَة: کم عمری۔
اَسْنَانُ عِيرَة: مصنوعی دانت۔
سَنُون: دانتوں کا منجن۔
سِنَان ج: اَسِنَّة: (۱) نیزہ کا پھل، دھار۔
سُنَّة ج: سُنَن: طریقہ خاص، ضابطہ۔
سُنَّةُ الطَّبِيعَة: قانون قدرت۔
سَنَّانُ السَّكَاكِين: دھار رکھنے والا۔
مِسَنٌّ: دھار رکھنے کا آلہ ج: مِسَنَّات
مُسِنٌّ: عمر رسیدہ۔
مُسَنَّنٌ: دھاردار، تیز دانتوں والا۔
مَسْنُون: (۱) سنت کے مطابق (۲) تیز
سَنْهَدْرِيم: (مع) سنہدرم، (قدیم) یروشلم کی عدالت عالیہ۔
(سنو) سَنَة ج: سَنَوَات: برس، سال۔
سَنَة مِيلَادِيَّة: سال عیسوی۔
سَنَة دِرَاسِيَّة: تعلیمی سال۔
سَنَة بَعْدَ أُخْرَى: سال بسال۔
سَنَة تَقْوِيمِيَّة: کیلنڈر سال۔
السَّنَةُ الضَّرِيبِيَّة: ٹیکس کا سال۔
رَأْسُ السَّنَة: آغازِ سال۔
سَنَوِيّ: سالانہ۔
سَنَوِيًّا: ہر سال۔
سَنُودِس: (مع) سائنوڈ، مجلس کلیسا، مجلس عام جس میں دینی امور کا فیصلہ ہوتا ہے۔

سَنِیَ ـِ سَنِيًا و سَنًى: آسان بنانا۔
تَسَنَّى: آسان ہونا۔
سَنِيَ ـَ سَنًا و سَنَاءً: بلند ہونا، بلند مرتبہ ہونا (۲) روشن ہونا، چمکنا۔
اِسْنَاءٌ: (۱) روشن کرنا (۲) بلند کرنا۔
سَنَاءٌ: بلندی، چمک، رونق، بہار۔
اِسْتِسْنَاء: بڑا سمجھنا، زیادہ سمجھنا (۲) بلند مرتبہ ہونا۔
سَنِيٌّ: (۱) بلند رتبہ (۲) بیش قیمت (۳) پر رونق، خوشنما، چمکدار۔

س .... ہ

اَسْهَبَ فِی الكَلَام: مفصل کلام کرنا، کلام کو طول دینا۔
اِسْهَاب: تطویل۔
مُسْهَبٌ: طول طویل۔
سَهِدَ ـَ سَهَدًا و تَسَهَّدَ: بے خوابی میں مبتلا رہنا، نیند نہ آنا۔
سُهْدٌ، سُهَاد: بے خوابی۔
سَهِرَ ـَ سَهَرًا: نیند نہ آنا، جاگتے رہنا۔
سَهِرَ علی: نگرانی کرنا، دیکھ بھال کرنا۔
سَهَّرَ و اَسْهَرَ: نیند اڑانا، بے خواب بنانا۔
سَهَرٌ: بے خوابی، نیند نہ آنے کی بیماری۔
سَهِرَ الطَّبِيبُ علی صِحَّةِ فُلان: ڈاکٹر کا کسی کی صحت پر متوجہ رہنا اور خیال رکھنا۔
السَّهَرُ علی تَطْبِيقِ كذا: کسی چیز کے اجراء کی کوشش کرنا۔
سَهَرُ العَيْن: آنکھ نہ لگنا۔
لِبَاسُ السَّهْرَة: شام کا لباس۔
سَاهِرٌ: (۱) بیدار، بے خواب۔

سَاهِرٌ علی: نگراں، محافظ، باخبر۔
مِصْبَاحٌ سَهَّارِیّ: رات کو سوتے وقت جلانے کا لیمپ، نائٹ لیمپ۔
سَهِفَ ـــ سَهَفاً: شدت کی پیاس لگنا۔
سُهَاف: سخت پیاس۔
سَهُلَ الأمْرُ ـــ سُهُولَةً: آسان ہونا (ضد عَسُر): (۲) نرم و ہموار ہونا۔
سَهَّلَ تَسْهِيلاً: ہموار کرنا، نرم کرنا۔
سَهَّلَ له: آسان کرنا، سہولت دینا۔
سَهَّلَ عَلَيْه: آسان بنا دینا، سہولت دینا۔
سَاهَلَه مُسَاهَلَةً: نرمی برتنا۔
تَسَهَّلَ: آسان و سہل ہونا، نرم بننا۔
إسْهَالُ البَطْن: دست جاری ہونا۔
تَسْهِيل: آسان کرنا، سہل بنانا، آسانی۔
تَسْهِيلات: آسانیاں، سہولتیں۔
تَسْهِيلاتٌ تَسْوِيقِيَّة: خرید و فروخت کی سہولتیں۔
تَسْهِيلات تَمْرِينِيَّة: مالی سہولتیں۔
تَسْهِيلات سُوقِيَّة: بازاری سہولتیں۔
تَسْهِيلاتٌ مَصْرِفِيَّة: بینک کی سہولتیں۔
سَهْلٌ: آسان، سہل، معمولی (۲) ہموار (۳) ہموار و کشادہ زمین ج: سُهُول
سَهْلُ المَنَال: سہل الحصول۔
سَهُول: دست آور دوا۔
مُسْهِلٌ: دست آور دوا۔
مُسْهِلٌ خَفِيفٌ: ملین دوا۔
مُتَسَاهِل: نرم مزاج، سہولت پسند، درگزر کرنے والا۔
سَهْمٌ ج: سِهَام و أسْهُمٌ: تیر (۲) حصہ
سَهْمٌ مَالِیّ: شیر، مالی حصہ۔
سَهْمٌ نَارِیّ: راکٹ۔
نَفَذَ السَّهْمُ ـــ نُفُوذاً: تیر کا آر پار ہونا (۲) معاملہ اختیار سے باہر ہونا۔
أسْهُمٌ: حصے، شیئرز۔
أسْهُمٌ بِتْرُول: آئل شیرز۔
أسْهُمُ التَأسِيس
أسْهُمٌ عَادِيَّة (فی الشَّرِكات): کمپنیوں کے عمومی حصے۔
أسْهُمٌ مَالِيَّة: حصے، شیئرز۔
حَمَلَةُ لأسْهُم: حصہ داران۔
سَاهَمَه فی شَیْءٍ: قرعہ اندازی کرنا۔
سَاهَمَ فی العَمَل: حصہ لینا، شریک ہونا۔
أسْهَمَ فی: حصہ لینا، شریک ہونا۔
أسْهَمَ لَهُ فی كذا: حصہ دینا، حصہ مقرر کرنا۔
مُسَاهِمٌ: (کمپنی کا) حصہ دار، شیئر ہولڈر
مُسَاهِمٌ فی العَمَل: شریک کار۔
مُسَاهَمَة: حصہ لینا۔
مُسَاهَمَةٌ فَعَّالَة: زبردست حصہ۔
المُسَاهَمَةُ والاشْتِرَاکُ مَعَ: کسی کے ساتھ اشتراک و تعاون۔
شَرِكَةُ مُسَاهَمَةٍ أوسِهَامِيَّة: لمیٹڈ کمپنی۔
سَهْوٌ: بے خبری، بھول، غفلت۔
سَهْواً: بھول کر، بے خبری میں۔
سَهَا ـُـ وسَهِیَ ـَـ عن كذا سَهْواً: غافل ہونا، بے خبر ہونا۔
سَهْوَان وسَهْيَان: پریشان خاطر، کھویا ہوا۔

س ....و

سُوْءٌ: برائی (۲) تکلیف، اذیت۔

__ الإدَارَة: بدانتظامی، بدنظمی، ابتری۔

__ التَّصَرُّف: غلط کاری، بے جا استعمال، بے جا عمل۔

__ التَّغْذِيَة: بدپرہیزی، خوراک کی کمی، خراب غذا کا استعمال۔

سُوءُ التَّفَاهُم: غلط فہمی، نااتفاقی۔

__ الحَظّ: بدقسمتی۔

__ الخُلُق: بداخلاقی۔

__ السُّلُوک: بدسلوکی، بداطواری، بدچلنی۔

سُوءُ السُّمْعَةِ والسُّلُوک: بدنامی و بدکرداری۔

__ الظَّنّ: بدظنی۔

__ الفَهم: کم فہمی، نادانی، غلط فہمی۔

__ المَوْقِف: صورت حال کی خرابی۔

__ النِّظَام: ابتری، نظام کی خرابی۔

__ النِّيَّة: بدنیتی۔

بِسُوْءِ قَصْدٍ: بدنیتی سے۔

بِسُوْءِ النِّيَّة: بدقسمتی سے

لِسُوْءِ الحَظّ: بدقسمتی سے۔

تَقْدِيْرُ السُّوْء: بدشگونی۔

سُوْءَة، مَسَاءَة: برا فعل، بدی (۳) ستر۔

سَاءَ سُوْءًا: برا ہونا۔

سَاءَ الخَبَرُ فُلانًا: رنج و تکلیف پہنچانا۔

سَاءَ الأَمْرُ فُلانًا: طبیعت کو مکدر کرنا، ناگوار گزرنا۔

سَاءَ به ظَنًّا: بدگمانی کرنا۔

اَسَاءَ الشَّيْءَ إسَاءَةً: خراب کرنا۔

اَسَاءَ إلَيه: برائی کرنا، بدسلوکی کرنا۔

اَسَاءَ التَّصَرُّف: غلط کارروائی کرنا۔

اَسَاءَ الفَهْم: غلط سمجھنا۔

اسْتَاءَ مِنه: کبیدہ خاطر ہونا، ناگواری ہونا۔

اِسْتَاءَ مِن العَمَل: اُکتانا، دل اُچاٹ ہونا۔

سَيِّءٌ: خراب، برا۔

سَيِّءُ التَّرْبِيَة: بدتہذیب۔

سَيِّءُ الحَظّ: بدنصیب۔

سَيِّءُ الخُلُق: بداخلاق۔

سَيِّئَة ج: سَيِّئَات: گناہ، غلطی، برائی۔

إسَاءَة: بدسلوکی، غلط کاری، گستاخی۔

إسَاءَةُ الاسْتِخْدَام: غلط استعمال کرنا۔

إسَاءَةُ اسْتِعْمَالِ المَرْكَز: پوزیشن کا غلط استعمال کرنا۔

إسَاءَةُ التَّمْثِيل: غلط نمائندگی۔

إسَاءَة المُعَامَلَة: بدمعاملگی۔

اسْتِيَاء: ناگواری طبع، کدورت۔

مُسِيْءٌ: غلط کار، گستاخ، گنہگار۔

مُسْتَاءٌ: کبیدہ خاطر، دل برداشت۔

سَاج: ساگون کی لکڑی۔

سَاحَة: صحن، میدان، آنگن، ایریا؛ ج: سَاحَات

سَاحَةُ الصِّرَاعَات: اکھاڑہ۔

سَاحَةُ القِتَال: میدان جنگ۔

سَاحَةُ الوَغَى: میدان کارزار۔

سَاحَةُ الأَلْعَاب: کھیل کا میدان۔

سَاحَةُ الألْعَابِ الرِيَاضِيَّة :ورزشی کھیلوں کا میدان، ورزش گاہ۔
سَاحَةُ المُصَارَعَات: کشتی کا میدان، دنگل۔
(سوخ) سَاخَ ـُ سَوْخاً و سُيُوخاً: گارے میں دھنسنا، پانی کی تہہ میں بیٹھ جانا۔
سَوِدَ ـَ سَوَاداً: کالا ہونا، سیاہ ہونا۔
سَادَ ـُ سُوْدَداً و سِيَادَةً: سردار بننا، بالا دست ہونا، اقتدار حاصل کرنا، صاحب اقتدار ہونا، حکمراں ہونا۔
سَادَ الشئ: پھیلنا، چھا جانا، عام ہونا۔
سَوَّدَه تَسْوِيْداً :(۱) سیاہ کرنا (۲) سردار بنانا، حکمراں بنانا، امیر بنانا۔
سَادَة و :سَيِّدٌ: معززین، بڑے لوگ، سرداران قوم۔
سَادَة:(۲): (دا) سادہ، معمولی۔
قَهْوَةٌ سَادَة: بلا دودھ کی کافی۔
سَيِّدٌ ج:سَادَة :سردار، بڑا، صدر، با اقتدار، معزز آدمی۔
السَّيِّد : جناب، مسٹر، صاحب کے قائم مقام، آغا، جنٹل مین، خودمختار۔
سَيِّدُ النَّفْس :اپنا مالک، خودمختار۔
السَّيِّدَة :مادام، جنابہ، لیڈی، خاتون ج: سَيِّدَات
السَّيِّدةُ الاُوْلٰى: خاتون اول۔
سَيِّدَةٌ رَفِيْعَةُ المَقَام: عالی مقام خاتون۔
لِلسَّيِّدَات: برائے خواتین۔
سَائِد: مروجہ، جنرل، رائج، عام (۲) مسلط، چھایا ہوا، برسر اقتدار، غالب

سِيَادَة :(۱) اقتدار، بالادستی، حکمرانی، سرداری، اقتدار اعلیٰ، اثر و رسوخ، اعزازی لقب جیسے(سِيَادَةُ فُلَانٍ قَالَ)
السِّيَادَةُ الجَوِيَة: فضائی بالاتری۔
السِّيَادَةُ الشَّرْعِيَّة: جائز اقتدار
اَسِيَادَةُ القَانُون: قانون کی بالاتری، بالادستی
السِّيَادَةُ القَانُونِيَة: قانونی بالادستی۔
سِيَادَةٌ مُشْتَرِكَة :مشترکہ بالادستی
السِّيَادَةُ المُطْلَقَة: مکمل بالاتری۔
السِّيَادَةُ الوَطَنِيَّة: قومی اقتدار۔
سَوْدَاء: جسم کے اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط۔
سُوَيْدَاءُ القَلْبُ: نقطہ قلب۔
سَوَادٌ: سیاہی (۲) اکثریت۔
سَوَادُالنَّاس: عام لوگ، لوگوں کی بڑی تعداد۔
سَوَادُ المَدِيْنَة: شہر کے اطراف و نواح۔
السَّوَادُ الأعْظَمُ: لوگوں کی بھاری تعداد، زبردست اکثریت۔
اَسْوَدُ ج: سُوْدٌ: سیاہ، بلیک۔
اَسْوَدُ فَاحِمٌ، حَالِكٌ: سیاہ فام، کالا بھوت۔
اِسْوِدَاد: سیاہ ہونا۔
اِسْوِدَادُ الوَجْه: ذلیل ہونا۔
تَسْوِيْدَة: رف کاپی، مسودہ۔
مُسَوَّدَة: (ضد: مُبَيَّضَة) رف تحریر، رف کاپی، ڈرافٹ (تحریر)
مُسَوَّدَةُ خِطَاب: خطاب کا مسودہ، ڈرافٹ لیٹر۔
مُسَوَّدَةُ مُعَاهَدَةٍ: مسودۂ معاہدہ۔
مُسَوَّدَةُ الطَّبْع: پروف شیٹ، وہ کاغذ جسے

سپاہی کا رول دے کر تصحیح کرتے ہیں۔
سَوَّرَ الحَدِیقَةَ وَغیرَهَا: احاطہ کرنا، چہار دیواری بنانا۔
سَوَّرَ المَدِینَةَ: شہر کے چاروں طرف فصیل بنانا۔
سَارَ ـُ سَوْراً وتَسَوَّرَ الحَائِطَ: چڑھنا، پھاندنا۔
سَائِرٌ: رواں، ترقی یافتہ، راہگیر۔
سَاوَرَہ مُسَاوَرَةً: حملہ کرنا، غالب آنا۔
سَاوَرَتْهُ الأفکارُ: اس پر خیالات کا ہجوم ہوا۔
سُوْرٌ ج: اَسْوَار: دیوار، فصیل، شہر پناہ، چہار دیواری، احاطہ۔
سُوْرُ الحَدِیقَةِ: باغیچہ کی باؤنڈری۔
سُوْرٌ و سِیَاجٌ حَدِیدِیٌّ: آہنی جنگلہ۔
سُوْرَةٌ: کتاب اللہ کا ایک حصہ مضامین۔
سُوْرَةٌ: تیزی، حدت۔
سُوْرٌ مِن أسلاکٍ شائِکةٍ: خاردار تاروں کا احاطہ۔
سُوْرِیَا: ملک شام، سیریا۔
سُوْرِیٌّ: شام کا رہنے والا۔
سِوَارٌ: اَسْوِرَةٌ: کنگن۔
سِوَارُ القَمِیصِ: قمیص کے کف۔
سِوَارِیٌّ: سوار دستہ کا سپاہی، گھوڑا سوار سپاہی۔
مُسَوَّرٌ: گھرا ہوا، فصیل دار۔
تَسَوُّرٌ: کنگن پہننا۔
سَوَّسَ و سَوِسَ ـَ سَوَساً و تَسَوَّسَ الشَّیءُ: گھن لگنا، کیڑا لگنا۔
سَوَّسَ و تَسَوَّسَ العَظْمُ أو السِّنُّ: دانت یا ہڈی میں کیڑا لگنا۔

سَاسَ الدَّوَابَّ ـُ سِیَاسَةً: مویشی کی دیکھ بھال کرنا، پرورش کرنا۔
سَاسَ القَوْمَ: لوگوں پر حکومت کرنا، لوگوں کے معاملات کا انتظام کرنا۔
سَاسَ العَمَلَ: کام چلانا، انتظام کرنا۔
سُوْسٌ و: سُوْسَةٌ: سُرسری، گھن، وہ کیڑا جو غلہ میں پیدا ہو جاتا ہے۔
سِیَاسَة: انتظام، معاملات کی نگہداشت، تدبیر ملکی (۲) سربراہی (۳) حکمت عملی، ڈپلومیسی، پالیسی، اصول جہاں بانی۔
السِّیَاسَةُ الدُّوَلِیَّةُ: عام پالیسی۔
سِیَاسَةُ الاِسْتِکَانَة: ذلت آمیز پالیسی۔
السِّیَاسَةُ الاِسْتِیطَانِیَة: سامراجی پالیسی۔
سِیَاسَةٌ إعْلانِیَّة: اشتہاری پالیسی۔
سِیَاسَةُ الاِکْتِفَاءِ الذَّاتِیّ: خود کفالتی پالیسی، خود کفالتی سیاست۔
سِیَاسَةٌ انْتِهَازِیَة: موقع پرستانہ پالیسی۔
سِیَاسَةُ الاِنْفِتَاحِ: توسیعی سیاست۔
سِیَاسَةٌ انْهِزَامِیَة: شکست خوردانہ سیاست۔
سِیَاسَةُ الائتِمَان: کریڈیٹ پالیسی
سِیَاسَةُ البَابِ الخَلْفِیّ: خفیہ پالیسی۔
سِیَاسَةُ التَّخْفِیضِ فی الإنْتَاجِ: پیداوار گھٹانے کی پالیسی۔
سِیَاسَةُ التَّسْوِیقِ: مارکیٹنگ پالیسی۔
سِیَاسَةُ التَّعَایُشِ السِّلْمِیّ الایْجَابِیّ: پرامن بقائے باہم کی مثبت پالیسی۔
السِّیَاسَةُ التَّمْوِینِیَّة: سپلائی پالیسی۔
سِیَاسَةُ التَّوَسُّع: توسیع پسندی کی

پالیسی۔
سِیاسَةُ التَّهدِئَة: تھپکی دینے والی پالیسی۔
سِیاسَةُ الحِزب: پارٹی پالیسی۔
سِیاسَةُ الحَزم: احتیاط کی پالیسی۔
سِیاسَةُ الحَزمِ و اللِّینِ: احتیاط و نرمی کی پالیسی۔
سِیاسَةٌ حَکِیمَة: دانشمندانہ پالیسی۔
سِیاسَةُ الحِیاد: غیر جانبداری کی پالیسی۔
سِیاسَةٌ دَاخِلِیَّة: داخلی پالیسی، اندرونی پالیسی۔
سِیاسَةُ الدَّعمِ الزِّرَاعِیِّ: زرعی بڑھاوے کی پالیسی۔
سِیاسَةُ الشِّدَّة: تشدد کی سیاست۔
سِیاسَةٌ ضَرِیبِیَّة: ٹیکس پالیسی۔
سِیاسَةُ قَمعٍ: استحصالی پالیسی
سِیاسَةُ اللِّینِ: نرم پالیسی۔
سِیاسَةٌ مَالِیَّة: مالی پالیسی۔
سیاسة علی الإنحیا: جانبدرانہ پالیسی۔
سِیاسَةٌ مَبنِیَّةٌ علی الحِیادِ الإِیجَابِیِّ: مثبت غیر جانبداری اور ناوابستگی پر مبنی سیاست۔
سِیاسَةُ المُصَالَحَة: صلح پسندی کی پالیسی۔
سِیاسَةُ المُغَامَرات: خطرات والی پالیسی۔
سِیاسَةٌ مُفلِسَة: مفلسانہ پالیسی۔
سِیاسَةُ المِیزَانِیَّة: بجٹ پالیسی۔
السِّیاسَةُ النَّقدِیَّة: مالی پالیسی۔
سِیاسِیّ: سیاست داں، باتدبیر آدمی (۲) پولیٹیکل، ڈپلومیٹک، تدبیر ملکی سے متعلق۔
السِّیاسِیُّ الدَّاهِیَة: چالاک سیاسی آدمی۔
السِّیاسِیُّ المُحَنَّک: ماہر سیاستداں، تجربہ کار سیاسی۔
الدَّوائِرُ السِّیاسِیَّة: سیاسی حلقے۔
السِّیاسِیُّونَ التَّقلِیدِیُّون: روایت پسند سیاستداں۔
السِّیاسِیُّونَ المُحتَرِفُون: پیشہ ور سیاستداں۔
السِّیاسِیُّونَ القُدَامیٰ: پرانے سیاستداں۔
سَائِسٌ ج: سَاسَة: مویشی کا نگراں، سائیس، خدمت گار، منتظم، سیاستداں۔
مُسَوَّس: کیڑا لگا ہوا، کرم خوردہ۔
سَوطٌ ج: أسواط: کوڑا۔
سَاطَه ـُ سَوطاً: کوڑا مارنا۔
(سوع) سَاعَةٌ: وقت، ایک گھنٹہ، ۶۰ منٹ (۲) گھڑی (ـ جَیب) جیب گھڑی، ٹائم پیس واچ۔
سَاعَةٌ دَقَّاقَة: کلاک، دیواری گھڑی۔
سَاعَةٌ شَمسِیَّة: دھوپ گھڑی۔
سَاعَةُ تَسجِیلِ الزَّمَن: ٹائم ریکارڈنگ گھڑی۔
سَاعَةُ الصِّفر: (فوجی اصطلاح میں) جنگی کارروائی کرنے کا خفیہ وقت۔
سَاعَةٌ مُنَبِّهَة: الارم گھڑی۔
سَاعَاتُ العَمَل: کام کے اوقات۔
سَاعَاتُ العَمَلِ الإِضَافِیَّة: اوور ٹائم، زائد اوقات کار۔
سَاعَاتُ العَمَلِ المُقَرَّرَة: کام کے

مقررہ اوقات۔
فی السَّاعَةِ الثَّامِنَة: آٹھ بجے۔
فی سَاعَةٍ مُبَكِّرَةٍ مِنَ الصَّباح: صبح سویرے، صبح اول وقت۔
السَّاعَةَ: اب، اسی وقت۔
ابْنُ سَاعَتِه: سریع الزوال۔
السَّاعَاتِی: واچ میکر، گھڑی ساز، گھڑی فروش۔
سَوَّغَ الشیٔ تَسْوِیْغاً: جائز بنانا، مباح کرنا، آسان بنانا۔
سَاغَ الأَمْرُ ـُ سَوْغاً: آسان ہونا۔
سَاغَ له: جائز ہونا۔
سَاغَ الطَّعَامُ والشَّرابُ: کھانے پینے کا خوشگوار ہونا، جو آسانی کے ساتھ حلق سے اتر جائے۔
أَسَاغَ له إِسَاغَةً: کسی چیز کا نگلنا، آسان بنا دینا، خوشگوار بنانا۔
سَائِغ: (۱) جائز و مباح، روا (۲) نگلنے کے قابل، خوشگوار، نرم و تر، قابل ہضم۔
لُقْمَةٌ سَائِغَة: تر لقمہ جو آسانی سے نگلا جائے۔
سَاغو: (مع) ساگو، ساگودانہ۔
مُسَوِّغ: مباح کرنے کا سبب، وجہ جواز۔
سَوَّفَ تَسْوِیفاً: ٹال مٹول کرنا۔
تَسْوِیْفٌ فی شیٔ: آج کل پر ٹالنا، ٹال مٹول کرنا۔
سَوْفَ: (حرف استقبال) عنقریب۔
سَافَ، سَافَة: طبقہ، ردا۔
مَسَافَة ج: مَسَافَات: فاصلہ۔

سُوفِیَت و: سُوفِیَتِی: روسی۔
سُوفِسْطَائِی: (مع) سوفسطائی (۲) سوفسطائیہ سے متعلق۔
(سو) سَاقَ ـُ سَوْقاً و سِیَاقاً واسْتَاقَ: چلانا، ہانکنا، ڈرائیو کرنا۔
سَاقَ إِلَی: لے جانا، پہنچانا، آمادہ کرنا۔
سَاقَهُ إِلَی الحَرْب: جنگ میں دھکیل دینا۔
سَاقَ الحَدِیْث: بات نقل کرنا، بیان کرنا۔
سَوَّقَ النَّبَاتُ: نبات کا تنہ نکل آنا۔
انْسِیَاق: چلنا، ہانکا جانا، چل پڑنا۔
تَسْوِیق: خرید و فروخت کرنا، بازار میں لانا (۲) شاپنگ، مارکیٹنگ۔
تَسَوُّق: خرید و فروخت کرنا، شاپنگ کرنا۔
سَاق ج: سِیْقَان: پنڈلی، ٹانگ۔
سَاقُ الشَّجَرِ: درخت کا تنہ۔
رَبْطَةُ السَاق: پنڈلی بند۔
سَاقَةُ الجَیْش: فوج کا پچھلا حصہ۔
سُوْق: مارکیٹ، بازار ج: اَسْوَاق
سُوْقٌ دَوْرِیَّة: گشتی بازار، چلتا پھرتا بازار۔
سُوْقٌ رَاقِدَة: مندا بازار۔
سُوْقٌ مُسْتَطَارة (نَشِیْطَة): چلتا بازار۔
السُّوْقُ السَّوْدَاء: بلیک مارکیٹ۔
سُوْقٌ اسْتِهْلَاكِیَّة: کھپت مارکیٹ۔
سُوْقُ البَتْرُول: آئل مارکیٹ۔
سُوْقٌ ثَابِتَة: ٹھہرا ہوا بازار۔
سُوْقُ الحُبُوب: غلہ مارکیٹ۔
سُوْقٌ خَیْرِیَّة: رفاہی بازار۔

سُوْقٌ دَاخِلِيَة: ہوم مارکیٹ۔
سُوْقُ الذَّهَب: سونے کی مارکیٹ، گولڈن مارکیٹ۔
سُوْقٌ رِيْفِيَّة: دیہاتی بازار۔
سُوْقٌ ضَعِيْفَة: ہلکا بازار۔
سُوْقُ العَمَل: لیبر مارکیٹ۔
سُوْقُ العُمْلَة: روپے کی مارکیٹ۔
سُوْقُ الغِلَال: غلہ مارکیٹ۔
سُوْقٌ قَوِيَّة: تیز مارکیٹ۔
سُوْقٌ كَاسِدَة: ڈل مارکیٹ۔
سُوْقٌ مُشْتَرَكَة: مشترکہ مارکیٹ۔
سُوْقٌ مُضْطَرِبَة: گھٹتی بڑھتی مارکیٹ۔
سُوْقٌ مُغْرَقَةٌ بِالسِّلَع: سامان سے بھرا ہو بازار۔
سُوْقٌ مَفْتُوْحَة: کھلا بازار۔
سُوْقٌ مُكْتَظَّةٌ بِالسِّلَع: سامان سے بھرا ہوا بازار۔
سُوْقٌ نَشِطَة: چلتا ہوا بازار۔
سُوْقٌ هَادِئَة: ڈل مارکیٹ۔
سُوْقِيّ: بازاری، عامی ج: سُوْقَة
سَائِقٌ: ڈرائیور ج: سُوَّاق
سَائِقُ القَاطِرة: انجن ڈرائیور۔
سُوَيْقَة: بزریا، چھوٹا سا بازار۔
سَوِيْق: ستو۔
سِيَاق: تسلسل، ماقبل کا ربط۔
سِيَاقُ الحَدِيْث: سلسلۂ کلام۔
فی سِيَاقِ كذا: ذیل میں۔
مَسَاق: طرز، طریقہ۔
سَوَّكَ تَسْوِيْكاً و سَاكَ ـُ سَوْكاً: رگڑنا، ملنا، دانتوں میں مسواک کرنا۔
سِوَاک، مِسْوَاک: دانتوں کا برش، مسواک۔
سَوْكَرَة: بیمہ کرنا، کرانا۔
سَوَّلَ لَهُ تَسْوِيْلاً: گمراہ کرنا، فعل بد کو بہتر شکل میں پیش کرنا۔
سَوَّمَه و سَامَه ـُ سَوْماً الأَمْرَ: کسی کام کا پابند بنانا، کام کی تکلیف دینا۔ (۲) کسی کو اس کی منشا پر چھوڑنا۔
سَامَ البَضَائِعَ ـُ سَوْماً: سودا کرنا، بھاؤ تاؤ کرنا، فروختگی کے لیے پیش کرنا۔
سَامَه خَسْفاً: ذلیل کرنا۔
سَاوَمَه مُسَاوَمَةً: بھاؤ اور سودا کرنا۔
مُسَاوَمَة: سودے بازی، سودا۔
المُسَاوَمَةُ عَلَى السِّيَادَة: اقتدار کا سودا۔
المُسَاوَمَةُ على الضَّمِيْر: ضمیر فروشی۔
على الشَّرَف: عزت کا سودا۔
سَائِمَة ج: سَوَائِم: مویشی۔
سِيْمَاء، سِيْمَة: (۱) علامت (۲) ہیئت۔
سِيَّمَا، لاسِيَّمَا: خاص طور پر۔
سَوِيَ الرَّجُلُ ـَ سِوىً: درست کار ہونا۔
سَاوَاهُ مُسَاوَاةً: مساوی ہونا۔
سَوَّى الأَرْض تَسْوِيَةً: برابر کرنا۔
__ وسَاوَى الشَّيءَ بالشَّيءِ: کسی چیز کو دوسری چیز کے برابر کرنا۔
__ الحِسَاب: حساب چکانا۔
سَوَّى الشَّيءَ: درست کرنا، بہتر بنانا، برابر کرنا۔
سَوَّى: بنانا، کرنا۔

سَوَّی الطَّبخَ: کھانے کو خوب پکانا۔
اِستَوَی: سیدھا ہونا (۲) برابر ہونا۔
اِستَوَی علی: بیٹھنا، متمکن ہونا۔
اِستَوَی عَلَی الدَّابَّةِ: سوار ہونا۔
اِستَوَی الثَّمرُ: پھل پک جانا۔
اِستَوَی الطَّبخُ: کھانا تیار ہو جانا۔
سَواءٌ، سُوِیٌّ: برابر، مثل۔
سَواءُ السَّبِیلِ: سیدھا راستہ۔
عَلَی السَّواء، بِالتَّساوِیْ: برابر۔
سِوَی: علاوہ۔
عَلَی حَدٍّ سَوَاءٍ: مساوی طور پر، یکساں طور پر۔
سَوِیٌّ: ہموار، برابر۔
سَوِیًّا، سَوِیَّةً: ساتھ ساتھ، ایک ساتھ
تَسوِیَةُ الاَزمَةِ: بحران کا خاتمہ۔
تَسوِیَةُ الأمرِ مَعَ أحَدٍ: معاملہ نمٹانا۔
تَسوِیَةُ حِسَابٍ: حساب چکانا، حساب صاف کرنا۔
تَسوِیَةُ الحِسَابَاتِ المُتَنَازَعِ عَلَیهَا: متنازع فیہ حسابات کا فیصلہ۔
تَسوِیَةُ الخِلَافَاتِ بَینَ الدُّوَلِ: ملکوں کے اختلافات کو ختم کرانا۔
تَسوِیَةٌ سِلمِیَّةٌ: پرامن تصفیہ۔
تَسوِیَةٌ شَامِلَةٌ: مکمل حل۔
تَسوِیَةُ فُرُوقٍ: فرق ختم کرنا، امتیازات ختم کرنا۔
تَسوِیَةُ اللَّبسِ: اشتباہ ختم کرنا۔
تَسوِیَةُ المَسأَلَةِ: معاملہ کا تصفیہ۔
تَسوِیَةُ المُشکِلَةِ: مسئلہ کا حل۔

تَسوِیَةُ المُنَازَعَاتِ: تصفیہ نزاعات
تَسوِیَةٌ مُهِینَةٌ: اہانت آمیز تصفیہ، فیصلہ۔
تَسوِیَةُ النِّزَاعِ بَینَ البَلَدَینِ: دو ملکوں کے جھگڑے کا خاتمہ۔
التَّسوِیَةُ النِّهَائِیَّةُ: آخری فیصلہ، مکمل فیصلہ۔
تَسوِیَةٌ وُدِّیَّةٌ: دوستانہ تصفیہ۔
اَلمُسَاوَاةُ: برابری۔
المُسَاوَاةُ الاجتِمَاعِیَّةُ: ڈیموکریسی، جمہوریت۔
المُسَاوَاةُ السِّیَاسِیَّةُ: ڈیموکریسی، جمہوریت۔
مُسَاوَاةُ الإیرَادِ: آمدنی میں مساوات۔
مُستَوَی: لیول، سطح، معیار ج: مُستَوَیَات
المُستَوَی الأخلَاقِیُّ: اخلاقی معیار۔
مُستَوَی الأسعَارِ: نرخوں کا معیار۔
مُستَوَی الانتَاجِ: پیداواری معیار۔
المُستَوَی الرَّفِیعُ: بلند معیار۔
المُستَوَی العَالِی: اونچا معیار۔
مُستَوَی المَعِیشَةِ: معیار معیشت، معیار زندگی۔
مُستَوَیَاتُ الاجُورِ: تنخواہوں کا معیار۔
مُستَوٍ: پلین، برابر۔
عَلَی مُستَوَی السُّفَرَاءِ: سفیروں کی سطح پر۔

س......ی

سی. ای. ایہ: سی، آئی، اے۔
سَیَّبَ تَسیِیبًا: (۱) ترک کرنا (۲) ترک تعلق کرنا (۳) آزاد چھوڑنا۔

سَابَ ــِ سَیْباً و انْسَابَ: بہنا (۲) سانپ کا زمین پر دوڑنا۔
انْسِیَاب: بے روک ٹوک آنا یا جانا، ایک دم آنا یا جانا۔
سَیْبٌ :دوڑ، روانی (۲) بہاؤ (۳) بارش (۴) عطیہ، بخش، انعام، چندہ، مال ج: سُیُوب
سَائِبٌ :متروک، ہاتھ سے چھوٹ جانے والا۔
سَیَّجَ الکَرْمَ: انگور کی بیل پر باڑ لگانا، ٹٹی لگانا (بانس وغیرہ کی)
سِیَاجٌ :باڑ، احاطہ، چہاردیواری ج: سِیَاجَات و أسْیِجَة
سِیَاجٌ حَدِیْدِیٌ: لوہے کا جنگلہ۔
مُسَیَّجٌ: دیوار یا جنگلہ سے گھرا ہوا۔
سِیْجَارَة ج: سَجَائِر: سگریٹ۔
سَیَّحَ و أَسَاحَ إِسَاحَةً: (۱) بہانا (۲) پگھلانا، گھلانا۔
سَاحَ المَاءُ ــَ سَیْحاً: پانی بہنا۔
سَاحَ البِلَادَ سِیَاحَةً: ملکوں کی سیر کرنا۔
سَاحَ الثَّلْجُ أو المَعْدِنُ: پگھلنا، گھلنا۔
سِیَاحَة: ٹور، ٹورازم، ٹراول۔
سِیَاحِیٌ: ٹورسٹ، سیاحت سے متعلق۔
سَائِحٌ: جاری (۲) پگھلا ہوا (۳) ٹورسٹ سیاح ج: سُیَّاح
سَاحَة: (در سوح)۔
(سیخ) سَاخَ ــِ سَیْخاً: غوطہ لگانا۔
سِیْخ :لوہے کی سلاخ جس پر گوشت بھونا جاتا ہے۔
سَیَّرَ تَسْیِیْراً: چلانا، چلتا کرنا۔
سَیَّرَ الأَعْمَالَ: چلانا، انجام دینا۔
سَیَّرَ سِیَاسَةَ البَلَدِ: ملک کی سیاست چلانا۔
سَارَ ــِ سَیْراً: (۱) چلنا (۲) چالو ہونا، روانہ ہونا، جانا، حرکت کرنا، ترقی کرنا، آگے بڑھنا، طرز عمل اختیار کرنا۔
سَارَ بِهِ: لے جانا۔ لے چلنا۔
سَارَ بِشَیْءٍ قُدُوماً إلی الأمَامِ: آگے بڑھانا۔
سَارَ شَوْطاً فی کذا: ایک مرحلہ طے کرنا۔
سَارَ علی مَهْلٍ: آہستہ چلنا۔
سَایَرَہ مُسَایَرَةً : ساتھ دینا، ساتھ چلنا، ہمنوائی کرنا۔
سَایَرَ العَصْرَ: زمانہ کے ساتھ چلنا۔
سَایَرَ الظُّرُوْفَ: حالات کے ساتھ چلنا۔
سَیْر :چال، روش، طرز عمل، چلن (۲) روانگی (۳) رفتار، ترقی، مارچ۔
سَیْرُ الأحْوَالِ: حالات کی رفتار۔
السَّیْرُ علی خَطِّ فُلَانٍ: کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
سَیْرٌ لِلأمَامِ: ترقی۔
سَیْرُ المَعْرَکَةِ: جنگ کی رفتار۔
سِیْرَة ج: سِیَر: چلن، طور طریق، عادت، قصہ شخصی، سوانح حیات۔
سَیَّارَة ج: سَیَّارَات: قافلہ، ستارہ۔
سَیَّارَةٌ :(۲) موٹر کار۔
سَیَّارَةُ أُجْرَةٍ لِلرُّکَّابِ: ٹیکسی۔
سَیَّارَةُ الإطْفَاءِ: فائر انجن۔
سَیَّارَةُ الجِیْبِ: جیپ گاڑی۔

سَيَّارَةٌ حافِلَة : بس۔
سَيَّارَةٌ ذاتُ بَدَن خشبيّ: اسٹیشن ویگن۔
سَيَّارَةٌ خاصَّة: پرائیویٹ کار۔
___ رُكَّاب: پاسنجر موٹر، بس
___ حافِلَة: بس، لاری۔
___ النَّقل: ٹرک۔
___ الشُّرطَة: پولیس کی موٹر۔
___ الإسعَاف : زخمیوں کو لے جانے والی موٹر، ہسپتال کی موٹر، ایمبولینس۔
___ الرَّشِّ: چھڑکاؤ کی موٹر۔
سَيَّارَةٌ شاحِنَة:ٹرک۔
سَيَّارَةٌ عامَّة: بس۔
سَيَّارَةٌ عُمُومِيَّة:بس۔
سَيَّارَةٌ مُدَرَّعَة: بکتر بند گاڑی۔
سَيَّارَةٌ مُصَفَّحَة: بکتر بند گاڑی۔
سَائِر: متحرک، ترقی یافتہ، رائج، جاری (۲) تمام، کل، باقی ماندہ۔
مَسِيرَة: مارچ، تحریک، جلوس، کارروائی، مسافت۔
مَسِيرَةُ الأُمَّة: قومی تحریک۔
مَسِيرَةٌ إنتاجِيَّة: پیداواری مہم۔
مَسِيرَةُ التَّحرِير: تحریک آزادی۔
مَسِيرَةُ الثَّورَة: تحریک انقلاب، انقلابی کارواں۔
مَسِيرَةُ الحِدَاد: ماتمی جلوس۔
مَسِيرَةُ السَّلام: امن مارچ۔
مَسِيرَةُ الفَلَّاحِين: کسان ریلی۔
المَسِيرَةُ النِّضالِيَّة: مجاہدانہ مشن، انقلابی جدوجہد، سرفروشانہ تحریک۔
سِيرَج: تلوں کا تیل۔
سِيرك: سرکس۔
سيطر: (در: سطر)۔
سَيف، سُيُوف: تلوار۔
سَيَّاف: تلوار بنانے یا فروخت کرنے والا۔
سَافَ ـــ سَيفاً: تلوار سے مارنا۔
سِيگَار: سگار (مع)۔
سَيَّلَ تَسيِيلاً: جاری کرنا، بہانا، پگھلانا، آنسو بہانا، رال ٹپکانا۔
سَالَ ـــ سَيلاً و سَيَلاناً: جاری ہونا، بہنا، ٹپکنا، پگھلنا۔
سَالَ أنفُه: ناک بہنا۔
سَالَ بِهِمُ الوَادِي: کھچا کھچ بھرنا۔
سَيلٌ ج: سُيُول: سیلاب، رَو
سَيلٌ جارِف: زبردست سیلاب، ہلاکت خیز سیلاب۔
سَيلٌ عارِم: زبردست سیلاب۔
سَيَلان: بہاؤ (۲) ایک مرض۔
سَيلَة: پانی بہنے کی جگہ۔
المُسِيلُ لِلدُّمُوع: اشک آور۔
سَيَّال: (ضد: جَامِد) بہنے والا۔
سَيَّالَة: (دا) پانی کا نالہ۔
سُيُولَة: (ضد: جُمُود) روانی، بہاؤ۔
سَائِل: پتلا، بہنے والا ج: سَوَائِل
سِينَمائِي: فلم کار
سِينَما تُغرَاف: (مع) وہ آلہ جس سے سینما کی تصویریں حرکت کرتی ہوئی نظر آتی ہیں۔

ش.........أ

شُؤْبُوبٌ ج: شَآبِيبُ :ایک دفعہ کی بارش، گرمیٔ آفتاب کی شدت۔

شَأْفَة:اصل، جڑ۔

شَأَمَ القَوْمَ ـَـ شَأْماً: براشگون دینا

شَؤُمَ و شُئِمَ علي القَوْمِ ـُـ شَآمَةً :لوگوں کے لیے بدشگونی کا باعث ہونا، منحوس ہونا۔

تَشَاؤُم و اِسْتِشَام :براشگون لینا (۲) ناامیدی، مایوسی۔

شَائِمٌ: براشگون لانے والا۔

شُؤْمٌ: بدشگونی، نحوست۔

شَأْمَة: علامت نحوست۔

شِئْمَة ج: شِيَمٌ: عادت۔

شَأْنٌ ج: شُؤُوْن :(۱) حالت، کیفیت (۲) ضرورت (۳) درجہ، مرتبہ (۴) اہمیت (۵) تعلق۔

بِشَأْنِ كَذَا: بسلسلہ، سلسلہ میں۔

بِهٰذَا الشَّأْنِ: اس سلسلہ میں۔

ذُو شَأْنٍ: قابل توجہ، اہم۔

الشُّؤُوْنُ الاِجْتِمَاعِيَّة: معاشرتی امور۔

الشُّؤُوْنُ البَلَدِيَّةُ و القَرَوِيَّةُ :شہری و دیہاتی امور۔

الشُّؤُوْنُ الخَارِجِيَّة: بیرونی معاملات، خارجی امور۔

الشُّؤُوْنُ الدَّاخِلِيَّة :اندرونی معاملات، گھریلوامور۔

شُؤُوْنُ الدَّوْلَة: ملکی معاملات، حکومتی معاملات۔

شَأْوٌ: غایت، مقصد، رفتار، چکر۔

جَرَى شَأْواً: ایک چکر دوڑا۔

بَعِيْدُ الشَّأْوِ :بلند مقصد، عالی ہمت

ش.........ب

شَبَّبَ و تَشَبَّبَ: زمانہ شباب کی یادتازہ کرنا، جوانی کی تجدید کرنا۔

شَبَّ ـِـ شَبَاباً: جوان ہونا۔

شَبَّ ـُـ شَبّاً النَّارَ: آگ لگنا، لگانا۔

شَبَّ الشَّيءُ: (۱) بلند ہونا (۲) بڑھنا۔

شَبَّ الشَّيَ: مزین کرنا، آراستہ کرنا۔

اَشَبَّ و تَشَبَّبَ: جوان ہونا۔

شَبٌّ، شَابٌّ :جوان، بواے ج: شَبَابٌ و شُبَّان

شَابٌّ جَلْدٌ: بہادر جوان۔
شَابٌّ يَافِعٌ: نوجوان۔
شَابَّة: جوان عورت ج: شَابَّات
شَبَاب: اٹھان، جوانی۔
شَبَابِيّ: جوانی کا۔
شَبِيبَة: نوجوان پارٹی۔
شُبُوبٌ: اشتعال، ہیجان۔
شَبِثَ ـَ شَبَثاً و تَشَبَّثَ بكذا: چمٹنا، لگنا، وابستہ ہونا، تھامنا۔
شَبَّثَهُ بكذا تَشْبِيثاً: اٹکانا، چمٹانا۔
مُتَشَبِّثٌ: وابستہ، تھامے ہوئے۔
شَبَحَ الشيءَ ـَ شَبْحاً: پھیلانا، پھاڑنا، ہاتھ پھیلانا۔
شَبَحٌ ج: اَشْبَاح: (۱) دور سے نظر آنے والا جسم (۲) خیالی تصویر (۳) پرچھائیں۔۔
شَبَحُ الخَوْف: بھیانک تصویر۔
مِشْبَاحٌ (مِجْسَاد): اسٹیر سکوپ، جحم بین (ایک آلہ جس سے کسی جسم کے دو مختلف منظر ایک ہی تصویر میں اتار لیے جاتے ہیں اور تصویر ٹھوس معلوم ہوتی ہے)۔
شَبَرَ ـُ شَبْراً و شَبَّرَ: بالشت سے ناپنا۔
شِبْرٌ ج: اَشْبَار: بالشت۔
شِبْراً شِبْراً: ایک ایک بالشت، چپہ چپہ۔
شَبْرَقَة: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
شِبْرِق: بلی کا بچہ۔
شُبَاط: ماہ فروری۔
شَبِعَ ـَ شَبْعاً: شکم سیر ہونا، کسی چیز سے دل بھر جانا، طبیعت سیر ہونا۔
شَبِعَ مِنْ كذا: اکتانا، تنگ ہوجانا۔
شَبَّعَ وَاَشْبَعَ: شکم سیر کرنا۔
تَشَبَّعَ بِالْمَاءِ: سیراب ہونا۔
تَشَبَّعَ بِرَأيٍ: قائل ہونا، متفق ہونا۔
شَبْعٌ: شکم سیری، سیری۔
شِبْعٌ: پیٹ بھر چیز۔
شَبْعَان: شکم سیر (۲) آسودہ حال ج: شَبَاعَى
مُشْبِعٌ: کافی، اطمینان بخش (۲) غذائیت والی چیز، پیٹ بھر دینے والی چیز۔
مُشَبَّعٌ بِالْمَاءِ: پانی سے تر۔
مُشَبَّعٌ بِالْهَوَاءِ: ہوا سے بھرا ہوا۔
مُشَبَّعٌ بِالْيَأْسِ: مایوسی کا شکار۔
مُتَشَبِّعٌ بِرَأيٍ: قائل، متفق۔
شَبِقَ ـَ شَبَقاً: کثیر الشہوت ہونا۔
شَبَقٌ: شہوت۔
شَبَكَ ـِ شَبْكاً و شَبَّكَ: الجھانا، پیچیدہ بنانا۔
شَبَكَ الشيءَ بِغَيْرِه: جوڑنا، ملانا۔
اشْتَبَكَ و تَشَبَّكَ: الجھنا، تصادم ہونا، گڈمڈ ہونا، جھڑپ ہونا۔
تَشَبُّكٌ: جالی دار ہونا۔
شَبَكَة: جال، پھندا، نیٹ، سلسلہ ج: شَبَكَات۔
شَبَكَة مِنَ الاَسْلاك: تاروں یا لائنوں کا جال۔
شُبُك: سگریٹ پائپ، حقہ کی نے۔
شُبَّاك: کھڑکی، سلاخ دار کھڑکی، جنگلا ج: شَبَابِيك۔
شُبَّاكُ البَرِيد: ڈاکخانہ کی کھڑکی، پوسٹ

آفس کا کاؤنٹر۔
شُبَّاکُ التَّذکِر: ٹکٹ ونڈو، ٹکٹ گھر۔
شُبَّاکُ الخزِینَۃ: بینک کاؤنٹر۔
شُبَّاکُ صَرفِ التَّذکِر: بکنگ ونڈو۔
شَوبَک: بیلن۔
مِشبَک: بکسوا، کلپ۔
مِشبَکُ الحِزَام: پٹی کا کلپ۔
مِشبَکُ للخِطَاب: لیٹر کلپ۔
مِشبَکُ الغَسِیل: کلاتھ پن۔
مِشبَکُ الوَرَق: پیپر کلپ۔
مُشبَّک، مُتَشَابِک: اُلجھا ہوا، پیچیدہ (۲) جالی دار۔
مُشبَّکَات: جالیاں۔
اشتِبَاک ج: اشتِبَاکَات: تصادم، (فوجوں کی) جھڑپ، الجھاؤ۔
اشتِبَاکٌ مُسَلَّح: مسلح جھڑپ، لڑائی۔
اشتِبَاکَاتٌ عَنِیفَۃ: زبردست جھڑپیں۔
اشتِبَاکَاتٌ مُنفَصِلَۃ: اکادکا جھڑپیں۔
تَشَابُکُ الایدِیْ: ہاتھ میں ہاتھ ڈالنا۔
تَشبِیک: جالی لگانا، جالی دار بنانا۔
شِبلٌ ج: أشبَال: شیر کا بچہ، بہادر بیٹا۔
شَبَنَ الغُلامُ ـُـ شَبناً: لڑکے کا پروردۂ نازونعم ہونا (۲) قریب ہونا۔
شَبَّہَ الشَّیءَ بکذا: مشابہ بنانا، ایک چیز کا وصف دوسری چیز کے لیے ثابت کرنا، تشبیہ دینا۔
شُبِّہَ علیہ شَیءٌ: ناقابل فہم ہونا۔
تَشَبَّہَ بکذا: مشابہ ہونا، ہم شکل ہونا، ہم وصف ہونا۔
اِشتَبَہَ فی اَمرِہ: شک کرنا۔
یُشتَبَہُ فی اَمرِہ: اس کا معاملہ مشکوک ہے، وہ آدمی مشکوک ہے۔
شِبہٌ و شَبَہٌ: مشابہت، تصویر، نقل۔
شِبہُ اِقطَاعِیّ: نیم جاگیردارانہ۔
شِبہُ جرِیمَۃ: نیم جرم۔
شِبہُ جَزِیرَۃ: جزیرہ نما۔
شِبہُ رَسمِیّ: نیم سرکاری۔
شِبہُ القَارَّۃ: برصغیر۔
شُبہَۃ ج: شُبَہ: مشتبہ چیز، مبہم چیز، شبہ، شک۔
تَحتَ الشُّبہَۃ: مشکوک، مشتبہ۔
شُبُہَات: اعتراضات، شکوک۔
المُشتَبَہُ فی أمرِہ: مشکوک۔
المُشتَبَہُ فِیهِم: مشتبہ لوگ۔
مَشبُوہ: ناپسندیدہ، مشتبہ، مشکوک۔
تَشَابُہُ الاَحَاسِیس: جذبات کی یکسانیت۔

ش............ت

شَتَّتَ تَشتِیتاً: منتشر کرنا، شیرازہ بکھیرنا، الگ الگ کرنا۔
شَتَّ ـِـ شَتّاً و شَتَاتاً: منتشر ہونا، شیرازہ بکھرنا۔
شَتٌّ، شَتِیتٌ، شَتَاتٌ: منتشر، متفرق
شَتَّانَ بَینَهُمَا: ان کے درمیان بڑا فرق ہے، ان میں کوئی نسبت نہیں۔
شَتّٰی: منتشر، مختلف، متفرق۔
مَصَارِیفُ شَتّٰی: متفرق اخراجات۔
مَشتَلٌ زِرَاعِیّ: نرسری۔
شَتَمَ ـِـ شَتماً: گالی دینا۔

شَتَّام: انتہائی دشنام طراز
شَتِيمَة ج: شَتَائِم: گالی، مذمت۔
شَتَاء ـــ بِالمُكَان شَتواً: کسی جگہ سردی کا موسم گزارنا۔
شِتَاء: موسم سرما۔
شَتوِیّ: موسم سرما کا۔
مَشتیٰ: موسم سرما گزارنے کی جگہ۔
ج: مَشتَيَات

ش............ج

شَجَبَ ـُ شَجباً: (۱) رنج دینا (۲) ہلاک کرنا (۳) مذمت کرنا۔
شَجَبَ الأمرَ بِشِدَّةِ شَجباً: سختی کے ساتھ مذمت کرنا۔
شَجَبٌ و شُجُوب: غم، ناگواری، رنج (۲) ہلاکت (۳) سزائے موت۔
شِجَابٌ، مِشجَبٌ ج: مَشَاجِبُ: کپڑے وغیرہ لٹکانے کا ہک، ہنگر۔
شَجَّ ـُ شَجّاً: (۱) سر توڑنا، پھاڑنا (۲) زخمی کرنا۔
شَجَّة: سر کی چوٹ، سر کا زخم۔
شَجَرَ ـُ شَجراً: مضبوط بنانا، سہارا دینا۔
شَجَرَ الخِلَافُ بَينَ ـُ شُجُوراً: اختلاف پیدا ہونا۔
شَجَرَ مَابَينَهُم: باہم نزع واختلاف ہونا۔
شَاجَرَ و تَشَاجَرَ مَعَ: جھگڑنا۔
شَجَرٌ ج: اَشجَارٌ: درخت۔
الشَّجَرَةُ العَائِلِيَة: شجرہ خاندان۔
الاَشجَارُ الزَّاكِيَة: خوشبودار پودے۔
شُجَيرَة ج: شُجَيرَات: پودا، چھوٹا درخت۔
شِجَار: لڑائی، جھگڑا (۲) چٹخنی (۳) اسٹریچر، مریضوں کو منتقل کرنے کی چارپائی۔
شِجَارٌ عَائِلِیّ: گھریلو جھگڑا، خانگی لڑائی۔
تَشجِير: درخت لگانا، درخت کاری
مُشجِرٌ: درخت والا۔
مُشَجَّرٌ: درخت نما نقوش سے آراستہ۔
شَجُعَ ـُ شَجَاعَةً: بہادر و دلیر ہونا۔
شَجَّعَ: بہادر بنانا (۲) ہمت بڑھانا، حوصلہ افزائی کرنا (۳) اکسانا، شہہ دینا، بڑھاوا دینا۔
تَشَجَّعَ: بہادر و دلیر بننا، ہمت بڑھانا، حوصلہ بڑھنا، ہمت سے کام لینا۔
شُجَاع ج: شُجعَان: بہادر، دلیر۔
شَجَاعَة: دلیری، بہادری۔
شَجَنَه ـُ شَجناً و شَجَّنَهُ و اَشجَنَه: غمگین کرنا، رنج پہنچانا۔
شَجِنَ ـَ شَجَناً: غمگین ہونا۔
شَجَنٌ ج: اَشجَان و شُجُون: غم، اندوہ۔
مُثِيرُ الشُّجُون: اندوہ گیں۔
شَجوٌ، شَجاً: غم۔
شَجِوِیّ: اندوہناک، غمناک۔
شَجِيَ ـَ شَجیً: رنجیدہ ہونا، غمگین ہونا۔
شَجَاه ـُ شَجواً و اَشجَاه: رنج دینا۔

ش............ح

شَحَبَ ـُ و شَحِبَ ـَ شُحُوباً: چہرا کا رنگ بدلنا۔
شَاحِبُ اللَّون: متغیر اللون، بے رنگ، پھیکے رنگ والا۔
شَاحِبُ اللَّون و الوَجه: اداس۔

شَحَتَ ـَـ شَحتاً: (دا) بھیک مانگنا۔
شَحّات: بھکاری، فقیر۔
شَحَّ بالشَّيءِ و عَلَيه ـُـ شُحاً: بخل کرنا (۲) طمع ولالچ کرنا۔
شُحّ: بخل، طمع ولالچ۔
شُحُّ المَوادِ الأساسِيَة: بنیادی اشیاء کا فقدان۔
شُحَّة: خودغرضی۔
شَحِيحٌ: بخیل (۲) تھوڑا (دا)۔
شَحَذَ ـَـ شَحذاً: چھری یا ذہنی کو تیز کرنا۔
شَحذٌ: تیزی۔
شَحّاذ: بھکاری، فقیر۔
مِشحَذٌ: دھار رکھنے کا آلہ یا پتھر۔
شَحَطَ ـَـ شَحطاً و شَحَطاً و شُحُوطاً: دور ہونا۔
شَحَط الكِبرِيتَة: دیاسلائی رگڑنا۔
اِشحَاط: دور کرنا، دھتکارنا۔
شَاحِط: دور دراز۔
شُحَّيطَة: دیاسلائی۔
شَحُمَ ـُـ شَحَامَةً: چربی دار ہونا، فربہ ہونا۔
شَحمٌ: چربی، چکنائی ج: شُحُوم
شَحمٌ رَمادةٌ زَيتِيَّةٌ أو مَادَّةُ تَزيِيت او تَزلِيق): گریس۔
شَحمَة: چربی کا ایک ٹکڑا۔
شَحمَةُ الأُذُن: کان کی لو۔
شَحِمٌ: موٹا، چربی دار۔
شَحَنَ السَّفِينَةَ ـَـ شَحناً: کشتی یا جہاز پر سامان لادنا۔
شَحَنَ البَضَائِعَ: بذریعہ سمندر سامان بھیجنا۔
شَحِنَ و اَشحَنَ: بھرنا، لوڈ کرنا (۲) دور کرنا، نکالنا۔
شَحَنَ عليه ـَـ شَحناً: بغض وعداوت رکھنا۔
شَاحَنه مُشَاحَنَةً: دشمنی کرنا، جھگڑنا۔
تَشَاحُنٌ: باہم بغض وعداوت رکھنا، لڑنا، جھگڑنا۔
شَحْن: (جہاز) پر سامان وغیرہ لادنا، لوڈ کرنا، بار برداری، مال برداری (۳) وزن، لادی، لادا جانے والا سامان۔
شَحنُ البِترُولِ لِدَولَةٍ: کسی ملک کو پٹرول بھیجنا۔
شَحنُ البَضَائع: مال برداری، سامان لانا۔
شَحنُ جَدوَلِ الاَعمَالِ بالمَوضُوعَات: ایجنڈے میں موضوعات کی بھرتی کرنا۔
شَحنٌ سَرِيعٌ: ارجنٹ ڈسپیچ، ارجنٹ روانگی مال۔
شَحنُ المَتَاعِ إلى بَلَدٍ: کسی ملک کو مال لادکر بھیجنا۔
شَحنُ النَّفسِ بالثِّقَة: اپنے اندر اعتماد پیدا کرنا۔
شِحنَة: لوڈ، سامان جہاز وغیرہ پر لدھا ہوا۔ کھیپ، لدا ہوا مال، سامان وغیرہ کی کھیپ، مسالہ بیڑی وغیرہ کا ج: شِحَن
شِحنَةُ اَسلِحَة: ہتھیاروں کی کھیپ۔
شِحنَةُ البَلَد: (الشُرطَة) پولس۔
شِحنَةٌ مُتَفَجِرَة: آتش گیر مادہ۔
شِحنَةٌ مُستَعجَلَة: جلد بھیجا جانے والا سامان۔

شِحنَۃٌ ناسِفَۃ: آتش گیر مادہ۔
شِحنَۃٌ هائِلَۃ: خوفناک دھماکہ خیز مادہ۔
شَحنَاتُ اَسلِحَۃٍ: ہتھیاروں کی بڑی مقدار۔
شَحنَاتٌ مَادِرۃ: باہر بھیجا جانے والا مال۔
شَحنَاء، مُشَاحَنۃ: بغض وعداوت، لڑائی جھگڑا، دشمنی۔
شَاحِنَۃٌ: ٹرک ج: شَاحِنَات
شَاحِنَۃُ البَرِید: پوسٹل وین، ڈاکخانے کی ڈاک لے جانے والی گاڑی۔
شَاحِنَۃٌ صَغِیرَۃٌ لِرَفعِ الاثقَال و نَقلِهَا: لفٹ ٹرک۔
شَاحِنٌ، مَشحُونٌ: سامان سے لدا ہوا، بھرا ہوا، پُر۔
مَشحُونٌ بالعُنف: پر تشدد۔
مُشَاحِنٌ: دشمن۔

ش.........خ

شَخَبَ ـُـ شَخباً: بہنا، ابلنا۔
شَخٌّ، شُخَاخٌ: (دا) پیشاب۔
شَخُتَ ـُـ شُخُوتَۃً: کمزور ہونا، لاغر ہونا۔ کمزور شخصیت، لاغر۔
شَخَرَ ـِـ شَخِیراً: خراٹے لینا (۲) گھوڑے اور گدھے کا بولنا۔
شَخِیرٌ: خراٹوں کی آواز۔
شَخشَخَۃ: ہتھیاروں کی آواز، جھنکار۔
شَخَصَ ـَـ شُخُوصاً: چڑھنا، بلند ہونا، طلوع ہونا، چمکنا۔
شَخَصَ بَصَرُہ و بِبَصَرِہ: نگاہ اٹھنا یا اٹھانا۔
شَخَصَ بِبَصَرِہ إِلَی: نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔
شَخَصَ مِنَ البَلَدِ: روانہ ہونا۔
شَخَّصَ تَشخِیصاً: متعین وممتاز کرنا، مجسم کرنا، مجسم کر کے دکھانا (۲) بیماری کو سمجھ کر متعین کرنا۔
تَشَخَّصَ له: دکھائی دینا (۲) مجسم بن کر سامنے آنا (۳) متعین وممتاز ہونا۔
شَخصٌ: آدمی، جسم، ذات، جثہ ج: اَشخَاص و اَشخُص
شَخصٌ ذو آراءٍ عَصرِیَّۃ: نئے افکار کا حامل شخص۔
شَخصِیٌّ، شَخصَانِیٌّ: ذاتی، انفرادی، خصوصی، پرسنل۔
شَخصِیَّۃ: (۱) امتیازی حیثیت، پرسنلٹی، خصوصی، پرسنل۔
الشَّخصِیَّۃُ الفَردِیَّۃ: انفرادی حیثیت۔
شَخصِیَّۃٌ مَعنَوِیَّۃ: ذاتی شخصیت۔
شَخصِیَّۃٌ مَفقُودَۃُ الکِیَان: بے حیثیت ذات۔
أشخَاصٌ مَجهُولُو الهُوِیَّۃ: نامعلوم افراد۔

ش.........د

شَدَّدَ علی: سختی کرنا۔
شَدَّدَ الحِرَاسَۃَ علی: پہرہ سخت کرنا۔
شَدَّدَ الحِصَارَ علی: محاصرہ سخت کرنا۔
شَدَّدَ الرِّقَابَۃَ علی......: سخت نگرانی کرنا۔
شَدَّدَ الشیَٔ: مضبوط بنانا، پختہ کرنا۔
شَدَّدَ الامرَ: لازم کرنا۔
شَدَّدَ فی کذا: تشدد برتنا، سختی برتنا۔
شَدَّدَ الصَّوتَ: آواز یا لہجہ سخت بنانا۔
شَدَّ ـُـ شَدّاً: (۱) باندھنا (۲) کھینچنا (۳) سخت کرنا۔

شَدَّهُ بِسِلْسِلَةٍ: چین کسنا۔
شَدَّ الانْتِبَاهَ: توجہ مبذول کرانا۔
شَدَّ اَزْرَهُ: پشت پناہی کرنا، مدد کرنا، سپورٹ کرنا۔
شَدَّ عَضُدَهُ: ہاتھ مضبوط کرنا، مدد کرنا۔
شَدَّ الرِّحَالَ إلیٰ: سفر کرنا۔
شَدَّ علیٰ: سختی کرنا، دبانا۔
اشْتِدَاد و تَشَدُّد: سخت ہونا، پختہ ہونا۔
شَدٌّ: تناؤ، کھچاؤ۔
شَدَّة: کشش، جھٹکا، بندش، بستہ۔
شَدَّةُ وَرَقِ اللَّعِب: تاش کا پیکٹ۔
شِدَّة: (۱) طاقت (۲) سختی (۳) دباؤ (۴) تنگی (۵) مصیبت، بحران، کرائسس (۶) مضبوطی۔
الشَّدَّادَة (تَشُدُّ جُزْئَيْنِ مِنَ المَبْنَى): ڈائی۔
شَدِيْد: سخت، مضبوط، متشدد ج: اَشِدَّاء
بَلَغَ اَشُدَّه: مرد کامل ہونا۔
اَشَدُّ اضْطِرَاباً: انتہائی ابتر۔
مُشَدَّد: مضبوط، مستحکم۔
مُشَادَّةٌ كَلَامِيَّة: جھڑپ، سخت کلامی۔
شَدَفَ ـِ شَدْفاً: کاٹنا۔
شَدِفَ ـَ شَدَفاً: جھومنا (۲) بدکنا۔
شَادُوْف: نہر سے پانی نکالنے کا بڑا ڈول جو موٹی بلی میں بندھا ہوتا ہے۔
شِدْق ج: اَشْدَاق: گوشۂ دہن۔
تَشَدَّقَ بِكَلَامِهٖ: کھل کر بات کرنا۔
شَدَهَ ـَ شَدْهاً و اَشْدَهَ: حیران کرنا، حیرت میں ڈالنا۔

شَدْوٌ: گانا، ترنم۔
شَدَا ـُ شَدْواً: گانا گانا، ترنم سے پڑھنا، پرندہ کا چہچہانا۔

ش .... ذ

شَذَبَ ـُ شَذْباً: کاٹنا، درخت اکھاڑنا۔
شَذَّبَ تَشْذِيْباً: شاخیں تراشنا، مہذب بنانا۔
شَذَّ ـُ شَذّاً و شُذُوْذاً: (۱) جماعت سے الگ ہونا (۲) خلاف قیاس ہونا، مخالف اصول ہونا (۳) منفرد ہونا۔
شَذَّذَه تَشْذِيْذاً: قاعدہ، قانون یا جماعت سے الگ کرنا، منفرد بنانا، شاذ بنانا، مستثنیٰ کرنا۔
شُذُوْذ: علیحدگی، انحراف، مخالفت اصول، جماعت سے خروج، انفرادیت، ندرت، قلت۔
شَاذٌّ: (۱) خلاف قیاس (۲) خلاف اصول، خلاف معمول (۳) کم استعمال ہونے والا (۴) اجنبی (۵) مستثنیٰ، منفرد، غیر معمولی (۶) کمیاب، نادر الوجود، نادر الوقوع۔
حَالَةٌ شَاذَّة: غیر معمولی صورت حال۔
شَذَرَ الشَّیْئَ ـُ شَذْراً: کسی چیز کے اجزاء میں کوئی دوسری چیز داخل کرنا۔
شَذَرَ كَلَامَه بِشِعْرٍ: اپنے کلام میں شعر داخل کرنا۔
شَذَرَ مَذَرَ: ریزہ ریزہ، پارہ پارہ، مختلف سمتوں میں منتشر، متفرق۔
تَفَرَّقُوا شَذَرَ مَذَرَ: مختلف سمتوں میں پھیل گئے، تتر بتر ہوگئے۔
تَشَذَّرَ: منتشر ہونا۔

شَذْرَة: سونے کا ٹکڑا ج: شَذَرَات
(شذو) شَذَا ـُ شَذْواً: خوشبو مہکنا، مہکنا، معطر ہونا (۲) مہکانا، معطر کرنا۔
شَذًا: مہک۔

ش .... ر

شرّ: (دیکھیے: شرر)
شَرِبَ ـَ شُرْباً: پینا۔
شَرِبَ الدُّخَانَ: تمباکو پینا۔
شَرَّبَ تَشْرِيباً واَشْرَبَ: پلانا (۲) تلقین کرنا، دماغ میں بیٹھانا۔
شَارَبَهُ مُشَارَبَةً: ساتھ پینا۔
اُشْرِبَ قَلْبُه حُبَّهُ: اس کے دل میں اس کی محبت راسخ ہوگئی۔
اِشْرَأَبَّ لِشَيئٍ: (دیکھنے کے لیے) گردن دراز کرنا، گردن دراز کر کے دیکھنا۔
تَشَرَّبَ: چوسنا، جذب کر لینا۔
شَرْبَة: گھونٹ۔
شُرْبَة (۲) (صُبَّة): سوپ، یخنی۔
شَرْبَة (۳): مسہل دوا۔
شَرَاب: پینے کی چیز، شربت (۲) شراب ج: اَشْرِبَة
شَارِبٌ: مونچھ ج: شَوَارِبُ
مَشْرَبٌ و مَشْرَبَة: پانی پینے کی جگہ۔
مَشْرَب: ذوق، طرز، طریقہ ج: مَشَارِبُ
مَشْرُوبَات و: مَشْرُوب: شربت
مَشْرُوبَاتٌ مُنْعِشَة: فرحت بخش مشروبات۔
شَرِثَ ـَ شَرَثاً: کھردرا ہونا خراب ہونا، ہاتھ کی جلد کا کثرت کار سے کھردارا ہونا۔

شَرَجَ و شَرَّجَ: زین کسنا۔
شَرَجٌ: فیتہ، ڈور۔
شِيْرَج: تلوں کا تیل۔
شَرَحَ ـَ شَرْحاً: وضاحت کرنا، کیفیت یا تفصیل بیان کرنا۔
شَرَحَ الخَاطِرَ: دل خوش کرنا۔
شَرَحَ الاَهْدَافَ السَّامِيَةَ: بلند مقاصد کی تشریح کرنا۔
شَرَحَ حَقِيقَةَ الوَضْعِ: صورت حال کی وضاحت کرنا۔
شَرَحَ لَه الخُطَّةَ فی العَمَلِ: طریقہ کار کی وضاحت کرنا۔
شَرَحَ مَوْقِفَ بَلَدٍ كذا: کسی ملک کی پالیسی کی وضاحت کرنا۔
شَرَحَ وِجْهَةَ النَّظَرِ: نظریہ کی وضاحت کرنا۔
شَرَحَ و شَرَّحَ تَشْرِيحاً: لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا، سلائس کاٹنا۔
شَرَحَ الجُثَّةَ: پوسٹ مارٹم کرنا، موت کا سبب معلوم کرنے کے لیے لاش کی چیر پھاڑ یا معائنہ کرنا۔
التَّشْرِيحُ المِجْهَرِيّ: خوردبینی تجزیہ۔
اِنْشِرَاح: کشادہ ہونا۔
اِنْشِرَاحُ الصَّدْرِ: خوش ہونا، مطمئن ہونا۔
شَرْح: تفصیل، بیان، وضاحت۔
الشَّرْحُ المُفَصَّلُ عَنْ كذا: مکمل تفصیل۔
شَرْحِيّ: وضاحتی۔
شُرْحَة و شَرِيحَة: سلائس، لمبا ٹکڑا۔

شَرحَةُ بِطِيخ: قاش، پھانک۔
شَرِيحَة ج: شَرائِح: لکڑی یا دھات وغیرہ کا ٹکڑا۔
شَرِيحَةُ الشُبّاک: کھڑکی کا کواڑ۔
شَرائِحُ خُبزٍ مَفرُوشَةٌ بِالزُبدَة: مکھن لگے ہوئے سلائس۔
مَشرَحَة: پوسٹ مارٹم یا چیر پھاڑ کا کمرہ، پوسٹ مارٹم روم۔
عِلمُ التَشرِيح: علم تشریح، اناٹومی۔
مِشرَحَة: سلائسر۔
شَرَخَ ـُ شَرخاً: سر توڑنا۔
شَـرخ: شگاف، پھٹن، کریک (ہڈی یا دیوار کا)۔
شَرخُ الشَّباب: نوجوانی۔
شَرَدَ ـُ شُرُوداً: بھاگنا، فرار ہونا، قبضہ سے نکلنا (۲) لفظ کا ذہن سے نکلنا (۳) گمراہ اور آوارہ ہونا۔
شَرَدَ الفِكرُ: ذہن کا منتشر ہونا
شَرَدَ عَلَى اللّٰه: اطاعت سے باہر ہونا۔
شَرَّدَ و أَشرَدَ: بھگانا، منتشر کرنا، شہر بدر کرنا، دیس سے نکالنا۔
تَشَرَّدَ: ہلاک ہونا، منتشر ہونا، آوارہ ہونا۔
شُرُود: فرار، گمراہی، پریشان خیالی، حیرانی۔
شُرُودُ الفِكر: انتشار ذہن۔
شَرِيد، مُتَشَرِّد: گمراہ، آوارہ، گم کردہ منزل۔
شَـارِد: فرار ہونے والا، گمراہ، آوارہ، منتشر، ذہن سے نکلا ہوا، مشکل لفظ۔
شَارِدُ الفِكر: پریشان خیال، منتشر الذہن، پراگندہ خیال۔

شَارِدُ الذِّهن: پریشان خاطر۔
شَوارِدُ اللُّغَة: نادر و غریب الفاظ۔
مُتَشَرِّد: بے گھر، بے ٹھکانا، آوارہ، گمراہ۔
شِرذِمَة: مختصر جماعت، ٹولی ج: شَراذِم و شَراذِيم
شَرَّ ـِ شَرّاً و شَرارَةً: شریر ہونا، بدی کرنا۔
شَرَرَة و شَرارَة: چنگاری ج: شَرَر و شَرار
شارَّہ مُشارَّةً: برا معاملہ کرنا، بدسلوکی کرنا۔
شَـرّ: (۱) بدی، فساد، خرابی، گناہ، بداخلاق ج: شُرُور شَرّ (۲) (اسم فاعل) برا، خراب، بداخلاق، ج: شِرار و أَشرار
شَرّار: جس سے چنگاریاں نکل رہی ہوں۔
شِرِّير: شرارتی، اذیت رساں، فسادی، غلط کار، گنہگار۔
شَرِسَ ـَ شَراسَةً: بداخلاق ہونا۔
شَراسَة: بدخلقی۔
شَراسَةُ القِتال: لڑائی کی شدت۔
شَراسَةُ المَعرَكَة: جنگ کی شدت۔
شَرشَف: پلنگ کی چادر (مِلاءَة)
شَرَطَ ـُ شَرطاً عليه في كذا: شرط لگانا۔
اشتَـرَطَ: کسی چیز کا پابند بنانا، ایک چیز کو دوسری پر معلق کرنا، شرط کرنا، شرط لگانا۔
شَرَطَ و شَرَّطَ: کھال کو خون وغیرہ نکالنے کے لیے چیرنا۔
شَارَطَه مُشارَطَةً: شرط بدنا، ایک کا دوسرے سے شرط لگانا۔
تَشَرَّطَ في العَمَل: ماہر ہونا۔
شُرطِيّ: سپاہی، پولیس مین۔
شُرطَة: پولیس۔

شُرطةُ الجَیش: ملٹری پولیس۔
الشُرطةُ العَسکرِیَّة: ملٹری پولیس۔
شَرطَة: (-) چھوٹا خط جو دو جملوں کے درمیان ہوتا ہے۔
شَرطٌ اِضافِيّ: زائد شرط۔
شَرطُ التَّحکِیم: فیصلہ سنانے کی شرط، عدالتی شرط۔
الشُرُوطُ والمُواصَفات: شروط وقیود۔
شُـرُوطُ الاِستِخدام: ملازمت دینے کے شرائط۔
شُرُوطُ التَّعیِین: شرائط تقرر۔
شُرُوطُ التَّوظِیف: ملازم رکھنے کے شرائط
شُرُوطٌ سَهلَة: آسان شرطیں۔
شُرُوطُ عَقدِ التَّوکِیل: ایجنسی کے شرائط
شُرُوطٌ قَاسِیَة: سخت شرطیں۔
شُرُوطٌ مُسبَقَة: پیشگی شرائط۔
شَرطِیَّة: معاہدہ، بدھی ہوئی شرط۔
شَـرِیط ج: اَشـرِطَة و شَـرَائِطُ: فیتا، تسمہ، ٹیپ، ریل، سلسلہ۔
__ المِصبَاح: لمپ کی بتی۔
__ الآلَةِ الکَاتِبَة: ٹائپ کا فیتا۔
__ الـجُـندِيّ: سپاہی کا امتیازی فیتا، پٹی جو مونڈھے پر لگی ہوتی ہے۔
__ القِیَاس: پیمائش کا فیتا، کپڑے کا گز۔
__ السِّینَما: سینما فلم۔
__ النَّار: پٹاخوں کی بتی۔
شَرِیطُ الاَحدَاث: سلسلہ واقعات۔
شَرِیطٌ مُستَطِیل: لمبی پٹی۔
شَرِیطُ التَّسجِیل: ریکارڈنگ ٹیپ۔

المُسَجِّلَةُ الشَّرِیطِیَّة: ٹیپ ریکارڈر
رَایَةُ الأَشرِطَة: پٹیوں دار پرچم۔
مِشـرَط: آلہ جراحی جس سے جلد کو کاٹا جائے۔
شَـرَعَ ـــ شَـرعاً و اشتَرَعَ: قانون بنانا، ضابطہ بنانا (۲) راہ نکالنا۔
__ مَشرُوعاً: منصوبہ بنانا، اسکیم بنانا۔
__ واَشرَعَ و شَرَّعَ علیه: نشانہ لگانا۔
__ __ __ سَیفَه: تلوار سونتنا۔
__ __ __ الحَبلَ: رسی باندھنا۔
شَرَعَ المَاشِیَةَ وبِهَا شُرُوعاً: جانور کو پانی پر لے جانا۔
شَرعٌ و شَـرِیعَة: قانون، ضابطہ (۲) اسلامی احکام کا مجموعہ، راہ خداوندی (۳) صاف وکشادہ راستہ۔
شَرعِيّ: قانونی، جائز۔
اِبنٌ شَرعِيٌّ: حلال لڑکا۔
اِبنٌ غَیرُ شَرعِيّ: حرام لڑکا۔
الـمَـالِکُ الشَّرعِيّ: جائز مالک، جائز اور قانونی حق دار۔
شَرعِیّاً: قانونی طور پر، جائز طور پر۔
شَرعِیَّة: قانونی شکل، جواز۔
شَرعَة: چمڑے کا ایک ٹکڑا۔
شِرَاعُ السَّفِینَة: بادبان ج: اَشرُعٌ
سَفِینَةٌ شِرَاعِیَّة: بادبانی کشتی
شَرِیعَة ج: شَرَائِع: قانون
شَرِیعَةُ البِلَاد: ملکی قانون۔
شَـرِیعَةُ الـغَـاب: جنگل کا قانون، وحشیت، بربریت۔

الشَّرِيعَةُ الغَرَّاء (السَّمحَة): اسلامی قانون، شریعت محمدی۔
نَهرُ الشَّرِيعَة: شرقِ اُردن کی نہر
شَارِع ج: شَوَارِع: قانون ساز (۲) زندگی کی شاہراہ بتانے والا، لائحہ عمل اور منصوبے بنانے والا۔
شَارِع ج: شَوَارِع: سڑک، عام راستہ، اسٹریٹ۔
الشَّارِعُ المُسَفلَت: ڈامر روڈ۔
تَشرِيعُ: قانون سازی۔
التَّشرِيعُ الجنائيّ: فوجداری قانون۔
تَشرِيعُ العُمَّال: لیبر قانون۔
تَشرِيعُ القَوانِين: آئین بنانا، قوانین بنانا۔
تَشرِيعَات: قوانین، آئین۔
تَشرِيعَاتُ جُمرُكِيَة: کسٹم قوانین
تَشرِيعَاتُ وِقَائِيَة: حفاظتی قوانین
سُلطَةٌ تَشرِيعِيَّة: اختیار قانون سازی۔
مَشرُوع ج: مَشرُوعَات ومَشَارِيع: منصوبہ، اسکیم، پلان، پروجیکٹ، آئیڈیا (۲) جائز، قانونی، آئینی، دستوری۔
مَشرُوعُ قَانُون: مسودہ قانون۔
مَشرُوعُ إِنمَائِيّ: ترقیاتی پلان۔
مَشرُوعُ بَدِيل: متبادل اسکیم۔
مَشرُوعُ تِجَارِيّ: تجارتی پروگرام۔
مَشرُوعُ تَحتَ التَّنفِيذ: زیر عمل منصوبہ۔
مَشرُوعُ تَمهِيدِيّ: ابتدائی منصوبہ۔
مَشرُوعُ التَّوطِين: آبادکاری منصوبہ۔
مَشرُوعُ شَامِل: جامع منصوبہ۔

مَشرُوعُ القَانُون: مسودہ قانون، بل۔
مَشرُوعُ قَرَار: مسودہ قرارداد، ڈرافٹ ریزولیشن، قرارداد کا مسودہ۔
مَشرُوعُ مَرحَلِيّ: مرحلہ وار منصوبہ۔
مَشرُوعُ المِيزَانِيَة: مسودہ بجٹ۔
مَشرُوعُ مِيزَانِيَّةٍ عُمُومِيَّة: مسودہ جنرل بجٹ، عوامی بجٹ کا مسودہ۔
مَشرُوعَاتُ استِثمَار: سرمایہ کاری کے منصوبے۔
المَشرُوعَاتُ الإِنمَائِيَة: ترقیاتی منصوبے۔
مَشرُوعَاتُ دِفَاعِيَّة: دفاعی اسکیمیں۔
المَشرُوعَاتُ الصِنَاعِيَة: صنعتی منصوبے۔
مَشرُوعَاتُ هَندَسِيَة: انجینئرنگ پروجیکٹ۔
مَشَارِيعُ إِنشَائِيَة: تعمیری پروجیکٹ۔
مَشَارِيعُ التَّنمِيَة: ترقیاتی پلان، منصوبے۔
مُشَرِّع: قانون ساز۔
مُتَشَرِّع: قانون داں، بیرسٹر (۲) دیندار۔
شَرُفَ ـُ شَرَفاً و شَرَافَةً: باعزت ہونا، بلند رتبہ ہونا۔
شَرِفَ ـَ شَرَفاً: بلند ہونا (۲) قریب ہونا۔
شَرَّفَ تَشرِيفاً: عزت بخشنا، حیثیت بلند کرنا۔
شَارَفَه مُشَارَفَةً: کسی پر عزت و شرف میں فخر کرنا۔
شَارَفَ عَلَى الإِنتِهَاءِ مِن كذا: فارغ ہونے کے قریب ہونا۔

شَارَفَ المَكَانَ: کسی بلند جگہ پر چڑھنا۔
شَارَفَ و اَشْرَفَ عَلَى الْعَمَلِ :نگرانی کرنا، دیکھ بھال کرنا۔
___ ___ عَلَى الْمَكَانِ :قریب ہونا، سامنے ہونا۔
تَشَرَّفَ :شرف وعزت حاصل کرنا۔
تَشَرَّفَ بِالسَّلامِ عَلَى فُلانٍ: سلامی دے کر عزت حاصل کرنا۔
تَشَرَّفَ الضَّيْفُ بِلِقَاءِ فُلانٍ :ملاقات کا شرف حاصل کرنا۔
شَرَفٌ: آبرو، اعزاز، فخر، بلندی نسبت۔
شَرَفِيٌّ :اعزازی۔
عُضْوُ شَرَفٍ :اعزازی ممبر۔
عَلَى شَرَفٍ :اعزاز میں۔
شَرَفَةُ القَصْرِ: فصیل کا جھروکا۔
شُرْفَةٌ: بالکنی، گیلری ج: شُرَفٌ
شُرْفَةٌ خَارِجِيَّةٌ: گیلری۔
الشُّرْفَةُ الخَارِجِيَّةُ لِلْجُمْهُورِ :پبلک گیلری۔
الشُّرْفَةُ العُلْيَا: بالائی گیلری۔
شُرْفَةُ كِبَارِ الزُّوَّارِ :ممتاز مہمانوں کی گیلری۔
شُرْفَةُ المَسْرَحِ: ڈرامہ گاہ کی گیلری۔
شَرِيفٌ :معززین۔
الأَشْرَافُ : بلند مرتبہ لوگ، قوم کے بڑے، معززین۔
اِشْرَافٌ: نگرانی، سپروائزری، ڈائریکشن۔
الاِشْرَافُ الكَامِلُ عَلَى شَيْءٍ: مکمل کنٹرول۔

تَشْرِيفَةٌ: تقریب سرکاری۔
تَشْرِيفَاتِيٌّ: سرکاری تقریبات کا منتظم۔
الـ مُشْرِفُ :اور سیئر، ۃ سپرنٹنڈنٹ، سپروائزر، نگراں۔
مُشْرِفٌ اِجْتِمَاعِيٌّ: سوشل ورکر۔
مُشْرِفٌ على: قریب، سامنے۔
مُشْرِفٌ على العَمَلِ :نگران کار، سپروائزر۔
مُشْرِفُ عُمَّالٍ :فورمین۔
شَرَقَ ـُـ شُرُوقاً و أَشْرَقَ: چمکنا۔
شَرَقَ و أَشْرَقَ :روشن کرنا۔
أَشْرَقَ الكَوْنُ: کائنات کا روشن ہونا۔
اَشْرَقَ وَجْهُهُ بِشْراً :اس کا چہرہ خوشی سے چمک اٹھا۔
شَرَّقَ تَشْرِيقاً: جانب مشرق چلنا۔
شَرْقٌ: جانب مشرق، مشرقی ملک۔
الشَّرْقُ الأدْنَى: مشرق قریب۔
الشَّرْقُ الأقْصَى :مشرق بعید۔
الشَّرْقُ الأَوْسَطُ: مشرق وسطیٰ، مڈل ایسٹ۔
شَرْقَةٌ: اچھو۔
شَرْقِيٌّ: ایسٹرن، مشرقی۔
شُرُوقٌ: چمک، طلوع۔
مُشْرِقٌ: چمکدار، روشن، تابناک۔
مَشْرِقِيٌّ: ایسٹرن۔
شَرِكَ ـَـ شِرْكاً: شریک ہونا، شرکت کرنا۔
شَارَكَهُ مُشَارَكَةً: حصہ دار ہونا۔
اِشْتَرَكَ فِي جَرِيْدَةٍ :اخبار کا خریدار ہونا۔
اَشْرَكَهُ: شریک کرنا، حصہ دار بنانا۔

شَرَکٌ: جال، پھندا، نیٹ۔
شِرْکَة، شَرِکَة: (۲) شرکت، حصہ داری (۲) کمپنی فرم ج: شَرِکَات
شَرِکَةٌ تِجارِیَّة: تجارتی فرم۔
شَرِکَةُ تَعْبِئَة: پیکنگ کمپنی۔
شَرِکَةُ الزَّیْت: آئل کمپنی۔
شَرِکَةُ الطَّیَران: ہوائی کمپنی۔
شَرِکَةُ مُساهَمَةٍ مَحْدُودَة: لمیٹڈ کمپنی۔
شَرِکَةُ المِلاحَة: جہازراں کمپنی۔
شَرِکَةُ مِلاحَةٍ بَحْرِیَّة: جہازراں کمپنی۔
شَرِکَةُ نَقْلٍ: ٹرانسپورٹ کمپنی۔
شَرِکَاتُ الاسْتِثْمار: سرمایہ کار کمپنیاں۔
شَرِکَاتٌ مَدَنِیَّة: سول کمپنیاں۔
شِرَاک: تسمہ، جوتے کا فیتا ج: اَشْرِکَة
اَلشَّرِیک: پارٹنر، حصہ دار، ساجھے۔
شَرِیکٌ عَامِل: ایکٹنگ شریک، ایکٹنگ پارٹنر، کام کا شریک۔
شَرِیکٌ فی الجَرِیمَة: شریک جرم۔
شَرِیکٌ لِلتَّضامُن: برابر کا شریک (ہر چیز میں شریک)۔
شَرِیکٌ مُکَلَّفٌ بِالإدَارَة: انتظام کا شریک۔
شَرِیکٌ مُوَصٍّ: مقررہ حصہ کا حصہ دار
اشْتِرَاک: (۱) شرکت، حصہ (۲) رسالہ وغیرہ کی ممبری، خریداری (۳) رسالہ کا چندہ
اشْتِرَاکٌ سَنَوِیّ: سالانہ خریداری، سالانہ چندہ۔
بِالاشْتِرَاک: مشترک طور پر۔
اشْتِرَاکِیّ: سوشلسٹ، اشتراکی۔
اشْتِرَاکِیٌّ مُتَطَرِّف: کمیونسٹ۔
اشْتِرَاکِیَّة: سوشلزم۔
اشْتِرَاکِیَّةٌ مُتَطَرِّفَة: کمیونزم۔
مُشْتَرَک: (۱) متبادل (۲) عام، مروجہ (۳) متحدہ، باہمی۔
مُشْتَرِک: اخبار یا رسالہ کا خریدار۔
مُشارَکَة: حصہ دار ہونا، شرکت، اشتراک۔
المُشارِک: حصہ دار، شریک کار۔
شَرِهَ ـَـ شَرَهاً و شَرَاهَةً إلى الطَّعام: کھانے کی بے حد خواہش ہونا، بدنیت ہونا، حریص ولالچی ہونا۔
شَرَى ـِـ شِرَاءً و شِرىً: خریدنا، بیچنا۔
اشْتِرَاء: خریدنا۔
اسْتِشْرَاء: پھیلنا۔
شِرَاءُ الحَاجِیَات: شاپنگ، ضرورت کی خریداری۔
مُشْتَرَیَاتٌ نَقْدِیَّة: کیش خریداریاں
شِرْیَان ج: شَرَایِین: متحرک رگیں جن میں خون دوڑتا ہے۔
شَارٍ، مُشْتَرٍ: خریدار۔

ش .... ز

شَزَرَ الرَّجُلَ و إلَیْهِ ـِـ شَزْراً: گوشہ چشم سے دیکھنا، غضبناک نگاہوں سے دیکھنا۔
شَزْرٌ: غصہ، تیزی، نگاہ غضب، خشمگیں نگاہ۔

ش .... س

شَسَعَ ـَـ شَسْعاً و شُسُوعاً: دور ہونا۔
شَاسِع: دور دراز۔
بُعْدٌ شَاسِعٌ: طویل فاصلہ۔
فَرْقٌ شَاسِعٌ: زبردست فرق۔

ش .... ص

شَصٌّ: کانٹا ج: شُصُوصٌ

شَصَّ ـِ شَصًّا: دانتوں سے پکڑ لینا۔

ش .... ط

شَطَّ ـُ شَطًّا و شُطُوطًا: دور ہونا، حد سے متجاوز ہونا (۲) حق سے ہٹنا (۳) موضوع سے ہٹنا (۴) ظلم کرنا۔

أَشَطَّ و اشْتَطَّ: حد سے بڑھنا، تیز ہونا

شَطَطٌ: غیر منصفانہ بات، انحراف۔

شَطٌّ ج: شُطُوطٌ: کنارہ۔

شَطَّة: تیز مرچ (دا)

شَطءٌ، شَاطِئٌ ج: شَوَاطِئُ: کنارہ، ساحل

شَطَبَ ـُ شَطْبًا: (ا) لمبائی میں پھاڑنا (۲) مٹانا (۳) لکھی ہوئی عبارت کو کاٹنا، قلم زد کرنا، حذف کرنا۔

شَطَبَ اسْمَهُ مِنْ كَذا: نام کاٹنا، خارج کرنا۔

شَطَبَ الدَّعْوىٰ: مقدمہ خارج کرنا۔

شَطَبَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) ختم کرنا۔

شَطَبُ كَلِمَةٍ: کسی لفظ کو حذف کرنا۔

الشَّطبُ مِنْ جَدْوَلٍ: فہرست سے نکالنا۔

شَطَرَ ـُ شَطْرًا: آدھا کرنا، تقسیم کرنا۔

شَطَرَ الجَيْشَ: فوج کو دو حصوں میں تقسیم کرنا۔

شَطَرَ عَنْهُمْ ـُ شُطُورًا: الگ ہونا۔

شَطَّرَ تَشْطِيرًا: تقسیم کرنا۔

شَطُرَ ـُ شَطَارَةً: چالباز ہونا۔

تَشَطَّرَ: چالاکی سے کام کرنا۔

شَاطَرَه مُشَاطَرَةً: حصہ بٹانا، حصہ دار بنانا، شریک ہونا، نصف نصف لینا۔

شَاطَرَهُ الحُزْنَ أَوِ المُصَابَ: شریک غم اور شریک مصیبت ہونا۔

شَطْرٌ: حصہ، ٹکڑا، جز ج: شُطُور

شَطَارَة: چالاکی، چالبازی، مکاری، مہارت، ہوشیاری۔

شَاطِر: (ا) آدھا کرنے والا (۲) خبیث، چالاک، مکار۔

مَشْطُور: تقسیم شدہ۔

شَطَفَ ـُ شَطْفًا: دور نکل جانا، جانا (۲) دھونا۔

تَشْطِيف: دھلائی۔

حَوْضُ التَّشْطِيف: دیوار میں لگا ہوا ہاتھ دھونے کا ٹب۔

شَطَنَ ـُ شَطْنًا: (ا) دوار کرنا (۲) باندھنا

شَطَنٌ ج: اَشْطَان: رسی، بندھن۔

تَشَيْطَنَ: شیطان بننا۔

شَيْطَنَة: شیطانی فعل کرنا۔

ش .... ظ

شَظَفٌ: تنگ دستی عسرت (س)

شَظِيَ ـَ شَظًى: پھٹنا، منتشر ہونا۔

شَظِيَّة ج: شَظَايَا و شَظِيٌّ: ٹکڑا، کرچ، پارہ، چورا (۲) پنڈلی کی ہڈی۔

ش .... ع

شَعَّبَ تَشْعِيبًا: شاخ نکالنا، شاخ در شاخ کرنا۔

تَشَعُّبَ: شاخ در شاخ ہونا۔

تَشَعُّبُ الآرَاءِ: آراء کا مختلف ہونا (۲) اختلاف رائے۔

شَعَبَ ـَ شَعْبًا: (ا) شاخ در شاخ کرنا (۲) منتشر و متفرق کرنا (۳) خراب کرنا (۴)

یکجا کرنا۔
شَعْبٌ ج:شُعُوب : قوم، بڑا قبیلہ، جماعت عوام، پبلک، جمہور۔
الشَّعْبُ الكَادِح: جفاکش عوام۔
شَعْبٌ مُشَرَّدٌ: ملک بدر قوم۔
الشَّعْبُ المُضْطَهد: مظلوم عوام۔
الشَّعْبُ المُنَاضِل: سرفروش عوام۔
شَعْبِياً: عوامی سطح پر۔
شَعْبِيّ: عوامی، جمہوری۔
شِعْبٌ ج: شِعَاب: گھاٹی، جگہ، پہاڑی کا راستہ۔
شُعْبَة ج: شُعَبٌ :شاخ (۲) انتظامی شعبہ، برانچ۔
شَعْبِيَّة:عوامی مقبولیت، عوامیت۔
الشُّعُوبُ الحُرة: آزاد قومیں۔
الشُّعُوبُ غَيْرُ المُلْتَزِمَة: غیر پابند قومیں۔
الشُّعُوبُ غَيْرُ المُنحازَة :غیر جانبدار قومیں، ناوابستہ قومیں۔
الشُّعُوبُ المُحَارِبَة: برسرپیکار قومیں۔
الشُّعُوبُ المُحِبَّة لِلسَّلاَم: امن پسند اقوام۔
الشُّعُوبُ المُنحازَة: جانب دار قومیں۔
شَعْبَذَة: شعبدہ دکھانا، ہاتھ کی صفائی دکھانا (۲) ہاتھ کی صفائی۔
شَعِثَ ـــ شَعَثاً: پراگندہ ہونا، غبار آلود ہونا (۳) منتشر ہونا۔
شَعَّثَ تَشْعِيثاً: منتشر کرنا، تفریق ڈالنا۔
شَعِثٌ، اَشْعَثُ: پراگندہ، گردآلود، بدحال، بکھرا ہوا۔

شَعْوَذَة :شعبدہ بازی، ہاتھ کی صفائی، مداری کا تماشہ۔
مُشَعْوِذ: ہاتھ کی صفائی یا کرتب دکھانے والا، مداری، جادوگر۔
شَعَرَ ـُ شِعْراً: شعر کہنا۔
شَعَرَ لَهُ: شعر سنانا، کسی کے لیے شعر کہنا۔
أَشْعَرَهُ الأَمْرَ وبه: بتانا، خبر دینا، محسوس کرانا، احساس دلانا، اطلاع دینا، نوٹس دینا۔
اسْتَشْعَرَه: محسوس کرنا، سمجھنا۔
شَعْرٌ و :شَعْرَةٌ: بال۔
شَعْرٌ عَارِيَة: مصنوعی بال۔
شَعْرِيٌّ: بالوں کا، بالوں جیسا۔
شِعَارٌ: علامت، نشان امتیاز، نشان خاص (۲) بیج (۳) موٹو، جھنڈا (۴) بھیس ج: اَشْعِرَة و شِعَارَات
شِعَارٌ تِجَارِيّ: ٹریڈ مارک۔
شِعَارٌ مُضَادٌّ لِلحُكُومَة: حکومت مخالف پروپیگنڈا۔
شِعَارَات: نعرے، علامات، امتیازی نشانات
شِعَارَاتٌ مُزَيَّفَة: کھوکھلے نعرے۔
شِعَارَاتٌ مُنَاوِئَة: مخالف نعرے۔
شُعُور :(۱) احساس (۲) علم (۳) اثر پذیری (۴) جذبہ۔
شُعُورٌ دَاخِلِيّ: وجدان۔
شُعُورٌ شَنِيع: براجذبہ۔
شُعُورٌ نَبِيل: بلند جذبہ۔
الشُّعُورُ بالحِرْمَان: احساس ناکامی، احساس محرومیت

الشُعُورُ بالرَّاحَة: آرام پانا۔
الشُعُورُ بالاِستِعلَاء: احساس برتری۔
الشُعُورُ المُعَادِی: مخالف جذبہ۔
عَدِيمُ الشُعُور: بے حس، بے علم۔
فَاقِدُ الشُعُور: بے حس۔
شَعِيرٌ: شَعِيرَةٌ: جو، بارلی Barley۔
شَعِيرَةٌ ج: شَعَائِرُ: مذہبی علامت، نشان خاص، علامت۔
شَاعِرٌ مَطبُوع: فطری شاعری، طبع زاد شاعر۔
الشُعَراءُ المَاجنُون: رومانی شعراء۔
إِشعَار: نوٹس، اطلاع، نوٹ، وارننگ۔
إِشعَارُ دائِن: کریڈٹ، میمورنڈم، قرض خواہ کا نوٹس۔
إِشعَارُ دُود: اطلاع آمد۔
مَشعَرٌ ج: مَشَاعِرُ: حس، احساس (۲) ذوق۔
مَشَاعِرُ: جذبات، احساسات۔
مَشَاعِرُ السُرُور: جذبات مسرت۔
مَشَاعِرُ الشَّعبِ الفَيَّاضَة: عوام کے زبردست جذبات۔
مَشَاعِرُ مَكتُومَة: دبے ہوئے جذبات
مَشَاعِرُ الوُدّ: جذبات محبت۔
المَشَاعِرُ الوَطنِيَّة: قومی جذبات۔
شَعَّ ـــ شَعًا وشَعَاعاً: پانی کا پھیلنا، منتشر ہونا۔
شَعَّ شَعِيعاً: جلدی کرنا، تیز کرنا۔
أَشَعَّ اِشعَاعاً: پھیلانا، بکھیرنا۔
أَشَعَّ الكَوكَبُ: ستارہ کا چمکنا۔

أَشعَّتِ الشَّمسُ: آفتاب کا شعاع ریز ہونا۔
شُعٌّ، شُعَاع ج: اَشِعَّة: کرن، چمک۔
شَعِفَ بِحُبِّهِ ـــ شَعفاً: گرفتار محبت ہونا۔
شَعَلَ ـــ شَعلاً و اَشعَلَ و شَعَّلَ: آگ جلانا، بھڑکانا، سگانا، سگریٹ سلگانا، دیا سلائی جلانا۔
أَشعَلَ نَارَ الحَمَاسه: جوش دلانا۔
اَشتَعَلَ: آگ جلنا، سلگنا، پھڑکنا۔
اشتَعَلَ غَضَباً: غصہ سے بھڑکنا۔
اشتَعَلَ رَأسُهُ شَيباً سر کے بال سفید ہونا۔
شُعلَة: آگ کی لپیٹ، لو ج: شُعَل
مِشعَلٌ كَهرَبَائِیّ (بَطَّارِيَّة صَغِيرَة): ٹارچ۔
مَشَاعِلِیّ: مشعل بردار۔
شَعَانِين: نصاریٰ کی ایک عید جو اتوار کے روز منائی جاتی ہے۔
شَعوَاء: منتشر۔
حَربٌ شَعوَاءُ: عمومی جنگ، زبردست جنگ۔

ش............غ

شَغَبَ ـــ شَغباً: فساد برپا کرنا، شرارت کرنا، (کسی کے خلاف) ہنگامہ کرنا۔
شَاغَبَ مُشَاغَبَةً: کسی کے ساتھ شرارت کرنا، غنڈہ گردی کرنا۔
شَغبٌ: فساد، بدامنی، شرارت، ہلڑبازی، ہنگامہ، شوروشر، فتنہ گری، غنڈہ گردی۔
شَغَابٌ ومُشَاغِبٌ منادی: غنڈہ،

آفت کا پر کالا۔
مُشَاغَبَة: غنڈہ گردی، مفسدہ پردازی، ہنگامہ آرائی۔
شَغَرَ ـُـ شُغُوراً: (۱) جگہ خالی ہونا، خالی ہونا (۲) لوگوں کا منتشر ہونا۔
شَاغِرٌ: خالی۔
شَاغُوْر: آبشار۔
شَغَفَه ـَـ شَغْفاً: فریفتہ بنانا۔
شُغِفَ وَ انْشَغَفَ به: گرفتار محبت ہونا، فریفتہ ہونا۔
شَغَفٌ بِشيئٍ: دل چسپی، لگاؤ۔
شَغَفُ و شَغَافُ القَلْب: دل کا غلاف
مَشْغُوفٌ بِه: فریفتہ۔
شَغَلَ ـَـ شُغْلاً و شَغَّلَ: کام دینا، کام میں لگانا، مصروف بنانا۔
شَغَلَ المَنْصِبَ: عہدے پر رہنا، فائز رہنا۔
شَغَلَ الوَظِيفَةَ: آسامی پر کرنا، منصب کو پر کرنا۔
شَغَلَ و اَشْغَلَ المَكَانَ أو الوَقْتَ: جگہ یا وقت کو گھیرنا۔
شَغَلَ وشَاغَلَ: بے توجہ بنا دینا۔
شَغَّلَ تَشْغِيلاً: کام لینا، مشین چالو کرنا، اسٹارٹ کرنا۔
شَغَّلَ المُحَرِّكَ: موٹر چلانا۔
شَغَّلَ المَالَ: کسی کام میں سرمایہ لگانا۔
اشْتَغَلَ و تَشَاغَلَ بِه: مشغول ہونا۔
اشْتَغَلَ قَلْبُهُ: پریشان ہونا۔
اشْتَغَلَ بِعَمَلٍ: کام میں لگنا، مصروف ہونا۔
اشْتَغَلَتِ الآلَةُ: مشین کا چالو ہونا۔
اشْتَغَلَ أَوْقَاتاً إِضَافِيَّةً: اوورٹائم کرنا۔
شُغْلٌ ج: أَشْغَال: مشغلہ، کام، روک، مصروفیت، حالت، پیشہ۔
شُغْلُ الإِبْرَة: ایمبرائڈری، پھول نکالنے کا کام، کشیدہ کاری۔
شُغْلُ البَال: دل کو مشغول کرنا۔
الشُغْلُ الشَّاغِلُ: اہم مشغلہ۔
شُغْلٌ شَاقٌّ: محنت کا کام۔
شُغْلُ يدٍ: دست کاری، ہاتھ کا بنا ہوا۔
شَغْلة: کام، مشغلہ۔
الشَّغِيل: ورکر۔
شَغَّال: مزدور، کارکن، قلی، کاریگر، بزی، مشغول، بے حد مصروف۔
مَشْغُول: انگیج، بزی، مصروف۔
مَشْغَل: ورک شاپ (۲) محتاج خانہ

ش .... ف

الشِّفْرَةُ: خفیہ تحریر، خفیہ تحریر لکھنے کا قاعدہ (۲) بلیڈ ج شَفْرَةُ الحِلاقَة بلیڈ ج شَفْرٌ و شِفَار
شَفَعَ ـَـ شَفْعاً و شَفَاعَةً و تَشَفَّعَ له أو فيه إلى فُلان: سفارش کرنا۔
شَفَعَ الشئَ: ایک چیز کو دوسری سے ملانا۔
شَفْعٌ: جوڑ، دو کا مجموعہ۔
شَفْعِيّ: (خلاف وِتْرِيّ) جفت عدد۔
شَفَاعَة: سفارش۔
شَفَاعِيّ: سفارشی، سفارشانہ۔
شَفِيعٌ: وکیل، سفارشی ج: شُفَعَاءُ شَفَف
تَشْفِيفاً ـُـ شَفّاً: پتلا کرنا (۲) نڈھال بنا

دینا، کمزور بنانا۔

شَفَّ ـِ شُفُوْفاً: پتلا اور باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے، صاف اور شفاف ہونا۔

اشتفَّ الإِنَاءَ: برتن کا پورا پانی پینا۔

اِسْتَشَفَّ الشئَ: کسی چیز کا عیب جاننے کے لیے دیکھنا۔

شَفَّاف: باریک، پتلا، صاف شفاف۔

وَرَقٌ شَفَّاف: باریک کاغذ، ٹریسنگ پیپر۔

شَفِقَ ـَ شَفَقاً و اَشفَق عَلَيْهِ: مہربانی کرنا، شفقت کرنا، ہمدردی کرنا، خیر خواہی کرنا، کسی کی طرف سے فکر مند ہونا۔

شَفِقَ مِنَ الأمْرِ: ڈرنا۔

شَفَنَ إليه ـِ شُفُوناً: کن انکھیوں سے دیکھنا۔

شَفَهَ ـَ شَفْهاً: ہونٹ پر مارنا۔

شَفَةٌ ج: شِفَاهٌ: ہونٹ۔

شَفَةٌ و شَفاً: کنارہ۔

شَفَهِيٌّ و شَفَوِيٌّ: زبانی۔

اِمْتِحَانٌ شَفَوِيٌّ: تقریری امتحان۔

شَفَهِيّاً، شَفَوِيّاً: زبانی طور پر۔

شَافَهَهُ مُشَافَهَةً: منہ درمنہ بات کرنا، بالمشافہ گفتگو کرنا۔

شَفاً: کنارہ ج: اَشْفَاء

شَفَاهُ من المَرَضِ ـِ شِفَاءً: تندرستی عطا کرنا، اچھا کرنا۔

شَفَى الجُرْحَ: زخم بھرنا۔

اَشْفَى عَلَى كذا: سامنے آنا، قریب ہونا، متوجہ ہونا۔

اِشْتَفَى: مراد پانا۔

تَشَفَّى و اِسْتَشْفَى به: شفا پانا۔

تَشَفَّى من: انتقام لینا۔

شِفَاءُ الجُرْحِ: اندمالِ زخم، زخم بھرنا۔

شِفَاءٌ مِنَ المَرَضِ: آرام ہونا، اچھا ہونا، افاقہ ہونا۔

شَافٍ: اطمینان بخش، (۲) شفا دینے والا۔

مُسْتَشْفَى: ہسپتال، ہاسپٹل۔ ج: مُسْتَشْفَيَات

مُسْتَشْفَى أمْرَاضٍ عَقْلِيَّةٍ: دماغی امراض کا ہسپتال۔

مُسْتَشْفَى المَجَاذِيبِ: پاگل خانہ، دیوانوں کا ہسپتال۔

ش .... ق

شَقِرَ ـَ شَقَراً: سرخ وزردی مائل ہونا، بھورے رنگ کا ہونا۔

مِصفَاة: ریفائنری، تیل وغیرہ صاف کرنے کا کارخانہ۔
مِصفَاة: فلٹر، باریک چھلنی جس سے چائے وغیرہ چھانی جائے ج: مَصَافٍ
مُصطَفَى: چیدہ، پسندیدہ۔

ص............ق

صَقَعَ الدِّيكُ ــــ صَقعاً و صَقِيعاً صُقَاعاً: چیخنا، بانگ دینا۔
صَقَّعَ تَصقِيعاً: بے حد سرد ہونا۔
صُقعٌ ج: اَصقَاع: مقام، ملک، علاقہ۔
صَقعَة: سخت سردی۔
صُقَاع وصَقِيع: مرغ کی آواز، بانگ۔
صِقَاع: وہ روپوش جس کے ذریعہ زہریلی گیس وغیرہ سے چہرہ کی حفاظت کی جائے، گیس بچاؤ نقاب۔

صَقِيع: برف یا پالا جو شب میں آسمان سے گرتا ہے۔
مِصْقَع ج: مَصَاقِع: بلیغ، بلند آواز۔
صَقَلَ ـُ صَقْلاً: پالش کرنا، چمکانا، اجاگر کرنا، چکنا کرنا۔
صَقِيل، مَصْقُول: چکنا، چمک دار، پالش کیا ہوا، اجاگر۔
صِقَالَةُ المَرْكَب: جہاز کا زینہ۔

ص......ک

صَكَّ ـُ صَكًّا: زور سے مارنا، دروازہ بند کرنا۔
اصْطِكَاك: لرزنا، کپکپانا۔
اصْطِكَاكُ الْأَسْنَان: دانتوں کا بجنا۔
صَكٌّ ج: صُكُوك: وثیقہ، دستاویز، بونڈ، چارٹر۔
صَكٌّ مَالِيّ: چک۔

ص......ل

صَلَبَ ـِ صَلْباً: سولی پر لٹکانا۔
صَلَبَ و صَلَّبَ: مضبوط بنانا۔
صَلُبَ ـُ صَلَابَةً: سخت ہونا۔
صَلَّبَ المَوْقِفَ: پالیسی سخت کرنا۔
تَصَلَّبَ: سخت بن جانا۔
تَصَلَّبَ مَعَهُ: سختی کا برتاؤ کرنا۔
تَصَلُّبُ الأَعْضَاءِ: اعضاء سخت ہونا، ٹائٹ ہونا۔
صَلْبَة: عارضی ستون وغیرہ جو عمارت کی ڈاٹ یا لنٹر کے لیے کھڑا کیا جائے۔
صَلْبَةٌ رَاسِيَة: گول ڈاٹ کا مچان۔
صُلْبٌ ج: أَصْلَاب: پیٹھ کی ہڈی (۲) مجازاً پیٹھ، نسل (۳) فولاد۔
صُلْبٌ و صَلِيبٌ: سخت دل۔
فِي صُلْبِ المَوْضُوع: اصل موضوع پر۔
صَلِيب ج: صُلْبَان: وہ لکڑی جس پر سولی دی جائے، صلیب۔
الصَّلِيبُ الأَحْمَرُ: ریڈ کراس۔
صَلَابَة: سختی، ٹھوس پن۔
صَلُتَ ـُ صُلُوتَةً: روشن و چمکدار ہونا۔
أَصْلَتَ السَّيْفَ: تلوار میان سے نکالنا۔
صَوْلَجَان ج: صَوَالِج و صَوَالِجَة: موٹھ دار ڈنڈا، گیند کھیلنے کا بلا۔
لِعْبُ الصَّوْلَجَان: ہاکی، کرکٹ۔
صَلُحَ ـُ صَلَاحًا و صلاحية: ٹھیک ہونا (۱) نیک ہونا۔
صَلُحَ لِكَذَا: لائق ہونا۔
صَلَّحَ و أَصْلَحَ: درست کرنا، اصلاح کرنا، مرمت کرنا، تصحیح کرنا، سیدھا کرنا، ٹھیک کرنا۔
أَصْلَحَ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔
أَصْلَحَ الخَلَلَ: خرابی دور کرنا۔
صَالَحَه مُصَالَحَةً: صلح کرنا (ضد خاصَمَ)
اصْطَلَحَ عَلَى كَذَا: کسی مفہوم کی ادائیگی کے لیے کوئی لفظ خاص کرنا، مقرر کرنا۔
اسْتَصْلَحَه: ٹھیک پانا، نیک پانا، ٹھیک سمجھنا (۲) ٹھیک کرنا یا کرانا، مرمت کرنا یا کرانا۔
إِصْلَاح: ریپرنگ، تصحیح، درستگی۔

إصلاحٌ زِراعِيٌ: زرعی اصلاح۔
تَصلِيحٌ: ریپیرنگ،مرمت،درستگی۔
التصليحاتُ الزُجاجِيَّة: شیشہ کی اصلاح کاری۔
التَّصالُحُ مَعَ العَدُوِّ: دشمن کے ساتھ مل جانا۔
صُلْحٌ: امن،سلامتی،صلح۔
الصُّلحُ و المودَّة: امن وآشتی۔
صُلحٌ تعاقُدِيٌ: معاہداتی امن۔
صُلحٌ مُفرَدٌ: انفرادی صلح۔
صَلاحٌ: درستگی،نیکی۔
صَلاحُ الخُلق: اخلاق کی درستگی۔
صَلاحِيَّةٌ: لیاقت،صلاحیت (۲) اختیار۔
صَلاحِيَّةٌ إئتِمانِيَة: قرضہ کی گنجائش۔
صَلاحِيَّةُ الجوازِ للاستِعمال: پاسپورٹ میں گنجائش، پاسپورٹ کا قابل استعمال ہونا۔
صَلاحِيَّةُ القُوَّةِ الحَربِيَّة: جنگی طاقت کا معیار۔
صَلاحِيَّات: اختیارات۔
صَالِحٌ: (۱) ٹھیک،مناسب،فٹ (۲) نیک، صالح (۳) لائق (۴) منفعت، مفاد، نفع۔
الصَّالِحُ العَامّ: مفادعامہ۔
صَالِحٌ لِلفِلاحَة: قابل کاشت۔
مَصلَحَة: فائدہ (۲) محکمہ،ڈپارٹمنٹ، ادارہ،ایڈمنسٹریشن۔
مَصلَحَةُ الاستِعلامات: محکمہ اطلاعات۔
مَصلَحَةُ البَرِيد: محکمہ ڈاک۔
مَصلَحَةُ البِلادِ العُليا: ملک کا مفاد اعلیٰ۔
مَصلَحَةُ الجَمارِك: کسٹم کا محکمہ۔
مَصلَحَةٌ حُكُومِيَّة: سرکاری محکمہ۔
مَصلَحَةٌ خاصَّة: خصوصی مفاد۔
مَصلَحَةُ الرَّيِّ: محکمہ آبپاشی۔
مَصلَحَةُ السِّكَكِ الحَدِيدِيَة: ریلوے محکمہ۔
مَصلَحَةُ الضَّرائِب: محکمہ انکم ٹیکس۔
المَصلَحَةُ العَامَّة: رفاہ عام،مفادعام۔
مَصلَحَةُ العَمَل: لیبر محکمہ۔
مَصلَحَةُ الكَنس و التَنظِيف: محکمہ آرائش بلدہ۔
مَصلَحَةُ النَّقل: محکمہ ٹرانسپورٹ۔
المَصلَحَةُ الوَطَنِيَّة: قومی مفاد۔
مَصلَحِيّ: ڈپارٹمنٹل،محکمہ جاتی۔
لِمَصلَحَةِ فلان: فلاں کے مفاد میں، فلاں کے فائدے کے لیے۔
لَهُ فِيهِ مَصلَحَة: اس میں اس کا فائدہ ہے۔
مَصالِحُ: مفادات۔
المَصالِحُ الأهلِيَّة: قومی مفادات۔
المَصالِحُ الحَيَوِيَّة: زندگی کے مفادات۔
المَصالِحُ الضَّخمَة: زبردست مفادات۔
مَصالِحُ مُتبادِلَة: باہمی مفادات۔
مَصالِحُ مُشتَرَكَة: مشترکہ مفادات۔
مُصلِحٌ: ریفارمر، مصلح۔

مُصْلِحُ الماكِينات: میکانک۔
مُصْطَلَحٌ ج: مُصْطَلَحات: اصطلاح۔
صَلِخَ ـَ صَلَخاً: بہرا ہونا۔
صَلَخ: بہراپن۔
أَصْلَخُ: بہرا۔
صَلَدَ ـِ صُلُوداً و أَصْلَدَ: (۱) چقماق کا آگ نہ نکالنا (۲) سخت و خشک ہونا۔
صَلْدَة صَلُود: خشک، سخت۔
صُلُودَة: خشکی۔
صَلَّدَ السَّائِلَ تَصْلِيداً: سائل کو خالی ہاتھ واپس کرنا۔
تَصَلَّدَ السَّائِلُ: سیال شے کا جم جانا۔
صَلْصَلَة: زیور یا ہتھیاروں کی آواز، جھنکار۔
صَلْصَال: بجنے والی مٹی۔
صَلْصَة: (دا) شوربا۔
صَلِعَ ـَ صَلَعاً: سر کے بال اڑ جانا۔
صَلِفَ ـَ صَلَفاً و تَصَلَّفَ غیر واقعی وصف بیان کرنا، ڈینگ مارنا۔
صَلَفٌ: بے جا تعریف، ڈینگ، (۲) تکبر، شیخی۔
صَلِفٌ: متکبر، دعویدار (۲) بے مزہ۔
صَلَّ السِّلاحُ ـِ صَلِيلاً: ہتھیاروں کا آواز دینا۔
صَلِيلُ السِّلاحِ: ہتھیاروں کی جھنکار۔
صَلَمَ ـُ صَلْماً: کان وغیرہ کاٹنا۔
(صلو) صَلَّى صَلاةً: نماز پڑھنا۔
صَلَّى بِـ نَّاس: لوگوں کو نماز پڑھانا۔
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ: اللہ کا رحمت نازل کرنا۔
مُصَلَّى: نماز کی جگہ، عیدگاہ۔

مُصَلَّى العِيدِ: عیدگاہ۔
صَلَى ـِ صَلْياً: آگ میں سینکنا، بھوننا، آگ میں جلانا۔
أَصْلاهُ إِصْلاءً: آگ میں ڈالنا۔
اصْطَلَى و تَصَلَّى: آگ پر ہاتھ تاپنا، گرمی حاصل کرنا (۲) آگ میں جلنا۔
صَلايَة: کھرل۔
مُصْطَلَى: انگیٹھی جو دیوار میں لگی ہو۔

ص............م

صَمَتَ ـُ صَمْتاً و صُمُوتاً: خاموش ہونا۔
صَمَّتَ تَصْمِيتاً: خاموش کرنا۔
صِمِّيتٌ، صَمُوتٌ: کم گو، خاموش طبیعت۔
صَامِت: خاموش، بے آواز، بے زبان
حائِطٌ مُصْمَتٌ: ایسی دیوار جس میں کوئی روشن دان وغیرہ نہ ہو۔
صَمَخَ أُذُنَه ـُ صَمْخاً: کان کا پردہ پھاڑنا۔
صِماخُ الأُذُن: کان کا پردہ ج: صُمُخ و أَصْمِخَة
صَمَدَ ـُ صَمْداً و صَمَّدَ فُلاناً و لَهُ و إِلَيْهِ: قصد کرنا۔
صَمَدَ و صَمَّدَ لَهُ: جمنا، ثابت قدم رہنا۔
صَمَدَ وَصَمَّدَ الزُّجاجَة: ڈاٹ لگانا۔
صَمَدَهُ و صَمَّدَهُ بالعَصا: لاٹھی سے مارنا۔
صَمَدٌ: لازوال، قائم، دیرپا۔
صامِد: ثابت قدم، مضبوط۔
صامِدٌ لِلْماءِ: واٹر پروف۔
صامِدٌ لِلنَّار: فائر پروف۔
صُمُود: پامردی، ثابت قدمی، مقابلہ۔
الصُّمُودُ ضِدَّ الضَّغْطِ: دباؤ کے خلاف اڑ

جانا۔
صَمْغٌ ج:أَصْمَاغ: گوند۔
اَصْمَغَتِ الشَّجَرَةُ: درخت پر گوند نکلنا۔
صَمَّغَ الشيءَ تَصْمِيغاً: گوند لگانا۔
صَمْغِيّ: گوند جیسا، گوند کا۔
صَمَلَ ـُـ صُمُولاً: سخت ہونا (۲) سنبھالنا (۳) برقرار رہنا۔
صَمُولَة، صَامُولَة: پیچ، کابلا، ڈھبری، نٹ Nut۔
مِسْمَارٌ بِصَمُولَةٍ: پیچ دار کیل۔
مِفْتَاحُ صَمُولَةٍ: چابی جس سے کابلا کھولا جائے۔
صَمَّمَ الشيءَ تَصْمِيماً: خاکہ تیار کرنا، ڈیزائن تیار کرنا۔
صَمَّمَ عَلَى: پختہ ارادہ کرنا۔
صَمَّمَ وأَصَمَّ: بہرا بنانا۔
صَمَّ الزُّجَاجَةَ ـُـ صَمّاً: ڈاٹ لگانا۔
صَمَّ ـَـ صَمَماً: بہرا ہونا۔
تَصَامَّ عَنِ الحَدِيثِ: کانوں میں انگلیاں دے لینا، بات نہ سننا، بہرا بن جانا۔
صِمَامٌ، صِمَّة: ڈاٹ، وال۔
صَمَمٌ: بہراپن۔
صَمِيم: خالص، اصل۔
مِنْ صَمِيمِ الفُؤَادِ: تہ دل سے، دل کی گہرائی سے۔
اَصَمُّ: بہرا ج: صُمٌّ
صَمَّاءُ: بہری۔

تَصْمِيم ج: تَصْمِيمَات و تَصَامِيمُ: خاکہ، ڈیزائن (۲) اسکیم۔
تَصْمِيمُ البِنَاء: عمارت کا ڈیزائن، نقشہ۔
تَصْمِيمُ خَرِيطَةٍ لِمَدِينَةٍ: شہر کا نقشہ تیار کرنا۔
تَصْمِيمٌ فَنِّيّ: باضابطہ ڈیزائن
مُصَمِّمٌ: ڈیزائنر۔

ص............ن

صِنَّارَة ج: صَنَانِير: شکار کا کانٹا۔
صُنْبُور ج: صَنَابِيرُ: ٹونٹی۔
صُنْدُوق ج: صَنَادِيقُ: بکس، ڈبا، پیٹی، ڈبیہ، کیش، فنڈ، روپیہ کا ذخیرہ، مالی ذرائع۔
صُنْدُوقُ الادِّخَار: پراویڈنٹ فنڈ، سیونگ فنڈ، سیونگ بینک۔
صُنْدُوقُ اِدِّخَارِ بَرِيد: پوسٹ آفس سیونگ فنڈ۔
صُنْدُوقُ اِدِّخَارِ بَرِيد: پوسٹ آفس سیونگ فنڈ۔
صُنْدُوقُ الاقْتِرَاع: انتخابی بکس، بیلٹ بکس۔
صُنْدُوقُ الاقْتِرَاعِ السِّرِّيّ: خفیہ بیلٹ بکس۔
صُنْدُوقُ البِرّ: خیراتی بکس۔
صُنْدُوقُ البَرِيد: پوسٹ بکس۔
صُنْدُوقُ التَّنْمِيَةِ: ترقیاتی فنڈ۔
صُنْدُوقُ التَّنْمِيَةِ الزِّرَاعِيَّة: زرعی ترقیاتی فنڈ۔
صُنْدُوقُ التَّوْفِير: بچت فنڈ، سیونگ بینک۔
صُنْدُوقُ الثَّلْج: آئس بکس۔

صُنْدُوقُ الرَّسَائِلِ: لیٹر بکس۔
صُنْدُوقُ الشَّكَاوِی: شکایت بکس۔
صُنْدُوقُ الطَّوَارِئِ: ہنگامی فنڈ، ایمرجنسی فنڈ، فوری یا ناگہانی ضرورت کے وقت کام آنے والا فنڈ۔
صُنْدُوقُ القُمَامَات: کوڑے کی ٹرالی، کوڑے دان۔
صُنْدُوقٌ لِادِّخَارِ النُّقُودِ أوجَمْعِ التَبَرُّعَات: منی بکس۔
صُنْدُوقُ المَال: مالی فنڈ۔
الصُّنْدُوقُ المُصَوِّت: ساؤنڈ بکس۔
صُنْدُوقُ المَعَاشَات: پنشن فنڈ۔
صُنْدُوقُ المَعُونَة: امدادی فنڈ۔
صُنْدُوقُ النَّقْدِ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی مالی فنڈ۔
صُنْدُوقُ النُّقُود: کیش بکس۔
صُنْدُوقٌ بِقُفْل: لاکر۔
صَنَادِيْقُ تَعْبِئَة: پیکنگ بکس۔
أمِيْنُ الصُّنْدُوق: خزانچی، کیشیر، تحویلدار۔
دَفْتَرُ الصُّنْدُوق: کیش بک۔
صَنَعَ ــَ صُنْعاً و صِنَاعَةً: بنانا (۲) کرنا (۳) پیدا کرنا (۴) تیار کرنا۔
صَنَعَ إلَيْه مَعْرُوفاً: حسن سلوک کرنا، احسان کرنا۔
صَنَعَ به صَنِيْعاً قَبِيْحاً: بدسلوکی کرنا۔
صَنَّعَ البِلَادَ تَصْنِيْعاً: ملک کو صنعتی بنانا۔
صَانَعَه مُصَانَعَةً: رشوت دینا، بنا کر رکھنا، نباہنا۔

اصْطَنَعَ الشَّيْئَ: تیار کرانا۔
اصْطَنَعَ و تَصَنَّعَ: نقلی بنانا، جعلی بنانا، گھڑنا، خلاف حقیقت فعل کرنا (۲) جعل سازی، ریاکاری، بناوٹ۔
تَصَنُّعُ المَرْأة: بناؤ، سنگار۔
تَصْنِيْعٌ: صنعت کاری۔
تَصْنِيْعُ البِلَاد: ملک کو صنعتی بنانا۔
تَصْنِيْعُ الأسْلِحَة: اسلحہ سازی۔
تَصْنِيْعٌ حَرْبِيّ: جنگی صنعت کاری۔
تَصْنِيْعُ الدَّوَاء: دوا سازی۔
تَصْنِيْعٌ شامل: ہمہ گیر صنعت کاری۔
صُنْعٌ: کام، فعل، بناوٹ، ایکٹ، عمل (۲) احسان، بھلائی۔
صُنْعُ يَدٍ: ہاتھ کا بنا ہوا۔
صَنْعَة: کاریگری، ہنر۔
صَنْعَة وصِنَاعَة: پیشہ۔
صَنْعَةٌ يَدَوِيَّة: دست کاری۔
صِنَاعَة: صنعت وحرفت، انڈسٹری ج: صِنَاعَات
صِنَاعَةُ الأدَب: لٹریچر۔
صِنَاعَةُ الإعْلَان: ایڈورٹائزمنٹ، پروپیگنڈا کا فن۔
صِنَاعَةُ البِنَاء: بلڈنگ سازی۔
صِنَاعَةٌ رَئِيْسِيَّة: بنیادی صنعت۔
صِنَاعَةُ السِّلَاح: ہتھیار سازی، اسلحہ کی صنعت۔
صِنَاعَةُ الطِّبَاعَة: پرنٹنگ، پرنٹ۔
صِنَاعَةٌ مَوْسِمِيَّة: وقتی صنعت، موسمی صنعت۔
صِنَاعَةُ النَّسِيْج: ٹیکسٹائل انڈسٹری، پارچہ بافی کی صنعت۔
صِنَاعَةٌ شَرِيْفَة: معزز پیشہ، معزز کام۔

صِنَاعَةٌ يَدَوِيَّة: دست کاری، ہاتھ کا ہنر۔
صِنَاعَاتٌ اسْتِهْلَاكِيَّة: مصنوعات صرف، کھپت والی مصنوعات۔
صِنَاعَاتٌ ثَقِيلَة: ہیوی انڈسٹری، بھاری صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ الْخَفِيفَة: ہلکی صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ الزِّرَاعِيَّة: زرعی صنعتیں۔
صِنَاعَاتٌ كِيمِيَائِيَّة: کیمیاوی صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ النَّاشِئَة: چھوٹی صنعتیں، معمولی صنعتیں۔
صِنَاعِيّ: (۱) صنعتی، ٹیکنیکل، انڈسٹریل (۲) مصنوعی، نقلی، بناوٹی، غیر فطری۔
حَرِيرٌ صِنَاعِيّ: مصنوعی ریشم۔
صَنِيع: فعل۔
صَنِيع و صَنِيعَة: احسان، بھلائی۔
صَانِع ج: صُنَّاع: کاریگر، میکر، ہنرمند۔
صَانِعُ أَحْذِيَة: جفت ساز۔
صَانِعُ السِّلَاح: ہتھیار ساز۔
صَانِعُ الْعُطُور: پرفیومر، عطر ساز۔
صَانِعٌ مَاهِر: ہوشیار کاریگر۔
صَانِعُ الْمَرَائِي: آئینہ ساز۔
الصَّانِعُ الْيَدَوِيّ: دست کار۔
صَانِع وصَنَائِعِيّ: کاریگر، کارکن، مزدور۔
صَانِعُ الْاِسْتِعْمَار: سامراجی تخلیقات۔
مَصْنَع: ج: مَصَانِع: کارخانہ، مل، فیکٹری، ورکشاپ، پلانٹ۔
مَصْنَعُ تَعْبِئَة: پیکنگ پلانٹ۔
مَصْنَعُ الزُّبْدَة والجُبْن: ڈیری
مَصْنَعُ الرِّجَال: شخصیت ساز ادارہ۔
مَصْنَعٌ صَغِير: ورکشاپ۔
مَصْنَعُ الطُّوب: اینٹیں بنانے کا کارخانہ۔
مَصْنَعُ مَلَابِس: کلاتھ فیکٹری (مل) کپڑوں کا کارخانہ۔
مَصْنَعُ وَرَق: پیپر ورکس، پیپر مل۔
مَصَانِعُ: کارخانے، ملز، و: مَصْنَع
مَصَانِعُ الْحَدِيد: لوہے کے کارخانے۔
مَصَانِعُ الْغَزْل: سوت کے کارخانے۔
مَصَانِعُ الْقُطْن: کاٹن ملز۔
مَصْنُوعٌ بِالْيَد: ہاتھ کا بنا ہوا۔
مَصْنُوعٌ فِي الْبَيْت: گھر کا بنا ہوا۔
مَصْنُوعَاتٌ زُجَاجِيَّة: کانچ کی مصنوعات۔
الْمَصْنُوعَاتُ الْمَحَلِّيَّة: مقامی یا ملکی مصنوعات۔
مَصْنَعِيَّة: اجرت مزدور (وا)
مُصْطَنَع: جعلی، نقلی، جھوٹا، غلط۔
صَنَّفَ تَصْنِيفًا: نوع بنوع کرنا (۲) کتاب لکھنا۔
تَصْنِيفُ السُّكَّان حَسَبَ السِّنّ: عمر وار آبادی کی ترتیب۔
صِنْفٌ ج: أَصْنَاف و صُنُوف: قسم، نوع، کوالٹی (۲) مرتبہ، درجہ۔
أَصْنَافٌ رَدِيئَة: خراب کوالٹی۔
مُصَنَّف ج: مُصَنَّفَات: کتاب۔
صَنَق: بدبو۔
صِنْو: سگا بھائی، جڑواں بھائی۔

ص ل ....ہ

صَهْ (اُسکُتْ): خاموش رہ۔
صَهْبَاء: شراب۔
صَهِبَ: (س) سرخی مائل ہونا۔
صَهَدَ الحَرُّ وَجْهَه ـ صَهْداً: دھوپ یا گرمی کا چہرہ کو جھلسنا۔
صَهْد: تپش، آگ کی حرارت۔
صَهِيْد وصَيْهَد: گرمی کی شدت۔
يَوْمٌ صَهِيْد: سخت گرمی کا دن۔
صَهَرَ الْمَعْدِنَ ـ صَهْرًا: معدنیات کو پگھلانا، گلانا۔
صَهَرَ الحَدِيْدَ: لوہے کو پگھلانا۔
صَاهَرَهُمْ وفِيْهِمْ وإلَيْهِمْ مُصَاهَرَةً: داماد بنانا یا بننا، ازدواجی رشتہ قائم کرنا۔
انْصَهَرَ فی: ڈھل جانا، گھل جانا۔
صِهْرٌ ج: اَصْهَارٌ: داماد (۲) بہنوئی۔
صَهِيْر ومَصْهُوْر: گلا ہوا، پگھلا ہوا۔
مَصْهَر: فاؤنڈری۔
صِهْرِيْج ج: صَهَارِيْج: پانی کا حوض، پانی کا تالاب، پانی کی ٹینکی، ٹینک۔
صِهْرِيْجُ القَاطِرَة: ریلوے انجن کے پیچھے لگا ہوا کوئلوں کا ڈبا۔
عَرَبَةُ الصِّهْرِيْج: ٹنک ویگن۔
صَهَلَ الحِصَانُ ـ صَهِيْلاً: ہنہنانا۔
صَهِيْل: گھوڑے کی آواز، ہنہناہٹ۔
صَهْوَة ج: صِهَاءٌ وصَهَوَات: پیٹھ، گھوڑے کا وہ حصہ جس پر سوار بیٹھتا ہے۔
صَهْيَنَة: صیہونی بنانا۔
صِهْيَوْنِيَّة: فلسطین میں یہود کی نوآبادی قائم کرنے کی تحریک۔

ص .... و

صَوَّبَ السَّهْمَ إلى: تیر کو نشانہ پر لگانا، رخ کرنا، نشانہ لگانا۔
صَوَّبَ الخَطَأَ: غلطی کی اصلاح کرنا۔
صَابَ ـُ صَوْباً: بارش ہونا، نیچے اترنا۔
صَابَ وأَصَابَ غَرَضَهُ: مقصد کو پالینا۔
أَصَابَ الرَّجُلُ فی الأَمْرِ: حق بجانب ہونا۔
أَصَابَ رَاحَةً: آرام پانا۔
أَصَابَ الهَدَفَ: مقصد کو پالینا۔
أَصَابَ الشَّئَ والرَّجُلَ: لاحق ہونا، پہنچنا۔
أَصَابَ مَطْلُوبَه: مقصد حاصل کرنا۔
أَصَابَ فی عَمَلِه: ٹھیک کام کرنا۔
أُصِيْبَ بِجُنُوْنٍ: کریک ہونا، دماغ خراب ہونا۔
أُصِيْبَ بِرَمَدٍ فی العَيْنِ: آنکھ دکھنا۔
أُصِيْبَ بَصَرُه: بینائی ختم ہونا۔
أُصِيْبَ بِمَرَضٍ: بیماری میں مبتلا ہونا۔
صَوْب: جانب، طرف، جہت، گوشہ۔
صَوَابٌ: درست، ٹھیک (۲) عقل، ہوش۔
أَضَاعَ صَوَابَه: ہوش گم ہونا۔
صَائِبٌ، مُصِيْب: درست کار، صحیح۔
إِصَابَةٌ: چوٹ، ضرب، نقصان (۲) درستگی۔
إِصَابَةٌ فِی حَادِثٍ: ایکسیڈنٹ۔
إِصَابَةٌ مُبَاشِرَة: براہ راست ضرب۔
إِصَابَةٌ مَرَضِيَّة: بیماری کا حملہ۔
إِصَابَاتٌ بَسِيْطَة: معمولی چوٹیں۔

اِصَابَاتٌ جَسَدِیَّة: جسمانی نقصانات۔
اسْتِصْوَاب: پسندیدگی۔
مُصَاب: (۱) مصیبت زدہ، آفت رسیدہ، مجروح، مبتلا (۲) حادثہ۔
المُصَابُ بِالفَقْر: افلاس زدہ۔
مُصَابٌ و مُصِیبَةٌ: مصیبت ج: مَصَائِبُ
صَوَّتَ تَصْوِیتاً: آواز نکالنا، کسی چیز سے آواز پیدا ہونا، چیخنا۔
صَوَّتَ له فی کذا: انتخاب میں رائے دینا، ووٹ دینا۔
صَوْت ج: أصْوَات: آواز (۲) ووٹ
صَوْتٌ فِي انْتِخَاب: ووٹ۔
صَوْتُ انْفِجَارٍ مُرْعِبٍ مُخِیفٍ: دھماکہ کی خوفناک آواز۔
صَوْتٌ بَحِیحٌ: بیٹھی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ ضَجِرٌ: اکتائی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ ضِدٌّ: مخالف ووٹ۔
صَوْتٌ مُتَهَدِّج: بیٹھی ہوئی آواز، بھرائی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ مَدِیْد: بلند آواز۔
صَوْتٌ مُرْتَعِش: کپکپائی ہوئی آواز۔
الصَّوْتُ المُرَجِّعُ: کاسٹنگ ووٹ۔
صَوْتٌ مُغْتَاظ: غصہ میں بھری ہوئی آواز
صَوْتٌ هَادِرٌ ضِدَّ فُلَان: کسی کے خلاف گرجتی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ وَاطِیءٌ: پست آواز۔
رَجْعُ الصَّوْت: صدائے بازگشت۔
صَوْتِیّ: آوازدار۔
حَرْفٌ صَوْتِیّ: پڑھا جانے والا حرف۔ (ضد: حَرْف صَامِتٌ)
صِیْت: شہرت، کیرکٹر۔
ذَائِعُ الصِّیْت: شہرہ آفاق، مشہور
صَیِّتٌ: بلند آواز۔
تَصْوِیْت: چیخ، آواز (۲) ووٹنگ، ووٹ دینا۔
تَصْوِیْتٌ بتلاوَةِ الأَسْمَاء: نام بول کر رائے شماری کرنا، رول کال ووٹنگ
تَصْوِیْتٌ بِرَفْعِ الید: ہاتھ اٹھا کر ووٹ دینا۔
التَّصْوِیْتُ فی جَانِبِ اَحَدٍ: کسی کو ووٹ دینا، کسی کے حق میں ووٹ دینا۔
تَصْوِیْتُ المَجْلِسِ عَلَی الاقْتِرَاح: تجویز پر مجلس کا رائے دینا۔
تَصْوِیْتُ دَوْلَةٍ عَلی جَانِبَ القَرَار: کسی ملک کا قرارداد کے حق میں ووٹ دینا۔
مُصَوِّت: ووٹر، وہ شخص جسے رائے دہی کا حق ہو۔
(صوخ) صَاخَ فی کذا ـُ صَوْخاً: داخل ہوا، دھنسا۔
اَصَاخَ له: کان لگانا۔
اَصَاخَ بِسَمْعِهِ: کان لگا کر سننا۔
صَوْدَا: سوڈا۔
صَوْدَا کَاوِیَة: سوڈا کاسٹک۔
مَاءُ الصَّوْدَا: سوڈا واٹر۔
صَوْدَا الغَسْل: واشنگ سوڈا۔
صَوَّرَ تَصْوِیراً: فوٹو کھینچنا، نقشہ بنانا۔

صَوَّرَ الشَّیئَ: منظر کشی کرنا (۲) شکل دینا، صورت بنانا۔
تَصَوَّرَ الشَّیئَ: خیال کرنا۔
تَصَوَّرَ لَهُ الشَّیئُ: کسی چیز کا خیال آنا۔
صُوْرَة ج: صُوَر: (۱) فوٹو، تصویر (۲) سین، منظر، شکل (۳) نمونہ، مثال (۴) کیفیت (۵) نقشہ (۶) کاغذ کی نقل، کاپی۔
صُوْرَةٌ طِبْقَ الأَصْل: نقل مطابق اصل۔
صُوْرَةٌ رَسْمِیَّة: سرکاری نقل۔
صُوْرَةٌ شَمْسِیَّة: عکسی تصویر، فوٹو۔
صُوْرَةٌ وَصْفِیَّة: وضاحتی نقشہ۔
صُوْرَةٌ اَصْلِیَّة: اوریجنل کاپی، اصل کاپی۔
صُوْرَةٌ بِالکَرْبُوْن: کاربن کاپی۔
صُوْرَةٌ ثَانِیَة: ڈپلی کیٹ۔
صُوْرَة الحُکم: فیصلہ کی نقل۔
صُوْرَةٌ ضَوْئِیَّة: فوٹو گراف۔
الصُّوْرَة الطِّبَاعِیَّة: پرنٹ کاپی۔
صُوْرَةُ الفَاتُوْرَة: بیجک کاپی۔
صُوْرَةٌ فُوْتُوغَرَافِیَّة: فوٹو اسٹیٹ کاپی، عکسی تصویر۔
الصُّوْرَةُ المُحْزِنَة: افسوسناک صورت
صُوْرَةُ مُسْتَنَدٍ مُصَدَّقٌ عَلَیْهَا: تصدیق شدہ نقل، مصدقہ نقل۔
صُوْرَةُ مُشَکَّلَة: عریاں تصویر۔
صُوْرَةُ مُظْلِمَة: تاریک صورت۔
الصُّوْرَةُ المُقْتَرَحَة: مجوزہ شکل۔
صُوْرَةٌ مُوْجَبَة: پازیٹو۔
صُوْرَةٌ هَزْلِیَّة: کارٹون۔
صُوَرٌ فُوْتُوغَرَافِیَّة: البم۔

الصُّوَرُ المُتَحَرِّکَة: چلتی پھرتی تصویریں۔
صُوْر: ہارن۔
صُوْرِیّ: ظاہری، صورت ہی صورت کا۔
بِصُوْرَةٍ اَفْضَلَ: زیادہ بہتر طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ حَاسِمَةٍ: قطعی طور پر۔
بِصُوْرَةٍ عَنِیْفَة: تشدد آمیز طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ غَیْرِ مَضْمُوْنَة: غیر اطمینان بخش طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ فِعْلِیَّة: عملی طور پر۔
بِصُوْرَةٍ مَضْمُوْنَة: اطمینان بخش طریقہ پر۔
تَصَوُّرٌ مَبْدَئِیٌّ: بنیادی نظریہ۔
تَصَوُّرِیّ: آئیڈیل، نظریاتی۔
تَصْوِیْرَة: فوٹو، تصویر۔
تَصْوِیْرٌ زَیْتِیّ: رنگین تصویر۔
تَصْوِیْرٌ فُوْتُوغَرَافِیّ: عکسی تصویر، فوٹو۔
تَصْوِیْرُ المَوْقِف: صورت حال بتانا۔
لَوْحَةُ التَّصْوِیْر: فوٹو گرافی کی پلیٹ۔
آلَةُ التَّصْوِیْرِ الشَّمْسِیّ: کیمرا
مُصَوِّر: آرٹسٹ۔
مُصَوَّرٌ جُغْرَافِیّ: میپ، اٹلس۔
المُصَوِّرُ السِّیْنَمَائِیّ: کیمرا مین۔
مُصَوِّرٌ شَمْسِیّ: فوٹو گرافر۔
المُصَوِّرُ الضَّوْئِیّ: کیمرا مین، فوٹو گرافر۔
مُصَوِّرَاتِی: فوٹو گرافر۔
صُوْص: (دا) مرغی کا بچہ جو انڈے سے نکلا ہو ج: صِیْصَان
صُوْع، صَاع: کھیل کا میدان۔
صَاعَ۔ صَوْعاً: ڈرانا (۲) ناپ کر دینا

(۳) منتشر کرنا (۴) موڑنا۔
اِنْصِيَاع: لوٹنا، مطیع ہونا، تیزی سے دوڑنا۔
الانْصِيَاعُ لِأَحَدٍ: سر تسلیم خم کرنا۔
صَاعٌ ج: أَصْوَاعٌ و صِيْعَان: ایک پیانہ۔
(صوغ) صَاغَ ـُـ صَوْغاً: کسی نمونہ پر کوئی چیز تیار کرنا، بنانا، گھڑنا، سونا چاندی کو ڈھالنا، گھڑنا۔
صَاغَ الكَلِمَةَ: کلمہ کو کسی خاص شکل پر بنانا۔
ـــ الكَلَام: بات گھڑنا، کلام کو عمدہ بنانا، کسی خاص طرز پر تیار کرنا۔
ـــ المِيثَاقَ: معاہدہ تیار کرنا۔
صَائِغٌ ج: صَاغَة: سنار، زیورات بنانے والا۔
صَاغ: (دا) ایک فوجی عہدہ (میجر)
صِيْغَة ج: صِيَغ: مخصوص شکل، فرمہ کلمہ کی صورت، فعل کی شکل، عبارت، مضمون
صِيْغَةُ الاتِّفَاقِيَةِ: معاہدہ کی شکل، معاہدہ کا مضمون۔
صِيْغَةُ عَمَلٍ: طریقہ کار، نوعیت کار۔
صِيْغَةٌ فَعَّالَة: موثر شکل۔
صِيْغَةُ القَانُون: قانونی شکل۔
صِيْغَةُ المَعَادِن: معدنیات ڈھالنے کا سانچہ۔
صِيْغَةٌ و مَصَاغٌ: زیور۔
صِيَغُ التَّدَاخُل: مداخلت کی شکلیں، عنوانات۔
صِيَاغَةُ المُعَاهَدَة: معاہدہ کی ترتیب، معاہدہ کی عبارت، مضمون۔

مَصُوْغَات: زیورات۔
صُوْف: (ا) اُون، بکری اور اونٹ کے بال (۵) اونی کپڑا۔
صُوْفٌ مَغْزُوْل: اونی دھاگہ۔
صُوْفِيّ: اُونی، اُون کا (۲) تصوف اختیار کرنے والا۔
صَوَّاف: اُون فروش، اُونی کپڑوں کا تاجر۔
صَوَّلَ الذَّهَبَ وَغَيْرَه: پانی سے دھوکر صاف کرنا، غلہ صاف کرنا۔
صَوَّلَ البَيْدَرَ: جھاڑو دینا۔
صَالَ ـُـ صَوْلاً: جست لگانا۔
صَالَ عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔
صَوْلَة: طاقت، قوت، دبدبہ۔
ذُوْصَوْلَة: طاقتور۔
مِصْوَلَة: جھاڑو۔
صَوْلَجَان: موٹھ دار ڈنڈا۔
صَوَّمَ تَصْوِيماً: روزہ رکھانا، روزہ دار بنانا۔
صَامَ عَنْ كَذا ـُـ صَوْماً: رکنا، باز رہنا۔
صَامَ ـُـ صَوْماً و صِيَاماً اسلامی شریعت کے مطابق روزہ رکھنا۔
صَامَ عَنِ الطَّعَام: کھانے سے باز رہنا، برت رکھنا۔
صَوْمَعَة ج: صَوَامِع: راہب کا عبادت خانہ، چھوٹا کمرہ، کوٹھڑی، کیبن (بڑے کمرے کا اندرونی کمرہ)۔
صَوَامِعُ الغِلَال: غلہ کے گودام۔
(صون) صَانَ ـُـ صَوْناً: حفاظت کرنا۔
صِوَان، صِوَانَات: (ا) کواڑ دار الماری،

کپڑوں یا کتابوں کی الماری۔
صُوَان: (۲) بکس (۳) خیمہ۔
صَوَّان: سخت ترین پتھر۔
صَائِنٌ: محافظ، بچاؤ کرنے والا۔
صِیَانَة: تحفظ۔
مَصُوْن: محفوظ۔
صُوَّة: نشان راہ، سڑک پر لگا ہوا بورڈ جس سے مختلف سمتیں معلوم ہوتی ہیں ج: صُوًی
صَوَی ـِـ وصَوِیَ ـَـ صَوًی و صُوِیًّا: خشک ہونا (درخت یا تھن وغیرہ کا)۔

ص .... ی

صَیَّح تَصْيِيحاً: چیخنا۔
صَاحَ ـِـ صَيْحاً: چیخنا، چلانا، شور مچانا، مرغ کا بولنا۔
صَاحَ علیه: جھڑکنا، دھمکانا۔
صَاحَ به: آواز دینا۔
صَيْحٌ و صِيَاحٌ: چیخ۔
صَيَّاح: شور مچانے والا۔
صَيْحَة: ایک چیخ، ایک آواز۔
صَيْحَة الحَرْب: اعلان جنگ۔
صَيْدٌ ج: صُيُود: شکار۔
صَادَ ـِـ و اصْطَادَ: شکار کرنا۔
اِصْطَادَ الكُرَة: بال کیچ کرنا، گیند کو پکڑنا۔
صَائِد، صَيَّاد: شکاری۔
صَيَّادَة: غلیل۔
مِصْيَدَة: پھندا، جال ج: مَصَائِدُ
مِصْيَدَةُ الفِيرَان: چوہے دان۔
مَصْيَدَة: شکارگاہ۔
مُتَصَيِّدُ الاَصْوَاتِ فی الاِنْتِخَابَات: الیکشن میں کنویسنگ کرنے والا۔
صَيْدَلَة: دواسازی۔
صَيْدَلِيَّة: فارمیسی، انگریزی دواخانہ۔
صَيْدَلِيّ، صَيْدَلانِيّ: انگریزی دوائیں فروخت کرنے والا۔
صَيَّرَ تَصْيِيراً: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا، بنانا۔
صَارَ ـِـ صَيْرُورَةً: (۱) ہونا (۲) واقع ہونا (۳) پیش آنا (۴) ایک حالت سے دوسری میں منتقل ہونا۔
صَارَ يَفْعَلُ: کرنے لگا۔
صَارَ إلى كذا: پہنچنا۔
صَارَ به إلى كذا: پہنچانا۔
صَارَ مَوْضِعَ ثِقَةِ فُلان: اعتماد حاصل کرنا، معتمد بن جانا۔
مَصِير: انجام، انتہائے کار، حشر، نتیجہ ج: مَصَائِرُ مَصِيرُ البِلَادِ: ملک کی قسمت، انجام۔
مَصِيرُ الحَرْب: جنگ کا نتیجہ۔
المَصِيرُ القَوْمِيّ: قومی حشر۔
مَصِيرٌ مَحْتُوم: یقینی انجام۔
المَصِيرُ المُحْزِنُ: افسوسناک انجام۔
مَصِيرٌ وَخِيم: برا انجام۔
مَصِيرِيّ: موت وحیات سے متعلق، بنیادی۔
تَقْرِيرُ المَصِير: قسمت کا فیصلہ کرنا، انجام طے کرنا۔
(صيع) صَاعَ ـِـ صَيْعاً: ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا، انتشار پیدا کرنا، منتشر کرنا،

پھوٹ ڈالنا۔
انْصِيَاع: تیزی سے لوٹنا۔
انْصِيَاعُ الطَّائِرِ: پرندہ کا فضا میں اُڑنا۔
صَيَّفَ تَصْيِيفاً و اصْطَافَ: گرمی کا موسم گزارنا۔
صَيْف: موسمِ گرما۔
صَيْفِيّ: گرمی کا، موسمِ گرما کا۔
مَصِيف: گرمی گزارنے کا مقام، ٹھنڈا مقام ج: مَصَايِفُ۔
صِين: چین۔
الصِّيْنُ الشَّعْبِيَّة: عوامی چین، ڈیموکریٹک چین۔
صِينِيّ: چینی، چین کا باشندہ۔
صِينِيّ و صَوَانِيّ: چینی مٹی کے برتن۔
صِينِيَّة: سینی، ٹرے ج: صِينِيَّات۔

ض .... أ

ضَؤُلَ ـُ ضَآلَةً: (۱) کمزور ہونا (۲) کم اور معمولی ہونا۔

ضَئِيلٌ: کمزور (۲) معمولی، آف، دھیما۔

ضَئِيلُ الفَاعِلِيَّة: معمولی کارکردگی والا، بے اثر۔

تَضَاؤُل: کمزور پڑ جانا (۲) گراوٹ، زوال، کمزوری۔

تَضَاؤُلُ سُلْطَةِ الدَّوْلَة: ملک کے اقتدار کا زوال۔

تَضَاؤُلُ العَامِلِ عَنْ أَدَاءِ وَظِيفَة: کارکن کا ادائیگی فرض میں کوتاہی کرنا۔

ضَأْن و: ضَائِن: بکری۔

ضَأْنِيّ: بکری کا (۲) بکری کا گوشت۔

ض .... ب

ضَبَّبَ و ضَبَّ علی کذا ـَ ضَبّاً: (۱) انتہائی خواہشمند ہونا (۲) مضبوط پکڑنا۔

ضَبَّبَ البَابَ: دروازہ کو ہضمی تالے سے بند کرنا یا موسل سے بند کرنا۔

أَضَبَّ النَّهَارُ: دُھند آلود ہونا۔

ضَبَابٌ: دُھند، کُہر، وہ ابخارات جو زمین کو گھیر کر دھندلا بنا دیتے ہیں۔

ضَبَابٌ كَثِيفٌ: زبردست کُہر۔

ضَبَّةُ البَاب: ہضمی تالہ، موسل یا چٹخنی جو دروازہ کے اندرونی جانب لگی ہوتی ہے۔

إِضْبَارُ الأَوْرَاق: فائل کرنا، فائلنگ۔

إِضْبَارَة ج: أَضَابِيرُ: (۱) فائل (۲) کاغذات کا بستہ یا بنڈل (۳) مِسل۔

خِزَانَةُ إِضْبَارَات: فائل رکھنے کی الماری۔

ضَبَطَ ـُ ضَبْطاً: (۱) پکڑنا، قابو میں لانا (۲) گرفتار کرنا (۳) درست کرنا، ایڈجسٹ کرنا، گھڑی کا وقت ٹھیک کرنا، گھڑی ملانا، ملان کرنا، چیک کرنا، غلطی درست کرنا (۴) مرتب کرنا (۵) قابو پانا، کنٹرول کرنا (۶) ضبط کرنا، جذبات پر قابو پانا (۷) غالب آنا (۸) پختہ اور مضبوط بنانا۔

اِنْضَبَطَ: ایڈجسٹ ہونا، اپنی جگہ پر فٹ ہونا۔

ضَبْطٌ: (۱) تصحیح (۲) ملان، چیکنگ (۳) مضبوطی (۴) گرفتاری (۵) ہولڈ (۶) ضبطِ نفس۔

ضَبْطُ الجَرِيدَة: اخبار ضبط کرنا۔

ضَبْطُ السَّاعَةِ بِسَاعَة: گھڑی ملانا۔

ضَبطُ النَّسل: برتھ کنٹرول۔
ضَبط و انضِبَاط: گرفتاری، ضبطی۔
بالضَّبط: ٹھیک ٹھیک، صحیح طور پر۔
ضَبطِیَّة: پولیس اسٹیشن۔
ضَابِطٌ: افسر ج: ضُبَّاط۔
ضَابِطُ اتِّصَال: افسرِ رابطہ۔
ضَابِطُ الصِّحَّة: ہیلتھ آفیسر۔
ضَابِطُ الطَّیَران: افسرِ فضائیہ۔
ضَابِطٌ فی البَحرِیَّة: کمانڈر۔
ضَابِطٌ قَضَائِیّ: عدالتی افسر۔
ضَابِطٌ کَبِیرٌ: جنرل آفیسر۔
ضَابِطُ المَخفَر: انچارج کوتوالی، تھانیدار، تھانہ انچارج، داروغہ۔
ضَابِطُ مَیدَان (ضَابِطٌ اَعلَی رُتبَةً مِنْ کَابتَن): فیلڈ آفیسر۔
الضَّابِطُ المُنَفِّذ: ایگزیکٹو افسر۔
الضُّبَّاط: افسران۔
ضُبَّاطُ الشُّرطَة: پولیس افسران۔
الضُّبَّاطُ العَسکَرِیُّون: فوجی افسران۔
ضَابِطَة: پولیس۔
ضَوَابِط: اصول۔
مَضبَطَة: معاہدہ، پروٹوکول۔
مَضبَطَةُ مَجلِسٍ أو جَلسَةٍ: کارروائی، روئداد۔
مِضبَط: کنٹرول کی مشین۔
مَضبُوط: درست، پختہ، صحیح، منضبط، مرتب۔
ضَبُعٌ ج: ضِبَاع: بجو۔

ض .... ج

ضَجَّ ـِ ضَجّاً و ضَجِیجاً: شوروغل کرنا۔
ضَجَّ المَکَانُ بکذا: گونجنا۔
ضَجَّة: شور، ہنگامہ، اُدھم۔
الضَّجَّةُ الکُبرَی: بڑا ہنگامہ۔
ضَجِیج: شوروغل، ہنگامہ۔
ضَجِرَ ـَ ضَجَراً و تَضَجَّرَ من: تنگ آنا، پریشان ہونا۔
اَضجَرَه: پریشان کرنا، تنگ کرنا۔
ضَجَرٌ من: اچاٹ پن، گھٹن، تنگی، پریشانی، اُکتاہٹ۔
ضَجِرٌ، مُتَضَجِّرٌ: پریشان، اکتایا ہوا۔
مُضجِر: پریشان کن۔
ضَجَعَ ـَ ضَجعاً و ضُجُوعاً و اضطَجَعَ: لیٹنا، سونا۔
ضَاجَعَهُ الهَمُّ: غم سوار ہونا۔
ضَاجَعَ المَرأَة: ہم بستری کرنا۔
ضُجَعَة: آرام پسند، کاہل۔
مَضجَع ج: مَضَاجِع: بستر، پلنگ، خوابگاہ، سونے کا کمرہ۔

ض .... ح

ضَحضَحَ السَّرَابُ: سراب چمکنا۔
ضَحضَاحٌ: کم گہرا، اُتھلا، چھچھلا۔
ضَحِکَ ـَ ضِحکاً: ہنسنا۔
ضَحِکَ عَلَیه و مِنهُ: مذاق اُڑانا۔
ضَحِکَ مَعَه: مذاق و دل لگی کرنا۔
ضَحَّکَ و اَضحَکَ: ہنسانا۔
ضَحَّکَ علیه: ذریعۂ مذاق بنانا۔
ضِحک: ہنسی، مذاق۔
ضُحکَة، اُضحُوکَة، مَضحَکَة: ہنسی کا

ذریعہ۔

ضَحَّاک، مُضحِک: مسخر، ہنسنے ہنسانے والا، مزاحیہ، مذاقی۔

ضَحُوک: بہت ہنسنے والا، ہنس مکھ۔

مُضحِک: مضحکہ خیز۔

ضَحْلٌ: ناگہرا، اُتھلا، پایاب (ضِد عَمِیق)۔

ضَحِيَ ـَ ضَحَاءً: منکشف ہونا (۲) دھوپ میں نکلنا۔

ضَحَّى بكذا تَضْحِيَةً: قربان کرنا، قربانی دینا۔

اَضْحَى: ہوگیا۔

اَضْحَى يَفْعَلُ: کرنے لگا۔

اَضْحَى الشيئَ: (۱) ظاہر کیا (۲) دھوپ میں لایا۔

تَضْحِيَة: قربانی ج: تَضْحِيَات۔

ضَحْوَة، ضُحَى، ضَحِيَّة: (۱) ظہور (۲) دن کی روشنی (۳) دن چڑھنے کا وقت۔

ضَحِيَّة ج: ضَحَايَا، اُضْحِيَّة ج: اَضَاحِيّ: قربانی کا جانور (۲) ناکردہ گناہ (۳) شکار، بھینٹ۔

ذَهَبَ ضَحِيَّةَ كذا: ناکردہ گناہ، مارا گیا، شکار ہوگیا، بھینٹ چڑھ گیا۔

ضَحَايَا كذا: کسی چیز کی نذر ہونے والے، شکار ہونے والے، زدگان۔

ضَاحِيَة ج: ضَوَاحٍ: شہر سے متصل علاقہ، اطراف۔

ضَوَاحِي البَلْدَة: اطرافِ شہر۔

ض.........خ

ضَخَّ الماءَ ـُ ضَخًّا: پانی بہانا، چھڑکنا۔

ضَخٌّ: زمین سے پانی وغیرہ نکالنا۔

ضَخُّ البِتْرُوْل وغَيْرِه: پٹرول نکالنا، پمپنگ کرنا۔

مِضَخَّة: پچکاری، پمپ، ہینڈ پمپ۔

مِضَخَّةُ الحَرَائِق: فائر انجن۔

مِضَخَّةٌ ذَاتُ ضَغْطٍ عَالٍ: زبردست دباؤ والا پمپ، ہائی پریشر پمپ۔

المِضَخَّةُ النَّافُورِيَّة: جیٹ پمپ۔

ضَخُمَ ـُ ضَخَامَةً: بھاری بھرکم ہونا، بڑے سائز کا ہونا، موٹے ڈل کا ہونا۔

تَضَخَّمَ: (۱) بڑا ہونا (۲) بھاری بھرکم ہونا، بڑے سائز کا ہونا (۳) زیادہ ہونا، بڑھنا (۴) اضافہ، افراط۔

تَضَخُّمُ الإنْتَاج: پیداوار میں اضافہ ہونا۔

تَضَخُّمٌ جَامِعٌ: تباہ کن افراط۔

تَضَخُّمُ العُمْلَة: کرنسی کی افراط۔

تَضَخُّمٌ مَالِيّ: افراطِ زر۔

تَضْخِيمُ ذَاتٍ: کسی کی شخصیت کو بڑا بنا کر پیش کرنا۔

ضَخْمٌ: زبردست، بڑے سائز کا بھاری بھرکم، عالیشان، شاندار۔

ض.........د

ضَدَّهُ ـُ ضَدًّا: غالب آنا۔

ضَادَّهُ مُضَادَّةً: مخالفت کرنا۔

مُضَادٌّ: مخالف، برعکس، برخلاف۔

مُضَادٌّ لِلثَّوْرَة: مخالفِ انقلاب، انقلاب مخالف۔

مُضَادٌّ لِلدَّبَّابَات: ٹینک شکن۔

ضِدٌّ: مخالف، خلاف۔
ضِدّ كذا: برعکس، مقابلہ میں۔

ض .... ر

ضَرَبَ ـِ ضَرْباً: (۱) مارنا۔
___ ضَرْباً مُبَرِّحاً: ضربِ کاری لگانا۔
___ الجُرْحُ أو الضِّرْسُ: زخم یا ڈاڑھ میں درد ہونا، زخم میں پیپ پڑنا۔
___ عَلَى الكَلِمَةِ: قلم زد کرنا، کاٹنا۔
___ الجَرَسَ: گھنٹی بجانا۔
___ الخَيْمَةَ: ڈیرہ لگانا۔
___ اَطْنَابَه: جڑ پکڑنا، راسخ ہونا۔
___ الاَجَلَ: وقت مقرر کرنا۔
ضَرَبَ المَوْعِدَ مَعَ: کسی کے ساتھ گفتگو کا وقت مقرر کرنا۔
___ البَيْضَ: انڈے پھینٹنا۔
___ البَابَ عَلَى اَحَدٍ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
___ اَخْمَاساً لِاَسْدَاسٍ: دھوکہ دینے کی کوشش کرنا (۲) حیران وپریشان ہونا۔
___ عَدَداً فى آخر: ضرب دینا۔
___ عَنْه صَفْحاً: منھ پھیرنا، کنارہ کش ہونا، توجہ ہٹانا۔
___ عَلَيْهِ ضَرِيْبَةً: ٹیکس لگانا۔
___ النُّقُودَ: سکہ ڈھالنا۔
___ الخَاتَمَ: انگوٹھی گھڑنا۔
___ طُوْباً: اینٹ بنانا۔
___ عُنُقَهُ: سر اڑانا، گردن مارنا۔
___ بِالسِّلاحِ النَّارِيِّ: شوٹ کرنا، گولی مارنا۔
___ مَثَلاً: مثال بیان کرنا، مثال دینا، مشہور قول یا کہاوت کہنا۔
___ فِي البُوْقِ: ہارن بجانا۔
___ تِلِغْرَافاً: تار کرنا، ٹیلیگرام دینا۔
___ تِلِفُوناً: (دا) ٹیلیفون کرنا۔
___ عَنْه: رُخ پھیرنا، توجہ ہٹانا۔
___ إليه: مائل ہونا۔
ضَرَبَتِ العَقْرَبُ: ڈنک مارنا۔
ضَرَبَ و ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ: پھوٹ ڈالنا۔
ضَارَبَه مُضَارَبَةً: مزاحمت کرنا، مقابلہ کرنا۔
تَضَارُبُ القَوْلَيْنِ: دو باتوں کا باہم متناقض ہونا۔
اَضْرَبَ اِضْرَاباً: قائم کرنا۔
اَضْرَبَ عَنْهُ: اعراض کرنا۔
اَضْرَبَ العَامِلُ عن العَمَلِ: ہڑتال کرنا، اسٹرائک کرنا۔
إِضْرَابٌ عَامٌّ: جنرل اسٹرائک۔
إِضْرَابُ العُمَّالِ: مزدور ہڑتال، لیبر ہڑتال۔
إِضْرَابٌ عَنِ العَمَلِ: ہڑتال۔
إِضْرَابٌ عَنِ الطَّعَامِ: بھوک ہڑتال۔
اضْطَرَبَ: (۱) جوش میں آنا، مضطرب ہونا (۲) حرکت میں آنا (۳) مختل ہونا (۴) بے چین ہونا (۵) پریشان ہونا۔
ضَرْبٌ: (۱) چال (۲) مار چوٹ (۳) قسم (۴) مصیبت، آفت ج: ضُرُوْب۔
ضَرْبُ الاَهْدَافِ: ٹھکانوں پر حملہ کرنا، نشانہ بنانا۔
ضَرْبُ الحَلْقَةِ الفُوْلاذِيَّةِ حَوْلَ اَحَدٍ: مضبوط حصار قائم کرنا۔

ضَرْبُ الرَّقْمِ القِيَاسِيّ: ریکارڈ قائم کرنا۔
ضَرْبُ الطَّائِرَاتِ المُدُنَ: ہوائی جہازوں کا شہروں کونشانہ بنانا۔
ضَرْبُ العِمَارَةِ بالطُّوْبِ و الحِجارَة: عمارت پر اینٹ پتھر برسانا۔
الضَّرْبُ فی العُمْق: اندر تک گھس کر حملہ کرنا۔
ضَرْبُ المِثَال فی كذا: مثال قائم کرنا، ریکارڈ قائم کرنا۔
ضَرْبُ المُخَيَّمَاتِ في كذا: کیمپ لگانا۔
ضَرْبُ الوَحْدَة: اتحاد کونقصان پہنچانا۔
ضَرْبَة: وار، حملہ، چوٹ۔
ضَرْبَةٌ اَخِيْرَةٌ: آخری وار، آخری حملہ۔
ضَرْبَةُ الطَّيَرَان: فضائی حملہ۔
ضَرْبَةٌ قَاسِيَة: ضربِ کاری، کاری ضرب۔
ضَرْبَةٌ قَاضِيَة: آخری وار، جان لیوا ضرب۔
ضَرْبخَانَة: (دا) دارالضرب جہاں سکے ڈھالے جاتے ہیں۔
ضَارِبٌ إلَى الحُمْرَة: سُرخی مائل۔
الضَّارِبُ إلَى السَّوَاد: مائل بہ سیاہی۔
ضَارِبُ الكُرَة: بیٹس مین۔
قُوَّةٌ ضَارِبَة: زبردست قوت۔
ضَرِيبَة: ٹیکس ج: ضَرَائِبُ۔
ضَرِيبَةُ الاَرَاضِي أو العَقَار: زمین کا ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الاَرْبَاح: منافع ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الأَمَان: جزیہ۔
ضَرِيبَةُ الأَطْيَان: خراج۔
ضَرِيبَةٌ اِضَافِيَة: سرچارج، سرٹیکس، زائد ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ اِضَافِيَةٌ على الدُّخُولِ المُرْتَفِعَة: بڑھتی ہوئی آمدنیوں پر سرٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ اِضَافِيَةٌ على الوَارِدَات: درآمدات پر سرچارج۔
ضَرِيبَةُ الاِنْتَاجِ المَحَلِّيّ: ایکسائز ڈیوٹی، مقامی پیداوار کا ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المُسَقَّفَات (المَبَانِي): ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الدَّخل: انکم ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الدَّخْلِ العَامّ: جنرل انکم ٹیکس، عمومی آمدنی پر ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الرَّأس: پول ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الصَّادِرَات: ایکسپورٹ ٹیکس۔
الضَّرِيبَةُ الصَّافِيَة: خالص ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ عَقَارِيَّة: زمین کا ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ عَلَى الإِيْرَاد: انکم ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ على المَنَازِل: ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ مُبَاشِرَةٌ: ڈائرکٹ ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ غَيْرُ مُبَاشِرَة: اِن ڈائرکٹ ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المَبِيْعَات: سیلز ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المُرُوْر: ٹول ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المَلَاهِي: کھیلوں کا ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المَنَازِل: ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الوَارِد: امپورٹ ٹیکس۔
ضَرَائِبُ عَلَى الاَمْلَاک: پراپرٹی ٹیکس، جائیداد ٹیکس۔
ضَرَائِبُ المَبَانِي: بلڈنگ ٹیکس۔
الضَّرَائِبُ المَحَلِّيَة: لوکل ٹیکس۔
مَصْلَحَةُ الضَّرَائِب: ٹیکس کا محکمہ۔

اِضْطِرَاب: (۱) گڑبڑ (۲) بدامنی، ابتری (۳) فساد (۴) تردد (۵) ہنگامہ، افراتفری ج: اضْطِرَابَات۔
اِضْطِرَابَات: ہنگامے، فسادات۔
اِضْطِرَابَاتٌ عَنِيفَة: زبردست ہنگامے۔
اِضْطِرَابَاتٌ طَائِفِيَّة: فرقہ وارانہ جھگڑے، ہنگامے۔
تَضَارُب: تضاد، تناقض۔
تَضَارُبُ الآرَاء: اختلافِ آراء۔
مُضْرِب: اسٹرائکر، اسٹرائک کرنے والا۔
مِضْرَبُ الكُرَة: بلا، بیٹ۔
مِضْرَبٌ و مِضْرَابُ التِّنِس: ٹینس کھیلنے کا بلا، ریکیٹ۔
مِضْرَب ج: مَضَارِبُ: خیمہ۔
مَضْرُوب: وہ عدد جسے ضرب دی گئی۔
مَضْرُوبٌ فِيه: وہ عدد جس میں ضرب دی گئی۔
مُضَارِبٌ تِجَارِيٌّ: تجارت میں مقابلہ کرنے والا۔
مُضَارِبٌ عَلَى الصُّعُود: خریدار۔
مُضَارِبٌ عَلَى النُّزُول: بائع۔
مُضَارَبَة: مزاحمت کرنا، مقابلہ کرنا۔
مُضَارَبَةٌ تِجَارِيَّة: تجارتی مقابلہ۔
ضَرَجَ ـُ ضَرْجاً و ضَرَّجَ تَضْرِيجاً: لت پت کرنا، ملوث کرنا۔
اِنْضِرَاج: ہوا باز کا پیراشوٹ کے ذریعہ نیچے اترنا۔
مُضَرَّجٌ بِالدَّم: خون آلود۔

ضَرَحَ القَبْرَ ـَ ضَرْحاً: قبر کھودنا۔
ضَرِيح ج: أَضْرِحَة: قبر۔
ضَرَّرَ تَضْرِيراً: زبردست نقصان پہنچانا۔
ضَرَّ ـُ ضَرّاً و أَضَرَّ: نقصان دینا۔
أَضَرَّهُ عَلَى: مجبور کرنا۔
أَضَرَّ الرَّجُلُ: مرد کا دوسری بیوی کرنا، پہلی بیوی کی سوکن لانا۔
اضْطَرَّهُ إِلَى: مجبور کرنا۔
اُضْطُرَّ إِلَى: مجبور ہونا، مجبور کیا جانا۔
اِضْطِرَار: ایمرجنسی۔
اِضْطِرَارِيّاً: غیر اختیاری طور پر۔
اِنْضِرَار و تَضَرُّر: نقصان اٹھانا۔
الضَّرَرُ: نقصان ج: أَضْرَارٌ۔
أَضْرَارٌ بَسِيطَة: معمولی نقصانات۔
ضَرَّةُ المَرْأَة: سوکن ج: ضَرَائِرُ۔
ضَرَّاءُ: مصیبت، سختی۔
ضَرُورَة: حاجت، ضرورت ج: ضَرُورَات۔
ضَرُورَةٌ قُصْوَى: سخت ضرورت، شدید ضرورت۔
ضَرُورَاتٌ أَسَاسِيَّة: بنیادی ضرورتیں۔
ضَرُورِيَّات: ضرورتیں، ضروری چیزیں۔
ضَرُورِيَّاتُ الحَيَاةِ: ضروریاتِ زندگی۔
ضَرُورِيَّاتٌ مَأْلُوفَة: عام ضرورت۔
ضَرِير ج: أَضِرَّاء: نابینا۔
مَضْرُور: نقصان اٹھانے والا، نقصان رسیدہ۔
ضَرِسَ ـَ ضَرْساً: کسی چیز کو دانتوں کے ذریعہ زور سے پکڑنا، ڈاڑھوں سے پکڑنا یا دبانا۔
ضِرْسٌ ج: أَضْرَاس: ڈاڑھ۔

ضِرْسُ العَقْل: عقل ڈاڑھ۔
ضَرَطَ ـِ ضَرْطاً و ضُرَاطاً: گوز مارنا۔
ضَرْ، ضُرَاط: گوز۔
ضَرَّاط و ضَرُوْط: گوز مارنے والا۔
ضَرَعَ ـَ ضُرُوعاً و تضرَّعَ إليه: گڑگڑانا، اظہارِ عجز کرنا۔
ضَارَعَهُ مُضَارَعَةً: مشابہ ہونا۔
ضَرْعٌ ج: ضُرُوْع: تھن۔
مُضَارَعَة: مشابہت۔
ضِرْغَام، ضَرْغَم: شیر قوی ج: ضَرَاغِمُ۔
ضَرِمَ ـَ ضَرَماً: آگ سلگنا، بھڑکنا۔
اضْطِرَام: آگ بھڑکنا، دہکنا۔
ضَرَّمَ و اَضْرَمَ: آگ سلگانا، بھڑکانا۔
ضَرَمَة: آگ، انگارا ج: ضَرَمٌ۔
مُضْطَرِم: روشن، سلگتا ہوا، مشتعل۔
ضِرْوٌ ج: ضِرَاءٌ: شکاری کتا۔
ضَارٍ: خونخوار، درندہ ج: ضَرَارٍ۔
ضَرَاوَة: درندگی، شدت، خونخواری، بے رحمی، بے دردی۔

ض............ع

ضَعْضَعَة: منہدم کرنا، کمزور بنانا۔
مُتَضَعْضِعٌ: منہدم، کمزور، بے جان۔
ضَعُفَ ـُ ضُعْفاً: کمزور ہونا
ضَعَفَ ـَ ضَعْفاً و ضَعَّفَ و ضَاعَفَ: ڈبل کرنا، دوگنا کرنا۔
اَضْعَفَه و ضَعَّفَه: کمزور بنانا، کمزور قرار دینا۔
اِضْعَاف: ہلکا اور دھیما کرنا۔
إِضْعَافُ الرُّوحِ المَعْنَوِيَّة: حوصلہ پست کرنا، مورل گرانا۔
إِضْعَافُ الصُّمُود: مقابلہ میں کمزوری پیدا کرنا۔
إِضْعَافُ القُدْرَة: صلاحیت کم کردینا۔
تَضَاعُفُ: دوگنا ہوا، ڈبل ہونا (۲) شدت، زور۔
مُضَاعَفَةُ الجُهُود: کوششوں میں اضافہ۔
مُضَاعَفَةُ المَرَض: بیماری میں اضافہ۔
مُضَاعَفَات: اثرات۔
مُضَاعَفَاتُ المَرَض: بیماری کے اثرات۔
ضُعْف: کمزوری۔
ضِعْف: دوگنا ج: أَضْعَاف۔
ضَعِيفُ البِنْيَة: لاغر جسم۔
ضَعِيفُ الشَّخْصِيَّة: کم حیثیت، معمولی پوزیشن والا۔

ض............غ

ضَغَثَ ـَ ضَغْثاً: ملانا، خلط ملط کرنا (۲) جمع کرنا، سمیٹنا۔
ضِغْثٌ: بوجھ، گٹھڑی، مٹھی بھر گھاس ج: اَضْغَاث۔
ضِغْثٌ على إِبَّالَةٍ: بوجھ در بوجھ، مصیبت بالائے مصیبت۔
اَضْغَاثُ اَحْلَام: پراگندہ خواب، موہوم امیدیں۔
ضَغَطَ ـَ ضَغْطاً: دبانا (۲) نچوڑنا۔
ضَغَطَ على: (۱) دباؤ ڈالنا، زور دینا (۲) مجبور کرنا، تنگ کرنا (۳) غصب کرنا۔

ضَغْطٌ: دباؤ، تنگی، زور۔
الضَّغْطُ البَارُومتْرِيّ: بیرومیٹر کا دباؤ۔
ضَغْطُ الدَّمِ العَالِيُ: ہائی بلڈ پریشر، بڑھے ہوئے خون کا دباؤ۔
ضَغْطُ الدَّمِ الوَاطِئُ: لو بلڈ پریشر، گھٹے ہوئے خون کا دباؤ۔
ضَغْطُ السُّكَّان: آبادی کا دباؤ۔
ضَغْطٌ سِيَاسِيّ: سیاسی دباؤ۔
الضَّغْطُ الطَّبِيْعِيّ: فطری دباؤ۔
ضَغْطٌ عَالٍ: ہائی پریشر۔
ضَغْطٌ على حُكُومَةٍ: کسی حکومت پر دباؤ۔
الضَّغْطُ عَلَى الاَعْصَابِ: اعصاب پر زور ڈالنا، اعصاب پر دباؤ۔
الضَّغْطُ عَلى كِيَان كذا: وجود پر دباؤ۔
ضَغْطُ العَمَلِ: کام کا دباؤ، کام کا ہجوم، رش۔
الضَّغْطُ المُتَزَايِدُ على اَحَدٍ: بڑھتا ہوا دباؤ۔
ضَغْطٌ نَفْسِيّ: ذہنی دباؤ۔
ضَغْطٌ هَابِطٌ: لو بلڈ پریشر، گھٹے ہوئے خون کا دباؤ۔
مَضْغُوط: جام، دبا ہوا۔
ضَغِنَ ـَ عليه ضَغَناً: کینہ رکھنا، دشمنی رکھنا، حسد کرنا۔
ضِغْنٌ و ضَغِيْنَةٌ: کینہ، حسد ج: اَضْغَان و ضَغَائِنُ۔
ضَغِنٌ: حاسد، کینہ ور۔

ض............ف

ضِفْدَع و ضُفْدَع: مینڈک ج: ضَفَادِع۔
ضَفَرَ ـِ ضَفْراً و ضَفَّرَ تَضْفِيراً: بال گوندھنا، چوٹی کرنا۔
ضَافَرهُ مُضَافَرَةً: مُعاونت کرنا۔
ضَفِيْرَة ج: ضَفَائِر و ضُفُر: چوٹی۔
مَضْفُور: جس کے بال گندھے ہوئے ہوں۔
ضَفَفٌ: قلتِ مال، کم مائیگی (۲) جلد بازی۔
ضَفَّة: جماعت (۲) کنارہ ج: ضِفَاف۔
ضِفَّةُ النَّهر: نہر کا کنارہ ج: ضِفَاف۔
ضَفَا الإِنَاءُ والحَوْضُ ـُ ضَفْواً: چھلکنا، پانی سطح سے اوپر ہونا۔
ضَافٍ: زائد، سطح سے زائد۔
اَضْفَاه اِضْفَاءً: بھر دینا، وسیع کرنا۔
اَضْفَى عليه اِضْفَاءً: جواب دینا، جوابی فعل کرنا (۲) عطا کرنا، دینا۔
اَضْفَى المَنْصِبَ على اَحَدٍ: کسی کو منصب دینا۔

ض............ل

ضَلُعَ ـُ ضَلَاعَةً: مضبوط و طاقتور ہونا۔
ضَلِعَ ـَ ضَلَعاً: ٹیڑھا ہونا۔
ضَلَّعَ تَضْلِيْعاً: ٹیڑھا کرنا، موڑنا۔
اِضْطَلَعَ بِمَسْئُولِيَّة كذا: ذمہ داری لینا۔
تَضَلَّعَ مِنَ العِلْم: علم کی دستگاہ حاصل کرنا، علم میں پختہ ہونا۔
ضِلَعٌ ج: اَضْلَاع: پسلی۔
ضَلِيعٌ: مضبوط، طاقتور۔
ضَلَّلَ تَضْلِيْلاً و أَضَلَّ: گمراہ کرنا، دھوکہ دینا۔
أَضَلَّ الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔
ضَلَّ ـِ ضَلَالاً و ضَلَالَةً: گمراہ ہونا، راستہ بھولنا، بھٹکنا، ضائع ہونا۔

ضَلَّ سَعْيُهُ: کوشش بے کار ہونا۔
ضَلَال: گمراہی، دھوکہ۔

ض......م

اِضْمَحَلَال: ناپید ہونا، معدوم ہونا (۲) سُست ہونا، کمزور پڑ جانا، بے جان ہو جانا (۳) انحطاط۔
ضَمَخَ ـُ البَدَنَ ضَمْخاً: مَلنا، خوشبو وغیرہ ملنا۔
ضَمَدَ ـِ ـُ ضَمْداً و ضِمَاداً و ضَمَّدَ تَضْمِيْداً: زخم پر لیپ کرنا، پلاسٹر وغیرہ چڑھانا۔
ضِمَاد و ضِمَادَة: لیپ، بینڈ یج، پلاسٹر جو زخم پر ہو ج: اَضْمِدَة و ضَمَائِد ضِمَادَة (۲) ڈریسنگ۔
ضَمُرَ ـُ ضُمُوراً: دُبلا اور کمزور ہونا، چھوٹے جسم کا ہونا (ضد ضَخُم)۔
اَضْمَرَ الأَمْرَ: پوشیدہ رکھنا، دل میں رکھنا۔
اَضْمَرَ لَهُ الشَّرَّ أو الحِقْدَ: بغض رکھنا۔
اَضْمَرَ و ضَمَّرَ: کمزور و دُبلا کرنا۔
تَضَمَّرَ: کمزور و دُبلا بن جانا، لاغر ہونا۔
اِنْضِمَار: پژمردہ ہونا۔
ضُمْرٌ، ضُمُور: دُبلا پن۔
ضِمَار: نا قابلِ وصول قرض۔
ضَمِيْر ج: ضَمَائِر: (۱) باطن، دل (۲) ذہن۔
حَيُّ الضَّمِيْر: زندہ دل۔
فَاقِدُ الضَّمِيْر: مُردہ دل، بے دل۔
مُضْمَرٌ: پوشیدہ۔
مِضْمَار: میدان، دوڑ کا میدان ج: مَضَامِيْرُ۔
مِضْمَارُ الخَيْل: ریس کورس، گھوڑ دوڑ کا میدان، ریس گراؤنڈ۔
ضَمَّ ـُ ضَمّاً: ملانا، سمیٹنا، یکجا کرنا، متحد کرنا، الحاق کرنا۔
ضَمَّ الشَّيْئَ إلَى: اضافہ کرنا، شامل کرنا، ضم کرنا، ملحق کرنا۔
ضَمَّ الشَّيْئُ كذا: شامل ہونا، مشتمل ہونا۔
ضَمُّ اَعْضَاءٍ جُدُدٍ: نئے ممبروں کو شامل کرنا۔
ضَمُّ الصُّفُوْف: شیرازہ بندی کرنا۔
ضَمُّ دُوَلٍ إلَى تَنْظِيْمٍ اِتِّحَادِيّ: وفاقی ریاست قائم کرنا۔
ضَمُّ عُضْوٍ إلَى لَجْنَةٍ أو هَيْئَةٍ: ممبر بنانا۔
تَضَامَّ القَوْم: متحد ہونا۔
اِنْضِمَامٌ إلَى: ملنا، شامل ہونا، کسی کے ساتھ ہو جانا، ملحق ہونا، ضم ہونا (۲) اشتراک، شمولیت۔
اِنْضِمَامٌ إلَى التَّيَّار: دھارے میں بہنا۔
الاِنْضِمَامُ إلَى جَمْعِيَّةٍ: جماعت میں شامل ہونا۔
الاِنْضِمَامُ إلَى صُفُوفِ المُعَارَضَة: اپوزیشن کی صف میں ملنا، شامل ہونا۔
الاِنْضِمَامُ إلَى الدُّوَلِ الأُخْرَى: دیگر حکومتوں سے وابستہ ہونا۔
اِنْضِمَامٌ إلَى مُعَاهَدَةٍ: معاہدہ میں شریک ہونا، شامل ہونا۔

اِنْضِمَامٌ عَلَى: مشتمل ہونا۔
ضَمٌّ: شمولیت، الحاق، اضافہ (۲) فولڈنگ۔
ضِمَام: (مِشْبَکُ وَرَقٍ) پیپر کلپ۔
ضَمِنَ ـَ ضَمَاناً: کفیل ہونا، ضامن ہونا۔
ضَمَّنَه تَضْمِيناً: ضامن قرار دینا۔
تَضَمَّنَ: مشتمل ہونا۔
تَضَمَّنَ جَدْوَلُ الأعْمَالِ كذا: ایجنڈے میں شامل ہونا۔
تَضَمَّنَ الْمَشَارِيعَ: منصوبوں میں شامل ہونا۔
تَضَمَّنَ الدَّوْرَة مُحَاضَرَاتٍ: میعادی اجلاس میں تقریروں کا شامل ہونا۔
تَضَمَّنَ الْمُذَكِّرَة شَرْحاً لكذا: ایجنڈے یا میمورنڈم میں کسی چیز کی وضاحت ہونا۔
ضِمْنَ: اندر، درمیان، ذیل۔
ضِمْنَ كَذَا: ضمن میں، ذیل میں، فلاں چیز کے تحت۔
ضِمْنَ مُخَطَّطِ: كذا: فلاں منصوبہ کے تحت۔
ضِمْناً: ذیلی طور پر، ضمناً۔
ضَمَان: گارنٹی، ضمانت، ذمہ داری، تحفظ، یقین۔
الضَّمَانُ الاجْتِمَاعِيّ: سوشل سیکورٹی۔
ضَمَانٌ شَخْصِيّ: ذاتی ضمانت، شخصی ضمانت۔
الضَّمَانُ لِلسِّرِّيَّة: رازداری کی حفاظت۔
ضَمَانٌ مَالِيّ: مالی ضمانت۔
ضَمَانٌ مَصْرِفِيّ: بینک گارنٹی۔
ضَمَانَة: گارنٹی۔

ضَامِن: کفیل، ضامن، گارنٹی دینے والا، ذمہ دار۔
تَضَامُن: اتحاد و اشتراک، یک جہتی۔
التَّضَامُنُ الآسِيَوِيُّ الأفْرِيقِيّ: افرو ایشین اتحاد۔
تَضَامُنٌ إسْلامِيّ: اسلامی اتحاد، اشتراک۔
التَّضَامُنُ الْعَرَبِيّ: عرب اتحاد۔
تَضَامُنٌ مُطْلَقٌ: مکمل اتحاد، تعاون، مکمل یکجہتی۔
التَّضَامُنُ مَعَه: حمایت و تعاون۔
تَضَامُنِيّ: مشترکہ، متحدہ۔
بِالتَّضَامُن: متحدہ طور پر۔
مَضْمُون: مضمون (۲) مصداق (۳) محفوظ و مامون، مکفول، ضمانت دیا ہوا (۴) قابلِ اعتماد۔

ض .... ن

ضَنُکَ ـُ ضَنَاکَةً: کمزور جسم اور کمزور رائے ہونا، تنگ ہونا۔
ضَنُکَ عَيْشُه: تنگ حال ہونا۔
ضَنْک: تنگی۔
عَيْشٌ ضَنْکٌ و مَعِيْشَة ضَنْکٌ: عُسرت کی زندگی۔
فی ضَنْکٍ: تنگ دست۔
ضَنَّ بالشيءِ ـَ ضَنّاً و ضَنَانَةً: بخل کرنا
ضَنِين: (۱) بخیل (۲) کم، معمولی۔
ضَنِيَ ـَ ضَنًى و ضَنَاءً: کمزور دُبلا ہونا، تھکنا۔
اَضْنَاه اِضْنَاءً: کمزور بنانا، تھکانا۔

ضَنًى: تھکان، کمزوری۔
مُضْنًى: ، کمزور، لاغر۔
مُضْنًى بِالْمَتَاعِبِ: مصیبتوں کا مارا۔

ض............ہ

ضَهَدَهُ ـَ ضَهْداً و اضْطَهَدَه: ظلم وزیادتی کرنا، تکلیف دینا۔
اِضْطَهَدَ الشَّعْبَ: عوام پر ظلم کرنا۔
اِضْطِهَاد: ظلم۔
الاِضْطِهَادُ الْمَذْهَبِيّ: فرقہ وارانہ ظلم۔
مُضْطَهَد: مظلوم۔
مُضْطَهِدٌ: ظالم۔
ضَهِيٌّ: مُشابہ۔
ضَاهَاهُ مُضَاهَاةً: مُشابہ ہونا۔

ض............و

ضَوَّأَ و أَضَاءَ الْمِصْبَاحَ أو الْبَيْتَ: روشن کرنا۔
إِضَاءَة: (۱) روشن کرنا، لائٹ کرنا (۲) روشن ہونا (۳) روشنی۔
إِضَاءَةُ الأَنْوَار: بتیاں روشن کرنا۔
إِضَاءَةُ الْعُقُول: ذہنوں کو روشن کرنا۔
ضَاءَ ـُ ضَوْءاً و ضِيَاءً: روشن ہونا۔
اِسْتَضَاءَ: روشن ہونا، اُجالا ہونا۔
اِسْتَضَاءَ بِه: روشنی حاصل کرنا۔
ضَوْءٌ ج: أَضْوَاءٌ: روشنی، لائٹ۔
عَلَى ضَوْءِ كَذَا: فلاں چیز کی روشنی میں۔
ضَوْئِيّ: روشنی سے متعلق۔
ضَوِّيٌّ: لیمپ روشن کرنے والا ملازم۔
مُضِيءٌ: روشن (۲) روشن کرنے والا۔

ضَارَ ـُ ضَوْراً: سخت بھوک لگنا۔
ضَارَ فُلَاناً: نقصان پہنچانا۔
تَضَوَّرَ: درد سے تڑپنا۔
ضَوْضَاء: شوروغل، آوازیں، ہنگامہ۔
ضَاعَتِ الرَّائِحَةُ ـُ ضَوْعاً و تَضَوَّعَتْ: مہکنا۔
ضَاعَ الْمِسْكُ: مشک کی خوشبو آنا۔

ض............ی

ضَيْر: نقصان۔
ضَيَّعَ تَضْيِيعاً و أَضَاعَ إِضَاعَةً: ضائع کرنا، برباد کرنا، کھونا (۲) نقصان اٹھانا۔
ضَاعَ ـِ ضَيَاعاً: برباد ہونا، گم ہونا۔
ضَيْعَة ج: ضِيَع و ضَيْعَات: زمین (۲) جاگیر (۳) چھوٹا گاؤں، بستی۔
ضَيَّفَهُ تَضْيِيفاً و أَضَافَه: مہمان بنانا، ضیافت کرنا۔
أَضَافَ الشَّيْءَ إِلَى: ملانا، اضافہ کرنا، شامل کرنا۔
ضَافَ ـِ ضَيْفاً و تَضَيَّفَ: مہمان بننا۔
انْضَافَ إِلَيْه انْضِيَافاً: مائل ہونا، منضم ہونا۔
اِسْتَضَافَهُ: ضیافت طلب کرنا۔
ضَيْفٌ ج: ضُيُوف: مہمان، ملاقاتی، آیا گیا۔
ضِيَافَة: میزبانی۔
اِضَافَة: زیادتی، شمولیت۔
اِضَافَةً إِلَى كَذا: بشمول اس کے۔
بِالإِضَافَةِ إِلَى كَذا: بشمول اس کے، باوجودیکہ۔

اِضَافِیّ: زائد، مزید، مقررہ وقت سے زائدہ، اُوَرٹائم، ایڈیشنل، ایکسٹرا۔
مُضِیْف: میزبان۔
مُضِیْفَةٌ بِالطَّائِرَة: فلائنگ ہوسٹس، ایرہوسٹس۔
مَضِیْف، مَضِیْفَة: مہمان خانہ، گیسٹ ہاؤس۔
مِضْیَاف: بڑا مہمان نواز۔
ضَیَّقَ تَضْیِیْقاً: تنگ کرنا (۲) سمیٹنا، (ضد: وَسَّعَ، بَسَطَ)۔
ضَیَّقَ عَلَی: دبانا، پریشان کرنا۔
___ علی العَدُوِّ: محاصرہ کرنا۔
___ الخِنَاقَ علی: ظلم کرنا، پریشان کرنا، زندگی دوبھر کرنا، جینا دشوار کرنا۔
___ و ضَایَقَ علی: سختی کرنا، دباؤ ڈالنا۔
___ عَلَیْهِ الحِصَارَ: محاصرہ سخت کرنا۔
___ الفَجْوَةَ أو الهُوَّةَ: خلیج کم کرنا۔
___ شُقَّةَ الخِلَافِ: اختلاف کی خلیج کم کرنا۔
___ مَجَالَ الشَّیْءِ: دائرہ تنگ کرنا، میدان تنگ کرنا۔
ضَایَقَهُ مُضَایَقَةً: ستانا، پریشان کرنا۔
تَضَایَقَ: تنگ ہونا، تنگ آنا، اُکتانا، پریشان ہونا۔
تَضَایَقَ مَالِیّاً: مالی پریشانی میں مبتلا ہونا۔
ضَاقَ ـِ ضِیْقاً: تنگ ہونا، چھوٹا ہونا۔

ضِیْق: تنگی، عسرت، سختی، پریشانی، گھٹن، اُلجھن، چھوٹا پن۔
ضِیْقٌ مَالِیّ: مالی تنگی، مالی بحران، کرائسس۔
ضِیْقٌ نَفْسِیٌّ: ذہنی کوفت۔
ضِیْقَة، ضَائِقَة: بدحالی، غربت، تنگی۔
ضَائِقَةٌ مَالِیَّة: مالی پریشانی۔
ضَیِّقٌ: چھوٹا، تنگ، محصور، پریشان، منقبض، اکتایا ہوا۔
ضَیِّقُ الانْتِشَار: قلیل الاشاعت۔
ضَیِّقُ الرُّقْعَة: چھوٹے پیمانے کا۔
ضَیِّقُ العَقْل: تنگ ذہن۔
مُضَایِق: پریشان کن۔
مُضَایِقَات: پریشانیاں۔
مَضِیْق ج: مَضَایِقُ و مَضِیْقَات: تنگنائے (۲) آبنائے، دو پہاڑوں یا دو سمندروں کے درمیان تنگ راستہ۔
مَضَایِقُ تیران: آبنائے تیران۔
مَضَایِقُ العَقَبَة: خلیج عقبہ کی آبی راہیں۔
مُتَضَایِق: پریشان، منقبض۔
مُتَضَایِقٌ مِنْهُ: اُکتایا ہوا۔
ضَیْم: ظلم۔
ضَامَهُ ـِ ضَیْماً: ظلم کرنا۔
ضَائِمٌ: ظالم۔
مُسْتَضَام: مظلوم۔

ط............أ

طَأطَأ رَأسَه: سر جھکانا۔

ط............ب

طَبَّ ـُـ طَبّاً و طَبَّبَ تَطبِیباً: دوا کرنا، علاج کرنا۔

تَطَبَّبَ: دوا استعمال کرنا۔

اِستَطَبَّ الطَّبِیبَ: ڈاکٹر سے مشورہ کرنا۔

طِبٌّ: علاج، علم العلاج، میڈیسن۔

طِبِّی: میڈیکل۔

طَبِیبٌ ج: أَطِبَّاءُ: معالج، حکیم، ڈاکٹر۔

طَبِیبٌ جَرَّاح: سرجن، آپریشنر۔

طَبِیبُ الأَسنَان: ڈینٹسٹ۔

طَبِیبٌ الجَدوَل: پینل ڈاکٹر۔

طَبِیبٌ رَسمِیٌّ: میڈیکل ایگزامینر۔

الطَّبِیبُ العَصرِیّ: ڈاکٹر۔

الطَّبِیبُ المُدَاوِی: معالج ڈاکٹر۔

الطَّبِیبُ المُقِیمُ (فی المُستَشفَی): ہاؤس فزیشین۔

طَبِیبُ العُیُون: آنکھوں کا ڈاکٹر۔

طَبَّة: (مَسنَد) مسند، تکیہ، گدا (۲) پیڈ جس پر خط وغیرہ رکھ کر لکھتے ہیں۔

طَبَخَ ـُـ طَبخاً: پکانا، تیار کرنا۔

اِنطَبَاخ: پکنا۔

صِنَاعَةُ الطَّبخ، طِبَاخَة: پکانے کا پیشہ۔

طَبَّاخ: باورچی۔

طَبِیخ: پکا ہوا کھانا، پکی ہوئی چیز۔

مَطبَخ: باورچی خانہ، کچن، ریسٹورنٹ۔

مِطبَخ: تیل سے کام کرنے والا چولہا، اسٹوو۔

طَبَرٌ: تبر، کلہاڑی نما اوزار۔

طَابُور: فوج کی ایک بٹالین (۲) فائل (۳) کالم (۴) قافلہ ج: طَوَابِیرُ۔

الطَّابُورُ الخَامِس: ففتھ کالم۔

طَبَاشِیر: چاک، کھریا۔

طَبطَابَة: (مِضرَبُ الکُرَة) بلا، بیٹ۔

طَبَعَ الکِتَابَ ـَـ طَبعاً: چھاپنا۔

طَبَعَ: نشان لگانا۔

طَبَعَ عَلَیهِ: مہر لگانا۔

طَبَعَ الدِّرهَمَ: سکہ ڈھالنا۔

طَبَعَ مِنَ الطِّینِ ـــ نَاءً: مٹی کا برتن بنانا۔

طُبِعَ عَلَی کَذَا: کسی چیز کا عادی ہونا۔

طَبِعَ و انْطَبَعَ: منقش و منعکس ہونا۔
طَبَّعَ الحَيَوانَ تَطْبِيعاً: جانور کو سدھانا، مانوس بنانا، عادی بنانا۔
تَطَبَّعَ بِطِبَاعٍ: خصلت اختیار کرنا، عادت اختیار کرنا۔
انْطِبَاع: متاثر ہونا، چھاپ لگنا۔
انْطِبَاعَات: تاثرات و: انْطِبَاع۔
تَطْبِيع: معمول پر لانا، مانوس بنانا، عادی بنانا۔
تَطْبِيعُ العَلاقَاتِ الدِبْلُومَاسِيَة: سفارتی تعلقات معمول پر لانا۔
طَبْع: چھپائی، پرنٹنگ (۲) نشان۔
طَبْعُ الحَجَر: پتھر کی چھپائی۔
طَبْعُ الحُرُوف: ٹائپ کی چھپائی۔
وَرَقُ الطَّبْع: پرنٹنگ پیپر۔
الطَّبْعُ بالرَّوْسَم: اسٹینسا کاٹنا۔
طَبْعاً، بِالطَّبْع: قدرتی طور پر، یقیناً، بلاشبہ، ٹھیک۔
طِبَاعَة: چھپائی۔
طِبَاعَةٌ بِالاسْتِنْسَاخ: مموگرافی نقلیں تیار کرنا، ڈبل کاپی تیار کرنا۔
طَبْعَة: ایک دفعہ کی چھپائی، ایڈیشن ج: طَبَعَات۔
طَبْعَةٌ أُسْبُوعِيَّة: ہفتہ وار ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ حَدِيثَة: نیا ایڈیشن۔
الطَّبْعَةُ الزَّرْقَاء: بلو پرنٹ۔
طَبْعَةٌ قَدِيمَة: پرانا ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ قَادِمَة: اگلا ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ مِنْ كِتَاب: پرنٹ ایڈیشن۔
طَبْعَةُ يَوْمِ الأَحَد: سنڈے ایڈیشن۔

طَبْعٌ ج: طِبَاع، طَبِيعَة ج: طَبَائِع: فطرت، عادت، مزاج، موڈ۔
بِطَبِيعَةِ الحَال: بہ مقتضائے حال، قدرتی طور پر۔
طَبِيعِيّ: فطری، معمولی، معمول کے مطابق، نارمل، قدرتی، نیچرل (۲) اصل، غیر مصنوعی (ضد: مُصْطَنَع) (۳) علم الطبیعیات کا ماہر۔
عِلْمُ الطَّبِيعِيَّات: سائنس۔
طَبَّاع: تلوار وغیرہ بنانے والا۔
طَالِع، طَبَّاع: پرنٹر، چھپائی کا کام کرنے والا۔
طَابِع: (۱) نشان، لیبل، علامت (۲) چھاپ، اثر، انداز (۳) ڈیٹر، اسٹامپ ج: طَوَابِع۔
طَابِعٌ إِسْلامِيّ: اسلامی طرز، اسلامی نشان۔
طَابِعٌ بَرِيدِيّ: پوسٹیج اسٹامپ، ڈاک ٹکٹ۔
طَابِعُ التَّهْوِيلِ و المُبَالَغَة: مبالغہ آرائی اور دہشت انگیزی کا انداز۔
طَابِعُ التَبَرُّعَات: چندہ کا ٹکٹ۔
الطَّابِعُ الثَّوْرِيّ: انقلابی چھاپ، انقلابی رنگ۔
طَابِعٌ بَعْغَة: فزیکل اسٹامپ۔
طَابِعٌ دُوَلِيّ: بین الاقوامی چھاپ۔
مَطْبُوعٌ عَلَى: کسی چیز کا پیدائشی عادی۔
شَاعِرٌ مَطْبُوع: فطری شاعر۔
مَطْبُوعَات: مطبوعہ اشیاء، لٹریچر، چھپا ہوا مواد، پرنٹیڈ میٹر۔
مَطْبُوعَاتٌ دَوْرِيَّة: گشتی پمفلٹ،

وقفہ وقفہ سے شائع ہونے والے لٹریچر۔
قَلَمُ المَطْبُوعَات: پریس آفس جہاں رسائل واخبارات وکُتب وغیرہ کی چھان بین وغیرہ امور طے کئے جائیں۔
مُطَبَّع: سدھایا ہوا، عادی بنایا ہوا۔
مَطْبَعَة، مَطْبَع: پریس، پرنٹنگ آفس۔
مِطْبَعَة: چھپائی کی مشین، پرنٹنگ پریس، پریس۔
غَلْطَةٌ مِطْبَعِيَّة: چھپائی کی غلطی۔
مِطْبَعَةُ حَجَرٍ: لیتھو پریس۔
مَطْبَعِيٌّ: پرنٹر، پریس مین، پریس والا، چھاپنے والا، چھپائی کا کام کرنے والا۔
طَبِقَ ـــ طَبَقاً: ہاتھ وغیرہ کا منجمد ہونا، نہ پھیلنا۔
طَبَّقَ الشيُّ تَطْبِيقاً: عام ہونا۔
ـــ الشيءَ: ڈھانپنا۔
ـــ قَاعِدَةً عَلَى: جاری کرنا، منطبق کرنا، نافذ کرنا۔
ـــ عُقُوبَاتٍ علی: تادیبی کارروائی کرنا، سزائیں دینا۔
ـــ القَرَارَ: تجویز پر عمل کرنا، عملی جامہ پہنانا۔
ـــ نِظَامَ اللاَّمَرْكَزِيَّة: لامرکزی نظام جاری کرنا۔
طَبَقَ و أَطْبَقَ: بند کرنا، ملانا (جیسے: أَطْبَقَ شَفَتَيْه)۔
أَطْبَقُوا علی الأمر: متفق ہونا۔
طَابَقَهُ مُطَابَقَةً: موافق ہونا۔
انْطِبَاق، تَطَبُّق: بند ہونا، ملنا۔
انْطِبَاق و تَطَبُّق علی: منطبق ہونا، فٹ ہونا۔
تَطَبُّقُ البِنَاء: (دا) عمارت کا منہدم ہونا۔
تَطْبِيق: مطابقت، عملی تشکیل، تنفیذ، اجراء، عملی جامہ پہنانا۔
طَبِقٌ، مَطْبُوق: بند، محصور۔
طَبَقٌ: ڈھکن، کور، پلیٹ، سینی، طشتری ج: أَطْبَاق۔
طَبَقٌ طَائِر: اڑن طشتری۔
طِبْقَ: مطابق، موافق۔
طِبْقَ المَرَام: حسب منشا۔
طِبْقاً لكذا: اس کے مطابق، بربناء۔
طِبْقاً للمُعَاهَدَة: معاہدہ کے مطابق۔
طَبَقَة: (۱) درجہ، کلاس، طبقہ (۲) حالت (۳) زمین کی ایک تہہ ج: طَبَقَات۔
الطَّبَقَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ الدُّنْيَا: لوَر کلاس کے لوگ۔
الطَّبَقَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ العُلْيَا: امیرانہ درجہ، شاہانہ درجہ۔
الطبقَةُ البَاغِيَة: باغی لوگ۔
الطبقَةُ الحَاكِمَة: حکمراں طبقہ۔
الطبقَةُ الدُّنْيَا: چھوٹا طبقہ۔
الطَّبَقَةُ الرَّاقِيَة: ترقی یافتہ لوگ، ترقی یافتہ طبقہ۔
طَبَقَةٌ رَأْسمالِيَّة: سرمایہ دار طبقہ۔
الطبقَةُ السُّفْلَى: چھوٹا طبقہ۔
الطَبَقَةُ العَالِيَة: بڑا طبقہ۔
الطَبَقَةُ العَامِلَة: مزدور طبقہ۔
الطَبَقَةُ العُلْيَا: اعلیٰ طبقہ۔

طَبقةُ العُمَّال: مزدور طبقہ۔
الطبقةُ الفقِيرة: غریب طبقہ۔
الطبقةُ الكَادِحة: محنت کش طبقہ۔
الطبقةُ المُترفَة: خوش حال طبقہ۔
طَبقةُ المُثقَّفِين: تعلیم یافتہ طبقہ۔
طَبقةُ المَنبُوذِين: اچھوت، پست اقوام۔
طَبقةٌ مُخلّفَة: اچھوت۔
طَبقةٌ مَهضُومَةُ الحُقوق: مظلوم طبقہ۔
الطَبقةُ الوُسطٰی: درمیانہ طبقہ، مڈل کلاس۔
طَبقَاتُ الأرض: زمین کی تہیں۔
طَبقِيّ: طبقاتی۔
طِبَاق: (۱) تمباکو (۲) مطابق۔
طَابق: منزل ج: طَوابِق۔
الطَابِقُ الأرضِيّ: زمین دوز منزل، نچلی منزل، گراؤنڈ فلور۔
طَابقٌ مِن بَيتٍ: اسٹوری، منزل۔
مُطبِق: زیر زمین قید خانہ (۲) مکمل، زبردست، گھٹاٹوپ۔
مُنطَبِقٌ على مَقَايِيسِ الجِسم: بدن پرفٹ۔
مُطَابِقٌ لِلزِيِّ الحَدِيث: فیشن ایبل۔
مُطَابَقةُ الحِسَابَات: حسابات کی یکسانیت صحت۔
مَطبُوق: بند، محصور۔
طَبَلَ ـُ طَبلاً: ڈھول بجانا۔
طَبلٌ ج: اَطبَال و طُبُول: ڈھول۔
طَبلَةُ الفُنغرَاف: ساؤنڈ بکس۔
طَبَّال: طبلچی، ڈھولچی۔
طَبَنَ النَارَ ـِ طَبناً: راکھ میں آگ دبانا۔

طُبنَة: باسی روٹی۔
طَبُونَة، طابُونَة: (مَخبز) تنور، بیکری، بسکٹ وغیرہ کا کارخانہ۔
طَبَّانُ العَجلَة: ٹائر۔
طَبنجَة: پستول ج: طَبنجَات۔
طَبنجَةٌ بِمُشطٍ: خودکار پستول۔

ط.........ج

طَجَنَ ـُ طَجناً و طَجَّنَ تَطجِيناً: تلنا۔
طَاجِنٌ ج: طَوَاجِن: کڑھائی، فرائنگ پین، کڑچھا۔

ط.........ح

طِحَال، اَطحِلَة: تلی۔
طُحلُبٌ، طِحلِبٌ: کائی، وہ سبزی جو پانی کے اوپر جم جاتی ہے۔
طَحلَبَ الماءُ: پانی پر کائی جمنا۔
طَحَنَ الغَلَّةَ ـَ طَحناً: پینا۔
طَحَّان: پیسنے والا۔
طَحِين: آٹا۔
طَاحُونَة، مِطحَنَة ج: مَطَاحِن: آٹا پیسنے کی چکی یا مشین، آٹا مل۔
التَطَاحُن: باہمی ٹکراؤ۔
تَطَاحُنُ الاَحزَابِ فِيمَا بَينَها: پارٹیوں کا آپس میں دست و گریباں ہونا۔
التَطَاحُنُ فی الآرَاء: خیالات کا ٹکراؤ۔
مَطحَنَة ج: مَطَاحِن: آٹے کا مل۔

ط.........ر

طَرَأَ ـَ طَرءاً طُرُوءاً علی: طاری ہونا، پیش آنا، رونما ہونا، اچانک پیش آنا۔

أطـرأه إطـراءً: حد سے زیادہ تعریف کرنا۔
طرأ التحسُّنِ علی: اصلاح ہونا۔
طرأ التطوُّراتِ علی القضِیَّة: مقدمہ میں بہتر تبدیلی آنا۔
طرأ التطوُّرِ علی موْقفِ الولایة: صوبہ کی پالیسی میں بہتر تبدیلی آئی۔
طرأ التغیُّر: تبدیلی پیدا ہونا۔
طرأ الفِکرةِ علی الذِّهن: ذہن میں خیال آنا۔
طارِئٌ: غیر متوقع، وقتی، ایمرجنسی، ہنگامی، اچانک پیش آنے والا ج: طوارِئ۔
طارِئة ج: طوارِئ: ہنگامی حالت۔
اِعتِمادُ مصرُوفاتِ الطَّوارِئ: ہنگامی اخراجات کا فنڈ۔
طـرِبَ ـــ طرَباً: مست ہونا، خوش ہونا، خوشی سے جھومنا۔
طرَّبَ تطرِیباً: گانا۔
أطرَبَ إطراباً: مست بنانا، خوش کرنا۔
هِزَّةُ الطَّرَب: خوشی کی لہر، سرمستی۔
طرِبٌ: خوش، مست۔
طرُوب: بیحد خوش، مست، بے خود۔
مُـطـرِبٌ: خوش کن، مست بنانے والا (۲) گانے والا۔
طرْبُوش ج: طرابِیش: ترکی ٹوپی۔
طرْبُوش المِدْخنة: چمنی کیپ۔
طرْبِید: (مع) تارپیڈو۔
طـرَحَ الشیئُ و بـه ـَـ طرْحاً: ڈالنا، پھینکنا، ایک طرف ڈالنا، چھوڑنا۔
___ الثَّوبَ علَیه: پہننا۔
___ مِنْ: گھٹانا، کم کرنا۔
___ علَیهِ سُئوالاً: سوال کرنا۔
___ علَیهِ مسْئلةً: پیش کرنا۔
___ علَی الأرْض: گرانا۔
___ الحُلول: حل پیش کرنا۔
___ المُقترحاتِ: تجاویز پیش کرنا۔
طرَحتِ الحُبلٰی: حاملہ عورت کا حمل ساقط ہو جانا۔
طرَّحَ الحُبلَی: حمل ساقط کرانا۔
طارَحهُ الأسئِلةَ: سوال و جواب کرنا۔
طرْحٌ: پیشکش ج: طرُوحات۔
طِرْحٌ: اسقاط شدہ بچہ۔
طرَّاحة: گدا (دا)۔
طرِیح، مطرُوح، مُنطرِحٌ: گرا ہوا، پڑا ہوا۔
طرِیحُ الفِراش: صاحب فراش، بیمار۔
بالطَّرِیحة: ٹھیکہ پر۔
أُطـرُوحة: تھیسز، وہ تحقیقی موضوع جو ڈگری حاصل کرنے کے لئے مقرر کیا جائے۔
مطرَحٌ: جگہ، گرنے کی جگہ ج: مطارِحُ۔
مطرُوحٌ: گرا ہوا، پڑا ہوا، پیش کیا ہوا۔
مـطرُوحٌ مِنهُ: وہ عدد جس میں سے چھوٹا عدد گھٹایا گیا ہو۔
مطرُوحُ الفِراش: صاحب فراش، بیمار۔
طـرَدَ ـــُ طرْداً: دور کرنا، ہٹانا، باہر نکالنا، برطرف کرنا، برخواست کرنا، جلاوطن کرنا۔
طرَّدهُ و طارَدهُ مُطارَدةً و طِراداً: تعاقب

کرنا، جانور کا پیچھا کرنا۔
اِطِّـرَاد: یکے بعد دیگرے ہونا، کثرت سے ہونا۔
اِسْتِطْرَاد: اضافہ کرنا (۲) تفصیل۔
طَرْدٌ: (مص) اخراج، برطرفی، جلاوطنی۔
طَـرْدُ دِبْـلُـومَـاسِيٍّ مِنَ الْقُطْر: ڈپلومیٹ کو ملک سے نکالنا۔
طَرْدُ سَفِيْرٍ مِنَ الْقُطْر: سفیر کو نکالنا۔
طَرْدُ مُرَاسِلِ الصَّحِيْفَة: نامہ نگار کو نکالنا۔
طَـرْدُ قُوَّاتِ الاحْتِلَال: قابض فوجوں کو نکالنا۔
طَرْدٌ: پیکٹ، بنڈل، پارسل ج: طُرُوْد۔
طَرْدٌ لِمُسْتَعْجَلٍ: اکسپریس پارسل۔
طَرْدٌ جَوِّيٌّ: ایرپارسل، ہوائی پارسل۔
طَرْدٌ مُحَوَّلٌ عَلَيْهِ: سی-او-ڈی پارسل۔
طَرْدٌ مُسَجَّلٌ: رجسٹرڈ پارسل۔
طَرَّاد: کروزر، جنگی جہاز۔
طَرَّادُ النَّهر: پُل۔
تَقْنِیْن: قانون سازی۔

قَـنَـا ـُـ قَنواً و اِقْتَنَی: جمع کرنا، حاصل کرنا، مالک ہونا۔
قُنْوٌ: کھجور یا کیلے کا گچھا ج: اَقْنَاء۔
قَنَّی تَقْنِیَةً: نہر کھودنا۔
قَـنِیَ الاَنْفُ ـَـ قَنًا: ناک کا بیچ سے اٹھا ہوا ہونا۔
قَنَاةٌ: نہر (۲) نیزہ کی لکڑی ج: قُنِیّ (۲) بڑی نالی ج: قَنَوَات۔
قَـنَـاةٌ، قَـنَـایَة: نلکی، ٹیوب (۲) نالی (۳) راستہ۔
قَنَوَاتُ المِلَاحَة: جہاز رانی کی نہریں۔
قَانٍ: تیز، گہرا سرخ۔
قَانٍ، مُقْتَنٍ: حاصل کرنے والا، مالک۔
اَقْنَی: مڑی چونچ والا (۲) اُبھری ناک والا۔
مُقْتَنًی: حاصل شدہ، جمع کردہ۔
تِقْنِیَّة: ٹکنالوجی۔

ق............ہ

قَهَرَ ـَـ قَهْراً: زیر کرنا (۲) مغلوب بنانا (۳) مجبور کرنا۔
قَهْرٌ سِیَاسِیّ: سیاسی دباؤ۔
قَهْرٌ عَسْکَرِیّ: فوجی دباؤ۔
قَهْراً: زبردستی، بزور۔
قَهْرِیّ: جبری، غیر ارادی، لازمی۔
قُوَّةٌ قَهْرِیَّة: زبردست طاقت۔
ظُرُوف قَهْرِیَّة: مجبور کُن حالات۔
قَاهِرٌ: غالب (۲) زبردست۔
لَا یُقْهَرُ: ناقابلِ تسخیر۔
مَقْهُور: مجبور (۲) تابع (۳) مغلوب۔

قَهرَمَان: میرمنشی، نگراں ج: قَهارِمَة۔
قَهرَمَانَة: گھر کی نگراں (۲) مربیہ۔
قَهقَرَة، تَقَهقُر: پیچھے لوٹنا (۲) رجعت۔
تَقَهقُر: پیچھے ہونا، انحطاط پذیر ہونا۔
قَهقَهَة: کھلکھلا کر ہنسنا۔
قَهوَة: کافی۔
مَقهَى: قہوہ خانہ، کافی ہاؤس ج: مَقاهِي۔
قَهوَجِيّ: قہوہ پلانے والا۔

ق............و

قَوَّبَ: زمین کو گولائی میں کھودنا۔
تَقَوَّبَتْ و انقَابَتِ البَيضَة: انڈا ٹوٹنا۔
قَابٌ: (۱) مقدار (۲) کمان کے درمیان کا فاصلہ۔
عَلَى قَابِ قَوسَين: بہت قریب۔
قُوبٌ: مرغی کا بچہ، چوزہ ج: اَقوَاب۔
قَابَة، قَائِبَة: انڈا، چوزا۔
قُوتٌ: غذا (۲) کھانا، خوراک، آب ودانہ ج: اَقوَات۔
قَاتَ ـــ قَوتاً، اَقَاتَ، قَوَّتَ: خوراک دینا، غذا دینا، کھلانا۔
اِقتَاتَ، تَقَوَّتَ: خوراک بنانا یا لینا، غذا بنانا۔
اِقتَاتَ بِالشيءِ: کھانا۔
مُقِيت: غذا بخش۔
قَوَّدَ، قَادَ ـــ قِيَادَة و اقتَادَ: رہنمائی کرنا، نکیل پکڑ کر چلنا، چلانا، لے جانا۔
قَادَ السَّيَّارَةَ: ڈرائیوری کرنا۔
قَادَ الجَيشَ: فوج کی کمان کرنا۔
قَادَ خُطَاهُ: قدم آگے بڑھانا۔
اِقتَادَ المُتَّهَمَ لِلمَخفَرِ أو إلى النِّظَارَة: ملزم کو پکڑ کر تھانے لے جانا۔
اِنقَادَ، اِقتَادَ: پیچھے چلنا، پیروی کرنا۔
اِنقَادَ لَهُ: تابعدار ہونا (۲) سرِ تسلیم خم کرنا۔
قِيدٌ، قَادٌ: مقدار، مسافت۔
قِيدُ اِصبَعٍ: بقدرِ انگشت۔
سَلِسُ القِيَاد: تابعدار، آسانی سے قابو میں آنے والا۔
قِيَاد، مِقوَد: رسّی، زمام۔
قِيَادَة: راہنمائی، کمان (۲) لیڈرشپ (۳) جنرل شپ۔
القِيَادَةُ العُليَا: ہائی کمان۔
قِيَادَةٌ اِجتِمَاعِيَة: سوشل رہنمائی۔
قِيَادَةُ الثَّورَة: انقلابی کمان۔
القِيَادَةُ الحَكِيمَة: دانشمندانہ قیادت۔
قِيَادَةُ سَيَّارَةٍ: موٹر ڈرائیوری۔
قِيَادَةٌ شَعبِيَّة: عوامی لیڈرشپ۔
قِيَادَةٌ مُرتَبِكَةٌ: کمزور کمان، بے تدبیر قیادت۔
قِيَادِيّ: کمان سے متعلق، راہ نمایانہ۔
قَوَّاد: دلال۔
قَائِد: راہنما، لیڈر، سربراہ، گائڈ، جنرل، کمانڈر، ڈائرکٹر ج: قَادَة۔
قَائِدُ الجَيش: فوج کا کمانڈر ج: قُوَّاد۔
قَائِدُ الاُسطُول: امیر البحر۔
القَائِدُ الاَعلَى: سپریم کمانڈر۔
القَائِدُ الاَعلَى لِلقُوَّاتِ المُسَلَّحَة: کمانڈر انچیف۔

القَـائِدُ العَـامّ: کمانڈر جنرل، کمانڈر انچیف۔
قَـائِدُ عَامُّ القُوَّاتِ المُسَلَّحَة: متحدہ بحری وبرّی افواج کا سپہ سالار۔
قَائِدُ الفِرْقَةِ المُوسِیقِیَّة: بینڈ ماسٹر۔
قَائِدُ اللِّوَاء: بریگیڈیر۔
قَائِدُ المُرُوْر و النَّجْدَة: ٹریفک افسر۔
قَادَةُ الکَتَائِب: فوجی دستوں کے کمانڈر۔
اِنْقِیَاد: تسلیم، اطاعت، تقلید۔
اِنْقِیَادٌ اَعْمَی: کورانہ تقلید۔
مِقْوَد: لگام (۲) موٹر کار کا اسٹیرنگ ج: مَقَاوِد۔
مَقُوْدٌ ، مُنْقَاد: تابعدار۔
قَوَّرَ و اقْتَوَرَ الشیٔ: بیچ میں سوراخ کرنا (۲) گول کاٹنا۔
تَـقَـوَّرَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا بل کھانا، کنڈلی مارنا۔
قَارٌ: تارکول۔
قَـارَّة: براعظم ج: قَـارَّات (دیکھئے: قرر)۔
تَقْوِیر: عمارت کا چھجا۔
تَقْوِیرَةُ الثَّوْب: کرتے وغیرہ کا گلا۔
مُـقَـوَّر: (۱) کھوکھلا (۲) تارکول ملا ہوا (۳) بیچ میں سے کٹا ہوا یا کھلا ہوا۔
قُورْمَة: (دا) قورمہ، گوشت کا سالن۔
قَوِسَ ـُـ قَوَساً و تَقَوَّسَ: مڑنا، کماندار ہونا (۲) کمر جھکنا۔
قَوَّسَ: [illegible]ن دار بنانا، موڑنا (۲) فائر کرنا۔
قَوْسٌ: کمان ج: اَقْوَاس و قِسِیّ۔
قَوْسُ القَنْطَرة: پل کی ڈاٹ۔
قَوْسُ نَبْلٍ: تیر کمان۔
قَـوْسُ نَـصْـرٍ: محراب فتح، استقبالیہ محراب، وہ دروازہ جو کسی جشن وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔
قَوْسُ النَّدْف: روئی دھننے کا آلہ۔
قَوْسَان: (هلالا الحصر) بریکٹ ( )۔
قَوْسَانِ مَعْقُوفَان: اسکوائر بریکٹ [ ]۔
قَوَّاس: تیر کمان بنانے والا (۲) شکاری۔
قَایِش: استرا تیز کرنے کا چمڑا یا پتھر۔
قَیَّشَ الـمُوسَی علی القَایِش: استرا تیز کرنا۔
قَـوَّضَ ، قَـاضَ ـُـ قَوْضاً: منہدم کرنا، گرانا (۲) صحت خراب کرنا۔
تَـقَـوَّضَ وَانْقَـاضَ: منہدم ہونا، گرنا، صحت گرنا۔
قَوْطٌ: بکریوں کا گلہ ج: اَقْوَاط۔
قُوطَة: (دا) ٹماٹر۔
قَاعٌ: ہموار زمین ج: اَقْوَاع و قِیعَان۔
قَاعَة: ہال کمرہ ج: قَاعَات۔
قَـاعَةُ الاِجْتِمَـاعِ العُمُومِیَّة: مجلس ہال۔
قَاعَةُ اسْتِقْبَالٍ: ڈرائنگ روم۔
قَاعَةُ المَحْکَمَة: کمرۂ عدالت، کورٹ روم۔
قَاعَةُ المُؤْتَمَر: کانفرس ہال۔
قَاعَةُ الوَلَائِم: دعوت ہال۔
قَوْقَأَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔
قَوَّلَ و اَقَالَ: غلط بات منسوب کرنا۔
قَالَ ـُـ قَوْلاً: بولنا، کہنا۔

قَالَ بِکَذا: بیان کرنا۔
قَالَ ضِدَّہ و عَلَیہ: خلاف بولنا۔
قَالَ فِیہ و عَنہ: کسی کے بارہ میں کہنا۔
قَالَ رَأیَہ: اظہارِخیال کرنا۔
قَاوَلَ: حجت بازی کرنا، بحث مباحثہ کرنا(۲) سودا کرنا، معاملہ کرنا (۳) معاہدہ کرنا (۴) ٹھیکہ لینا۔
تَقَوَّلَ عَلَیہ: الزام لگانا، جھوٹ گھڑنا۔
قَولٌ: بات، کلام ج: اَقوَال۔
قَولٌ مَاثُورٌ: کہاوت، مشہور بات (۲) ضرب المثل۔
تَقَوُّلَات: من گھڑت باتیں۔
مَقَالٌ اِفتِتَاحِیٌ: اداریہ، ایڈویٹوریل۔
مَقَالٌ رَئِیسِیٌ (بِمَجَلَّۃٍ): لیڈنگ آرٹیکل۔
مَقَالَۃ: مضمون، آرٹیکل ج: مَقَالات۔
مَقَالَۃٌ اِفتِتَاحِیَّۃ: ایڈیٹوریل، لیڈنگ آرٹیکل۔
مَقَالَۃٌ اِنشَائِیَۃ: تخلیقی مضمون۔
مَقَالَۃٌ رَئِیسِیَّۃ: ایڈیٹوریل، اداریہ۔
مَقَالَۃٌ قَصِیرَۃ (فی صَحِیفَۃٍ یَومِیَّۃ): نوٹ، پیراگراف۔
مَقُولَۃ: دعویٰ۔
مَقَاوِل: ٹھیکیدار، کنٹریکٹر۔
مُقَاوِلُ مَبَانٍ: بلڈنگ ٹھیکیدار، بلڈنگ کنٹریکٹر۔
مُقَاوَلَۃٌ علی عَمَلٍ: کسی کام کا ٹھیکہ۔
بالمُقَاوَلَۃ: ٹھیکہ پر۔
شُغلٌ بالمُقَاوَلَۃ: ٹھیکہ داری۔

قَوَّمَ تَقوِیماً: سیدھا کرنا، درست کرنا (۲) قیمت لگانا (۳) کھڑا کرنا۔
قَامَ ـُـ قِیَاماً: کھڑا ہونا (۲) ترقی کرنا (۳) شروع کرنا (۴) چڑھنا (۵) روانہ ہونا۔
قَامَ الاَمرُ: سدھرنا، درست ہونا۔
قَامَ الوَضعُ الخَطِیرُ: خطرناک پوزیشن ہونا۔
قَامَ العَجِینُ: آٹے میں خمیر اٹھنا۔
قَامَ المَاءُ: پانی کا منجمد ہوا۔
قَامَ الھَوَاءُ و الغَضَبُ: فرو ہونا۔
قَامَ مِن نَومِہ: جاگنا۔
قَامَ مِن: روانہ ہونا۔
قَامَ عَلٰی کَذا: مشتغل ہونا۔
قَامَ بِالاَمرِ: کام کی ذمہ داری لینا۔
قَامَ بِالوَاجِب: فریضہ ادا کرنا۔
قَامَ بالعَمَل: انجام دینا۔
قَامَ الوَفدُ بِدَورٍ مُھِمٍّ فی کَذا: وفد کا اہم کردار ادا کرنا۔
قَامَ الوَفدُ بالسَّلَامِ عَلٰی فُلَانٍ: وفد کی طرف سے کسی کو سلامی دینا۔
قَامَ بِاتِّصَالِ فُلَان: کسی سے رابطہ قائم کرنا۔
قَامَ بالاِحصَاءَ ات: اعداد و شمار جمع کرنا۔
قَامَ بِاَدَاءِ الوَاجِبَاتِ: فرائض ادا کرنا۔
قَامَ بِاَعمَالٍ اِرھَابِیَّۃ: دہشت انگیزی کرنا۔
قَامَ بالاِقتِحَام: دھاوا بولنا۔
قَامَ بِاُمُورِ المَعھَد: ادارہ چلانا۔

قَامَ بِبَحْثٍ عِلْمِيّ: ریسرچ کرنا۔
قَامَ بِتَفْتِيشِ القِطَار: ریل گاڑی کی چیکنگ کرنا۔
قَامَ بِالجَمِيلِ نَحْوَ اَحَدٍ: احسان کرنا۔
قَامَ بِجَوْلَةٍ اِسْتِطْلَاعِيَّة: تفتیشی دورہ کرنا، تحقیقاتی دورہ کرنا۔
قَامَ بِحَمْلَةٍ اِنْتِخَابِيَّةٍ لِصَالِحِ اَحَدِ المُرَشَّحِين: کسی امیدوار کے حق میں الیکشن مہم انجام دینا۔
قَامَ بِالدَّوْرِ الاِيْجَابِيّ: مثبت کردار ادا کرنا۔
قَامَ بِالزِّيَارَةِ: دورہ کرنا۔
قَامَ بِعَمَلِ التَّحْسِينَات: اصلاحات کا کام کرنا۔
قَامَ بِعَمَلِ التَّرْتِيبَاتِ اللَّازِمَة: ضروری انتظامات کرنا۔
قَامَ بِعَمَلِيَّةِ الاِخْتِطَاف: اغواء کی کارروائی کرنا۔
قَامَ بِعَمَلِيَّةِ التَّفْتِيش: تفتیش کا کام کرنا، تحقیق کرنا۔
قَامَ بِعَمَلِيَّاتِ الاِسْتِكْشَاف: سراغ رسانی کے کام کرنا۔
قَامَ بِغَارَاتٍ فِدَائِيَّة: گوریلے حملے کرنا۔
قَامَ بِفَحْصِ القَنَابِل: بموں کی جانچ کرنا۔
قَامَ بِالكِفَاحِ المُسَلَّح: مسلح جدوجہد کرنا۔
قَامَ بِالمُخَاطَرَة: خطرہ مول لینا۔
قَامَ بِالمُغَامَرَة: خطرہ مول لینا، خطرناک کام کرنا۔
قَامَ الضَّيْفُ بِجَوْلَةٍ عَلَى الاَقْسَام: مہمان کا تمام شعبوں کو دیکھنا۔
قَامَ مَعْرِضٌ فَنِّيٌّ فِي كَذَا: فنی نمائش ہونا۔
قَامَ بِالوَعْد: وعدہ کا خیال رکھنا، پورا کرنا۔
قَامَ بِالمَصَارِيف: اخراجات برداشت کرنا۔
قَامَ مَقَامَه: قائم مقام ہونا۔
قَامَ بِمُظَاهَرَةٍ: مظاہرہ کرنا، جلوس نکالنا۔
قَامَتْ لَهُ قَائِمَة: وزن ہونا، حیثیت ہونا۔
قَامَتِ المُمَثِّلَةُ بِالتَّمْثِيلِ فِي الفِيلَم: سینما میں اداکارہ نے پارٹ ادا کیا۔
قَامَتِ المَمْلَكَةُ بِالدَّوْرِ القِيَادِيّ: قائدانہ پارٹ ادا کرنا۔
قَامَتْ سُلْطَاتُ الاِحْتِلَال بِالحَمْلَة: قابض فوجوں کا حملہ آور ہونا۔
قَامَتِ السُّلْطَاتُ بِاغْتِيَالِ الفِدَائِيِّين: حکام کا گوریلوں کو ختم کرنا۔
قَاوَمَ مُقَاوَمَةً: مقابلہ کرنا، ڈٹنا۔
قَاوَمَ بِالقُوَّة: طاقت سے مقابلہ کرنا۔
أَقَامَ إِقَامَةً: کھڑا کرنا، اٹھانا (۲) قائم کرنا (۳) قیام کرنا، رہنا (۴) جوش دلانا۔
أَقَامَه مَقَامَ اَحَدٍ: قائم مقام بنانا۔
أَقَامَ الدَّلِيلَ على: دلیل پیش کرنا۔
أَقَامَ عَلَى كَذَا: ثابت قدم رہنا۔

أَقَامَ لَهُ وَزْناً: اہمیت دینا۔
أَقَامَ عَرْضاً: نمائش لگانا۔
أَقَامَ الكُبَارِی: پل تعمیر کرنا۔
أَقَامَ مُخَيَّماً: کیمپ لگانا۔
أَقَامَ مِهْرَ جَاناً: جشن منانا۔
أَقَامَ لَهُ مَأْدُبَةَ عَشَاءٍ: کسی کو ڈنر دینا۔
أَقَامَ المُسْتَعْمَرَاتِ: نوآبادیاں قائم کرنا۔
أَقَامَ المُسْتَوْطَنَاتِ: کالونیاں تعمیر کرنا۔
أَقَامَ جَنَازَةً رَسْمِيَّةً: سرکاری اعزاز کے ساتھ جنازہ لے جانا۔
أَقَامَ الحَفلَ تكرِيماً لِفلانٍ: کسی کے اعزاز میں پارٹی دینا۔
أَقَامَ حَفلَ شَايٍ: ٹی پارٹی دینا۔
أَقَامَ الحَوَاجِزَ: رکاوٹیں کھڑی کرنا۔
أَقَامَ حَيَاةً نِيَابِيَّةً سَلِيمَةً: صاف ستھری پارلیمنٹری زندگی بنانا۔
أَقَامَ الدَّعْوَى علی: دعویٰ دائر کرنا، مقدمہ دائر کرنا، کیس کرنا۔
أَقَامَ السَّلامَ: امن قائم کرنا۔
أَقَامَ الشَّغَبَ: فساد پھیلانا۔
أَقَامَ عَدَالَةً اِجتِمَاعِيَّةً: سوشل انصاف قائم کرنا۔
أَقَامَ عَلاقَاتٍ دِبلُومَاسِيَّةً: سفارتی تعلقات قائم کرنا۔
أَقَامَ العَلاقَاتِ الجَيِّدَةَ مع الأقْطَارِ المُجَاوِرَةِ: پڑوسی ملکوں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنا۔
أَقَامَ فِی المُخَيَّمِ: کیمپ کی زندگی گزارنا۔
أَقَامَ القَاعِدَةَ فی كذا: اڈا بنانا۔
أَقَامَ القُدَّاسَ فی الكَنِيسَةِ: کنیسہ میں مخصوص نماز ادا کرنا۔
أَقَامَ الجُسُورَ علی: پل قائم کرنا، پل بچھانا۔
أَقَامَ أُمْسِيَةً ثَقَافِيَّةً: ثقافتی شام منانا۔
أَقَامَ البَرَامِجَ فِی الإذَاعَة: ریڈیو پروگرام بنانا۔
اِسْتَقَامَ: معتدل ہونا، سیدھا ہونا۔
قَوْمٌ: قوم، پبلک ج: أَقْوَام۔
قَوْمِیٌّ: عوامی، نیشنل۔
قَوْمِيَّةٌ: نیشنلازم، نیشنلٹی۔
قَوَام: اعتدال (۲) بنیاد (۳) قوت (۴) کثافت، قوام (۵) اجزاء ترکیبیہ (۶) مددگار، سہارا۔
قِوَامُ الوَفْد: ارکانِ وفد۔
قَوِيم: معتدل، سیدھا۔
قَامَة: قد۔
قَائِم: (۱) کھڑا ہوا (۲) سیدھا (۳) ترقی یافتہ۔
قَائِمٌ بكذا: ذمہ دار (۲) انجام دہندہ۔
قَائِمٌ بِذَاتِه: خود مختار (۲) بلا سبب موجود رہنے والا۔
القَائِمُ بأخْذِ الأصْوَاتِ (لِتقَصِّی الرَّأْیِ العَامّ): ووٹ شمار کرنے والا۔
قَائِمٌ بأعْمَالٍ: ناظم الامور۔
القَائِمُ بأعْمَالِ المُدِيرِ: ایکٹنگ

ڈائرکٹر۔
القَائِمُ بالاعْمَال مُوقّتاً: نائب سفیر، قائم مقام سفیر۔
قَائِمٌ بِنَفقَاتِه: خودکفیل۔
القَائِمَّقَام: تحصیلدار (۲) لیفٹننٹ کرنل (ایک فوجی عہدہ)۔
قَائِمُونَ عَلَى الأمُور: منتظمین۔
قَائِمَةٌ: پایہ (۲) ستون، پلر (۳) فہرست، لسٹ (۴) نقشہ، کیلنڈر ج: قَوَائِم۔
قَـائِـمَةُ الاَسْـعَـار: قیمتوں کی فہرست، نرخنامہ۔
قَـائِـمَةٌ اِنْتِـخَـابِيَة: ووٹرلسٹ، انتخابی فہرست۔
قَائِمَةُ الانْتِظَار: ویٹنگ لسٹ۔
قَائِمَةُ الإيْجَار: رینٹ رول۔
قَائِمَةُ الحِسَاب: گوشوارہ۔
قَـائِـمَةُ الـجَـرْد: تجارتی سامان کی فہرست، تجارتی چٹھا۔
قَائِمَةُ أَصْنَافِ المَاكُولات: کھانوں کی فہرست، مینو۔
قَـائِـمَةُ الـمَوْجُودَات: موجودہ اشیایا سامان کی فہرست۔
قَائِمَةُ التَّكَالِيف: فہرستِ اخراجات۔
قَائِمَةُ الصَّادِرَات: ایکسپورٹ لسٹ۔
قَائِمَةُ النَّاخِبِين: ووٹرلسٹ۔
قَائِمَةُ الوَفَيَات: فہرستِ اموات۔
القَائِمَةُ السَّوْدَاءُ: بلیک لسٹ۔
قَيِّم: سیدھا (۲) معتدل (۳) نگراں، کیپر، کسٹوڈین (۴) قیمتی، بیش قیمت، گراں بہا۔
الـقَيِّمُونَ عَلَى: ذمہ داران، نگراں حضرات۔
قِيمَة: قیمت، پرائز (۲) لاگت، وزن (۳) قدر (۴) حیثیت، ویلیو (۵) معیار ج: قِيَم۔
القِيمَةُ الاَسَاسِيَّة: اصلی قیمت۔
قِيمَةٌ اِسْمِيَّة: ظاہری قیمت، دکھاوے کی قیمت۔
قِيمَةُ الإيْجَار: کرایہ۔
القِيمَةُ الثَّابِتَة: ٹھیری ہوئی قیمت۔
قِيمَةُ الجَائِزَة: انعام کی قیمت، معیار۔
القِيمَةُ الحَقِيقِيَّة: واقعی قیمت۔
قِيمَةٌ سُوقِيَة: مارکیٹ قیمت، مارکیٹ ویلیو۔
قِيمَةٌ كُلِّيَة: تھوک قیمت۔
القِيمَةُ المُتَّفَقُ عَلَيْهَا: متفق علیہ قیمت۔
القِيمَةُ المُحَدَّدَة: مقررہ قیمت۔
القِيمَةُ المُضَاعَفَة: دگنی قیمت۔
قِيمَةٌ مُطْلَقَة: عام قیمت۔
قِيمَةٌ مُعْلَنَة: اعلان کردہ قیمت۔
لَا قِيمَةَ له: بےوقعت۔
قِيَمٌ و مَقَايِيسُ: اقدار و معیار، اقدار و پیمانے۔
قِيَمٌ اِنْسَانِيَّة: انسانی قدریں۔
قِيَمٌ عُلْيَا: اعلیٰ اقدار۔
قِيَمٌ خُلُقِيَّةٌ فَاضِلَة: اعلیٰ اخلاقی قدریں۔

قِيَمُ أُسْرَةٍ: خاندانی روایات۔
قَيَّام، قَيُّوم: نگراں، ذمہ دار۔
قِيَام: وجود (۲) بے داری، جاگ (۳) ترقی (۴) کھڑا ہونے کی حالت۔
إِقَامَة: قیام، رہائش (۲) تعمیر۔
إِقَامَةٌ مُوَقَّتَة: عارضی قیام۔
مَحَلُّ الإِقَامَة: رہائش گاہ۔
إِسْتِقَامَة: درستگی، ثابت قدمی۔
تَقْوِيم: اصلاح، سدھار۔
تَقْوِيمُ الأَخْلَاق: اصلاحِ اخلاق، اخلاق کی درستگی۔
تَقْوِيمُ البُلْدَان: گزیٹر، جغرافیائی ڈائرکٹری، جغرافیائی رہنما کتاب۔
تَقْوِيمٌ سَنَوِيٌّ، تَقْوِيمُ السَّنَة: کیلنڈر، جنتری ج: تَقَاوِيم۔
مُقَام: جگہ۔
مَقَام: (۱) جگہ (۲) پوزیشن، مرتبہ، حیثیت، پرسٹیج، عزت۔
مُقَوِّم: قیمت لگانے والا۔
مُقَوِّمَات: قیمتی اشیا (۲) ضروریات، لوازم، بنیادی اجزا، اجزائے ترکیبی۔
مُقَوِّمَاتُ الحَيَاة: لوازمِ زندگی، زندگی کی بنیادی ضروریات۔
مُقَوِّمَاتُ النَّصْر: کامیابی کے اسباب و ذرائع، کامیابی کے بنیادی اسباب۔
مُقِيم: رہائش پذیر (۲) دائمی۔
مُقَاوِم: (۱) مخالف (۲) مقابلہ کرنے والا۔
مُقَاوَمَة: مقابلہ۔
مُقَاوَمَةٌ شَعْبِيَّة: عوامی مزاحمت۔
مُقَاوَمَةٌ حَتَّى آخِرِ طَلْقَةٍ: آخری گولی تک مقابلہ۔
قُومِيسَر: (مع) کمشنر، نمائندہ۔
قُومِيسَارِيَّة: کمشنری۔
قُومِيسُون: (مع) تحقیقاتی کمیشن۔
قُومِنْدَان: (مع) کمانڈار، کمانڈر
قُومِنْدَانُ البُولِيس: پولیس افسر۔
قَوِيَ ــَـ قُوَّةً: طاقتور ہونا۔
قَوِيَ عَلَى أَمْرٍ: قادر ہونا (۲) ہمت کرنا (۳) قابو پانا۔
قَوِيَ المَكَانُ: خالی ہونا۔
قَوِيَ قَوًى: انتہائی بھوکا ہونا۔
قَوَّى: مضبوط بنانا، جمانا، تائید کرنا۔
قَوَّى الدِّفَاعَ عَنْ شَيْءٍ: دفاع مضبوط کرنا۔
قَوَّى العَلَاقَاتِ مَعَ: تعلقات مضبوط کرنا۔
قَاوَاهُ مُقَاوَاةً: قابو پانا۔
أَقْوَى الرَّجُلُ: محتاج و مفلس ہونا۔
أَقْوَى المَكَانُ: ویران ہونا، خالی ہونا۔
قَوَاء، قَوًى: بھوک (۲) بے آب و گیاہ زمین، ویران زمین۔
قُوَّة: طاقت، سختی، تشدد، زور، ہمت، دلیری (۲) تندرستی (۳) فوجی طاقت، فوج ج: قُوًى و قُوَّات۔
قُوَّةٌ آلِيَّة: مشینی طاقت۔
__ مَعْنَوِيَّة: روحانی طاقت۔
__ عَسْكَرِيَّة: فوجی طاقت، فورس۔
__ بَشَرِيَّة: افرادی طاقت۔
__ الدَّفْع: ادائیگی کی طاقت، قوتِ خرید۔

__ شِرائِيَّة: قوتِ خرید۔
__ صَاعِدَة: بڑھتی ہوئی طاقت۔
__ طَلِيعَة: اولین طاقت۔
__ مُحَرِّكَة: موٹر۔
__ قَهرِيَّة: زبردست طاقت۔
__ لا تُقْهَرُ: ناقابلِ تسخیر طاقت۔
__ الشَّدِّ: کھچاؤ میں زیادتی۔
__ تَأْثِيرٍ خَارِقَةٌ: غیر معمولی اثرانگیزی۔
__ البُولِيس: پولیس فورس۔
__ جَوِّيَّة: ایرفورس، ہوائی طاقت۔
القُوَّةُ الأَضِيَة: زمینی فوج۔
قُوَّةُ الأَمْنِ العَرَبِيَّةُ: عرب حفاظتی فوج۔
قُوَّةٌ بَرِيَّة: برّی فوج۔
قُوَّةُ الشُّرطَة: پولیس فورس۔
قُوَّةُ الطَّوارِئ: ہنگامی فوج، ایمرجنسی۔ فورس: ناگہانی ضرورت کے لئے فوجی طاقت۔
قُوَّةُ الطَّوارِئ التَّابِعَةُ لِلأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کی ہنگامی فوج، ایمرجنسی فورس۔
قُوَّةُ الطَّيَرَان: ایرفورس، ہوائی فوج۔
قُوَّةُ الحِرَاسَةِ المُعِينَةُ عَلَى: کسی پہرہ پر متعینہ فوج۔
قُوَّةُ الرَّدْعِ العَرَبِيَّةُ: عرب امن فوج۔
قُوَّةُ السَّلام: امن فوج۔
قُوَّةُ السَّلامِ العَرَبِيَّةُ: عرب امن فوج۔
قُوَّةٌ للدِّفَاع: دفاعی فوج۔
قُوَّةٌ مُنْتَظِمَة: باضابطہ فوج۔
القُوَى العَامِلَة: لیبرفورس، کام کرنے والی طاقتیں۔
القُوَى المُعارِضَة: مخالف طاقتیں۔

القُوَّات: فوجیں۔
القُوَّاتُ البَرِّيَّة: برّی افواج۔
القُوَّاتُ البَحْرِيَّة: بحری افواج۔
اَلْقُوَّاتُ الاِحْتِلال: قابض فوجیں۔
قُوَّاتُ الاحْتِيَاط: ریزروفوج۔
قُوَّاتُ الأَمْن: سیکورٹی فورس، پی-اے-سی، حفاظتی پولیس، امن فوج۔
قُوَّاتُ الأَمْنِ الدُّوَلِيَّة: بین الاقوامی حفاظتی فوج۔
قُوَّاتُ الأَمْنِ المَركَزِيَّة: سینٹرل سیکورٹی فورس، مرکزی حفاظتی فوج۔
قُوَّاتُ أَمْنٍ نِظَامِيَّةٌ: باضابطہ امن فورس۔
قُوَّاتُ الجَيْش: افواج۔
قُوَّاتُ الرَّدْع: امن فوج۔
قُوَّاتٌ رَمْزِيَّة: دکھاوے کی فوج، علامتی فوج۔
قُوَّاتُ الطَّوارِئ: ہنگامی فوج، ایمرجنسی فوج۔
القُوَّاتُ الغَازِيَة: حملہ آور فوجیں۔
قُوَّاتُ الغَزْو: حملہ آور فوج۔
اَلقُوَّاتُ غَيرُ النِّظَامِيَّة: بے قاعدہ افواج۔
قُوَّتُ المِحْوَر: محاذ کی فوج۔
قُوَّاتُ المُسَلَّحَة: ملٹری، مسلح فوجیں، مسلح افواج۔
قُوَّاتٌ مُنهكَة: تھکی ہوئی فوجیں۔
القُوَّاتُ النِّظَامِيَّة: باقاعدہ افواج۔
قَوِيٌّ: مضبوط، طاقتور (۲) سخت (۳) تندرست (۴) تیز (۵) قادر۔
شَايٌ قَوِيّ: تیز چائے۔
إِقْوَاء: مفلسی۔
تَقْوِيَة: نشاط انگیزی، طاقت افزائی،

ہمت افزائی (۲) پشت پناہی، سپورٹ۔
مُقَوّ: ٹانک۔
مُقَوًّى: مضبوط۔
وَرَقٌ مُقَوًّى: کارڈ بورڈ، دفتی۔

ق .... ی

قَيأ و أقاء: قے کرانا۔
قاءَ ـِ قَيْئاً و تقَيّأ: قے کرنا۔
قِيثَار: بربط، سارنگی ج: قَيَاثِير۔
قَيَّح، تقَيّح، قَاحَ ـِ قَيحاً: پیپ پڑنا۔
قَيْح: پیپ۔
قَيِحِىّ: پیپ دار۔
مُقَيِّح: پیپ پیدا کرنے والی چیز۔
قَيَّدَ: پیر میں بیڑی ڈالنا (۲) روکنا (۳) باندھنا (۴) درج رجسٹر کرنا (۵) نوٹ کرنا، یادداشت کے لئے لکھنا۔
قَيَّدَ المَجَالَ: میدان محدود کرنا۔
قَيَّدَ اسمَهُ لِلْخِدمَةِ العَسكَرِيَّة: فوجی ملازمت کے لئے نام لکھوانا۔
قَيَّدَ الشيْءَ فِى دَفْترِ اليَوْمِيَّة: روزنامچہ میں درج کرنا، نوٹ کرنا۔
تَقَيَّدَ بالشئ: پابند ہونا، پابندی کرنا۔
تَقَيَّدَ بِالقَرَارَات: فیصلوں کی پابندی کرنا۔
تَقَيَّدَ بِالمَوَاعِيد: اوقات کی پابندی کرنا۔
قَيْدٌ: بیڑی (۲) ہتھکڑی (۳) رکاوٹ، بندھن، بندش (۴) شرط، پابندی ج: قُيُود۔
قَيْدٌ (۲): انٹری، اندراج۔
قَيْدٌ مُزْدَوِج: ڈبل انٹری۔

قَيْد، قِيد: مقدار، فاصلہ۔
على قِيدِ خُطْوَةٍ: ایک قدم کے فاصلہ پر۔
قَيْدَ التّنفِيذ: زیر عمل، زیر تنفیذ۔
قَيْدَ المُنَاقَشَة: زیر بحث۔
قُيُود: پابندیاں۔
قُيُودٌ عَلَى الاِسْتِيرَاد: درآمدات پر پابندی۔
قُيُودٌ عَلَى الصَّادِرَات: برآمدات پر پابندی۔
فَرَضَ القُيُودَ عَلَى: پابندیاں لگانا۔
تَقْيِيد: انٹری، رجسٹریشن، اندراج۔
مُقَيَّدٌ بِدُسْتُور: لیمیٹیڈ، آئین کا پابند۔
قَيَّرَ: تارکول ملنا، تارکول ڈالنا۔
قِيرٌ، قَارٌ: تارکول، تارکول جیسا مصالحہ۔
قِيرَاط: انچ ج: قَرَارِيط۔
قَاسَ ـِ قَيساً: ناز سے چلنا۔
قَاسَ الثَّوْبَ قِيَاساً: کپڑا پہن کر دیکھنا، ٹرائی کرنا۔
قَاسَ الشئَ بكذا: ناپنا۔
قَاسَ الحَرَارَةَ بالمِيزَان: تھرمامیٹر سے بخار دیکھنا۔
قَاسَ الغيرَ بِمَقَايِيسِه: دوسرے کو اپنے اوپر قیاس کرنا۔
قَايَسَ بَيْنَ الشَّيْئَيْن: موازنہ کرنا۔
اِقْتَاسَ به: پیروی کرنا۔
قِيَاس: پیمانہ، ناپ (۲) سائز (۳) قاعدہ (۴) انکل ج: قِيَاسَات۔
قِيَاساً: انکل سے۔
بِالقِيَاسِ الطَّبِيعِىّ: فل اسکیپ۔
عَلَى القِيَاس: قاعدہ کے مطابق۔

قِیاسِیّ: قیاس کے مطابق، منطقی، قاعدہ کے مطابق (۲) نسبتی (۳) نارمل، حسبِ معمول۔
رَقْمٌ قِیاسِیّ: ریکارڈ، کسی کام کا آخری درجہ۔
ضَرَبَ رَقْماً قِیاسِیاً: ریکارڈ قائم کرنا۔
قِیاسِیاً: قیاس سے، قاعدہ سے۔
قِیَّاس: پیمائش کنندہ۔
قَیَّاسُ الاَرَاضِی: سروے کنندہ۔
قَیَّاسَة: (دا) بڑی بادبانی کشتی۔
مَقَاسٌ: سائز ج: مَقَاسَات۔
مِقْیَاس: ترازو (۲) آلۂ پیمائش، گیج، ٹیسٹ (۳) مقدار (۴) معیار، اسکیل ج: مَقَایِیس۔
مِقْیَاسُ الحَرَارَة: تھرمامیٹر۔
مِقْیَاسُ الزَّلَازِل: زلزلہ پیما۔
مِقْیَاسُ الضَّغْطِ الجَوِّیّ: بادپیما۔
مِقْیَاسُ المَطَر: بارش کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ۔
مُقَایَسَة: اندازہ، تخمینہ، اسٹیمیٹ، خیال، تفصیلی خاکہ۔
مُقَایَسَةٌ تَقْرِیبِیَّة: سرسری اندازہ، رف اسٹیمیٹ۔
قَیَّضَ اللّٰهُ لَه: مقدر کرنا۔
قَاضَ الشَّیْئَ مِنَ الشَّیْئِ: ایک چیز کو دوسری سے بدلنا۔
قَاضَ ــــ قَیْضاً: پھاڑنا، چیرنا (۲) پھٹنا۔

قَایَضَ بکذا: تبادلہ کرنا۔
تَقَیَّضَ، اِنْقَاضَ: ٹوٹنا، منہدم ہونا۔
مُقَایَضَة: تبادلہ۔
قَیْظٌ: گرمی کی شدت (۲) گرمی کا موسم۔
قَاظَ النَّهَارُ ــِ قَیْظاً: گرم ہونا۔
قَیَّفَهُ: پیچھا کرنا، تعاقب کرنا۔
قِیَافَة: (دا) ہیئت (۲) حسنِ صورت۔
قَیْلٌ: نواب ج: اَقْیَال۔
قَیْلٌ هِنْدِیّ: راجہ، نواب۔
قَالَ ــِ قَیْلُولَة: قیلولہ کرنا۔
اَقَالَ: فسخ کرنا (۲) معاف کرنا (۳) سبکدوش کرنا، برطرف کرنا۔
اَقَالَه مِنْ مَنْصِبِه: عہدہ سے ہٹانا۔
اِسْتَقَالَ البَیْعَ: فسخِ بیع کا مطالبہ کرنا۔
اِسْتَقَالَ مِنَ الخِدْمَة: مستعفی ہونا، استعفا دینا۔
اِقَالَة: فسخ، معزولی (۲) معافی (۳) برطرفی۔
اِقَالَةُ الوِزَارَة: وزارت کی برطرفی۔
اِسْتِقَالَة: استعفا، سبکدوشی۔
مُقِیل: فسخ کنندہ۔
مُسْتَقِیل: استعفا دہندہ۔
قَیَّمَ تَقْیِیماً: قیمت لگانا، اندازہ لگانا (۲) معیار مقرر کرنا، پیمانہ مقرر کرنا (۳) حیثیت دینا، قدر کرنا، حیثیت بلند کرنا۔
تَقْیِیم: اندازہ، جائزہ، قدر افزائی۔
قَیَّنَ: مزین کرنا۔
قَیْنَة: گانے والی، مغنیہ ج: قِیَان۔

ک: مانند، مثل (برائے تشبیہ) (۲) تجھکو، ضمیر منصوب متصل (۳) تیرا، تیری، ضمیر مجرور متصل

ک ...... أ

کَئِبَ ـــ کَآبَةً واکْتَئَبَ: اُداس ہونا، غمگین ہونا، شکستہ خاطر ہونا۔
أکْأَبَهُ: رنج پہنچانا۔
کَئِیب، مُکْتَئِب: رنجیدہ، ملول، افسردہ، آزردہ، آبدیدہ۔
کَأْدَاء: رنج، سختی۔
عَقَبَةٌ کَأْدَاءُ: دشوار گزار گھاٹی۔
کَأْس: پیالہ، گلاس، جام ج: أکْؤُس و کُؤُوس۔
کَأْسُ الْمَنِیَّةِ أو الحِمَام: جامِ اجل۔
کَاثُولِیکِیّ: (مع) کیتھولک۔
کَأَنَّ: گویا کہ۔
کَانُون: (دیکھیے: کنن)۔

ک ...... ب

کَبَّ ـــ کَبّاً: اوندھا کرنا۔
أکَبَّ و انکَبَّ عَلَی وَجْهِهِ: اوندھا ہونا۔
أکَبَّ و انکَبَّ عَلَی أمْرٍ: مشغول ہونا۔
کُبَّةُ الغَزْل: دھاگے کا گولہ ج: کُبَب۔
مِکَبُّ الخَیط: دھاگے کی ریل، نلکی۔
کَبَتَ ـــ کَبْتاً: رُسوا کرنا (۲) توڑنا (۳) غصہ یا خواہش پر قابو پانا۔
کَبَتَ الحَقِیقَةَ: حقیقت کو چھپانا۔
کَبَتَ الدَّوَافِعَ الطَّبِیعِیَّةَ: فطری جذبات کو دبانا۔
کَبُّوت: (دا) اورکوٹ۔
کَبُّوتُ العَرَبَة: رکشا یا تانگے کی چھتری۔
کَبَحَ الدَّابَّةَ بِاللِّجَام ـــ کَبْحاً: جانور کو روکنے کے لئے لگام کھینچنا (۲) باز رکھنا، روک تھام کرنا۔
کَبَحَ العَوَاطِفَ: جذبات پر قابو پانا۔
کَبَحَ جِمَاحَ أحَدٍ: مزاج درست کر: مغلوب کرنا۔
کَبْح: قابو، کنٹرول، ضبط، مزاحمت۔
مِکْبَح: بریک۔
کَبِدٌ: جگر (۲) وسطِ شے (۳) جوف ج: أکْبَاد۔
کُبَاد: جگر کی بیماری، جگر کا درد۔

کابَدَ ، تکَبَّدَ: مشقت اٹھانا، جھیلنا۔
تکَبَّدَ: (۲) وسط میں ہونا۔
تکَبَّدَتِ الشَّمسُ: سورج کا سر پر آنا۔
کَبَّدَهُ الخَسارَةَ: نقصان پہنچانا۔
کابَدَ الخَسائِرَ: نقصانات اٹھانا۔
مَکابِدُ: مشقتیں۔
کَبِرَ فِی السِّنِّ ـَـ کِبَراً: عمر رسیدہ ہونا۔
کَبَرَ فُلاناً ـُـ کَبْراً: کسی سے عمر میں بڑا ہونا۔
کَبُرَ ـُـ کِبَراً و کُبْراً: جسم یا مرتبے میں بڑا ہونا (ضد: صَغُرَ)۔
کَبُرَ عَلَیهِ الأمرُ: شاق گزرنا، گراں ہونا۔
کَبَّـرَ: بڑا بنانا، بڑا کرنا (۲) اضافہ کرنا (۳) ترقی دینا (۴) تعظیم کرنا (۵) ضرورت سے زیادہ اہمیت دینا (۶) مبالغہ سے کام لینا (۷) بڑا قرار دینا۔
کَبَّرَ عُمرَہ: عمر زیادہ ظاہر کرنا۔
کابَرَهُ: دشمنی وعناد کرنا (۲) غالب آنا۔
أکبَرَ: بڑا سمجھنا (۲) تعظیم کرنا۔
تـکَبَّـرَ ، تکابَرَ ، اِستَکبَرَ: بڑا بننا (۲) تکبر کرنا۔
اِستَکبَرَ: بڑا سمجھنا (۲) تکبر کرنا۔
کِبْرٌ ، کِبْـرِیَـاءُ: بڑائی، آل (۲) شان (۳) تکبر۔
کِبَرٌ ، کُبْرٌ: اعزاز، عظمت (۲) بڑا پن۔
کُبار ، کُبّار ، کَبِیر: بڑا، بڑے جسم کا۔
کَبِیـرٌ: بڑا (۲) بلند مرتبہ، چیف، جنرل (۳) بنیادی (۴) بڑے جسم کا ج: کِبار۔
کَبِیرُ الأُمَناءِ: چیف سیکرٹری۔
کَبِیرُ العَدَدِ: بھاری تعداد میں۔

کَبِیرُ الکُتّابِ: ہیڈ کلرک۔
کَبِیرُ المُمَثِّلِینَ: سینیر نمائندہ۔
کَبِیرُ المَقامِ: بڑی پوزیشن والا۔
کَبِیرُ المُهَندِسِینَ: چیف انجینئر۔
کَبِیرُ الوُزَراءِ: چیف منسٹر، وزیراعلیٰ۔
کَبِیرُ الوَزنِ: ہیوی، بھاری۔
کِبارُ المُوَظَّفِینَ: اعلیٰ عہدہ داران۔
مُکَبِّرُ الصَّوتِ: لاؤڈ سپیکر۔
مُکابِر: مخالف، معاند۔
کُبْرِی، کُوبْرِی: (مع) پُل ج: کَبارِی۔
کُبْرِیٌّ عائِمٌ: تیرتا ہوا پُل (کشتیوں کا پُل)۔
کَبْرَتَ الشَّیْءَ: گندھک ملانا۔
کِبْرِیتٌ: گندھک، سلفر (۲) ماچس۔
کِبْرِیتُ عُمُودٍ: گندھک کی بتی۔
کِبْرِیتَةٌ: ایک ماچس۔
کِبْرِیتِیٌّ: گندھک کا، گندھک جیسا۔
حَامِضٌ کِبْرِیتِیٌّ: گندھک کا تیزاب۔
مُکَبْرَتٌ: گندھک ملا ہوا۔
کَبَسَ علی: دباؤ ڈالنا، اثر ڈالنا۔
کَبْسٌ: دباؤ، داب۔
کَبْسُ الکَهْرَبَاءِ: فیوز FUSE۔
کَبّاس ، مِکْبَس: پریس، دبانے کی مشین۔
کَبّاسُ و مِـکْبَسُ الطُّلْمْبَةِ: شکنجہ، رولدار شکنجہ۔
مِکْبَسٌ بُخارِیٌّ: اسٹیم پریس۔
مِـکْبَسٌ لِأَخْذِ صُوَرِ المُسْتَنَداتِ: کاپنگ پریس، نقل بنانے کی مشین۔
مَکْبُوس: دبایا ہوا، پریس کیا ہوا۔
کَبْشٌ: مینڈھا ج: أکْبَاش۔

کُبشَة: مُشت بھر (۲) کفچہ۔
کُبشَةُ الثِّیاب: تنگ اور تکمہ۔
کَبَلَ ـُ کبلاً و کَبَّلَ: قید کرنا، بیڑی ڈالنا (۲) جکڑنا۔
کَبْل: بیڑی ج: کُبُول و اَکْبُل۔
کَبُولِیّ: بریکٹ جو دیوار میں تختہ رکھنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔
مُکَبَّل: جکڑ بند، مقید۔
کَبْوَة: ایک ٹھوکر جس کے بعد آدمی گر جائے۔
کَبَا ـُ کَبْواً و انکَبی لِوَجْهِهِ: ٹھوکر کھا کر گرنا (۲) منھ کے بل گرنا۔
کَبَا الکُوزَ: پیالہ کو پانی گرا کر خالی کرنا۔
کَبَا النُّورُ: روشنی ختم ہونا، مدہم ہونا۔
کَبَا اللَّوْنُ: رنگ پھیکا پڑنا۔
کَبَا وانکَبی الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

ک .... ت

کَتَبَ ـُ کِتَابَةً: لکھنا (۲) تصنیف کرنا (۳) تحریر کرنا (۴) نقش وغیرہ بنانا۔
کَتَبَ لَهُ بِکَذا: وصیت کرنا۔
کَتَبَ اللّٰهُ عَلَیْه: فرض کرنا۔
کَتَّبَ: لکھوانا، املا کرانا (۲) لکھنا سکھانا۔
کَاتَبَهُ مُکَاتَبَةً: خط و کتابت کرنا۔
اِکْتَتَبَ فی کذا: چندہ دینا (۲) شریک ہونا (۳) اخبار یا رسالہ کا خریدار بننا۔
تکَاتَبُوا: باہم مراسلت کرنا۔
اِسْتَکْتَبَ: املا کرانا (۲) املا کی درخواست کرنا۔
کَتْبٌ، کِتَابَة: لکھائی۔

کِتَاب: کتاب (۲) خط، لیٹر (۳) پیغام (۴) تحریر۔
الکِتَابُ الاَزْرَق: بلو بک۔
کِتَابٌ رَائِجٌ جِدّاً: کثیر الاشاعت کتاب۔
کِتَابُ الزَّوَاج: نکاح نامہ۔
کِتَابٌ سَنَوِیّ: سالنامہ۔
کِتَابُ الطَّلَاق: طلاق نامہ۔
کِتَابٌ مَدْرَسِیّ: کلاس بک۔
کِتَابُ مُطَالَعَة: ریڈنگ بک۔
الکِتَابُ المُقَدَّس: تورات وانجیل۔
کِتَابِیّ: تحریری (۲) اہل کتاب میں سے ایک شخص۔
عَمَلٌ کِتَابِیّ: تحریری کام۔
غَلْطَةٌ کِتَابِیَّة: تحریری غلطی۔
کُتَّاب: مکتب، چھوٹا مدرسہ ج: کَتَاتِیب۔
کِتَابَة: تحریر، لکھائی، ہینڈ رائٹنگ (۲) مضمون نگاری، مضمون نویسی، انشاء پردازی۔
کِتَابَةُ الاختِزَال: مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ، اسٹینو گرافی۔
کِتَابَةٌ سِرِّیَّة: خفیہ تحریر۔
کِتَابَةُ القِصَص: افسانہ نویسی۔
وَرَقُ الکِتَابَة: رائٹنگ پیپر۔
أدَوَاتُ الکِتَابَة: اسٹیشنری۔
کُتُبِیّ: کتب فروش، بک سیلر۔
کُتَیِّب: کتابچہ، پمفلٹ۔
کَتِیبَة: فوج کا ایک ڈویژن، بٹالین ج: کَتَائِب۔
کَاتِب: رائٹر، مصنف، مضمون نگار، انشاپرداز ج: کُتَّاب۔

كَاتِبٌ ج: كَتَبَة: محرّر، منشی، کلرک۔
كَاتِبُ الاخْتِزَال: مختصر نویس، اسٹینوگرافر۔
كَاتِبُ الاسْتاذ: ٹیچر کلرک۔
كَاتِبُ الانْتِباجِيَّات: ایڈیٹر۔
الكَاتِبُ الاوَّل: چیف کلرک، ہیڈ کلرک۔
كَاتِب حِسا:۔
كَاتِبُ حِساباتٍ: کلرک، محاسب۔
كَاتِبُ الحِفْظ: فائلنگ کلرک۔
الكَاتِبُ الرِّوَائِيّ: افسانہ نگار، ناول نگار۔
كَاتِبُ السِّرّ: پرائیوٹ سکریٹری۔
كَاتِبُ عَدْل: رجسٹرار۔
كَـاتِـبُ الـعُـقُـوْد: عرائض نویس، وثیقہ معاملات لکھنے والا۔
كَاتِبٌ عَلَى الآلَةِ الكَاتِبَة: ٹائپسٹ۔
كَاتِبٌ عُمُومِيّ: کلرک۔
كَاتِبٌ مُبْتَدِئٌ: جونیر کلرک۔
كَاتِبُ المُراسَلات: مراسلہ نویس۔
كَاتِبٌ مَوْثُوقٌ به: قابل اعتماد کلرک۔
آلَةٌ كَاتِبَة: ٹائپ رائٹر۔
اِكْتِتَاب: چندہ، اخبار یا رسالہ میں حصہ ج: اِكْتِتَابَات۔
مَـكْـتَـب: مدرسہ (۲) دفتر، آفس (۳) لکھنے کی میز، ڈیسک ج: مَكَاتِبُ۔
مَكْتَبُ الاسْتِعْلامات: انکوائری آفس، دفتر تحقیقات، دفتر معلومات۔
مَـكْـتَـبُ الاعْلامِ الـقَوْمِيّ: قومی محکمہ اطلاعات۔
مَكْتَبُ البَرِيْد: پوسٹ آفس، ڈاکخانہ۔
مَـكْـتَـبُ البَـرِيْـدِ العَامّ: جنرل پوسٹ آفس۔
مَـكْـتَـبُ تَـحْـقِـيقِ الشَّـخْـصِيَّة: ایڈنٹی آفس۔
مَكْتَبُ تَخْدِيْم: امپلائمنٹ آفس، کام دینے والا محکمہ۔
مَـكْـتَـبُ التَّذَاكِـر: ٹکٹ آفس، بکنگ آفس۔
مَـكْـتَـبُ التَّـسْـجِـيْـل: رجسٹری آفس، رجسٹرار آفس۔
مَـكْـتَـبُ تَـسْـجِـيْـلِ الـعَـفْـش: پگیج رجسٹریشن آفس۔
مَكْتَبُ تَسْجِيْلِ العُقُود: رجسٹری آفس۔
مَكْتَبُ التِلِغْراف: ٹیلیگراف آفس، تار گھر۔
مَـكْـتَـبُ التَّوْظِيْف: امپلائمنٹ آفس، ملازمت دینے والا محکمہ۔
مَكْتَبُ الجُمْرُك: کسٹم ہاؤس۔
مَكْتَبُ خَتْمِ الدَّمْغَة: اسٹامپنگ آفس۔
الـمَـكْـتَـبُ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی بیورو، انٹرنیشنل بیورو۔
الـمَـكْـتَـبُ الـرَّسْـمِـيّ: سرکاری دفتر، باضابطہ دفتر۔
الـمَـكْـتَـبُ الـرَّئِـيْـسِـيّ: سنٹرل آفس، مرکزی دفتر، صدر دفتر۔
مَكْتَبُ صِرَافَة: سکہ بدلنے کا دفتر۔
مَكْتَبُ العَمَل: لیبر آفس۔
مَـكْـتَـبُ العَمَلِ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی لیبر آفس۔
الـمَـكْـتَـبُ الفَرْعِيّ: برانچ آفس، سب

آفس۔
مَكْتَبُ الْمُدِيْر: ڈائرکٹر آفس، دفتر اہتمام۔
الْمَكْتَبَة: بک شاپ، لائبریری، کتب خانہ (۲) درس گاہ۔
الْمَكْتَبَةُ الْعَامَّة: پبلک لائبریری۔
مَكْتَبَةٌ لِلْاسْتِعَارَة: کتابیں کرایہ پر دینے والی لائبریری۔
مِكْتَاب: ٹائپ مشین، ٹائپ رائٹر۔
مَكْتُوْب: لکھاہوا (۲) خط (۳) پیغام۔
مَكْتُوْبٌ عَلَيْه: مقدر۔
مَكْتُوْبَةٌ بِخَطِّ الْمُؤَلِّف: آٹوگراف۔
مَكْتُوْبَةٌ بِخَطِّ الْيَد: مخطوطہ۔
مُكَاتِب: نامہ نگار، مراسلہ نگار، خطوط نویس۔
مُكَاتَبَة: خط وکتابت، نامہ نگاری۔
كُتُشِيْنَة: (دا) تاش کے پتے۔
كَتِعَ ـــ كَتَعًا: لُنجا ہونا (۲) سکڑنا۔
اَكْتَع: یک دست آدمی، لُنجا۔
كَتَفَ ـــ كَتْفًا و كَتَّفَ: دونوں ہاتھ پیچھے باندھنا، مشکیں کسنا۔
كِتْفٌ، كَتِفٌ: کندھا ج: اَكْتَاف۔
كِتَاف: مشکیں کسنے کی رسّی ج: اَكْتِفَة۔
مَكْتُوْف: دست بستہ۔
مَكْتُوْفُ الْاَيْدِي: بے بس۔
كَتْكُوْت: (دا) مرغی کا بچہ، چوزہ۔
كَتَلَ ـــ كَتْلًا و كَتَّلَ: قید کرنا، جمع کرنا، دھڑا بنانا۔
تَكَتَّلَ: یکجا ہونا، جمع ہونا، دھڑا بننا، پیکٹ کرنا (۲) دھڑابندی، بلاک، گروپ۔
تَكَتُّلٌ اِقْتِصَادِيّ: اقتصادی بلاک۔
تَكَتُّلٌ سِيَاسِيّ: سیاسی دھڑابندی۔
اَلتَّكَتُّلَات: گروپ بندیاں، دھڑے بندیاں۔
تَكَتُّلَاتٌ عُمَّالِيَّة: مزدوروں کے گروہ، دھڑے۔
كُتْلَة: (۱) ڈھیر، انبار، تودہ (۲) لوگوں کا بڑا گروہ، ممالک کا متحدہ گروہ، بلاک (۳) پیکٹ ج: كُتَل۔
الْكُتْلَةُ الْاِسْتَرْلِيْنِيَّة: اسٹرلنگ بلاک۔
كُتْلَةٌ اِسْلَامِيَّة: اسلامی بلاک۔
الْكُتْلَةُ الْاَفْرِيْقِيَّةُ الْآسِيَوِيَّة: افروایشین بلاک۔
كُتْلَةٌ اِقْتِصَادِيَّة: اقتصادی بلاک۔
كُتْلَةٌ اَمْرِيْكِيَّة: امریکن بلاک۔
كُتْلَةٌ آسِيَوِيَّة: ایشیائی بلاک۔
كُتْلَةُ خَشَب: لکڑی کی گانٹھ۔
الْكُتْلَةُ السُّوْفِيْتِيَّة: روسی بلاک۔
كُتْلَةٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی دھڑا، گروہ۔
الْكُتْلَةُ الشَّرْقِيَّة: مشرقی بلاک۔
الْكُتْلَةُ الشُّيُوْعِيَّة: کمیونسٹ بلاک۔
كُتْلَةُ عَدَمِ الْاِنْحِيَاز: غیر جانبدار بلاک، نا وابستہ بلاک۔
الْكُتْلَةُ الْغَرْبِيَّة: مغربی بلاک۔
كَتَمَ ـــ كَتْمًا و كِتْمَانًا: چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔
كَتَمَ نَفَسَهُ: دم چرانا۔
كَاتِمُ السِّرّ: رازدار بنانا۔
اِسْتَكْتَمَهُ السِّرّ: راز میں رکھانا۔

کِتَامُ البَطْنِ: (دا) قبض۔
کَاتِمُ السِّرِّ أو الأسْرَار: پرائیویٹ سکریٹری، سکریٹری۔
کَتُومٌ: رازدار، پیٹ کا گہرا، اپنی باتیں چھپانے والا۔
تَکَتُّم: رازداری۔
تَکَتُّم شَدِیْدٌ: زبردست رازداری۔
مَکْتُوم: صیغۂ راز میں۔
مَکْتُومُ البَطْنِ: قبض کا مریض۔
کَتَنٌ: جالا، دھبہ۔
کَتَّان: سَن، ایک قسم کا ریشہ جس سے مضبوط کپڑا تیار کیا جاتا ہے۔
نَسِیْجُ الکَتَّان: سوتی کپڑا، کتان کپڑا۔
کَتَّانِیّ، مِنَ الکَتَّان: سوت کا۔

ک............ث

کَثَبٌ: قُرب، نزدیکی۔
عَنْ کَثَبٍ، مِنْ کَثَبٍ: نزدیک سے۔
کَثِیْب: پہاڑوں کے درمیان کی نشیبی زمین ج: کُثْبَان۔
کَثَّ ـــِ کَثَاثَةً و کِثَثاً: (۱) گھنا ہونا (۲) گاڑھا ہونا، بالوں کا گنجان ہونا۔
کَثُرَ ـــُ کَثْرَةً: زیادہ ہونا۔
کَثُرَ عَنْ: بڑھنا، زائد ہونا۔
کَثَّرَ و اَکْثَرَ: زیادہ کرنا، اضافہ کرنا۔
کَثَّرَ مِنْ فِعْلٍ: کسی کام کو بہ کثرت کرنا۔
کَثَّرَ فِي الکَلَام: بہت بولنا۔
کَثِیْرٌ جِدّاً: از حد، بہت زیادہ۔
اَکْثَرُ مِنَ اللَّازِم: ضرورت سے زیادہ۔
اَکْثَر فَاَکْثَر: زیادہ سے زیادہ۔

مُکْثِر: بہت مالدار۔
مِکْثَار: باتونی، بسیار گو۔
کَثُفَ ـــُ کَثَافَةً: گنجان ہوا، گاڑھا ہونا، گھنا ہونا، کثرت سے ہونا۔
کَثَّفَ: گاڑھا کرنا (۲) گھنا بنانا (۳) بڑھانا، تیز کرنا۔
کَثَّفَ الجُهُودَ: کوششوں کو تیز کرنا۔
کَثَّفَ النَّشَاطَ: فعّالیت بڑھانا، سرگرمی تیز کرنا۔
کَثَافَة: گھنا پن، کثرت، شدت۔
کَثَافَةُ السُّکَّان: کثرتِ آبادی، آبادی میں اضافہ۔
الکَثَافَةُ السُّکَّانِیَّة: آبادی کی کثرت۔
کَثِیْف: گاڑھا (۲) گنجان (۳) گھنا (۴) زبردست۔
مُکَثَّف: زبردست، گھنا۔
مُکَثَّفٌ جِدّاً: ٹائٹ، بہت گھنا۔
کَثُولِیْکِیّ: (مع) کیتھولک۔

ک............ح

کُحَّة: کھانسی۔
کَحْکَحَة: رُک رُک کر کھانسنا۔
کَحَلَ العَیْنَ ـــَ کَحْلاً و کَحَّل و اکْتَحَلَ: سُرمہ لگانا۔
کَحَلٌ: پلکوں کی سیاہی۔
کُحْل، کِحَال: سُرمہ۔
کُحْلَةٌ أو تَکْحِیْلُ البِنَاء: اینٹوں کی ٹیپ، دیوار پر اینٹوں کے نشان۔
کَحَّال: آنکھوں کا ماہر ڈاکٹر۔
اَکْحَلُ: سیاہ چشم ج: کُحْلٌ م:

کَحلاءُ۔
کُحول، الکُحول: الکوہل۔
مِکْحَال و مِکْحَل: سرمہ لگانے کی سلائی۔
مُکْحُلَة: سرمہ دانی ج: مَکَاحِلُ۔

ک......... د

کَدَحَ ـَ کَدْحاً: جانفشانی کرنا، جسمانی محنت کرنا۔
اِکْتَدَحَ لِعِیَالِہ: اہل وعیال کے لئے روزی کمانا۔
کَدْحٌ: محنت، جانفشانی۔
کَدْحُ الذِّهْن: ذہنی کاوش۔
کَادِحٌ: محنت کش۔
کَدَّ ـُ کَدّاً: محنت کا کام کرنا، مشقت اُٹھانا (۲) کاوش کرنا۔
کَدُوْدٌ: بڑا محنتی، جفاکش۔
کَدِرَ ـَ کَدَراً و کَدُرَ ـُ کُدْرَةً: گدلا ہونا۔
کَدِرَ العَیْشُ: زندگی تنگ ہونا۔
کَدَّرَ تَکْدِیْراً: گدلا کرنا، مکدّر کرنا (۲) تنگ کرنا، پریشان کرنا (۳) غصہ دلانا۔
تَکَدَّرَ: گدلا ہونا (۲) ناراض ہونا، بُرا ماننا۔
کَدَرٌ، کُدْرَة: گدلا پن۔
کَدَرٌ: پریشانی، تکدّر، ملال، رنج۔
کَدِرٌ: گدلا، غیر صاف شدہ۔
کَادِرٌ: وہ جماعت جو کسی خاص کام کے لئے تیار کی گئی ہو ج: کَوَادِر۔
کَدَّسَ تَکْدِیْساً: ڈھیر لگانا، انبار لگانا۔
کَدَّسَ الاَسْلِحَةَ: ہتھیاروں کے ڈھیر لگانا، انبار لگانا۔
تَکَدُّسُ السُّکَّان: آبادی کی کثرت۔
کَدَی ـِ کَدْیاً و اَکْدَی: بخل سے دینا (۲) ناکام ہونا۔
کَدَّی: بھیک مانگنا۔
کُدْیَہ: بھیک۔

ک......... ذ

کَذَا، کَذٰلِکَ، ھٰکَذَا: ایسے ہی، اسی طرح۔
کَذَا وَ کَذَا: ایسا ایسا، یہ اور وہ، چناں وچنیں۔
کَذَبَ ـِ کِذْباً: جھوٹ بولنا۔
کَذَبَ علیہ: الزام لگانا۔
کَذَبَتِ العَیْنُ: نگاہ کا دھوکہ دینا۔
کَذَّبَ: جھٹلانا، جھوٹا قرار دینا۔
کَذَّبَ الوَقَائِعَ: واقعات کو جھٹلانا۔
مَا کَذَّبَ أنْ فَعَلَ کذا: اس نے بلاتوقف ایسا کیا۔
اُکْذَبَہ: جھوٹ بولنے پر مجبور کرنا۔
کِذْبَة، اُکْذُوْبَة: جھوٹی بات۔
کِذْبَةُ أبْرِیْل: اپریل فول۔
تَکْذِیْبٌ رَسْمِیٌّ: سرکاری تردید۔
تَکْذِیْبُ المَزَاعِم: دعووں کی تردید۔
کَذٰلِکَ: ایسے ہی، اسی طرح (۲) نیز، بھی۔

ک......... ر

کَرَبَ ـُ کَرْباً: پریشان کرنا، بے چین و پریشان ہونا، غم میں مبتلا ہونا۔
کَرْب: غم، پریشانی، بے چینی ج: کُرُوب۔
مَکْرُوب: پریشان، بے چین۔
مِکْرُوْب: جرثومہ، چھوٹا کیڑا، مائیکروب

(مع)۔
کُرُبَاج: (مع) کوڑا۔
کَــرْبُــون: کاربن، کوئلہ، کوئلہ جیسا سیاہ مادہ (مع)۔
وَرَق کَــرْبُــون: کاربن پیپر، نقل گیر کاغذ۔
کَرْبُونِيّ: کوئلہ جیسا، کوئلہ کا۔
کَــرْتَـنَ علیه: قرنطینہ لگانا، کسی وبا پھیلنے کے خوف سے حجاج کو کسی مقام پر روک دینا۔
کُرَنْتِینَة: قرنطینہ، پابندی۔
کَرْتُون: کارڈ بورڈ (مع)۔
کَرَثَ الغَمُّ فُلاناً و اَکْرَثَ: غم کا گھلانا۔
اِکْتَرَثَ لِلأمرِ: پروا کرنا۔
عَدَمُ اکْتِرَاث: بے پروائی۔
کَارِثَة: حادثہ ج: کَوَارِث۔
کَارِثَةٌ جَوِّيَة: فضائی حادثہ۔
الکَارِثَةُ المُحَقَّقَة: یقینی حادثہ۔
کَارِثَةٌ مُرَوِّعَة: خوفناک حادثہ۔
کَرِجَ ــ کَرَجاً: متعفن ہونا۔
کَرَّاجَة: سائکل۔
کُرْد: عراق کی ایک سرحدی قوم ج: اَکْرَاد۔
کَرَّرَ: اعادہ کرنا۔
کَرَّرَ النِّفْطَ أو البِتْرُولَ: پٹرول صاف کرنا۔
کَــرَّرَ الدَّعْوَةَ لِلأکل: کھانے کے لئے اصرار کرنا۔
کَرَّ ـ کُرُوراً: لوٹنا (۲) پیچھے ہٹنا۔
کَرَّ رَاجِعاً: لوٹ کر آنا۔
کَرَّ علیه: حملہ کرنا، ٹوٹ پڑنا۔
تَکَرَّرَ: بار بار ہونا۔
کَرٌّ، کَرَّةٌ: حملہ۔
کَرَّة: ایک دفعہ (۲) باری (۳) ایک لاکھ۔
تَکْرِیر: صفائی، تنقیہ، ریہرسل۔
مَعْمَلُ التَّکْرِیر: تیل صاف کرنے کا کارخانہ، ریفائنری۔
کَرَزَ ــ کُرُوزاً: پوشیدہ ہونا۔
کَرَّسَ البِنَاءَ: بنیاد رکھنا۔
کَرَّسَ: تعظیم کرنا (۲) صرف کرنا، مسلسل کرنا۔
کَرَّسَ الشیءَ لکذا: مخصوص کرنا۔
کَرَّسَ نَفْسَهُ علی شيءٍ: خود کو وقف کرنا۔
کَرَّسَ الجُهُودَ: کوششیں صرف کرنا۔
کَرَّسَ الاحْتِلَالَ: قبضہ جاری رکھنا۔
کَرَّسَ الهَیْمَنَةَ: کنٹرول برقرار رکھنا۔
کُرْسِيّ: کرسی، چیر ج: کَرَاسِيّ۔
__ الأُسْتَاذِیَّة: پروفیسری کی مسند۔
__ بِلا ظَهْرٍ: اسٹول۔
__ بِمَسَانِد: آرام کرسی۔
__ خَیْزُرَان: بید کی کرسی۔
__ العَمُود او التِّمْثَال: ستون یا مجسمہ کا چبوترہ۔
__ قَــشّ: موڑھا، بانس یا بید کی بنی ہوئی کرسی۔
__ القَضَاء: کرسی عدالت۔
__ قُمَاش: کپڑے کی آرام کرسی۔
__ المَلِک: تخت شاہی۔
__ المَمْلَکَة: پایۂ تخت۔
__ هَزَّاز: متحرک کرسی۔
کُــرَّاس، کُــرَّاسَة: کتاب کا ایک جز (۲) پمفلٹ (۳) کاپی، یادداشت ج:

کُرَّاسَات و کَرَارِیس۔
کَرِشَ ـــ کَرَشاً و تکَرَّشَ: کھال سکڑنا۔
کِرْشٌ: اوجھ ج: کُرُوش۔
کِرْش: (۱) پیٹ۔
کَرِعَ ـــ کَرْعاً و کُرُوعاً: برتن میں منھ ڈال کر پانی پینا۔
تَکَرَّعَ الرَّجُلُ: اطرافِ بدن پر پانی بہانا۔
کُرَاع: بکرے وغیرہ کے پائے، انسان کے گھٹنے سے نیچے کا حصہ ج: اکارِع۔
کَرَفْس: اجوائن کا درخت۔
کُرْکِیّ: سارس ج: کَرَاکِیّ۔
کَرَّاکَة: نالیوں کا پانی نکالنے کی مشین۔
کَرْکَدَّن: گینڈا۔
کَرُمَ ـــُ کَرَامَةً: بیش بہا ہونا (۲) صاحب عزت ہونا (۳) عالی ظرف ہونا (۴) فیاض و سخی ہونا (۵) فراخ دل و بے تعصب ہونا۔
کَرَّمَ، اَکْرَمَ: عزت کرنا۔
کَارَمَ فُلاناً: فیاضانہ سلوک کرنا۔
کَارَمَهُ فِي الثَّمَن: کسی سے اعزازی قیمت وصول کرنا۔
تکَرَّمَ: سخاوت کرنا (۲) مہربانی کرنا۔
تکَرَّمَ عَلَيْه بکذا: نوازش کرنا، نوازنا۔
تکَرُّماً مِنکَ: ازراہِ کرم۔
کَرَمٌ: سخاوت، فیاضی، کشادہ دلی (۲) مہربانی۔
کَرَمُ الأَخْلَاق: عالی ظرفی۔
کَرَماً: ازراہِ کرم (۲) ازراہِ سخاوت۔
کَرْم: باغ (۲) انگور کی بیل (۳) انگور ج: کُرُوم۔

بِنْتُ العِنَب أو الکَرْمَة: شراب۔
کَرْمَةُ العِنَب: انگور کی بیل۔
کَرَامَة: اعزاز (۲) شان (۳) حیثیت (۴) سخاوت، فیاضی (۵) شرافت۔
کَرِيْم: سخی، فیاض (۲) شریف النفس (۳) مہمان نواز (۴) معزز (۵) مہربان ج: کُرَمَاء و کِرَام۔
کَرِيْمُ الأَخْلَاق: وسیع الاخلاق، بلند اخلاق۔
کَرِيْمُ الأَصْل: شریف النسب۔
کَرِيْمُ المَحْتِد: شریف النسل۔
حَجَرٌ کَرِيْم: قیمتی پتھر، ہیرا۔
مَعْدِنٌ کَرِيْم: قیمتی دھات۔
کِرِيْم: کریم۔
الکِرِيْمُ البَارِد: کولڈ کریم۔
کَرِيْمَةُ الرَّجُل: بیٹی۔
الکَرِيْمَتَان: دونوں آنکھیں۔
تکْرِيْم: اعزاز۔
تَکْرِيْماً و تَقْدِيْراً لِأَحَدٍ: کسی کے اعزاز میں۔
تکْرِيْمِيّ: اعزازی۔
اِکْرَاماً له: اعزاز میں۔
اِکْرَاماً لِخَاطِرِ فُلَانٍ: فلاں کی دلداری کے لئے۔
اِکْرَاماً لِوُجُودِه: فلاں کے اعزاز میں۔
اِکْرَامِيَّةُ المُحَامِي: بیرسٹر کی فیس (محنتانہ)۔
مَکْرُمَة: کارنامہ، قابلِ قدر کام ج: مَکَارِم۔
کَرِهَ ـــ کُرْهاً: ناپسند کرنا، نفرت کرنا۔
کَرَّهَ فُلاناً الشَّیْءَ و إلَيْه: نفرت دلانا۔

أَكْرَهَ عَلَى: مجبور کرنا۔
تَكَرَّهَ و اسْتَكْرَهَ الشيءَ: برا سمجھنا۔
كُرْهٌ ، كَرَاهَة ، كَرَاهِيَة: ناپسندیدگی۔
كُرْهٌ ، كَرَاهَة: نفرت، بغض، دشمنی۔
الكَرَاهِيَةُ العُنْصُرِيَّة: نسلی نفرت۔
كُرْهاً ،و عَلَى كُرْهٍ ، عَنْ كَرَاهِيَةٍ: مجبوراً، بے رضا، ناخوشی سے۔
كَرِهٌ ، كَرِيهٌ: ناپسندیدہ، قابل نفرت۔
كَرِيهُ الرَّائحة: بدبودار۔
كَرِيهُ الطَّعْم: بدذائقہ۔
كَرِيهُ المَنْظَرِ: بدصورت۔
إِكْرَاه: جبر وتشدد۔
سَرِقَةٌ بِإِكْرَاهٍ: ڈاکہ زنی۔
تَكَرُّه: ناگواری، ناپسندیدگی۔
مَكْرُوهٌ ج: مَكَارِهُ: مصیبت، ناخوشگوار بات، ناپسندیدہ، قابلِ نفرت۔
مَكْرُوهَة: سختی، مصیبت ج: مَكَارِهُ۔
كَرَا ـُـ كَرْواً و كَرَى ـِـ رْياً: کھودنا (٢) کروی بنانا، گول بنانا۔
كُرَة: گولا، گلوب ج: كُرَات۔
كُرَةُ القَدَم: فٹ بال۔
كُرَةُ اللَّعِب: گیند، بال۔
كُرَةُ السَّلَّة: باسکٹ بال۔
كُرَوِيّ: گول۔
كَرِيَ ـَـ كَرًى و تَكَرَّى: سونا۔
كَرَى ـِـ كَرْياً: نہر کھودنا، صاف کرنا۔
كَارَى و أَكْرَى: کرایہ پر دینا۔
اكْتَرَى ، اِسْتَكْرَى: کرایہ پر لینا۔
كَرًى: نیند۔

كِرَاء: کرایہ، مزدوری۔
مُكْرٍ ، مُكَارٍ: کرایہ پر دینے والا۔
مُسْتَكْرٍ: کرایہ دار۔
كِرِيكِتُ: (مع) کرکٹ۔

ک.........ز

كُزْبُرَة: دھنیا۔

ک.........س

كَسَبَ ـِـ سْباً و اكْتَسَبَ: کمانا، مال حاصل کرنا (٢) نفع اٹھانا، پانا۔
__ فى المُبَارَة أو المُسَابَقَة: میچ جیتنا۔
__ أَكْسَبَ ، كَسَّبَ: دلانا، عطا کرنا۔
__ أحداً إلى صَفِّه: ساتھ ملانا۔
__ الأَرْضَ بالقُوَّة: بزور زمین حاصل کرنا۔
__ إعْجَابَ النَّاس: مقبولیت حاصل کرنا۔
__ التَّأْيِيدَ: حمایت حاصل کرنا۔
__ الثِّقَةَ: اعتماد حاصل کرنا۔
__ الرَّأْيَ العَامَّ لكذا: رائے عامہ ہموار کرنا۔
__ الوُدَّ: دوستی حاصل کرنا۔
__ الوَقْتَ: مہلت لینا، موقع یا وقت حاصل کرنا۔
اِكْتَسَبَ الاسْتِحْقَاق: استحقاق حاصل کرنا۔
اِكْتَسَبَ السُّمْعَةَ: شہرت حاصل کرنا۔
اِكْتَسَبَ سُمْعَةَ فَضْلٍ: کریڈٹ حاصل کرنا۔
اِكْتَسَبَ المَهَارَةَ: مہارت حاصل کرنا۔
اِكْتَسَبَ النُّفُوذَ: اقتدار ورسوخ حاصل کرنا۔

اِکْتَسَبَ الخِبْرَةَ: تجربہ حاصل کرنا۔
اِکْتَسَبَ المُبَارَاةَ: میچ جیتنا۔
کَسْبٌ: کمائی، پرافٹ (۲) فائدہ، نفع (۳) کامیابی۔
کَسْبٌ غَیْرُ شَرْعِیّ: ناجائز آمدنی۔
کَسْبٌ غَیْرُ مَشْرُوْع: ناجائز فائدہ، ناجائز کمائی۔
مَکْسَب: کمائی (۲) ذریعۂ آمدنی ج: مَکَاسِبُ۔
مَکْسَبٌ رَائِع: شاندار کامیابی۔
مَکَاسِبُ: منافع، آمدنی، فوائد، مفادات، کامیابیاں۔
مَکَاسِبُ إِقْلِیْمِیَّة: زمینی مفادات، صوبائی کامیابیاں۔
مَکَاسِبُ رَخِیْصَة: سستے مفادات۔
مَکَاسِبُ شَعْبِیَّة: عوامی مفادات۔
مُکْسِب: نفع بخش، فائدہ مند۔
مُکْتَسَب: کسبی، محنت سے حاصل کیا ہوا۔
مُکْتَسَبٌ بِالکَدِّ والعَمَل: پسینہ کی کمائی۔
کُسْتُبَان: (مع) انگشتانہ۔
کَسَحَ ـ کَسْحاً: جھاڑو دینا۔
کَسَحَ البِئْرَ: کنواں خالی کرنا۔
اِکْتَسَحَ: صفایا کرنا، ہڑپ کرنا۔
اِکْتَسَحَ البَالُوعَةَ: نالی صاف کرنا۔
کُسَاحَة: کوڑا کرکٹ۔
مِکْسَحَة: جھاڑو۔
کَسَدَ ـ کَسَاداً: مندا ہونا، بازار میں کسی چیز کی مانگ نہ رہنا۔
کَسَدَتِ السُّوقُ أو التِّجَارَةُ: بازار یا کاروبار ٹھپ ہونا، مندا ہونا۔
کَسَاد: مندا، کساد بازاری۔
کَسَادٌ حَادٌّ: زبردست مندا۔
کَاسِد: (ضد رَائِج) وہ شے جس کی بازار میں مانگ نہ ہو، غیر چالو۔
کَسَرَ ـ کَسْراً: (سخت چیز) توڑنا (۲) مفلس بنانا (۳) شکست دینا (۴) شعر کا وزن توڑنا (۵) روشنی کو اس کے خط سے ہٹانا (۶) تیزی کم کرنا (۷) زور ختم کرنا (۸) دل توڑنا۔
کَسَرَ الاحْتِکَارَ: اجارہ داری قائم کرنا۔
کَسَرَ الحَاجِزَ: رکاوٹ دور کرنا۔
کَسَرَ الحَلْقَةَ الفُولَاذِیَّةَ: آہنی حصار توڑنا۔
کَسَرَ الرَّقْمَ القِیَاسِیَّ: ریکارڈ توڑنا۔
کَسَرَ الصَّمْتَ: سکوت ختم کرنا، توڑنا۔
کَسَرَ الصَّمْتَ المُخَیِّمَ عَلَی جَوِّ الاجْتِمَاع: میٹنگ پر چھائی ہوئی خاموشی کا پردہ چاک کرنا۔
کَسَرَ القَرَارَ: تجویز کی خلاف ورزی کرنا۔
کَسَرَ المَبْدَأَ: ضابطہ توڑنا۔
کَسَرَ شَرَفَه: بٹہ لگانا، بدنام کرنا، بے عزتی کرنا۔
ـــ عَنْ مُرَادِهِ: نامراد بنانا۔
اِنْکَسَرَ، تَکَسَّرَ: ٹوٹنا، کریک ہونا (۲) مفلس ہونا (۳) گرمی یا تیزی کم ہونا۔
اِنْکَسَرَ العَطَشُ: پیاس بجھنا۔
کَسْرٌ: ٹکڑا، حصہ، جزء (۲) فریکچر، کریک ج:

کُسُوْر۔
کَسْرٌ عُشْرِیّ: اعشاری اجزاء جیسے دس، بیس، تیس وغیرہ۔
کَسْرَة: شکست ج: کَسَرَات۔
کِسْرَة: ٹکڑا، ریزہ ج: کِسَرٌ۔
کَسَّارَةُ الجوْز أو اللَّوْز: سَروتا، اخروٹ وغیرہ توڑنے کا آلہ۔
کَسِیْر: شکستہ۔
کَسِیْرُ الخَاطِر: شکستہ دل، رنجیدہ۔
کَاسِر: (۱) توڑنے والا (۲) عقاب۔
طَیْرٌ کَاسِرٌ: حملہ آور پرندہ۔
کَاسُوْر: (وا) پتھر توڑنے کا ہتھوڑا۔
اِکْسِیْر: روح، خلاصہ۔
کَسْرُوْلَة: (مع) کڑچھا۔
کَسَفَ ـُـ کُسُوفاً: سورج اور چاند کو گہن لگانا (۲) گہن لگنا (۳) شرمندہ کرنا (۴) رسوا کرنا۔
اِنْکَسَفَ: سورج کو گہن لگنا (۲) شرمندہ ہونا۔
کَسِلَ ـَـ کَسَلاً و تکاسَلَ: ست ہونا۔
اَکْسَلَ، کَسَّلَ: سُست بنانا۔
کَسِلٌ، کَسْلان، کَسُول: ست۔
مِکْسَال: انتہائی کاہل۔
کِسْوَة: لباس، پوشاک، وردی، غلاف ج: کِسیً۔
کِسْوَةُ الکَعْبَة: غلاف کعبہ۔
کِسْوَةٌ رَسْمِیَّة: یونیفارم، سرکاری لباس۔
کِسَاء: کپڑا، ڈریس، تن پوش، اوڑھنے کی چادر ج: اَکْسِیَة۔
الکِسَاءُ و الغِذَاءُ: روٹی کپڑا۔
کَسَاهُ ـُـ کَسْواً و اَکْسَاهُ: پہنانا۔
کَسَا الشیءَ بالذَّرُوْر: پاوڈر ملنا۔
کَسَاهُ بالإسْمَنْت: سمنٹ کا پلاسٹر کرنا۔
کَسَاهُ بِثَوْب: کپڑا چڑھانا۔
کَسَاهُ بالجَص: پلاسٹر کرنا، چونے کا پلاسٹر کرنا۔
کَسَاهُ بالسَّجَّاد: کارپیٹ (قالین) بچھانا۔
کَسَاهُ بِصَفَائِحَ مَعْدِنِیَّة: جستی پلیٹ چڑھانا۔
کَسِیَ ـَـ کَسًا و اکْتَسَی: پہننا۔
کَاسٍ: تن پوش (ضد عارٍ)۔
مَکْسُوٌّ بکذا: ڈھکا ہوا۔

ک............ش

کُشْتُبان: انگشتانہ (وا)۔
کَشَحَ ـَـ کَشْحاً: باہر نکالنا، دھتکارنا۔
کَشَحَ لَه و کَاشَحَهُ بالعَدَاوَة: دشمنی کرنا۔
اِنْکَشَحَ القَوْمُ: منتشر ہونا۔
اِنْکَشَحَ: (وا) بادل یا تاریکی کا چھٹنا۔
کَشْحٌ: پہلو ج: کُشُوح۔
طَوَی کَشْحَهُ عَلَی الأمْر: کسی کام پر متوجہ ہونا، مشغول ہونا۔
طَوَی کَشْحَه عَنْ: توجہ ہٹانا۔
کَشَاحَة: چھپی دشمنی۔
کَشَرَ و کَشَّرَ ـِـ عَنْ اَسْنَانِه: دانت نکالنا۔
کَشَّرَ: (وا) تُرش رُو ہونا۔
مُکَاشِر: قریبی پڑوسی۔
کَشَطَ ـُـ کَشْطاً: جھاگ اُتارنا (۲) کھال اُتارنا (۳) کھرچنا (۴) مٹانا۔

کَشَفَ ــــ کَشْفاً: کھولنا (۲) برہنہ کرنا (۳) ظاہر کرنا۔
کَشَفَ السِّتْرَ أو القِناعَ: نقاب یا پردہ اٹھانا۔
کَشَفَ عَنْ: اظہار کرنا، انکشاف کرنا۔
کَشَفَ سَیِّئَاتِه: رسوا کرنا۔
کَشَفَ عَلَیْهِ طِبِّیاً: (۱) معاینہ کرنا، چیک کرنا۔
کَشَفَ عَنِ السِّرِّ: افشائے راز کرنا۔
کَشَفَ عَنِ اللُّغْزِ: معمہ حل کرنا۔
کَشَفَ عَنِ المَوْهِبَة: صلاحیت جانا۔
کَشَفَتِ الحَرْبُ عَنْ سَاقِیهَا: لڑائی بھڑک اٹھنا۔
کَشَفَتِ المُظَاهِرَاتُ النِّقَابَ عَنْ کَذا: مظاہروں سے یہ بات سامنے آئی۔
کَاشَفَهُ بِکَذا: کسی کے سامنے بیان دینا (۲) خبردار کرنا۔
کَاشَفَهُ بالعَدَاوَة: کھلی دشمنی کرنا۔
اِنْکَشَفَ انطَوَیٰ و تَکَشَّفَ: کھلنا، پتہ لگنا، ظاہر ہونا۔
اِکْتَشَفَ: دریافت کرنا، سراغ لگانا، پتہ چلانا، پانا۔
اِسْتَکْشَفَ الأمْرَ: جستجو کرنا، تفتیش کرنا۔
تَکَشَّفَ النِّقَابُ عَنْ وَجْهِهِ: نقاب اٹھنا، بے نقاب ہونا۔
کَشْفٌ: اظہار، انکشاف، معاینہ (۲) رپورٹ، لسٹ، فہرست، چارٹ، شیٹ۔
ــــ اِکْتِشَاف: ایجاد، نئی دریافت، نئی تحقیق۔
ــــ الأجُور: تنخواہوں کا شیٹ۔
ــــ الأسْلِحَةِ المَطْلُوبَة: مطلوبہ ہتھیاروں کی فہرست۔
ــــ تَحْصِیل: کلکشن شیٹ۔
ــــ تَفَاصِیلِ القَضِیَّة: مقدمہ کی تفصیلات کی فہرست۔
ــــ حِسَاب: بل، گوشوارہ، تفصیلِ حساب۔
ــــ الدَّخْل: چارٹ آمدنی۔
کَشْفُ صَرْفٍ: گوشوارہ خرچ، پے لسٹ۔
ــــ طِبِّيّ: طبی رپورٹ، ڈاکٹری معاینہ۔
ــــ المَاهِیَات أو الرَّوَاتِب: گوشوارہ مشاہرات، پے شیٹ۔
ــــ مُحْتَوِیَاتِ حَزْمٍ: پیکنگ لسٹ۔
کَشْفُ الحِجَاب: بے نقابی۔
کَشْفُ النِّقَاب: نقاب کشائی۔
کَشْفُ المُؤَامَرَة: سازش کا انکشاف۔
کَشْفٌ عَلَىٰ نَحْوٍ سَافِرٍ: واضح انکشاف۔
کَشَّاف، کَاشِف: انکشاف کنندہ۔
کَشَّاف: اسکاوٹ، وہ سپاہی جو دشمنوں کی تعداد و حالت کے متعلق معلومات بہم پہنچانے کے لئے بھیجے جاتے ہیں ج: کَشَّافَة۔
النُّورُ الکَشَّاف: سرچ لائٹ۔
کَشَّافُ الضَّوْءِ: بیٹری، ٹارچ۔
الکَشَّافَة: وہ جماعت جو خدمتِ خلق وغیرہ کے لئے تیار کی جائے۔
الفِتْیَانُ الکَشَّافَة: جماعتِ اسکاوٹ کے جوان۔
کِشَافَة: جماعتِ اسکاوٹ کا کام، اسکاوٹنگ (۲) مخبری، جاسوسی۔
اِکْتِشَاف: ایجاد، دریافت۔

اِکْتِشَافُ عِلْمِيّ: علمی تحقیق۔
اِکْتِشَافَات: انکشافات، دریافتیں۔
طَائِرَةُ اکْتِشَافٍ: سراغ رساں جہاز۔
کُشْک: (۱) کوٹھری، پہرہ دار کی کوٹھری (۲) لکڑی وغیرہ کا کیبن۔
کُشْکُ التِلِیْفُون: ٹیلیفون بوتھ، کال بکس۔
کُشْکُ الدَّیْدَبَان: سنتری بکس، پہریدار کے کھڑے ہونے کا بکس، کیبن۔
کُشْکٌ لِبَیْعِ الجَرَائِد: نیوز پیپر اسٹال۔
کُشْکٌ لِبَیْعِ الکُتُب: بک اسٹال۔
کُشْکٌ لِلْکُتُب: بک اسٹال۔
کَشْکُول: بھکاری کا چبل (۲) اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مرقع۔

ک............ظ

کَظَّ ـُـ کَظّاً: بھرنا۔
کَظَّ الطَّعَامُ الرَّجُلَ: کھانے کا سانس کو روک دینا۔
کَظَّ ، اِکْتَظَّ بکذا: پُر ہونا، جگہ کا لوگوں سے پُر ہوا۔
اِکْتَظَّ مِنَ الطَّعَام: جی متلانا، کھانے کی زیادتی سے طبیعت خراب ہوا (۲) سانس نہ آنا (شکم پُری سے)۔
کِظَّة: بدہضمی، شکم پُری کی تکلیف۔
کَظِیْظ ، مَکْظُوظ ، مُکْتَظّ: پُر۔
کَظَمَ ـِـ کَظْماً: غصہ پینا، ضبط کرنا۔
کَظَمَ عَلَي: خاموش رہنا، سکوت برتنا۔
کَظِیْمَة: تھرماس ج: کَظَائِمُ۔

ک............ع

کَعِبَ الثَّدْيُ ـَـ کُعُوباً: اُبھرنا، پورا ہونا۔
کَعَبَتِ الصَّبِیَّةُ ـِـ کُعُوباً: لڑکی کا سینہ ابھرنا
کَعَّبَ: چوکور بنانا۔
کَعْبٌ: ایڑی (۲) اعزاز (۳) جوتے کی ایڑی ج: اَکْعَاب۔
کَعْبُ جِلْدٍ: چمڑے کا پشتہ (جلد میں)۔
کَعْبُ المُسْتَنَدَات: کاغذات کا پیڈ۔
کَعْبُ جِلْدَةِ الکِتَاب: کتاب کی جلد کا پشتہ۔
کَاعِب: ابھرواں، بلند (۲) لڑکی جس کا سینہ ابھرا ہوا ہو۔
کَعْکٌ: کیک۔
کَعْکَة: ایک کیک ج: کَعْکَات۔

ک............ف

کَفَأَ ـَـ کَفْأً و اَکْفَأَ الإِنَاءَ: اوندھا کرنا۔
کَفَأَ: ہٹنا، مڑنا، الگ ہونا۔
کَافَأَهُ مُکَافَأَةً: بدلہ دینا (۲) برابر کرنا۔
تکَافَأُوا: برابر ہونا، ہم پلہ ہونا۔
تَکَافَأَتِ الفُرَصُ للجَمِیْع: یکساں موقع ملنا، فراہم ہونا۔
اِنْکَفَأَ: لوٹنا (۲) پیچھے ہٹنا۔
اِنْکَفَأَ اللَّوْنُ: رنگ بدلنا۔
اِنْکَفَأَ الإِنَاءُ: اوندھا ہونا، الٹنا۔
کَفُؤَ ـُـ کَفَاءَةً: اہل ہونا، ہمپلہ وہم حیثیت ہونا۔
کُفْءٌ: باصلاحیت، اہل ج: اَکْفَاء۔
کَفَاء ، کَفَاءَة: برابری، مساوات (۲) اہلیت، لیاقت، صلاحیت، قابلیت، کوالیفکیشن، اختیار۔
الکَفَاءَةُ الإِدَارِیَّة: انتظامی قابلیت، انتظامی صلاحیت۔

كَفاءَ ةُ الأَدَاء: کارکردگی کی صلاحیت۔
الكَفاءَ ةُ الإِنتَاجِيَّة: پیداواری صلاحیت۔
كَفاءَ ةُ الجَيْش فی إِدَارَةِ مَعرَكَةٍ: جنگ لڑنے کی صلاحیت۔
كَفاءَ ةٌ حَربِيَّة: جنگی صلاحیت۔
كَفاءَ ةُ الطَّائِرَة: جہاز کی صلاحیت۔
الكَفَاءَ ةُ القِتالِيَّةُ العَالِيَة: اعلیٰ جنگی صلاحیت۔
كَفاءَ ةُ المُستَخدَم: ملازم کی لیاقت۔
الكَفاءَ ةُ المُمتَازَة: برتر صلاحیت۔
التَكافُؤُ بَيْنَ العُملَتَيْن: دوسکوں کے درمیان برابری۔
مُكافَأَة: پیمنٹ، الاونٹ، وظیفہ، فیس، معاوضہ، محنتانہ۔
مُكافَأَةُ أَعضاءِ مَجلس الإِدَارَة: ڈائرکٹرس فیس، انتظامی مجلس کے ذمہ داران کا الاؤنس۔
مُكافَأَةُ الخِدمَة: خدمت کا صلہ۔
مُكافَأَةٌ سَنوِيَّة: سالانہ وظیفہ۔
المُكافَأَةُ المَالِيَة: مالی انعام۔
مُكافَأَةُ مُراقِبِ الحِسَابَات: آڈیٹر فیس۔
كَفَتَ ـِ كَفتاً: پھیرنا، ہٹانا۔
كَفتٌ: موت۔
خُبزٌ كَفتٌ: روکھی روٹی۔
كَفَحَ ـَ كَفحاً و كَافَحَ العَدُوَّ: دشمن کا سامنا کرنا (۲) مقابلہ کرنا۔
كَافَحَه: لڑنا۔
كَافَحَ عَنهُ: دفاع کرنا۔
كَافَحَ الأَمرَ: کام کو خود انجام دینا۔

كِفاح، مُكافَحَة: لڑائی، مقابلہ، جدوجہد۔
كِفاحٌ مُسَلَّح: مسلح جدوجہد۔
كِفاحٌ نَام: بڑھتی ہوئی جدوجہد۔
الكِفَاحُ مِنْ اَجلِ البَقَاء: زندہ رہنے کے لئے جدوجہد۔
لَقِيتُهُ كِفَاحاً: میں اس کے رُوبرو ہوا۔
مُكافَحَةُ التَّضَخُّمِ المَالِيّ: افراطِ زر کو ختم کرنا۔
مُكافَحَةُ التَّكَتُّل: دھڑابندی ختم کرنا۔
مُكافَحَةُ الفقر: افلاس دور کرنا۔
كَفَرَ ـُ كُفراً و كَفَّرَ: چھپانا۔
كَفَرَ بِاللّٰهِ: خدا کا انکار کرنا۔
كَفَرَ بالنِّعمَة: ناشکری کرنا۔
كَفَّرَ عَن: کفارہ دینا، تدارک کرنا۔
كَفَّرَ و أَكفَرَ: کافر بنانا، کافر ٹھہرانا۔
كَفَّرَ لَهُ الذَّنبَ: گناہ معاف کرنا۔
كَفر: چھوٹی بستی ج: كُفُور۔
كُفرٌ، كُفرَان: انکارِ خدا، ناشکری۔
كَفَفٌ، كَفَافٌ: ضرورت بھر روزی، بقدرِ ضرورت، پیٹ بھر۔
كَفَفٌ (۲): بھیک۔
كَفَّ الثَّوبَ ـُ كَفّاً و كِفَافَةً: تُرپنا، بخیہ کرنا۔
كَفَّ عَنْ: باز رہنا۔
كَفَّ العَامِلُ عَنْ أَدَاءِ الوَظِيفَة: فیل ہونا۔
كَفَّهُ عَنْ: باز رکھنا، روکنا۔
كَفَّ الإِنَاءَ: لبالب بھرنا۔
كُفَّ و كُفَّ بَصَرُه: نابینا ہونا۔
تَكَفَّفَ و استَكَفَّ النَّاسَ: ہاتھ پھیلا

کر مانگنا۔
اِسْتَکَفَّ: دونوں آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا۔
کُفَّ: ٹھیرو۔
کَفٌّ: دستانہ (۲) ہتھیلی ج: أَکُفّ۔
کَفُّ الحَیوان: پنجہ۔
کِفَّة: ترازو کا پلڑا ج: کِفَف۔
کُفَّة و کِفَاف: حاشیہ، گوٹ۔
کِفَاف: دھار۔
کَفَفٌ مِنَ الرِّزْق: ضرورت بھر روزی۔
کِفَافَة: ترپائی، حاشیہ کی سلائی۔
کَفِیف، مَکْفُوفُ البَصَر: نابینا، معذور۔
کَافَّة: سب، بلا استثناء۔
کَفْکَفَ الدَّمْعَ: آنسو روکنا، بار بار آنسو پونچھنا۔
کَفْکَفَ عَنْ: باز رکھنا، روکنا۔
کَفُلَ ـُ کَفَالَةً: ضامن ہونا، کفیل ہونا، ذمہ دار ہونا۔
کَفَلَ الکَفِیلُ المُتَّهَمَ: مجرم کی ضمانت لینا۔
کَفَلَ لَهُ حِمَایَةً مُنَاسِبَةً: ضروری حفاظت کی ذمہ دار لینا۔
کَفَلَ النَّفَقَاتِ: اخراجات برداشت کرنا۔
کَفَلَ وَ کَفَّلَ عِیَالَه: پرورش کرنا، نان نفقہ کا ذمہ دار ہونا۔
کَفَّلَه و أَکْفَلَه إِیَّاهُ: ضامن بنانا، ذمہ دار بنانا۔
کَافَلَه: معاہدہ کرنا۔
تَکَفَّلَ بِشَیْئٍ: تمنا، ذمہ داری لینا۔
کَفَالَة: ضمانت، ذمہ داری، گارنٹی (۲) پرورش، اخراجات کی ذمہ داری۔
بِکَفَالَةٍ: ضمانت پر۔

أُفْرِجَ عَنْهُ بِکَفَالَةٍ: ضمانت پر رہا کیا گیا۔
کَفَالات: ضمانتیں۔
کَفِیل: ضامن، ذمہ دار، گارنٹی دینے والا ج: کُفَلاء۔
کَفِیلٌ بِکَذا: مؤثر، مفید۔
تَکَافُل: باہمی ضمانت، باہمی تعاون، مشترکہ ذمہ داری۔
مَکْفُوْل: جس کی ضمانت دی گئی ہو، گارنٹڈ (۲) جس کی پرورش اور کفالت کی جائے۔
کَفَنَ ـِ کَفْناً و کَفَّنَ: مردہ کو دبانا (۲) کفن پہنانا۔
کَفِنٌ: پھیکا، بے نمک۔
کَفَنٌ: مُردہ کا لباس ج: أَکْفَان۔
اِکْفَهَرَّ اللَّیْلُ اِکْفِهْرَاراً: رات تاریک ہونا۔
اِکْفَهَرَّ السَّحَابُ: بادل کا گہرا اور سیاہ ہونا۔
اِکْفَهَرَّ الجَوُّ: فضا ابر آلود ہونا، فضا خراب ہونا۔
اِکْفَهَرَّ الوَجْهُ: تیوری چڑھنا۔
اِکْفَهَرَّتِ السَّمَاءُ: کالی گھٹا چھانا۔
مُکْفَهِرّ: تاریک (۲) تُرش رو۔
کُفْوٌ: نظیر، مثل (۲) لائق، اہل (دیکھیے: کفأ)۔
کَفَی ـِ کِفَایَةً: کافی ہونا۔
کَفَاهُ الشَّرَّ: شر سے محفوظ رکھنا۔
کَفِیٌّ لِکَذا: اہل، لائق۔
کَافَاهُ مُکَافَاةً: بدلہ دینا۔

اِكْتَفَى بكذا: قناعت کرنا، اکتفا کرنا۔
كِـفَـايَة: بقدرِ ضرورت شے (۲) بے نیازی (۳) قناعت۔
اِكْتِفَاء: قناعت، آسودہ خاطری۔
اِكْتِفَاءُ اِقْتِصَادِيّ: معاشی خود کفالتی، معاشی بہتری۔
الاِكْتِفَاءُ الذَّاتِيّ: خود کفالت، خود کفیل ہونا۔
مُكْتَفٍ: قانع، آسودہ خاطر۔

ک .... ل

كَلَأَ ـــ كِلَاءَة: حفاظت کرنا۔
كَلَأ: گھاس ج: أَكْلَاء۔
كَلْءٌ، كِلَاءٌ، كِلَاءَة: حفاظت۔
كَلِبَ الرَّجُلُ ـــ كَلَباً و اسْتَكْلَبَ: کتے کے کاٹنے سے دیوانہ ہوا (۲) کتے کی طرح بھونکنا۔
تَكَالَبُوا عَلَى شَيْءٍ: سب لوگوں کا کسی چیز کی خواہش کرنا، حرص ہونا، ٹوٹ پڑنا۔
كَلْبٌ: کتا ج: كِلَاب۔
كَلْبَة: کتیا۔
كَلْبَتَان: (۱) زنبور، فنِ جراحی کی چمٹی۔
كَلِبٌ: لالچی۔
كُلَّابَة: دانت نکالنے کا زنبور۔
كَلَحَ ـــ كُلُوحاً و أَكْلَحَ و تَكَلَّحَ الوَجْهُ: چہرہ پر شکن پڑنا، ترش رو ہونا۔
كَالِحٌ: ترش رو۔
كَلَّسَ و تَكَلَّسَ: چونا بنانا یا بننا۔
كَـلَّـسَ البَيْتَ: چونے کا پلاسٹر کرنا (۲) چونا پھیرنا۔

كِلْسٌ: (مع) چونا۔
كِلْسِيّ: چونے کا۔
كَلْسِيُوم: (مع) کیلشیم۔
كَلِفَ الوَجْهُ ـــ كَلَفاً: چہرہ پر چھائیں پڑنا۔
كَـلِفَ بِالشيءِ: دلدادہ ہونا، فریفتہ ہونا، عاشق ہونا۔
كَـلَّـفَه بكذا: مامور کرنا، پابند بنانا (۲) مشکل کام کا حکم دینا۔
كَـلَّـفَهُ الأَمْرُ كذا مِنَ المَصَارِيفِ: لاگت آنا (هٰذَا البِنَاءُ يُكَلِّفُنَا أَلْفَ مِائَةِ رُوبِيَة)۔
تَـكَـلَّـفَ: تکلف کرنا، رسمیات اختیار کرنا۔
تَـكَـلَّـفَ الأَمْرَ: کسی کام میں صعوبت اٹھانا۔
كُـلْـفَة: صعوبت (۲) لاگت، کاسٹ ج: كُلَف۔
كُلْفَةُ الإِنْتَاجِ: پیداواری لاگت۔
كُلْفَةُ البِنَاءِ: تعمیری لاگت۔
كَلَفٌ: فریفتگی (۲) چھائیں۔
تَـكْـلِيف: پابندی (۲) حکم (۳) تکلف (۴) ذمہ داری (۵) لاگت ج: تَكَالِيف۔
تَـكَـالِيف: چارجس، اخراجات، لاگت، کاسٹ۔
تَكَالِيفُ الإِنْتَاجِ: پیداواری لاگت۔
تَـكَـالِيفُ التَشْغِيلِ اليَوْمِيَّة: روزمرہ کے کام کے اخراجات۔
التَّكَالِيفُ الثَّابِتَة: مستقل اخراجات۔

التَّكَالِيفُ الصِّناعِيَّة: صنعتی اخراجات۔
تكَالِيفُ العَمل: لیبر اخراجات۔
تكَالِيفُ غيرُ مُباشِرَة: بالواسطہ اخراجات۔
التكَالِيفُ المُتَغيِّرة: تغیر پذیر اخراجات۔
التَّكَالِيفُ المُضافَة: اضافی اخراجات۔
تكْلِفَة: کاسٹ، لاگت، خرچ۔
التَّكْلِفَةُ الاَسَاسِيَّة: اصل لاگت۔
التَّكْلِفَةُ الفِعْلِيَّة: فوری خرچ، فوری لاگت۔
تكْلِفَةُ الفُرْصَةِ البَدِيلَة: عوضی کی اجرت۔
تكْلِفَةٌ مُباشِرَة: اصل لاگت۔
مُكَلَّف: پابندِ حکم، ذمہ دار (۲) ٹیکس ادا کرنے والا۔
مُكَلَّفٌ بِاسْمِهِ أوْ عَلَى اسْمِه: کسی جائیداد کا کسی کے نام رجسٹرڈ ہونا۔
مُكَلَّفٌ بالضَّرائِب: ٹیکس کی ادائیگی جس پر واجب ہو۔
مُكَلَّفَة: (دا) زراعتی زمینوں کا رجسٹر جس پر لوگوں کے نام درج ہوں۔
كَلَّلَهُ تكْليلاً: تاج پہنانا۔
كَلَّلَ عَلَى: (دا) کسی کے ساتھ عقد کر دینا۔
كَلَّ و كَلَّ ـِ كَلًّا: کند ہونا، بے دھار ہونا۔
كَلَّ ـِ النَّظَرُ و الفَهْمُ: نگاہ اور فہم کا کمزور ہونا۔

كَلَّ: تھکنا، قویٰ مضمحل ہونا۔
اَكَلَّهُ إكْلالاً: تھکانا۔
أكَلَّ النَّظَرَ: نگاہ کو کمزور بنانا۔
تكَلَّلَ: تاج پہننا۔
تكَلَّلَ عَلَيْهَا: شادی کرنا۔
كُلٌّ: سب (۲) ہر ایک۔
كُلَّ اُسْبُوعَيْنِ: پندرہ روزہ۔
كُلَّ ثَلاثَةِ اَشْهُر: سہ ماہی۔
كُلَّ سَنَتَيْن: دوسالہ۔
كُلَّ شَهْرَيْن: دوماہی۔
كُلُّ شَيْءٍ صَحِيحٌ: سب ٹھیک۔
كُلِيَّة: (۱) عمومیت (۲) کالج ج: كُلِيَّات۔
الكُلِيَّةُ العَسْكَرِيَّة: ملٹری کالج۔
كُلِيَّةُ قُوَى الاَمْنِ الدَّاخِلِي: اندرونی حفاظتی فورس کالج۔
كُلِيَّة، بالكُلِيَّة: بالکلیہ، قطعاً، پورے طور پر۔
بِكُلِيَّتِهِ: تمام، سب کا سب۔
كَلٌّ و كَلِيلُ البَصَر: کم نگاہ، کمزور نگاہ۔
كَلٌّ و كَلِيلُ الفَهْم: کند ذہن۔
كَلٌّ، كَلِيلٌ: کند، بے دھار۔
إكْلِيل: تاج ج: أكَالِيل۔
كَلَمَ ـِ كَلْماً و كَلَّمَ: زخمی کرنا۔
كَلَّمَه و كَالَمَهُ: بات کرنا، خطاب کرنا۔
تكَلَّمَ مَعَه: بولنا، بات چیت کرنا۔
تكَلَّمَ عَلَى شَخْص: مذمت کرنا۔
تكَلَّمَ فِي: تعریف کرنا۔
تكَلَّمَ بالعَصَبِيَّة: تعصب سے بات کرنا۔
كَلْمٌ: زخم ج: كُلُوم و كِلام۔

كَلِمَة: لفظ (۲) بات (۳) مضمون، پیراگراف (۴) تقریر ج: كَلِمٌ و كَلِمَات۔
كَلِمَةٌ إذَاعِيَة: نشری تقریر۔
كَلِمَةُ الإعْجَاب: کلمہ تحسین۔
كَلِمَةُ التَّحْرِير: اداریہ، ایڈیٹوریل۔
كَلِمَةُ الشُّكْر: سپاس نامہ۔
إلْقَاءُ الكَلِمَة: تقریر کرنا۔
كَلِمَةً فَكَلِمَةً (حَرْفِيًّا): لفظ بہ لفظ۔
كَلِمَاتٌ عَوِيصَة: مشکل الفاظ۔
كَلِمَاتٌ قَاسِيَة: سخت باتیں۔
كَلَام: بات، باتیں، گفتگو، اقوال۔
كَلَامٌ رَائِع: شاندار باتیں۔
كَلَامٌ مُذْهِل: حیرت انگیز باتیں۔
كَلَامٌ فَارِغ: بے معنی باتیں، فضول باتیں۔
كَلَامٌ مُزَخْرَف: چکنی چپڑی باتیں۔
الكَلَامُ المَعْسُول: چکنی چپڑی باتیں۔
الكَلَامُ المُنَمَّق: چکنی چپڑی باتیں۔
كَلِيم، مُتَكَلِّم: مقرر، بات کرنے والا، نیابت میں گفتگو کرنے والا۔
كَلِيم، مَكْلُوم: زخمی۔
مُكَالَمَة: گفتگو، بات چیت۔
مُكَالَمَةٌ تِلِيفُونِيَّة: ٹیلیفون کال، ٹیلیفون بات چیت۔
مُكَالَمَةٌ هَاتِفِيَّة: ٹیلیفون کال۔
كَلِيَ و كُلِيَ ــ كَلًى: درد گردہ میں مبتلا ہونا۔
كُلْيَة: گردہ ج: كُلًى۔
كُلْوِيّ: گردہ کا۔
كِلَا و كِلْتَا: دونوں۔

كِلِيسِرِين: (مع) گلیسرین۔

ک .... م

كَمْ: کتنا؟ کس قدر میں (۲) بہت۔
كَمْ: کلومیٹر مخفف کلومیٹر کا۔
كَمَا: جیسا۔
كَمَا هُوَ: جوں کا توں، بحالتِ موجودہ، وہ جیسا بھی ہے۔
كَمْبِيَالَة: (رقم کا) ڈرافت، نوٹ، بل، ہنڈی، پرامیسری نوٹ۔
كَمْبِيَالَةٌ تُدْفَعُ عِنْدَ الطَّلَب: ڈیمانڈ بل۔
كَمْبِيَالَةٌ خَالِيَةٌ مِنْ إسْمِ المُسْتَفِيد: بغیر نام کا ڈرافٹ۔
كَمَتَ الغَيْظَ ـُ كَمْتًا: غصہ پینا۔
كُمَيْت: سرخ وسیاہ رنگ کا۔
كُمَّثْرَى: ناشپاتی۔
كُمَّثْرَاةٌ: ایک ناشپاتی۔
كَمَحَ ـَ كَمْحًا: لگام کھینچ کر روکنا۔
كَمَّاحَةُ القِطَار: بریک (فَرْمَلَة)۔
كُمَاخ: تکبر، غرور۔
كَامِخ: چٹنی ج: كَوَامِخ۔
كَمِدَ اللَّوْنُ ـَ كَمَدًا: رنگ کا سیاہی مائل ہونا۔
كَمِدَ الرَّجُلُ: مغموم ہونا۔
أكْمَدَهُ: مغموم بنانا۔
كُمْسَارِيّ: کنڈیکٹر، ٹکٹ دینے والا۔
كُمْسَارِيُّ القِطَارِ الحَدِيدِيّ: ریلوے گارڈ۔
كَمَشَ: دامن سمیٹنا۔
إنْكَمَاش: سکڑنا۔

اِنْكِمَاشُ الجلد و تَكَمُّشه: سلوٹیں پڑنا، سکڑنا، سمٹنا۔
الانكماشُ فی الاقْتِصَاد: اقتصادیات میں کمی۔
اِنْكِمَاشُ الطَّلَب: مانگ میں کمی، ڈیمانڈ کم ہونا۔
اِنْكِمَاشُ العُمْلَة: سکہ کے چلن میں کمی۔
الاِنْكِمَاشُ النَقْدِیّ: سکہ کی کمی۔
كَمَّاشَة: موچی کا زنبور، کیل وغیرہ نکلنے کا اوزار۔
كَمَّاشَةُ النَّجَّار: بڑھئی کا زنبور۔
كَمَعَ ـَـ كَمْعاً: کاٹنا۔
كَمُلَ ـُـ كَمَالاً: پورا ہونا، مکمل ہونا۔
كَمَّلَ ، أكْمَلَ: پورا کرنا، مکمل کرنا۔
كَمَّلَ المَسِيْرَةَ: مشن پورا کرنا۔
اِكْتَمَلَ و تَكَمَّلَ: مکمل ہونا۔
اِكْتَمَلَ حُضُورُ المَدْعُوِّيْنَ: تمام مدعووین کا آجانا۔
اِكْتَمَلَ العَدَدُ: تعداد پوری ہوجانا۔
اِكْتَمَلَتِ الصُّورَةُ عَنْ كَذَا: چہرہ سامنے آجانا، تصویر مکمل ہوجانا۔
اَسْتَكْمَلَ العَدَدَ: تعداد پوری کرنا۔
اِسْتَكْمَلَ المَسِيْرَةَ: سفر پورا کرنا، مشن پورا کرنا۔
كَمَالِيَّات: زیب و زینت کا سامان۔
كَامِل: فل، مکمل۔
كَامِلُ الصَّلاحِيَّات: مختارِ کل، با اختیارات۔
تَكَامُل: یکجہتی، ہم آہنگی۔
التَّكَامُلُ الاقْتِصَادِیّ: اقتصادی یکجہتی۔
تَكَامُلٌ إِقْلِيمِیّ: صوبائی یکجہتی۔
تَكَامُلٌ سِيَاسِیّ: سیاسی یکجہتی
تَكَامُلٌ كَامِل: مکمل یکجہتی۔
مُتَكَامِل: ہمہ جہتی۔
مُتَكَامِلُ الابْعَاد: ہمہ جہتی۔
كَمَّمَ و كَمَّ ـُـ كَمّاً: منھ بند کرنا، جانور کے منھ پر جالی لگانا۔
كَمَّمَ و اَكَمَّ القَمِيصَ: آستین لگانا۔
كَمَّ ـُـ كَمّاً: چھپانا، ڈھانپنا۔
كَمٌّ ، كَمِّيَّةٌ: مقدار۔
كَمِّیٌّ: مقدار والا۔
كُمٌّ: آستین ج: اَكْمَامٌ و كِمَعَة۔
كِمٌّ: غلافِ شگوفہ، کلی کے اوپر کی جھلی ج: أكْمَام و اَكِمَّة۔
كُمَّةُ المِصْبَاح: لمپ شیڈ۔
كِمَامُ الفَم ، كِمَامَة: منھ بند۔
كِمَامُ و كِمَامَةُ الوِقَايَةِ مِنَ الغَازَاتِ السَّامَّة: چہرہ پوش، گیس ماسک۔
كَمِنَ ـَـ كُمُوناً: پوشیدہ ہونا۔
كَمِيْن ، كَامِن: پوشیدہ۔
كَمِيْن ، مَكْمَن: کمین گاہ، چھپنے کی جگہ۔
قُوَّةٌ كَامِنَة: مستور طاقت۔
كَمَنْجَة: سارنگی۔
كَمَهٌ: کور چشمی، اندھاپن۔
اَكْمَهُ: کور چشم، اندھا۔

ک..........ن

كَنَبَة: صوفہ، تکیہ دار کرسی (دا)۔
الكِنْتَال: (مع) کوئنٹل۔
كَنَدَ ـُـ كُنُوداً: ناشکری کرنا۔

کَنُود: ناشکرا، ناسپاس۔
کَنَدا: کینڈا۔
کَنَدِیّ: کینڈا کا رہنے والا۔
کَنَزَ ـــ کَنْزاً: جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، زمین میں مال دبانا۔
کَنْزٌ: مدفون خزانہ ج: کُنُوز۔
کَنَسَ ـــ کَنْساً: جھاڑو دینا۔
الکَنْسُ والتَّنْظِیْفُ: آرائشِ بلدہ۔
کَنَّاس: جاروب کش۔
کُنَاسَة: کوڑا کرکٹ۔
کَنِیْسُ الیَهُود: یہود کا عبادت خانہ۔
کَنِیْسَة: گرجا، یہود ونصاریٰ کا عبادت خانہ ج: کَنَائِسُ۔
الکنیست: اسرائیلی پارلیمنٹ۔
مِکْنَسَة: جھاڑو ج: مَکَانِسُ۔
کَنَفَ ـــ کَنْفاً: حفاظت کرنا۔
کَنَفَ، کَانَفَ، اَکْنَفَ: مدد دینا۔
اِکْتَنَفَ الشئَ: احاطہ کرنا، گھیرنا۔
کَنَفٌ: جانب، کارہ (۲) پہلو، بازو (۳) حفاظت، حمایت (۴) گود (۵) سایہ ج: اَکْنَاف۔
کَنِیْف: جانوروں کا باڑا (۲) پاخانہ، بیت الخلا ج: کُنُف۔
کَنَّ و کَنَّ ـــ کَنّاً و اَکَنَّ: چھپانا۔
اِسْتَکَنَّ و اکْتَنَّ: پوشیدہ ہونا۔
کِنٌّ: گھونسلا (۲) گھر ج: اَکْنَان۔
کَنَّة: بہو (۲) بھاوج ج: کَنَائِنُ۔
کُنَّةُ البَاب: دروازہ کا گھونگھٹ۔
کُنَّة، کِنَّة: پردہ۔

کَانُون: چولہا، اسٹوو ج: کَوَانِیْن۔
کَانُونُ الاَوَّلُ: ماہِ دسمبر۔
کَانُونُ الثَّانِی: جنوری۔
کُنْهٌ: خلاصہ (۲) حقیقت، اصل (۳) اصلیت (۴) صفت (۵) تہہ۔
اَدْرَکَ کُنْهَ الشئِ: حقیقت کو پالینا۔
اِکْتَنَهَ الامْرَ: معاملہ کی تہہ کو پہنچنا۔
کَنَی ـــ کِنَایَةً عَنْ کَذا: کنایہ کرنا، ایک لفظ بول کر اس کا غیر مدلول مراد لینا، اشارہ کرنا۔
کَنَاهُ بکذا ـــ کُنْیَةً: کنیت دینا، لقب دینا۔

ک .... ہ

کَهْرَبَة: کسی جگہ بجلی پہنچانا، بجلی کا بنانا، برقانا۔
کَهْرَبَةُ الرِّیْف: دیہات میں بجلی پہنچانا۔
کَهْرَبَةُ سِکَّةٍ حَدِیْدِیَّة: ریلوے لائن کو بجلی والا بنانا۔
تَکَهْرُب: بجلی جیسا ہونا، بجلی دار ہونا۔
کَهْرَبٌ، کُهَیْرِب: برقی شعاع، الکٹران۔
کَهْرَبَاء، کَهْرَبِیَّة: بجلی، برق، الیکٹرک۔
طَلَی بِالکَهْرَبَاءِ: برقی رو سے چاندی چڑھانا۔
کَهْرَبِیّ، کَهْرَبَائِیّ: برقی، بجلی کا (۲) برقی کام کرنے والا، الیکٹرانک۔
إعْدَامٌ کَهْرَبِیّ: برقی ذریعہ سے ہلاک کرنے کا عمل۔
جَرَسٌ کَهْرَبِیّ: برقی گھنٹی۔
دَافِعٌ کَهْرَبِیّ: برقی رو۔
مُحَرِّکٌ کَهْرَبِیّ: برقی موٹر۔
عِلَاجٌ کَهْرَبِیّ: برقی علاج۔

كَاشِفٌ كَهْرَبِيّ: برق نما۔
سَالِبٌ كَهْرَبِيّ: منفی برق سے متعلق۔
مُوجِبٌ كَهْرَبِيّ: مثبت برق سے متعلق۔
مُوَلِّدٌ كَهْرَبِيّ: بجلی بنانے کی مشین۔
مُكَهْرَب: برقایا ہوا، بجلی کا بنایا ہوا۔
كَهْف: غار، کھوہ ج: كُهُوف۔
كَهَلَ ـــ كُهُولاً و كَهُلَ ـــ كُهُولَةً و اكْتَهَلَ: ادھیڑ ہوا، تیس اور پچاس سال کے درمیان ہونا۔
كَهْلٌ: درمیانی عمر کا، ادھیڑ عمر ج: كُهُول۔
كُهُولَة: میانہ عمری، ادھیڑ عمری۔
كَاهِلٌ: پیٹھ کا بالائی ج: كَوَاهِل۔
كَهَنَ ـــ كَهَانَةً و تَكَهَّنَ: اٹکل سے آئندہ کی خبریں دینا۔
كَهُنَ كَهَانَةً: کاہن بننا۔
كِهَانَة: کاہن کا پیشہ (۲) غیب دانی (۳) نجومی کا پیشہ۔
كِهَانَة، كَهَنُوت: پروہتائی، عیسائی، ملاّ گری۔
كَاهِن: پروہت (۲) پادری (۳) پجاری (۴) مذہبی پیشوا ج: كَهَنَة۔
كَاهِنٌ هِنْدُوكِيّ: گرو، ہندو مذہب کا پیشوا۔
كَاهِن، مُتَكَهِّن: پیش گوئی کرنے والا نجومی، جوتشی۔
كُهْنَة: پرانا، ناقابلِ مرمت (۲) پھٹے پرانے کپڑے، چیتھڑے۔

ک.........و

كَوَالِينِيّ: (دا) قفل ساز۔

كُوب: کپ، پیالہ، پیالی، آبخورہ، گلاس ج: أكْوَاب۔
كُوبْرِيّ: پُل ج: كَبَارِي۔
الكُوبْرِيُّ الجَوِّيّ: فضائی پل۔
كُوبُون: (قَسِيمَة) کوپن۔
كُوت: سلیپر ج: أكْوَات۔
كَوْثَر: خیر کثیر (۲) جنت کی ایک نہر۔
كُوخ: جھونپڑی (۲) معمولی مکان ج: أكْوَاخ۔
كَاخِيَة: گورنر کا سکریٹری۔
كَوَّدَ: ڈھیر لگانا۔
كَوْدَة: ڈھیر ج: أكْوَاد۔
كُود: کوڈ۔
رَقْمُ الكُود: کوڈ نمبر۔
كَادَ ـــ كَوْداً: قریب ہونا۔
مَا كَادَ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے بھی نہ پایا تھا۔
كَوَّرَ العِمَامَةَ تَكْوِيراً: عمامہ کو سر پر لپیٹنا، پیچ دینا۔
كَوْرٌ: عمامہ کا ایک چکر، پھیر ج: أكْوَار۔
كُورُ الحَدَّاد: لوہار کی بھٹی ج: أكْوَار و كِيرَان۔
كُور: اونٹ کا کجاوہ أكْوُر۔
كُور: (دا)، كِيرٌ: دھونکنی۔
كُورَة: صوبہ (۲) ضلع (۳) چھوٹا قصبہ ج: كُوَر۔
كُورَة (دا): (كُرَة) گولا، گیند۔
مِكْوَرَة: عمامہ، پگڑی۔
كُورَنْتِينَا: (مع) قرنطینہ، وبا کی وجہ سے کی

مقام پر روکنا۔
كُوز: مگ، ڈونگا، ڈنڈی دار پیالہ ج: أكْوَاز۔
كُوسٌ: مثلث پیمانہ (۲) بڑھئی کا پیمانہ ج: كُوسَان۔
كُوفِيَّة: سر کو لپیٹنے کا رومال۔
كَوْكَب: ستارہ ج: كَوَاكِب۔
كَوْكَب: صدر، بڑا آدمی۔
كَوْكَبُ الأرْض: چمکدار پتھر۔
كَوْكَبَة: جماعت، لوگوں کی ٹکڑی (۲) ستاروں کا مجموعہ۔
كَوْكَبِيّ: ستاروں کا (۲) عالمی۔
كُولُمْبُس: امریکہ کی دریافت کرنے والا۔
كَوَّمَ تكْوِيماً: ڈھیر لگانا، جمع کرنا۔
تَكَوَّمَ: ڈھیر لگنا۔
كُومَة: ڈھیر ج: كُوَم و أكْوَام۔
كُومٌ مِنَ النُّقُود: روپوں کا ڈھیر۔
كَوَامِخ ج: كَوَامِخُ: اچار، چٹنی۔
كُومَنْوِيلْث (رَابِطَةُ الشُّعُوب): کومنویلتھ۔
كَوَّنَ تَكْوِيناً: بنانا، وجود میں لانا۔
كَوَّنَ مِنْ كذا: مرکب بنانا۔
كَوَّنَ الحِزْبَ: پارٹی بنانا۔
كَوَّنَ الرَّأيَ فی كذا: رائے بنانا، ذہن بنانا۔
كَوَّنَ شَرِكَةً: کمپنی بنانا۔
كَوَّنَ كُتْلَةً إسْلامِيَّةً: اسلامی بلاک بنانا۔
كَوَّنَ مُنَظَّمَةً: تنظیم قائم کرنا۔
تَكَوَّنَ مِنْ: مرکب بنانا، مرکب ہونا۔
اِسْتَكَانَ: عاجز و ذلیل ہونا۔

كَانَ ـُ كَوْناً: ہونا، پیدا ہونا۔
كَانَ: وہ تھا۔
أيُّ مَن كَانَ: جو بھی تھا، جو بھی ہو۔
كَمَا لَوْ كَانُوا هُنَا: جیسے کہ جب وہ یہاں ہوتے۔
كَوْن، كِيَان، كَيْنُونَة: وجود، ہستی، ذات۔
كَوْن: حالت۔
الكَوْنُ: عالم وجود، کائنات۔
كَوْنِيّ: عالمی، کائناتی۔
كِيَان: (۲) فطرت، طبیعت، ڈھانچہ۔
الكِيَانُ الاقْتِصَادِيّ: اقتصادی ڈھانچہ۔
كِيَانٌ صِنَاعِيّ: صنعتی ڈھانچہ۔
كِيَانٌ قَانُونِيّ: قانونی وجود۔
كِيَانٌ مُتَمَيِّز: مستقل وجود۔
كِيَانٌ مُسْتَقِلٌّ: مستقل ہستی۔
كِيَانٌ مُنْفَصِل: جداگانہ وجود۔
كِيَانٌ وَطَنِيّ: قومی وجود۔
كَائِن: موجود (۲) پیدا ہونے والا۔
كَائِنٌ حَيٌّ: مخلوق، زندہ وجود۔
الكَائِنَات: موجودات۔
مَكَان ج: أمْكِنَة: جگہ (۲) موقع (۳) وہ جگہ جسے کوئی شے گھیرے ہوئے ہو (۴) پوسٹ، حیثیت، مرتبہ (۵) گنجائش (لَيْسَ لَهُ مَكَانٌ فِی البَيْت)۔
مَكَانُ أخْذِ الأصْوَات: پولنگ بوتھ۔
مَكَانُ تَقَاطُعِ الطُّرُق: چوراہا، کراسنگ لیول۔
مَكَانُ الحَادِث: جائے واردات۔

مَكَانُ الصَّحَفِيِّين: پریس گیلری۔
مَكَانٌ لِتَرْبِيَةِ الحَيَوَان: فارم۔
مَكَانٌ لِوُقُوفِ المَرْكَبَات: پارکنگ کی جگہ۔
مَكَانٌ مُخَصَّصٌ للإعْلَان: اشتہار کی جگہ۔
المَكَانُ المَرْمُوق: نمایاں پوزیشن۔
مَكَانٌ مُوحِش: وحشت ناک جگہ۔
مَكَانُ المِيلَاد أو المَوْلِد: جائے پیدائش۔
مَكَانَة: جگہ (۲) پوزیشن، رُتبہ، اثرو رسوخ۔
مَكَانَةٌ دُوَلِيَّة: بین الاقوامی پوزیشن۔
مَكَانَكُم: ٹھیرو، اپنی جگہ رہو۔
كُوَّة: روشندان، کھڑکی ج: كُوًى و كُوَّات۔
كَوَى ــِ كَيًّا: لوہے سے داغ دینا (۲) آگ سے جلانا (۳) ڈنک مارنا۔
كَوَى المَلَابِسَ: کپڑوں پر استری کرنا۔
اِكْتَوَى بالنَّار: آگ میں جلنا، داغ لگنا۔
كَيٌّ: داغ، جلن۔
كَاوٍ: جلانے والا، داغ دینے والا۔
بُوتَاسَا كَاوِيَة: (مع) کاسٹک پوٹاش۔
صُودَا كَاوِيَة: (مع) سوڈا کاسٹک۔
كَوَّاءُ المَلَابِس: استری کرنے والا۔
مِكْوَاة: استری ج: مَكَاوٍ۔
مَكْوِيّ: داغ دیا ہوا (۲) استری شدہ۔

ک .... ی

كَيْ: تاکہ۔
كَيْد: دھوکہ، مکر۔
كَادَ ــِ كَيْدًا: مکر کرنا، دھوکہ کرنا۔
كَادَلَهُ: چال چلنا، خفیہ تدبیر کرنا۔
مَكِيدَة: چال ج: مَكَائِد۔
كِيرُ الحَدَّاد: لوہار کی دھونکنی۔
كَيْس، كِيَاسَة: عقل (۲) ذکاوت، ہوشیاری۔
كِيَاسَة (بالمَعْنَى السَّيِّئ): نزاکت، عیاری، بڑا پتا ہوتے ہوئے چھوٹے پتے سے جیتنے کی ترکیب۔
كِيسٌ: تھیلا (۲) بوری (۳) بیگ (۴) بٹوا، پاکٹ ج: أكْيَاس۔
كِيسُ الوِسَادَة: تکیہ کا غلاف۔
كِيسُ الثَّلْج: آئس بیگ۔
كِيسُ الدَّرَاهِم: پرس۔
كِيسُ الغَاز: گیس بیگ۔
كِيسٌ لِلإرْسَالِيَّات: میل بیگ۔
كِيسُ نُقُود: منی بیگ۔
كَيِّسٌ: ہوشیار، سمجھدار، عقل مند۔
كَيَّفَ تَكْيِيفًا: مخصوص کیفیت قائم کرنا، کیفیت مقرر کرنا (۲) شکل دینا۔
كَيَّفَ الحُجْرَةَ بالهَوَاء: کمرہ کو ایر کنڈیشن بنانا۔
كَيَّفَ السِّيَاسَةَ: سیاست کو رخ دینا۔
كَيَّفَ النَّفْسَ بكذا: خود کو کسی چیز کے مطابق بنانا۔
كَيَّفَهُ مَعَ كذا: ہم آہنگ بنانا۔
تَكَيَّفَ: کیفیت اختیار کرنا۔
تَكَيَّفَ بالهَوَاء: ایر کنڈیشن ہونا۔
كَيْفَ: کیسا، کیوں کر۔
كَيْفٌ: حالت، کیفیت، مزاج۔

كَيْفَمَا كَانَ: کسی طرح، خواہ کسی طرح، کسی طرح بھی (۲) جیسا بھی ہو۔
كَيْفِيَّة: حالت (۲) صورت (۳) صفت ج: كَيْفِيَّات۔
تَكْيِيفُ الْهَوَاء: ایرکنڈیشنگ۔
مُكَيَّفٌ بِالْهَوَاء: ایرکنڈیشن۔
كَيَّلَ تَكْيِيلاً و كَالَ ـِ كَيْلاً: ناپنا، پیمانہ سے وزن کرنا۔
كَايَلَهُ مُكَايَلَةً: ترکی بہ ترکی جواب دینا، برابر کا معاملہ کرنا۔
كَيْلٌ: ناپ۔
مِكْيَال: پیمانہ ج: مَكَايِيْلُ۔

كِيلُوجرَام أو غِرَام: کلوگرام، ایک ہزار گرام۔
كِيلُوفُولت: کلووولٹ (۱۰۰۰وولٹ)۔
كِيلُولِتْر: کلولیٹر (۱۰۰۰لیٹر)۔
كِيلُومِتْر: (كِيلُو مِتْرَات) کلومیٹر (۱۰۰۰ میٹر)۔
كِيلُو وَات: کلوواٹ (۱۰۰۰واٹ)۔
كِيمِيَائِيّ: دوافروش (۲) کیمیادان۔
كِيمِيَا: کیمسٹری، خاصیاتِ اشیا کا علم (۲) معادن کو سونے میں تبدیل کرنے کی کوشش۔
كِينَا، كِينِين: (مع) کونین، بخار کی دوا۔

ل: برائے (۲) نزد۔

ل..........أ

لَأْلَأَ ، تَلَأْلَأَ: چمکنا۔
لَأْلَأَ بِلِسَانِهِ: ہانپنا۔
لَأْلَاء: موتی فروش۔
لُؤْلُؤ: موتی ج: لَآلِي و : لُؤْلُؤَة۔
لَأَمَ ـَ لَأْماً: زخم پر پٹی باندھنا۔
لَأَمَ ، لَاءَمَ: درست کرنا (۲) مرمت کرنا۔
لَاءَمَ بَيْنَهُمْ: مصالحت کرانا۔
لَاءَمَ بَيْنَ الأَمْرَيْن: دوباتوں میں تطبیق کرنا۔
لَاءَمَـهُ مُلَاءَمَةً: موافق ہونا، راس آنا، فِٹ ہونا۔
لَاءَمَهُ جَوُّ بَلَدٍ: آب وہوا راس آنا۔
لَـؤُمَ ـُ لُؤْماً و لَآمَةً: کمینہ ہونا، کم درجہ ہونا، تنگ ظرف ہونا، بخیل ہوا۔
اِلْتَـأَمَ: درست ہونا (۲) جُڑنا، ملنا (۳) متفق ہونا (۴) زخم بھرنا (۵) لوگوں کا اکٹھا ہونا (٦) مجلس منعقد ہونا۔
اِلْتِئَامُ المَجْلِسِ: مجلس کا انعقاد۔
تَـلَاءَمَ مع: جوڑ لگنا، میل کھانا۔
تَـلَاؤُم: اتحاد، اتفاق، صلح وآشتی۔

لُؤْم: گھٹیا پن (۲) بخیل (۳) تنگ ظرفی۔
لَئِيم: تنگ ظرف (۲) خسیس (۳) کمینہ (۴) دھوکہ باز ج: لِئَام۔
مُلَائِم: مناسب، موزوں، رائٹ، فٹ۔
لَا: (حرفِ نفی (۲) حرفِ نہی) نہیں۔
لَا إِرَادِيّ: غیر ارادی۔
لَا سِلْكِيّ: بے تار برقی، وائرلیس۔
رِسَالَةٌ لَا سِلْكِيَّة: وائرلیس پیغام۔
لَا يَلِينُ: بے رحم۔
لَا يَهْدَأُ: غیر منقطع۔

ل..........ب

لِبَـأ: کھیس، بیاہی بھینس وگائے کا کیلوں دار دودھ، پیوسی ج: أَلْبَاء۔
لَبَاة ، لَبُوَة: شیرنی ج: لَبَات و لَبُوَات۔
لَبَّبَ الجَوْزُ و اللَّوْزُ: بادام یا اخروٹ میں گری پڑنا، مغز پیدا ہونا۔
لَبَّ الجَوْزَةَ ـُ لَبّاً: اخروٹ توڑ کر گری نکالنا۔
لَبَّ بالمَكَانِ ـُ لَبّاً: قیام کرنا۔
لَبَّ ـَ لَبِباً و لَبَابَةً: دانشمند ہونا۔
لُبّ ، لُبَاب: ہر چیز کا خالص حصہ، گری، مغز، جوہر، خلاصہ۔

لُبُّ الثَّمَر: گودا۔
لُبُّ الخُبز: روٹی کا بیچ کا حصہ۔
لُبُّ الوَرَق: وہ خمیر شدہ مادہ جس سے کاغذ تیار کیا جائے۔
لُبٌّ: عقل (۲) دل ج: اَلْبَاب۔
لَبِیْب: عقل مند، دانش مند ج: اَلِبَّاء۔
تَلْبِیْب: طوق، گریبان ج: تَلَابِیْبُ۔
اَخَذَ بِتَلَابِیْبِہ: گریبان پکڑنا۔
لَبَّیْکَ: میں حاضر ہوں، میں آپ کی خدمت کے لئے تیار ہوں۔
لَبِثَ ــ لُبْثاً و تَلَبَّثَ: ٹھیرنا، قیام کرنا۔
مَا لَبِثَ أَنْ فَعَلَ کَذَا: اس نے بلا تاخیر ایسا کیا۔
تَلَبَّثَ: توقف کرنا۔
لُبْثَة: تھوڑا توقف۔
لَبَخَ ــ لَبْخاً: مارنا۔
لَبْخَة: پولٹس (وَضِیْعَةٌ سَاخِنَة)۔
لَبَدَ ــ لُبُوداً: قیام کرنا، کسی جگہ سے چمٹ جانا، الگ نہ ہونا۔
لَبَدَ ــ لَبْداً و لَبَّدَ الصُّوفَ: اُون کا نمدہ بنانا۔
تَلَبَّدَتِ السَّمَاءُ بِالغُیُوم: آسمان پر بادل چھانا، ابر آلود ہونا۔
لِبْد، لَبَدٌ: اون کا نمدہ۔
لُبْدَةُ الاَسَد: شیر کی گردن کے بال ج: لِبَد و اَلْبَاد۔
لَبَّاد: نمدہ ساز۔
لَبَسَ عَلَیْهِ الاَمْرَ ــ لَبْساً: خلط ملط کرنا، مشتبہ بنانا۔
لَبِسَ ــ لُبْساً: پہننا۔

لَبَّسَ عَلَیْهِ الاَمْرَ: مشتبہ بنانا۔
لَبَّسَ تَلْبِیْساً: عیب چھپانا، دھوکہ دینا۔
لَابَسَهُ مُلَابَسَةً: میل جول کرنا۔
تَلَبَّسَ و الْتَبَسَ عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔
لِبَاس: پوشاک ج: اَلْبِسَة۔
لِبَاسٌ رَسْمِیّ: یونیفارم، خاص لباس، قانونی لباس۔
اللِّبَاسُ التَّامّ: فل ڈریس۔
اَلْبِسَةٌ جَاهِزَة: سلے ہوئے کپڑے۔
اِلْتِبَاس: ابہام، اشتباہ۔
مَلْبَس: لباس، پہننے کا کپڑا ج: مَلَابِسُ۔
مَلَابِسُ تَحْتَانِیَة: نیچے پہننے کے کپڑے۔
مَلَابِسُ جَاهِزَة: تیار شدہ کپڑے۔
المَلَابِسُ الرِّجَالِیَّة: مردانہ کپڑے۔
المَلَابِسُ المَدَنِیَّة: سول ڈریس، شہری لباس۔
المُلَابَسَات: متعلقات، حالات، احوال۔
مُلَابَسَاتُ الشَّیْئ: متعلقات، کوائف۔
مُلَبَّس: (۱) شکر وغیرہ چڑھایا ہوا جیسے بادام پر چڑھائی جاتی ہے۔
مَلْبُوسٌ بِالجِنّ: آسیب زدہ۔
مُلْتَبِسٌ: مبہم، غیر واضح، مشتبہ۔
مُلْتَبِسٌ بِالجَرِیْمَة: جرم میں ملوث۔
مُتَلَبِّسٌ بِالجَرِیْمَة: جرم میں ملوث۔
لَبِقَ ــ لَبَاقَة: خوش طبع ہونا (۲) ماہر ہونا۔
لَبِقَ بِه: لائق ہونا، مطابق ہونا۔
لَبِق: لائق، مطابق۔
لَبِقٌ و لَبِق: خوش طبع، چرب لسان (۲) ہوشیار،

ماہر۔
لَبِق ، لَبَاقَة: لیاقت (۲) مہارت، چالاکی۔
لَبَاقَة: خوش اسلوبی، خوش مذاقی، ظرافت۔
لَبَّنَ تَلْبِيناً: اینٹ بنانا۔
اِلْتَبَنَ: (بچہ کا) دودھ پینا۔
لَبِنَ ـَ لَبَناً: دودھ والا ہونا۔
لَبَنٌ: دودھ (۲) شیرہ بادام وغیرہ ج: أَلْبَان۔
___ عُلَبٍ: ڈبوں کا بند دودھ۔
___ حَامِضٌ: کھٹا دودھ۔
___ رَائِبٌ: دہی۔
___ الخَضّ (خَبِيط): چھاچھ۔
اللَّبَنُ الزَّبَادِيّ: دہی۔
لَبَنٌ مَثْلُوجٌ: آئس کریم۔
إِبْرِيقُ اللَّبَن: دودھ دان۔
مِسْمَارُ اللَّبَن: کھیس (دا)۔
سِنُّ اللَّبَن: دودھ کے (بچپن کے) دانت۔
مِيزَانُ اللَّبَن: شیر پیا، دودھ کسوٹی۔
اَبْيَضُ كَاللَّبَن: سفید دودھ سا۔
لِبْن ، لَبِن: خام اینٹ و: لَبِنَة۔
الحَامِضُ اللَّبَنِيّ: لبنی ترشہ۔
لِبَان: شیر خواری۔
لَبَّان: اینٹیں بنانے والا (۲) دودھ فروش۔
لِبَانَة: دودھ کی ڈیری، دودھ مکھن وغیرہ کی دکان۔
لُبَانَة: حاجت، ضرورت۔
قَضَى لُبَانَتَه: حاجت پوری کرنا۔
لَبِنَة ، لَبُون ، لَبُونَة: دودھ دینے والا جانور ج: لِبَان۔
مِلْبَن: دودھ صاف کرنے کی چھلنی (۲) اینٹ کا سانچہ۔
مَلْبَنَة: دودھ کی ڈیری، کارخانہ۔
مِلْبَنَة: چمچہ۔
لَبُوَة: شیرنی ج: لَبَوَات۔
لَبَّى تَلْبِيَةً: جواب دینا، لبیک کہنا، فرمائش یا درخواست کو پورا کرنا۔
___ الحَاجَاتِ: ضرورتیں پوری کرنا۔
___ المُتَطَلَّبَات: مقتضیات کو پورا کرنا۔
___ المُطَالَبَاتِ: مطالبات کو پورا کرنا۔
___ لِلدَّعْوَة: دعوت پر لبیک کہنا۔

ل............ت

لَتَّ ـُ لَتّاً: چورہ کرنا، پیسنا۔
لَتَّ الدَّقِيقَ: آٹے میں پانی یا گھی ملانا۔
لَتَّ العَجِينَ: (دا) آٹا گوندھنا۔
لِتْر: لیٹر ج: لِتْرَات۔

ل............ث

لَثِغَ ـَ لَثَغاً: ہکلا ہونا۔
لَثَغ ، لُثْغَة: ہکلا پن۔
اَلْثَغ: ہکلا، توتلا ج: لُثْغ۔
لَثَمَ ـِ لَثْماً: بوسہ دینا، چومنا۔
لَثَمَ و لَثَّمَ و اِلْتَثَمَ و تَلَثَّمَ بِكَذا: چہرہ ڈھانکنا، ڈھاٹا باندھنا، نقاب اوڑھنا۔
لَثَمَتِ المَرْأَةُ: گھونگھٹ کرنا۔
لَثْمَة: بوسہ۔
لِثَام: ڈھاٹا، وہ کپڑا جو ناک اور سر کے اردگرد لپیٹا جائے (۲) نقاب، آنچل، گھونگھٹ ج: اَلْثِمَة۔
أَزَاحَ اللِّثَام: نقاب ہٹانا، پردہ اٹھانا۔
مُلَثَّم ، مُتَلَثِّم ، مُلْتَثِم: نقاب پوش۔
لِثَةُ الأَسْنَان: مسوڑھا ج: لِثَات و لِثًى۔

ل .... ج

لَجَأَ ۔ لَجأ و لُجوءً و اِلتَجأ إلی: پناہ لینا (۲) سہارا لینا (۳) مجبور ہونا۔

لَجأ إلی القَضاء: مقدمہ دائر کرنا۔

لَجأ إلی التَّسوِیَۃِ السِّلمِیَّۃ: پُرامن تصفیہ کی راہ پر چلنا۔

لَجأ المُتظاھِرُونَ إلی العُنف: مظاہرین کا تشدد اختیار کرنا۔

اِلتَجأ إلی النَّاس: اپیل کرنا (۲) پناہ لینا۔

لَجَّأہ و اَلجَأہ إلی: مجبور کرنا۔

اَلجَأہُ: پناہ دینا۔

اَلجَأ الأمرَ إلی اللہ: معاملہ خدا کے سپرد کرنا۔

اِلتِجاءٌ سِیاسِیٌّ: سیاسی پناہ۔

لاجِئٌ: پناہ گزین ج: لاجِئُون۔

مَلجَأ: پناہ گاہ، کیمپ ج: مَلاجِئ۔

مَلجَأ الأیتام: یتیم خانہ۔

مَلجَأ العُمیان: اندھوں کی پرورش گاہ۔

لَجَجٌ ، لَجاجٌ ، لَجاجَۃٌ: سخت اصرار، چم چچڑ پن۔

لَجَّ فی الخُصُومَۃ ۔ لَجَجاً: دشمنی میں لگے رہنا، پیچھے پڑنا۔

لَجَّ فی الأمر: ثابت قدم رہنا۔

لَجَّ علی: ضد کرنا، اصرار کرنا۔

لَجُوج ، لاجٌّ: چم چچڑ، چٹو، ضدی۔

لَجَمَ ۔ لَجماً: سینا۔

اَلجَمَ و لَجَّمَ الدَّابَّۃَ: لگام ڈالنا۔

لِجام: لگام ج: اَلجِمَۃ۔

مُلجَّم ، مَلجُوم: لگام لگا ہوا۔

لَجِنَ بہ ۔ لَجناً: چمٹنا۔

لَجنَۃ: کمیٹی (۲) بورڈ (۳) کمیشن ج: لِجان۔

لَجنَۃُ اتِّصال: رابطہ کمیٹی۔

لَجنَۃُ اختیارِ اَفرادِ الخِدمَۃِ المَدَنِیَّۃ: سِوِل سروس چناؤ بورڈ۔

لَجنَۃُ الاِدارۃ: انتظامی کمیٹی۔

لَجنَۃُ اَرکانِ الحَربِ: ملٹری اسٹاف کمیٹی۔

لَجنَۃٌ اِستِشارِیَّۃ: مشیر کمیٹی، صلاح کار کمیٹی۔

لَجنَۃُ اِستِقبال: استقبالیہ کمیٹی۔

لَجنَۃُ الاِشرافِ العَسکَرِیَّۃ: فوجی نگراں کمیٹی۔

لَجنَۃُ اَعمال: تیاری کمیٹی۔

لَجنَۃُ الاِغاثَۃ: امداد کمیٹی، ریلیف کمیٹی۔

لَجنَۃُ الاِقتِراحات: سلیکشن کمیٹی۔

لَجنَۃُ الاِقطاع: جاگیرداری کمیشن۔

اللَّجنَۃُ الاِقلِیمِیَّۃ: ریجنل کمیٹی۔

لَجنَۃُ الاِمتیازات: مراعات کمیٹی۔

لَجنَۃُ اِنتِخابِیَّۃ: الیکشن کمیٹی، انتخابی کمیٹی۔

لَجنَۃُ الاِسعاف: ریلیف کمیٹی۔

لَجنَۃٌ تابِعَۃ: سب کمیٹی، ماتحت کمیٹی۔

لَجنَۃُ تَحرِیر: ادارتی کمیٹی۔

لَجنَۃُ تَحضِیرِ جَدوَلِ الاَعمال: ایجنڈا کمیٹی۔

لَجنَۃٌ تَحضِیرِیَّۃ: تیاری کمیٹی، استقبالیہ کمیٹی، مجلسِ استقبالیہ۔

لَجنَۃُ تَحقِیقٍ فی کذا: تحقیقاتی کمیٹی، انکوائری کمیٹی۔

لَجنَۃُ التَّرشِیحات: نامزدگی کمیٹی۔

لَجنَةُ تَصفِيَةِ الاِقطَاع: خاتمہ زمینداری کمیشن۔
لَجنَةُ التَّنسِيق: یکجہتی کمیٹی، ترتیب کمیٹی۔
لَجنَةُ تَنظِيم: تنظیمی کمیٹی۔
لَجنَةُ تَنفِيذِيَة: انتظامی کمیٹی، مجلسِ عاملہ، ایگزیکٹو کمیٹی۔
لَجنَةُ التَّوجِيه: رہنما کمیٹی۔
لَجنَةُ التَّوعِيَةِ الاِسلَامِيَّة: راہنما اسلامی کمیٹی۔
اللَّجنَةُ الثَّقَافِيَة: کلچرل کمیٹی۔
لَجنَةٌ خَاصَّة: اسپیشل کمیٹی، ایڈہاک کمیٹی۔
لَجنَةٌ دَائِمَة: مستقل کمیٹی، اسٹینڈنگ کمیٹی، مجلس قائمہ۔
اللَّجنَةُ الدُّستُورِيَة: دستوری کمیٹی۔
لَجنَةُ الصِّيَاغَة: مجلسِ مضامی، ڈرافٹنگ کمیٹی۔
لَجنَةُ الضِّيَافَة: ضیافت کمیٹی۔
لَجنَةُ الطَّاقَةِ الذَّرِّيَة: ایٹمی توانائی کمیشن۔
لَجنَةٌ عَادِيَّة: معمولی کمیٹی۔
لَجنَةٌ عَامِلَة: ورکنگ کمیٹی۔
لَجنَةُ العَلَاقَاتِ الخَارِجِيَّة: کمیٹی برائے تعلقاتِ خارجہ، خارجی تعلقات کی کمیٹی۔
لَجنَةُ العَمَل: تیاری کمیٹی، ایکشن کمیٹی۔
لَجنَةُ العَمَلِ الشَّعبِيّ: عوامی ایکشن کمیٹی، عوامی مجلسِ عمل۔
لَجنَةُ فَحص: جانچ کمیٹی، جانچ کمیشن۔
لَجنَةُ فَحصِ اَوراقِ الاعتِمَاد: اسنادِ سفارت کی جانچ کمیٹی۔
لَجنَةٌ فَرعِيَّة: سب کمیٹی، ذیلی کمیٹی۔

لَجنَةُ القَبُول: داخلہ کمیٹی۔
لَجنَةٌ لِبَحثِ مَوضُوعٍ مُعَيَّن: ایڈہاک کمیٹی۔
اللَّجنَةُ المَالِيَّة: فنانس کمیٹی، مالیاتی کمیٹی، مالی کمیٹی۔
لَجنَةُ المُتَابَعَة: جائزہ کمیٹی۔
لَجنَةُ المُحَلَّفِين: جیوری، ججوں کی جماعت۔
لَجنَةٌ مُختَلِطَة: مشترکہ کمیٹی۔
لَجنَةٌ مُستَدِيمَة: مستقل کمیٹی۔
لَجنَةُ المُرَاقَبَة: کنٹرول کمیٹی، نگراں کمیٹی۔
لَجنَةُ المَسَاعِي الحَمِيدَة: خیرسگالی کمیٹی۔
لَجنَةٌ مُشتَرَكَة: مشترکہ کمیٹی۔
لَجنَةُ مُصَالَحَة: مصالحت کمیٹی۔
اللَّجنَةُ المَلَكِيَّة: شاہی کمیشن۔
لَجنَةُ المُنَازَعَات: تصفیہ کمیٹی۔
لَجنَةُ مَنعِ الاَسلِحَة: اسلحہ بندی کمیشن۔
لَجنَةُ المَوَاضِيع: مجلسِ مضامین، سبجیکٹ کمیشن۔
لَجنَةُ مُؤتَمَرِ عُمُومِ الهِند: آل انڈیا کانگریس کمیٹی۔
لَجنَةٌ مُؤَقَّتَة: عارضی کمیٹی، ایڈہاک کمیٹی۔
لَجنَةُ نَزعِ السِّلَاح: تخفیفِ اسلحہ کمیشن۔
لَجنَةٌ وِزَارِيَّة: وزارتی کمیٹی۔
لَجنَةُ الهُدنَة: امن کمیٹی۔
لُجَين: چاندی۔

ل .... ح

اَلَحَّ فِي السُّؤَال: اصرار سے مانگنا۔
اَلَحَّ فِي المُطَالَبَةِ بِدَين: سخت تقاضا کرنا۔
لَحَدَ ـ لَحداً: دفن کرنا (۲) لحد بنانا۔

لَحَدَ و اَلْتَحَدَ عَنِ الدِّیْنِ: بے دین ہونا۔
لَحَدَ عَنْ کذا: ہٹنا، منحرف ہونا۔
لَحَدَ و اَلْتَحَدَ إلَی: مائل ہونا۔
لَحْدٌ: قبر ج: لُحُود۔
لَحَّاد: گورکن۔
لَحَسَ ۔ لَحْساً: چبا کر کھانا (۲) چاٹنا۔
لَحِسَ ۔ لَحْساً: چاٹنا (۲) ہونٹوں پر زبان پھیرنا، زبان سے منہ صاف کرنا (الکَلْبُ یَلْحَسُ یَدَ صَاحِبِه)۔
لَحَظَ ۔ لَحْظاً: کن انکھیوں سے دیکھنا۔
لَحَظَ و لَاحَظَ: دیکھنا (۲) ملاحظہ کرنا (۳) نگہداشت رکھنا (۴) تکنا۔
لَاحَظَ العَمَلَ: نگرانی کرنا۔
لَحْظَة: ایک نظر، سرسری نگاہ (۲) لمحہ، پل، آن: لَحَظَات۔
لَحَظَاتٌ حاسِمَة: فیصلہ کن لمحات۔
لَاحِظَةٌ: آنکھ ج: لَوَاحِظ۔
مُلَاحِظ: نگراں، فورمین، سپرنٹنڈنٹ۔
مُلَاحِظُ العَمَلِ: (دا) سپرنٹنڈنٹ۔
مُلَاحِظُ البُولِیس: (دا) پولیس سپرنٹنڈنٹ۔
مُلَاحَظَة ج: مُلَاحَظَات: نوٹ، ریمارکس، سپرویزن، نگرانی، مشاہدہ، رائے، علمی گرفت، تبصرہ۔
مُلَاحَظَةٌ عَنْ کذا و حَوْلَ کذا: رائے، خیال۔
مُلَاحَظَات: خیالات، قابلِ غور امور، تاثرات۔
مُلَاحَظَاتٌ مُنْحَازَة: جانبدارانہ اشارے، ریمارکس۔
مَلْحُوظ: قابلِ لحاظ، قابلِ دید۔
لَحَفَ ۔ لَحْفاً و أَلْحَفَ: ڈھانکنا۔
اِلْتَحَفَ، تَلَحَّفَ: لحاف اوڑھنا۔
لَحِقَ فُلاناً و بِه ۔ لَحْقاً و لَحَاقاً: پالینا، پکڑنا، لاحق ہونا، تابع ہونا۔
لَحِقَهُ: لازم ہونا، پیچھے لگنا، چمٹنا۔
لَاحَقَهُ: پیچھا کرنا، نظر رکھنا۔
لَاحَقَهُ بِهَجَمَاتٍ: تابڑتوڑ حملے کرنا، مسلسل حملے کرنا۔
اَلْحَقَ کَذَا بِکَذَا: منتھی کرنا، منسلک کرنا (۲) شامل کرنا، اضافہ کرنا، ملانا (۳) داخلہ دینا۔
اِلْتَحَقَ بِه: منتھی ہونا، شامل ہونا، منسلک ہونا۔
اِلْتَحَقَ بِالمَدْرَسَة: مدرسہ میں داخلہ لینا۔
اِلْتَحَقَ بِالخِدْمَة: نوکری پر لگنا، خدمت سے وابستہ ہونا۔
اِلْتَحَقَ بِالسِّلْکِ الدِّبْلُومَاسِیِّ: سفارتی خدمت سے منسلک ہونا۔
تَلَاحَقَ: مسلسل ہونا، پے درپے ہونا۔
لَاحِق: اگلا ضد: سَابِق۔
اِلْتِحَاق: وابستگی، داخلہ، شمولیت۔
تَلَاحُق: تسلسل۔
مُلْحَق: ضمیمہ، سپلی منٹری، اضافہ (۲) اضافی، تابع، شامل (۳) اتاچی، رکنِ عملہ سفارت ج: مُلْحَقَات۔
مُلْحَقٌ بَحْرِیّ: بحری اتاچی، اتاچی

برائے بحری امور۔
مُلحَقٌ تِجَارِیٌ: تجارتی مشیر، کمرشل اتاچی۔
مُلحَقٌ ثَقافِیٌ: کلچرا تاچی، مشیر تعلیم و تمدن۔
مُلحَقٌ جَوِیٌ: اتاچی برائے فضائی امور۔
مُلحَقٌ صَحَفِیٌ: پریس اتاچی، مشیر صحافتی امور۔
مُلحَقٌ عَسکَرِیٌ: فوجی اتاچی، ملٹری اتاچی۔
مُلحَقٌ عُمَّالِیٌ: اتاچی برائے امورِ محنت، لیبراتاچی۔
مُلحَقٌ فی سِفَارَةٍ سِیَاسِیَّةٍ: اتاچی، رکن عملۂ سفارت۔
مُلحَقَات: متعلقات، ضمیمے۔
اِمتِحَانٌ مُلحَق: سپلیمنٹری امتحان۔
لَحَمَ ـُ لَحماً: جوڑنا، مسالہ کا ٹانکا لگانا مسالہ سے جوڑنا، لوہے کو آگ میں تپا کر اور چھیت پیٹ کر جوڑنا۔
لَحَمَ و اِلتَحَمَ الجُرحُ: زخم بھرنا۔
لَحِمَ بالمَکَانِ ـَ لَحماً: ایک جگہ کو چپکنا۔
لَحُمَ ـُ لَحَامَةً: فربہ ہونا۔
لاحَمَ، اَلحَمَ: چپکانا۔
تَلاحَمَ القَومُ: باہم جنگ کرنا۔
تَلاحَمَ مَعَ: متحد ہونا۔
تَلاحَمَ و اِلتَحَمَ به: چپکنا، جڑنا۔
اِلتَحَمَتِ الحَربُ بَینَهُم: لڑائی ٹھن جانا

لَحمٌ مَفرُومٌ: قیمہ۔
لَحمَة: گوشت کا ٹکڑا۔
لَحمَةُ و لُحمَةُ النَّسِیجِ: کپڑے کا بانا۔
لُحمَة: قرابت۔
لِحَام: ٹانکا، ویلڈنگ، جوڑنے کا مسالہ۔
لِحَامٌ بالکَهرَبَاءِ: الیکٹرک ویلڈنگ۔
لَحَّام (عَامِلُ اللِّحَام): ویلڈر، ٹانکا لگانے والا۔
تَلاحُم: اتحاد، یکجہتی۔
مَلحَمَة: کشت وخون، خون ریزی ج: مَلاحِمُ۔
لَحَنَ ـَ لَحناً: اعراب میں غلطی کرنا۔
لَحَنَ فِي القِرَاءَةِ: ترنم کے ساتھ پڑھنا۔
لَحنٌ: نغمہ (۲) لے ج: اَلحَان (۳) لب و لہجہ (۴) زبان (۵) غلطی۔
لَحیٌ: جبڑا ج: لِحَاء و لُحِیّ و اَلحٍ۔
لِحیَة: داڑھی ج: لُحی۔
لِحَاءٌ: چھال۔
لِحیَانِیٌ، اَلحَی: دراز داڑھی، لمبی داڑھی والا۔
لَحَی ـَ لَحیاً: درخت کی چھال اُتارنا۔
اِلتَحَی: داڑھی چھوڑنا، رکھنا۔

ل .... خ

لَخَّصَ الکَلَامَ: مختصر کرنا، تلخیص کرنا (۲) وضاحت کرنا، بیان کرنا۔
مُلَخَّص: سمری، خلاصہ۔
مُلَخَّصٌ أدَبِیٌ: ڈائجسٹ۔

ل .... د

لَدَّ ـَ لَدداً: سخت دشمنی کرنا، جھگڑالو ہونا۔

لَدُود ، لَدِيْد ، اَلَدُّ: جانی دشمن ج: اَلِدَّاءُ۔
لَدَغَ ـــــ لَدْغاً: ڈسنا، ڈنک مارنا، زہریلے جانور کا کاٹنا۔
لَدِيْغ ، مَلْدُوْغ: مارگزیدہ۔
لَدُنَ ـــ لَدَانَةً و لُدُوْنَةً: نرم ہونا۔
لَدَّنَ تَلْدِيْناً: نرم بنانا۔
لَدْن: نرم، لچکدار ج: لُدْنٌ۔
لَدُنْ ، لُدُنْ: نزد۔
لَدَانَة ، لُدُوْنَة: نرمی، لچک۔
لَدَائِن ، لَدْن: پلاسٹک۔
لَدَی: پاس (۲) سامنے۔
لَدَی الطَّلَب: عندالطلب۔
لَدَيْه كَلَامٌ: اسے بات کرنی ہے۔

ل..........ذ

لَذَّذَ: مزہ دلانا۔
لَذَّ ـــ لَذَاذاً: خوش ذائقہ ہونا۔
اِلْتَذَّ و تَلَذَّذَ به: لطف لینا، مزہ لینا۔
اِلْتَذَّ و تَلَذَّذَ و اسْتَلَذَّ الشئَ: چکھنا۔
لَذِيْذ: اچھا، ذائقہ دار۔
لَذَعَ ـــ لَذْعاً: جلانا، چرکہ لگانا۔
لَذَعَ بِلِسَانِه: زبان سے تکلیف پہنچانا۔
لَذْع : جلن، سوزش۔
لَــذَّاع ، لَاذِع: جلانے والا، تیز گرم جو منھ کو جلائے، تیز مرچ جو منھ کو جلائے۔
لَوْذَعِيّ: ذکی، ہوشیار۔
لَذِیَ ـــ لَذًی: وابستہ ہونا، چپکنا۔
اَلَّذِی: اسم موصول برائے مذکر غیر عاقل: وہ کہ، جو کہ، جس نے کہ۔

ل..........ز

لَزَبَ الشئُ ـــ لُزُوْباً: جمارہنا، مضبوطی کے ساتھ قائم رہنا۔
لَزَبَ به: چپکا، چمٹا۔
لَزِجَ ـــ لَزَجاً و لُزُوْجاً و تَلَزَّجَ: لیس دار ہونا۔
لَزِجَ بِاِصْبَعِه: انگلی کو لگنا، چپکنا۔
لُزُوْجَة: لیس، چپکاہٹ۔
لَزِقَ ـــ به لُزُوقاً و الْتَزَقَ: چپکنا۔
لَزَّقَ و اَلْزَقَ: چپکانا۔
لِزْق: چپکاہٹ۔
لَزْقَة: پلاسٹر۔
لَزِق: چپکنے والا۔
لِزَاق: چپکانے کی چیز، لیئی، گوند۔
لَزِمَ ـــ لُزُوماً: لازم ہونا، پیچھے پڑنا، ساتھ ہونا، الگ نہ ہونا۔
لَزِمَ الصَّمْتَ: سکوت اختیار کرنا۔
لَزِمَ بَيْتَه: خانہ نشین ہونا۔
لَزِمَ جَانِبَ الحَذَر: احتیاط سے کام لینا۔
لَزِمَ الحَذْرَ فی كذا: احتیاط کرنا۔
اَلْزَمَه: مجبور کرنا۔
اَلْزَمَه بكذا: لازم کرنا، پابند بنانا۔
اَلْزَمَه بالدَّفع: ادائیگی پر مجبور کرنا۔
اِلْتَزَمَ: مجبور ہونا۔
اِلْتَزَمَ الشئَ و بـه: پابند ہونا، تابع ہونا (۲) وابستہ ہونا (۳) ذمہ دار ہونا۔
اِلْتَزَمَ العَمَلَ: کام کا ذمہ لینا (۲) اجارہ دار بن جانا۔
اِلْتَزَمَ بِجَدْوَلِ الاَعْمَال: ایجنڈے کا پابند ہونا۔

اِلْتَزَمَ بِرأى الاغْلَبِيَّة: اکثریت کی رائے کی پابندی کرنا۔
اِلْتَزَمَ بِسِيَاسَةِ الدِّفَاع: دفاعی پالیسی پر چلنا۔
اِلْتَزَمَ بِعَمَلٍ مُعَيَّن: ٹھیکہ لینا، ذمہ داری لینا۔
اِلْتَزَمَ بِالقَوَانِين: قوانین کی پابندی کرنا۔
اِلْتَزَمَ بالتَّقَالِيْد: رسم ورواج کا پابند ہونا۔
اِلْتَزَمَ اليَقْظَة: چوکنا رہنا۔
اِلْتَزَمَ بالعَهْد او الوَعْد: وعدہ کا پابند ہونا۔
اِلْتَزَمَ بالقَاعِدَة: قانون وضابطہ کا پابند ہوا۔
اِسْتَلْزَمَه: ضروری سمجھنا (۲) مقتضی ہونا، درکار ہونا۔
لُزُوم: ضرورت (۲) اقتضا (۳) فائدہ۔
عِنْدَ اللُّزُوْم: وقتِ ضرورت۔
لَازِمٌ: ضروری (۲) لازمی (۳) واجب۔
لَوَازِمُ: ضروریات۔
لَوَازِمُ السَّفَر: سامانِ سفر۔
لَوَازِمُ المَرَاكِب: جہازوں کا سامان۔
لَوَازِمُ المَعِيْشَة: لوازمِ زندگی۔
اِلْزَامِيّ: جبری، لازمی۔
اِلْتِزَام: (۱) مجبوری، پابندی (۲) فریضہ (۳) اجارہ داری (۴) ٹھیکہ (۵) ذمہ داری (۶) کنسیشن، وہ رعایت جو حکومت کی طرف سے دی جاتی ہے (۷) وابستگی ج: اِلْتِزَامَات۔

اِلْتِزَاماً: ٹھیکہ پر، معاہدہ پر۔
اِلْتِزَامَات: پابندیاں، ذمہ داریاں (۲) ٹھیکے (۳) رعایتیں (۴) شرائط۔
اِلْتِزَامَاتٌ عَلَى: عائد شدہ پابندیاں، فرائض۔
اِلْتِزَامَاتٌ تَعَاقُدِيَّة: معاہدہ کی پابندیاں، شرائط معاہدہ۔
مُلْزَمٌ بكذا: پابند۔
مِلْزَمَة: شکنجہ۔
مُلَازِم: غیر منفک جو جدا نہ ہو (۲) تابع (۳) ماتحت۔
مُلَازِمٌ بَيْتَه: خانہ نشین۔
مُلَازِمُ الفِرَاش: صاحبِ فراش۔
مُلَازِمٌ اَوَّل: لفٹنٹ، ایک فوجی عہدہ۔
مُلَازِمٌ ثَان: (۱) سیکنڈ لفٹنٹ۔
مُلْتَزِم، مَلْزُوْم: پابند، مجبور۔
مُلْتَزِم: (مُقَاوِل، عَهِيْد، مُتَعَهِّد): ٹھیکہ دار، اجارہ دار، ذمہ دار، معاہد کنندہ۔
مَلْزُومِيَّة (اِلْتِزَام): ذمہ داری، مجبوری، پابندی۔

ل......س

لَسَعَ ـَ لَسْعاً: ڈنک مارنا، ڈسنا۔
لَسَعَ بِلِسَانِه: بدزبانی کرنا، تکلیف پہنچانا۔
لَسَعَ فَمَهُ الفُلْفُل: مرچ لگنا۔
لَاسِعٌ، يَلْسَعُ: نیش زن (۲) چبھتا ہوا (۳) جلتا ہوا، چرپرا۔
لَسِنَ ـَ لَسَناً: فصیح اللسان ہونا۔
لَسَنَ فُلَاناً ـُ لَسْناً: کسی کو برائی سے یاد کرنا۔

لَسَنَ و لَسَّنَ: نوک نکالنا، دھار بنانا۔
لَسِنٌ، اَلْسَنُ: فصیح اللسان۔
لِسَانٌ: زبان، جیب ج: اَلْسِنَة۔
لِسَانُ الحَال: ترجمان، زبانِ حال۔
لِسَانُ القَوْم: قوم کا ترجمان۔
طَلِقُ اللِّسَان: خوش بیان۔
طَلاقَةُ اللِّسَان: خوش بیانی۔
مَعْقُودُ اللِّسَان: جس کی زبان بند ہو، جس سے بات نہ کی جا سکے۔
مَسَکَ لِسَانَه: زبان بند رکھنا۔

ل.........ش

لا شَاهُ مُلاشَاةً: معدوم کرنا۔
تَلاشَي: معدوم ہونا، ناپید ہونا۔
تَلاشَي الصَّوْتُ: آواز گم ہونا، بے اثر ہونا۔
مُتَلاشٍ: معدوم۔

ل.........ص

لَصَّصَ البُنْيَان: عمارت کو پختہ بنانا۔
لَصَّ الامْرَ ـُ لَصّاً: پوشیدہ طور پر کرنا۔
لَصَّ الشئَ: چُرانا۔
تَلَصَّصَ: چور بننا۔
تَلَصَّصَ عَلَيْهِم: کسی کے حالات خُفیہ طریق سے معلوم کرنا، جاسوسی کرنا۔
لِصٌّ: چور ج: لُصُوص۔
لُصُوصِيَّة: چوری۔
لَصَفَ ـُ لُصُوفاً: چمکنا۔
لَصِقَ ـَ لَصْقا و لُصُوقاً: چپکنا۔
لِصْقَ، لَصِيْقَ: متصل، قریب۔
لَصُوق: پلاسٹر (علاجی)۔

اَلْصَقَ: چپکانا۔
اَلْصَقَ بِهِ: لٹکانا۔
اَلْصَقَ الإِعْلانَاتِ: اشتہار لگانا، پوسٹر چپکانا۔
اَلْصَقَ رُقْعَةً عَلَي: لیبل لگانا۔
اَلْصَقَ شَيْئاً فِي دَفْتَرٍ: رجسٹر میں چپکانا۔
اِلْتَصَقَ: چپکنا۔
اِلْتَصَقَ الافْتِرَاءُ بأحَدٍ: تہمت لگنا۔
مُلْصِقُ الإِعْلانَات: اشتہار لگانے والا، پوسٹر لگانے والا۔
مُلْتَصِق: چپکا ہوا، لگا ہوا۔

ل.........ط

لَطَخَ ـَ لَطْخاً و لَطَّخَ: آلودہ کرنا۔
لَطَخَ ـَ لَطْخاً السُّمْعَةَ فِي اَعْيُنِ النَّاس: عوام کی نظروں میں حیثیت گرانا۔
تَلَطَّخَ: آلودہ ہونا، ملوث ہونا، گندہ ہونا۔
لُطْخَة: کودن، خبطی، احمق (۲) شراب خوار۔
لَطَسَ ـُ لَطْساً: طمانچہ مارنا۔
مِلْطَاس: نوک دار ہتھوڑی، پتھر توڑنے کی ہتھوڑی ج: مَلاطِيْس۔
لَطَعَ ـَ لَطْعاً: مارنا، مٹانا۔
لَطَفَ ـُ لُطْفاً بفلان: مہربانی کرنا۔
لَطُفَ ـُ لَطَافَةً: ہلکا پھلکا ہونا، نرم نازک ہونا (۳) مہربان ہونا۔
لَطَّفَ: سختی کم کرنا، تخفیف کرنا۔
لَطَّفَ الألَمَ: تکلیف میں کمی کرنا۔
لَطَّفَ وَقْعَ الخَبَرِ السَّيِّئِ: بدخبر کے اثر کو ہلکا کرنا۔

لَطَّفَ الشئَ: نرم بنانا، لچک پیدا کرنا۔
لَطَّفَ الحُكْمَ: فیصلہ میں لچک رکھنا۔
لَطَّفَ الذَّنْبَ: جرم کو خفیف ثابت کرنا۔
لَطَّفَ الإجْرَاءَ: کارروائی بہتر طور پر کرنا۔
لَاطَفَه مُلَاطَفَةً: شفقت کرنا (۲) دلداری کرنا، دل بہلانا (۳) چمکانا (۴) لاڈ پیار کرنا۔
تَلَطَّفَ: نرم بننا، نرمی برتنا (۲) مہربانی کرنا۔
اِسْتَلْطَفَ: مہربانی کی درخواست کرنا۔
لُطْف، لَطَافَة: نرمی (۲) لچک (۳) خوش مزاجی۔
لَطَافَة: (ضد: كَثَافَة) باریکی، نزاکت۔
لَطِيْف: مہربان (۲) خوب رُو (۳) نازک (۴) عمدہ، خوش گوار (۵) خوش مزاج (۶) ہلکا پھلکا (ضد: كَثِيْف)۔
الجِنْسُ اللَّطِيْف: صنفِ نازک۔
مُلَطِّف: تسکین بخش۔
مُلَاطَفَة: خوش طبعی (۲) دلداری (۳) لاڈ پیار۔
لَطَمَ ـِ لَطْماً: تھپڑ مارنا، چہرہ پر مارنا۔
لَطْمَة: طمانچہ، چپت ج: لَطَمات۔
تَلَاطُم: تصادم، موجوں کا باہم ٹکراؤ۔
مَلْطَم: رخسار۔

ل .... ظ

لَظِيَ ـَ لَظًى، تَلَظَّى، اِلْتَظَى: آگ بھڑکنا، مشتعل ہونا۔
لَظًى: شعلہ، لپٹ۔

ل .... ع

لَعِبَ ـَ لَعِباً: کھیلنا (۲) مذاق کرنا (۳) بیکار کام کرنا۔
ــــ القِمَارَ: جوا کھیلنا۔
ــــ عَلَيْه: ٹھگنا، آنکھوں میں دھول جھونکنا۔
ــــ فِي الأمْر: کسی معاملہ کو کھیل سمجھنا۔
ــــ بِالسَّيْف: پٹا کھیلنا، تیغ بازی کرنا۔
ــــ بالنَّار: آتش بازی کرنا۔
ــــ بِدَوْرِ كَذَا: کسی قسم کا رول ادا کرنا، پارٹ ادا کرنا، کردار ادا کرنا۔
ــــ بِعَقْلِه: جھانسا دینا، جُل دینا، چونا لگانا۔
لَعَّبَ و اَلْعَبَ: کھیل میں لگانا۔
لَعَّبَه علَى اَصَابِعِه: انگلیوں پر نچانا۔
لَاعَبَه مُلَاعَبَةً: کسی کے ساتھ کھیلنا، اٹکھیلیاں کرنا۔
تَلَاعَبَ بشئ: کھلونا بنالینا۔
لَعِب: کھیل (۲) مذاق (۳) تفریح ج: اَلْعَاب۔
لَعِبُ السَّيْف: پٹا، تیغ بازی۔
اَلْعَاب: کھیل۔
اَلْعَابُ خِفَّةِ اليَد: شعبدہ بازی، بازی گری۔
اَلْعَابٌ رِيَاضِيَّة: ورزشی کھیل۔
اَلْعَابٌ نَارِيَّة: آتش بازی۔
لُعْبَة: کھلونا ج: لُعَب (۲) وہ شخص جس کا مذاق بنایا جائے۔
لُعْبَة، لِعْبَة: ایک کھیل، کھیل کی ایک قسم۔
لُعْبَةُ الغُمَيْضَة: آنکھ مچولی۔
لُعَبَة، لَعَّاب، لِعِّيْب: کھلاڑی۔
لُعَاب: تھوک، منھ کا جھاگ۔

لُعَابُ النَّحل: شہد۔
لُعَابُ البِزْر: شیرہ۔
اُلْعُوبَة: کھلونا ج: اَلاعِیبُ۔
مُلْعُوبٌ: جس کی رال بہتی ہو۔
مَـلْـعَبٌ: کھیل کا میدان، اسٹیڈیم (۲) تھیٹر، تماشا گاہ ج: مَلاعِبُ۔
مَلْعَبُ تَنِسٍ: ٹینس کا میدان۔
مَلْعَبُ الخَيْلِ وغَيْرِها: سرکس۔
مُلاعِب: کھیل کا رفیق (۲) دھوکہ باز۔
لَعْثَمَ، تَـلَـعْثَمَ: (فِي الأداء) توقف کرنا، ہچکچانا۔
التَّلَعْثُم: تھوک نگلنا۔
لَعَجَ ـــ لَعْجاً: تکلیف دینا (۲) سوزش پیدا کرنا۔
لاعِجٌ: دل سوز۔
لَوَاعِجُ الحُبِّ: جذباتِ محبت۔
لَعِقَ ـــ لَعْقاً: چاٹنا۔
مِلْعَقَة: چمچہ ج: مَلاعِقُ۔
لَعَلَّ: شاید (۲) ممکن ہے، امید ہے۔

ل............غ

لَـغَـزَ ـــ لَغْزاً و أَلْغَزَ و لاغَزَ فِي الكَلام: بات گھما پھرا کر کہنا، معمہ بنانا، چیستاں بنانا۔
لُغْزٌ: معمہ، چیستاں، پیچیدہ بات ج: أَلْغَاز۔
لُغْزٌ غَامِض: ناقابلِ حل معمہ۔
لَغَطَ ـــ لَغْطاً: شور کرنا۔
لَـغَـط: لوگوں کے بولنے کا شور، شوروغوغا ج: أَلْغَاط۔
لَـغَـمَ المَكَانَ ـــ لَغْماً و أَلْغَمَ: سرنگ بچھانا، ڈائنامیٹ کرنا، آتشیں مادہ سے اُڑانا۔
لَغَمٌ: بارودی سرنگ ج: أَلْغَام۔
لَـغَـا ـــ لُغْواً: بے کار ہونا، لغو ہونا، کالعدم ہونا (۲) کلام کرنا۔
لَـغَـا، لَغِيَ ـــ لَغًى: بے سوچ سمجھے بولنا (۲) کلام میں غلطی کرنا۔
أَلْـغَـى إِلْغَاءً: منسوخ کرنا، کالعدم قرار دینا، کینسل کرنا، ملتوی کرنا، بے اثر کرنا۔
أَلْغَى الاتِّفَاق: معاہدہ ختم کرنا۔
أَلْغَى إِجَازَةً مَمْنُوحَةً لِأَحَدٍ: لائسنس منسوخ کرنا۔
أَلْغَى الأَحْكَام: فیصلے منسوخ کرنا۔
أَلْـغَـى الأَحْكَامَ العُرْفِيَّةَ: مارشل لاختم کرنا، اُٹھانا۔
أَلْغَى الامْتِيَازَ: لائسنس ختم کرنا۔
أَلْـغَـى الامْتِيَازَاتِ الأَجْنَبِيَّةَ: غیرملکی رعایت ختم کرنا۔
أَلْغَى الأَوَامِرَ: احکام منسوخ کرنا۔
أَلْغَى الحَظْرَ عَنْ: پابندی ختم کرنا۔
أَلْغَى الرِّقَابَةَ: سنسر ختم کرنا۔
أَلْغَى الرِّقَابَةَ عَنِ الصُّحُف: اخباروں کی نگرانی ہٹانا، سنسر شپ ختم کرنا۔
أَلْغَى الطَّلَبَ: آرڈر کینسل کرنا۔
أَلْغَى العَقْدَ: معاہدہ ختم کرنا۔
أَلْـغَى القَوَانِينَ: آئین توڑنا، قوانین ختم کرنا۔
أَلْـغَـى قِيمَةَ الـعُمْلَة: سکہ کی قیمت ختم کرنا۔
أَلْغَى المُرَافَعَةَ: اپیل خارج کرنا۔

اَلْغَى المُرَتَّبَ: وظیفہ بند کرنا۔
اَلْغَى المُعَاهَدَةَ: معاہدہ ختم کرنا۔
اَلْغَى النِظَامَ: سسٹم ختم کرنا۔
اَلْغَى النُقُودَ: نوٹ بند کرنا۔
اَلْغَى الزِّيَارَةَ: دورہ منسوخ کرنا۔
اَلْغَى القَرَارَ: فیصلہ یا تجویز منسوخ کرنا۔
لُغَة ج: لُغَات: زبان (۲) اصطلاح۔
لُغَةٌ اِصْطِلَاحِيَّة: کوڈ۔
لُغَةٌ اَكْثَرُ حِدَّةً: زیادہ تیز لہجہ۔
لُغَةُ البَلَاطِ: درباری زبان۔
لُغَةٌ خُصُوصِيَّة: لہجہ۔
لُغَة رَسْمِيَّة: سرکاری زبان۔
لُغَةُ الرُّمُوز: خفیہ تحریر۔
لُغَةُ الشَّفْرة: خفیہ زبان۔
اللُّغَةُ العَامِيَّة: عام بول چال کی زبان۔
اللُّغَةُ العَرَبِيَّة: عربی زبان۔
اللُّغَةُ المُصْطَلَحُ عَلَيْهَا: اصطلاحی زبان۔
لُغَةُ المَوْلِد: مادری زبان۔
عِلْمُ اللُّغَة: الفاظ کے معانی اوران کے اشتقاقات کے جاننے کا علم۔
كِتَابُ اللُّغَة: ڈکشنری۔
لُغَوِيّ: ماہر السنہ، فن لغت کا ماہر (۲) زبان سے متعلق۔
لَاغٍ: منسوخ، باطل، کالعدم، ختم، بے بنیاد، بے کار، بے اثر۔
اِلْغَاء: منسوخی، ابطال، خاتمہ۔
اِلْغَاءُ العُبُودِيَّة: خاتمہ، غلامی۔
مُلْغَى: منسوخ، نا قابل عمل، باطل و کالعدم قرار دیا ہوا۔

ل............ف

لَفَتَ ـِـ لَفْتاً و لَفْتَةً: گھمانا، دائیں بائیں موڑنا۔
لَفَتَ ـِـ لَفْتاً عَنْ: موڑنا، پھیرنا، منحرف کرنا، توجہ ہٹانا۔
لَفَتَ نَظَرَه و اهتِمَامَه و انتِبَاهَه إلَى: توجہ دلانا، توجہ مبذول کرانا۔
اِلْتَفَتَ و تَلَفَّتَ إلَى: متوجہ ہونا۔
اِلْتَفَتَ يُمْنَةً و يُسْرَةً: دائیں بائیں دیکھنا۔
لِفْت: شلجم و: لِفْتَة۔
لِفْتِيُّ الشَّكْل: شلغمی شکل کا۔
لَفْتَة ، اِلْتِفَاتَة: ایک نگاہ، ایک نظر (۲) نظر کرم، توجہ، التفات۔
لَافِتَة: موٹو ج: لَافِتَات و لَوَافِت۔
لَافِتَةٌ لِلتَّحْذِير: سگنل۔
لَافِتَاتُ التَّرْحِيب: خیر مقدمی موٹو، استقبالیہ موٹو۔
المُلْفِتُ لِلنَّظَر: قابلِ التفات۔
لَفَحَ ـَـ لَفْحاً: مارنا، تلوار مارنا (۲) جلانا، جھلسنا۔
لَفْح: آنچ، گرمی، لپٹ۔
لَفَظَ ـِـ لَفْظاً: پھینکنا۔
لَفَظَ كَلِمَةً: لفظ بولنا۔
لَفَظَ النَّفَسَ الاَخِيْرَ: آخری سانس چھوڑنا۔
لَفَظَ و تَلَفَّظَ: بولنا۔
لَافِظ: بولنے والا۔
لَفَعَ ـَـ لَفْعاً و لَفَعَ الشَّيْبُ رَأْسَه: سر پر بڑھاپا چھا جانا، سر سفید ہونا۔

اِلْتَفَعَ و تَلَفَّعَ بكذا: لپٹنا، کسی چیز کو اپنے پر لپیٹنا۔
لِفاع: مفلر، سر کو لپیٹنے کا کپڑا۔
لَفَفَ و لَفَّ ـــُـ لَفّاً: لپیٹنا، ڈھانپنا، پیک کرنا۔
لَفَّ والْتَفَّ: چکر کھانا۔
اِلْتَفَّ الثُّعْبانُ: سانپ کا بل کھانا، لپٹنا۔
اِلْتَفَّ عَلَيْهِ القَوْمُ: لوگوں کا کسی کے گرد جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔
لَفّ: پیکنگ، فولڈنگ۔
لَفَّة: لچھا، دھاگوں کا گولا، انٹی۔
لَفّاف: گھومنے والا۔
بَابٌ لَفّاف: گھومنے والا دروازہ۔
لِفافَة: (۱) پٹی (۲) لپیٹنے کا کپڑا (۳) پیکٹ۔
لِفافَةُ تَبْغ: سگریٹ۔
لِفافَةُ السَّاق: پنڈلی بند۔
لَفِيف: جماعت، گروپ، مخلوط قسم کا مجمع۔
لَفِيفَةٌ مِنَ التَّبْغ: سگریٹ، بیڑی ج: لَفائِفُ۔
مِلَفّ، مِلْفاف: لبادہ (۲) ریپر، اخبار یا کاغذ وغیرہ لپیٹنے کا کاغذ۔
مِلَفّ (دا) مِثْقاب: سوراخ کرنے کا آلہ۔
مِلَفّ: کاغذات کا فائل، ریکارڈ، سیاہ ریکارڈ، فائل ج: مِلَفّات۔
مِلَفٌّ فَرْعِيّ: ذیلی فائل۔
لَفَقَ ـِـ لَفْقاً: ٹانکے بھرنا (۲) کپڑے کو دہرا کر کے سینا۔
لَفَّقَ الحَدِيثَ: بات کو باطل سے مزین کرنا۔
لَفَّقَ الكَلامَ: بات گھڑنا۔
لَفَّقَ التُّهْمَةَ: الزام تراشنا۔
لَفَّقَ الأَخْبارَ: خبریں گھڑنا۔
لَفْق: سلائی۔
تَلْفِيق: بناوٹ، جعل سازی۔
تَلْفِيقَة: من گھڑت کہانی۔
لَفْلَفَ المَوْضُوعَ لَفْلَفَةً: مسئلہ کو لپیٹ دینا۔
أَلْفَى إِلْفاءً: پانا۔
تَلافَى: تدارک کرنا۔
تَلافَى الشَّرَّ قَبْلَ اسْتِفْحالِه: فتنہ کے سر اٹھانے سے پہلے اس کی تدبیر کرنا۔

ل .... ق

لَقَب: ٹائٹل، لیبل، لقب ج: أَلْقاب۔
لَقَبُ الأُسْرَة: سرنام، خاندانی نام۔
لَقَحَ و لَقِحَ ـــَـ لَقْحاً و أَلْقَحَ أُنْثَى الحَيَوان: حاملہ بنانا۔
لَقَّحَ و لَقَحَ النَّباتَ: نر اور مادہ کو ملا کر بار آور بنانا۔
لَقَّحَه تَلْقِيحاً: انجکشن لگانا۔
لَقَّحَه ضِدَّ مَرَض كذا: کسی مرض سے بچاؤ کا ٹیکہ لگانا۔
لَقَّحَه بِلِقاحِ مَرَضٍ مُعْدٍ: وبائی امراض کا ٹیکہ لگانا۔
لَقَّحَه بِمَصْلِ الجُدَرِيّ: چیچک کا ٹیکہ لگانا۔
لِقاح: مادہ منویہ، نطفہ (۲) کھجور کا شگوفہ جو مادہ میں ڈالا جائے، نر دانہ جو مادہ میں پہنچایا جائے (۳) انجکشن، ٹیکہ، دوا جو بدن میں پہنچائی جائے۔
لِقاحُ الجُدَرِيّ: چیچک کا ٹیکہ۔

تَلْقِیحٌ صِنَاعِیٌ: مصنوعی حمل کاری۔
لَقَطَ ـُ لَقطاً و اِلْتَقَطَ و تَلَقَّطَ: زمین سے اٹھانا۔
اِلْتَقَطَ الصُّورَةَ: فوٹو لینا۔
لَقْطَة: منظر ج: لَقَطات۔
لُقَطَة: پڑی ہوئی چیز (۲) بچی کھچی چیز جو سستی خرید لی جائے۔
لَقِیط: اٹھایا ہوا نومولود بچہ۔
مِلْقَط، مِلْقَاط: چمٹی۔
مِلْقَطُ النَّار: دست پناہ، چمٹا۔
لَقِفَ ـَ لَقفاً، تَلَقَّفَ، اِلْتَقَفَ: کیچ کرنا، اچکنا، جلدی تھام لینا۔
تَلَقَّفَ الطَّعَامَ: نگلنا۔
تَلَقَّفَهُ المَرَضُ: مرض کا گھیر لینا۔
لَقَمَ ـُ لَقماً: دہانہ بند کرنا۔
لَقِمَ الشَّیْئَ ـَ لَقماً: منھ میں لینا۔
لَقِمَ الطَّعَامَ: کھانا ہڑپ کرنا۔
لَقَّمَ و اَلْقَمَ: لقمہ بنانا۔
لُقْمَةٌ سَائِغَة: لقمۂ تر، تر نوالہ ج: لُقَم۔
لَقِنَ ـَ لَقناً و تَلَقَّنَ مِنْ: بالمشافہ کوئی چیز حاصل کرنا، سیکھنا۔
لَقَّنَ تَلْقِیناً: سکھانا، بتانا، املا کرانا، بالمشافہ سمجھانا، ذہن میں بٹھانا۔
لَقَانَة: زود فہمی۔
لَقِیَ ـَ لِقَاءً و اِلْتَقَی: پانا، ملنا، واسطہ پڑنا۔
لَقِیَ و اِلْتَقَی به و لاقَاهُ: ملاقات کرنا۔
لَقِیَ اَسْوَأَ مَصِیْرٍ: اس کا انتہائی برا حشر ہوا۔
لَقِیَ تَجَاوُباً: اسے مقبولیت حاصل ہوئی۔
لَقِیَ حَفَاوَةً بَالِغَةً: اس کا بڑا اعزاز ہوا۔

لَقِیَ القَرارُ اِسْتِجَابَةً عَامَّةً فی الوطن: ملک میں فیصلہ کو عام پذیرائی حاصل ہوئی۔
لَقِیَ العَدُوُّ جزاءَه: دشمن کو اس کی سزا ملی۔
لاقَاهُ: استقبال کرنا۔
لاقَی مَصَاعِبَ جَمَّةً: زبردست مشکلات کا سامنا کرنا۔
لاقَی فُلانٌ العِلاجَ: حل پا جانا۔
لاقَی: وصول کرنا۔
اِلْتَقَتِ العُیُونُ: آنکھیں چار ہونا۔
تَلَقَّاه: استقبال کرانا (۲) حاصل کرنا، وصول کرنا، ریسیو کرنا۔
تَلَقَّاه بترحاب: کشادگی سے ملنا۔
تَلَقَّی عَلَیْه: کسی سے علم حاصل کرنا۔
تَلَقَّی البَلاغَ: رپورٹ ہونا، اطلاع ملنا۔
تَلَقَّی تَحِیَّةَ الجَمَاهِیْر: سلامی لینا۔
تَلَقَّی التَّدْرِیْبَ العَسْکَرِیَّ مِنْ: فوجی تربیت حاصل کرنا۔
تَلَقَّی الدَّعْوَةَ مِنْ: کسی کی طرف سے دعوت پانا۔
تَلَقَّی الدُّرُوْسَ: سبق حاصل کرنا۔
تَلَقَّی المُسَاعَدَاتِ: امدادیں حاصل کرنا۔
تَلَقَّی مُکَالَمَةً تِلِیفُونِیَّةً: ٹیلیفون کال وصول کرنا۔
اَلْقَی إلْقَاءً: ڈالنا۔
اَلْقَی عَنْه: معاف کرنا۔
اَلْقَی علیه الدَّرْسَ: سبق پڑھانا، سبق کا املا کرانا۔
اَلْقَی علیه سُؤَالاً: سوال کرنا۔

أَلقَی علیه الشیٔ: پھینکنا۔
أَلقَی علی عَاتِقِه: ذمہ داری ڈالنا۔
أَلـقَـی الـحَبلَ عَلی الغَارِب: آزاد چھوڑنا۔
أَلـقَـی القَبضَ علـی: گرفتار کرنا، اریسٹ کرنا۔
أَلقَی الشِقَاقَ بَیْنَهُمْ: لڑائی کرانا۔
أَلـقَـی الأَوَامِرَ له و إِلَیه: احکام جاری کرنا۔
أَلقَی خُطبَةً: تقریر کرنا، خطبہ دینا۔
أَلـقَـی خُـطبَةً حَمَاسِيَّةً: جوشیلی تقریر کرنا۔
أَلقَی الرُّعْبَ فی: خوف پیدا کرنا۔
أَلقَی عَصَا التَّرحَال: قیام کرنا۔
أَلقَی الشیٔ فِی رُوْعِه: دل میں ڈالنا۔
أَلقَی القَنابِلَ عَلَی: بمباری کرنا۔
أَلقَی الکَلِمَةَ: تقریر کرنا۔
أَلـقَـی الـمَسْئُولِيَّةَ و المُهِمَّةَ علی: ذمہ داری ڈالنا۔
أَلقَی عَلَیْهِ القَولَ: املا کرانا۔
أَلـقَـی إِلَیْـهِ القَولَ و بِالقَولِ: بات پہنچانا۔
أَلقَی إلیه الشیٔ: ڈالنا۔
أَلقَی إلیه السَّمْعَ: کان لگانا، توجہ دینا۔
أَلقَی بِنَفْسِه فی کذا: مبتلا کرنا۔
أَلقَی بِنفْسِه بَیْنَ أَنْیَابِ المَوْت: خود کو موت کے منھ میں ڈالنا۔
تَـلَاقَی الشَّیْئَانِ فِی الطَّرِیْق: کراس کرنا۔

تَـلَاقَوْا و اِلْتَقَوْا: باہم ملنا۔
اِسْتَلْقَی: لیٹنا، چت لیٹنا۔
لِقَاء: مڈبھیڑ، مقابلہ، ملاقات، اجتماع۔
لِقَاءٌ إِسْلَامِيٌ: اسلامی اجتماع۔
لِقَاءٌ حَضَارِيٌ: تہذیبی اجتماع۔
لِقَاءٌ صَحَفِيٌ: پریس انٹرویو۔
لِقَاءٌ فِکْرِيٌ: فکری اجتماع۔
لِقَاءٌ نِهَائِيٌ: آخری ملاقات۔
لِقَاءَ کذا: بدلہ میں۔
اللِقَاءَ ات: ملاقاتیں۔
اللِقَاءَ اتُ الجَانِبِيَّة: یک طرفہ ملاقاتیں۔
تِلْقَاءَ: ملاقات۔
تِلْقَاءَ: سامنے، بالمقابل۔
مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِه: اپنی طرف سے۔
تِـلْـقَـائِـيّ: بدیہی، خود بخود حاصل ہونے والا۔
تِلْقَائِیًا: خود بخود۔
مَلْقَی، مُلْتَقَی: جائے اجتماع۔
مَلْقَی و مُلْتَقَی الخُطُوط و الفُرُوع: جنکشن۔
مَـلْـقَـی و مُـلْـتَـقَـی الطُرُق: چوراہا، کراسنگ۔
مُلْتَقَی: (۲) میٹنگ، سیمینار۔

ل .... ک

لَکَأَ ـَ لَکْأً: مارنا۔
تَلَکَّأَ: توقف کرنا، جھجکنا۔
لَکَزَ ـُ لَکْزاً: مکا مارنا۔
لَکِزٌ: بخیل۔
لَکَّ ـُ لَکّاً: گدی پر مارنا۔

اِلتکَّ فِی کَلَامِه: غلطی کرنا۔
لَکٌّ: لاکھ ١٠٠٠٠٠ (٢) لاک جس سے مہر لگائی جاتی ہے (مع)۔
لَکَمَ ـُ لَکْماً: مکا مارنا۔
لَاکَمَهُ مُلَاکَمَةً: مکا بازی کرنا۔
لَکْمَة: ایک مکا، باکس ج: لَکَمَاتٌ۔
لَکْمَةٌ وَجِیْعَة: سخت مکا۔
اَلْمُلَاکَمَة: مکے بازی، باکسنگ۔
اَلْمُلَاکِم: مکے باز، باکسر۔
لَکِنَ ـَ لَکَناً: ہکلا ہونا، ثقلِ لسانی میں مبتلا ہونا۔
اَلْکَنُ: ہکلا م: لَکْنَاءُ۔
لَکَیْ، لِکَیْمَا: تا کہ۔

ل..........م

لَمْ: نہیں (حرف جازم مضارع)۔
اِنْ لَمْ: اگر نہیں۔
مَا لَمْ: جب تک۔
لَمَّا: جب۔
لَمْبَة: (مع) لمپ۔
لَمَحَ ـَ لَمْحاً و لَمَحَاناً: چمکنا۔
لَمَحَ ـَ لَمْحاً الشیٔ و إلیه: اچٹتی ہوئی نگاہوں سے دیکھنا۔
لَمَحَ إلی: اشارہ کرنا۔
لَامَحَه: دُزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔
لَمْحَة: اچٹتی نگاہ (٢) چمک۔
لَمْحَةٌ سَرِیْعَة: سرسری نظر۔
لَمْحَةٌ خاطِفَة: اچٹتی نگاہ۔
لَمْح: سرسری نظر۔
کَلَمْحِ البَصَر: چشم زدن میں۔

مَلَامِح: خدوخال، نمایاں آثار، علامات۔
مَلَامِحُ المُسْتَقْبَل: مستقبل کا نقشہ۔
مَلَامِحُ النُّبُوغ: قابلیت کے آثار۔
مَلَامِحُ الوَجْه: چہرہ کے خط وخال۔
لَمَزَ ـِ لَمْزاً بِالکَلَام: عیب لگانا۔
لَمَزَ بِالعَیْن: اشارہ کرنا۔
لَمَسَ ـِ ـُ لَمْساً: چھونا (٢) ٹٹولنا (٣) طلب کرنا۔
لَامَسَهُ مُلَامَسَةً: چھونا، ہاتھ لگانا (٢) جماع کرنا۔
تَلَمَّسَ: جستجو کرنا، ڈھونڈنا۔
تَلَمَّسَ عُذْراً: بہانہ تلاش کرنا۔
تَلَمَّسَ طَرِیْقَه: راستہ معلوم کرنا۔
تَلَمَّسَ الإِمْکَانَاتِ: ذرائع تلاش کرنا۔
تَلَمَّسَ الأَصْوَاتِ فی الانْتِخَابَات: الیکشن میں کنوشنگ کرنا۔
اِلْتَمَسَ: طلب کرنا (٢) اپیل کرنا، درخواست کرنا۔
اِلْتَمَسَ عَنْ شیٔ: تلاش کرنا، جستجو کرنا۔
اِلْتَمَسَ الشیٔ مِنْ فُلَانٍ: مانگنا، کسی چیز کی درخواست کرنا۔
اللَّمْسُ المَنْبُوذ: چھوت چھات۔
اِلْتِمَاس: درخواست، فرمائش، اپیل۔
لَمَعَ ـَ لَمَعَاناً: چمکنا۔
لَمَعَ و اَلْمَعَ بِیَدِه: اشارہ کرنا۔
لَمَّعَ الکِتَابَ: رنگین بنانا، رنگوں سے آراستہ کرنا۔
لَمَّعَ الشیٔ: چمکانا، پالش کرنا۔
لَمْع، لَمَعَان: چمک، آب وتاب۔

لَمَّاع: چمکدار، بھڑکدار (۲) وارنش کیا ہوا۔
جِلْدٌ لَمَّاع: پیٹنٹ لیدر، وارنش کیا ہوا چمڑا۔
لَامِع: گولڈن، چمکدار۔
لَمَمٌ: مراق، معمولی درجہ کا جنون۔
لَمَّ ـُـ لَمًّا: جمع کرنا۔
اَلَمَّ بِکَذا: واقف ہونا، جاننا۔
اَلَمَّ بِشيْءٍ بِصُورَةٍ مُبَسَّطَة و سَرِيعَة: کسی چیز کا سرسری اور معمولی مطالعہ کرنا۔
اَلَمَّ البَلَدَ: ملک کو متحد کرنا۔
اَلَمَّ به کذا: پیش آنا، لاحق ہونا۔
اَلَمَّ بِالذَّنب: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
لَمَّا: جب۔
لَمَّة: ہر جمع شدہ چیز (۲) اجتماع۔
لَمَّة: سختی، شدت۔
لَامَّة: نظرِ بد۔
لِمَاماً: وقتاً فوقتاً۔
اِلْمَامٌ بشيء: واقفیت، علم، شغف، مہارت۔
مُلِمَّة: مصیبت ج: مُلِمَّات۔
مَلْمُوم: جمع شدہ۔
لِيمُون: لیموں۔

ل............ن

لَنْ: ہرگز نہیں۔
لَنْدُرَة: (مع) لندن۔
لَنش: اسٹیمر، لانچ، موٹر بوٹ ج: لَنْشَات۔

ل............ہ

لَهِبَ ـَـ لَهَباً: پیاسا ہونا، تشنہ ہونا۔
لَهِبَ، اِلْتَهَبَ، تَلَهَّبَ: آگ بھڑکنا، سوزش ہونا۔
اِلْتَهَبَ و تَلَهَّبَ عَطَشاً أو غَيْظاً: پیاس یا غصہ سے بھڑکنا۔
اِلْتَهَبَ الشيْءُ: بھبکنا، آگ لگنا۔
اِلْتَهَبَ اللَّوْزَتَان: گلے آجانا، ٹونسل ہونا، حلق کے غدودں کا ورم آلود ہونا۔
لَهَّبَ و أَلْهَبَ: آگ بھڑکانا (۲) جلانا۔
أَلْهَبَ المَشَاعِرَ: جذبات بھڑکانا۔
أَلْهَبَ الحَمَاسَ: جوش دلانا، مشتعل کرنا۔
أَلْهَبَ عَوَاطِفَ العَامَّة: عوام کے جذبات کو بھڑکانا۔
لُهَاب: پیاس۔
لَهَبٌ: آگ کی لپٹ، شعلہ۔
لَهْبَان: پیاسا۔
لَهِيب: آنچ، لپٹ۔
اِلْتِهَاب: سوزش، ورم۔
اِلْتِهَابُ الأُذُن: کان کا درد۔
اِلْتِهَابُ الرِّئَة: نمونیہ۔
اِلْتِهَابُ الزَّائِدَةِ الدُّودِيَّة: اپنڈی سائٹس، ایک مرض جس میں زائد آنت ورم آلود ہو جاتی ہے اور سوزش ہوتی ہے۔
اِلْتِهَابُ الكُلَى: ورم گردہ، دردِ گردہ۔
اِلْتِهَابُ المِعْدَة: سوزشِ معدہ۔
اِلْتِهَابٌ وَرِيدِيّ: سوزشِ ورید۔
سَرِيعُ الالْتِهَاب: جلد آگ پکڑنے والا۔
قَابِلُ الالْتِهَاب: آتش گیر، قابلِ احتراق۔
مُلْتَهِب: برافروختہ، آتش گیر، مشتعل۔
لَاهُوت: الوہیت، خدائیت۔
عِلْمُ اللَّاهُوت: تھیالوجی، دینیات۔
لَاهُوتِيّ: عالمِ دینیات (۲) دینیات سے

متعلق۔
لَهِثَ ــ لَهْثاً: ہانپنا (پیاس یا تکان سے زبان باہر نکل آنا)۔
لَهِجَ ــ لَهَجاً و أَلْهَجَ بِالشَّيِّ: شیفتہ ہونا، دلدادہ ہوا۔
لَهِجَ بِذِكْرِه: (ذکر خیر کرنا، بار بار ذکر کرنا)۔
لَهْجَة: (۱) نوکِ زبان (۲) مادری زبان (۳) لب و لہجہ، طرزِ کلام، ٹون (۴) کسی علاقے کی خاص زبان ج: لَهجَات۔
اللَّهَجَاتُ المَحَلِيَّة: مقامی زبانیں۔
لَهَطَ ــ لَهْطاً: تھپڑ مارنا۔
لَهِفَ ــ لَهَفاً و تَلَهَّفَ عَلَى: حسرت کرنا، کفِ افسوس ملنا۔
لَهِفَ ــ لَهَفاً عَلَى: حسرت رکھنا، اشتیاق رکھنا۔
لَهَف ، لَهْفَة: حسرت (۲) شوق، اشتیاق۔
لَهِمَ ــ لَهْماً و الْتَهَمَ و تَلَهَّمَ: ایک دفعہ میں کھالیا، ہڑپ کرنا (۲) نگلنا۔
أَلْهَمَ فُلاناً الشَّيِّ: دل میں ڈالنا۔
إِسْتَلْهَمَ: راہنمائی حاصل کرنا۔
لَهِمّ ، لَهُوم: بسیار خور۔
مُلْهَم: خدا کی طرف سے بتایا ہوا، الہامی، الہام شدہ۔
لَهْوٌ: تفریح (۲) کھیل۔
أَمَا كِنُ اللَّهْو: تفریح گاہیں۔
لَهَاةُ الحَلْق: حلق کا کوا ج: لَهَوَات۔
لَهَا ــ لَهْواً: کھیلنا (۲) تفریح کرنا (۳) فضول کام کرنا۔
لَهَا به و لَهِيَ ــ لَهاً: محبت کرنا، فریفتہ ہونا۔
لَهَا و لَهِيَ عَنهُ: غافل ہونا۔
لَهَّى و أَلْهَى عَنْ: غافل بنانا، توجہ ہٹانا۔
تَلَهَّى و تَلَاهَى و الْتَهَى بكذا: دل بہلانا، تفریحِ طبع کرنا، کھیل میں لگنا۔
لَاهٍ عَنْ شيٍ: غافل، بے خبر۔
مُلْهٍ: تفریح بخش، دل چسپ (۲) غافل بنانے والا۔
مَلْهًى: تفریح، تماشا، کھیل۔
مَلْهًى (۲): تماشا گاہ، تفریح گاہ (۲) تھیٹر۔
مَلْهًى (۳): سینما ج: مَلاهٍ۔

ل .... و

لَوْ: اگر (لَوْجَاءَ لَاعْطَيْتُه)۔
لَوْ لَمْ: اگر نہیں۔
و لَوْ: اگرچہ۔
لُوبَاء، لُوبِيَا: لوبیا۔
لُوتَارِيَة: (مع) لاٹری۔
لَوَّثَ تَلْوِيثاً: میلا کرنا، گدلا کرنا، لت پت کرنا، آلودہ کرنا۔
تَلَوَّثَ بكذا: آلودہ ہونا۔
تَلَوُّث: آلودگی۔
تَلَوُّثٌ جَوِّيّ: فضائی آلودگی۔
تَلَوُّثُ البِيئَة: ماحول کی آلودگی۔
مُلَوَّثٌ بكذا: آلودہ۔
لَوَّحَ إِلَيْه: دور سے اشارہ کرنا۔
لَوَّحَ بِسَيْفِه: ہاتھ میں تلوار لے کر گھمانا۔
لَوَّحَ و أَلاحَ بِيَدِه أو بِمِنْدِيلِه: ہاتھ یا رومال ہلا کر اشارہ کرنا، اشارہ دینا۔
لَوَّحَ الأَرْضَ: (دا) زمین پر لکڑی کے تختے بچھانا۔

لَوَّحَ الشیئَ بِالنَّار: آگ سے گرم کرنا۔

لَاحَ ـــُــ لَوْحاً: ظاہر ہونا (۲) چمکنا، جھلملانا (۳) طلوع ہونا۔

لَاحَتْ بَوَادِرُ الشیءِ وَ دَلَائِلُه: آثار نظر آنا۔

لَاحَ لِیْ کَذَا: میرے ذہن میں ایسا آیا۔

یَلُوحُ لِیْ کَذَا: مجھے ایسا دکھائی دیتا ہے، میں ایسا خیال کرتا ہوں۔

لَوْح: تختی ج: اَلْوَاح۔

ـــ زُجَاج: شیشے کا تختہ۔

ـــ اَرْدُوَازٍ: رائٹنگ سلیٹ۔

ـــ مَعْدِنِیّ: دھات کی پلیٹ۔

ـــ و لَوْحَةُ البَاب: دروازہ کی پلیٹ۔

ـــ الکِتَابَة: بلیک بورڈ، تختہ سیاہ۔

لَوْحَة: پلیٹ، تختی۔

لَوْحَةُ الاَسْعَار: نرخوں کا چارٹ۔

لَوْحَةُ اِعْلَانَاتٍ: نوٹس بورڈ، تختہ اعلانات، اعلان بورڈ۔

لَوْحَةٌ زَیْتِیَّة: قلمی تصویر۔

لَوْحَةٌ للعَرْض: شو بورڈ۔

لَوْحَةُ اَلْوَانِ التَّصْوِیْر: رنگوں کی تختی جس پر مختلف رنگوں کو ملایا جاتا ہے۔

لَائِحَة: منظر، ظاہری شکل (۲) پروگرام، پراسپیکٹس (۳) ضابطہ، قانون (۴) رجسٹر ج: لَوَائِح۔

لَائِحَةٌ دَاخِلِیَّة: داخلی قانون۔

لَائِحَةُ قَانُون: مسودہ قانون۔

لَائِحَةُ المُوَظَّفِیْن: اسٹاف ضابطہ۔

لَوَائِحُ: ضوابط، قوانین، قواعد و ضوابط۔

اللَّوَائِحُ التَّنْفِیْذِیَّة: ایگزیکٹو قوانین۔

لَوَائِحُ الحُکُوْمَة: سرکاری قوانین۔

المُلَوِّحُ (عَامِلُ الإِشَارَة): سگنل مین۔

مُلَوِّحَة: سگنل ج: مُلَوِّحَات۔

لَوْذ، لِوَاذ: پناہ۔

لَاذَ بِهِ ـــُــ لَوْذاً: پناہ لینا، کسی کے پاس چھپنا (۲) وابستہ ہونا۔

لَاذَ بالفِرَار: فرار اختیار کرنا۔

مَلَاذ: پناہ گاہ۔

لُوْرد: (مع) لارڈ۔

لَوَّزَ التَّمْرَ: کھجور کی گٹھلی نکال کر اس میں بادام کی گری بھرنا۔

لَوْز: بادام و: لَوْزَة۔

لَازَ ـــُــ مِنْهُ لَوْزاً: چھٹکارا پانا۔

لَازَ إِلَیْه: پناہ لینا۔

لَازَ إِلَی الکِذْب: جھوٹ کا سہارا لینا۔

لَوْزَةُ الحلق: ٹونسل، غدود۔

اِلْتِهَابُ اللَّوْزَتَیْن: ٹونسل ہونا، حلق کے غدوں کا ورم آلود ہونا۔

لَوْزِیّ: بادام نما۔

لَوَّعَ: عذاب دینا، تکلیف دینا۔

لَاعَ ـــُــ لَوْعاً: گھبرانا (۲) بیمار ہونا (۳) دھوپ کا چہرہ کو جھلس دینا۔

اِلْتَاعَ قَلْبُه: دل جلنا، سوزش ہونا۔

لَوْعَة: سوزش۔

مُلْتَاع، مُلَوَّع: عشق میں سوزاں۔

لَاکَ ـــُــ لَوْکاً: چبانا۔

لُوکَانْدَة، لُوکَنْدَة: (مع) ہوٹل۔

لُوکَانْدَةُ اَکْلٍ: ریسٹورنٹ۔

لَـوْلَـب: کیل، پیچ دار کیل، پیچ (۲) اسپرنگ ج: لَوَالِب۔
لَوْلَبِیّ: پیچ دار (۲) اسپرنگ کا۔
لُؤْلُؤَة: موتی (دیکھیے: لألأ)۔
لَامَ ـُ لَوْماً: ملامت کرنا، آڑے ہاتھوں لینا۔
اِلْتِیَام: ملامت قبول کرنا۔
اِسْتِلَامَة: لائق ملامت ہونا۔
لَوَّنَ: رنگین بنانا (۲) رنگنا۔
تَلَوَّنَ: رنگین بننا (۲) رنگ بدلنا۔
لَـوْنٌ: رنگ (۲) قسم، صنف (۳) وہ مادہ جس سے رنگا جائے ج: اَلْوَان۔
لَوْنٌ فَاتِح: کھلا ہوا رنگ۔
لَوْنٌ زَاهٍ: شوخ رنگ، بھڑکدار رنگ۔
لَوْنٌ قَاتِم: گہرا رنگ۔
لَوْنٌ اَخْضَر: سبز رنگ، گرین۔
لَوِیَ ـَ لَوًی: ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔
لَوِیَتِ الْحَیَّةُ: سانپ کا بل کھانا۔
تَلَوَّی، اِلْتَوَی: ٹیڑھا اور پیچ دار ہونا، بل کھانا۔
اِلْتَوَی عَلَیْهِ الْاَمْرُ: پیچیدہ اور دشوار ہونا۔
لِـوَاء: پرچم، جھنڈا ج: اَلْـوِیَة (۲) فوج کا ایک حصہ، بریگیڈ (۳) جنرل، میجر جنرل (فوجی عہدہ)
لِوَاءُ دَبَّابَات: ٹینک بریگیڈیر۔
لِوَاءٌ مَحَلِّیّ: بریگیڈیر۔
أَمِیْرُ اللِّوَاء: بریگیڈیر جنرل۔
لَوًی: درد معدہ۔

لَوَی الْجَبَلَ ـِ لَیًّا: بل دینا (۲) موڑنا۔
لَوَی أَمْرَه عَنْ: چھپانا۔
لَوَّی وَأَلْوَی: پیچیدہ اور دشوار بنانا۔
لَوَّی وَأَلْوَی: ٹیڑھا کرنا۔
اِلْتِوَاء: پیچیدگی۔
مُلْتَوٍ: پُر پیچ، غیر واضح

ل .... ی

لَیْث: شیر ج: لُیُوث
لِیْفُ النَّخْل: کھجور کی چھال و: لِیْفَة
أَلْیَاف: ریشے و: لِیْف.
أَلْیَاف صِنَاعِیَّة: مصنوعی ریشے۔
أَلْیَاف عَصَبِیَّة: عصبی ریشے۔
لَیَّقَ: نرم کرنا۔
لَاقَ بِه ـِ لِیَاقَةً: لائق و مناسب ہونا۔
لِیَاقَة: حسنِ ذوق، صلاحیت (۲) اختیار (۳) مناسبت۔
لِیَاقَةٌ لِلْعَمَل: کام کی صلاحیت۔
لَائِق: مناسب، فٹ۔
لَیْلٌ: رات ج: لَیَالٍ۔
لَیْلَ نَهَارَ، لَیْلاً وَ نَهَاراً: رات دن، آٹھ پہر۔
لَیْلِیّ: رات کا، شبینہ۔
لَیَّنَ: نرم بنانا۔
لَیَّنَ الْبَطْنَ: پیٹ ملنا۔
لَانَ ـِ لِیْناً: نرم ہونا (ضد خشن)۔
لَایَنَهٗ مُلَایَنَةً: نرمی برتنا، مہربانی سے پیش آنا۔
لَیِّن: نرم، نرم دل۔
لُیُونَة: نرمی، نرم خوئی، مہربانی۔

م..........أ

مُـؤنَة ، مَـؤُونَة: خوراک، روزینہ (۲) بوجھ
ج: مُؤَن۔

مِئَة ، مِائَة: سو ج: مِئات۔

مِائَةٌ فِي المَائِة: سوفیصدی۔

في المِائَة: فی صد، پرسینٹ %۔

مِئوِيّ: صد سالہ، سو سالہ۔

مَا ، مَاذَا: کیا۔

مَابَيْنَ: آپس، درمیان۔

مَالَم: جب تک۔

مَا جِسْتِير: ایم-اے۔

مَارِس: مارچ (در: موس)۔

المَارُشَال: فیلڈ مارشل۔

مَارْكَة: مارک، خاص نشان، لیبل۔

مَارْكَةٌ تِجَارِيَّة: ٹریڈ مارک۔

مَارْكَةٌ مُسَجَّلَة: رجسٹرڈ مارک۔

مَالطة: جزیرۂ مالٹا۔

مَانْجا ، مَانْجو: آم، مینگو۔

مَاو: مئی۔

م..........ت

مِتْر: میٹر، ناپنے کا گز وغیرہ جس کا طول، برابر، ۳۷ یا ۳۹ انچ ہے، ایک گز سے کچھ زائد
ج: أمْتَار۔

مَتَّعَ و أمْتَعَ: لطف اندوز ہونے کا موقع دینا، دلچسپ بنانا، مستفید کرنا، لطف اندوز کرنا، فائدہ پہنچانا۔

مَتَّعَهُ اللّٰهُ: خدا عمر دراز کرے۔

تَمَتَّعَ ، اِسْتَمْتَعَ بِهِ: لطف اندوز ہونا، مستفید ہوا۔

تَمَتَّعَ بِالتَّأيِيد: تائید حاصل کرنا، حمایت حاصل کرنا۔

تَمَتَّعَ بِثِقَة: اعتماد حاصل کرنا۔

تَمَتَّعَ بِالسُّلْطَة: اختیار حاصل کرنا۔

تَمَتَّعَ بِجَمِيعِ الامْتِيَازَاتِ المُتَاحَة: حاصل شدہ تمام مراعات سے فائدہ اٹھانا۔

مُتْعَة: لطف، تفریح، سامانِ دلچسپی ج: مُتَع۔

مَتَاع: سامان، لگیج ج: أمْتِعَة۔

مَتَاع و أمْتِعَةُ البَيْت: فرنیچر۔

أمْتِعَةُ الجَيْش: فوجی سامان۔

أمْتِعَةُ سَفَر: سامانِ سفر، لگیج، بگیج۔

أمْتِعَةُ المُسَافِرِين: مسافروں کا سامان۔

مَتُنَ ــُ مَتَانَةً: مضبوط ہونا۔
مَتَّنَ: مضبوط بنانا۔
مَتْنٌ: پیٹھ ج: مُتُون۔
مَتْنُ الكِتَابِ: کتاب کی اصل عبارت۔
مَتْنُ الطَّرِيْقِ: وسطِ راہ۔
علی مَتْنِ الطَّائِرَة: ہوائی جہاز سے۔
مَتِيْن: مضبوط، پختہ، ثابت۔
مَتَانَة: مضبوطی، پختگی۔
مَتَى: کب (۲) جب۔

م............ث

مَثَلَ ــُ مُثُولاً و تَمَثَّلَ: سامنے آنا، پیش آنا۔
مَثَلَ بَيْنَ يَدَيْهِ: آداب بجالانا۔
مَثَلَ الشيُّ أَمَامَ العَيْنِ: آنکھوں میں پھرنا۔
مَثَّلَهُ و مَاثَلَه: مشابہ ہونا، یکساں ہونا۔
مَثَّلَهُ و مَثَّلَه و مَاثَلَهُ بشيٍّ: مشابہ بنانا، تشبیہ دینا۔
مَثَلَ و مَثَّلَ بــه: صورت بگاڑنا، ناک کان وغیرہ کاٹنا۔
مَثَلَ و مَثَّلَ التِمْثَالَ: مجسمہ بنانا۔
تَمَثَّلَ به: مشابہ ہونا۔
تَمَثَّلَ الشيُّ: کسی چیز کا تصور کرنا۔
تَـمَثَّلَ لَه الشيُّ: کسی چیز کا سامنے آنا، تصور میں آنا۔
تَمَثَّلَ بِالشَيْ: کسی چیز کو مثال میں پیش کرنا، مثال میں بیان کرنا۔
مَثَّلَ لَـهُ: کسی چیز کا نقشہ کھینچنا، نقل اتارنا (۲) مثال دینا (۳) ضرب المثل بیان کرنا (۴) نمائندگی کرنا۔
مَثَّلَ رِوَايَةً: ایکٹنگ کرنا، کسی کہانی کو عملی شکل دینا۔
مَثَّلَ دَوْراً: کردار ادا کرنا، پارٹ ادا کرنا۔
مَثَّلَ تَحَوُّلاً هَامّاً فِي تَارِيْخ كذا: اس نے تاریخ کے اہم موڑ کی ترجمانی کی۔
اِمْتَـثَلَ: مطیع وفرمانبردار ہونا (۲) تعمیلِ حکم کرنا (۳) منظور کرنا۔
اِمْتَثَلَ الطَّـرِيْقَةَ: کسی طریقہ کا اتباع کرنا۔
مِثْل: نظیر، مانند۔
بِالمِثْلِ: ایسے ہی، اسی طرح۔
مِثْلَمَا: جیسا کہ۔
مَثَلٌ: (۱) عبرت (۲) ضرب المثل (۳) مشہور قول (۴) تشبیہ ج: اَمْثَال۔
مَثَلٌ اَعْـلَـى: اعلیٰ معیار، اعلیٰ نمونہ، شاندار روایت۔
مَثَلٌ يُحتَذَى: ماڈل، نمونہ، قابلِ تقلید نمونہ۔
مَثَلٌ بَسِيْط: معمولی مثال۔
مُثُلٌ تَارِيْخِيَّة: تاریخی روایات و: مِثَال۔
مُثُلٌ دِيمُقْرَاطِيَّة: جمہوری اقدار۔
المُثُلُ الرَّفِيْعَة: اعلیٰ اقدار۔
المُثُلُ العُلْيَا: شاندار روایات، اعلیٰ اقدار۔
الطَّرِيْقَةُ المُثْلَى: مثالی راستہ۔
مِثَــال: عبرت (۲) نمونہ، ماڈل، سیمپل (۳) مقدار ج: أَمْثِلَة۔
مَثَّال: مجسمہ ساز۔
مِثَالِيَّة: مثالیت۔
مَاثِلَة: جھاڑ فانوس۔
مَثِيْل: مشابہ (۲) نظیر، مثال (۳) با کمال۔
مَثِيْلٌ لكذا: اسی جیسا۔

لَیسَ لَهُ مَثِیلٌ: بے نظیر۔

اَمْثَلُ: افضل، نمایاں ترین، انتہائی بہتر ج: أَمَاثِل۔

اُمْثُولَة: مثال، نمونہ (۲) سبق ج: أَمَاثِلُ۔

تِمْثَال: مجسمہ ج: تَمَاثِیل۔

تِمْثَالٌ یُعْبَدُ: بت۔

تِمْثَالٌ مَنْحُوت: پتھر کا تراشا ہوا مجسمہ۔

تَمْثِیل: تشبیہ (۲) اداکاری، ایکٹنگ (۳) نمائندگی، ترجمانی۔

تَمْثِیلُ الحَقِیقَة: واقعہ کی تصویر۔

التَّمْثِیلُ الدِّبْلُومَاسِیّ: سفارتی نمائندگی۔

تَمْثِیلٌ سِینَمَائِیّ: فلمی اداکاری۔

تَمْثِیلُ العَالَم: دنیا کی نمائندگی۔

تَمْثِیلٌ مُتَكَافِئٌ: مساوی نمائندگی۔

تَمْثِیلٌ مَسْرَحِیّ: ڈرامہ، ڈرامہ اداکاری۔

دَارُ التَّمْثِیل: سینما گھر، تھیٹر۔

تَمْثِیلِیَّة: ڈراما۔

تَمْثِیلِیّ: ڈرامائی۔

مُمَثِّل: کمشنر، نمائندہ، ایجنٹ، آرٹسٹ۔

المُمَثِّلُ الدَّائِم لَدَى المُنَظَّمَة: ادارہ میں مستقل نمائندہ۔

مُمَثِّلُ الرِّوَایَات: ایکٹر۔

مُمَثِّل سِینَمَائِیّ: اداکار، ہیرو۔

المُمَثِّلُ الشَّخْصِیّ: ذاتی نمائندہ، پرائیویٹ نمائندہ۔

مُمَثِّلٌ شَرْعِیّ: باضابطہ نمائندہ، جائز نمائندہ۔

مُمَثِّلٌ صَحَفِیّ: صحافتی نمائندہ۔

مُمَثِّلٌ عَامّ: نمائندۂ عمومی، عمومی نمائندہ، جنرل ایجنٹ۔

مُمَثِّلٌ عَلْمَانِیّ: سیکولر نمائندہ۔

المُمَثِّلُ لِلآمَال: ترجمان۔

مُمَثِّلٌ مُفَوَّض: ایمبیسیڈر، بااختیار نمائندہ۔

مُمَثِّلٌ وَحِید: واحد نمائندہ۔

مُمَثِّلَة: ایکٹرس، ہیروئن۔

مُمَثِّلُو الجَرِیدَة: اخباری نمائندہ۔

م ج ج

مجاج: [illegible]

مُجَاجُ النحل: شہد۔

مُجَاجُ العِنَب: شراب۔

مُجَاجُ المُزْن: بارش۔

مُجَاجَة: نچوڑ۔

مَجَدَ ـُ مَجَادَةً و مَجَدَ ـُ مَجْداً: صاحب عظمت ہونا۔

مَجَّدَ: تعظیم کرنا (۲) تعریف کرنا۔

تَمَجَّدَ: بزرگ بننا، بڑا بننا۔

مَجْد: عزت، عظمت، بزرگی ج: اَمْجَاد۔

مَجْدِیّ: عظمت سے متعلق۔

مَجِید: صاحب عظمت، باعزت۔

اَمْجَد: تعظیم ترین، مقدس ترین۔

مَجُوس: آتش پرست

مَجُوسِیّ مَجُوسِیَّة: آتش پرست۔

مَجَلَّة: رسالہ، میگزین (دیکھئے: جلل)۔

مَجَنَ ـُ مُجُوناً و تَمَجَّنَ: بے حیا ہونا، شوخ

ہونا (۲) مذاق کرنا (۳) سخت ہونا۔
مُجُوْن: شوخی، مذاق، گستاخی۔
مَجَّان، مَاجِن: شوخ، بے حیا، گستاخ۔
مَجَّانَ ، مَجَّانِيّ: مُفت، بلاقیمت۔
مَجَّاناً: مُفت۔

م .... ح

مَحَصَ ـَـ مَحْصاً و مَحَّصَ: صاف کرنا، منقح کرنا (۲) جانچ پڑتال کرنا۔
اَمْحَصَ ، تَمَحَّصَ: ظاہر ہونا، تاریکی دور ہونا۔
تَمَحَّصَ ، اِنْمَحَصَ: صاف و منقح ہونا۔
مَحُصَ ـُـ مُحُوْصَةً: خالص ہونا۔
مَحَضَ ـَـ مَحْضاً و اَمْحَضَ فُلَاناً النُّصْحَ أو الوُدَّ: خالص دوستی کرنا۔
مَحْضٌ: خالص، پیور (۲) صریح (۳) محض، صرف۔
مُحْضُ الوُدِّ: خالص دوستی۔
بِمَحْضِ اخْتِیَارِہٖ: پوری رضامندی سے۔
مَحَقَ ـَـ مَحْقاً: ہلاک کرنا، زائل کرنا (۲) مٹانا (۳) باطل کرنا (۴) کسی چیز کی برکت ختم کرنا۔
اَمْحَقَ: مال تباہ ہونا (۲) چاند کا آخری تاریخوں میں ہونا (۳) بے نور ہونا۔
مَحَکَ ـَـ مَحْکاً: گفتگو میں جھگڑنا۔
مَاحَکَہٗ: دشمنی کرنا، مخاصمت کرنا۔
مَحُلَ ـُـ مَحْلاً و مَحَالَۃً: قحط زدہ ہونا۔
مَحِلَ بہٖ: شکایت کرنا (۲) سازش کرنا۔
اَمْحَلَ المَطَرُ: بارش نہ ہونا۔

مَحْلٌ: خشک سالی (۲) سخت بھوک (۳) چال، دھوکہ۔
مَحَال: چرخی جس پر رسی ڈال کر کھینچی جائے۔
لَا مَحَالَۃَ: یقیناً۔
مَحَنَ ـَـ مَحْناً و اِمْتَحَنَ: جانچنا، امتحان لینا، آزمانا، پرکھنا (۲) مصیبت میں ڈالنا۔
مِحْنَۃ: آزمائش، سختی، تجربہ ج: مِحَن۔
مِحْنَۃٌ عَارِضَۃ: ہنگامی مشقت۔
اِمْتِحَان: جانچ، ٹسٹ۔
اِمْتِحَانُ مُسَابَقَۃ: مقابلہ کا امتحان۔
اِمْتِحَانٌ مُلْحَق: سپلیمنٹری امتحان، ضمنی امتحان۔
الاِمْتِحَانُ النِّھَائِيّ: فائنل امتحان، سالانہ امتحان۔
مَحَا ـُـ مَحْواً: مٹانا، اثر زائل کرنا۔
مَحَا ، اِمَّحَی ، اِمْتَحَی ، تَمَحَّی: مٹنا۔
لَا یُمْحَی: انمٹ، پختہ۔
مِمْحَاۃ ، مَحَّایَۃ: ربڑ۔

م .... خ

مَخَخَ و اِمْتَخَ العَظْمَ: گودا نکالنا، بھیجہ نکالنا۔
مُخُّ العَظْم: ہڈی کا گودا (۲) ہر چیز کا خالص حصہ، جوہر (۳) دماغ (۴) دماغ کا اگلا حصہ ج: مِخَاخ۔
مَخِیْخ: گودے دار۔
مَخَرَ ـُـ مَخْراً و مُخُوراً: کشتی کا پانی کو چیرنا (۲) چیرنا۔
مَاخِرَۃ: کشتی ج: مَوَاخِر۔

مَخَضَ اللَّبَنَ ــُـ مَخْضاً: دودھ بلونا، مکھن نکالنا۔
مَخَضَ الشئَ: زور سے ہلانا۔
مَخَضَ الرَّأیَ: رائے کے ہر پہلو پر غور کرنا۔
مَخِضَتْ و تَمَخَّضَتِ الحَامِلُ: حاملہ عورت کا دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔
اِمْتَخَضَ و تَمَخَّضَ اللَّبَنُ: دودھ کا بے مکھن ہونا۔
تَمَخَّضَ عَنْه الشئُ: نتیجہ برآمد ہونا۔
تَمَخَّضَ الشئُ عَنِ النَّتَائِج: کسی چیز کے نتائج نکلنا۔
مَخَاض: دردِ زہ۔
مَاخِض: دردِ زہ میں مبتلا۔
مَخِيْض: مکھن نکلا ہوا دودھ۔
مِمْخَضُ اللَّبَن: مکھن نکالنے کی مشین، دودھ بلونے کی مشین یا برتن۔
مَخَطَ ــُـ مَخْطاً و تَمَخَّطَ: ناک کی ریزش نکالنا، ناک صاف کرنا۔
مَخَّطَ الوَلَدَ: بچہ کی ناک صاف کرنا۔
مُخَاط: ناک کی ریزش، رینٹ۔

م..........د

مَدَحَ ــَـ مَدحاً: تعریف کرنا۔
تَمَدَّحَ: فخر کرنا۔
مَدْحٌ: تعریف، ثناخوانی۔
مَدْحُ الذَّات: خودستائی۔
مَدِيْح: تعریف (۲) نعت ج: مَدَائِح۔
مَدَّدَ و مَدَّ ــُـ مَدّاً: دراز کرنا، بڑھانا، پھیلانا، اضافہ کرنا، توسیع کرنا۔
مَدَّدَ الخُطُوطَ الكَهرَبَائِيَّةَ: بجلی لائن بچھانا۔
مَدَّدَ الفَتْرَةَ: مدت بڑھانا۔
مَدَّتِ الدُّنْيَا لَه ذِرَاعَيْهَا: دنیا اس کے قدموں میں گر پڑی۔
اَمَدَّهُ بِكَذَا: مدد دینا، سپلائی کرنا۔
مَدَّهُ و اَمَدَّهُ: مہلت دینا۔
مَدَّ و أَمَدَّ الجُنْدَ: فوج کو کمک پہنچانا۔
مَدَّ يَدَ المُسَاعَدَةِ إلَى: دستِ تعاون دراز کرنا۔
مَدَّ أَجَلَ شَيْ: مدت میں توسیع کرنا۔
مَدَّ أَحَداً بِالسِّلَاح: ہتھیار سپلائی کرنا۔
مَدَّ التَّأْثِيْرَ: اثر ورسوخ بڑھانا۔
مَدَّ بَصَرَهُ إلَى: نگاہ دوڑانا۔
مَدَّ الأَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
مَدَّ القَلَمَ: قلم کو روشنائی لگانا، روشنائی میں ڈالنا، ڈبونا۔
مَدَّ بَقَاءَ القُوَّات: فوجوں کے قیام کی مدت میں اضافہ کرنا۔
مَدَّ السَّيْطَرَةَ إلَى: کنٹرول بڑھانا۔
مَدَّ العَمَلَ بالاِتِّفَاقِيَّة: معاہدہ کو طول دینا، معاہدہ پر عمل میں توسیع کرنا۔
مَدَّ الفَتْرَةَ: مدت میں توسیع کرنا۔
مَدَّ خَطّاً حَدِيْدِيّاً: ریلوے لائن بنانا۔
مَادَّهُ مُمَادَّةً: ٹالنا (۲) ٹال مٹول کرنا۔
اِمْتَدَّ، تَمَدَّدَ: پھیلنا۔
اِمْتَدَّ إلَى: پہنچنا، دراز ہونا۔
تَمَدَّدَ: بڑھنا، پھیلنا (ضد تقَلَّصَ) (۲) انگڑائی لینا (۳) لیٹنا۔
اِسْتَمَدَّ مِنْ: مدد لینا، حاصل کرنا۔

اِستَمدَّ فُلاناً: کسی سے مدد طلب کرنا۔
المَدُّ الإسلامِیّ: اسلامی ترقی، پھیلاؤ۔
مَدَد: کمک اعانت۔
مُدَّة: عرصہ، مدت، ٹائم، پیریڈ۔
مُدَّةُ الاِخطار: نوٹس کی مدت۔
مُدَّةُ انعِقادِ المَجلِس: سیزن۔
مُدَّةُ الصَّلاحِيَّة: مدتِ استعمال، مدتِ نفاذ۔
مُدَّةُ الكَمبِيالَة: ڈرافٹ کی مدت۔
مُدَّةُ المُحاسَبَة: حسابی مدت۔
مُدَّةُ المِيزَانِيَّة: بجٹ کی مدت۔
مِدَّة: پیپ۔
مِداد: روشنائی (۲) کھاد (۳) طرز۔
مَدَّاد: مادّ: نباتات کی بیل۔
المَدَّاد: فاؤنٹن پین۔
مَدِید: دراز۔
مَادَّة: اجزائے ترکیبی، میٹریل (۲) عنصر، ایٹم (۳) قانون کی دفعہ (آرٹیکل) (۴) شرط (۵) مضمون کا مواد، میٹر (۶) بل وغیرہ کی تفصیل ج: مَوادُّ۔
مَادَّةٌ صَاقِلَة: پالش۔
مَادَّةٌ غِذَائِيَّة: فوڈ۔
مَادَّةُ القانُون: آرٹیکل، قانون کی دفعہ۔
مَادَّةٌ كِيمِيَائِيَّة (كِيمَاوِيَّة): کیمیکل، کیمیائی اجزا۔
مَادَّةٌ مُلَمِّعَة: پالش۔
المَوادُّ الاَسَاسِيَّة: بنیادی اشیاءِ ضرورت۔
المَوادُّ الاستِهلاكِيَّة: اشیاءِ صرف۔
المَوادُّ الاَوَّلِيَّة: ابتدائی سامان، بنیادی میٹریل، خام مال۔
مَوادُّ البِناء: بلڈنگ میٹریل۔
المَوادُّ التَّموِينِيَّة: سامانِ رسد، غذائی اشیاء۔
مَوادُّ الصَّحِيفَة: اخبار کا میٹر، مواد، مضامین۔
المَوادُّ الغِذَائِيَّة: اشیاءِ خوردنی۔
مَوادُّ فَرعِيَّة: جزوی میٹریل، چھوٹا میٹریل۔
مَوادُّ قَابلَةٌ للفَرقَعَة: دھماکہ خیز اشیاء۔
مَوادُّ مُتَفَجِّرَة: دھماکہ خیز اشیاء۔
المَوادُّ المَضبُوطَة: منضبط اشیاء۔
مَوادُّ مَمنُوعَة: ممنوعہ اشیاء۔
المَوادُّ الخَام: خام اشیاء جن سے ابھی کچھ تیار نہ کیا گیا ہو۔
مَوادُّ الاِتِّفاق: مضمونِ معاہدہ۔
مَادِّيّ: ضد مَعنَوِیّ (۲) دنیوی (۳) وہ شخص جو صرف مادہ کو کائنات میں متصرف سمجھ کر خدا کا منکر ہو۔
مَادِّيّاً: مادی طور پر۔
مَادِّيّاً و مَعنَوِيّاً: مادی اور اخلاقی طور پر۔
اِمدَادات: سپلائی۔
اِمتِداد: اضافہ، تسلسل، ترقی، پھیلاؤ، سلسلہ۔
تَمدِید: توسیع، توسیعِ مُدت۔
مُمتَدّ، مَمدُود: پھیلا ہوا، دراز، کشادہ۔
مَدَر: ڈھیلا، گارا جو خشک ہو گیا ہو (۲) قصبہ (۳) گاؤں و: مَدَرَة۔

مَدَّنَ: متمدن بنانا، شہری بنانا۔
تَمَدَّنَ: شہری بننا، متمدن بننا۔
مَدَنِيّ: شہری، سٹیزن، سول (۲) شہر کا باشندہ، سویلین، غیر فوجی، غیر فوجداری۔
قَانُونٌ مَدَنِيّ: سول لا، قانونِ دیوانی۔
قَانُونٌ مَدَنِيٌّ مُوَحَّد: یکساں سول کوڈ۔
دَعْوىً مَدَنِيَّة: مقدمۂ دیوانی۔
مَدِيْنَة: شہر، سٹی ج: مُدُن۔
مَدِيْنَةُ السَّلَام: بغداد۔
مَدَنِيَّة: شہریت، تمدن۔
مَدَى: (۱) گنجائش (۲) مسافت، دوری (۳) حد، غایت، منتہا (۴) عرصہ، میعاد۔
مَدَى الأَجْيَال: صدیوں، صدیوں میں۔
المَدَى الأَقْصَى: لیمٹ، آخری حد۔
مَدَى البَصَر: حدِ نگاہ، تانظر، منتہائے نظر۔
المَدَى البَعِيْد: طویل عرصہ۔
مَدَى التَّأْثِيْرِ عَلَى شَيْءٍ: دائرۂ اثر۔
مَدَى الحَيَاة: تازیست، تاعمر۔
مَدَى السُّلْطَة: دائرۂ اختیار۔
مَدَى الشَّيْءِ: کسی شے کا طول وعرض۔
مَدَى العُمُر: عمر بھر، تازیست۔
المَدَى القَصِيْر: مختصر میعاد، مختصر مدت۔
مَدَى الكَارِثَة: حادثہ کی گہرائی، حادثہ کے اثرات۔
مَدَى المِدْفَع: توپ کی مار، زد۔
بَعِيْدُ المَدَى: دوررس۔
مُدْيَة: چھری ج: مُدىً۔
مَدَوِيّ: چھری بنانے والا۔
مَادَى، أَمْدَى: مہلت دینا۔

تَمَادَى فِي الأَمْر: کام کو طول دینا، ڈھیل دینا (۲) انتہا کو پہنچنا (۳) دور نکل جانا۔
تَمَادَى فِي شَيْءٍ: حد سے بڑھ جانا۔

م............ذ

مَذَقَ ـُ مَذْقاً: آمیزش کرنا، ملانا۔
مَذَّاق: ملاوٹ کرنے والا۔
مَذَّاق، مُمَاذِق: منافق۔

م............ر

مَرَأَ، مَرِئَ، مَرُؤَ الطَّعَامُ مَرَاءَةً: کھانے کا مزیدار ہونا، مرغوب وخوش مزہ ہونا۔
مَرُؤَ ـُ مُرُوْءَةً: صاحبِ مروّت ہونا۔
اِسْتَمْرَأَ الشَّيْءَ: مزہ لینا، مزیدار سمجھنا، لطف لینا۔
مَرْءٌ، اِمْرُؤٌ: انسان ج: رِجَال۔
مَرْأَة، اِمْرَأَة: عورت ج: نِسَاء۔
اِمْرَأَةٌ فِي عِصْمَةِ رَجُلٍ: شادی شدہ۔
مُرُوْءَة، مُرُوَّة: انسانیت، ایسا جوہر جس سے انسانِ کامل کی خصلتیں اُبھرتی ہیں۔
مَرِجَ ـَ مَرَجاً: خراب ہونا، درہم برہم ہونا۔
مَرَجَ الدَّابَّةَ ـُ مَرْجاً: جانور کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔
مَرْج: چراگاہ ج: مُرُوْج۔
مَرْج، مَرَج: گڑبڑی، فساد، ہنگامہ۔
هَـرْجٌ و مَـرَجٌ: ہل چل، بگیر و بزن کا شور، داروگیر کا غوغا۔
مَرِحَ ـَ مَرَحاً: خوشی سے پھول جانا، خوشی سے اترانا۔
مَرَح: غایت درجہ مسرت، اتراہٹ۔
مَرِح: خوش، شاداں، خوشی میں مست، مگن۔

مَرْحىٰ: واہ واہ، بہت خوب، بہت ٹھیک۔
مَرْحَبَ الرَّجُلَ: خوش آمدید کہنا۔
مَرَدَ: ٹہنی سے پتے صاف کرنا۔
مَرُدَ ـُ مُرُوْدَةً و تَمَرَّدَ: نافرمان ہونا، سرکش ہونا۔
تَمَرُّد: بغاوت، حکم عدولی، سرکشی۔
تَمَرُّدٌ عَلَنِيٌّ: علانیہ بغاوت۔
مَارِد: سرکش (۲) بلند۔
مَارِد ، مَرِيْد: نافرمان ج: مَرَدَة۔
اَمْرَدُ: بے ریش ج: مُرْدٌ۔
مَرَّرَ: کڑوا بنانا (۲) پاس کرنا، گزارنا۔
مَرَّ ـَ مَرَارَةً: کڑوا ہونا۔
مَرَّ ـُ مُرُوْراً: گزرنا (۲) جانا (۳) پار ہونا (۴) جگہ کو پاس کرنا، پھلانگنا۔
مَرَّ عَلَيْه: پاس سے ہو کر جانا۔
مَرَّ بِمَرْحَلَةٍ حَرِجَةٍ: نازک دور سے گزرنا۔
اَمَرَّهُ إمْرَاراً: گزارنا۔
اِسْتَمَرَّ: مسلسل ہونا (۲) برقرار رہنا۔
اِسْتَمَرَّ فِي العَمَلِ: کام جاری رکھنا۔
اِسْتَمَرَّ فِي المَنْصِبِ: عہدہ پر برقرار رکھنا۔
اِسْتَمَرَّتِ العَمَلِيَّةُ: کارروائی جاری رہنا۔
مُرُوْر: گزر، عبور۔
المُرُوْرُ بِدُوْنِ اِشَارَاتٍ: بلا سگنل ٹریفک۔
مُرُوْرٌ فِي اتِّجَاهٍ وَاحِدٍ: ون وے ٹریفک۔
المُرُوْرُ فِي الطَّرِيْقِ: ٹرانزٹ، راہ گزر۔
مُرٌّ: کڑوا، تلخ (۲) تکلیف دہ۔
مَرَّة: ایک دفعہ ج: مَرَّات۔
بِالمَرَّةِ: (۱) بالکل نہیں، قطعاً نہیں۔
مِرَاراً: متعدد بار (۲) کبھی کبھی۔
مِرَّة ، مَرَارَة: صفراء، پت۔
مَرَارَة: تلخی، کڑواہٹ۔
بِمَرَارَةٍ: تلخی و ناگواری کے ساتھ (۲) سختی سے۔
مُرُوْر: عبور، گزر۔
تَذْكِرَةُ المُرُوْرِ: پاس۔
حَرَكَةُ المُرُوْرِ: ٹریفک۔
مَرِيْر: تلخ، کڑوا (۲) پختہ ارادہ۔
اَمَرُّ: تلخ ترین۔
الاَمَرَّان: بڑھاپا اور افلاس۔
اِسْتِمْرَار: دوام، تسلسل، برقراری۔
بِاسْتِمْرَارٍ: مسلسل، برابر۔
مَمَرّ: گزرگاہ ج: مَمَرَّات۔
مَمَرٌّ إلَى البَحْرِ: سمندر کو جانے والا راستہ۔
مَمَرُّ المُشَاةِ: فٹ پاتھ۔
مَمَرَّاتٌ مَائِيَّة: آبی شاہراہیں۔
مَرَسَ ـُ مَرْساً: پانی میں بھگونا، پانی میں حل کرنے کے لئے بھگونا۔
مَرَسَ يَدَهُ بِالمِنْدِيْلِ: رومال سے ہاتھ پونچھنا۔
مَارَسَ العَمَلَ او الاَمْرَ: مسلسل کرنا، پریکٹس کرنا، کوئی کام بطور پیشہ کرنا۔
مَارَسَ الإرْهَابَ: دہشت پسندی اختیار کرنا۔
مَارَسَ الاَعْمَالَ الإجْرَامِيَّةَ: مجرمانہ حرکتیں کرنا۔
مَارَسَ التَّأْثِيْرَ عَلَى كذا: کسی چیز پر اثر ڈالنا۔
مَارَسَ الحَقَّ: حق کا استعمال کرنا۔

مَارَسَ دَوْراً: کردارادا کرنا، پارٹ ادا کرنا۔
مَارَسَ السُّلْطَةَ: اختیار کا استعمال کرنا، برسرِ اقتدار ہونا۔
مَارَسَ السِّيَاسَةَ: پالیسی بنانا، پالیسی پر چلنا۔
مَارَسَ الصَّلَاحِيَّاتِ لكذا: اختیارات سے کام لینا۔
مَارَسَ الضَّغْطَ على: دباؤ ڈالنا۔
مَارَسَ العَمَلِيَّاتِ: کارروائیاں کرنا۔
مَارَسَ لُعْبَةً: کوئی کھیل کرنا۔
مَارَسَ المُحَامَاةَ: وکالت کرنا۔
مَارَسَ المَسْئُولِيَّةَ: ذمہ داری لینا۔
مَارَسَ الوَسَاطَةَ: ثالثی کا کام انجام دینا۔
تَمَارَسُوا: باہمی متصادم ہونا۔
تَمَرَّسَ بالشيء: ٹکرانا، رگڑ لگنا (۲) مشاق ہونا، ماہر ہونا۔
مَرِسٌ: کارآزمودہ، تجربہ کار، مشاق۔
مِرَاس، مَرَاسَة: طاقت، سختی۔
سَهْلُ المِرَاس: نرم مزاج۔
صَعْبُ المِرَاس: سخت مزاج۔
مَارَس: مارچ۔
مَارِسْتَان: (دا) ہسپتال۔
مُمَارَسَة: مشق، مزاولت، پریکٹس، عملی سابقہ، واسطہ، کوشش، تحریک، ایکسرسائز، انجام۔
مُمَارَسَات: سرگرمیاں، کاوشیں و: مُمَارَسَة۔
مُمَارَسَاتٌ نَاشِئَة: ابتدائی سرگرمیاں۔
مَرِضَ ـَ مَرَضاً: بیمار ہونا۔
مَرَّضَ المَرِيضَ: تیمارداری کرنا۔

مَرَّضَ و أَمْرَضَ: بیمار بنانا۔
مَرَض: بیماری ج: أَمْرَاض۔
مَرَضٌ بَسِيط: ناسازیِ طبع۔
مَرَض السُّكَّر: شکر کی بیماری، ذیابیطس۔
مَرَض القَلْب: دل کی بیماری۔
مَرَضٌ مُعْدٍ: متعدی بیماری۔
إِجَازَةٌ مَرَضِيَّة: رخصتِ بیماری۔
أَمْرَاضُ سِمَنٍ: موٹاپے کی بیماریاں۔
أَمْرَاضٌ مُسْتَعْصِيَة: ناقابلِ علاج بیماریاں، خطرناک امراض۔
أَمْرَاضٌ مُعْضِلَة: پیچیدہ امراض۔
مَرِيضُ الصَّرْع: مرگی کا مریض۔
تَمْرِيض: نرسنگ، تیمارداری۔
مُمَرِّض: تیماردار۔
مُمَرِّضَة: نرس (۲) نرس ج: مُمَرِّضَات۔
مَرَطَ ـُ مَرْطاً: بال چونٹنا۔
تَمَرَّطَ الشَّعْرُ: بال اکھڑنا۔
مَرِيط، أَمْرَط: بے بال و پر ج: مِرَاط و مُرْط۔
مَرَغَ بالدُّهْنِ ـَ مَرْغاً: تیل ملنا۔
مَرِيع: شاداب، زرخیز۔
مَرَّغَ الشيءَ فِي التُّرَاب: مٹی میں لت پت کرنا۔
مَرَّغَ رَأْسَه: سر میں خوب تیل مارنا، تر بتر کرنا۔
مَرَّغَ و أَمْرَغَ عِرْضَه: آبرو کو بٹہ لگانا۔
تَمَرَّغَ فِي التُّرَاب: مٹی میں لوٹنا۔
تَمَرَّغَ فِي الأَمْر: متردد ہونا۔
مَرَقَ مِنه ـُ مُرُوقاً: گزرنا، آرپار ہونا، تیزی سے نکلنا۔

مَرَق مِنَ الدِّیْن: دین سے الگ ہونا۔
مَرَق: شوربا، سوپ۔
مَارِقٌ عَنِ الدِّیْنِ: مرتد، بے دین، گمراہ، ملحد۔
مُرُوْق: بے دینی (۲) گمراہی۔
مَرْمَر: پتھر کی ایک قسم، سنگِ مرمر۔
مَرَنَ ــُـ مُرُوْنَةً: ملائم و نرم ہونا، لچکدار ہونا۔
مَرَنَ عَلَى الشَّیْءِ: عادی ہونا، مشاق ہونا۔
مَرَّنَ عَلَى: مشق کرانا (۲) ٹریننگ دینا (۳) عادی بنانا۔
تَمَرَّنَ عَلَى: مشق کرنا (۲) عادی ہونا۔
مَرِنٌ: نرم، لچکدار۔
مِرَان، تَمْرِیْن: مشق، تمرین، ریہرسل، ایکسرسائز۔
مِرَانٌ جَسَدِیٌّ: ورزش۔
فِی مِرَانٍ، تَحْتَ مِرَانٍ: زیرِ مشق و ٹریننگ۔
مُمَرَّن، مُتَمَرِّن: مشق کیا ہوا، ٹریننگ یافتہ، ٹرینڈ۔
مَارَاهُ مُمَارَاةً: جھگڑنا۔
اِمْتَرَى فِي الأَمْرِ: شک کرنا۔
مِرْيَة: شک۔
مِرْيَة، مِرَاء: جھگڑا۔

م............ز

مَزَجَ ــُـ مَزْجاً: ملانا، مکس کرنا، ملاوٹ کرنا۔
اِمْتَزَجَ بِهٖ: ملنا، گڈمڈ ہونا، مکس ہونا۔
مِزَاج: اُفتادِ طبع، مزاج، موڈ ج: اَمْزِجَة۔
مَزِیْج: ملی ہوئی چیز (۲) مرکب، مکسچر، مخلوطہ۔
مَزَحَ ــَـ مَزْحاً: مذاق کرنا۔
مَزَّاح: جوکر۔

مَزَقَ ــِـ مَزْقاً: پھاڑنا، چیرنا، پارہ پارہ کرنا۔
مَزَّقَ: چیرنا، پھاڑنا، تباہ کرنا، دھجیاں اڑانا۔
مَزَّقَ الشَّمْلَ: شیرازہ بکھیرنا، منتشر کرنا۔
مَزَّقَ عِرْضَهُمْ: آبروریزی کرنا۔
مَزَّقَ الأَوْصَالَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، پرخچے اڑانا۔
مَزَّقَ التَّضَامُنَ: اتحاد کی دھجیاں اُڑانا۔
تَمَزَّقَ: پھٹنا، پارہ پارہ ہونا، پھوٹ پڑنا۔
یُمَزِّقُ الْقَلْبَ: دل شکن۔
مُزْن: بادل (پانی سے لبریز) و: مُزْنَة۔
حَبُّ الْمُزْنَةِ: اولا۔

م............س

مَسَحَ ــَـ مَسْحاً: پونچھنا، مٹانا (۲) جوتا صاف کرنا۔
مَسَحَ الْخَشَبَ: لکڑی پر رندہ کرنا۔
مَسَحَ بِالزَّیْتِ أَوِ الدُّهْنِ: تیل یا روغن ملنا۔
مَسَحَ الدُّمُوْعَ: آنسو پونچھنا۔
مَسَحَ الأَرَاضِیَ: زمینوں کا سروے کرنا۔
تَمَسَّحَ بِالْمَاءِ: غسل کرنا۔
مِسْحٌ: ٹاٹ ج: مُسُوْح۔
مَسْح و مِسَاحَةُ الأَرَاضِی: زمین کا سروے، پیمائش، رقبہ۔
المَسْحُ المَیْدَانِیُّ: فیلڈ سروے۔
مِسَاحَةُ الأَرْضِ: (۲) رقبہ۔
مِسَاحَةُ الْبَیْتِ ۴۰۰ مِتْر، مُرَبَّع: گھر کا رقبہ چار سو میٹر مربع ہے۔
مَصْلَحَةُ الْمِسَاحَةِ: سروے کا محکمہ۔
مَسَّاحُ الأَرَاضِی: زمین کا سروے کرنے والا۔

مَسَّاحُ الأَحْذِيَة: پالش کرنے والا۔
مَسَّاحَة: (ا) مٹانے کا ربڑ۔
مَسِيحِيّ: کرسچن، عیسائی۔
تِمْسَاح: مگرمچھ ج: تَمَاسِيحُ۔
مِمْسَحَةُ الأَرْض: پیمائش کا فیتہ، سروے کرنے کا آلہ (۲) صاف کرنے کا کپڑا، جھاڑو۔
مِمْسَحَةُ الأَرْجُل: پائدان۔
مَسَخَ ـَـ مَسْخاً: صورت بدلنا، شکل بگاڑنا (۲) کھانے کو بدمزہ بنانا۔
مَسِيخ، مَاسِخ: (ا) بےمزہ۔
مَاسُورَة: نلکی، پائپ ج: مَوَاسِير۔
مَاسُورَةُ البُخَار: اسٹیم پائپ۔
مَوَاسِيرُ فَخَّار: مٹی کے پائپ۔
مَوَاسِيرُ مِيَاهِ ضَغْطٍ عَالٍ: ہائی پریشر واٹر پائپ۔
مَسَّ ـُـ مَسّاً و مِسَاساً: ہاتھ لگانا، چھونا (۲) لگنا، لاحق ہونا (۳) متعلق ہونا۔
مَسَّ كَرَامَتَه و بِكَرَامَتِه: عزت کو ٹھیس پہنچانا۔
مَسَّ الشَّيْءُ شَرَفَه: عزت پر آنچ آنا۔
مَسَّ السِّيَاسَةَ: پالیسی پر آنچ آنا۔
مَسَّهُ بِأَذىً: تکلیف پہنچانا۔
مَسَّهُ المَرَضُ: بیماری لگنا۔
مَسَّهُ الكِبَرُ: بڑھاپا آجانا۔
مَسّ، مَسٌّ مِنْ جُنُون: جنون، دیوانگی، دماغ کی خرابی، دماغ میں کریک۔
مِسَاس: تعلق، اثر، جیسے (لَهُ مِسَاسٌ بِكَذَا)۔
مِسَاسٌ بِعِرْضٍ: آبروریزی۔
مِسَاسٌ بِكَذَا: ٹھیس، آنچ۔
مَمْسُوس: دیوانہ (۲) محسوس۔
مَسَّكَ تَمْسِيكاً: خوشبو لگانا (۲) پکڑوانا، تھمانا۔
مَسَكَ ـُـ مَسْكاً و أَمْسَكَ الشَّيْءَ و بِهِ: پکڑنا، گرفت میں لینا (۲) کیچ کرنا، دبوچنا، تھامنا۔
مَسَكَ ـُـ لِسَانَه: خاموش ہونا۔
مَسَكَ البَطْنَ: قبض کرنا۔
مَسَكَ، تَمَسَّكَ و اسْتَمْسَكَ بِه: مضبوطی سے پکڑنا، تھامنا، چمٹنا (۲) محفوظ کرنا۔
مَسَكَ الحِسَابَ: حساب منضبط کرنا۔
أَمْسَكَ و اسْتَمْسَكَ عَنْ: رکنا۔
أَمْسَكَ الشَّيْءَ عَلَى نَفْسِه: اپنے پاس رکھنا، بدستور قابض رہنا، ہاتھ سے نہ جانے دینا، محفوظ رکھنا۔
أَمْسَكَ بِالجُنَاة: مجرموں کو پکڑنا، گرفت میں لینا۔
أَمْسَكَ الأَعْصَابَ: قابو پانا۔
أَمْسَكَ الدَّفَاتِرَ: رجسٹروں کو درست کرنا۔
تَمَسَّكَ بِالرَّأْي: رائے پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنا۔
تَمَسَّكَ بِالسُّلْطَة: اقتدار سنبھالنا۔
تَمَسَّكَ بِالمَوْقِف: پالیسی پر قائم رہنا۔
تَمَسَّكَ بِمَوْقِفٍ عَنِيدٍ: معاندانہ

روش اختیار کرنا۔
تَمَسَّکَ بِوُجھَۃِ نَظَرٍ: نقطۂ نظر اختیار کرنا۔
تَمَاسَکَ: خود پر قابو پانا۔
تَمَاسَکَ بہ: پکڑنا، تھامنا۔
اِستَمُسَکَ بَولُہ: پیشاب رُکنا۔
مُسُک: خوراک، غذا۔
مَسُکُ الدَّفَاتِرِ التِجَارِیَۃ: بُک کیپنگ۔
مِسُک: خوشبو، مُشک۔
مَسُکَۃ: ہینڈل۔
مَسِیک: بخیل۔
مَاسِکُ الدَّفَاتِرِ: بُک کیپر۔
مَاسِکُ الوَرَقَۃِ فی الآلَۃِ الکَاتِبَۃ: پیپر گریپ۔
اِمُسَاک: قبض (۲) بخل۔
اِمُسَاکُ الدَّفَاتِرِ: بُک کیپنگ۔
تَمَاسُک: اتحاد، ارتباط، یکجہتی، گٹھاوَ، باہمی ربط، باہمی جوڑ، جماوَ۔
تَمَاسُکُ الاَعُصَاب: اعصاب پر کنٹرول۔
التَّمَاسُکُ و التَرابُط: اتفاق واتحاد۔
التَّمَاسُک و التَّکَاتُف: باہمی ربط و ضبط۔
تَمَاسُکُ التَّنظِیم: تنظیم کی مضبوطی۔
مِمُسَک: ہینڈل۔
مُتَمَاسِک: گٹھا ہوا۔
مُسُکُوبِیّ: (مع) روسی۔
رِیَالٌ مُسُکُوبِیّ: روبل، ایک سکہ۔
اَمُسَی: ہوگیا (۲) خلاف اَصُبَحَ۔

مَسَاء: شام ج: أمُسِیَۃ۔
مَسَاء الخَیر: گڈ ایوننگ۔
اُمُسِیَّۃ: شب، شام۔
اُمُسِیَّۃ شِعُرِیَّۃ: بزمِ شعر (شبینہ) شامِ سخن۔

م.........ش

مَشَطَ ـُـِ مَشُطاً و مَشَّطَ: بالوں میں کنگھی کرنا۔
امُتَشَطَ و تَمَشَّطَ: بالوں کا سنورنا۔
مُشُطٌ: کنگھی، کنگھا ج: اَمُشَاط۔
مَاشِطَۃ: کنگھی کرنے والی خادمہ۔
مِشُمِش: زرد آلو۔
مَشُوّ: مسہل دوا۔
اَمُشَاہُ الدَّوَاءُ: دوا نے دست جاری کر دیئے۔
مَشَی ـِ مَشُیاً: چلنا۔
تَمَشَّی: ٹہلنا، تفریح کے لئے چلنا۔
تَمَشَّی مَعَ: ساتھ چلنا، ساتھ دینا، جوڑ کھانا۔
لَا یَتَمَشَّی مَعَ: بے جوڑ۔
مَشَّی و أمُشَی: چلانا۔
مَشَّی الأُمُورَ: معاملات چلانا، کام چلانا۔
مَاشَاہُ مُمَاشَاۃً: ساتھ دینا۔
مَاشٍ: پیدل ج: مُشَاۃ۔
المُشَاۃ: (خلاف الخَیَّالَۃ) پیدل دستہ۔
مَاشِیَۃ: چوپایہ ج: مَوَاشٍ۔
تَمَشِّیاً مَعَ: مطابق، ساتھ ساتھ، ساتھ دیتے ہوئے۔
تَمَشِّیاً مَعَ الزَّمَن: زمانہ کے ساتھ

ساتھ۔
تَمَشِّياً مَعَ الاَهْدَاف: اغراض ومقاصد کی روشنی میں۔
تَمَشِّياً مَعَ السِّيَاسَةِ الحَكِيمَة: دانش مندانہ پالیسی پر چلتے ہوئے۔

م............ص

مَصَّرَ المَكَانَ: آباد کرنا۔
تَمَصَّرَ الرَّجُلُ: شہر میں آباد ہونا (۲) مصری بننا۔
مِصْر: شہر، بستی، آباد جگہ (۲) ملکِ مصر۔
مِصْرُ السُّفْلَى: مصر کا سمندر سے ملتا ہوا حصہ۔
مِصْرُ العُلْيَا: بالائی مصر، مصر کا سمندر سے دور کا علاقہ، حصہ۔
مَصَّ ـُ مَصّاً و اِمْتَصَّ: چوسنا، جذب کرنا۔
مَصَّ و تَمَصَّصَ: چسکی لگانا۔
اِمْتَصَّ غَضَبَ الشَّعب: عوام کا غصہ ختم کرنا۔
مُصَاصَاتُ قَصَبِ السُّكر: کھوئی، گنے کا رس نکلا ہوا فاضل مادہ۔
اِمْتِصَاصُ السِّلَع: سامان کی کھپت۔
مَمْصُوص: چوسا ہوا (۲) دُبلا، کمزور۔
مَصَلَ اللَّبَنُ ـُ مَصْلاً: ٹپکنا، رسنا۔
مَصَّلَ اللَّبَنَ: پانی ٹپکانے کے لئے دودھ کو کپڑے میں لٹکانا۔

م............ض

مَضَض: درد، گھبراہٹ۔
عَلَى مَضَضٍ: ناگواری کے باوجود، اذیت کے باوجود، تکلیف کے ساتھ، ناگواری سے۔
مَضَّ ـُ مَضّاً و اَمَضَّ: تکلیف دینا۔
مَضَغَ ـَ مَضْغاً: چبانا۔
مُضْغَة: لقمہ (۲) گوشت کا ٹکڑا ج: مُضَغ۔
مَضْمَضَ المَاءَ فِى فَمِه: منہ میں پانی ڈال کر پھرانا، کلی کرنا۔
مَضْمَضَ الثَّوْبَ: دھونا۔
مَضَى ـِ مُضِيّاً: گزرنا (۲) وقت نکلنا (۳) ختم ہونا۔
مَضَى سَبِيْلَه أو لِسَبِيْلِه: مرنا۔
مَضَى قُدُماً فى كذا: آگے بڑھنا۔
مَضَى عَلَى وَجْهِه: وہ جدھر منہ اٹھا چلا گیا۔
مَضَى عَلَى الاَمْرِ و أَمْضَاهُ: مکمل کرنا۔
مَضَى عَلَى البَيْع: نافذ کرنا۔
مَضَى السَّيْفُ: تلوار کا تیز ہونا۔
مَضَى البَيَانُ يَقُولُ: بیان میں آگے چل کر کہا گیا۔
مَضَى فُلَانٌ قَائِلاً: فلاں نے مزید کہا۔
مَضَى وَقْتُه: آؤٹ آف ڈیٹ۔
لَمْ يَمْضِ وَقْتٌ طَوِيْل: زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی۔
أَمْضَى إِمْضَاءً: گزارنا (۲) دستخط کرنا۔
أَمْضَى السَّيْفَ: تیز کرنا، تلوار چلانا۔
أَمْضَى الصَّكَّ: چک اپنے دستخط سے جاری کرنا۔
أَمْضَى بالتَّوكِيل: کسی کی طرف سے دستخط کرنا۔
أَمْضَى الوَصِيَّةَ: وصیت پوری کرنا۔
مُضِيّ: رفت، اختتام۔

مَضاء: تیزی۔
مَاضٍ: گزشتہ (۲) تیز (۳) جانے والا۔
اِمْضاء: تکمیل۔
اِمْضاء، اِمْضاءَة: دستخط۔
اِمْضاءاتٌ مُصَدَّقٌ عَلَيْهَا: تصدیق شدہ دستخط۔
مُمْضٍ: دستخط کنندہ۔

م ...... ط

مَطَرَتِ السَّمَاءُ ـُ مَطَراً و اَمْطَرَتْ: آسمان سے پانی برسنا، بارش ہونا۔
أَمْطَرَ وَابِلاً مِنَ الرَّصَاصِ علی: گولیوں کی بوچھار کرنا، گولیاں برسانا۔
أَمْطَرَ وَابِلاً مِنَ الْقَنَابِلِ علی: بم برسانا۔
اِسْتَمْطَرَ اللّٰهَ: بارش کی دعا کرنا۔
مَطَر: بارش ج: اَمْطار۔
مَطَرٌ خَفِيف: (رَذَاذ) پھوار۔
مَطَرٌ غَزِيرٌ أو مِدْرَار: موسلا دھار بارش۔
مَطْرَة: بوند، ایک قطرہ (۲) بوچھار، چھینٹا۔
مَطَرِيَّة: چھتری۔
مِمْطَرة: برساتی، واٹر پروف۔
مِطْرَان: اسقفِ اعظم، بڑا پادری جو اسقف سے بڑا اور بطریک سے نیچے ہوتا ہے ج: مَطَارِنَة۔
مَطَّطَ: ربڑ کی طرح کھینچنا (۲) گالی دینا۔
تَمَطَّطَ: ربڑ کی طرح کھینچنا، دراز ہونا، کھنچ کر پھیلنا۔
مَطَّاط: ربڑ کی طرح کھنچنے والا (۲) ربڑ۔
مَطَّاطٌ اِسْفَنْجِيّ: فوم، اسپنج کا ربڑ۔

مَطَلَ الحَبْلَ ـُ مَطْلاً: رسّی کو پھیلانا، تاننا۔
مَطَلَ الحَدِيْدَ: لوہے کو چھیت کر پھیلانا، لوہا ڈھالنا۔
مَطَلَ و مَاطَلَ: ٹلانا، کسی کا حق دینے میں ٹال مٹول کرنا۔
مَطْوَة: ایک گھنٹہ۔
مَطْوَة، مِطْوَاة: چھری، چاقو۔
مَطِيَّة: سواری ج: مَطَايَا۔
اِمْتَطَى و أَمْطَى الدَّابَّةَ: سواری کرنا۔
تَمَطَّى: انگڑائی لینا (۲) اکڑ کر چلنا۔

م ...... ع

مَعَ: ساتھ۔
مَعَ أَنَّ: حالانکہ، باوجودیکہ۔
مَعَ ذٰلِكَ: اس کے باوجود۔
مَعَ بَعْضِهِمُ البَعْض: آپس میں، ایک دوسرے سے۔
مَعَجَ البَحْرُ ـَ مَعْجاً: موجیں مارنا۔
تَمَعَّجَ الثُّعْبَانُ: سانپ کا بل کھانا۔
تَمَعَّجَ السَّيْلُ: سیلاب کا بل کھاتے ہوئے گزرنا۔
مَعِدِيّ: معدہ سے متعلق۔
مَعِدَ الرَّجُلُ: دردِ معدہ میں مبتلا ہونا۔
اِلْتِهَابُ المَعِدَة: ورمِ معدہ۔
مَمْعُود: مریضِ معدہ۔
مَعْز: بکری (اسمِ جنس) و: مَاعِز (نر اور مادہ دونوں کے لئے)۔
مَعَّاز: بکریاں چرانے والا۔
مَعِضَ ـَ مَعَضاً و امْتَعَضَ مِنَ الأَمْرِ: بُرا ماننا، کشیدہ خاطر ہونا، ناگوار ہوا۔

اِمْتِعَاض: ناگواری، کشیدہ خاطری۔
مُمْتَعِض: ناخوش، نالاں۔
مَعَطَ ــ مَعْطاً: چونٹنا۔
مَعَکَ ــ مَعْکاً: ملنا، رگڑنا۔
مَعْمَعَة: آگ لگنے کی آواز (۲) لڑائی کی شدت۔
مَعَامِع: لڑائیاں۔
مَعْمَعَانُ الشِّتَاء: سردی کی شدت۔
مَعْمَعَانُ الصَّيف: گرمی کی شدت۔
مَعْمَعِیّ، إِمَّعَة: ابن الوقت۔
أَمْعَنَ: گہرائی میں جانا۔
أَمْعَنَ النَّظَرَ: گھورنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، نظر جمانا۔
أَمْعَنَ النَّظَرَ في كذا: تنقیح کرنا، تلاش وتجسس کرنا، گہرائی کے ساتھ غور وفکر کرنا۔
مَعِين: رواں (۲) آب جاری۔
مَاعُون: برتن۔
مَاعُونُ وَرَقٍ: (رِزْمَةُ وَرَقٍ) کاغذ کارم۔
مَعَا السِّنَّوْرُ ــ مُعَاءً: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
مِعًى، مَعْیٌ، مِعَاء: آنت ج: أَمْعَاء و أَمْعِيَة۔

م.........ک

مَكْس: محصول، چنگی ج: مُكُوس۔
مَكْسٌ عَلَى السِّلَعِ الْمُسْتَوْرَدَة: ڈیوٹی، ٹیکس۔
دَارُ الْمُكُوس: چنگی چوکی، کسٹم ہاؤس۔
تَمَكَّنَ مِنْ كذا: قابو پانا، قادر ہونا۔
تَمَكَّنَ عِنْدَه: مقام حاصل کرنا۔

مَا كِينَة: مشین ج: مَا كِينَات۔
مَا كِينَةٌ آلِيَة: خودکار مشین، آٹومیٹک مشین۔
مَا كِينَةُ الحِلاقَة: شیونگ مشین، سیفٹی ریزر۔
مَا كِينَةُ خِيَاطَة: سلائی مشین۔
مَا كِينَةٌ لِإِعْدَادِ الفَوَاتِير: بل بنانے کی مشین۔
مَا كِينَةُ مُبَاشَرَةِ عَمَلٍ: اسٹارٹنگ مشین۔
المَاكِينَات: مشینری۔
مِيكَانِيكِيّ: میکانک، میکانسٹ، مشین مین۔
مِيكَانِيكِيُّ الطَّائِرَة: ہوائی جہاز کا میکانک۔
إِمْكَانَات: وسائل، امکانات، ذرائع ج: إِمْكَان۔
إِمْكَانِيَّة: امکان، صلاحیت، استطاعت ج: إِمْكَانِيَّات۔
الإِمْكَانِيَّةُ الاقْتِصَادِيَّة: اقتصادی طاقت۔
إِمْكَانِيَّةٌ بِلا حُدُودٍ: لامحدود وسائل۔
إِمْكَانِيَّةُ التَّطْبِيق أو التَّنْفِيذ: قابل تنفید ہونا۔
إِمْكَانِيَّاتٌ ضَخْمَة: زبردست وسائل۔
إِمْكَانِيَّاتٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی ذرائع۔
إِمْكَانِيَّاتٌ مَحْدُودَة: محدود وسائل۔
مُمْكِن: ممکن، امکانی (۲) ہوسکتا ہے، غالباً۔
مُمْكِنٌ فَصْلُه: قابلِ علاحدگی۔

م.........ل

مَلأَ ــ مَلئاً: بھرنا، پُر کرنا۔
مَلأَ الخانَةَ: خانہ پُری کرنا۔
مَلأَ الفَرَاغَ فی الاِسْتِمَارَة: فارم کی خانہ پُری کرنا، خالی جگہ بھرنا۔
مِلْءُ اليَدِ أو الكَفّ: مٹھی بھر۔
مِلْءُ البَطْن: پیٹ بھر۔
أكَلَ مِلْءَ بَطْنِه: پیٹ بھر کھانا۔
نَامَ مِلْءَ جَفْنِه: گہری نیند سونا۔
مُلاءَة: پلنگ کی چادر۔
مَمْلُوءٌ بالحَيَوِيَّة: طاقت سے بھرپور۔
مَمْلُوءٌ تَمَاماً: ٹائٹ۔
مُلْحَة: پُر لطف بات ج: مُلَح۔
مَلّاح: ملاح (۲) کشتی راں۔
مَلَاحَة: حُسن۔
مَلَاحَة، مُلُوحَة: شوریت۔
مِلَاحَة: جہاز رانی۔
مَمْلَحَة: نمک کی کان۔
مِمْلَحَة: نمک دان۔
مَلِيح: خوبرو، حسین۔
مَلَخ ــ مَلْخاً و امْتَلَخ: اکھاڑنا، قبضہ اکھاڑنا۔
مَلِيخ: بے مزہ۔
مَلِسَ ــ مَلَساً: چکنا ہونا۔
مَلَّسَ: چکنا بنانا (۲) پھسلواں بنانا۔
تَمَلَّسَ: چکنا ہونا۔
تَمَلَّسَ و انْمَلَسَ مِنْ: ہاتھ سے نکلنا (۲) چھٹکارا پانا۔
مَلِسٌ، امْلَسُ: چکنا، ملائم (ضد خشِن)۔
مَلَاسَة: چکناہٹ۔
مَلِصَ ــ مَلَصاً، تَمَلَّصَ: رہا ہونا، ہاتھ سے نکلنا، سرک جانا۔
تَمَلَّصَ مِنْ وَاجِبٍ: فرض سے بھاگنا، جی چُرانا۔
مَلِصٌ، اَمْلَصُ، مَلِيص: پھسلواں۔
مَلَطَ ــ مَلْطاً و مَلَّطَ الحَائِطَ: پلاسٹر کرنا۔
مَلَطَ الشَّعْرَ: بال اڑانا، مونڈنا۔
مِلَاطُ الحَائِط: پلاسٹر ج: مُلُط۔
مَالِطَة: جزیرہ مالٹا۔
مَلِقَ ــ مَلَقاً الرَّجُلَ و مَالَقَه و تَمَلَّقَه: چاپلوسی کرنا، خوشامد کرنا۔
اَمْلَقَ الرَّجُلُ: مفلس ہونا۔
مَلَقٌ، تَمَلُّق: چاپلوسی، خوشامد، کاسہ لیسی۔
مَلِق، مَلَّاق، مِمْلَاق: چاپلوس۔
مَلَّاقَة، مِمْلَقَة: زمین ہموار کرنے کی مشین۔
إمْلَاق: غایت درجہ کا افلاس۔
مَلَكَ ــ مِلْكاً و تَمَلَّكَ و امْتَلَكَ: مالک ہونا۔
مَلَكَ ــ مُلْكاً علی: حکومت کرنا۔
مَلَكَ نَفْسَه أو حَوَاسَّه: قابو پانا۔
مَلَكَ صَلَاحِيَّةً أو خِيَاراً: اختیار حاصل کرنا۔
تَمَلَّكَ علی، اِسْتَمْلَكَ: قبضہ کرنا، قبضہ میں لینا، اپنانا، ملکیت میں لینا۔
تَمَلَّكَ علی القَوْم: بادشاہ بننا۔
تَمَلَّكَهُ الرُّعْبُ: رعب طاری ہونا۔
تَمَلَّكَهُ نَوْبَةُ البُكَاء: گریہ طاری ہونا۔
مَلَّكَ و أمْلَكَ فُلاناً الشَّیْءَ: مالک بنانا۔
مَلَّكَ و أمْلَكَ علی: بادشاہ بنانا۔
تَمَالَكَ عَنْ كذا: رُکنا، کسی شے کے

بارے میں اپنے اوپر قابو پانا۔
مِـــلْک: ملکیت (۲) جائیداد، پراپرٹی ج: أَملاک۔
مِلْکٌ ثَابِت: غیر منقولہ جائیداد، نا قابلِ منتقلی جائیداد۔
مِلْکٌ مَنْقُول: منقولہ جائیداد۔
مِلْکُ التَّصَرُّف: کارروائی کا اختیار۔
مِلْکٌ عَقَارِیّ: زمینی جائیداد۔
مِـلْکٌ مَـوْقُـوفٌ عَـلَـى وَرَثَةٍ: وقف علی الاولاد۔
مِلْکِیَّةٌ: پراپرٹی، جائیداد، ملکیت۔
مِلْکِیَّةٌ بِالمُشَاع: مشترکہ ملکیت۔
مِلْکِیَّةٌ خَاصَّة: پرائیویٹ جائیداد۔
مِلْکِیَّةٌ دُسْتُورِیَّة: آئینی ملکیت۔
مِلْکِیَّةٌ عَامَّة: عوامی ملکیت، عوامی جائیداد۔
المِلْکِیَّةُ الفَرْدِیَّة: شخصی ملکیت، نجی ملکیت۔
مِلْکِیَّةٌ مُشْتَرَکَة: مشترکہ ملکیت۔
مُلْک: حکومت، اقتدار۔
مَلِک: بادشاہ ج: مُلُوک۔
مَلِکَة: رانی۔
مَلِکَةٌ حَاکِمَة: تاجدار رانی۔
مَلَکِیّ: شاہی (۲) سول، غیر فوجی۔
مَرْسُومٌ مَلَکِیّ: شاہی فرمان۔
بَذْلَةٌ مَلَکِیَّة: شاہی لباس۔
حُکُومَةٌ مَلَکِیَّة: شاہی حکومت۔
مُسْتَشَارٌ مَلَکِیّ: شاہی مشیر۔
مُوَظَّفٌ مَلَکِیّ: شاہی ملازم۔
مَلَک: فرشتہ ج: مَلَائِکَة۔
مَلَاک: دیوتا۔

مَلَاکُ الحُبّ: محبت کا دیوتا۔
مَـلَـکِیّ، مَلَائِکِیّ: فرشتہ جیسا، فرشتہ صفت، معصومانہ۔
مَلَکَة: انسان کے اندر صفت راسخہ (۲) طبیعت (۳) عادت (۴) سلیقہ۔
مَـلَـکَاتٌ ذِهْنِیَّةٌ خَـصِبَة: زبردست فکری صلاحیتیں۔
مَلَکُوت: ملکِ عظیم، زبردست حکومت، عزت واقتدار۔
مُلَّاکُ الاَطْیَان: جاگیرداران، مالکانِ زمین۔
مُلَّاکٌ بِالمُشَاع: مشترکہ مالکان۔
صِغَارُ المُلَّاک: چھوٹے جاگیردار۔
طَبَقَةُ المُلَّاک: طبقۂ جاگیرداران۔
مَالِکُ الاَرَاضِی الزِّرَاعِیَّة: جاگیردار۔
المَالِکُ الشَّرْعِیّ: قانونی حقدار۔
المَالِکُ لِاِرَادَتِه: اپنی مرضی کا مالک۔
مَالِکُ المِطْبَعَة: پرنٹر۔
مَالِکُ المَنْزِل: صاحب خانہ۔
مَلِیک: بادشاہ (۲) مالک۔
اِمْتِلَاک: قبضہ۔
اِمْتِلَاکُ السُّلْطَة: اختیار رکھنا۔
مُمْتَلَک: قبضہ کی ہوئی چیز، مملوکہ شے، جائیداد ج: مُمْتَلَکَات۔
مُمْتَلَکَاتٌ شَخْصِیَّة: پرسنل اسٹیٹ، ذاتی جائیداد۔
المُتَمَالِکُ لِلاَعْصَاب: اعصاب کو قابو میں رکھنے والا۔
المَمْلَکَةُ المُتَّحِدَة: یونائیٹڈ کنگڈم (برطانیہ)۔

مَمَالِکُ مُتَحَارِبَة: برسرِ پیکار ممالک۔
مَلَّ الشئَ و منه ـَ مَلَلاً: اکتانا، دل اچاٹ ہونا۔
مَلَّ و اَمَلَّ عَلَیْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اَمَلَّه: دل اچاٹ کرنا، اکتا دینا۔
مَلَل: آزردگی، اکتاہٹ۔
مُمِلّ: ڈل، تکلیف دہ، اکتا دینے والا۔
أَمْلَی القَوْلَ علی: املا کرانا، لکھوانا۔
أَمْلَی إِرَادَتَه علی أَحَدٍ: اپنی مرضی کسی کے سر تھوپنا۔
أَمْلَی عَلَیْهِ الشئُ کذا: احساس دلانا۔
مَلِیّاً: عرصۂ دراز تک، کچھ عرصہ تک۔
مِلْیار: ایک ارب ج: مِلْیَارَات۔
مِلِیمِتْر: ملی میٹر۔
مِلْیُون: دس لاکھ ج: مَلَایِیْن۔
مِلْیُونیر: کروڑ پتی۔
مَلَایِیْن: لاکھوں۔

م............ن

مَنْ: کون (٢) جو، مفرد و جمع ذوی العقول کے لئے اسم موصول۔
مِنْ: از، فروم، فلاں جگہ سے۔
مَنْجَة، مَنْجُو: آم۔
مَنَحَ ـَ مَنْحاً: عطا کرنا، دینا۔
مَنَحَ الاِمْتِیَاز: رعایت دینا۔
مَنَحَ حَقَّ الاِخْتِیَار: حق انتخاب دینا۔
مَنَحَ التَّأْشِیْرَة: ویزا دینا۔
مَنَحَ دِبْلُوماً: ڈپلوما دینا۔
مَنَحَ مُهْلَةً: مہلت دینا۔
مَنَحَهُ صِفَةَ کذا: کسی کو کوئی حیثیت دینا۔
مَنَحَهُ الرِّعَایَةَ: تحفظ دینا۔
مَنَحَهُ سُلُطَاتٍ مُطْلَقَةً: مکمل اختیارات دینا۔
مَنَحَهُ المَطَالِبَ: مطالبات پورے کرنا۔
مِـنْـحَة: عطیہ، وظیفہ، کمیشن، امداد، گرانٹ، الاؤنس ج: مِنَح۔
مِنْحَةٌ اَمِیرِیَّة: شاہی عطیہ۔
مِنْحَةٌ تَعْلِیمِیَّة: اسکالرشپ، تعلیمی وظیفہ۔
مِنْحَةُ تَعْوِیض: الاؤنس۔
مِنْحَةٌ حُکُومِیَّة: پنشن۔
مِنْحَةٌ دِرَاسِیَّة: اسکالرشپ، تعلیمی وظیفہ۔
مِنْحَةُ العَجْز: وظیفۂ معذوری۔
المِنْحَةُ المَالِیَّة: مالی عطیہ۔
مِنْحَةٌ مَلَکِیَّة: عطیۂ شاہی۔
مُنْذُ: سے، جب سے، اس وقت سے۔
مَنَعَ ـَ مَنْعاً: روکنا، رکاوٹ بننا۔
مَنَعَهُ الشئَ و منه و عنه: کسی چیز سے محروم کرنا، منع کرنا، باز رکھنا۔
مَنَعَ جَارَه: طرف داری کرنا، دفاع کرنا۔
مَنَعَ الجَرِیْدَةَ عَنِ الصُّدُور أو التَّصْدِیْر: اخبار پر پابندی لگانا۔
مَنُعَ ـُ مَنَاعَةً: محفوظ ہونا، مضبوط ہونا۔
مَنَّعَ: مضبوط کرنا۔
مَانَعَهُ: آڑے آنا۔
اِمْتَنَعَ و تَمَنَّعَ عَنْ: رکنا، باز رہنا، حصہ نہ لینا، انکار کرنا۔
اِمْتَنَعَ عَنْ إِبْدَاءِ الرَّأی: اظہارِ خیال نہ کرنا۔
اِمْتَنَعَ عَنِ الإِجْرَاءَات: کارروائی نہ کرنا۔
اِمْتَنَعَ عَنِ التَّصْوِیْت: ووٹنگ میں حصہ

نہ لینا، ووٹ نہ دینا۔

تَمَنَّعَ بِکذا: مضبوط ہونا، طاقتور ہونا۔

مَنعُ حَملِ الأسلِحَة: اسلحہ بندی۔

مَنعَة: طاقت۔

مَنعَة ، مَنَاعَة: حفاظت، تحفظ (۲) مضبوطی۔

مَنِیع: محفوظ (۲) مضبوط، طاقتور۔

مَانِع: رکاوٹ، آڑ (۲) محافظ ج: مَوَانِع۔

مَمنُوع: ممنوعہ، پابندی لگایا ہوا۔

مَمنُوعٌ وُقُوفُ السَّیَّارَات: نو پارکنگ، کار پارکنگ ممنوع۔

مَنَّ ــ مَنًّا ، امَنَّ ، تَمَنَّنَ: کمزور بنانا۔

مَنَّ عَلَیهِ: کرم فرمانا، احسان کرنا، حسن سلوک کرنا۔

مَنَّ عَلَیهِ بِمِنَّةٍ: احسان جتانا۔

مَنُون: زبردست محسن (۲) موت۔

رَیبُ المَنُون: مصائب زمانہ۔

مَمنُون: کمزور (۲) احسان مند۔

مَنَّی الرَّجُلَ الشیَٔ أو بہ: تمنا دلانا، لالچ دلانا، امید دلانا۔

مَنَّی و امنَی الدَّمَ: خون بہانا۔

تَمَنَّی الشیَٔ: آرزو کرنا۔

مَنِیَّة: فیصلہ الٰہی، موت ج: مَنَایَا۔

مُنیَة ج: مُنًی ، أُمنِیَّة ج: امَانِیّ: آرزو، ارمان، مطلوب

م..........ہ

مُهجَة: دل (۲) روح (۳) خون ج: مُهَج و مُهجَات۔

مَهَّدَ و مَهَدَ ــ مَهداً: ہموار کرنا، برابر کرنا (۲) راستہ ہموار کرنا، تمہید کرنا (۳) نرم بنانا، آسان بنانا۔

مَهَّدَ السَّبِیلَ لکذا: کسی کام کے لئے راستہ ہموار کرنا۔

مَهَّدَ الطَّرِیقَ: راستہ بنانا۔

مَهَّدَ الامرَ: درست کرنا۔

مَهَّدَ الفِرَاش: بستر بچھانا۔

مَهد ، مِهَاد: بستر، گہوارہ۔

مَهدُ الطِّفل: بچوں کا جھولا۔

فِی المَهد: ابتداء میں، آغاز میں۔

قَضَی عَلَی الشَّرِ فِی مَهدِه: شر کو سر اٹھانے سے پہلے ہی دبانا۔

تَمهِید: دیباچہ، تمہید، مقدمہ، تعارف (۲) پیش خیمہ۔

تَمهِیدِیّ: ابتدائی۔

اِجرَاءَات تَمهِیدِیَّة: ابتدائی کارروائی۔

مُمَهِّدَات: تمہیدات۔

مَهَرَ ــ مَهَارَةً: ماہر ہونا۔

مَهَرَ الخِطَابَ: مہر لگانا، دستخط کرنا۔

مَهَرَ و امهَرَ المَرأة: عورت کو مہر دینا۔

مَاهَرَهُ مُمَاهَرَةً: مہارت میں دوسرے سے بڑھ جانا۔

مَهَارَة: آرٹ، کمال، مہارت۔

المَهَارَةُ التِّجَارِیَّة: تجارتی مہلت۔

مُهر: مُہر (۲) گھوڑے کا بچہ۔

مِهرَجَان: جشن، جوبلی، جلسہ ج: مِهرَجَانَات

مِهرَجَانٌ جَوِّیّ: فضائی میلہ، فضائی جشن۔

مِهرَجَانٌ خِطَابِیّ: تقریری جلسہ۔

مِهرَجَانٌ ذَهَبِیّ: گولڈن جوبلی۔

مُهر دَار: مُہر دار، مُہر لگانے والا۔

مَهَلَ و تمَهَّلَ: توقف کرنا۔
مَهَلَ ، مَهَّلَ ، اَمهَلَ: مہلت دینا۔
اِستَمهَلَ: مہلت طلب کرنا۔
مَهل ، مُهلَة: آہستگی، نرمی۔
مُهلَة (۲) : وقفہ، ٹرم، مہلت۔
مُهلَةٌ اَخِيرَة: آخری مہلت۔
مُهلَةٌ زَمنِيَّة: وقت کی مہلت، وقتی مہلت۔
مُهلَةُ القُبول: منظوری کی مہلت۔
عَلٰی مَهلٍ: آہستہ، ٹھہر ٹھہر کر۔
عَلٰی مَهلِکَ: جلدی نہ کرو۔
مَهمَا: جو بھی، جو کچھ بھی۔
مَهَنَ ـُ مَهانَةً: حقیر ہونا۔
مَهَنَ الرَّجُلَ ـَ مَهناً: خدمت کرنا۔
مَهَنَ ، مَاهَنَ: پریکٹس کرنا، کسی کام کو بطور پیشہ کرنا۔
اِمتَهَنَ و امتُهِنَ: حقیر ہونا، معمولی ہونا۔
اِمتَهَنَهٗ: حقیر سمجھنا، پامال کرنا۔
اِمتَهَنَ إرادَةَ الشَّعب: عوام کی خواہش کو پامال کرنا۔
مِهــنَة: پیشہ، کاروبار، ٹریڈ (۲) مشغلہ (۳) ملازمت ج: مِهَن۔
مِنهَةٌ حُرَّة: آزاد پیشہ۔
مِهنَةٌ شَرِيفَة: معزز پیشہ۔
مِهنَةٌ يَدوِيَّة: ہاتھ کا کام۔
مِهنَةُ السَّمسَرَة: دلالی کا پیشہ۔
مَهِيــن ، مُهَــان ، مُـمتَهَـن: ذلیل، حقیر، معمولی۔

م.........و

مُوَاء: بلی کے بولنے کی آواز۔

مَوَّتَ ، اَمَاتَ: موت کا سبب بننا، مارنا، موت دینا۔
مَوَّتَ ، اَمَاتَ نَفسَه: خودکشی کرنا۔
اَمَاتَ شَهَوَاتِه: خواہشات ختم کرنا، نفس کشی کرنا۔
تَـمَـاوَتَ: دم چرانا (۲) کمزوری ظاہر کرنا۔
اِستَمَاتَ: جان کی بازی لگانا، جان دینا، مرمٹنا۔
مَوت: زوال، فنا، ہلاکت۔
مَوتٌ اَبيَض: طبعی موت۔
مَوتٌ اَحمَر: قتل، خونی واردات۔
مَوتٌ اَسوَد: گلا گھونٹنے سے واقع ہونے والی موت۔
مَوتٌ زُؤَام: جلد آنے والی موت۔
مَوتُ المَوضُوع: موضوع کا خاتمہ۔
صَحوَةُ المَوت: موت کا سنبھالا۔
مِيتَة: مُردار ج: مَيتَات۔
مَوَات: فقدانِ حیات (۲) بنجر زمین (۳) بے جان۔
مَائِت: چراغ سحری (۲) فنا پذیر۔
مَيِّت ، مَيت: مُردہ۔
مَمَات: ہلاکت، موت (مصدر میمی)۔
مَوج: لہر ج: اَموَاج و : مَوجَة۔
مَوجَة: لہر، سلسلہ ج: مَوجَات۔
مَوجَةُ الاِضطِرَابَات: سلسلۂ فسادات۔
مَوجَةُ الاِعتِقَالَات: گرفتاریوں کا سلسلہ۔
مَوجَةٌ قَصِيرَة: شارٹ ویو (ریڈیائی لہر)۔
مَوجَاتُ الاَثِير: ایتھر کی لہریں۔

مَاجَ ـُ مَوْجاً و تَمَوَّجَ: لہریں مارنا۔
مَائِج ، مَوَّاج: ٹھاٹھیں مارتا ہوا، جوش میں، متموج
مَوْز: کیلا و: مَوْزَة۔
مُوسَى: استرا ج: مَوَاسٍ۔
مُوسَى الأَمْن: سیفٹی ریزرو۔
مَاس ، الْمَاس: ہیرا۔
مُوسِيقَى: طرب وغنا۔
مُوقُ العَيْن: گوشۂ چشم ج: أَمْوَاق۔
مَوَّلَ: مالدار بنانا (۲) سرمایہ لگانا، روپیہ خرچ کرنا۔
مَوَّلَ الثُّوَّارَ: باغیوں کو سرمایہ فراہم کرنا۔
مَوَّلَ مَشْرُوعَاتِ التَّنْمِيَة: ترقیاتی منصوبوں پر سرمایہ لگانا۔
مَوَّلَ نَشَاطَ الحِزْبِ: پارٹی سرگرمیوں پر روپیہ خرچ کرنا۔
مَالَ ـُ مَوْلاً: کسی کام کے لئے ضروری سرمایہ دینا۔
مَالَ و تَمَوَّلَ و اسْتَمَالَ: مالدار ہونا۔
تَمَوَّلَ: کسی کام کے لئے ضروری سرمایہ لینا۔
مَالٌ: سرمایہ، رقم، دولت (۲) سامان ج: أَمْوَال۔
مَالٌ مُوَفَّر: سیونگ، محفوظ سرمایہ۔
مَالٌ مُوصًى بِه: وصیت کا مال۔
مَالُ الحُكُومَة: ٹیکس۔
مَالُ الأَطْيَان: زمین ٹیکس، مال گزاری۔
مَالُ العَقَارَات: جائیداد ٹیکس۔
المَالُ الاحْتِيَاطِي: ریزرو سرمایہ۔

رَأْسُ المَال ، رَأْسمَال: سرمایہ، فنڈ۔
بَيْتُ المَال: خزانۂ عامہ۔
أَمِينُ المَال: خزانچی۔
أَمِينُ الصُّنْدُوق: تحویلدار، کیشیر، خزانچی۔
مَالِيّ: مال سے متعلق (۲) مالیات کا ماہر۔
مَالِيّ ، مُتَمَوِّل: دولت مند، سرمایہ دار۔
المَالِيُّون: مالدار لوگ۔
مَالِيَّة: مال، متعینہ مال (۲) مالیہ، مالیات۔
المَالِيَّةُ العَامَّة: مالیاتِ عامہ۔
عُقُوبَةٌ مَالِيَّة: مالی سزا، سزائے نقد۔
غَرَامَةٌ مَالِيَّة: جرمانہ۔
وِزَارَةُ المَالِيَّة: وزارتِ مالیات۔
أَمْوَال: جائیداد، سرمایہ۔
أَمْوَالٌ ثَابِتَة: غیر منقولہ جائیداد۔
أَمْوَالٌ طَائِلَة: بے حد دولت، بے پناہ دولت، بے حساب دولت۔
أَمْوَالٌ عَاطِلَة: بے کار سرمایہ۔
الأَمْوَالُ غَيْرُ المُقَرَّرَة: ان ڈائریکٹ ٹیکس۔
الأَمْوَالُ المُقَرَّرَة: ڈائرکٹ ٹیکس۔
أَمْوَالٌ مَنْقُولَة: منقولہ جائیداد۔
أَمْوَالٌ مَوْقُوفَة: وقف جائیداد، ٹرسٹ فنڈ۔
أَمْوَالٌ مُهَرَّبَة: اسمگلنگ شدہ، چوری سے لایا ہوا مال۔
تَمْوِيل: سرمایہ کاری۔
تَمْوِيلٌ خَارِجِيّ: بیرونی سرمایہ کاری۔
تَمْوِيلٌ دَاخِلِيّ: داخلی سرمایہ کاری۔

التَّمْوِيلُ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی سرمایہ کاری۔
تَمْوِيلٌ ذَاتِيّ: شخصی سرمایہ کاری۔
مُمَوِّل: سرمایہ کار۔
مُمَوِّلُون: مالدار لوگ۔
مُوم: موم۔
مُومِيَا: محفوظ جثہ جسے دواؤں کے ذریعہ محفوظ رکھا جائے۔
مَوَّنَ و مَانَ ـُ مَوْناً: سپلائی کرنا، بہم پہنچانا، رسد پہنچانا، اشیائے ضرورت مہیا کرنا۔
مَوَّنَ الأَسْلِحَةَ إِلَى كذا: ہتھیار سپلائی کرنا۔
مَوَّنَ بالاحْتِيَاجَات: ضروریات فراہم کرنا۔
تَمَوَّنَ: اشیائے ضرورت جمع کرنا۔
تَمْوِين: سپلائی، بہم رسانی۔
تَمْوِينِيّ: سپلائی سے متعلق۔
بِطَاقَةُ التَّمْوِين: راشن کارڈ۔
وِزَارَةُ التَّمْوِين: وزارتِ خوراک۔
مُونَة: (مُؤْنَة) خوراک، رسد، ذخیرہ، اشیائے خوردنی ج: مُوَن۔
مَوَّهَ بِكَذا: ملمع کرنا، پالش کرنا۔
مَوَّهَ بِمَاءِ الذَّهَب والفِضَّة: سونے اور چاندی کا ملمع کرنا۔
مَوَّهَ الحَقَائِقَ: حقائق پر پردہ ڈالنا۔
مَاء: پانی ج: مِيَاه۔
مَاءُ الحَيَاة: (مج) شراب۔
مَاءُ الشَّبَاب: جوانی کی بہار۔
مَاءُ النَّار: تیزاب۔
مَاءُ الجِير: آبِ چونہ۔
مَاءُ الذَّهَب: آبِ زر۔
مَاءُ العَيْن: آبِ چشم۔
مَاءُ الفِضَّة: آبِ نقرہ۔
مَاءُ المِلْح: آبِ شور۔
مَاءُ الوَرْد: آبِ گل۔
مَاءٌ نَقِيٌّ عَذْب: آبِ زلال۔
مَائِيّ: پانی سے متعلق (۲) آبی۔
مِيَاهٌ غَازِيَة: سوڈا واٹر، گیس کا پانی۔
مَاهِيَّة: حقیقت (۲) مشاہرہ۔
تَمْوِيه: ملمع سازی۔

م .... ی

مَاحَ ـَ مَيْحاً: چلو سے پانی لینا۔
تَمَيَّحَ، تَمَايَحَ: شاخ کا ہلنا۔
اِمْتَاحَه، اِسْتَمَاحَه: مہربانی چاہنا، بھیک مانگنا۔
اِسْتَمَاحَ عَفْوَه: معافی چاہنا، معذرت چاہنا۔
مَادَ ـِ مَيْداً: ڈانواڈول ہونا۔
مَيْدَان: گراؤنڈ، میدان ج: مَيَادِين۔
مَائِدَة: دسترخوان جس پر کھانا ہو (۲) میز ج: مَوَائِد۔
مَائِدَةُ الأَكْل: کھانے کی میز۔
مَائِدَةُ العَمَلِيَّاتِ الجِرَاحِيَّة: آپریشن ٹیبل۔
مَائِدَةُ الكِتَابَة: لکھنے کی میز۔
مَائِدَةٌ مُشْتَرَكَة: میس۔
مَائِدَةٌ مُسْتَدِيرَة: گول میز۔
مُؤْتَمَرُ المَائِدَةِ المُسْتَدِيرَة: گول میز کانفرنس۔
تَمَايَدَ، تَمَيَّدَ: مضطرب ہونا، ہلنا۔

مَيَّزَ ، اَمَازَ: ترجیح دینا۔
مَيَّزَ بَيْنَهُمْ: فرق کرنا، امتیاز کرنا (۲) فرق کو سمجھنا (۳) جدا کرنا۔
مَيَّزَ الرَّجُلَ: ممتاز بنانا (۲) فوقیت دینا۔
تَمَيَّزَ و امْتَازَ مِنْ: ممتاز ہونا، الگ ہونا۔
تَمَيَّزَ غَيْظاً: غصہ سے پارہ پارہ ہونا۔
مِيزَة: خصوصیت ج: مِيزَات (۲) امتیاز، فوقیت، افضلیت
مِيزَةٌ مُطْلَقَة: مکمل امتیاز۔
اِمْتِيَاز: فرق (۲) خاص حق (۳) رعایت (۴) سرکاری رعایت، کنسیشن (۵) لائسنس ج: اِمْتِيَازَات۔
اِمْتِيَازٌ حُكُومِيّ: کنسیشن۔
اِمْتِيَازٌ لِسِكَّةٍ حَدِيدِيَّة: ریلوے کنسیشن۔
اِمْتِيَازَات: رعایتیں، مراعات، اختیارات، خصوصی اختیارات۔
الاِمْتِيَازَاتُ الاَجْنَبِيَّة: غیرملکی مراعات۔
اِمْتِيَازَاتٌ اِضَافِيَّة: زائد مراعات۔
اِمْتِيَازَاتُ البَرْلَمَان: پارلیمنٹری مراعات۔
اِمْتِيَازَاتٌ تُمْنَحُ لِدَوْلَةٍ اَجْنَبِيَّة: غیر ملک کو دی جانے والی رعایات۔
اِمْتِيَازَاتٌ دِبْلُومَاسِيَّة: سفارتی مراعات۔
اِمْتِيَازَاتٌ ضَرِيبِيَّة: ٹیکسوں میں مراعات۔
اِمْتِيَازَاتٌ مَمْنُوحَة: دی ہوئی مراعات۔
مُمْتَاز: شاندار، بے مثال، فائق، گولڈن، کلاسیکل۔
مُمْتَازٌ مِنَ الدَّرَجَةِ الاُوْلٰى: فرسٹ کلاس۔
مُمَيِّز: عاقل، بالغ۔
مَاطَ ـِ مَيْطاً و اَمَاطَ عَنْ: ہٹنا (۲) ہٹانا۔
اَمَاطَ اللِّثَامَ عَنْ: پردہ ہٹانا، نقاب اٹھانا، فاش کرنا۔
مَيَّعَ: (۱) عقیدہ یا جوش دھیما اور ٹھنڈا کرنا (۲) قیمت یا قوت کو گھٹانا۔
مَاعَ ـِ مَيْعاً: بہنا، پھیلنا، گھلنا۔
مَيْعَة ، مُيُوعَة: روانی، سیلان (۲) میلان، لچک۔
مُيُوعَةٌ ظَاهِرَة: ظاہری لچک۔
اَمَاعَ اِمَاعَةً: گھلانا، پگھلانا (۲) ہلکا یا پھیکا کرنا۔
مَائِع: سیال، بہنے والا۔
مَائِعَات: سیال چیزیں۔
المِيكْرُوسْكُوب: خوردبین، میکرسکوپ۔
المِيكْرُوفُون: میکروفون۔
مَيَّلَ ، اَمَالَ: جھکانا، ٹیڑھا کرنا۔
مَالَ ـِ مَيْلاً: ٹیڑھا ہوا، جھکنا۔
مَالَ اِلَى: راغب ہونا، متوجہ ہونا (۲) محبت ہوا۔
مَالَ عَنْهُ: اعراض کرنا، بے توجہ ہونا، توجہ ہٹالینا۔
مَالَ عَلَيْهِ: سہارا لینا (۲) ظلم کرنا۔
تَمَايَلَ ، تَمَيَّلَ: ہچکولے کھانا، ڈانوڈول ہونا (۲) جھومنا۔
اِسْتَمَالَ: مائل کرنا، اپنانا، کھینچنا، اپنی

طرف کرنا۔

مَیلٌ: (۱) توجہ (۲) جھکاؤ (۳) رغبت (۴) رجحان (۵) محبت (۶) ٹیڑھا پن (۷) انحراف ج: مُیُول۔

مَیْلُ الاَسْعَارِ لِلنُّزُوْل: بھاؤ گرنے کا رجحان۔

مُیُوْل: رجحانات، میلانات۔

مُیُوْلٌ شُیُوعِیَّة: کمیونسٹ رجحانات۔

مَائِل: جھومتا ہوا، آڑا۔

مَائِلٌ نَحْوَ الاِنْخِفَاض: مائل بہ کمی، مائل بہ انحطاط۔

مَیْنٌ: جھوٹ۔

مِینَاء: بندرگاہ ج: مَوَانِی۔

مِینَاءُ التَّفْرِیْغ: سامان اُتارنے کی بندرگاہ۔

مِینَاءٌ جَوِّیّ: ایر پورٹ، ہوائی اڈا۔

مِینَاءُ الشَّحْن: سامان کی بندرگاہ، لوڈنگ پورٹ۔

مِینَاءُ القِیَام: ڈپارچر پورٹ، روانگی کی بندرگاہ۔

مِینَاءٌ لِلتَّصْلِیح: رپیرنگ پورٹ۔

مِینَاءُ السَّاعَة: گھڑی کا ڈائل۔

ن

ن............ا

نَای ۔ نَأیاً ، اِنتَأی عَنْ: دور ہونا۔
نَاءَ ی عَنه الشَّرَّ مُنَآءَ ۃً: دفع کرنا، دور کرنا۔
اَنْأی: دور کرنا۔
نَاءٍ: دور۔
نَارجِیل: ناریل و: نَارجِیلَة۔
نَارجِیلَة: (۲) حُقّہ۔
نَازِیّ: نازی (NAZI)۔

ن............ب

نَبَأَ ۔ نَبأً: بلند ہونا۔
نَبأ عَنْ: الگ ہونا، دور ہونا (۲) نفرت کرنا۔
نَبّأ ، اَنْبأ: خبر دینا، بتانا۔
